مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری
الرحیق المختوم
المکتبۃ السلفیۃ لاہور

رابطہ عالمِ اسلامی مکہ مکرمہ کے زیرِ اہتمام منعقدہ سیرت نگاری
کے عالمی مقابلہ میں اوّل آنے والی عربی کتاب کا اُردو ترجمہ

المکتبۃ السلفیۃ

شیش محل روڈ — لاہور

قال اللہ تعالیٰ: یسقون من رحیق مختوم (القرآن)

الرحیق المختوم

رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کے زیر اہتمام منعقدہ
سیرت نگاری کے عالمی مقابلہ میں اول آنے والی عربی کتاب کا
اردو ترجمہ

ترجمہ و تصنیف

مولانا صفی الرحمن مبارکپوری

المکتبۃ السلفیۃ
شیش محل روڈ، لاہور، پاکستان

صفر ۱۴۲۳ھ / مئی ۲۰۰۲ء

قیمت: مجلّد (سفید آفسٹ پیپر) -/۳۰۰ روپے

شیش محل روڈ۔ لاھور 54000 پاکستان
ٹیلیفون: 042-7237184 ۔ فیکس: 042-7227981
باہتمام: احمد شاکر ــــــ مطبع: زاہد بشیر پرنٹرز۔ لاہور
واحد تقسیم کنندگان ــــــ دار الکتب السلفیۃ۔ شیش محل روڈ۔ لاہور

قال اللہ تعالیٰ
وان تطیعوہ تهتدوا
اور اگر اس کی فرمانبرداری
کروگے تو راہ پاؤگے
(القرآن)

تمنّا

ہر مسلمان زندگی بھر ایسے اعمال کرنے میں کوشاں
رہتا ہے جن کے باعث اُس کو نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
کی شفاعت نصیب ہو جائے۔

یہی تمنّا، آرزو اور خواہش "الرّحیق المختوم" کی
سعیِ طباعت کا باعث بنی۔

"الرّحیق المختوم" سے اگر اُسوۂ حسنہ پہ شوقِ عمل
کے ساتھ ساتھ مسلمانوں میں رُوحِ جہاد بھی بیدار ہو جائے
تو الحمد للہ، کیونکہ یہی اِس کتابِ سیرت کا اِمتیاز ہے۔

اُمیدوارِ شفاعت: احمد شاکر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر (طبع جدید)

الرحیق المختوم کی یہ تازہ اشاعت، جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے، اس کا جدید ایڈیشن ہے۔
اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس بابرکت کتاب کو جس مقبولیت سے نوازا اور صاحب ذوق قارئین نے جس طرح اس کی پذیرائی فرمائی اس پر اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے الحمد للہ حمدًا کثیرًا طیّبًا مُبارکًا فیہ۔

طبعِ اوّل میں بعض اہلِ علم اور اصحابِ دانش بالخصوص جناب ڈاکٹر سعید اقبال قریشی اور محترم جناب محمد عالم مختار الحق نے بعض تسامحات کی نشاندہی فرمائی، ان مقامات کا اصل عربی کتاب سے تقابل کا مرحلہ برادرم مولانا نعیم الحق نعیم نے اور صحتِ کتابت کا جناب محمد صدیق گلزار نے طے کیا۔ جزاھم اللہ تعالیٰ

طبع ہذا میں "الرحیق المختوم" سے مستفید ہونے والے ایک دوست جناب ذوالفقار کاظم نے دورانِ مطالعہ کتاب میں آمدہ بعض مشکل ناموں پر اعراب، نامانوس الفاظ کا ترجمہ اور وقوف وغیرہ کی از خود نشاندہی کر کے ایک نسخہ ارسال فرمایا، جن میں سے اکثر مشورے عربی کتاب سے تقابل کے بعد قبول کر لیے گئے۔

علاوہ ازیں اس اشاعت میں کاغذ کی موجودہ ہوشربا گرانی کے سبب فی صفحہ تین سطریں اضافہ کر کے ضخامت کم کرنے کی سعی کی گئی ہے تاکہ کتاب عام قاری کی قوتِ خرید میں رہے، اس کے ساتھ ساتھ معیار میں بہتری کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔ اس ترتیبِ نو کو برادرِ عزیز جناب علی احمد صابر چشتی نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا نیز انہوں نے کتاب کے عربی متن اور عنوانات کی از سرِ نو کتابت فرما کر زادِ آخرت بنا لیا۔ تَقَبَّلَ اللہ منہ

اس بابرکت کتاب میں اب تک جس ساتھی نے بھی تعاون کیا اس کے پیشِ نظر سیرتِ نبویہ شریفہ کی خدمت برائے حصولِ سعادت ہی رہی۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

الراجی الیٰ رحمۃ ربہ الغفار

احمد شاکر

غفرلہٗ ولوالدیہ

جمادی الاولیٰ ۱۴۱۶ھ / اکتوبر ۱۹۹۵ء

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرضِ ناشر (طبع اوّل)

الحمد لله الذی هدٰنا لهذا وما كنّا لنهتدی لولآ ان هدٰنا الله
اللّٰهم صلّ علی محمّدٍ النّبیّ الامّیّ وازواجه امهات المؤمنین
وذریته واهل بیته كما صلیت علٰی ابرٰهیم انك حمید مجید۔

المکتبۃ السّلفیّہ کی پہلی کتاب "پیارے رسُول کی پیاری دعائیں" ۱۹۵۳ء میں طبع ہوئی تھی۔ اس کتاب کے مُرتب والدِ گرامی حضرت مولانا محمد عطاء اللہ حنیف حفظہ اللہ تعالیٰ کو اس کتاب کی ترتیب و طباعت میں حُسنِ نیت کا صلہ اللہ عزّ وجل نے یہ دیا کہ اس کے بعد المکتبۃ السّلفیّہ نے ایسی ایسی گرانقدر کُتب اتنے عمدہ معیار پر شائع کیں کہ پاکستان کے اکثر مذہبی و دینی کتب کے ناشرین نے اس کو مشعلِ راہ بنایا۔

المکتبۃ السّلفیہ کا آغاز حضرت والدِ گرامی مدظلہ العالی نے "پیارے رسُول کی پیاری دعائیں" کی ترتیب واشاعت سے کر تو دیا تھا لیکن المکتبۃ السّلفیّہ کو ایک بامقصد اور باضابطہ ادارہ تشکیل دیتے وقت انہوں نے اپنے تلمیذِ رشید (اور میرے استاذِ محترم) مولانا حافظ عبد الرحمٰن گوہڑوی کو رفاقت و شراکت کے لیے منتخب کر لیا۔

استاذ و شاگرد کی اسی رفاقت و شراکت ہی میں دراصل المکتبۃ السّلفیّہ کا نام متعارف، بلکہ روشن ہُوا۔ بارك الله سعیهم۔

"پیارے رسُول کی پیاری دعائیں" کے بعد المکتبۃ السّلفیّہ نے اُس دور کے حُسنِ کتابت و طباعت اور تصحیحِ اغلاط کا اعلیٰ معیار قائم کرتے ہُوئے الفوز الکبیر عربی (ٹائپ) اور حیاتِ ولی (اُردو) جیسی کتابوں کی اشاعت سے کام کا آغاز کیا۔

اس کے بعد المکتبۃ السّلفیّہ کو عالمِ اسلام میں متعارف کرانے والی کتاب التعلیقات السّلفیّہ علی سنن النسائی کو عمدہ ترین معیار پر شائع کر کے پاکستان میں جدید حواشی کے ساتھ متونِ حدیث کی اشاعت کا آغاز اور مرعاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح کی جلد اوّل شائع کر کے شروحِ حدیث کی طباعت میں

اوّلیت کا شرف حاصل کیا۔ والحمد للہ علی ذلک۔

بعدازاں قرآن فہمی کے لیے مختصر اور احکام القرآن کی جامع تفسیر تفسیر احسن التفاسیر (اردو) کو جدید اسلوبِ تحقیق سے شائع کرنا شروع کیا۔ نیز اُردو زبان میں ائمہؒ کی تفصیلی اور تحقیقی سوانح تعلیق و حواشی کے ساتھ (حیات امام احمدؒ بن حنبل، حیات شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ، حیات امام ابو حنیفہؒ) شائع کرنے کی طرح ڈالی۔

علاوہ ازیں اکمل البیان فی تائید تقویۃ الایمان اور شاہ ولی اللہؒ کی قلمی کتاب اتحاف النبیہ فی مایحتاج الیہ المحدث والفقیہ کو تعلیقات و حواشی سے مزیّن کرکے پہلی مرتبہ زیورِ طباعت سے آراستہ کیا۔

مدارسِ عربیہ میں مشہور داخلِ نصاب کتاب دیوان الحماسہ مترجم مع عربی حواشی ہندوستان میں طبع تو ہوا تھا لیکن حلِ لغات کے ساتھ اس کی اشاعت بھی المکتبۃ السّلفیّہ کا ایک اہم کارنامہ ہے۔

محمدیہ پاکٹ بک بجواب احمدیہ پاکٹ بک، سبعہ معلقہ مترجم مع عربی شرح، البلاغ المبین فارسی تحفۃ الموحدین مترجم و اردو، الاتباع عربی، الایقاف مترجم رسالہ عمل بالحدیث مترجم، تقویۃ الایمان، نصیحۃ المسلمین، جماعتِ اسلامی کا نظریۂ حدیث اور حدیث کی تشریعی اہمیت جیسی کتب متذکرہ بالا ضخیم کتب کے علاوہ ہیں۔

غرضیکہ استاذ و شاگرد کی بہترین رفاقت و شراکت کا یہ دور بے مثال تھا۔

سنہ ۱۹۷۰ء کے بعد راقم الحروف نے حضرت والد صاحب مدظلہ العالی کے سایۂ شفقت میں جب کام کا آغاز کیا تو اس وقت ملک میں قدیم کتب کو فلم پازٹیو پر شائع کرنے کا رجحان تھا۔

چنانچہ حجۃ اللہ البالغہ (عربی)، قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین (فارسی) (شاہ ولی اللہؒ) کتاب الصلوٰۃ (عربی) (ابن قیم) منہاج السنۃ النبویہ، اقتضاء الصراط المستقیم (عربی) الفرقان بین اولیاء الرحمٰن و اولیاء الشیطان (عربی) (اُردو) (ابن تیمیہؒ) اور صراطِ مستقیم (فارسی) کو فلم پازٹیو پر شائع کرنے کے علاوہ احسن التفاسیر کی بقایا ۳ جلدیں اسلامی خطبات کامل ۲ جلد، جزء القراءۃ عربی (ٹائپ) (مترجم) ردالاشراک (عربی ٹائپ) مجموعہ ثلاث رسائل السلفیہ (عربی ٹائپ) کے علاوہ بعض چھوٹے چھوٹے رسائل (جو بقامت کہتر بہ قیمت بہتر کا مصداق تھے) بھی شائع کئے اور امکانی حد تک المکتبۃ السّلفیّہ کے ماضی کو باقی رکھنے کی کوشش کی۔ والحمد للہ علی ذالک۔

سنہ ۱۹۷۹ء میں جب علم ہوا کہ رابطہ عالم اسلامی، مکہ مکرمہ نے جس عربی کتاب کو ــــ دُنیا بھر میں ــــ اوّل انعام سے نوازا وہ ہمارے ہندوستانی مصنف کی ہے تو اس کا اُردو ترجمہ شائع کرنے کی لہر دل و دماغ

سے ہو کر گزر گئی۔

۱۹۸۰ء میں جب مولانا صفی الرحمٰن مبارکپوری سے بیت اللہ شریف میں بحیثیت مصنف "الرحیق المختوم" تعارف ہوا تو وہ گزری ہوئی لہر الفاظ کا لبادہ اوڑھ کر فوراً مولانا موصوف کی خدمت میں حاضر ہو گئی۔

مولانائے محترم نے خود ہی ترجمہ کر کے "مسودۃ" المکتبۃ السلفیۃ کو عطا کرنے کا وعدہ فرما لیا اور جب مولانا موصوف دسمبر ۱۹۸۵ء میں لاہور تشریف لائے تو اپنا وعدہ وفا کر دیا جزاھم اللہ تعالیٰ۔

مسودہ ملنے کے ۲۰-۲۱ ماہ بعد "الرحیق المختوم" کا اردو ایڈیشن پیش خدمت ہے۔

اس کی طباعت میں جو حسن و کمال آپ کو نظر آئے گا وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور ساتھ ساتھ والدِ گرامی حفظہ اللہ کی سرپرستی، اُستاذِ محترم مولانا حافظ عبدالرحمٰن گوہڑوی کی راہ نمائی، برادرِ عزیز خالد جاوید یوسفی کی مخلصانہ توجہ اور فاضل دوست مولانا حافظ صلاح الدین یوسف کے علمی مشوروں کا نتیجہ ہے اور جو کوتاہی ہے اس کا یہ راقم آثم ہی ذمہ دار ہے۔

برادر گرامی پروفیسر عبدالجبار شاکر کا بھی بہت ممنون ہوں جنہوں نے بے پناہ مصروفیتوں کے باوجود کتاب پڑھ کر مختصر لیکن جامع تبصرہ سے ـــــ فلیپ کی صورت میں ـــــ نوازا۔ جزاھم اللہ تعالیٰ۔

ناسپاسی ہوگی اگر میں اس کے خطاط صاحبان مُشتاق احمد بُھٹہ، محمد صدیق گلزار، مُحمّد ریاض، محمد الیاس صاحبان اور خصوصاً مُشتاق احمد بُھٹہ صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے بار بار تصحیح کتابت نہ صرف بڑی خندہ پیشانی بلکہ سعادت سمجھ کر کی۔ ایسے ہی عزیز برخوردار ابن یوسف (آرٹسٹ) کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے کتاب کے حسن میں عملاً حصہ لیکر زادِ آخرت بنایا۔

آخر میں اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کو زوال پذیر امتِ مسلمہ کی اصلاح کا باعث بنائے اور فاضل مصنف حفظہ اللہ، ناشر، ان کے والدین، اساتذہ اور ہر اس شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب فرمائے جس نے کسی بھی مرحلہ پر تعاون فرمایا ہو۔ آمین ثم آمین!

اللّٰھم صل علیٰ محمّد و بارك وسلم علیه

الراجی الی رحمة ربه الغافر

بندۂ آثم احمد شاکر غفرلہٗ ولوالدیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ طبع سوم (عربی)

(از عزت مآب ڈاکٹر **عبداللہ عمر نصیف** سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی، مکہ المکرمہ)

الحمد لله الذی بنعمته تتم الصالحات، وأشهد ان لا اله الا الله وحده لاشريك له، واشهد أن محمدا عبده ورسوله وصفيه وخليله، أدى الرسالة وبلغ الأمانة، ونصح الأمة، وتركها على المحجة البيضاء ليلها كنهارها، صلى الله عليه وعلى آله وصحبه اجمعين، ورضى عن كل من تبع سنته وعمل بها إلى يوم الدين، وعنا معهم بعفوك ورضاك يا ارحم الراحمين. أما بعد

سُنّتِ نبویہ مطہرہ، جو ایک تجدد پذیر عطیہ اور تا قیامت باقی رہنے والا توشہ ہے۔ اور جس کو بیان کرنے اور جس کے مختلف عنوانات پر کتابیں اور صحیفے لکھنے کے لیے لوگوں میں نبی ﷺ کی بعثت کے وقت سے مقابلہ اور تنافس جاری ہے، اور قیامت تک جاری رہے گا۔ یہ سنت مطہرہ مسلمانوں کے سامنے وہ عملی نمونہ اور واقعاتی پروگرام رکھتی ہے جس کے سانچے میں ڈھل کر مسلمانوں کی رفتار و گفتار اور کردار و اطوار کو نکلنا چاہیئے۔ اور اپنے پروردگار سے ان کا تعلق اور اپنے کنبہ وقبیلہ، برادران واخوان اور افرادِ اُمت سے ان کا ربط اس کے عین مطابق ہونا چاہیئے۔ اللہ عزّ وجل کا ارشاد ہے۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا ۝

"یقیناً تمہارے ہر اس شخص کے لیے اللہ کے رسول ﷺ میں بہترین اسوہ ہے جو اللہ اور روز آخرت کی اُمید رکھتا ہو اور اللہ کو بکثرت یاد کرتا ہو۔"

اور جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ کے اخلاق کیسے تھے انہوں نے فرمایا کان خلقه القرآن۔ بس قرآن ہی آپ کا اخلاق تھا۔

لہذا جو شخص اپنی دنیا اور آخرت کے جملہ معاملات میں ربانی شاہراہ پر چل کر اس دنیا سے نجات چاہتا ہو اس کے لیے اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہیں کہ وہ رسُولِ اعظم ﷺ کے اسوہ کی پیروی کرے۔

اور خوب اچھی طرح سمجھ بوجھ کر اس یقین کے ساتھ نبی ﷺ کی سیرت کو اپنائیے کہ یہی پروردگار کا سیدھا راستہ ہے جس پر ہمارے آقا اور پیشوا رسول اللہ ﷺ عملاً اور واقعتہً تمام شعبہائے زندگی میں گامزن تھے۔ لہٰذا اسی میں قائدین و متّبعین، حکّام و محکومین، رہبران و مرشدین اور مجاہدین کی رُشد و ہدایت ہے۔ اور اسی میں سیاست و حکومت، دولت و اقتصاد، معاشرتی معاملات، انسانی تعلقات، اخلاق فاضلہ اور بین الاقوامی روابط کے جملہ میدانوں کے لیے اسوہ و نمونہ ہے۔

آج جبکہ مسلمان اس ربّانی منہج سے دور ہٹ کر جہل و پسماندگی کے کھڈ میں جا گرے ہیں، ان کے لیے کیا ہی بہتر ہو گا کہ وہ ہوش کے ناخن لیں۔ اور اپنے تعلیمی نصابوں اور مختلف اجتماعات و مجالس میں اس بنا پر سیرت نبوی کو سرفہرست رکھیں کہ یہ محض ایک فکری متاع ہی نہیں ہے۔ بلکہ یہی اللہ کی طرف واپسی کی راہ ہے۔ اور اسی میں لوگوں کی اصلاح و فلاح ہے۔ کیونکہ یہی اخلاق و عمل کے میدان میں اللہ عزوجل کی کتاب قرآن مجید کی ترجمانی کا عملی اسلوب ہے، جس کے نتیجہ میں مومن اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کی شریعت کا تابع فرمان بن جاتا ہے۔ اور اسے انسانی زندگی کے جملہ معاملات میں حکم بنا لیتا ہے۔

یہ کتاب "**الرحیق المختوم**" اپنے فاضل مؤلف شیخ **صفی الرحمٰن** مبارک پوری کی ایک خوشگوار کوشش اور قابلِ قدر کارنامہ ہے جسے موصوف نے رابطہ عالم اسلامی کے منعقد کردہ مقابلہ سیرت نویسی ۱۳۹۶ھ کی دعوتِ عام پر لبیک کہتے ہوئے انجام دیا۔ اور پہلے انعام سے سرفراز ہوئے۔ جس کی تفصیل رابطہ عالم اسلامی کے سابق سیکرٹری جنرل مرحوم فضیلۃ الشیخ محمد علی الحرکان تغمدہ اللہ برحمتہ وجزاہ عنا خیر الجزاء کے مقدمہ طبع اول میں مذکور ہے۔

اس کتاب کو لوگوں میں زبردست پذیرائی حاصل ہوئی۔ اور یہ ان کی مدح و ستائش کا مرکز بن گئی۔ چنانچہ پہلے ایڈیشن کے کل کے کل (دس ہزار) نسخے ہاتھوں ہاتھ نکل گئے۔ اور اس کے بعد جناب محترم ح ـــ ح (حسان حموی حفظہ اللہ) نے از راہ کرم مزید پانچ ہزار نئے نسخوں کی طباعت کا بیڑہ اٹھایا فجزاہ اللہ خیر الجزاء۔

اس موقع پر محترم موصوف ح ـــ ح نے مجھ سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں اس تیسرے ایڈیشن کا دیباچہ لکھ دوں۔ چنانچہ ان کی خواہش کے احترام میں مَیں نے یہ مختصر سا دیباچہ قلم بند کر دیا۔ مولیٰ عزّوجل سے دعا ہے کہ وہ اس عمل کو اپنے رُخِ کریم کے لیے خالص بنا تے۔ اور اس سے مسلمانوں کو ایسا نفع پہنچائے کہ ان کی موجودہ خستہ حالی بہتری میں تبدیل ہو جائے۔ اُمتِ محمدیہ کو اس کا گم گشتہ مجد و شرف

اور اقوامِ عالم کی قیادت کا مقامِ بلند واپس مل جائے۔ اور وہ اللہ عزّ وجل کے اس ارشاد کی عملی تصویر بن جائے کہ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ○

تم خیرِ امت ہو جسے لوگوں کے لیے برپا کیا گیا ہے۔ تم بھلائی کا حکم دیتے ہو۔ بُرائی سے روکتے ہو۔ اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

وصلى الله على المبعوث رحمة للعالمين، رسولِ الهدى ومرشد الانسانية إلى طريق النجاة والفلاح، وعلى آله وصحبه وسلم والحمد لله رب العالمين ۔

ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف
سیکرٹری جنرل رابطۂ عالمِ اسلامی مکہ مکرمہ

اورینٹ پریس، لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

معالی الشیخ محمد علی الحرکان سیکرٹری جنرل رابطہ عالمِ اسلامی مکہ مکرمہ

الحمد للہ رب العٰلمین ، خالق السمٰوٰت والارض وجاعل الظلمات والنور، وصلی اللہ علی سیدنا محمد خاتم الأنبیاء والرسل أجمعین ، بشر وانذر، ووعد واوعد ، انقذ اللہ بہ البشر من الضلالۃ ، وھدی الناس إلی الصراط المستقیم، صراط اللہ الذی لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض، الا الی اللہ تصیر الامور- وبعد:

چونکہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو مقام شفاعت اور درجۂ بلند عطا فرمایا ہے۔ اور آپ سے ہم مسلمانوں کو محبت کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اور آپ کی پیروی کو اپنی محبت کی نشانی قرار دیا ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے۔

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ

یعنی اے پیغمبر کہہ دو! اگر تمہیں اللہ سے محبت ہے تو میری پیروی کرو۔ اللہ تمہیں محبوب رکھے گا۔ اور تمہارے گناہوں کو تمہارے لیے بخش دے گا۔

اس لیے یہ بھی ایک سبب ہے جو دلوں کو آپ کا گرویدہ و وارفتہ بنا کر ان اسباب و ذرائع کی جستجو میں ڈال دیتا ہے جو آپ کے ساتھ تعلقِ خاطر کو پختہ تر کر دیں۔ چنانچہ طلوع اسلام ہی سے مسلمان آپ کے محاسن کے اظہار اور آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کی نشر و اشاعت میں ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ آپ ﷺ کی سیرتِ طیبہ نام ہے آپ ﷺ کے اقوال وافعال اور اخلاق کریمانہ کا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ یعنی "قرآن کریم ہی آپ ﷺ کا اخلاق تھا"۔ اور معلوم ہے کہ قرآنِ کریم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے کلماتِ تامّہ کا نام ہے۔ لہٰذا جس ذاتِ گرامی کا یہ وصف ہے وہ یقیناً سارے انسانوں سے بہتر اور کامل ہے۔ اور ساری خلقِ خدا کی محبت کی سب سے زیادہ حقدار ہے۔

یہ گراں مایہ محبت ہمیشہ مسلمانوں کا سرمایۂ دل وجان رہی۔ اور اسی کے افق سے سیرت نبویہ شریفہ کی پہلی کانفرنس کا نُور پھُوٹا۔ یہ کانفرنس ۱۳۹۶ھ میں پاکستان کی سرزمین پر منعقد ہُوئی۔ اور رابطہ نے اس کانفرنس میں اعلان کیا کہ ذیل کی شرائط پر پورے اترنے والے سیرت کے پانچ سب سے عمدہ مقالات پر ڈیڑھ لاکھ سعودی ریال کے مالی انعامات دیئے جائیں گے۔ شرائط یہ ہیں۔

(۱) مقالہ مکمل ہو۔ اور اس میں تاریخی واقعات زمانۂ وقوع کے لحاظ سے ترتیب وار بیان کئے گئے ہوں۔

(۲) مقالہ عمدہ ہو۔ اور اس سے پہلے شائع نہ کیا گیا ہو۔

(۳) مقالے کی تیاری میں جن مخطوطات اور علمی مآخذ پہ اعتماد کیا گیا ہو ان سب کے حوالے مکمل دیئے گئے ہوں۔

(۴) مقالہ نگار اپنی زندگی کے مکمل اور مفصل حالات قلم بند کرے۔ اور اپنی علمی اسناد اور اپنی تالیفات کا — اگر ہوں تو — ذکر کرے۔

(۵) مقالے کا خط صاف اور واضح ہو۔ بلکہ بہتر ہوگا کہ ٹائپ کیا ہوا ہو۔

(۶) مقالے عربی اور دوسری زندہ زبانوں میں قبول کئے جائیں گے۔

(۷) یکم ربیع الثانی ۱۳۹۶ھ سے مقالات کی وصولی شروع کی جائے گی۔ اور یکم محرم ۱۳۹۷ھ کو ختم کر دی جائے گی۔

(۸) مقالات رابطۂ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کے سیکرٹریٹ کو مہر بند لفافے کے اندر پیش کئے جائیں۔ رابطہ ان پر اپنا ایک خاص نمبر شمار ڈالے گا۔

(۹) اکابر علماء کی ایک اعلیٰ کمیٹی تمام مقالات کی چھان بین اور جانچ پڑتال کرے گی۔

رابطہ کا یہ اعلان محبتِ نبویؐ سے سرشار اہل علم کے لیے مہمیز ثابت ہُوا۔ اور انہوں نے اس مقابلے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ادھر رابطہ عالمِ اسلامی بھی عربی، انگریزی، اُردو اور دیگر زبانوں میں مقالات کی وصولی اور استقبال کے لیے تیار تھا۔

پھر ہمارے محترم بھائیوں نے مختلف زبانوں میں مقالات بھیجنے شروع کئے۔ جن کی تعداد ۱۷۱ تک جا پہنچی۔ ان میں ۸۴ مقالے عربی زبان میں تھے، ۶۴ اُردو میں، ۲۱ انگریزی میں، ایک فرانسیسی میں اور ایک ہوسا زبان میں۔

رابطہ نے ان مقالات کو جانچنے اور استحقاقِ انعام کے لحاظ سے ان کی ترتیب قائم کرنے کیلئے کبار علماً کی ایک کمیٹی تشکیل دی۔ اور انعام پانے والوں کی ترتیب یہ رہی۔

۱۔ پہلا انعام۔ شیخ صفی الرحمٰن مبارکپوری، جامعہ سلفیہ، ہند۔ پچاس ہزار سعودی ریال۔

۲۔ دوسرا انعام۔ ڈاکٹر ماجد علی خاں، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی ہند۔ چالیس ہزار سعودی ریال۔

۳۔ تیسرا انعام۔ ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، صدر جامعہ اسلامیہ، بہاولپور پاکستان۔ تیس ہزار سعودی ریال

۴۔ چوتھا انعام۔ استاد حامد محمود، محمد منصور لیمود مصر۔ ۔ ۔ ۔ بیس ہزار سعودی ریال

۵۔ پانچواں انعام۔ استاد عبد السلام ہاشم حافظ، مدینہ منورہ، مملکت سعودیہ عربیہ: دس ہزار سعودی ریال

رابطہ نے ان کامیاب افراد کے ناموں کا اعلان، ماہ شعبان ۱۳۹۸ھ میں کراچی (پاکستان) کے اندر منعقد پہلی ایشائی اسلامی کانفرنس میں کیا۔ اور اشاعت کے لیے تمام اخبارات کو اس کی اطلاع بھیج دی۔

پھر تقسیم انعامات کے لیے رابطہ نے مکہ مکرمہ میں اپنے مستقر پر امیر سعود بن عبد المحسن بن عبد العزیز کی سرپرستی میں سنیچر ۱۲ ربیع الآخر ۱۳۹۹ھ کی صبح ایک بڑی تقریب منعقد کی۔ امیر سعود مکہ مکرمہ کے گورنر امیر فواز بن عبد العزیز کے سیکرٹری ہیں۔ اور اس تقریب میں ان کے نائب کی حیثیت سے موصوف نے انعامات تقسیم کیے۔

اس موقع پر رابطہ کے سیکرٹریٹ کی طرف سے یہ اعلان بھی کیا گیا کہ ان کامیاب مقالات کو مختلف زبانوں میں طبع کرا کر تقسیم کیا جائے گا۔ چنانچہ اس کو رُوبہ عمل لاتے ہُوئے شیخ صفی الرحمان مبارکپوری جامعہ سلفیہ ہند کا (عربی) مقالہ سب سے پہلے طبع کرا کر قارئین کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ کیونکہ موصوف ہی نے پہلا انعام حاصل کیا ہے۔ اس کے بعد بقیہ مقالے بھی ترتیب وار طبع کیے جائیں گے۔

اللہ سُبحانہٗ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمارے اعمال اپنے لیے خالص بنائے۔ اور انہیں شرفِ قبولیت سے نوازے۔ یقیناً وہ بہترین مولیٰ اور بہترین مددگار ہے وصلی اللہ علیٰ سیّدنا محمّد وعلیٰ آلہٖ وصحبہ وسلم۔

محمّد علی الحرکان

سیکرٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی

مکہ مکرّمہ

عرضِ مؤلف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ وعلیٰ آلہ وصحبہ ومن والاہ ۔ اما بعد

یہ ربیع الاول ۱۳۹۶ھ (مارچ ۱۹۷۶ء) کی بات ہے کہ کراچی میں عالم اسلام کی پہلی سیرت کانفرنس ہوئی۔ جس میں رابطۂ عالم اسلامی مکہ مکرمہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور اس کانفرنس کے اختتام پر ساری دنیا کے اہلِ قلم کو دعوت دی کہ وہ سیرتِ نبویؐ کے موضوع پر دنیا کی کسی بھی زندہ زبان میں مقالے لکھیں پہلی، دوسری، تیسری، چوتھی اور پانچویں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو علی الترتیب پچاس، چالیس، تیس بیس اور دس ہزار ریال کے انعامات دیئے جائیں گے۔ یہ اعلان رابطہ کے سرکاری ترجمان اخبار العالم الاسلامی کی کئی اشاعتوں میں شائع ہوا۔ لیکن مجھے اس تجویز اور اعلان کا بروقت علم نہ ہوسکا۔

کچھ دنوں بعد جب میں بنارس سے اپنے وطن مُبارکپور گیا تو میرے پھوپھازاد بھائی اور محترم اُستاد مولانا عبدالرحمان صاحب مُبارکپوری حفظہ اللہ (ابن شیخ الحدیث مولانا عبید اللہ صاحب رحمانی حفظہ اللہ) نے مجھ سے اس کا ذکر کیا۔ اور زور دیا کہ میں بھی اس مقابلے میں حصہ لوں۔ میں نے اپنی علمی کم مائیگی اور ناتجربہ کاری کا عذر کیا۔ مگر مولانا مصر رہے۔ اور بار بار کی معذرت پر فرمایا کہ میرا مقصود یہ نہیں ہے کہ انعام حاصل ہو، بلکہ میں چاہتا ہوں کہ اسی "بہانے" "ایک" کام" ہو جائے۔ میں نے ان کے اصرارِ مسلسل پر خاموشی تو اختیار کر لی۔ لیکن نیت یہی تھی کہ اس مقابلے میں حصہ نہیں لوں گا۔

چند دن بعد جمعیت اہل حدیث ہند کے آرگن اور نقیب پندرہ روزہ ترجمان دہلی میں رابطہ کی اس تجویز اور اعلان کا اردو ترجمہ شائع ہوا تو میرے لیے ایک عجیب صورتِ حال پیدا ہوگئی۔ جامعہ سلفیہ کے متوسط اور منتہی طلبہ میں سے عموماً جس کسی سے سامنا ہوتا وہ مجھے اس مقابلے میں شرکت کا مشورہ دیتا۔ خیال ہوا کہ شاید "خلق کی یہ زبان" "خدا کا نقارہ" ہے۔ تاہم مقابلے میں حصہ نہ لینے کے اپنے قلبی فیصلے پر میں قریب قریب اٹل رہا۔ کچھ دنوں بعد طلبہ کے "مشورے" اور "تقاضے" بھی تقریباً ختم ہی ہوگئے۔ مگر چند ایک طالب علم اپنے تقاضے پر قائم رہے۔ بعض نے مقالے کے تصنیفی خاکے کو موضوعِ گفتگو بنا رکھا تھا۔ اور بعض کی ترغیب اصرار کی آخری حدوں کو چھو رہی تھی۔ بالآخر میں خاصی ہچکچاہٹ کے ساتھ آمادہ ہوگیا۔ کام شروع کیا۔ لیکن تھوڑا تھوڑا کبھی کبھی اور آہستہ خرامی کے ساتھ۔ چنانچہ ابھی بالکل ابتدائی مرحلے

ہی میں تھا کہ رمضان کی تعطیل کلاں کا وقت آگیا۔ ادھر رابطہ نے آنے والے محرم الحرام کی پہلی تاریخ کو مقالات کی وصُولی کی آخری تاریخ قرار دیا تھا۔ اس طرح مہلتِ کار کے کوئی ساڑھے پانچ ماہ گذر چکے تھے۔ اور اب زیادہ سے زیادہ ساڑھے تین ماہ میں مقالہ مکمل کر کے حوالۂ ڈاک کر دینا ضروری تھا تاکہ وقت پر پہنچ جائے۔ اور ادھر ابھی سارا کام باقی تھا۔ مجھے یقین نہیں تھا کہ اس مختصر عرصے میں ترتیب و تسوید، نظر ثانی اور نقل وصفائی کا کام ہو سکے گا۔ مگر اصرار کرنے والوں نے چلتے چلتے تاکید کی کہ کسی طرح کی غفلت یا تذبذب کے بغیر کام میں جُت جاؤں۔ رمضان بعد "سہارا" دیا جائے گا۔ میں نے بھی فرصت کے ایام غنیمت سمجھے۔ اشہبِ قلم کو مہمیز لگائی۔ اور کد وکاوش کے بحر بیکراں میں کود پڑا۔ پوری تعطیل سُہانے خواب کے چند لمحوں کی طرح گذر گئی۔ اور جب یہ حضرات واپس پلٹے تو مقالے کا دو تہائی حصّہ مرتب ہو چکا تھا۔ چونکہ نظر ثانی اور تبییض کا موقع نہ تھا اس لیے اصل مسودہ ہی ان حضرات کے حوالے کر دیا کہ نقل وصفائی اور تقابُل کا کام کر ڈالیں۔ باقی ماندہ حصّے کے کچھ دیگر لوازمات کی فراہمی وتیاری میں بھی ان سے کسی قدر تعاون لیا۔ جامعہ کی ڈیوٹی اور ہماہمی شروع ہو چکی تھی۔ اس لیے زمانۂ تعطیل کی رفتار برقرار رکھنی ممکن نہ تھی۔ تاہم ڈیڑھ ماہ بعد جب عید اضحیٰ کی تعطیل کا وقت آیا تو "شب بیداری" کی "برکت" سے مقالہ تیاری کے آخری مرحلے میں تھا۔ جسے سرگرمی کی ایک جست نے تمام وکمال کو پہنچا دیا۔ اور میں نے آغاز محرم سے بارہ، تیرہ دن پہلے یہ مقالہ حوالۂ ڈاک کر دیا۔

مہینوں بعد مجھے رابطہ کے دو رجسٹرڈ مکتوب ہفتہ عشرہ آگے پیچھے موصُول ہُوئے۔ خلاصہ یہ تھا کہ میرا مقالہ، رابطہ کے مقررہ شرائط کے مطابق ہے۔ اس لیے شریکِ مقابلہ کر لیا گیا ہے۔ میں نے اطمینان کا سانس لیا۔ اس کے بعد دن پہ دن گزرتے گئے۔ حتیٰ کہ ڈیڑھ سال کا عرصہ بیت گیا، مگر رابطہ مُہر بلب۔ میں نے دوبارہ خط لکھ کر معلوم کرنا بھی چاہا کہ اس سلسلے میں کیا ہو رہا ہے تو مُہرِ سکوت نہ ٹوٹی۔ پھر میں خود بھی اپنے مشاغل اور مسائل میں اُلجھ کر یہ بات تقریباً فراموش کر گیا کہ میں نے کسی "مقابلہ" میں حصّہ لیا ہے۔

اوائل شعبان ۱۳۹۸ھ (۶/۷/۸ جولائی ۱۹۷۸ء کو) کراچی (پاکستان) میں پہلی ایشیائی اسلامی کانفرنس منعقد ہو رہی تھی۔ مجھے اس کی کارروائیوں سے دلچسپی تھی۔ اس لیے اس سے متعلق اخبار کے گوشوں میں دبی ہوئی خبریں بھی ڈھونڈھ کر پڑھتا تھا۔ ایک روز بھدوہی اسٹیشن پر ٹرین کے انتظار میں —— جو لیٹ تھی —— اخبار دیکھنے بیٹھ گیا۔ اچانک ایک چھوٹی سی خبر پر نظر پڑی کہ اس کانفرنس کے کسی اجلاس کے اندر رابطہ نے سیرت نگاری کے مقابلے میں کامیاب ہونے والے پانچ ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ اور ان میں ایک مقالہ نگار ہندوستانی

بھی ہے۔ یہ خبر پڑھ کر اندر ہی اندر طلب و جستجو کا ایک ہنگامۂ محشر بپا ہو گیا۔ بنارس واپس آ کر تفصیل معلوم کرنے کی کوشش کی، مگر لاحاصل۔

۱۰ جولائی ۱۹۷۸ء کو چاشت کے وقت — پوری رات مناظرہ بجر ڈیہہ کے شرائط طے کرنے کے بعد بے خبر سو رہا تھا کہ اچانک حجرے سے متصل سیڑھیوں پر طلبہ کا شور و ہنگامہ سنائی پڑا۔ اور آنکھ کھل گئی۔ اتنے میں طلبہ کا ریلا حجرے کے اندر تھا۔ ان کے چہروں پر بے پناہ مسرت کے آثار اور زبانوں پر مبارکبادی کے کلمات تھے۔

"کیا ہوا؟ کیا مخالف مناظر نے مناظرہ کرنے سے انکار کر دیا؟" میں نے لیٹے ہی لیٹے سوال کیا۔

"نہیں۔ بلکہ آپ سیرت نگاری کے مقابلے میں اوّل آ گئے۔"

"اللہ! تیرا شکر ہے۔" "آپ حضرات کو اس کا علم کیسے ہوا؟" میں اُٹھ کر بیٹھ چکا تھا۔

"مولوی عُزیر شمس یہ خبر لائے ہیں۔"

"مولوی عزیر یہاں آ چکے ہیں؟"

"جی ہاں۔"

اور چند لمحوں بعد مولوی عزیر مجھے تفصیلات سُنا رہے تھے۔

پھر ۲۲ شعبان ۱۳۹۸ھ (۲۹ جولائی ۱۹۷۸ء) کو رابطہ کا رجسٹرڈ مکتوب وارد ہوا جس میں کامیابی کی اطلاع کے ساتھ یہ مژدہ بھی رقم تھا کہ ماہ محرم ۱۳۹۹ھ میں مکہ مکرمہ کے اندر رابطہ کے مستقر پر، تقسیم انعامات کے لیے ایک تقریب منعقد کی جائے گی۔ اور اس میں مجھے شرکت کرنی ہے یہ تقریب محرم کے بجائے ۱۲ ربیع الآخر ۱۳۹۹ھ کو منعقد ہوئی۔

اس تقریب کی بدولت مجھے پہلی بار حرمین شریفین کی زیارت کی سعادت نصیب ہوئی۔ ۱۰ ربیع الآخر یوم جمعرات کو عصر سے کچھ پہلے مکہ مکرمہ کی پُر نور فضاؤں میں داخل ہوا۔ تیسرے دن ۸½ بجے رابطہ کے مستقر پر حاضری کا حکم تھا۔ یہاں ضروری کارروائیوں کے بعد تقریباً دس بجے تلاوتِ قرآن پاک سے تقریب کا آغاز ہوا۔ سعودی عدلیہ کے چیف جسٹس شیخ عبداللہ بن حُمید صدر مجلس تھے۔ مکّہ کے نائب گورنر امیر سعود بن عبدالمحسن — جو مرحوم ملک عبدالعزیز کے پوتے ہیں — تقسیم انعامات کے لیے تشریف فرما تھے۔ انہوں نے مختصر سی تقریر کی۔ ان کے بعد رابطہ کے نائب سیکرٹری جنرل شیخ علی المختار نے خطاب فرمایا۔ انہوں نے قدرے تفصیل سے بتایا کہ یہ انعامی مقابلہ کیوں منعقد کرایا گیا۔ اور فیصلے کے لیے کیا طریقہ کار اپنایا گیا۔ انہوں نے وضاحت

فرمائی کہ رابطہ کو اعلان مقابلہ کے بعد ایک ہزار سے زائد (یعنی ۱۱۸۲) مقالات موصول ہوئے جن کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے کے بعد ابتدائی کمیٹی نے ایک سو تراسی (۱۸۳) مقالات کو مقابلے کے لیے منتخب کیا۔ اور آخری فیصلے کے لیے انہیں وزیر تعلیم شیخ حسن بن عبداللہ آل الشیخ کی سرکردگی میں قائم ماہرین کی ایک آٹھ رکنی کمیٹی کے حوالے کر دیا۔ کمیٹی کے یہ آٹھوں ارکان ملک عبدالعزیز یونیورسٹی جدہ کی شاخ کلیۃ الشریعہ (اور اب جامعہ اُمّ القریٰ) مکہ مکرمہ کے استاد اور سیرتِ نبوی ﷺ اور تاریخ اسلام کے ماہر اور متخصص ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں:

ڈاکٹر ابراہیم علی شعوط	ڈاکٹر احمد سید دراج
ڈاکٹر عبدالرحمٰن فہمی محمد	ڈاکٹر فائق بکر صواف
ڈاکٹر محمد سعید صدیقی	ڈاکٹر شاکر محمود عبدالمنعم
ڈاکٹر فکری احمد عکاز	ڈاکٹر عبدالفتاح منصور

ان اساتذہ نے مسلسل چھان بین کے بعد متفقہ طور پر پانچ مقالات کو ذیل کی ترتیب کے ساتھ انعام کا مستحق قرار دیا۔

۱۔ الرحیق المختوم (عربی) تالیف صفی الرحمٰن مبارکپوری جامعہ سلفیہ، بنارس، ہند (اوّل)
۲۔ خاتم النبیین ﷺ (انگریزی) تالیف ڈاکٹر ماجد علی خاں جامعہ ملیہ اسلامیہ، دہلی، ہند (دوم)
۳۔ پیغمبر اعظم و آخر (اردو) تالیف ڈاکٹر نصیر احمد ناصر وائس چانسلر جامعہ اسلامیہ، بہاولپور، پاکستان (سوم)
۴۔ منتقی النقول فی سیرۃ اعظم رسول (عربی) تالیف شیخ حامد محمود بن محمد منصور لیمود، جیزہ مصر (چہارم)
۵۔ سیرۃ نبی الہدیٰ والرحمۃ (عربی) استاد عبدالسلام ہاشم حافظ۔ مدینہ منورہ، مملکت سعودیہ عربیہ (پنجم)

نائب سیکرٹری جنرل محترم شیخ علی المختار نے ان توضیحات کے بعد حوصلہ افزائی، مبارکباد، اور دعائیہ کلمات پر اپنی تقریر ختم کر دی۔

اس کے بعد مجھے اظہارِ خیال کی دعوت دی گئی۔ میں نے اپنی مختصر سی تقریر میں رابطہ کو ہندوستان کے اندر دعوت و تبلیغ کے بعض ضروری اور متروک گوشوں کی طرف توجہ دلائی۔ اور اس کے متوقع اثرات و نتائج پر روشنی ڈالی۔ رابطہ کی طرف سے اس کا حوصلہ افزا جواب دیا گیا۔

اس کے بعد امیر محترم سعود بن عبدالمحسن نے ترتیب وار پانچوں انعامات تقسیم فرمائے۔ اور تلاوتِ قرآن مجید

پر تقریب کا اختتام ہوگیا۔

۷ ار ربیع الآخر یوم جمعرات کو ہمارے قافلے کا رُخ مدینہ منورہ کی طرف تھا۔ راستے میں بدر کی تاریخی رزمگاہ کا مختصراً مشاہدہ کرکے آگے بڑھے تو عصر سے کچھ پہلے حرم نبوی ؐ کے در و بام کا جلال و جمال نگاہوں کے سامنے تھا۔ چند دن بعد ایک صبح خیبر بھی گئے۔ اور وہاں کا تاریخی قلعہ اندر و باہر سے دیکھا پھر کچھ تفریح کرکے سرِ شام مدینہ منوّرہ کو واپس ہوئے۔ اور پیغمبر آخر الزماں ﷺ کی اس جلوہ گاہ، جبریل امین کے اس مَہبِط، قدوسیوں کی اس فرودگاہ اور اسلام کے اس مرکز انقلاب میں دو ہفتے گذار کر طائر شوق نے پھر حرم کعبہ کی راہ لی۔ یہاں طواف وسعی کے "ہنگامے" میں مزید ایک ہفتہ گزارنے کا شرف حاصل ہوا۔ عزیزوں دوستوں، بزرگوں اور علماء و مشائخ نے کیا مکّہ، کیا مدینہ، ہر جگہ ہاتھوں ہاتھ لیا۔ یوں میرے خوابوں اور آرزوؤں کی سرزمین حجاز مقدس کے اندر ایک ماہ کا عرصہ چشم زدن میں گزر گیا۔ اور میں پھر صنم کدۂ ہند میں واپس آگیا ؎

حیف در چشم زدن صحبتِ یار آخر شُد　　رُوئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شُد

حجاز سے واپس ہوا تو ہندوستان و پاکستان کے اُردو خواں طبقے کی طرف سے کتاب کو اُردو جامہ پہنانے کا تقاضا شروع ہوگیا۔ جو کئی برس گذر جانے کے باوجود برابر قائم رہا۔ ادھر نئی نئی مصروفیات اس قدر دامنگیر ہوتی گئیں کہ ترجمہ کے لیے فرصت کے لمحات میسر ہوتے نظر نہ آئے۔ بالآخر مشاغل کے اسی ہجوم میں ترجمہ شروع کر دیا گیا۔ اور اللہ کا بے پایاں شکر ہے کہ چند ماہ کی جزوی کوشش سے پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا وَلِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ۔

اخیر میں مَیں ان تمام بزرگوں، دوستوں اور عزیزوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے اس کام میں کسی بھی طرح مجھ سے تعاون کیا۔ خصوصاً استاذ محترم مولانا عبدالرحمان صاحب رحمانی، اور عزیزان گرامی شیخ عزیر صاحب اور حافظ محمد الیاس صاحب فاضلان مدینہ یونیورسٹی کا کہ ان کے مشورے اور ہمت افزائی نے مجھے وقتِ مقررہ پر اس مقالے کی تیاری میں بڑی مدد پہنچائی۔ اللہ ان سب کو جزائے خیر دے ہمارا حامی و ناصر ہو۔ کتاب کو شرفِ قبول بخشے اور مولف و معاونین اور مستفیدین کے لیے فلاح و نجاح کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

۱۸ ر رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ

اپنی سرگزشت

الحمد لله رب العٰلمين والصلاة والسلام على سيد الأولين والآخرين محمّد خاتم النبيين، وعلى آله وصحبه أجمعين، أمّا بعد:

چونکہ رابطۂ عالم اسلامی نے سیرت نویسی کے مقابلے میں حصہ لینے والوں کو پابند کیا ہے کہ وہ اپنے حالاتِ زندگی بھی قلم بند کریں۔ اس لیے ذیل کی سطور میں اپنی سادہ زندگی کے چند خاکے پیش کر رہا ہوں۔

سلسلۂ نسب صفی الرحمٰن بن عبداللہ بن محمد اکبر بن محمد علی بن عبدالمومن بن فقیراللہ مُبارک پوری اعظمی۔

پیدائش سند میں میری تاریخ پیدائش ۶ جون ۱۹۴۳ء درج ہے۔ مگر یہ تخمینی اندراج ہے تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ پیدائش ۱۹۴۲ء کے وسط کی ہے۔ مقامِ پیدائش موضع حسین آباد ہے۔ جو مبارکپور کے شمال میں ایک میل کے فاصلے پہ ایک چھوٹی سی بستی ہے۔ مبارکپور ضلع اعظم گڑھ کا ایک معروف علمی اور صنعتی قصبہ ہے۔

تعلیم و تعلُّم میں نے بچپن میں قرآن مجید کا کچھ حصہ اپنے دادا اور چچا سے پڑھا۔ پھر ۱۹۴۸ء میں مدرسہ دارالتعلیم مبارکپور میں داخل ہوا۔ وہاں چھ سال رہ کر پرائمری درجات اور مڈل کورس کی تعلیم مکمل کی۔ قدرے فارسی بھی پڑھی۔ اس کے بعد جون ۱۹۵۴ء میں مدرسہ احیاء العلوم مبارکپور میں داخل ہوا اور وہاں عربی زبان وقواعد، نحو وصرف اور بعض دوسرے فنون کی تعلیم حاصل کرنی شروع کی۔ دو سال بعد مدرسہ فیض عام مئو پہنچا۔ اس مدرسہ کو اس علاقہ میں ایک اہم دینی درسگاہ کی حیثیت حاصل ہے۔ اور مئوناتھ بھنجن، قصبہ مبارکپور سے ۳۵ کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

فیض عام میں میرا داخلہ مئی ۱۹۵۶ء میں ہوا۔ میں نے وہاں پانچ سال گزارے۔ اور عربی زبان و قواعد اور شرعی علوم وفنون یعنی تفسیر، حدیث، اصولِ حدیث، فقہ اور اصولِ فقہ وغیرہ کی تعلیم حاصل کی۔ جنوری ۱۹۶۱ء میں میری تعلیم مکمل ہوگئی۔ اور مجھے باقاعدہ شہادۃ التخرّج (یعنی سندِ تکمیل) دیدی گئی۔ یہ سندِ فضیلت فی الشریعۃ اور فضیلت فی العلوم کی سند ہے۔ اور تدریس وافتاء کی اجازت پر مشتمل ہے۔ میری خوش قسمتی ہے کہ مجھے تمام امتحانات میں امتیازی نمبروں سے کامیابی حاصل ہوتی رہی۔

دورانِ تعلیم، مَیں نے الہ آباد بورڈ کے امتحانات میں بھی شرکت کی۔ فروری ۱۹۵۹ء میں مولوی اور فروری ۱۹۶۰ء میں عالم کے امتحانات دیئے۔ اور دونوں میں فرسٹ ڈویژن سے کامیاب ہوا۔ پھر ایک طویل عرصے کے بعد مدرسین سے متعلق جدید حالات کے پیشِ نظر میں نے فروری ۱۹۷۰ء میں فاضلِ ادب ؍ اور فروری ۱۹۷۵ء میں فاضلِ دینیات، کا امتحان دیا۔ اور بحمد اللہ (دونوں میں) فرسٹ ڈویژن سے کامیاب ہوا۔

کارگاہِ علم وحیات میں

۱۹۶۱ء میں "مدرسہ فیض عام" سے فارغ ہوکر میں نے ضلع الہ آباد پھر شہر ناگپور میں درس وتدریس اور تقریر وخطابت کا شغل اختیار کیا۔ دو سال بعد مارچ ۱۹۶۳ء میں مادرِ علمی مدرسہ فیض عام کے ناظم اعلیٰ نے مجھے تدریس کے کام پر مدعو کر لیا لیکن میں نے وہاں بمشکل دو سال گذارے تھے کہ حالات نے علیحدگی پر مجبور کر دیا۔ اگلا سال "جامعۃ الرشاد" اعظم گڑھ کی نذر ہوا۔ اور فروری ۱۹۶۶ء سے مدرسہ دار الحدیث مئو کی دعوت پر وہاں مدرس ہوگیا۔ تین سال یہاں گذارے۔ اور تدریس کے علاوہ بحیثیت نائب صدر مدرس تعلیمی امور اور داخلی انتظامات کی نگہداشت میں بھی شریک رہا۔

آخری ایام میں مدرسہ کی انتظامیہ کے درمیان اتنے سخت اختلافات برپا ہوئے کہ معلوم ہوتا تھا مدرسہ بند ہوجائے گا۔ ان اختلافات سے بددل ہوکر میں نے عین عید کے روز استعفاء دیدیا۔ اور چند دن بعد مدرسہ دار الحدیث سے مستعفی ہوکر مدرسہ فیض العلوم سیونی کی خدمت پر جا مامور ہوا۔ جو مئو ناتھ بھنجن سے کوئی سات سو کیلومیٹر دور مدھیہ پردیش میں واقع ہے۔

سیونی میں میری تقرری جنوری ۱۹۶۹ء میں ہوئی۔ میں نے وہاں درس وتدریس کے فرائض انجام دینے کے علاوہ صدر مدرس کی حیثیت سے مدرسہ کے تمام داخلی وخارجی انتظامات کی ذمہ داری بھی سنبھالی اور جمعہ کا خطبہ دینا اور گرد وپیش کے دیہاتوں میں جا جاکر دعوت وتبلیغ کا کام کرنا بھی اپنے معمولات میں شامل کیا

میں نے سیونی میں چار سال درس وتدریس کے فرائض انجام دیئے۔ پھر ۱۹۷۲ء کے اخیر میں سالانہ تعطیل پر وطن واپس آیا تو مدرسہ دار التعلیم مبارکپور کے اراکین نے یہاں کے تعلیمی انتظامات سنبھالنے اور تدریس کے فرائض انجام دینے کے لیے حد درجہ اصرار کیا۔ اور مجھے یہ پیش کش قبول کرنی پڑی۔ اب میں نے اپنی اولین مادرِ علمی کے اندر نئی ذمہ داریاں سنبھالیں۔ دو سال بعد جامعہ سلفیہ کے ناظم اعلیٰ نے

مدرسہ دار التعلیم کے سرپرست سے گفتگو کی کہ مجھے جامعہ سلفیہ منتقل کر دیں۔ جامعہ کی خیر خواہی اور دیرینہ روابط کے پیش نظر بات طے ہوگئی۔ اور میں اکتوبر ۱۹۶۷ء میں جامعہ سلفیہ آگیا۔ جب سے یہیں کام کر رہا ہوں۔

تالیفات

تعلیم مکمل کرنے کے بعد میں نے اس طویل عرصے میں درس و تدریس کے پہلو بہ پہلو تالیف و تصنیف کا بھی کچھ نہ کچھ شغل جاری رکھا۔ چنانچہ مختلف مضامین و مقالات کے علاوہ اب تک آٹھ عدد (بلکہ اب کوئی بیس عدد) کتابوں اور رسائل کی تالیف یا ترجمے کا کام بھی ہو چکا ہے، جو یہ ہیں۔

(۱) شرح ازہار العرب (عربی) ازہار العرب علامہ محمد سورتیؒ کا جمع کردہ نفیس عربی اشعار کا ایک منتخب اور ممتاز مجموعہ ہے۔ شرح ۱۹۶۲ء میں لکھی گئی، مگر قدرے ناقص رہی۔ اور طبع نہیں کرائی جا سکی۔

(۲) المصابیح فی مسالۃ التراویح للسیوطی کا اردو ترجمہ (۱۹۶۳ء) چند بار طبع ہو چکا ہے۔

(۳) ترجمہ الکلم الطیب لابن تیمیہؒ (۱۹۶۶ء) غیر مطبوع۔

(۴) ترجمہ و توضیح کتاب الاربعین للنووی (۱۹۶۹ء) غیر مطبوع۔

(۵) صحف یہود و نصاریٰ میں محمد ﷺ کے متعلق بشارتیں (اردو، ۱۹۷۰ء) غیر مطبوع۔

(۶) تذکرہ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہابؒ (۱۹۷۲ء) یہ کتاب تین بار طبع ہو چکی ہے۔ یہ اصلاً محکمہ شرعیہ قطر کے قاضی شیخ احمد بن حجر کی عربی تالیف کا ترجمہ ہے۔ لیکن اس میں کسی قدر ترمیم و اضافہ کیا گیا ہے۔

(۷) تاریخ آلِ سعود (اردو، ۱۹۷۲ء) تذکرہ شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب کے پہلے اور دوسرے ایڈیشن کے ساتھ شائع ہو چکی ہے۔

(۸) اتحاف الکرام تعلیق بلوغ المرام لابن حجر عسقلانی (عربی، ۱۹۷۴ء) مطبوع۔

(۹) قادیانیت اپنے آئینہ میں (اردو ۱۹۷۶ء) مطبوع۔

(۱۰) فتنۂ قادیانیت اور مولانا ثناء اللہ امرتسری (اردو، ۱۹۷۶ء) مطبوع۔

(۱۱) پیشِ نظر کتاب جو رابطۂ عالم اسلامی میں پیش کرنے کے لیے تالیف کی گئی (اور اس کے بعد مزید چند رسالے سپرد قلم کیے گئے جو یہ ہیں۔

(۱۲) انکارِ حدیث کیوں؟ (اردو ۱۹۷۶ء) مطبوع

(۱۳) انکارِ حدیث حق یا باطل (اردو ۱۹۷۷ء) مطبوع

(۱۴) رزم حق و باطل (مناظرہ بجرڈیہہ کی روداد ۱۹۷۸ء) مطبوع

(۱۵) ابراز الحق والصواب فی مسالۃ السفور والحجاب (عربی ۱۹۷۸ء) پردے سے متعلق علامہ ڈاکٹر تقی الدین ہلالی مراکشی حفظہ اللہ کی رائے پر نقد ہے۔ اور مجلہ الجامعۃ السلفیہ میں قسط وار شائع ہوا ہے۔

(۱۶) تطور الشعوب والدیانات فی الهند ومجال الدعوۃ الاسلامیۃ فیہا (عربی ۱۹۷۹ء) چند قسطیں مجلہ الجامعۃ السلفیہ میں شائع ہو چکی ہیں۔

(۱۷) الفرقۃ الناجیہ والفرق الاسلامیۃ الأخری (عربی ۱۹۸۲ء) غیر مطبوع

(۱۸) اسلام اور عدم تشدد (اردو ۱۹۸۴ء) مطبوع

(۱۹) بہجۃ النظر فی مصطلح اہل الأثر (عربی) مطبوع

(۲۰) اہل تصوف کی کارستانیاں (اردو ۱۹۸۶ء) مطبوع

(۲۱) الاحزاب السیاسیۃ فی الاسلام (عربی ۱۹۸۶ء) زیر طبع

علاوہ ازیں ماہنامہ "محدث" بنارس کی (اسکے پورے زمانۂ اشاعت میں یعنی ۴/۱ ۴ برس تک) ایڈیٹری کے فرائض بھی انجام دیئے۔

واللہ الموفق وازمۃ الامور کلہا بیدہ۔ ربنا تقبلہ منا بقبول حسن وانبتہ نباتا حسنا۔

زیرِ نظر کتاب کے بارے میں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الحمد لله الذی ارسل رسوله بالهدٰی ودین الحق لیظهره علی الدین کله فجعله شاهدًا ومبشرًا ونذیرًا، وداعیًا إلی الله بإذنه وسراجًا منیرا، وجعل فیه أسوة حسنة لمن کان یرجوا الله والیوم الاٰخر وذکر الله کثیرا، اللّٰهم صل وسلم وبارك علیه وعلی اٰله وصحبه ومن تبعهم بإحسان إلی یوم الدین و فجر لهم ینابیع الرحمة والرضوان تفجیرا - أمّا بعد:

یہ بڑی مسرت اور شادمانی کی بات ہے کہ ربیع الاول ۱۳۹۶ھ میں پاکستان کے اندر منعقدہ سیرت کانفرنس کے اختتام پر رابطہ عالم اسلامی نے سیرت کے موضوع پر مقالہ نویسی کا ایک عالمی مقابلہ منعقد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ اہلِ قلم میں ایک طرح کی امنگ اور ان کی فکری کاوشوں میں ایک طرح کی ہم آہنگی پیدا ہو۔ میرے خیال میں یہ بڑا مُبارک قدم ہے۔ کیونکہ اگر گہرائی سے جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ درحقیقت سیرتِ نبوی اور اسوۂ محمّدی ہی وہ واحد منبع ہے جس سے عالم اسلام کی زندگی اور انسانی معاشرے کی سعادت کے چشمے پھوٹتے ہیں۔ آپ ﷺ کی ذات بابرکات پر بے شمار درود وسلام ہو۔

پھر یہ میری سعادت وخوش بختی ہوگی کہ میں بھی اس مبارک مقابلے میں شرکت کروں۔ لیکن میری بساط ہی کیا ہے کہ میں سیدالاولین والآخرین ﷺ کی حیات مبارکہ پر روشنی ڈال سکوں۔ میں تو اپنی ساری خوش بختی وکامرانی اسی میں سمجھتا ہوں کہ مجھے آپ ﷺ کے انوار کا کچھ حصہ نصیب ہوجائے۔ تاکہ میں تاریکیوں میں بھٹک کر ہلاک ہونے کے بجائے آپ ﷺ کے ایک اُمتی کی حیثیت سے آپ کی روشن شاہراہ پر چلتا ہوا زندگی گذاروں۔ اور اسی راہ میں میری موت بھی آئے۔ اور پھر آپ ﷺ کی شفاعت کی برکت سے اللہ تعالیٰ میرے گناہوں پر قلمِ عفو پھیر دے۔

ایک چھوٹی سی بات اپنی اس کتاب کے اندازِ تحریر کے متعلق بھی عرض کرنے کی ضرورت

محسوس کر رہا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ میں نے کتاب لکھنے سے پہلے ہی یہ بات طے کر لی تھی کہ اسے بارِ خاطر بن جانے والے طول اور ادائیگیٔ مقصود سے قاصر رہ جانے والے اختصار دونوں سے بچتے ہوئے متوسط درجے کی ضخامت میں مرتب کروں گا۔ لیکن جب کتبِ سیرت پر نگاہ ڈالی تو دیکھا کہ واقعات کی ترتیب اور جزئیات کی تفصیل میں بڑا اختلاف ہے۔ اس لیے میں نے فیصلہ کیا کہ جہاں جہاں ایسی صورت پیش آئے وہاں بحث کے ہر پہلو پر نظر دوڑا کر اور بھرپور تحقیق کر کے جو نتیجہ اخذ کروں اسے اصل کتاب میں درج کر دوں۔ اور دلائل و شواہد کی تفصیلات اور ترجیح کے اسباب کا ذکر نہ کروں۔ ورنہ کتاب غیر مطلوب حد تک طویل ہو جائے گی۔ البتہ جہاں یہ اندیشہ ہو کہ میری تحقیق قارئین کے لیے حیرت و استعجاب کا باعث بنے گی، یا جن واقعات کے سلسلے میں عام اہل قلم نے کوئی ایسی تصویر پیش کی ہو جو میرے نقطۂ نظر سے صحیح نہ ہو وہاں دلائل کی طرف بھی اشارہ کر دوں۔

یا اللہ! میرے لیے دنیا اور آخرت کی بھلائی مقدر فرما۔ تو یقیناً غفور و وَدُود ہے۔ عرش کا مالک ہے اور بزرگ و برتر ہے۔

صفی الرحمٰن مُبارکپوری

جامعہ سلفیہ
بنارس، ہند

جمعة المبارك
۲۴ رجب ۱۳۹۶ھ مطابق ۲۳ جولائی ۱۹۷۶ء

عرب — محلِّ وقوع اور قومیں

سیرت نبوی درحقیقت اس پیغام ربانی کے عملی پرتو سے عبارت ہے، جسے رسول اللہ ﷺ نے انسانی جمعیت کے سامنے پیش کیا تھا۔ اور جس کے ذریعے انسان کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں اور بندوں کی بندگی سے نکال کر خدا کی بندگی میں داخل کر دیا تھا۔ چونکہ اس سیرت طیبہ کی مکمل صورت گری ممکن نہیں جب تک کہ اس پیغامِ ربانی کے نزول سے پہلے کے حالات اور بعد کے حالات کا تقابل نہ کیا جائے اس لیے اصل بحث سے پہلے پیش نظر باب میں اسلام سے پہلے کی عرب اقوام اور ان کے نشو ونما کی کیفیت بیان کرتے ہوئے ان حالات کا خاکہ پیش کیا جا رہا ہے جن میں رسول اللہ ﷺ کی بعثت ہوئی تھی۔

عرب کا محلِّ وقوع

لفظ عرب کے لغوی معنی ہیں صحرا اور بے آب و گیاہ زمین۔ عہد قدیم سے یہ لفظ جزیرہ نمائے عرب اور اس میں بسنے والی قوموں پر بولا گیا ہے۔

عرب کے مغرب میں بحر احمر اور جزیرہ نمائے سینا ہے۔ مشرق میں خلیج عرب اور جنوبی عراق کا ایک بڑا حصہ ہے۔ جنوب میں بحر عرب ہے جو درحقیقت بحر ہند کا پھیلاؤ ہے۔ شمال میں ملک شام اور کسی قدر شمالی عراق ہے۔ ان میں سے بعض سرحدوں کے متعلق اختلاف بھی ہے۔ کل رقبے کا اندازہ دس لاکھ سے تیرہ لاکھ مربع میل تک کیا گیا ہے۔

جزیرہ نمائے عرب طبعی اور جغرافیائی حیثیت سے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اندرونی طور پر یہ ہر چہار جانب سے صحرا اور ریگستان سے گھرا ہوا ہے جس کی بدولت یہ ایسا محفوظ قلعہ بن گیا ہے کہ بیرونی قوموں کے لیے اس پر قبضہ کرنا اور اپنا اثر و نفوذ پھیلانا سخت مشکل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قلب جزیرۃ العرب کے باشندے عہد قدیم سے اپنے جملہ معاملات میں مکمل طور پر آزاد و خود مختار نظر آتے ہیں حالانکہ یہ ایسی دو عظیم طاقتوں کے ہمسایہ تھے کہ اگر یہ ٹھوس قدرتی رکاوٹ نہ ہوتی تو ان کے حملے روک لینا باشندگانِ عرب کے بس کی بات نہ تھی۔

بیرونی طور پر جزیرہ نمائے عرب پرانی دنیا کے تمام معلوم برِاعظموں کے بیچوں بیچ واقع ہے اور

خشکی اور سمندر دونوں راستوں سے ان کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ اس کا شمال مغربی گوشہ، برّاعظم افریقہ میں داخلے کا دروازہ ہے۔ شمال مشرقی گوشہ یورپ کی کنجی ہے۔ مشرقی گوشہ ایران، وسط ایشیا اور مشرق بعید کے دروازے کھولتا ہے اور ہندوستان اور چین تک پہنچاتا ہے۔ اسی طرح ہر برّاعظم سمندر کے راستے بھی جزیرہ نمائے عرب سے جڑا ہوا ہے اور ان کے جہاز عرب بندرگاہوں پر براہ راست لنگر انداز ہوتے ہیں۔

اس جغرافیائی محلِ وقوع کی وجہ سے جزیرۃ العرب کے شمالی اور جنوبی گوشے مختلف قوموں کی آماجگاہ اور تجارت وثقافت اور فنون و مذاہب کے لین دین کا مرکز رہ چکے ہیں۔

عرب قومیں

مؤرخین نے نسلی اعتبار سے عرب اقوام کی تین قسمیں قرار دی ہیں۔

(۱) عرب بائدہ ــــ یعنی وہ قدیم عرب قبائل اور قومیں جو بالکل ناپید ہوگئیں اور ان کے متعلق ضروری تفصیلات بھی دستیاب نہیں۔ مثلاً عاد، ثمود، طَسْم، جَدِیس، عَمَالِقہ وغیرہ۔

(۲) عرب عَارِبہ ــــ یعنی وہ عرب قبائل جو یَعرُب بن یشجب بن قحطان کی نسل سے ہیں۔ انہیں قحطانی عرب کہا جاتا ہے۔

(۳) عرب مُسْتَعْرِبہ ــــ یعنی وہ عرب قبائل جو حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ انہیں عدنانی عرب کہا جاتا ہے۔

عرب عاربہ : یعنی قحطانی عرب کا اصل گہوارہ ملک یمن تھا۔ یہیں ان کے خاندان اور قبیلے مختلف شاخوں میں پھوٹے، پھیلے اور بڑھے۔ ان میں سے دو قبیلوں نے بڑی شہرت حاصل کی۔

(الف) حِمْیَر ــــ جس کی مشہور شاخیں زید الجمہور، قُضَاعہ اور سَکَاسِک ہیں۔

(ب) کہلان ــــ جس کی مشہور شاخیں ہمدان، اَنْمار، طَیّ، مَذْحِج، کِندہ، لَخْم، جُذَام، اَزْد، اَوْس، خَزْرَج اور اولادِ جفنہ ہیں، جنہوں نے آگے چل کر ملک شام کے اطراف میں بادشاہت قائم کی اور آلِ غسّان کے نام سے مشہور ہوئے۔

عام کہلانی قبائل نے بعد میں یمن چھوڑ دیا اور جزیرۃ العرب کے مختلف اطراف میں پھیل گئے۔ ان کے عمومی ترکِ وطن کا واقعہ سیلِ عرم سے کسی قدر پہلے اس وقت پیش آیا جب رومیوں نے مصر وشام پر قبضہ کرکے اہل یمن کی تجارت کے بحری راستے پر اپنا تسلط جما لیا، اور برّی شاہراہ کی سہولیات غارت کرکے اپنا دباؤ اس قدر بڑھا دیا کہ کہلانیوں کی تجارت تباہ ہوکر رہ گئی۔

کچھ عجب نہیں کہ کہلانی اور حِمیَری خاندانوں میں چشمک بھی رہی ہو اور یہ بھی کہلانیوں کے ترکِ وطن کا ایک مؤثر سبب بنی ہو۔ اس کا اشارہ اس سے بھی ملتا ہے کہ کہلانی قبائل نے تو ترکِ وطن کیا۔ لیکن حمیری قبائل اپنی جگہ برقرار رہے۔

جن کہلانی قبائل نے ترکِ وطن کیا ان کی چار قسمیں کی جاسکتی ہیں۔

۱۔ **اَزْد** ــــ انہوں نے اپنے سردار عمران بن عمرو مزیقیاء کے مشورے پر ترکِ وطن کیا۔ پہلے تو یہ یمن ہی میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے رہے اور حالات کا پتا لگانے کے لیے آگے آگے ہراول دستوں کو بھیجتے رہے لیکن آخر کار شمال کا رُخ کیا اور پھر مختلف شاخیں گھومتے گھماتے مختلف جگہ دائمی طور پر سکونت پذیر ہوگئیں۔ اس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ثَعْلَبہ بن عَمْرو اس نے اَوّلاً حجاز کا رُخ کیا اور ثعلبیہ اور ذی قار کے درمیان اقامت اختیار کی۔ جب اس کی اولاد بڑی ہوگئی اور خاندان مضبوط ہوگیا تو مدینہ کی طرف کوچ کیا، اور اسی کو اپنا وطن بنا لیا۔ اسی ثعلبہ کی نسل سے اَوْس اور خَزْرَج ہیں جو ثعلبہ کے صاحبزادے حارثہ کے بیٹے ہیں۔

حارثہ بن عَمْرو یعنی خُزاعہ اور اس کی اولاد یہ لوگ پہلے سرزمین حجاز میں گردش کرتے ہوئے مَرّ الظَّہران میں خیمہ زن ہوئے۔ پھر حرم پر دھاوا بول دیا اور بَنُو جُرْہُم کو نکال کر خود مکہ میں بود و باش اختیار کر لی۔

عمران بن عَمْرو اس نے اور اسکی اولاد نے عمان میں سکونت اختیار کی اسلیے یہ لوگ ازدِ عمان کہلاتے ہیں۔

نصر بن ازد اس سے تعلق رکھنے والے قبائل نے تہامہ میں قیام کیا۔ یہ لوگ اَزدِ شَنُوءَۃ کہلاتے ہیں۔

جفنہ بن عَمْرو اس نے ملک شام کا رُخ کیا۔ اور اپنی اولاد سمیت وہیں متوطن ہوگیا۔ یہی شخص غسّانی بادشاہوں کا جدِّ اعلیٰ ہے۔ انہیں آلِ غَسّان اس لیے کہا جاتا ہے کہ ان لوگوں نے شام منتقل ہونے سے پہلے حجاز میں غَسّان نامی ایک چشمے پر کچھ عرصہ قیام کیا تھا۔

۲۔ **لخم وجذام** ــــ ان ہی لخمیوں میں نصر بن ربیعہ تھا جو حیرہ کے شاہانِ آلِ مُنذر کا جدِّ اعلیٰ ہے۔

۳۔ **بنو طَیّ** ــــ اس قبیلے نے بنو اَزد کے ترکِ وطن کے بعد شمال کا رخ کیا اور اجا اور سلمیٰ نامی دو پہاڑیوں کے اطراف میں مستقل طور پر سکونت پذیر ہوگیا، یہاں تک کہ یہ دونوں پہاڑیاں قبیلہ طی کی نسبت سے مشہور ہوگئیں۔

۴۔ **کِندہ** ــــ یہ لوگ پہلے بحرین ــــ موجودہ اَلاَحسا ــــ میں خیمہ زن ہوئے۔ لیکن مجبوراً وہاں

سے دلشکش ہوکر حضر موت گئے۔ مگر وہاں بھی اماں نہ ملی اور آخر کار نجد میں ڈیرے ڈالنے پڑے۔ یہاں ان لوگوں نے ایک عظیم الشان حکومت کی داغ بیل ڈالی۔ مگر یہ حکومت پائیدار نہ ثابت ہوئی اور اس کے آثار جلد ہی ناپید ہو گئے۔

کہلان کے علاوہ حمیر کا بھی صرف ایک قبیلہ قضاعہ ایسا ہے — اور اسکا حمیری ہونا بھی مختلف فیہ ہے — جس نے یمن سے ترکِ وطن کرکے حدود عراق میں بادیۃ السماوہ کے اندر بود و باش اختیار کی۔[۱]

عرب مُستَعرِبہ | ان کے جدِ اعلیٰ سیدنا ابراہیم علیہ السلام اصلاً عراق کے ایک شہر اُور کے باشندے تھے۔ یہ شہر دریائے فرات کے مغربی ساحل پر کوفے کے قریب واقع تھا۔ اس کی کھدائی کے دوران جو کتبات برآمد ہوئے ہیں ان سے اس شہر کے متعلق بہت سی تفصیلات منظر عام پہ آئی ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خاندان کی بعض تفصیلات اور باشندگانِ ملک کے دینی اور اجتماعی حالات سے بھی پردہ ہٹا ہے۔

یہ معلوم ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام یہاں سے ہجرت کرکے شہر حرّان تشریف لے گئے تھے اور پھر وہاں سے فلسطین جاکر اسی ملک کو اپنی پیغمبرانہ سرگرمیوں کا مرکز بنا لیا تھا اور دعوت و تبلیغ کے لیے یہیں سے اندرون و بیرونِ مُلک مصروفِ تگ و تاز رہا کرتے تھے۔ ایک بار آپ مصر تشریف لے گئے۔ فرعون نے آپ کی بیوی حضرت سارہؑ کی کیفیت سنی تو ان کے بارے میں بدنیت ہوگیا اور اپنے دربار میں بُرے ارادے سے بلایا لیکن اللہ نے حضرت سارہ کی دعا کے نتیجے میں غیبی طور پر فرعون کی ایسی گرفت کی کہ وہ ہاتھ پاؤں مارنے اور پھینکنے لگا۔ اس کی نیت بد اس کے منہ پر مار دی گئی اور وہ حادثے کی نوعیت سے سمجھ گیا کہ حضرت سارہؑ اللہ تعالیٰ کی نہایت خاص اور مقرب بندی ہیں اور وہ حضرت سارہؑ کی اس خصوصیت سے اس قدر متاثر ہوا کہ اپنی بیٹی[۲] ہاجرہؑ کو ان کی خدمت میں دے دیا۔ پھر حضرت سارہؑ نے حضرت ہاجرہؑ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زوجیت میں دے دیا۔[۳]

---

[۱] ان قبائل کی اور ان کے ترک وطن کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو۔ محاضرات تاریخ الامم الاسلامیہ للخضری ۱/۱۱-۱۳ قلب جزیرۃ العرب ص ۲۳۱-۲۳۵۔ ترک وطن کے ان واقعات کے زمانہ اور اسباب کے تعین میں تاریخی مآخذ کے درمیان بڑا سخت اختلاف ہے۔ ہم نے مختلف پہلوؤں پر غور کرکے جو بات راجح محسوس کی اسے درج کر دیا ہے۔

[۲] مشہور ہے کہ حضرت ہاجرہؑ لونڈی تھیں لیکن علامہ منصورپوری نے مفصل تحقیق کرکے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ لونڈی نہیں بلکہ آزاد تھیں اور فرعون کی بیٹی تھیں۔ دیکھئے رحمۃ للعالمین ۲/۳۶-۳۷۔

[۳] ایضاً ۲/۳۴ واقعے کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو صحیح بخاری ۱/۴۸۴،

حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت سارہؑ اور حضرت ہاجرہ کو ہمراہ لے کر فلسطین واپس تشریف لائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہاجرہ علیہا السلام کے بطن سے ایک فرزند ارجمند۔اسماعیلؑ۔عطا فرمایا لیکن اس پر حضرت سارہؑ کو جو بے اولاد تھیں بڑی غیرت آئی اور انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مجبور کیا کہ حضرت ہاجرہؑ کو ان کے نوزائیدہ بچے سمیت جلاوطن کر دیں۔ حالات نے ایسا رخ اختیار کیا کہ انہیں حضرت سارہؑ کی بات ماننی پڑی اور وہ حضرت ہاجرہؑ اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کو ہمراہ لے کر حجاز تشریف لے گئے اور وہاں ایک بے آب و گیاہ وادی میں بیت اللہ شریف کے قریب ٹھہرا دیا۔ اُس وقت بیت اللہ شریف نہ تھا۔ صرف ٹیلے کی طرح اُبھری ہوئی زمین تھی۔ سیلاب آتا تھا تو دائیں بائیں سے کترا کر نکل جاتا تھا۔ وہیں مسجد حرام کے بالائی حصے میں زمزم کے پاس ایک بہت بڑا درخت تھا۔ آپ نے اسی درخت کے پاس حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کو چھوڑا تھا۔ اس وقت مکہ میں نہ پانی تھا نہ آدم اور آدم زاد۔ اس لیے حضرت ابراہیمؑ نے ایک توشہ دان میں کھجور اور ایک مشکیزے میں پانی رکھ دیا۔ اس کے بعد فلسطین واپس چلے گئے۔ لیکن چند ہی دن میں کھجور اور پانی ختم ہو گیا اور سخت مشکل پیش آئی مگر اس مشکل وقت پر اللہ کے فضل سے زمزم کا چشمہ پھوٹ پڑا اور ایک عرصہ تک کے لیے سامانِ رزق اور متاعِ حیات بن گیا۔ تفصیلات معلوم و معروف ہیں[۴]۔

کچھ عرصے بعد یمن سے ایک قبیلہ آیا جسے تاریخ میں جرہم ثانی کہا جاتا ہے۔ یہ قبیلہ اسماعیل علیہ السلام کی ماں سے اجازت لے کر مکہ میں ٹھہر گیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ قبیلہ پہلے مکہ کے گرد و پیش کی وادیوں میں سکونت پذیر تھا۔ صحیح بخاری میں اتنی صراحت موجود ہے کہ رہائش کی غرض سے یہ لوگ مکہ میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی آمد کے بعد اور ان کے جوان ہونے سے پہلے وارد ہوئے تھے۔ لیکن اس وادی سے ان کا گذر اس سے پہلے بھی ہوا کرتا تھا[۵]۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے متروکات کی نگہداشت کے لیے وقتاً فوقتاً مکہ تشریف لایا کرتے تھے۔ لیکن یہ معلوم نہ ہو سکا کہ اس طرح ان کی آمد کتنی بار ہوئی۔ البتہ تاریخی مآخذ میں چار بار ان کی آمد کی تفصیل محفوظ ہے جو یہ ہے۔

۱۔ قرآن مجید میں بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں دکھلایا

---

[۴] ملاحظہ ہو صحیح بخاری، کتاب الانبیاء ۱/۴۷۴، ۴۷۵ [۵] صحیح بخاری ۱/۴۷۵

کہ وہ اپنے صاحبزادے (حضرت اسماعیل علیہ السلام) کو ذبح کر رہے ہیں۔ یہ خواب ایک طرح کا حکمِ الٰہی تھا اور باپ بیٹے دونوں اس حکمِ الٰہی کی تعمیل کے لیے تیار ہو گئے۔ اور جب دونوں نے سرِ تسلیم خم کر دیا اور باپ نے بیٹے کو پیشانی کے بل لٹا دیا تو اللہ نے پکارا "اے ابراہیم! تم نے خواب کو سچ کر دکھایا۔ ہم نیکو کاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔ یقیناً یہ ایک کھلی ہوئی آزمائش تھی اور اللہ نے انہیں فدیے میں ایک عظیم ذبیحہ عطا فرمایا[۶]"

مجموعہ بائیبل کی کتاب پیدائش میں مذکور ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت اسحاق علیہ السلام سے تیرہ سال بڑے تھے اور قرآن کا سیاق بتلاتا ہے کہ یہ واقعہ حضرت اسحاق علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے پیش آیا تھا۔ کیونکہ پورا واقعہ بیان کر چکنے کے بعد حضرت اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کی بشارت کا ذکر ہے۔

اس واقعے سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے جوان ہونے سے پہلے کم از کم ایک بار حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کا سفر ضرور کیا تھا۔ بقیہ تین سفروں کی تفصیل صحیح بخاری کی ایک طویل روایت میں ہے جو ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے[۷]۔ اس کا خلاصہ یہ ہے!

۲۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام جب جوان ہو گئے۔ جُرہُم سے عربی سیکھ لی اور ان کی نگاہوں میں جچنے لگے تو ان لوگوں نے اپنے خاندان کی ایک خاتون سے آپؑ کی شادی کر دی۔ اسی دوران حضرت ہاجرہؑ کا انتقال ہو گیا۔ ادھر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خیال ہوا کہ اپنا ترکہ دیکھنا چاہیئے۔ چنانچہ وہ مکّہ تشریف لے گئے۔ لیکن حضرت اسماعیلؑ سے ملاقات نہ ہوئی۔ بہو سے حالات دریافت کئے۔ اس نے تنگ دستی کی شکایت کی۔ آپؑ نے وصیّت کی کہ اسماعیل علیہ السلام آئیں تو کہنا اپنے دروازے کی چوکھٹ بدل دیں۔ اس وصیت کا مطلب حضرت اسماعیل علیہ السلام سمجھ گئے۔ بیوی کو طلاق دے دی اور ایک دوسری عورت سے شادی کر لی جو جُرہُم کے سردار مضاض بن عَمرو کی صاحبزادی تھی[۸]۔

۳۔ اس دوسری شادی کے بعد ایک بار پھر حضرت ابراہیم علیہ السلام مکہ تشریف لے گئے مگر اس دفعہ بھی حضرت اسماعیل علیہ السلام سے ملاقات نہ ہوئی۔ بہو سے احوال دریافت کئے تو اس نے اللہ کی حمد و ثناء کی۔ آپ نے وصیت کی کہ اسماعیل علیہ السلام اپنے دروازے کی چوکھٹ برقرار رکھیں اور فلسطین واپس ہو گئے۔

---

[۶] سورۂ صافات: ۱۰۳-۱۰۷ (فَلَمَّآ اَسۡلَمَا..بِذِبۡحٍ عَظِیۡمٍ) [۷] صحیح بخاری ۱/۴۷۵-۴۷۶ [۸] قلب جزیرۃ العرب ص ۲۳۰

۴۔ اس کے بعد پھر تشریف لائے تو اسماعیل علیہ السلام زمزم کے قریب درخت کے نیچے تیر گھڑ رہے تھے۔ دیکھتے ہی لپک پڑے اور وہی کیا جو ایسے موقع پر ایک باپ اپنے بیٹے کے ساتھ اور بیٹا باپ کے ساتھ کرتا ہے۔ یہ ملاقات اتنے طویل عرصے کے بعد ہوئی تھی کہ ایک نرم دل اور شفیق باپ اپنے بیٹے سے اور ایک اطاعت شعار بیٹا اپنے باپ سے بمشکل ہی اتنی لمبی جدائی برداشت کر سکتا ہے۔ اسی دفعہ دونوں نے مل کر خانۂ کعبہ تعمیر کیا۔ بنیاد کھود کر دیواریں اٹھائیں اور ابراہیم علیہ السلام نے ساری دنیا کے لوگوں کو حج کے لیے آواز دی۔

اللہ تعالیٰ نے مضاض کی صاحبزادی سے اسماعیل علیہ السلام کو بارہ بیٹے عطا فرمائے[۹] جن کے نام یہ ہیں۔ نابت یا نبایوط، قیدار، ادبائیل، مبشام، مشماع، دوما، میشا، حدد، تیما، یطور، نفیس، قیدمان

ان بارہ بیٹوں سے بارہ قبیلے وجود میں آئے اور سب نے مکہ ہی میں بود و باش اختیار کی۔ ان کی معیشت کا دارومدار زیادہ تر یمن اور مصر و شام کی تجارت پر تھا۔ بعد میں یہ قبائل جزیرۃ العرب کے مختلف اطراف میں ـــ بلکہ بیرونِ عرب بھی ـــ پھیل گئے اور ان کے حالات، زمانے کی دبیز تاریکیوں میں دب کر رہ گئے۔ صرف نابت اور قیدار کی اولاد اس گمنامی سے مستثنیٰ ہیں۔

نبطیوں کے تمدن کو شمالی حجاز میں فروغ اور عروج حاصل ہوا۔ انہوں نے ایک طاقتور حکومت قائم کرکے گرد و پیش کے لوگوں کو اپنا باجگذار بنا لیا۔ بطراء ان کا دارالحکومت تھا۔ کسی کو ان کے مقابلے کی تاب نہ تھی۔ پھر رومیوں کا دور آیا اور انہوں نے نبطیوں کو قصۂ پارینہ بنا دیا۔ مولانا سید سلیمان ندوی ؒ نے ایک دلچسپ بحث اور گہری تحقیق کے بعد ثابت کیا ہے کہ آلِ غسان اور انصار یعنی اوس و خزرج قحطانی عرب نہ تھے۔ بلکہ اس علاقے میں نابت بن اسمٰعیل (علیہ السلام) کی جو نسل بچی کھچی رہ گئی تھی وہی تھے[۱۰]

قیدار بن اسماعیل علیہ السلام کی نسل مکہ ہی میں پھلتی پھولتی رہی یہاں تک کہ عدنان اور پھر ان کے بیٹے معد کا زمانہ آگیا۔ عدنانی عرب کا سلسلۂ نسب صحیح طور پر یہیں تک محفوظ ہے۔

عدنان، نبی ﷺ کے سلسلۂ نسب میں اکیسویں پشت پر پڑتے ہیں۔ بعض روایتوں میں بیان کیا گیا ہے کہ آپ ﷺ جب اپنا سلسلۂ نسب ذکر فرماتے تو عدنان پر پہنچ کر رک جاتے اور آگے نہ بڑھتے۔ فرماتے کہ ماہرینِ انساب غلط کہتے ہیں[۱۱] مگر علماء کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ عدنان سے

---

[۹] ایضاً ایضاً۔ [۱۰] دیکھئے تاریخ ارض القرآن ۲/ ۷۸-۸۶

[۱۱] طبری: تاریخ الامم والملوک ۲/ ۱۹۱-۱۹۴، الاعلام ۵/ ۶

آگے بھی نسب بیان کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اس روایت کو ضعیف قرار دیا ہے۔ ان کی تحقیق کے مطابق عدنان اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درمیان چالیس پشتیں ہیں۔

بہرحال مُعَدّ کے بیٹے نزار سے ـــــ جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ان کے علاوہ مُعَدّ کی کوئی اولاد نہ تھی ـــــ کئی خاندان وجود میں آئے۔ درحقیقت نزار کے چار بیٹے تھے اور ہر بیٹا ایک بڑے قبیلے کی بنیاد ثابت ہوا۔ چاروں کے نام یہ ہیں۔ اِیَاد، اَنْمَار، رَبِیْعَہ اور مُضَر، ان میں سے مؤخر الذکر دو قبیلوں کی شاخیں اور شاخوں کی شاخیں بہت زیادہ ہوئیں۔ چنانچہ رَبِیْعَہ سے اَسَد بن ربیعہ، عنزہ، عبدالقیس، وائل، بکر، تَغْلِب اور بنو حَنِیْفَہ وغیرہ وجود میں آئے۔

مُضَر کی اولاد دو بڑے قبیلوں میں تقسیم ہوئی۔

۱- قیس عیلان بن مضر۔ ۲- الیاس بن مضر۔

قیس عیلان سے بنو سُلَیْم، بنو ہَوَازِن، بنو غطفان، غطفان سے عَبْس، ذُبْیَان ـــــ اَشْجَع اور غَنِی بن اَعْصُر کے قبائل وجود میں آئے۔

الیاس بن مضر سے تمیم بن مرہ، ہُذَیْل بن مدرکہ، بنو اسد بن خُزَیْمہ اور کنانہ بن خُزَیْمہ کے قبائل وجود میں آئے۔ پھر کِنَانَہ سے قُرَیْش کا قبیلہ وجود میں آیا۔ یہ قبیلہ فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ کی اولاد ہے۔

پھر قریش بھی مختلف شاخوں میں تقسیم ہوئے۔ مشہور قُرَیْشی شاخوں کے نام یہ ہیں۔ جمح، سَہْم، عَدِی، مخزوم، تَیْم، زُہْرَہ اور قُصَیّ بن کلاب کے خاندان۔ یعنی عبدالدار، اسد بن عبدالعزی اور عبدِ مناف۔ یہ تینوں قُصَی کے بیٹے تھے۔ ان میں سے عبدِ مناف کے چار بیٹے ہوئے، جن سے چار ذیلی قبیلے وجود میں آئے۔ یعنی عَبدِ شَمس، نَوفَل، مُطَّلِب اور ہاشم۔ انہیں ہاشم کی نسل سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے حضور محمد ﷺ کا انتخاب فرمایا۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے اسماعیل علیہ السلام کا انتخاب فرمایا پھر اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو منتخب کیا اور کنانہ کی نسل سے قریش کو چنا پھر قریش میں سے بنو ہاشم کا انتخاب کیا اور بنو ہاشم میں سے میرا انتخاب کیا[۱۳]

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے خلق کی تخلیق فرمائی تو مجھے سب سے اچھے گروہ میں بنایا' پھر ان کے بھی دو گروہوں میں سے زیادہ اچھے گروہ کے اندر رکھا' پھر قبائل کو چنا تو مجھے سب سے اچھے قبیلے کے اندر بنایا' پھر گھرانوں کو چُنا مجھے سب سے اچھے

---

[۱۲] محاضرات خضری ۱/۱۴، ۱۵

[۱۳] صحیح مسلم ۲/۲۴۵، جامع ترمذی ۲/۲۰۱

گھرانے میں بنایا' لہذا میں اپنی ذات کے اعتبار سے بھی سب سے اچھا ہوں' اور اپنے گھرانے کے اعتبار سے بھی سب سے بہتر ہوں[۱۴]"

بہرحال عدنان کی نسل جب زیادہ بڑھ گئی تو وہ چارے پانی کی تلاش میں عرب کے مختلف اطراف میں بکھر گئی چنانچہ قبیلہ عبدالقیس نے، بکر بن وائل کی کئی شاخوں نے اور بنو تمیم کے خاندانوں نے بحرین کا رُخ کیا اور اسی علاقے میں جا بسے۔

بنو حنیفہ بن صعب بن علی بن بکر نے یمامہ کا رُخ کیا اور اس کے مرکز حجر میں سکونت پذیر ہو گئے۔ بکر بن وائل کی بقیہ شاخوں نے، یمامہ سے لے کر بحرین، ساحل کاظمہ، خلیج، سوادِ عراق، اُبُلّہ اور ہیت تک کے علاقوں میں بود وباش اختیار کی۔

بنو تَغلب جزیرہ فراتیہ میں اقامت گزیں ہوئے۔ البتہ ان کی بعض شاخوں نے بنو بکر کے ساتھ سکونت اختیار کی۔

بنو تمیم نے بادیہ بصرہ کو اپنا وطن بنایا۔

بنو سُلیم نے مدینہ کے قریب ڈیرے ڈالے۔ ان کا مسکن وادی القریٰ سے شروع ہو کر خیبر اور مدینہ کے مشرق سے گذرتا ہوا حرہ بنو سُلیم سے متصل دو پہاڑوں تک منتہی ہوتا تھا۔

بنو ثقیف نے طائف کو وطن بنا لیا اور بنو ہَوَازِن نے مکہ کے مشرق میں وادی اَوطاس کے گرد و پیش ڈیرے ڈالے۔ ان کا مسکن مکہ — بصرہ شاہراہ پر واقع تھا۔

بنو اَسَد تیماء کے مشرق اور کوفہ کے مغرب میں خیمہ زن ہوئے۔ ان کے اور تیماء کے درمیان بنو طَی کا ایک خاندان بحتر آباد تھا۔ بنو اسد کی آبادی اور کوفے کے درمیان پانچ دن کی مسافت تھی۔

بنو ذُبیان تیماء کے قریب حَوران کے اطراف میں آباد ہوئے۔

تہامہ میں بنو کنانہ کے خاندان رہ گئے تھے۔ ان میں سے قریشی خاندانوں کی بود وباش مکہ اور اس کے اطراف میں تھی۔ یہ لوگ پراگندہ تھے، ان کی کوئی شیرازہ بندی نہ تھی تا آنکہ قُصَیّ بن کلاب ابھر کر منظر عام پر آیا اور قریشیوں کو متحد کر کے شرف وعزت اور بلندی ووقار سے بہرہ ور کیا[۱۵]

○

---

[۱۴] ترمذی ۲/۲۰۱ [۱۵] محاضرات خضری ۱/۱۵، ۱۶

خط کشیدہ الفاظ مقامات کے نام ہیں۔
باقی قبائل کے نام ہیں۔

ابتدائے نبوت کے زمانے کا عرب

عرب ـــ حکومتیں اور سرداریاں

اسلام سے پہلے عرب کے جو حالات تھے ان پر گفتگو کرتے ہوئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہاں کی حکومتوں، سرداریوں اور مذاہب و اَدْیان کا بھی ایک مختصر سا خاکہ پیش کر دیا جائے تاکہ ظہورِ اسلام کے وقت جو پوزیشن تھی وہ بآسانی سمجھ میں آسکے۔

جس وقت جزیرۃ العرب پر خورشیدِ اسلام کی تابناک شعاعیں ضَوْء فگن ہوئیں وہاں دو قسم کے حکمران تھے۔ ایک تاج پوش بادشاہ جو درحقیقت مکمل طور پر آزاد و خود مختار نہ تھے اور دوسرے قبائلی سردار جنہیں اختیارات و امتیازات کے اعتبار سے وہی حیثیت حاصل تھی جو تاج پوش بادشاہوں کی تھی لیکن ان کی اکثریت کو ایک مزید امتیاز یہ بھی حاصل تھا کہ وہ پورے طور پر آزاد و خود مختار تھے۔ تاجپوش حکمران یہ تھے، شاہانِ یمن، شاہانِ آلِ غسّان (شام) اور شاہانِ حیرہ (عراق) بقیہ عرب حکمراں تاجپوش نہ تھے۔

یمن کی بادشاھی

عرب عاربہ میں سے جو قدیم ترین یمانی قوم معلوم ہو سکی وہ قوم سَبا ہے۔ اُوْر (عراق) سے جو کتبات برآمد ہوئے ہیں ان میں ڈھائی ہزار سال قبلِ مسیح اس قوم کا ذکر ملتا ہے لیکن اس کے عروج کا زمانہ گیارہ صدی قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے اس کی تاریخ کے اہم اَدْوار یہ ہیں:

۱۔ ۶۵۰ء ق م سے پہلے کا دَور ـــ اس دَور میں شاہانِ سَبا کا لقب مکرب سبا تھا۔ ان کا پایۂ تخت صرواح تھا جس کے کھنڈر آج بھی مآرب کے مغرب میں ایک دن کی راہ پر پائے جاتے ہیں اور خریبہ کے نام سے مشہور ہیں۔ اسی دَور میں مآرب کے مشہور بند کی بنیاد رکھی گئی جسے یمن کی تاریخ میں بڑی اہمیت حاصل ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس دور میں سلطنتِ سبا کو اس قدر عروج حاصل ہوا کہ انہوں نے عرب کے اندر اور عرب سے باہر جگہ جگہ اپنی نو آبادیاں قائم کر لی تھیں۔

۲۔ ۶۵۰ء ق م سے ۱۱۵ء ق م تک کا دَور ـــ اس دَور میں سَبا کے بادشاہوں نے مکرب کا لفظ چھوڑ کر ملک (بادشاہ) کا لقب اختیار کر لیا اور صرواح کے بجائے مآرب کو اپنا دار السّلطنت بنایا۔

اس شہر کے کھنڈر آج بھی صنعاء کے ۶۰ میل مشرق میں پائے جاتے ہیں۔

۳۔ ۱۱۵ ق م سے ۳۰۰ء تک کا دَور — اس دَور میں سبا کی مملکت پر قبیلہ حِمْیَر کو غلبہ حاصل رہا اور اس نے مآرب کے بجائے رَیدان کو اپنا پایہ تخت بنایا۔ پھر ریدان کا نام ظفار پڑ گیا جس کے کھنڈرات آج بھی شہر "یریم" کے قریب ایک مُدَوَّر پہاڑی پر پائے جاتے ہیں۔

یہی دور ہے جس میں قوم سبا کا زوال شروع ہوا۔ پہلے نبطیوں نے شمالی حجاز پر اپنا اقتدار قائم کرکے سبا کو ان کی نوآبادیوں سے نکال باہر کیا پھر رومیوں نے مصر و شام اور شمالی حجاز پر قبضہ کرکے ان کی تجارت کے بحری راستے کو مخدوش کر دیا اور اس طرح انکی تجارت رفتہ رفتہ تباہ ہوگئی۔ ادھر قحطانی قبائل خود بھی باہم دست و گریباں تھے۔ ان حالات کا نتیجہ یہ ہوا کہ قحطانی قبائل اپنا وطن چھوڑ چھوڑ کر ادھر اُدھر پراگندہ ہوگئے۔

۴۔ ۳۰۰ء کے بعد سے آغاز اسلام تک کا دَور — اس دور میں یمن کے اندر مسلسل اضطراب و انتشار برپا رہا۔ انقلابات آئے، خانہ جنگیاں ہوئیں اور بیرونی قوموں کو مداخلت کے مواقع ہاتھ آئے حتٰی کہ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ یمن کی آزادی سلب ہوگئی۔ چنانچہ یہی دَور ہے جس میں رومیوں نے عدن پر فوجی تسلّط قائم کیا اور ان کی مدد سے حبشیوں نے حِمیر و ہمدان کی باہمی کشاکش کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ۳۴۰ء میں پہلی بار یمن پر قبضہ کیا جو ۳۷۸ء تک برقرار رہا۔ اس کے بعد یمن کی آزادی تو بحال ہوگئی مگر "مآرب" کے مشہور بند میں رخنے پڑنا شروع ہوگئے یہاں تک کہ بالآخر ۴۵۰ء یا ۴۵۱ء میں بند ٹوٹ گیا اور وہ عظیم سیلاب آیا جس کا ذکر قرآن مجید (سورہ سبا) میں سَیْلِ عَرِم کے نام سے کیا گیا ہے۔ یہ بڑا زبردست حادثہ تھا۔ اس کے نتیجے میں بستیوں کی بستیاں ویران ہوگئیں اور بہت سے قبائل اِدھر اُدھر بکھر گئے۔

پھر ۵۲۳ء میں ایک اور سنگین حادثہ پیش آیا یعنی یمن کے یہودی بادشاہ ذونواس نے نجران کے عیسائیوں پر ایک ہیبت ناک حملہ کرکے انہیں عیسائی مذہب چھوڑنے پر مجبور کرنا چاہا اور جب وہ اس پر آمادہ نہ ہوئے تو ذونواس نے خندقیں کُھدوا کر انہیں بھڑکتی ہوئی آگ کے الاؤ میں جھونک دیا۔ قرآنِ مجید نے سورۂ بروج کی آیات قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ الخ میں اسی لرزہ خیز واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اس واقعے کا نتیجہ یہ ہُوا کہ عیسائیت، جو رومی بادشاہوں کی قیادت میں بلادِ عرب کی فتوحات اور توسیع پسندی کے لیے پہلے ہی سے چست و چابکدست تھی، انتقام لینے پر تُل گئی اور حبشیوں کو یمن پر حملے کی ترغیب دیتے ہُوئے انہیں بحری بیڑہ مہیّا کیا۔ حبشیوں نے رومیوں کی شہ

پاکر ۵۲۵ء میں ارباط کی زیرِ قیادت ستّر ہزار فوج سے یمن پہ دوبارہ قبضہ کر لیا۔ قبضہ کے بعد ابتداءً تو شاہ حبش کے گورنر کی حیثیت سے ارباط نے یمن پر حکمرانی کی لیکن پھر اس کی فوج کے ایک ماتحت کمانڈر ۔۔۔ اَبْرَہَہ ۔ نے اسے قتل کر کے خود اقتدار پر قبضہ کر لیا اور شاہ حبش کو بھی اپنے اس تصرّف پر راضی کر لیا۔

یہ وہی اَبْرَہَہ ہے جس نے بعد میں خانۂ کعبہ کو ڈھانے کی کوشش کی اور ایک لشکرِ جرّار کے علاوہ چند ہاتھیوں کو بھی فوج کشی کیلیے ساتھ لایا جس کی وجہ سے یہ لشکر اصحابِ فیل کے نام سے مشہور ہو گیا۔

اِدھر واقعۂ فیل میں حبشیوں کی جو تباہی ہوئی اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اہلِ یمن نے حکومتِ فارس سے مدد مانگی اور حبشیوں کے خلاف عَلَمِ بغاوت بلند کر کے سیف ذِی یَزَن حمیری کے بیٹے معدیکرب کی قیادت میں حبشیوں کو مُلک سے نکال باہر کیا اور ایک آزاد و خود مختار قوم کی حیثیت سے مُعْدِیکَرِب کو اپنا بادشاہ منتخب کر لیا۔ یہ ۵۷۵ء کا واقعہ ہے۔

آزادی کے بعد معدیکرب نے کچھ حبشیوں کو اپنی خدمت اور شاہی جلو کی زینت کے لیے روک لیا لیکن یہ شوق مہنگا ثابت ہوا۔ ان حبشیوں نے ایک روز مُعْدِیکَرِب کو دھوکے سے قتل کر کے ذِی یَزَن کے خاندان سے حکمرانی کا چراغ ہمیشہ کے لیے گُل کر دیا۔ ادھر کسریٰ نے اس صُورتِ حال کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے صَنْعَاء پہ ایک فارسی النّسل گورنر مقرر کر کے یمن کو فارس کا ایک صُوبہ بنا لیا اس کے بعد یمن پر یکے بعد دیگرے فارسی گورنروں کا تقرر ہوتا رہا یہاں تک کہ آخری گورنر بَاذَان نے ۶۲۸ء میں اسلام قبُول کر لیا اور اس کے ساتھ ہی یمن فارسی اقتدار سے آزاد ہو کر اسلام کی عملداری میں آ گیا[1]

حیرہ کی بادشاہی

عراق اور اس کے نواحی علاقوں پر کوروش کبیر (خورس یا سائرس ذوالقرنین ۵۵۷ ق م ۔۔۔ ۵۲۹ ق م) کے زمانے ہی سے اہلِ فارس کی حکمرانی چلی آرہی تھی۔ کوئی نہ تھا جو ان کے مدِّ مقابل آنے کی جراءت کرتا یہاں تک کہ ۳۲۶ ق م میں سکندر مقدونی نے دارا اوّل کو شکست دے کر فارسیوں کی طاقت توڑ دی جس کے نتیجے میں ان کا ملک ٹکڑے ٹکڑے

[1] مولانا سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ نے تاریخ ارض القرآن جلد اول میں صفحہ ۱۳۳ سے خاتمۂ کتاب تک مختلف تاریخی شواہد کی روشنی میں قوم سبا کے حالات بڑی بسط و تفصیل سے رقم فرمائے ہیں۔ مولانا مودودی نے تفہیم القرآن ۴/ ۱۹۵ - ۱۹۸ میں کچھ تفصیلات جمع کی ہیں لیکن تاریخی مآخذ میں سنین وغیرہ کے سلسلے میں بڑے اختلافات ہیں حتیٰ کہ بعض محققین نے ان تفصیلات کو "پہلوں کا افسانہ" قرار دیا ہے۔

ہوگیا اور طوائف الملوکی شروع ہوگئی ۔ یہ انتشار ۲۲۳ء تک جاری رہا اور اسی دوران قحطانی قبائل نے ترکِ وطن کرکے عراق کے ایک بہت بڑے شاداب سرحدی علاقے پر بود و باش اختیار کی۔ پھر عدنانی تارکینِ وطن کا ریلا آیا اور انہوں نے لڑبھڑ کر جزیرہ فراتیہ کے ایک حصّے کو اپنا مسکن بنالیا۔

ادھر ۲۲۶ء میں اَرْدشیر نے جب ساسانی حکومت کی داغ بیل ڈالی تو رفتہ رفتہ فارسیوں کی طاقت ایک بار پھر پلٹ آئی ۔ اردشیر نے فارسیوں کی شیرازہ بندی کی اور اپنے ملک کی سرحد پر آباد عربوں کو زیر کیا۔ اسی کے نتیجے میں قضاعہ نے ملک شام کی راہ لی ، جبکہ حیرہ اور انبار کے عرب باشندوں نے باجگذار بننا گوارا کیا ۔

اَرْدشیر کے عہد میں حیرہ ، بادیۃ العراق اور جزیرہ کے ربیعی اور مُضَری قبائل پر جذیمۃ الوضاح کی حکمرانی تھی ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اَرْدشیر نے محسوس کرلیا تھا کہ عرب باشندوں پر براہِ راست حکومت کرنا اور انہیں سرحد پر لوٹ مار سے باز رکھنا ممکن نہیں بلکہ اس کی صرف ایک ہی صُورت ہے کہ خود کسی ایسے عرب کو ان کا حکمران بنا دیا جائے جسے اپنے کنبے قبیلے کی حمایت و تائید حاصل ہو۔ اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہوگا کہ بوقت ضرورت رومیوں کے خلاف ان سے مدد لی جاسکے گی اور شام کے روم نواز عرب حکمرانوں کے مقابل عراق کے ان عرب حکمرانوں کو کھڑا کیا جاسکے گا ۔

شاہانِ حیرہ کے پاس فارسی فوج کی ایک یونٹ ہمیشہ رہا کرتی تھی جس سے بادیہ نشین عرب باغیوں کی سرکوبی کا کام لیا جاتا تھا ۔

۲۶۸ء کے عرصے میں جذیمہ فوت ہوگیا اور عَمْرو بن عَدی بن نصر لَخْمی اس کا جانشین ہُوا۔ یہ قبیلہ لخم کا پہلا حکمران تھا اور شاپور اردشیر کا ہمعصر تھا۔ اس کے بعد قباذ بن فیروز کے عہد تک حیرہ پر لخمیوں کی مسلسل حکمرانی رہی ۔ قباذ کے عہد میں مُزدک کا ظہور ہوا جو اباحیت کا علمبردار تھا۔ قباذ اور اس کی بہت سی رعایا نے مُزدک کی ہمنوائی کی ۔ پھر قباذ نے حیرہ کے بادشاہ منذر بن ماء السماء کو پیغام بھیجا کہ تم بھی یہی مذہب اختیار کرلو ۔ منذر بڑا غیرت مند تھا انکار کر بیٹھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ قباذ نے اسے معزول کرکے اس کی جگہ مُزدکی کی دعوت کے ایک پیروکار حارث بن عمرو بن حجر کِنْدی کو حِیرہ کی حکمرانی سونپ دی ۔

قباذ کے بعد فارس کی باگ ڈور کسریٰ نوشیرواں کے ہاتھ آئی ۔ اسے اس مذہب سے سخت نفرت تھی۔ اس نے مُزدک اور اس کے ہمنواؤں کی ایک بڑی تعداد کو قتل کرا دیا۔ منذر کو دوبارہ حیرہ کا حکمران بنادیا اور حارث بن عَمْرو کو اپنے ہاں بلا بھیجا لیکن وہ بنو کلب کے علاقے میں بھاگ گیا اور وہیں اپنی زندگی گذار دی۔

مُنذر بن ماء السماء کے بعد نُعمان بن مُنذر کے عہد تک حیرہ کی حکمرانی اسی کی نسل میں چلتی رہی، پھر زید بن عدی عبادی نے کسریٰ سے نعمان بن منذر کی جھوٹی شکایت کی۔ کسریٰ بھڑک اٹھا اور نعمان کو اپنے پاس طلب کیا۔ نعمان چپکے سے بنو شیبان کے سردار ہانی بن مسعود کے پاس پہنچا اور اپنے اہل و عیال اور مال و دولت کو اس کی امانت میں دے کر کسریٰ کے پاس گیا۔ کسریٰ نے اسے قید کر دیا اور وہ قید ہی میں فوت ہو گیا۔

ادھر کسریٰ نے نعمان کو قید کرنے کے بعد اس کی جگہ ایاس بن قَبِیصہ طائی کو حیرہ کا حکمران بنایا اور اسے حکم دیا کہ ہانی بن مسعود سے نعمان کی امانت طلب کرے۔ ہانی غیرت مند تھا اس نے صرف انکار ہی نہیں کیا۔ بلکہ اعلانِ جنگ بھی کر دیا۔ پھر کیا تھا ایاس اپنے جلو میں کسریٰ کے لاؤ لشکر اور مرزبانوں کی جماعت لے کر روانہ ہوا اور ذی قار کے میدان میں فریقین کے درمیان گھمسان کی جنگ ہوئی جس میں بنو شیبان کو فتح حاصل ہوئی اور فارسیوں نے شرمناک شکست کھائی۔ یہ پہلا موقع تھا جب عرب نے عجم پر فتح حاصل کی تھی۔ یہ واقعہ نبی ﷺ کی پیدائش کے تھوڑے ہی دنوں بعد کا ہے۔ آپ ﷺ کی پیدائش حیرہ پر ایاس کی حکمرانی کے آٹھویں مہینہ میں ہوئی تھی۔

ایاس کے بعد کسریٰ نے حیرہ پر ایک فارسی حاکم مقرر کیا لیکن ۶۳۲ء میں لخمیوں کا اقتدار پھر بحال ہو گیا اور مُنذِر بن معرور نامی اس قبیلے کے ایک شخص نے باگ ڈور سنبھالی، مگر ابھی اس کو برسرِ اقتدار آئے صرف آٹھ ماہ ہوئے تھے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اسلام کا سیلِ رواں لے کر حیرہ میں داخل ہو گئے۔

شام کی بادشاہی

جس زمانے میں عرب قبائل کی ہجرت زوروں پر تھی قبیلہ قضاعہ کی چند شاخیں حدودِ شام میں آ کر آباد ہو گئیں۔ ان کا تعلق بنی سُلَیح بن حلوان سے تھا اور ان ہی میں ایک شاخ بنو ضجعم بن سلیح تھی جسے ضَجَاعِمَہ کے نام سے شہرت حاصل ہوئی۔ قُضاعہ کی اس شاخ کو رومیوں نے صحرائے عرب کے بدوؤں کی لوٹ مار روکنے اور فارسیوں کے خلاف استعمال کرنے کے لیے اپنا ہمنوا بنایا اور اسی کے ایک فرد کے سر پہ حکمرانی کا تاج رکھ دیا۔ اس کے بعد مدتوں ان کی حکمرانی رہی۔ ان کا مشہور ترین بادشاہ زیاد بن ہبولہ گذرا ہے۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ ضَجَاعِمَہ کا دورِ حکومت پوری دوسری صدی عیسوی پر محیط رہا ہے۔ اس کے بعد اس دیار میں آل غسان کی آمد ہوئی اور ضجاعمہ کی حکمرانی جاتی رہی۔ آلِ غسان نے بنو ضجعم کو شکست دے کر ان کی ساری قلمرو پر قبضہ کر لیا۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر رومیوں نے بھی آلِ غسان کو دیارِ شام کے عرب باشندوں کا بادشاہ تسلیم کر لیا۔ آلِ غسان کا پایہ تخت دُومۃ الجندل

تھا۔ اور رومیوں کے آلۂ کار کی حیثیت سے دیارِ شام پر ان کی حکمرانی مسلسل قائم رہی تا آنکہ خلافت فاروقی میں ۱۳ھ میں یرموک کی جنگ پیش آئی اور آلِ غسان کا آخری حکمران جبلہ بن ایہم حلقہ بگوشِ اسلام ہوگیا[2] (اگرچہ اس کا غرور اسلامی مساوات کو زیادہ دیر تک برداشت نہ کرسکا۔ اور وہ مرتد ہوگیا۔)

حجاز کی امارت

یہ بات تو معروف ہے کہ مکّہ میں آبادی کا آغاز حضرت اسماعیل علیہ السلام سے ہوا۔ آپؑ نے ۱۳۰ سال کی عمر پائی[3] اور تاحیات مکّہ کے سربراہ اور بیت اللہ کے متولّی رہے[4]۔ آپؑ کے بعد آپؑ کے دو صاحبزادگان — نابت پھر قیذار، یا قیدار پھر نابت — یکے بعد دیگرے مکّہ کے والی ہوئے۔ ان کے بعد ان کے نانا مضاض بن عمرو جرہمی نے زمامِ کار اپنے ہاتھ میں لے لی اور اس طرح مکّہ کی سربراہی بنو جرہم کی طرف منتقل ہوگئی اور ایک عرصے تک انہیں کے ہاتھ میں رہی۔ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام چونکہ (اپنے والد کے ساتھ مل کر) بیت اللہ کے بانی و معمار تھے اس لیے ان کی اولاد کو ایک باوقار مقام ضرور حاصل رہا، لیکن اقتدار و اختیار میں ان کا کوئی حصّہ نہ تھا[5]۔

پھر دن پہ دن اور سال پر سال گذرتے گئے لیکن حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد گوشۂ گمنامی سے نہ نکل سکی، یہاں تک کہ بخت نصر کے ظہور سے کچھ پہلے بنو جرہم کی طاقت کمزور پڑ گئی اور مکّہ کے افق پر عدنان کا سیاسی ستارہ جگمگانا شروع ہوا۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ بُختِ نَصَّر نے ذاتِ عرق میں عربوں سے جو معرکہ آرائی کی تھی اس میں عرب فوج کا کمانڈر جرہمی نہ تھا[6]۔

پھر بُختِ نَصَّر نے جب ۵۸۷ ق م میں دوسرا حملہ کیا تو بنو عدنان بھاگ کر یمن چلے گئے۔ اس وقت بنو اسرائیل کے نبی حضرت یرمیاہ تھے۔ وہ عدنان کے بیٹے مَعَدّ کو اپنے ساتھ ملک شام لے گئے اور جب بُختِ نَصَّر کا زور ختم ہوا اور معد مکّہ آئے تو انہیں مکہ میں قبیلہ جرہم کا صرف ایک شخص جرشم بن جلہمہ ملا۔ معد نے اس کی لڑکی معانہ سے شادی کی اور اسی کے بطن سے نزار پیدا ہوا[7]۔

اس کے بعد مکہ میں جرہم کی حالت خراب ہوتی گئی۔ انہیں تنگ دستی نے آگھیرا، نتیجہ یہ ہوا کہ انہوں نے زائرینِ بیت اللہ پر زیادتیاں شروع کردیں اور خانہ کعبہ کا مال کھانے سے بھی دریغ نہ کیا[8]۔ ادھر بنو عدنان اندر ہی اندر ان کی ان حرکتوں پر کڑھتے اور بھڑکتے رہے اسی لیے جب بنو خزاعہ

---

[2] محاضرات خضری ۱/۳۴، تاریخ ارض القرآن ۲/۸۰ - ۸۲

[3] پیدائش (مجموعہ بائبل)، ۲۵ : ۱۷ [4] قلب جزیرۃ العرب ص ۲۳۰، ۲۳۷

[5] ایضاً ایضاً و ابن ہشام ۱/۱۱۱-۱۱۳، ابن ہشام نے اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے صرف نابت کی تولیت کا ذکر کیا ہے۔

[6] قلب جزیرۃ العرب ص ۲۳۰ - [7] رحمۃ للعالمین ۲/۴۸ [8] قلب جزیرۃ العرب، ص ۲۳۱

نے مَرّالظہران میں پڑاؤ کیا اور دیکھا کہ بنو عدنان بنو جرہم سے نفرت کرتے ہیں تو اس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک عدنانی قبیلے (بنو بکر بن عبد مناف بن کنانہ) کو ساتھ لے کر بنو جرہم کے خلاف جنگ چھیڑ دی اور انہیں مکہ سے نکال کر اقتدار پر خود قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ دوسری صدی عیسوی کے وسط کا ہے۔

بنو جرہم نے مکہ چھوڑتے وقت زمزم کا کنواں پاٹ دیا اور اس میں کئی تاریخی چیزیں دفن کر کے اس کے نشانات بھی مٹا دیئے۔ محمد ابن اسحاق کا بیان ہے کہ عمرو بن حارث بن مضاض[9] جرہمی نے خانہ کعبہ کے دونوں ہرن[10] اور اس کے کونے میں لگا ہوا پتھر ــــ حجر اسود ــــ نکال کر زمزم کے کنویں میں دفن کر دیا اور اپنے قبیلہ بنو جرہم کو ساتھ لے کر یمن چلا گیا۔ بنو جرہم کو مکہ سے جلاوطنی اور وہاں کی حکومت سے محروم ہونے کا بڑا قلق تھا چنانچہ عمرو مذکور نے اسی سلسلے میں یہ اشعار کہے۔

كان لم يكن بين الحجون إلى الصفا انيس ولم يسمر بمكة سامر

بلى نحن كنا اهلها فابادنا صروف الليالى والجدود العواثر[11]

"لگتا ہے حَجُون سے صَفَا تک کوئی آشنا تھا ہی نہیں اور نہ کسی قصہ گو نے مکہ کی شبانہ محفلوں میں قصہ گوئی کی۔ کیوں نہیں! یقیناً ہم ہی اس کے باشندے تھے لیکن زمانے کی گردشوں اور ٹوٹی ہوئی قسمتوں نے ہمیں اُجاڑ پھینکا۔"

حضرت اسماعیل علیہ السلام کا زمانہ تقریباً دو ہزار برس قبل مسیح ہے۔ اس حساب سے مکہ میں قبیلۂ جرہم کا وجود کوئی دو ہزار ایک سو برس تک رہا اور ان کی حکمرانی لگ بھگ دو ہزار برس تک رہی۔

بنو خزاعہ نے مکہ پر قبضہ کرنے کے بعد بنو بکر کو شامل کیے بغیر تنہا اپنی حکمرانی قائم کی، البتہ تین اہم اور امتیازی مناصب ایسے تھے جو مُضری قبائل کے حصے میں آئے۔

۱۔ حاجیوں کو عرفات سے مزدلفہ لے جانا اور یوم النَّفَر ــــ ۱۳ ذی الحجہ کو جو کہ حج کے سلسلہ کا آخری دن ہے ــــ مِنیٰ سے روانگی کا پروانہ دینا۔ یہ اعزاز الیاس بن مضر کے خاندان بنو غوث بن مرہ کو حاصل تھا جو صوفہ کہلاتے تھے۔ اس اعزاز کی توضیح یہ ہے کہ ۱۳ ذی الحجہ کو حاجی کنکری نہ مار سکتے تھے جب تک کہ پہلے صوفہ کا ایک آدمی کنکری نہ مار لیتا۔ پھر حاجی کنکری مار کر فارغ ہو جاتے اور منیٰ سے

---

[9] یہ وہ مضاض جرہمی نہیں ہے جس کا ذکر حضرت اسماعیل علیہ السلام کے واقعے میں گذر چکا ہے۔

[10] مسعودی نے لکھا ہے کہ اہل فارس پچھلے دور میں خانہ کعبہ کے لیے اموال و جواہرات بھیجتے رہتے تھے۔ ساسان بن بابک نے سونے کے بنے ہوئے دو ہرن، جواہرات، تلواریں اور بہت سا سونا بھیجا تھا۔ عمرو نے یہ سب زمزم کے کنوئیں میں ڈال دیا تھا۔ (مروج الذہب ۱/۲۰۵)

[11] ابن ہشام ۱/۱۱۴، ۱۱۵۔

روانگی کا ارادہ کرتے تو صوفہ کے لوگ منیٰ کی واحد گذرگاہ عقبہ کے دونوں جانب گھیرا ڈال کر کھڑے ہو جاتے اور جب تک خود گذر نہ لیتے کسی کو گذرنے نہ دیتے۔ ان کے گذر لینے کے بعد بقیہ لوگوں کے لیے راستہ خالی ہوتا۔ جب صوفہ ختم ہو گئے تو یہ اعزاز بنو تمیم کے ایک خاندان بنو سعد بن زید مناۃ کی طرف منتقل ہو گیا۔

۲۔ ۱۰ ذی الحجہ کی صبح کو مزدلفہ سے منیٰ کی جانب افاضہ (روانگی) یہ اعزاز بنو عدوان کو حاصل تھا۔

۳۔ حرام مہینوں کو آگے پیچھے کرنا۔ یہ اعزاز بنو کنانہ کی ایک شاخ بنو تمیم بن عدی کو حاصل تھا۔[۱۲]

مکہ پر بنو خزاعہ کا اقتدار کوئی تین سو برس تک قائم رہا[۱۳] اور یہی زمانہ تھا جب عدنانی قبائل مکہ اور حجاز سے نکل کر نجد، اطراف عراق اور بحرین وغیرہ میں پھیلے اور مکہ کے اطراف میں صرف قریش کی چند شاخیں باقی رہیں جو خانہ بدوش تھیں۔ ان کی الگ الگ ٹولیاں تھیں اور بنو کنانہ میں ان کے چند متفرق گھرانے تھے مگر مکہ کی حکومت اور بیت اللہ کی تولیت میں ان کا کوئی حصہ نہ تھا یہاں تک کہ قُصَیّ بن کلاب کا ظہور ہوا۔[۱۴]

قُصَیّ کے متعلق بتایا جاتا ہے کہ وہ ابھی گود ہی میں تھا کہ اس کے والد کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد اس کی والدہ نے بنو عُذرہ کے ایک شخص ربیعہ بن حرام سے شادی کر لی۔ یہ قبیلہ چونکہ ملک شام کے اطراف میں رہتا تھا اس لیے قُصَیّ کی والدہ وہیں چلی گئی اور وہ قُصَیّ کو بھی اپنے ساتھ لیتی گئی۔ جب قُصَیّ جوان ہوا تو مکہ واپس آیا۔ اس وقت مکہ کا والی حُلَیل بن حبشیہ خزاعی تھا۔ قُصَیّ نے اس کے پاس اس کی بیٹی حبی سے نکاح کے لیے پیغام بھیجا۔ حُلَیل نے منظور کر لیا اور شادی کر دی۔[۱۵] اس کے بعد جب حُلَیل کا انتقال ہوا تو مکہ اور بیت اللہ کی تولیت کے لیے خزاعہ اور قریش کے درمیان جنگ ہو گئی اور اس کے نتیجے میں مکہ اور بیت اللہ پر قُصَیّ کا اقتدار قائم ہو گیا۔

جنگ کا سبب کیا تھا؟ اس بارے میں تین بیانات ملتے ہیں: ایک یہ کہ جب قُصَیّ کی اولاد خوب پھل پھول گئی اس کے پاس دولت کی بھی فراوانی ہو گئی اور اس کا وقار بھی بڑھ گیا اور ادھر حُلَیل کا انتقال ہو گیا تو قُصَیّ نے محسوس کیا کہ اب بنو خزاعہ اور بنو بکر کے بجائے میں کعبہ کی تولیت اور مکہ کی حکومت کا کہیں زیادہ حقدار ہوں۔ اسے یہ احساس بھی تھا کہ قریش خالص اسماعیلی عرب ہیں اور بقیہ آلِ اسماعیل کے سردار بھی ہیں لہٰذا سربراہی کے مستحق وہی ہیں، چنانچہ اس نے قریش

---

۱۲ ابن ہشام ۱/۴۴، ۱۱۹-۱۲۲ ۱۳ یاقوت: مادہ مکہ

۱۴ محاضرات خضری ۱/۳۵، ابن ہشام ۱/۱۱۷ ۱۵ ابن ہشام ۱/۱۱۷، ۱۱۸

اور بنو خزاعہ کے کچھ لوگوں سے گفتگو کی کہ کیوں نہ بنو خزاعہ اور بنو بکر کو مکہ سے نکال باہر کیا جائے۔ ان لوگوں نے اس کی رائے سے اتفاق کیا[16]

دوسرا بیان یہ ہے کہ ــــ خزاعہ کے بقول ــــ خود حُلَیل نے قُصَیّ کو وصیت کی تھی کہ وہ کعبہ کی نگہداشت کرے گا اور مکہ کی باگ ڈور سنبھالے گا[17]

تیسرا بیان یہ ہے کہ حُلَیل نے اپنی بیٹی حبی کو بیت اللہ کی تولیت سونپی تھی اور ابو غبشان خزاعی کو اس کا وکیل بنایا تھا۔ چنانچہ حبی کے نائب کی حیثیت سے وہی خانہ کعبہ کا کلید بردار تھا جب حُلَیل کا انتقال ہو گیا تو قُصَیّ نے ابو غبشان سے ایک مشک شراب کے بدلے کعبہ کی تولیت خرید لی لیکن خزاعہ نے یہ خرید و فروخت منظور نہ کی اور قُصَیّ کو بیت اللہ سے روکنا چاہا۔ اس پر قُصَیّ نے بنو خزاعہ کو مکہ سے نکالنے کے لیے قریش اور بنو کنانہ کو جمع کیا اور وہ قُصَیّ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے جمع ہو گئے[18]

بہر حال وجہ جو بھی ہو، واقعات کا سلسلہ اس طرح ہے کہ جب حُلَیل کا انتقال ہو گیا اور صوفہ نے وہی کرنا چاہا جو وہ ہمیشہ کرتے آئے تھے تو قُصَیّ نے قریش اور کنانہ کے لوگوں کو ہمراہ لیا اور عقبہ کے نزدیک جہاں وہ جمع تھے ان سے آکر کہا کہ تم سے زیادہ ہم اس اعزاز کے حقدار ہیں۔ اس پر صوفہ نے لڑائی چھیڑ دی مگر قُصَیّ نے انہیں مغلوب کر کے ان کا اعزاز چھین لیا۔ یہی موقع تھا جب خزاعہ اور بنو بکر نے قُصَیّ سے دامن کشی اختیار کر لی۔ اس پر قُصَیّ نے انہیں بھی للکارا، پھر کیا تھا، فریقین میں سخت جنگ چھڑ گئی اور طرفین کے بہت سے آدمی مارے گئے۔ اس کے بعد صلح کی آوازیں بلند ہوئیں اور بنو بکر کے ایک شخص یَعْمَر بن عوف کو حَکَم بنایا گیا۔ یَعْمَر نے فیصلہ کیا کہ خزاعہ کے بجائے قُصَیّ خانہ کعبہ کی تولیت اور مکہ کے اقتدار کا زیادہ حقدار ہے۔ نیز قُصَیّ نے جتنا خون بہایا ہے سب رائیگاں قرار دے کر پاؤں تلے روند رہا ہوں۔ البتہ خزاعہ اور بنو بکر نے جن لوگوں کو قتل کیا ہے ان کی دِیَت ادا کریں اور خانہ کعبہ کو بلا روک ٹوک قُصَیّ کے حوالہ کر دیں ــــ اسی فیصلے کی وجہ سے یَعْمَر کا لقب شَدّاخ پڑ گیا[19]۔ شَدّاخ کے معنی ہیں پاؤں تلے روندنے والا۔ اس فیصلے کے نتیجے میں قُصَیّ اور قریش کو مکہ پر مکمل نفوذ اور سیادت حاصل ہو گئی، اور قصی بیت اللہ

---

[16] ایضاً ایضاً   [17] ایضاً ۱/۱۱۸   [18] رحمۃ للعالمین ۲/۵۵

[19] ابن ہشام ۱/۱۲۳، ۱۲۴

کا دینی سربراہ بن گیا جس کی زیارت کے لیے عرب کے گوشے گوشے سے آنے والوں کا تانتا بندھا رہتا تھا۔ مکہ پر قُصَیّ کے تسلُّط کا یہ واقعہ پانچویں صدی عیسوی کے وسط یعنی ۴۴۰ء کا ہے[۲۰]

قُصَیّ نے مکہ کا بندوبست اس طرح کیا کہ قریش کو اطرافِ مکہ سے بلا کر پورا شہر ان پر تقسیم کر دیا اور ہر خاندان کی بود و باش کا ٹھکانا مقرر کر دیا۔ البتہ مہینے آگے پیچھے کرنے والوں کو، نیز آلِ صفوان، بنو عدوان اور بنو مرہ بن عوف کو ان کے مناصب پر برقرار رکھا۔ کیونکہ قُصَیّ سمجھتا تھا کہ یہ بھی دین ہے جس میں ردّ و بدل کرنا درست نہیں[۲۱]

قُصَیّ کا ایک کارنامہ یہ بھی ہے کہ اس نے حرم کعبہ کے شمال میں دار الندوہ تعمیر کیا۔ (اس کا دروازہ مسجد کی طرف تھا) دار الندوہ درحقیقت قریش کی پارلیمنٹ تھی جہاں تمام بڑے بڑے اور اہم معاملات کے فیصلے ہوتے تھے۔ قریش پر دار الندوہ کے بڑے احسانات ہیں کیونکہ یہ ان کی وحدت کا ضامن تھا اور یہیں ان کے الجھے ہوئے مسائل بحسن و خوبی طے ہوتے تھے[۲۲]

قُصَیّ کو سربراہی اور عظمت کے حسب ذیل مظاہر حاصل تھے:

۱۔ دار الندوہ کی صدارت، جہاں بڑے بڑے معاملات کے متعلق مشورے ہوتے تھے اور جہاں لوگ اپنی لڑکیوں کی شادیاں بھی کرتے تھے۔

۲۔ لِوَاء ـــ یعنی جنگ کا پرچم قُصَیّ ہی کے ہاتھوں باندھا جاتا تھا۔

۳۔ حجابت ـــ یعنی خانہ کعبہ کی پاسبانی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خانۂ کعبہ کا دروازہ قصی ہی کھولتا تھا اور وہی خانہ کعبہ کی خدمت اور کلید برداری کا کام انجام دیتا تھا۔

۴۔ سقایہ (پانی پلانا) ـــ اس کی صورت یہ تھی کہ کچھ حوض میں حاجیوں کے لیے پانی بھر دیا جاتا تھا اور اس میں کچھ کھجور اور کشمش ڈال کر اسے شیریں بنا دیا جاتا تھا۔ جب حُجّاج مکہ آتے تھے تو اسے پیتے تھے[۲۳]

۵۔ رِفَادہ (حاجیوں کی میزبانی) ـــ اس کے معنی یہ ہیں کہ حاجیوں کے لیے بطور ضیافت کھانا تیار کیا جاتا تھا۔ اس مقصد کے لیے قُصَیّ نے قریش پر ایک خاص رقم مقرر کر رکھی تھی، جو موسم حج میں قُصَیّ کے پاس جمع کی جاتی تھی۔ قُصَیّ اس رقم سے حاجیوں کے لیے کھانا تیار کراتا تھا جو لوگ

---

[۲۰] قلب جزیرۃ العرب ص ۲۳۲ [۲۱] ابن ہشام ۱/۱۲۴، ۱۲۵

[۲۲] ایضاً ۱/۱۲۵، محاضرات خضری ۱/۳۶، اخبار الکرام ص ۱۵۲ [۲۳] محاضرات خضری ۱/۳۶

تنگ دست ہوتے، یا جن کے پاس توشہ نہ ہوتا وہ یہی کھانا کھاتے تھے۔[۲۴]

یہ سارے مناصب قُصَی کو حاصل تھے۔ قُصَی کا پہلا بیٹا عبدالدار تھا، مگر اس کے بجائے دوسرا بیٹا عبد مناف، قُصَی کی زندگی ہی میں شرف و سیادت کے مقام پر پہنچ گیا تھا۔ اس لیے قُصَی نے عبدالدار سے کہا کہ یہ لوگ اگرچہ شرف و سیادت میں تم پر بازی لے جا چکے ہیں۔ مگر میں تمہیں ان کے ہم پلہ کر کے رہوں گا۔ چنانچہ قُصَی نے اپنے سارے مناصب اور اعزازات کی وصیت عبدالدار کے لیے کر دی، یعنی دارالندوہ کی ریاست، خانہ کعبہ کی حجابت، لواء، سقایت اور رفادہ سب کچھ عبدالدار کو دے دیا۔ چونکہ کسی کام میں قُصَی کی مخالفت نہیں کی جاتی تھی اور نہ اس کی کوئی بات مسترد کی جاتی تھی، بلکہ اس کا ہر اقدام، اس کی زندگی میں بھی اور اس کی موت کے بعد بھی واجب الاتباع دین سمجھا جاتا تھا اس لیے اس کی وفات کے بعد اس کے بیٹوں نے کسی نزاع کے بغیر اس کی وصیت قائم رکھی۔ لیکن جب عبدِ مناف کی وفات ہوگئی تو اس کے بیٹوں کا ان مناصب کے سلسلے میں اپنے چچیرے بھائیوں یعنی عبدالدار کی اولاد سے جھگڑا ہُوا۔ اس کے نتیجے میں قریش دو گروہ میں بٹ گئے اور قریب تھا کہ دونوں میں جنگ ہو جاتی مگر پھر انہوں نے صلح کی آواز بلند کی اور ان مناصب کو باہم تقسیم کر لیا۔ چنانچہ سقایت اور رفادہ کے مناصب بنو عبد مناف کو دیئے گئے۔ اور دارالندوہ کی سربراہی لواء، اور حجابت بنو عبدالدار کے ہاتھ میں رہی۔ پھر بنو عبدِ مناف نے اپنے حاصل شدہ مناصب کے لیے قرعہ ڈالا تو قرعہ ہاشم بن عبد مناف کے نام نکلا۔ لہٰذا ہاشم ہی نے اپنی زندگی بھر سقایہ و رفادہ کا انتظام کیا۔ البتہ جب ہاشم کا انتقال ہوگیا تو اُنکے بھائی مُطّلِب نے ان کی جانشینی کی، مگر مُطَّلِب کے بعد ان کے بھتیجے عبدالمطلب بن ہاشم نے ــــ جو رسول اللہ ﷺ کے دادا تھے ــــ یہ منصب سنبھال لیا اور ان کے بعد ان کی اولاد ان کی جانشین ہُوئی یہاں تک کہ جب اسلام کا دَور آیا تو حضرت عَبّاس بن عبدالمطلب اس منصب پر فائز تھے۔[۲۵]

ان کے علاوہ کچھ اور مناصب بھی تھے جنہیں قریش نے باہم تقسیم کر رکھا تھا۔ ان مناصب اور انتظامات کے ذریعے قریش نے ایک چھوٹی سی حکومت ــــ بلکہ حکومت نما انتظامیہ ــــ قائم کر رکھی تھی جس کے سرکاری ادارے اور تشکیلات کچھ اسی ڈھنگ کی تھیں جیسی آج کل پارلیمانی مجلسیں اور ادارے ہوا کرتے ہیں۔ ان مناصب کا خاکہ حسب ذیل ہے:

---

۲۴ ابن ہشام ۱/۱۳۰ ۲۵ ایضاً ۱/۱۲۹-۱۳۲، ۱۳۷، ۱۴۲، ۱۷۸، ۱۷۹

۱- ایسار ــــ یعنی فال گیری اور قسمت دریافت کرنے کے لیے بتوں کے پاس جو تیر رکھے رہتے تھے ان کی تولیت۔ یہ منصب بنو جمح کو حاصل تھا۔

۲- مالیات کا نظم ــــ یعنی بتوں کے تقرب کے لیے جو نذرانے اور قربانیاں پیش کی جاتی تھیں ان کا انتظام کرنا، نیز جھگڑے اور مقدمات کا فیصلہ کرنا۔ یہ کام بنو سہم کو سونپا گیا تھا۔

۳- شوریٰ ــــ یہ اعزاز بنو اسد کو حاصل تھا۔

۴- اشناق ــــ یعنی دیت اور جرمانوں کا نظم۔ اس منصب پر بنو تیم فائز تھے۔

۵- عقاب ــــ یعنی قومی پرچم کی علمبرداری۔ یہ بنو اُمَیّہ کا کام تھا۔

۶- قبہ ــــ یعنی فوجی کیمپ کا انتظام اور شہسواروں کی قیادت۔ یہ بنو مخزوم کے حصے میں آیا تھا۔

۷- سفارت ــــ بنو عدی کا منصب تھا۔[26]

بقیہ عرب سرداریاں ہم پچھلے صفحات میں قحطانی اور عدنانی قبائل کے ترکِ وطن کا ذکر کر چکے ہیں اور بتلا چکے ہیں کہ پورا ملک عرب ان قبائل کے درمیان تقسیم ہو گیا تھا۔ اس کے بعد ان کی امارتوں اور سرداریوں کا نقشہ کچھ یوں تھا کہ جو قبائل حِیرہ کے اِرد گرد آباد تھے انہیں حکومتِ حِیرہ کے تابع مانا گیا۔ اور جن قبائل نے بادیۃ الشام میں سکونت اختیار کی تھی انہیں غسانی حکمرانوں کے تابع قرار دیا گیا مگر یہ ماتحتی صرف نام کی تھی، عملاً نہ تھی۔ ان دو مقامات کو چھوڑ کر اندرون عرب آباد قبائل بہر طور آزاد تھے۔

ان قبائل میں سرداری نظام رائج تھا۔ قبیلے خود اپنا سردار مقرر کرتے تھے۔ اور ان سرداروں کے لیے ان کا قبیلہ ایک مختصر سی حکومت ہوا کرتا تھا۔ سیاسی وجود و تحفظ کی بنیاد، قبائلی وحدت پر مبنی عصبیت اور اپنی سرزمین کی حفاظت و دفاع کے مشترکہ مفادات تھے۔

قبائلی سرداروں کا درجہ اپنی قوم میں بادشاہوں جیسا تھا، قبیلہ صلح و جنگ میں بہر حال اپنے سردار کے فیصلے کے تابع ہوتا تھا اور کسی حال میں اس سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا تھا۔ سردار کو وہی مطلق العنانی اور استبداد حاصل تھا جو کسی ڈکٹیٹر کو حاصل ہوا کرتا ہے حتیٰ کہ بعض سرداروں کا یہ حال تھا کہ اگر وہ بگڑ جاتے تو ہزاروں تلواریں یہ پوچھے بغیر بے نیام ہو جاتیں کہ سردار کے غصے کا سبب کیا ہے۔

---

[26] تاریخ ارض القرآن ۲/۱۰۴، ۱۰۵، ۱۰۶

تاہم چونکہ ایک ہی کُنبے کے چچیرے بھائیوں میں سرداری کے لیے کشاکش بھی ہوا کرتی تھی اس لیے اس کا تقاضا تھا کہ سردار اپنے قبائلی عوام کے ساتھ رواداری برتے۔ خوب مال خرچ کرے مہمان نوازی میں پیش پیش رہے، کرم و بُردباری سے کام لے، شجاعت کا عملی مظاہرہ کرے اور غیر تمندانہ اُمور کی طرف سے دفاع کرے تاکہ لوگوں کی نظر میں عموماً، اور شعراء کی نظر میں خصوصاً خوبی و کمالات کا جامع بن جائے (کیونکہ شُعراء اس دور میں قبیلے کی زبان ہوا کرتے تھے) اور اس طرح سردار اپنے مدِمقابل حضرات سے بلند و بالا درجہ حاصل کر لے۔

سرداروں کے کچھ مخصوص اور امتیازی حقوق بھی ہوا کرتے تھے جنہیں ایک شاعر نے یوں بیان کیا ہے:

لك المرباع فينا والصفايا   وحكمك والنشيطة والفضول

"ہمارے درمیان تمہارے لیے مالِ غنیمت کا چوتھائی ہے اور منتخب مال ہے اور وہ مال ہے جس کا تم فیصلہ کر دو اور جو سرِراہ ہاتھ آجائے۔ اور جو تقسیم سے بچ رہے۔"

مِرباع: مالِ غنیمت کا چوتھائی حصہ۔

صَفیؔ: وہ مال جسے تقسیم سے پہلے ہی سردار اپنے لیے منتخب کر لے۔

نشیطہ: وہ مال جو اصل قوم تک پہنچنے سے پہلے راستے ہی میں سردار کے ہاتھ لگ جائے۔

فضول: وہ مال جو تقسیم کے بعد بچ رہے اور غازیوں کی تعداد پر برابر تقسیم نہ ہو۔ مثلاً تقسیم سے بچے ہوئے اونٹ گھوڑے وغیرہ ان سب اقسام کے مال سردار قبیلہ کا حق ہوا کرتے تھے۔

سیاسی حالت | جزیرۃ العرب کی حکومتوں اور حکمرانوں کا ذکر ہو چکا بیجا نہ ہو گا کہ اب ان کے کسی قدر سیاسی حالات بھی ذکر کر دیئے جائیں۔

جزیرۃ العرب کے وہ تینوں سرحدی علاقے جو غیر ممالک کے پڑوس میں پڑتے تھے ان کی سیاسی حالت سخت اضطراب و انتشار اور انتہائی زوال و انحطاط کا شکار تھی۔ انسان، مالک اور غلام یا حاکم اور محکوم کے دو طبقوں میں بٹا ہوا تھا۔ سارے فوائد سربراہوں ــــ اور خصوصاً غیر ملکی سربراہوں ــــ کو حاصل تھے اور سارا بوجھ غلاموں کے سر تھا۔ اسے زیادہ واضح الفاظ میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ رعایا درحقیقت ایک کھیتی تھی جو حکومت کے لیے محاصل اور آمدنی فراہم کرتی تھی اور حکومتیں اسے لذتوں، شہوتوں، عیش رانی اور ظلم و جور کے لیے استعمال کرتی تھیں۔ اور ان پر ہر طرف سے ظلم کی بارش ہو رہی تھی۔ مگر وہ حرفِ شکایت زبان پر نہ لا سکتے تھے۔

بلکہ ضروری تھا کہ طرح طرح کی ذلت و رُسوائی اور ظلم و چیرہ دستی برداشت کریں اور زبان بند رکھیں، کیونکہ جبر و استبداد کی حکمرانی تھی اور انسانی حقوق نام کی کسی چیز کا کہیں کوئی وجود نہ تھا۔

ان علاقوں کے پڑوس میں رہنے والے قبائل تذبذب کا شکار تھے۔ انہیں اغراض و خواہشات اِدھر سے اُدھر، اور اُدھر سے اِدھر پھینکتی رہتی تھیں۔ کبھی وہ عراقیوں کے ہمنوا ہو جاتے تھے اور کبھی شامیوں کی ہاں میں ہاں ملاتے تھے۔

جو قبائل اندرونِ عرب آباد تھے ان کے بھی جوڑ ڈھیلے اور شیرازہ منتشر تھا۔ ہر طرف قبائلی جھگڑوں، نسلی فسادات اور مذہبی اختلافات کی گرم بازاری تھی، جس میں ہر قبیلے کے افراد بہر صورت اپنے اپنے قبیلے کا ساتھ دیتے تھے خواہ وہ حق پر ہو یا باطل پر۔ چنانچہ ان کا ترجمان کہتا ہے ؎

وَمَا أَنَا إِلَّا مِنْ غَزِيَّةَ إِنْ غَوَتْ غَوَيْتُ، وَإِنْ تَرْشُدْ غَزِيَّةُ أَرْشُدِ

"میں بھی تو قبیلہ غزیہ ہی کا ایک فرد ہوں۔ اگر وہ غلط راہ پر چلے گا تو میں بھی غلط راہ پر چلوں گا اور اگر وہ صحیح راہ پر چلے گا تو میں بھی صحیح راہ پر چلوں گا۔"

اندرونِ عرب کوئی بادشاہ نہ تھا جو ان کی آواز کو قوت پہنچاتا اور نہ کوئی مرجع ہی تھا جس کی طرف مشکلات و شدائد میں رجوع کیا جاتا اور جس پر وقت پڑنے پر اعتماد کیا جاتا۔

ہاں حجاز کی حکومت کو قدر و احترام کی نگاہ سے یقیناً دیکھا جاتا تھا اور اسے مرکزِ دین کا قائد و پاسبان بھی تصور کیا جاتا تھا۔ یہ حکومت درحقیقت ایک طرح کی دنیوی قیادت اور دینی پیشوائی کا معجون مرکّب تھی۔ اسے اہل عرب پر دینی پیشوائی کے نام سے بالادستی حاصل تھی اور حرم اور اطرافِ حرم پر اس کی باقاعدہ حکمرانی تھی۔ وہی زائرین بیت اللہ کی ضروریات کا انتظام اور شریعتِ ابراہیمی کے احکام کا نفاذ کرتی تھی اور اس کے پاس پارلیمانی اداروں جیسے ادارے اور تشکیلات بھی تھیں۔ لیکن یہ حکومت اتنی کمزور تھی کہ اندرونِ عرب کی ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے کی طاقت نہ رکھتی تھی جیسا کہ حبشیوں کے حملے کے موقع پر ظاہر ہوا۔

عرب ــــ اَدیان ومذاہب

عام باشندگانِ عرب حضرت اسماعیل علیہ السلام کی دعوت وتبلیغ کے نتیجے میں دینِ ابراہیمی کے پیرو تھے، اس لیے صرف اللہ کی عبادت کرتے تھے اور توحید پر کاربند تھے، لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ انہوں نے خدائی درس ونصیحت کا ایک حصہ بھلا دیا۔ پھر بھی ان کے اندر توحید اور کچھ دینِ ابراہیمی کے شعائر باقی رہے، تا آنکہ بنو خُزاعہ کا سردار عَمرو بن لُحَی منظرِ عام پر آیا۔ اس کی نشو ونما بڑی نیکوکاری، صدقہ وخیرات اور دینی امور سے گہری دلچسپی پر ہوئی تھی، اس لیے لوگوں نے اسے محبت کی نظر سے دیکھا اور اسے اکابر علماء اور افاضل اولیاء میں سے سمجھ کر اس کی پیروی کی۔ پھر اس شخص نے ملک شام کا سفر کیا۔ دیکھا تو وہاں بتوں کی پوجا کی جارہی تھی۔ اس نے سمجھا کہ یہ بھی بہتر اور برحق ہے کیونکہ ملک شام پیغمبروں کی سرزمین اور آسمانی کتابوں کی نزول گاہ تھی۔ چنانچہ وہ اپنے ساتھ ہُبَل بُت بھی لے آیا۔ اور اسے خانہ کعبہ کے اندر نصب کردیا اور اہل مکہ کو اللہ کے ساتھ شرک کی دعوت دی۔ اہل مکہ نے اس پر لبیک کہا۔ اس کے بعد بہت جلد باشندگان حجاز بھی اہل مکہ کے نقشِ قدم پر چل پڑے، کیونکہ وہ بیت اللہ کے والی اور حرم کے باشندے تھے[1] اس طرح عرب میں بُت پرستی کا آغاز ہوا۔

ہُبَل کے علاوہ عرب کے قدیم ترین بتوں میں سے مَناۃ ہے۔ یہ بحرِ احمر کے ساحل پر قُدَید کے قریب مُشَلَّل میں نصب[2] تھا۔ اس کے بعد طائف میں لات نامی بُت وجود میں آیا۔ پھر وادیٔ نخلہ میں عُزّیٰ کی تنصیب عمل میں آئی۔ یہ تینوں عرب کے سب سے بڑے بُت تھے۔ اس کے بعد حجاز کے ہر خطے میں شرک کی کثرت اور بتوں کی بھرمار ہوگئی۔ کہا جاتا ہے کہ ایک جن عَمرو بن لُحَی کے تابع تھا۔ اس نے بتایا کہ قوم نوح کے بُت ــــ یعنی وَدّ، سُوَاع، یَغُوث، یَعُوق اور نَسر ــــ جدّہ میں مدفون ہیں۔ اس اطلاع پر عمرو بن لُحَی جدہ گیا اور ان بتوں کو کھود نکالا۔ پھر انہیں تہامہ لایا اور جب حج کا زمانہ آیا تو انہیں مختلف قبائل کے حوالے کیا۔ یہ قبائل ان بتوں کو اپنے اپنے علاقوں میں

---

[1] مختصر سیرۃ الرسول، تالیف شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدیؒ ص ۱۲ [2] صحیح بخاری ۱/۲۲۲

لے گئے۔ اس طرح ہر ہر قبیلے میں، پھر ہر ہر گھر میں ایک ایک بُت ہو گیا۔

پھر مشرکین نے مسجدِ حرام کو بھی بتوں سے بھر دیا چنانچہ جب مکہ فتح کیا گیا تو بیت اللہ کے گرداگرد تین سو ساٹھ بُت تھے جنہیں خود رسول اللہ ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے توڑا۔ آپ ہر ایک کو چھڑی سے ٹھوکر مارتے جاتے تھے اور وہ گرتا جاتا تھا۔ پھر آپؐ نے حکم دیا اور ان سارے بتوں کو مسجد حرام سے باہر نکال کر جلا دیا گیا[۳]

غرض شرک اور بُت پرستی اہلِ جاہلیت کے دین کا سب سے بڑا مظہر بن گئی تھی جنہیں گھمنڈ تھا کہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر ہیں۔

پھر اہلِ جاہلیت کے یہاں بت پرستی کے کچھ خاص طریقے اور مراسم بھی رائج تھے جو زیادہ تر عمرو بن لُحَیّ کی اختراع تھے۔ اہل جاہلیت سمجھتے تھے کہ عمرو بن لُحَیّ کی اختراعات دینِ ابراہیمیؑ میں تبدیلی نہیں بلکہ بدعتِ حسنہ ہیں۔ ذیل میں ہم اہلِ جاہلیت کے اندر رائج بُت پرستی کے چند اہم مراسم کا ذکر کر رہے ہیں:

۱۔ دورِ جاہلیت کے مشرکین بتوں کے پاس مجاور بن کر بیٹھتے تھے، ان کی پناہ ڈھونڈھتے تھے، انہیں زور زور سے پکارتے تھے اور حاجت روائی و مشکل کشائی کے لیے ان سے فریاد اور التجائیں کرتے تھے اور سمجھتے تھے کہ وہ اللہ سے سفارش کر کے ہماری مراد پوری کرا دیں گے۔

۲۔ بتوں کا حج و طواف کرتے تھے، ان کے سامنے عجز و نیاز سے پیش آتے تھے اور انہیں سجدہ کرتے تھے۔

۳۔ بتوں کے لیے نذرانے اور قربانیاں پیش کرتے اور قربانی کے ان جانوروں کو کبھی بتوں کے آستانوں پر لیجا کر ذبح کرتے تھے اور کبھی کسی بھی جگہ ذبح کر لیتے تھے مگر بتوں کے نام پر ذبح کرتے تھے۔ ذبح کی ان دونوں صورتوں کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں کیا ہے۔ ارشاد ہے: وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ (۵:۳) یعنی "وہ جانور بھی حرام ہیں جو آستانوں پر ذبح کیے گئے ہوں"۔ دوسری جگہ ارشاد ہے وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللهِ عَلَيْهِ (۶:۱۲۱) یعنی "اُس جانور کا گوشت مت کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو"۔

۴۔ بتوں سے تقرب کا ایک طریقہ یہ بھی تھا کہ مشرکین اپنی صوابدید کے مطابق اپنے کھانے پینے

---

[۳] مختصر سیرۃ الرسول از شیخ محمد بن عبدالوہاب ص ۱۳، ۵۰، ۵۱، ۵۲، ۵۴

کی چیزوں اور اپنی کھیتی اور چوپائے کی پیداوار کا ایک حصہ بتوں کے لیے خاص کر دیتے تھے۔اس سلسلے میں ان کا دلچسپ رواج یہ تھا کہ وہ اللہ کے لیے بھی اپنی کھیتی اور جانوروں کی پیداوار کا ایک حصہ خاص کرتے تھے پھر مختلف اسباب کی بنا پر اللہ کا حصہ تو بتوں کی طرف منتقل کر سکتے تھے لیکن بتوں کا حصہ کسی بھی حال میں اللہ کی طرف منتقل نہیں کر سکتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَجَعَلُوا لِلَّهِ مِمَّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْأَنْعَامِ نَصِيبًا فَقَالُوا هَٰذَا لِلَّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَٰذَا لِشُرَكَائِنَا ۖ فَمَا كَانَ لِشُرَكَائِهِمْ فَلَا يَصِلُ إِلَى اللَّهِ ۖ وَمَا كَانَ لِلَّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَىٰ شُرَكَائِهِمْ ۗ سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ○ (۱۳۶:۶)

"اللہ نے جو کھیتی اور چوپائے پیدا کیے ہیں اس کا ایک حصہ انہوں نے اللہ کے لیے مقرر کیا اور کہا یہ اللہ کے لیے ہے ۔۔۔ ان کے خیال میں ۔۔۔ اور یہ ہمارے شرکاء کے لیے ہے، تو جو ان کے شرکاء کے لیے ہوتا ہے وہ تو اللہ تک نہیں پہنچتا، مگر جو اللہ کے لیے ہوتا ہے وہ ان کے شرکاء تک پہنچ جاتا ہے۔ کتنا بُرا ہے وہ فیصلہ جو یہ لوگ کرتے ہیں۔"

۵۔ بتوں کے تقرب کا ایک طریقہ یہ بھی تھا کہ وہ مشرکین کھیتی اور چوپائے کے اندر مختلف قسم کی نذریں مانتے تھے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَنْ نَشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لَا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ ۚ (۱۳۸:۶)

"ان مشرکین نے کہا کہ یہ چوپائے اور کھیتیاں ممنوع ہیں۔ انہیں وہی کھا سکتا ہے جسے ہم چاہیں ۔۔۔ ان کے خیال میں ۔۔۔ اور یہ وہ چوپائے ہیں جن کی پیٹھ حرام کی گئی ہے (نہ ان پر سواری کی جا سکتی ہے نہ سامان لادا جا سکتا ہے) اور کچھ چوپائے ایسے ہیں جن پر یہ لوگ اللہ پر افتراء کرتے ہوئے ۔۔۔ اللہ کا نام نہیں لیتے۔"

۶۔ ان ہی جانوروں میں بَحِیرَہ، سائبہ، وَصِیلہ اور حامی تھے۔ ابنِ اسحاق کہتے ہیں کہ بَحِیرہ، سائبہ کی بچی کو کہا جاتا ہے۔ اور سائبہ اس اونٹنی کو کہا جاتا ہے جس سے دس بار پے در پے مادہ بچے پیدا ہوں، درمیان میں کوئی نر نہ پیدا ہو۔ ایسی اونٹنی کو آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا اس پر سواری نہیں کی جاتی تھی، اس کے بال نہیں کاٹے جاتے تھے۔ اور مہمان کے سوا کوئی اس کا دودھ نہیں پیتا تھا۔ اس کے بعد یہ اونٹنی جو مادہ بچہ جنتی اس کا کان چیر دیا جاتا اور اسے بھی اس کی ماں کے ساتھ آزاد چھوڑ دیا جاتا۔ اس پر سواری نہ کی جاتی۔ اس کا بال نہ کاٹا جاتا۔ اور مہمان کے سوا کوئی اس کا دودھ

نہ بیٹا۔ یہی بحیرہ ہے اور اس کی ماں سائبہ ہے۔

وصیلہ اُس بکری کو کہا جاتا تھا جو پانچ دفعہ پے درپے دو دو مادہ بچے جنتی (یعنی پانچ بار میں دس مادہ بچے پیدا ہوتے) درمیان میں کوئی نر نہ پیدا ہوتا۔ اس بکری کو اس لیے وصیلہ کہا جاتا تھا کہ وہ سارے مادہ بچوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دیتی تھی۔ اس کے بعد اس بکری سے جو بچے پیدا ہوتے انہیں صرف مرد کھا سکتے تھے عورتیں نہیں کھا سکتی تھیں۔ البتہ اگر کوئی بچہ مُردہ پیدا ہوتا تو اس کو مرد عورت سبھی کھا سکتے تھے۔

حَامی اُس نرّ اونٹ کو کہتے تھے جس کی جُفتی سے پے درپے دس مادہ بچے پیدا ہوتے، درمیان میں کوئی نرّ نہ پیدا ہوتا۔ ایسے اونٹ کی پیٹھ محفوظ کر دی جاتی تھی۔ نہ اس پر سواری کی جاتی تھی، نہ اس کا بال کاٹا جاتا تھا۔ بلکہ اسے اونٹوں کے ریوڑ میں جُفتی کے لیے آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا۔ اور اس کے سوا اس سے کوئی دوسرا فائدہ نہ اٹھایا جاتا تھا۔ دَورِ جاہلیت کی بُت پرستی کے ان طریقوں کی تردید کرتے ہُوئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ (۵: ۱۰۳)

"اللہ نے نہ کوئی بحیرہ، نہ کوئی سائبہ نہ کوئی وصیلہ اور نہ کوئی حامی بنایا ہے لیکن جن لوگوں نے کفر کیا وہ اللہ پر جھُوٹ گھڑتے ہیں اور ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔"

ایک دوسری جگہ فرمایا:

وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰٓى اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ شُرَكَآءُ ؕ (۶: ۱۳۹)

"ان (مشرکین) نے کہا کہ ان چوپایوں کے پیٹ میں جو کچھ ہے وہ خالص ہمارے مَردوں کے لئے ہے اور ہماری عورتوں پر حرام ہے۔ البتہ اگر وہ مردہ ہو تو اس میں مرد عورت سب شریک ہیں۔"

چوپایوں کی مذکورہ اقسام یعنی بحیرہ، سائبہ وغیرہ کے کچھ دوسرے مطالب بھی بیان کئے گئے ہیں[۱۶] جو ابن اسحاق کی مذکورہ تفسیر سے قدرے مختلف ہیں۔

---

[۱۶] سیرت ابن ہشام ۱/۸۹، ۹۰

حضرت سعید بن مُسَیَّب رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ یہ جانور ان کے طاغوتوں کے لیے تھے۔[5]
اور صحیح بخاری میں مرفوعاً مروی ہے کہ عَمْرو بن لُحَیّ پہلا شخص ہے جس نے بتوں کے نام پر جانور چھوڑے۔[6]

عرب اپنے بتوں کے ساتھ یہ سب کچھ اس عقیدے کے ساتھ کرتے تھے کہ یہ بُت انہیں اللہ کے قریب کر دیں گے اور اللہ کے حضور ان کی سفارش کر دیں گے۔ چنانچہ قرآن مجید میں بتایا گیا ہے کہ مشرکین کہتے تھے:

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ط (۳۹: ۳)

"ہم ان کی عبادت محض اس لیے کر رہے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ کے قریب کر دیں۔"

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ط (۱۰: ۱۸)

"یہ مشرکین اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں جو انہیں نہ نفع پہنچا سکیں نہ نقصان اور کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں۔"

مشرکینِ عرب اَزْلام یعنی فال کے تیر بھی استعمال کرتے تھے۔ (اَزْلام، زَلَم کی جمع ہے۔ اور زَلَم اُس تیر کو کہتے ہیں جس میں پَر نہ لگے ہوں) فال گیری کے لیے استعمال ہونے والے یہ تیر تین قسم کے ہوتے تھے۔ ایک وہ جن پر صرف "ہاں" یا "نہیں" لکھا ہوتا تھا۔ اس قسم کے تیر سفر اور نکاح وغیرہ جیسے کاموں کے لیے استعمال کئے جاتے تھے۔ اگر فال میں "ہاں" نکلتا تو مطلوبہ کام کر ڈالا جاتا اگر "نہیں" نکلتا تو سال بھر کے لیے ملتوی کر دیا جاتا اور آئندہ پھر فال نکالی جاتی۔

فال گیری کے تیروں کی دُوسری قسم وہ تھی جن پر پانی اور دِیَت وغیرہ درج ہوتے تھے اور تیسری قسم وہ تھی جس پر یہ درج ہوتا تھا کہ "تم میں سے ہے" یا "تمہارے علاوہ سے ہے" یا "ملحق" ہے۔ ان تیروں کا مصرف یہ تھا کہ جب کسی کے نسب میں شبہہ ہوتا تو اسے ایک سو اُونٹوں سمیت ہُبَل کے پاس لے جاتے۔ اونٹوں کو تیر والے مُہَنْت کے حوالے کرتے اور وہ تمام تیروں کو ایک ساتھ ملا کر گھماتا جھنجھوڑتا، پھر ایک تیر نکالتا۔ اب اگر یہ نکلتا کہ "تم میں سے ہے"، تو وہ ان کے قبیلے کا ایک معزز فرد قرار پاتا اور اگر یہ برآمد ہوتا کہ "تمہارے غیر سے ہے"، تو حلیف

---

[5] صحیح بخاری ۱/۴۹۹
[6] ایضاً ایضاً

قرار پاتا اور اگر یہ نکلتا کہ "ملحق" ہے تو ان کے اندر اپنی حیثیت پر برقرار رہتا، نہ قبیلے کا فرد مانا جاتا نہ حلیف[7]

اسی سے ملتا جلتا ایک رواج مشرکین میں جُوا کھیلنے اور جوئے کے تیر استعمال کرنے کا تھا۔ اسی تیر کی نشاندہی پر وہ جُوئے کا اُونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت بانٹتے تھے[8]

مشرکینِ عرب کاہنوں، عرّافوں اور نجومیوں کی خبروں پر بھی ایمان رکھتے تھے۔ کاہن اسے کہتے ہیں جو آنے والے واقعات کی پیش گوئی کرے اور رازہائے سربستہ سے واقفیت کا دعویدار ہو۔ بعض کاہنوں کا یہ بھی دعویٰ تھا کہ ایک جن ان کے تابع ہے جو انہیں خبریں پہنچاتا رہتا ہے، اور بعض کاہن کہتے تھے کہ انہیں ایسا فہم عطا کیا گیا ہے جس کے ذریعے وہ غیب کا پتہ لگا لیتے ہیں۔ بعض اس بات کے مدّعی تھے کہ جو آدمی ان سے کوئی بات پوچھنے آتا ہے اسکے قول و فعل سے یا اس کی حالت سے، کچھ مقدمات اور اسباب کے ذریعے وہ جائے واردات کا پتا لگا لیتے ہیں۔ اس قسم کے آدمی کو عرّاف کہا جاتا تھا۔ مثلاً وہ شخص جو چوری کے مال، چوری کی جگہ اور گم شدہ جانور وغیرہ کا پتا ٹھکانا بتاتا۔

نجومی اسے کہتے ہیں جو تاروں پر غور کر کے اور ان کی رفتار و اوقات کا حساب لگا کر پتا لگاتا ہے کہ دنیا میں آئندہ کیا حالات و واقعات پیش آئیں گے[9] ان نجومیوں کی خبروں کو ماننا درحقیقت تاروں پر ایمان لانا ہے اور تاروں پر ایمان لانے کی ایک صورت یہ بھی تھی کہ مشرکینِ عرب نچھتّروں پر ایمان رکھتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم پر فلاں اور فلاں نچھتّر سے بارش ہُوئی ہے[10]

مشرکین میں بدشگونی کا بھی رواج تھا۔ اسے عربی میں طِیَرَۃ کہتے ہیں۔ اس کی صورت یہ تھی کہ مشرکین کسی چڑیا یا ہرن کے پاس جا کر اسے بھگاتے تھے۔ پھر اگر وہ داہنے جانب بھاگتا تو اسے اچھائی اور کامیابی کی علامت سمجھ کر اپنا کام کر گذرتے اور اگر بائیں جانب بھاگتا تو اسے نحوست کی علامت سمجھ کر اپنے کام سے باز رہتے۔ اسی طرح اگر کوئی چڑیا یا جانور راستہ کاٹ دیتا تو اسے بھی منحوس سمجھتے۔

---

[7] محاضرات خضری ۱/۵۶، ابن ہشام ۱/۱۰۲، ۱۰۳

[8] اس کا طریقہ یہ تھا کہ جُوا کھیلنے والے ایک اونٹ ذبح کر کے اسے دس یا اٹھائیس حصّوں پر تقسیم کرتے۔ پھر تیروں سے قرعہ اندازی کرتے۔ کسی تیر پر جیت کا نشان بنا ہوتا اور کوئی تیر بے نشان ہوتا۔ جس کے نام پر جیت کے نشان والا تیر نکلتا وہ تو کامیاب مانا جاتا اور اپنا حصہ لیتا اور جس کے نام پر بے نشان تیر نکلتا اسے قیمت دینی پڑتی۔

[9] مرعاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح ۲/۲، ۳ طبع لکھنؤ۔

[10] ملاحظہ ہو صحیح مسلم مع شرح نووی: کتاب الایمان، باب بیان کفر من قال مُطرنا بالنوء ۱/۵۹

اسی سے ملتی جلتی ایک حرکت یہ بھی تھی کہ مشرکین، خرگوش کے ٹخنے کی ہڈی لٹکاتے تھے اور بعض دنوں، مہینوں، جانوروں، گھروں اور عورتوں کو منحوس سمجھتے تھے۔ بیماریوں کی چھوت کے قائل تھے اور رُوح کے اُلّو بن جانے کا عقیدہ رکھتے تھے۔ یعنی ان کا عقیدہ تھا کہ جب تک مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے، اس کو سکون نہیں ملتا اور اس کی رُوح اُلّو بن کر بیابانوں میں گردش کرتی رہتی ہے اور "پیاس، پیاس" یا "مجھے پلاؤ، مجھے پلاؤ" کی صدا لگاتی رہتی ہے۔ جب اس کا بدلہ لے لیا جاتا ہے تو اسے راحت اور سکون مل جاتا ہے۔[11]

دینِ ابراہیمی میں قریش کی بدعات

یہ تھے اہلِ جاہلیت کے عقائد و اعمال، اس کے ساتھ ہی ان کے اندر دینِ ابراہیمی کے کچھ باقیات بھی تھے۔ یعنی انہوں نے یہ دین پورے طور پر نہیں چھوڑا تھا۔ چنانچہ وہ بیت اللہ کی تعظیم اور اس کا طواف کرتے تھے۔ حج و عمرہ کرتے تھے، عرفات و مزدلفہ میں ٹھہرتے تھے اور ہَدی کے جانوروں کی قربانی کرتے تھے۔ البتہ انہوں نے اس دینِ ابراہیمی میں بہت سی بدعتیں ایجاد کر کے شامل کر دی تھیں۔ مثلاً :-

○ قریش کی ایک بدعت یہ تھی کہ وہ کہتے تھے ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں، حرم کے پاسبان، بیت اللہ کے والی اور مکہ کے باشندے ہیں، کوئی شخص ہمارا ہم مرتبہ نہیں اور نہ کسی کے حقوق ہمارے حقوق کے مساوی ہیں —— اور اسی بنا پر یہ اپنا نام حُمس (بہادر اور گرم جوش) رکھتے تھے —— لہٰذا ہمارے شایانِ شان نہیں کہ ہم حدودِ حرم سے باہر جائیں۔ چنانچہ حج کے دوران یہ لوگ عرفات نہیں جاتے تھے اور نہ وہاں سے اِفَاضَہ کرتے تھے بلکہ مُزْدَلِفَہ ہی میں ٹھہر کر وہیں سے افاضہ کر لیتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس بدعت کی اصلاح کرتے ہوئے فرمایا ثُمَّ اَفِيضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ..(۲:۱۹۹) یعنی "تم لوگ بھی وہیں سے اِفَاضَہ کرو جہاں سے سارے لوگ افاضہ کرتے ہیں۔"[12]

○ ان کی ایک بدعت یہ بھی تھی کہ وہ کہتے تھے کہ حُمس (قریش) کے لیے احرام کی حالت میں پنیر اور گھی بنانا درست نہیں اور نہ یہ درست ہے کہ بال والے گھر (یعنی کمبل کے خیمے) میں داخل

---

[11] صحیح بخاری ۲/۸۵۱، ۸۵۷ مع شروح۔ [12] ابن ہشام ۱/۱۹۹، صحیح بخاری ۱/۲۲۶

ہوں اور نہ یہ درست ہے کہ سایہ حاصل کرنا ہو تو چمڑے کے خیمے کے سوا کہیں اور سایہ حاصل کریں[13]

○ ان کی ایک بدعت یہ بھی تھی کہ وہ کہتے تھے کہ بیرونِ حرم کے باشندے حج یا عمرہ کرنے کے لیے آئیں اور بیرونِ حرم سے کھانے کی کوئی چیز لے کر آئیں تو اسے ان کے لیے کھانا درست نہیں[14]

○ ایک بدعت یہ بھی تھی کہ انہوں نے بیرونِ حرم کے باشندوں کو حکم دے رکھا تھا کہ وہ حرم میں آنے کے بعد پہلا طواف حمس سے حاصل کئے ہوئے کپڑوں ہی میں کریں۔ چنانچہ اگر ان کا کپڑا دستیاب نہ ہوتا تو مرد ننگے طواف کرتے۔ اور عورتیں اپنے سارے کپڑے اتار کر صرف ایک چھوٹا سا کھلا ہوا کرتا پہن لیتیں۔ اور اسی میں طواف کرتیں اور دوران طواف یہ شعر پڑھتی جاتیں:

اَلْيَوْمَ يَبْدُوْ بَعْضُهٗ اَوْكُلُّهٗ وَمَا بَدَا مِنْهُ فَلَا أُحِلُّهٗ

"آج کچھ یا کُل شرمگاہ کھل جائے گی۔ لیکن جو کھُل جائے میں اسے (دیکھنا) حلال نہیں قرار دیتی"
اللہ تعالیٰ نے اس خرافات کے خاتمے کے لیے فرمایا: يٰبَنِيٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ .. (۷:۳۱) "اے آدم کے بیٹو! ہر مسجد کے پاس اپنی زینت اختیار کر لیا کرو"

بہر حال اگر کوئی عورت یا مرد برتر اور معزز بن کر، بیرونِ حرم سے لائے ہوئے اپنے ہی کپڑوں میں طواف کر لیتا تو طواف کے بعد ان کپڑوں کو پھینک دیتا، ان سے نہ خود فائدہ اٹھاتا نہ کوئی اور[15]

○ قریش کی ایک بدعت یہ بھی تھی کہ وہ حالتِ احرام میں گھر کے اندر دروازے سے داخل نہ ہوتے تھے بلکہ گھر کے پچھواڑے ایک بڑا سا سُوراخ بنا لیتے اور اسی سے آتے جاتے تھے اور اپنے اس اُجڈپنے کو نیکی سمجھتے تھے۔ قرآن کریم نے اس سے بھی منع فرمایا۔ (۲ : ۱۸۹)

یہی دین —— یعنی شرک و بُت پرستی اور توہمات و خرافات پر مبنی عقیدہ و عمل والا دین —— عام اہلِ عرب کا دین تھا۔

اس کے علاوہ جزیرۃ العرب کے مختلف اطراف میں یہودیت، مسیحیت، مجوسیت اور صابئیت نے بھی دَر آنے کے مواقع پا لیے تھے، لہٰذا ان کا تاریخی خاکہ بھی مختصراً پیش کیا جا رہا ہے۔

جزیرۃ العرب میں یہود کے کم از کم دو اَدوار ہیں۔ پہلا دَور اس وقت سے تعلق رکھتا ہے

---

[13] ابن ہشام ۲۰۲/۱ [14] ایضاً ایضاً [15] ایضاً ۲۰۲/۱، ۲۰۳ وصحیح بخاری ۲۲۶/۱

جب فلسطین میں بابل اور آشور کی حکومت کی فتوحات کے سبب یہودیوں کو ترکِ وطن کرنا پڑا۔ اس حکومت کی سخت گیری اور بخت نصر کے ہاتھوں یہودی بستیوں کی تباہی و ویرانی، ان کے ہیکل کی بربادی اور ان کی اکثریت کی ملک بابل کو جلاوطنی کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہود کی ایک جماعت فلسطین چھوڑ کر حجاز کے شمالی اطراف میں آ بسی[16]

دوسرا دَور اُس وقت شروع ہوتا ہے جب ٹائیٹس رومی کی زیرِ قیادت ۷۰ء میں رومیوں نے فلسطین پر قبضہ کیا۔ اس موقع پر رومیوں کے ہاتھوں یہودیوں کی دار و گیر اور ان کے ہیکل کی بربادی کا نتیجہ یہ ہُوا کہ متعدد یہودی قبیلے حجاز بھاگ آئے اور یثرب، خیبر اور تیماء میں آباد ہو کر یہاں اپنی باقاعدہ بستیاں بسالیں اور قلعے اور گڑھیاں تعمیر کرلیں۔ ان تارکینِ وطن یہود کے ذریعے عرب باشندوں میں کسی قدر یہودی مذہب کا بھی رواج ہوا اور اسے بھی ظہورِ اسلام سے پہلے اور اس کے ابتدائی دور کے سیاسی حوادث میں ایک قابلِ ذکر حیثیت حاصل ہوگئی۔ ظہورِ اسلام کے وقت مشہور یہودی قبائل یہ تھے۔ خَیبَر، نَضِیر، مُصْطَلِق، قُرَیْظَہ اور قَیْنُقَاع۔ سَمْہُودی نے وفاء الوفاء ص ۱۱۶ میں ذکر کیا ہے کہ یہود قبائل کی تعداد بیس سے زیادہ تھی[17]

یہودیت کو یمن میں بھی فروغ حاصل ہُوا۔ یہاں اس کے پھیلنے کا سبب تبان اسعد ابو کرب تھا۔ یہ شخص جنگ کرتا ہوا یثرب پہنچا۔ وہاں یہودیت قبول کرلی اور بنو قُرَیظَہ کے دو یہودی علماء کو اپنے ساتھ یمن لے آیا اور ان کے ذریعے یہودیت کو یمن میں وسعت اور پھیلاؤ حاصل ہوا۔ ابو کرب کے بعد اس کا بیٹا یوسف ذو نواس یمن کا حاکم ہُوا تو اس نے یہودیت کے جوش میں نجران کے عیسائیوں پر ہلّہ بول دیا اور انہیں مجبُور کیا کہ یہودیت قبول کریں، مگر انھوں نے انکار کردیا۔ اس پر ذونواس نے خندق کھدوائی اور اس میں آگ جلوا کر بوڑھے، بچے، مرد عورت سب کو بلا تمیز آگ کے الاؤ میں جھونک دیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس حادثے کا شکار ہونے والوں کی تعداد بیس سے چالیس ہزار کے درمیان تھی۔ یہ اکتوبر ۵۲۳ء کا واقعہ ہے۔ قرآنِ مجید نے سورۂ بروج میں اسی واقعے کا ذکر کیا ہے[18]

جہاں تک عیسائی مذہب کا تعلق ہے تو بلادِ عرب میں اس کی آمد حبشی اور رومی قبضہ گیروں

---

[16] قلب جزیرۃ العرب ص ۲۵۱ [17] ایضاً ایضاً

[18] ابن ہشام ۲۰/۱، ۲۱، ۲۲، ۲۷، ۳۱، ۳۵، ۳۶، نیز ملاحظہ فرمائیے کتبِ تفسیر، تفسیر سورۂ بروج

اور فاتحین کے ذریعے ہوئی ہم بتا چکے ہیں کہ یمن پر حبشیوں کا قبضہ پہلی بار ۳۴۰ء میں ہوا۔ اور ۳۷۸ء تک برقرار رہا۔ اس دوران یمن میں مسیحی مشن کام کرتا رہا۔ تقریباً اسی زمانے میں ایک مستجاب الدعوات اور صاحبِ کرامات زاہد جس کا نام فیمیون تھا، نجران پہنچا اور وہاں کے باشندوں میں عیسائی مذہب کی تبلیغ کی۔ اہلِ نجران نے اس کی اور اس کے دین کی سچائی کی کچھ ایسی علامات دیکھیں کہ وہ عیسائیت کے حلقہ بگوش ہو گئے [۱۹]

پھر ذُونُواس کی کارروائی کے رَدِ عمل کے طور پر حبشیوں نے دوبارہ یمن پر قبضہ کیا اور اَبْرَہَہ نے حکومتِ یمن کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لی تو اس نے بڑے جوش وخروش کے ساتھ بڑے پیمانے پر عیسائیت کو فروغ دینے کی کوشش کی۔ اسی جوش وخروش کا نتیجہ تھا کہ اس نے یمن میں ایک کعبہ تعمیر کیا اور کوشش کی کہ اہلِ عرب کو (مکہ اور بیت اللہ سے) روک کر اسی کا حج کرائے اور مکہ کے بیت اللہ شریف کو ڈھا دے۔ لیکن اس کی اس جرأت پر اللہ تعالیٰ نے اسے ایسی سزا دی کہ اولین وآخرین کے لیے عبرت بن گیا۔

دوسری طرف رومی علاقوں کی ہمسائیگی کے سبب آلِ غَسّان، بنوتَغلِب اور بنوطَیّ وغیرہ قبائل عرب میں بھی عیسائیت پھیل گئی تھی۔ بلکہ حیرہ کے بعض عرب بادشاہوں نے بھی عیسائی مذہب قبول کر لیا تھا۔

جہاں تک مجوسی مذہب کا تعلق ہے تو اسے زیادہ تر اہلِ فارس کے ہمسایہ عربوں میں فروغ حاصل ہوا تھا۔ مثلاً عراق عرب، بحرین، (الاحساء) ہجر اور خلیج عربی کے ساحلی علاقے۔ ان کے علاوہ یمن پر فارسی قبضے کے دوران وہاں بھی اکّا دُکّا افراد نے مجوسیت قبول کی۔

باقی رہا صابی مذہب تو عراق وغیرہ کے آثارِ قدیمہ کی کھدائی کے دوران جو کتبات برآمد ہوئے ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کلدانی قوم کا مذہب تھا۔ دَورِ قدیم میں شام ویمن کے بہت سے باشندے بھی اسی مذہب کے پَیرَو تھے، لیکن جب یہودیت اور پھر عیسائیت کا دَور دَورہ ہوا تو اس مذہب کی بنیادیں ہل گئیں اور اس کی شمعِ فروزاں گل ہو کر رہ گئی۔ تاہم مجوس کے ساتھ خلط ملط ہو کر یا ان کے پڑوس میں عراق عرب اور خلیج عربی کے ساحل پر اس مذہب کے کچھ نہ کچھ پَیرَو کار باقی رہے [۲۰]

---

[۱۹] ابن ہشام ۱/۳۱، ۳۲، ۳۳، ۳۴ [۲۰] تاریخ ارض القرآن ۲/۱۹۳ — ۲۰۸

دینی حالت

جس وقت اسلام کا نیّرِ تاباں طلوع ہوا ہے یہی مذاہب وادیان تھے جو عرب میں پائے جاتے تھے۔ لیکن یہ سارے ہی مذاہب شکست وریخت سے دوچار تھے۔ مشرکین جن کا دعویٰ تھا کہ ہم دینِ ابراہیمی پر ہیں شریعتِ ابراہیمی کے اوامر ونواہی سے کوسوں دُور تھے۔ اس شریعت نے جن مکارمِ اخلاق کی تعلیم دی تھی ان سے ان مشرکین کو کوئی واسطہ نہ تھا۔ ان میں گناہوں کی بھرمار تھی اور طولِ زمانہ کے سبب ان میں بھی بُت پرستوں کی وہی عادات ورسوم پیدا ہوچلی تھیں جنہیں دینی خرافات کا درجہ حاصل ہے۔ ان عادات ورسوم نے ان کی اجتماعی سیاسی اور دینی زندگی پر نہایت گہرے اثرات ڈالے تھے۔

یہودی مذہب کا حال یہ تھا کہ وہ محض ریاکاری اور تحکم بن گیا تھا۔ یہودی پیشوا اللہ کے بجائے خود رب بن بیٹھے تھے۔ لوگوں پر اپنی مرضی چلاتے تھے اور ان کے دلوں میں گزرنے والے خیالات اور ہونٹوں کی حرکات تک کا محاسبہ کرتے تھے۔ ان کی ساری توجہ اس بات پر مرکوز تھی کہ کسی طرح مال وریاست حاصل ہو، خواہ دین برباد ہی کیوں نہ ہو اور کفر والحاد کو فروغ ہی کیوں نہ حاصل ہو اور ان تعلیمات کے ساتھ تساہل ہی کیوں نہ برتا جائے جن کی تقدیس کا اللہ تعالےٰ نے ہر شخص کو حکم دیا ہے اور جن پر عمل درآمد کی ترغیب دی ہے۔

عیسائیت ایک ناقابلِ فہم بُت پرستی بن گئی تھی۔ اس نے اللہ اور انسان کو عجیب طرح سے خلط ملط کر دیا تھا۔ پھر جن عربوں نے اس دین کو اختیار کیا تھا ان پر اس دین کا کوئی حقیقی اثر نہ تھا کیونکہ اس کی تعلیمات ان کے مالوف طرزِ زندگی سے میل نہیں کھاتی تھیں اور وہ اپنا طرزِ زندگی چھوڑ نہیں سکتے تھے۔

باقی ادیانِ عرب کے ماننے والوں کا حال مشرکین ہی جیسا تھا کیونکہ ان کے دل یکساں تھے عقائد ایک سے تھے، اور رسم ورواج میں ہم آہنگی تھی۔

جاہلی معاشرے کی چند جھلکیاں

جزیرۃ العرب کے سیاسی اور مذہبی حالات بیان کر لینے کے بعد اب وہاں کے اجتماعی، اقتصادی اور اخلاقی حالات کا خاکہ مختصراً پیش کیا جارہا ہے۔

اجتماعی حالات

عرب آبادی مختلف طبقات پر مشتمل تھی اور ہر طبقے کے حالات ایک دوسرے سے بہت زیادہ مختلف تھے۔ چنانچہ طبقۂ اَشراف میں مرد عورت کا تعلق خاصا ترقی یافتہ تھا۔ عورت کو بہت کچھ خود مختاری حاصل تھی۔ اس کی بات مانی جاتی تھی۔ اور اس کا اتنا احترام اور تحفّظ کیا جاتا تھا کہ اس راہ میں تلواریں نکل پڑتی تھیں اور خونریزیاں ہو جاتی تھیں۔ آدمی جب اپنے کرم و شجاعت پر جسے عرب میں بڑا بلند مقام حاصل تھا اپنی تعریف کرنا چاہتا تو عموماً عورت ہی کو مخاطب کرتا۔ بسا اوقات عورت چاہتی تو قبائل کو صلح کے لیے اکٹھا کر دیتی اور چاہتی تو ان کے درمیان جنگ اور خونریزی کے شعلے بھڑکا دیتی، لیکن ان سب کے باوجود بلا نزاع مرد ہی کو خاندان کا سربراہ مانا جاتا تھا اور اس کی بات فیصلہ کن ہوا کرتی تھی۔ اس طبقے میں مرد اور عورت کا تعلق عقد نکاح کے ذریعے ہوتا تھا، اور یہ نکاح عورت کے اولیاء کے زیر نگرانی انجام پاتا تھا۔ عورت کو یہ حق نہ تھا کہ ان کی ولایت کے بغیر اپنے طور پر اپنا نکاح کر لے۔

ایک طرف طبقہ اشراف کا یہ حال تھا تو دوسری طرف دُوسرے طبقوں میں مرد و عورت کے اختلاط کی اور بھی کئی صورتیں تھیں جنہیں بدکاری و بے حیائی اور فحش کاری و زنا کاری کے سوا کوئی اور نام نہیں دیا جا سکتا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ جاہلیت میں نکاح کی چار صورتیں تھیں۔ ایک تو وہی صورت تھی جو آج بھی لوگوں میں رائج ہے کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کو اس کی زیر ولایت لڑکی کے لیے نکاح کا پیغام دیتا۔ پھر منظوری کے بعد مہر دے کر اس سے نکاح کر لیتا۔ دوسری صورت یہ تھی کہ عورت جب حیض سے پاک ہوتی تو اس کا شوہر کہتا کہ فلاں شخص کے پاس پیغام بھیج کر اس سے اس کی شرمگاہ حاصل کرو (یعنی زنا کراؤ) اور شوہر خود اس سے الگ تھلگ رہتا اور اس کے قریب نہ جاتا یہاں تک کہ واضح ہو جاتا کہ جس آدمی سے شرمگاہ حاصل

کی تھی (یعنی زنا کرایا تھا) اس سے حمل ٹھہر گیا ہے۔ جب حمل واضح ہو جاتا تو اس کے بعد اگر شوہر چاہتا تو اس عورت کے پاس جاتا۔ ایسا اس لیے کیا جاتا تھا کہ لڑکا شریف اور باکمال پیدا ہو۔ اس نکاح کو نکاح استبضاع کہا جاتا تھا (اور اسی کو ہندوستان میں نیوگ کہتے ہیں۔) نکاح کی تیسری صورت یہ تھی کہ دس آدمیوں سے کم کی ایک جماعت اکٹھا ہوتی۔ سب کے سب ایک ہی عورت کے پاس جاتے اور بدکاری کرتے۔ جب وہ عورت حاملہ ہو جاتی اور بچہ پیدا ہوتا تو پیدائش کے چند رات بعد وہ عورت سب کو بلا بھیجتی اور سب کو آنا پڑتا مجال نہ تھی کہ کوئی نہ آئے۔ اس کے بعد وہ عورت کہتی کہ آپ لوگوں کا جو معاملہ تھا وہ تو آپ لوگ جانتے ہی ہیں اور اب میرے بطن سے بچہ پیدا ہوا ہے اور اے فلاں وہ تمہارا بیٹا ہے۔ وہ عورت ان میں سے جس کا نام چاہتی لے لیتی اور وہ اس کا لڑکا مان لیا جاتا۔

چوتھا نکاح یہ تھا کہ بہت سے لوگ اکٹھے ہوتے اور کسی عورت کے پاس جاتے۔ وہ اپنے پاس کسی آنے والے سے انکار نہ کرتی۔ یہ رنڈیاں ہوتی تھیں جو اپنے دروازوں پر جھنڈیاں گاڑے رکھتی تھیں تاکہ یہ نشانی کا کام دے اور جو ان کے پاس جانا چاہے بے دھڑک چلا جائے۔ جب ایسی عورت حاملہ ہوتی اور بچہ پیدا ہوتا تو سب کے سب اس کے پاس جمع ہوتے اور قیافہ شناس کو بلاتے۔ قیافہ شناس اپنی رائے کے مطابق اس لڑکے کو کسی بھی شخص کے ساتھ ملحق کر دیتا۔ پھر یہ اسی سے مربوط ہو جاتا اور اسی کا لڑکا کہلاتا۔ وہ اس سے انکار نہ کر سکتا تھا —— جب اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو مبعوث فرمایا تو جاہلیت کے سارے نکاح منہدم کر دیئے۔ صرف اسلامی نکاح باقی رہا جو آج رائج ہے۔[1]

عرب میں مرد و عورت کے ارتباط کی بعض صورتیں ایسی بھی تھیں جو تلوار کی دھار اور نیزے کی نوک پر وجود میں آتی تھیں یعنی قبائلی جنگوں میں غالب آنے والا قبیلہ مغلوب قبیلے کی عورتوں کو قید کر کے اپنے حرم میں داخل کر لیتا تھا، لیکن ایسی عورتوں سے پیدا ہونے والی اولاد زندگی بھر عار محسوس کرتی تھی۔

زمانۂ جاہلیت میں کسی تحدید کے بغیر متعدد بیویاں رکھنا بھی ایک معروف بات تھی۔ لوگ ایسی دو عورتیں بھی بیک وقت نکاح میں رکھ لیتے تھے جو آپس میں سگی بہن ہوتی تھیں۔ باپ کے طلاق دینے یا وفات پانے کے بعد بیٹا اپنی سوتیلی ماں سے بھی نکاح کر لیتا تھا۔ طلاق کا اختیار مرد کو حاصل تھا اور اس کی کوئی حد معین نہ تھی۔[2]

---

[1] صحیح بخاری: کتاب النکاح، باب من قال لا نکاح الا بولی ۲/۷۶۹ وابوداؤد: باب وجوہ النکاح۔

[2] ابوداؤد، نسخ المراجعۃ بعد التطلیقات الثلاث، نیز کتب تفسیر متعلقہ اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ

زنا کاری تمام طبقات میں عروج پر تھی۔ کوئی طبقہ یا انسانوں کی کوئی قسم اس سے مستثنیٰ نہ تھی۔ البتہ کچھ مرد اور کچھ عورتیں ایسی ضرور تھیں جنہیں اپنی بڑائی کا احساس اس برائی کے کیچڑ میں لت پت ہونے سے باز رکھتا تھا۔ پھر آزاد عورتوں کا حال لونڈیوں کے مقابل نسبتاً اچھا تھا۔ اصل مصیبت لونڈیاں ہی تھیں۔ اور ایسا لگتا ہے کہ اہلِ جاہلیت کی غالب اکثریت اس برائی کی طرف منسوب ہونے میں کوئی عار بھی محسوس نہیں کرتی تھی چنانچہ سنن ابی داؤد وغیرہ میں مروی ہے کہ ایک دفعہ ایک آدمی نے کھڑے ہو کر کہا یا رسول اللہ! ﷺ فلاں شخص میرا بیٹا ہے۔ میں نے جاہلیت میں اس کی ماں سے زنا کیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اسلام میں ایسے دعوے کی کوئی گنجائش نہیں۔ جاہلیت کی بات گئی، اب تو لڑکا اسی کا ہو گا جس کی بیوی یا لونڈی ہو اور زنا کار کے لیے پتھر ہے۔" اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور عبد بن زمعہ کے درمیان زمعہ کی لونڈی کے بیٹے ـــــ عبدالرحمٰن بن زمعہ ـــــ کے بارے میں جو جھگڑا پیش آیا تھا وہ بھی معلوم و معروف ہے[۳]

جاہلیت میں باپ بیٹے کا تعلق بھی مختلف نوعیت کا تھا۔ کچھ تو ایسے تھے جو کہتے تھے ؎

اِنَّمَا اَوْلَادُنَا بَیْنَنَا اَکْبَادُنَا تَمْشِی عَلَی الْاَرْضِ

"ہماری اولاد ہمارے کلیجے ہیں جو روئے زمین پر چلتے پھرتے ہیں"

لیکن دوسری طرف کچھ ایسے بھی تھے جو لڑکیوں کو رسوائی اور خرچ کے خوف سے زندہ دفن کر دیتے تھے اور بچوں کو فقر و فاقہ کے ڈر سے مار ڈالتے تھے[۴] لیکن یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ سنگ دلی بڑے پیمانے پر رائج تھی کیونکہ عرب اپنے دشمن سے اپنی حفاظت کے لیے دوسروں کی بہ نسبت کہیں زیادہ اولاد کے محتاج تھے اور اس کا احساس بھی رکھتے تھے۔

جہاں تک سگے بھائیوں، چچیرے بھائیوں، اور کنبے قبیلے کے لوگوں کے باہمی تعلقات کا معاملہ ہے تو یہ خاصے پختہ اور مضبوط تھے کیونکہ عرب کے لوگ قبائلی عصبیت ہی کے سہارے جیتے اور اسی کے لیے مرتے تھے۔ قبیلے کے اندر باہمی تعاون اور اجتماعیت کی روح پوری طرح کارفرما ہوتی تھی۔ جسے عصبیت کا جذبہ مزید دو آتشہ رکھتا تھا۔ درحقیقت قومی عصبیت اور قرابت کا تعلق ہی ان کے اجتماعی نظام کی بنیاد تھا۔ وہ لوگ اس مثل پر اس کے لفظی معنی کے مطابق عمل پیرا تھے کہ اُنْصُرْ اَخَاکَ ظَالِماً

---

[۳] صحیح بخاری ۲/۹۹۹، ۱۰۶۵، ابوداؤد: اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ

[۴] قرآن مجید ۶: ۱۰۱-۱۵۱، ۱۶: ۵۸، ۵۹ - ۱۷: ۳۱ - ۸۱: ۸

أو مَظْلُوماً (اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ ظالم ہو یا مظلوم) اس مثل کے معنی میں ابھی وہ اصلاح نہیں ہوئی تھی جو بعد میں اسلام کے ذریعے کی گئی یعنی ظالم کی مدد یہ ہے کہ اُسے ظلم سے باز رکھا جائے۔ البتہ شرف و سرداری میں ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کا جذبہ بہت سی دفعہ ایک ہی شخص سے وجود میں آنے والے قبائل کے درمیان جنگ کا سبب بن جایا کرتا تھا جیسا کہ اَوْس و خزرج، عَبْس و ذُبیان اور بَکر و تَغلِب وغیرہ کے واقعات میں دیکھا جا سکتا ہے۔

جہاں تک مختلف قبائل کے ایک دوسرے سے تعلقات کا معاملہ ہے تو یہ پوری طرح شکستہ و ریختہ تھے۔ قبائل کی ساری قوت ایک دوسرے کے خلاف جنگ میں فنا ہو رہی تھی، البتہ دین اور خرافات کے آمیزے سے تیار شدہ بعض رسوم و عادات کی بدولت بسا اوقات جنگ کی حدّت و شدّت میں کمی آجاتی تھی اور بعض حالات میں مُوالاۃ، حلف اور تابعداری کے اصولوں پر مختلف قبائل یکجا ہو جاتے تھے۔ علاوہ ازیں حرام مہینے ان کی زندگی اور حصولِ معاش کے لیے سراپا رحمت و مدد تھے۔

خلاصہ یہ کہ اجتماعی حالت ضُعف و بے بصیرتی کی پستی میں گری ہوئی تھی، جہل اپنی طنابیں تانے ہوئے تھا اور خرافات کا دور دورہ تھا۔ لوگ جانوروں جیسی زندگی گذار رہے تھے۔ عورت بیچی اور خریدی جاتی تھی اور بعض اوقات اس سے مٹی اور پتھر جیسا سلوک کیا جاتا تھا۔ قوم کے باہمی تعلقات کمزور بلکہ ٹوٹے ہوئے تھے اور حکومتوں کے سارے عزائم اپنی رعایا سے خزانے بھرنے یا مخالفین پر فوج کشی کرنے تک محدود تھے۔

اقتصادی حالت

اقتصادی حالت، اجتماعی حالت کے تابع تھی۔ اس کا اندازہ عرب کے ذرائع معاش پر نظر ڈالنے سے ہو سکتا ہے کہ تجارت ہی ان کے نزدیک ضروریاتِ زندگی حاصل کرنے کا سب سے اہم ذریعہ تھی۔ اور معلوم ہے کہ تجارتی آمد و رفت امن و سلامتی کی فضا کے بغیر آسان نہیں اور جزیرۃ العرب کا حال یہ تھا کہ سوائے حرمت والے مہینوں کے امن و سلامتی کا کہیں وجود نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ صرف حرام مہینوں ہی میں عرب کے مشہور بازار عُکاظ، ذی المجاز، اور مَجنّہ وغیرہ لگتے تھے۔

جہاں تک صنعتوں کا معاملہ ہے تو عرب اس میدان میں ساری دنیا سے پیچھے تھے۔ کپڑے کی بُنائی اور چمڑے کی دِباغت وغیرہ کی شکل میں جو چند صنعتیں پائی بھی جاتی تھیں وہ زیادہ تر یمن، حیرہ اور شام کے متصل علاقوں میں تھیں۔ البتہ اندرونِ عرب کھیتی باڑی اور گلّہ بانی کا کسی قدر رواج تھا۔

ساری عرب عورتیں سوت کاتتی تھیں لیکن مشکل یہ تھی کہ سارا مال و متاع ہمیشہ لڑائیوں کی زد میں رہتا تھا۔ فقر اور بھوک کی وبا عام تھی اور لوگ ضروری کپڑوں اور لباس سے بھی بڑی حد تک محروم رہتے تھے۔

اخلاق یہ تو اپنی جگہ مُسلّم ہے ہی کہ اہلِ جاہلیت میں خَسِیس و رَذِیل عادتیں اور وجدان و شعور اور عقلِ سلیم کے خلاف باتیں پائی جاتی تھیں لیکن ان میں ایسے پسندیدہ اخلاقِ فاضلہ بھی تھے جنہیں دیکھ کر انسان دنگ اور ششدر رہ جاتا ہے۔ مثلاً:

۱۔ کرم و سخاوت ـــــ یہ اہلِ جاہلیت کا ایسا وصف تھا جس میں وہ ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کی کوشش کرتے تھے اور اس پر اس طرح فخر کرتے تھے کہ عرب کے آدھے اشعار اسی کی نذر ہو گئے ہیں۔ اس وصف کی بنیاد پر کسی نے خود اپنی تعریف کی ہے تو کسی نے کسی اور کی۔ حالت یہ تھی کہ سخت جاڑے اور بھوک کے زمانے میں کسی کے گھر کوئی مہمان آجاتا اور اس کے پاس اپنی اس ایک اونٹنی کے سوا کچھ نہ ہوتا جو اس کی اور اس کے کنبے کی زندگی کا واحد ذریعہ ہوتی تو بھی ـــ ایسی سنگین حالت کے باوجود ـــ اس پر سخاوت کا جوش غالب آجاتا اور وہ اٹھ کر اپنے مہمان کے لیے اپنی اونٹنی ذبح کر دیتا۔ ان کے کرم ہی کا نتیجہ تھا کہ وہ بڑی بڑی دیت اور مالی ذمہ داریاں اٹھا لیتے اور اس طرح انسانوں کو بربادی اور خونریزی سے بچا کر دوسرے رئیسوں اور سرداروں کے مقابل فخر کرتے تھے۔

اسی کرم کا نتیجہ تھا کہ وہ شراب نوشی پر فخر کرتے تھے۔ اس لیے نہیں کہ یہ بذاتِ خود کوئی فخر کی چیز تھی بلکہ اس لیے کہ یہ کرم و سخاوت کو آسان کر دیتی تھی کیونکہ نشے کی حالت میں مال لٹانا انسانی طبیعت پر گراں نہیں گزرتا۔ اس لیے یہ لوگ انگور کے درخت کو کرم اور انگور کی شراب کو بنت الکرم کہتے تھے۔ جاہلی اشعار کے دَوَاوِین پر نظر ڈالیے تو یہ مدح و فخر کا ایک اہم باب نظر آئے گا۔ عنترہ بن شداد عبسی اپنے مُعلّقہ میں کہتا ہے:

ولقد شربت من المدامة بعد ما	ركد الهواجر بالمشوف المعلم
بزجاجة صفراء ذات أسرة	قرنت بأزهر بالشمال مفدم
فاذا شربت فاننى مستهلك	مالى، وعرضى وافر لم يكلم
واذا صحوت فما اقصر عن ندى	وكما علمت شمائلى وتكرمى

"میں نے دوپہر کی تیزی رکنے کے بعد ایک زرد رنگ کے دھاری دار جام بلوریں سے جو بائیں جانب رکھی ہوئی تابناک اور منہ بند خُم کے ساتھ تھا، نشان لگی ہوئی صاف شفاف شراب پی۔ اور جب میں

پی لیتا ہوں تو اپنا مال لٹا ڈالتا ہوں۔ لیکن میری آبرو بھرپور رہتی ہے اس پر کوئی چوٹ نہیں آتی۔ اور جب مَیں ہوش میں آتا ہوں تب بھی سخاوت میں کوتاہی نہیں کرتا اور میرا اخلاق وکرم جیسا کچھ ہے تمہیں معلوم ہے "،

ان کے کرم ہی کا نتیجہ تھا کہ وہ جوا کھیلتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ یہ بھی سخاوت کی ایک راہ ہے کیونکہ انہیں جو نفع حاصل ہوتا، یا نفع حاصل کرنے والوں کے حصے سے جو کچھ فاضل بچ رہتا اسے مسکینوں کو دے دیتے تھے۔ اسی لیے قرآنِ پاک نے شراب اور جوئے کے نفع کا انکار نہیں کیا بلکہ یہ فرمایا کہ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا (۲: ۲۱۹) "ان دونوں کا گناہ ان کے نفع سے بڑھ کر ہے"

۲۔ وفائے عہد ـــــ یہ بھی دَورِ جاہلیت کے اخلاقِ فاضلہ میں سے ہے۔ عہد کو ان کے نزدیک دین کی حیثیت حاصل تھی جس سے وہ بہرحال چمٹے رہتے تھے۔ اور اس راہ میں اپنی اولاد کا خون اور اپنے گھربار کی تباہی بھی ہیچ سمجھتے تھے۔ اسے سمجھنے کے لیے ہانی بن مسعود شیبانی، سموآل بن عادیا اور حاجب بن زرارہ کے واقعات کافی ہیں۔

۳۔ خودداری وعزّتِ نفس ـــــ اس پر قائم رہنا اور ظلم وجبر برداشت نہ کرنا بھی جاہلیت کے معروف اخلاق میں سے تھا۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ ان کی شجاعت وغیرت حد سے بڑھی ہوئی تھی۔ وہ فوراً بھڑک اٹھتے تھے اور ذرا ذرا سی بات پر جس سے ذلت واہانت کی بو آتی، شمشیر وسنان اٹھا لیتے اور نہایت خونریز جنگ چھیڑ دیتے۔ انہیں اس راہ میں اپنی جان کی قطعاً پروا نہ رہتی۔

۴۔ عزائم کی تکمیل ـــــ اہلِ جاہلیت کی ایک خصوصیت یہ بھی تھی کہ جب وہ کسی کام کو مجد وافتخار کا ذریعہ سمجھ کر انجام دینے پر تُل جاتے تو پھر کوئی رکاوٹ انہیں روک نہیں سکتی تھی۔ وہ اپنی جان پر کھیل کر اس کام کو انجام دے ڈالتے تھے۔

۵۔ حلم وبُردباری اور سنجیدگی ـــــ یہ بھی اہلِ جاہلیت کے نزدیک قابلِ ستائش خوبی تھی، مگر یہ ان کی حد سے بڑھی ہوئی شجاعت اور جنگ کے لیے ہمہ وقت آمادگی کی عادت کے سبب نادر الوجود تھی۔

۶۔ بدوی سادگی ـــــ یعنی تمدّن کی آلائشوں اور داؤ پیچ سے ناواقفیت اور دُوری۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ ان میں سچائی اور امانت پائی جاتی تھی۔ وہ فریب کاری وبدعہدی سے دور اور متنفّر تھے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ جزیرۃ العرب کو ساری دنیا سے جو جغرافیائی نسبت حاصل تھی اس کے علاوہ یہی وہ قیمتی اخلاق تھے جن کی وجہ سے اہلِ عرب کو بنی نوع انسان کی قیادت اور رسالتِ عامّہ کا بوجھ اٹھانے

کے لیے منتخب کیا گیا۔ کیونکہ یہ اخلاق اگرچہ بعض اوقات شر و فساد کا سبب بن جاتے تھے اور ان کی وجہ سے المناک حادثات پیش آجاتے تھے لیکن یہ فی نفسہٖ بڑے قیمتی اخلاق تھے۔ جو تھوڑی سی اصلاح کے بعد انسانی معاشرے کے لیے نہایت مفید بن سکتے تھے، اور یہی کام اسلام نے انجام دیا۔

غالباً ان اخلاق میں بھی ایفائے عہد کے بعد عزتِ نفس اور پختگیٔ عزم سب سے گراں قیمت اور نفع بخش جوہر تھا۔ کیونکہ اس قوتِ قاہرہ اور عزمِ مُصَمَّم کے بغیر شرّ و فساد کا خاتمہ اور نظامِ عدل کا قیام ممکن نہیں۔

اہل جاہلیت کے کچھ اور بھی اخلاقِ فاضلہ تھے لیکن یہاں سب کا احاطہ کرنا مقصود نہیں۔

خاندانِ نبوّت

نسب نبی ﷺ کا سلسلۂ نسب تین حصوں پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ ایک حصہ جس کی صحت پر اہلِ سیَر اور ماہرینِ انساب کا اتفاق ہے۔ یہ عدنان تک منتہی ہوتا ہے۔ دوسرا حصہ جس میں اہلِ سیَر کا اختلاف ہے کسی نے توقّف کیا ہے اور کوئی قائل ہے۔ یہ عدنان سے اوپر ابراہیم علیہ السلام تک منتہی ہوتا ہے۔ تیسرا حصہ جس میں یقیناً کچھ غلطیاں ہیں یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اوپر حضرت آدم علیہ السلام تک جاتا ہے۔ اس کی جانب اشارہ گذر چکا ہے۔ ذیل میں تینوں حصّوں کی قدرے تفصیل پیش کی جا رہی ہے۔

پہلا حصّہ محمّد بن عبداللہ بن عبدالمطلب (شَیْبَہ) بن ہاشم (عَمْرو) بن عبد مناف (مغیرہ) بن قُصَیّ (زید) بن کلاّب بن مرّۃ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر (انہی کا لقب قریش تھا اور ان ہی کی طرف قبیلہ قریش منسوب ہے) بن مالک بن نضر (قیس) بن کنانہ بن خُزَیمہ بن مدرکہ (عامر) بن الیاس بن مضر بن نزار بن مَعَدّ بن عُدنان[1]

دوسرا حصّہ عدنان سے اوپر یعنی عدنان بن أد بن ہمیسع بن سلامان بن عوص بن بوز بن قموال بن أبی بن عوام بن ناشد بن حزا بن بلداس بن یدلاف بن طابخ بن جاحم بن ناحش بن ماخی بن عیض بن عبقر بن عبید بن الدعا بن حمدان بن سنبر بن یثربی بن یحزن بن یلحن بن أرعوی بن عیض بن دیشان بن عیصر بن أفناد بن أیہام بن مقصر بن ناحث بن زارح بن سمی بن مزی بن عوضہ بن عرام بن قیدار بن اسماعیلؑ بن ابراہیم علیہ السلام[2]

تیسرا حصّہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے اُوپر۔ ابراہیم بن تارح (آزر) بن ناحور بن سارو ع (یا ساروغ) بن راعو بن فالخ بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام بن لامک بن متوشلخ بن اخنوخ (کہا جاتا ہے کہ یہ ادریسؑ کا نام ہے) بن یرد بن مہلائیل بن قینان بن آنوشہ بن شیث بن آدم علیہ السلام[3]

---

[1] ابنِ ہشام ۱/۱، ۲ تلقیح فہوم اہل الاثر ص ۵، ۶ رحمۃ للعالمین ۲/۱۱ تا ۱۴، ۵۲

[2] علامہ منصور پوری نے بڑی دقیق تحقیق کے بعد یہ حصہ نسب کلبی اور ابن سعد کی روایت سے جمع کیا ہے دیکھئے رحمۃ للعالمین ۲/۱۴ تا ۱۷، تاریخی مآخذ میں اس حصے کی بابت بڑا اختلاف ہے۔

[3] ابنِ ہشام ۱/۲ تا ۴ ۔ تلقیح الفہوم ص۶ خلاصۃ السیر ص ۶ رحمۃ للعالمین ۲/ ۱۸ بعض ناموں کے متعلق ان مآخذ میں اختلاف بھی ہے۔ اور بعض نام بعض مآخذ سے ساقط بھی ہیں۔

خانوادہ نبی ﷺ کا خانوادہ اپنے جدِّ اعلیٰ ہاشم بن عبد مناف کی نسبت سے خانوادۂ ہاشمی کے نام سے معروف ہے۔ اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہاشم اور ان کے بعد کے بعض افراد کے مختصر حالات پیش کر دیئے جائیں۔

۱۔ **ھاشم:** ہم بتا چکے ہیں کہ جب بنو عبد مناف اور بنو عبد الدار کے درمیان عہدوں کی تقسیم پر مصالحت ہوگئی تو عبدِ مناف کی اولاد میں ہاشم ہی کو سِقَایہ اور رِفَادہ یعنی حجاج کرام کو پانی پلانے اور ان کی میزبانی کرنے کا منصب حاصل ہُوا۔ ہاشم بڑے معزز اور مالدار تھے۔ یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے مکے میں حاجیوں کو شوربا روٹی سان کر کھلانے کا اہتمام کیا۔ ان کا اصل نام عَمْرو تھا لیکن روٹی توڑ کر شوربے میں ساننے کی وجہ سے ان کو ہاشم کہا جانے لگا کیونکہ ہاشم کے معنی ہیں توڑنے والا۔ پھر یہی ہاشم وہ پہلے آدمی ہیں جنہوں نے قریش کے لیے گرمی اور جاڑے کے دو سالانہ تجارتی سفروں کی بنیاد رکھی ان کے بارے میں شاعر کہتا ہے:

عمرو الذی هشم الثرید لقومه — قوم بمكة مسنتين عجاف

سنت الیه الرحلتان کلاهما — سفر الشتاء ورحلة الأصیاف

"یہ عَمْرو ہی ہیں جنہوں نے قحط کی ماری ہوئی اپنی لاغر قوم کو مکہ میں روٹیاں توڑ کر شوربے میں بھگو بھگو کر کھلائیں اور جاڑے اور گرمی کے دونوں سفروں کی بنیاد رکھی۔"

ان کا ایک اہم واقعہ یہ ہے کہ وہ تجارت کے لیے ملک شام تشریف لے گئے۔ راستے میں مدینہ پہنچے تو وہاں قبیلۂ بنی نجّار کی ایک خاتون سَلمٰی بنت عَمْرو سے شادی کر لی اور کچھ دنوں وہیں ٹھہرے رہے۔ پھر بیوی کو حالتِ حمل میں میکے ہی میں چھوڑ کر ملک شام روانہ ہوگئے اور وہاں جا کر فلسطین کے شہر غَزَّہ میں انتقال کر گئے۔ ادھر سَلمٰی کے بطن سے بچّہ پیدا ہوا۔ یہ ۴۹۷ء کی بات ہے چونکہ بچے کے سر کے بالوں میں سفیدی تھی اس لیے سلمٰی نے اس کا نام شَیْبَہ رکھا[۴] اور یثرب میں اپنے میکے ہی کے اندر اس کی پرورش کی۔ آگے چل کر یہی بچہ عبد المُطَّلِب کے نام سے مشہور ہوا۔ عرصے تک خاندانِ ہاشم کے کسی آدمی کو اس کے وجود کا علم نہ ہوسکا۔ ہاشم کے کل چار بیٹے اور پانچ بیٹیاں تھیں جن کے نام یہ ہیں۔ اسد، ابوصیفی، نضلہ، عبد المُطَّلِب ــــ شفاء، خالدہ، ضعیفہ، رقیہ اور جنتہ[۵]

۲۔ **عبد المُطَّلِب** ــــ پچھلے صفحات سے معلوم ہو چکا ہے سِقَایہ اور رِفادہ کا منصب

---

[۴] ابنِ ہشام ۱/۱۳۷ رحمۃ للعالمین ۱/۲۶ ، ۲/۲۴ [۵] ایضاً ۱/۱۰۷

ہاشم کے بعد ان کے بھائی مُطَّلِب کو ملا۔ یہ بھی اپنی قوم میں بڑی خوبی و اعزاز کے مالک تھے۔ ان کی بات ٹالی نہیں جاتی تھی۔ ان کی سخاوت کے سبب قریش نے ان کا لقب فیاض رکھ چھوڑا تھا۔ جب شَیْبَہ یعنی عبدالمُطَّلِب ۔۔۔ دس بارہ برس کے ہو گئے تو مُطَّلِب کو ان کا علم ہُوا اور وہ انہیں لینے کے لیے روانہ ہُوئے۔ جب یثرب کے قریب پہنچے اور شیبہ پر نظر پڑی تو اشکبار ہو گئے، انہیں سینے سے لگا لیا اور پھر اپنی سواری پر پیچھے بٹھا کر مکّہ کے لیے روانہ ہو گئے۔ مگر شَیْبَہ نے ماں کی اجازت کے بغیر ساتھ جانے سے انکار کر دیا۔ اس لیے مُطَّلِب ان کی ماں سے اجازت کے طالب ہوئے مگر ماں نے اجازت نہ دی۔ آخر مُطَّلِب نے کہا کہ یہ اپنے والد کی حکومت اور اللہ کے حرم کی طرف جا رہے ہیں۔ اس پر ماں نے اجازت دے دی اور مُطَّلِب انہیں اپنے اُونٹ پر بٹھا کر مکہ لے آئے۔ مکّے والوں نے دیکھا تو کہا یہ عبدالمُطَّلِب ہے یعنی مُطَّلِب کا غلام ہے۔ مُطَّلِب نے کہا نہیں نہیں۔ یہ میرا بھتیجا یعنی میرے بھائی ہاشم کا لڑکا ہے۔ پھر شَیْبَہ نے مُطَّلِب کے پاس پرورش پائی اور جوان ہُوئے ۔۔۔ اس کے بعد مقام ردمان (یمن) میں مُطَّلِب کی وفات ہو گئی اور ان کے چھوڑے ہُوئے مناصب عبدالمُطَّلِب کو حاصل ہُوئے۔ عبدالمُطَّلِب نے اپنی قوم میں اس قدر شرف و اعزاز حاصل کیا کہ ان کے آباء و اجداد میں بھی کوئی اس مقام کو نہ پہنچ سکا تھا۔ قوم نے انہیں دل سے چاہا اور ان کی بڑی عزت و قدر کی۔[۱]

جب مُطَّلِب کی وفات ہو گئی تو نوفل نے عبدالمُطَّلِب کے صحن پر غاصبانہ قبضہ کر لیا۔ عبدالمُطَّلِب نے قریش کے کچھ لوگوں سے اپنے چچا کے خلاف مدد چاہی لیکن انہوں نے یہ کہہ کر معذرت کر دی کہ ہم تمہارے اور تمہارے چچا کے درمیان دخیل نہیں ہو سکتے۔ آخر عبدالمُطَّلِب نے بنی نجّار میں اپنے ماموں کو کچھ اشعار لکھ بھیجے جس میں ان سے مدد کی درخواست کی تھی۔ جواب میں ان کا ماموں ابو سعد بن عدی اسّی سوار لے کر روانہ ہوا۔ اور مکّے کے قریب اَبْطَح میں اترا۔ عبدالمُطَّلِب نے وہیں ملاقات کی اور کہا ماموں جان! گھر تشریف لے چلیں۔ ابو سُعَد نے کہا نہیں خدا کی قسم! یہاں تک کہ نوفل سے مل لوں۔ اس کے بعد ابو سُعد آگے بڑھا اور نوفل کے سر پر آن کھڑا ہوا۔ نوفل حَطِیم میں مشائخ قریش کے ہمراہ بیٹھا تھا۔ ابو سعد نے تلوار بے نیام کرتے ہُوئے کہا: "اس گھر کے رب کی قسم! اگر تم نے میرے بھانجے کی زمین واپس نہ کی تو یہ تلوار تمہارے اندر پیوست کر دوں گا۔" نوفل نے کہا اچھا! لو میں نے واپس کر دی۔ اس پر ابو سعد نے

---

[۱] ابن ہشام ۱/۱۳۷، ۱۳۸

مشائخ قریش کو گواہ بنایا، پھر عبدالمُطّلب کے گھر گیا اور تین روز مقیم رہ کر عُمرہ کرنے کے بعد مدینہ واپس چلا گیا۔

اس واقعے کے بعد نوفل نے بنی ہاشم کے خلاف بنی عبدِشمس سے باہمی تعاون کا عہد و پیمان کیا۔ ادھر بنُو خزاعہ نے دیکھا کہ بنو نجّار نے عبدالمطّلب کی اس طرح مدد کی ہے تو کہنے لگے کہ عبدالمُطّلِب جس طرح تمہاری اولاد ہے ہماری بھی اولاد ہے۔ لہٰذا ہم پر اس کی مدد کا حق زیادہ ہے — اس کی وجہ یہ تھی کہ عبدِمناف کی ماں قبیلہ خُزاعہ ہی سے تعلق رکھتی تھیں — چنانچہ بنو خزاعہ نے دارالندوہ میں جا کر بنو عبدِشمس اور بنو نوفل کے خلاف بنو ہاشم سے تعاون کا عہد و پیمان کیا۔ یہی پیمان تھا جو آگے چل کر اسلامی دور میں فتح مکہ کا سبب بنا۔ تفصیل اپنی جگہ آ رہی ہے[۱]۔

بیت اللہ کے تعلق سے عبدالمطّلب کے ساتھ دو اہم واقعات پیش آئے، ایک چاہِ زمزم کی کھدائی کا واقعہ اور دوسرا فیل کا واقعہ۔

چاہِ زمزم کی کھدائی

پہلے واقعہ کا خلاصہ یہ ہے کہ عبدالمُطّلب نے خواب دیکھا کہ انہیں زمزم کا کنواں کھودنے کا حکم دیا جا رہا ہے اور خواب ہی میں انہیں اس کی جگہ بھی بتائی گئی۔ انہوں نے بیدار ہونے کے بعد کھدائی شروع کی اور رفتہ رفتہ وہ چیزیں برآمد ہوئیں جو بنو جُرہُم نے مکہ چھوڑتے وقت چاہِ زمزم میں دفن کی تھیں۔ یعنی تلواریں، زرہیں، اور سونے کے دونوں ہرن۔ عبدالمطّلب نے تلواروں سے کعبے کا دروازہ ڈھالا۔ سونے کے دونوں ہرن بھی دروازے ہی میں فٹ کئے اور حاجیوں کو زمزم پلانے کا بندوبست کیا۔

کھدائی کے دوران یہ واقعہ بھی پیش آیا کہ جب زمزم کا کنواں نمودار ہو گیا تو قریش نے عبدالمُطّلب سے جھگڑا شروع کیا اور مطالبہ کیا کہ ہمیں بھی کھدائی میں شریک کر لو۔ عبدالمُطّلِب نے کہا میں ایسا نہیں کر سکتا۔ میں اس کام کے لیے مخصوص کیا گیا ہوں، لیکن قریش کے لوگ باز نہ آئے۔ یہاں تک کہ فیصلے کے لیے بنو سعد کی ایک کاہنہ عورت کے پاس جانا طے ہوا اور لوگ مکّہ سے روانہ بھی ہو گئے لیکن راستے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسی علامات دکھلائیں کہ وہ سمجھ گئے کہ زمزم کا کام قدرت کی طرف سے عبدالمُطّلِب کے ساتھ مخصوص ہے۔ اس لیے راستے ہی سے پلٹ آئے۔ یہی موقع تھا جب عبدالمُطّلِب نے نذر مانی کہ اگر اللہ نے اُنہیں دس لڑکے عطا کئے اور وہ سب کے سب اس عمر کو پہنچے کہ ان کا بچاؤ کر سکیں تو وہ ایک لڑکے کو کعبہ کے پاس قربان کر دیں گے[۲]۔

---

[۱] مختصر سیرۃ الرسول ا لشیخ الاسلام محمد بن عبدالوہاب نجدیؒ ص ۴۱، ۴۲   [۲] ابن ہشام ۱/ ۱۴۲ تا ۱۴۷

واقعۂ فیل دوسرے واقعے کا خلاصہ یہ ہے کہ اَبْرَہَہ صباح حبشی نے (جو نجاشی بادشاہِ حبش کی طرف سے یمن کا گورنر جنرل تھا) جب دیکھا کہ اہلِ عرب خانہ کعبہ کا حج کرتے ہیں تو صنعاء میں ایک بہت بڑا کلیسا تعمیر کیا۔ اور چاہا کہ عرب کا حج اسی کی طرف پھیر دے مگر جب اس کی خبر بنو کنانہ کے ایک آدمی کو ہوئی تو اس نے رات کے وقت کلیسا کے اندر گھس کر اس کے قبلے پر پائخانہ پوت دیا۔ اَبْرَہَہ کو پتا چلا تو سخت برہم ہوا۔ اور ساٹھ ہزار کا ایک لشکرِ جرّار لے کر کعبے کو ڈھانے کے لیے نکل کھڑا ہوا۔ اس نے اپنے لیے ایک زبردست ہاتھی بھی منتخب کیا۔ لشکر میں کل نو یا تیرہ ہاتھی تھے۔ ابرہہ یمن سے یلغار کرتا ہوا مُغَمَّس پہنچا اور وہاں اپنے لشکر کو ترتیب دیکر اور ہاتھی کو تیار کر کے مکے میں داخلے کے لیے چل پڑا جب مُزْدَلِفَہ اور مِنٰی کے درمیان وادئ مُحَسِّر میں پہنچا تو ہاتھی بیٹھ گیا اور کعبے کی طرف بڑھنے کے لیے کسی طرح نہ اٹھا۔ اس کا رُخ شمال جنوب یا مشرق کی طرف کیا جاتا تو اٹھ کر دوڑنے لگتا لیکن کعبے کی طرف کیا جاتا تو بیٹھ جاتا۔ اسی دوران اللہ نے چڑیوں کا ایک جُھنڈ بھیج دیا جس نے لشکر پر ٹھیکری جیسے پتھر گرائے اور اللہ نے اسی سے انہیں کھائے ہُوئے بھُس کی طرح بنا دیا۔ یہ چڑیاں ابابیل اور قُمری جیسی تھیں، ہر چڑیا کے پاس تین تین کنکریاں تھیں، ایک چونچ میں اور دو پنجوں میں کنکریاں چنے جیسی تھیں، مگر جس کسی کو لگ جاتی تھیں اس کے اعضاء کٹنا شروع ہو جاتے تھے اور وہ مر جاتا تھا۔ یہ کنکریاں ہر آدمی کو نہیں لگی تھیں، لیکن لشکر میں ایسی بھگدڑ مچی کہ ہر شخص دُوسرے کو روندتا کُچلتا گرتا پڑتا بھاگ رہا تھا۔ پھر بھاگنے والے ہر راہ پر گر رہے تھے اور ہر چشمے پر مر رہے تھے۔ ادھر اَبْرَہَہ پر اللہ نے ایسی آفت بھیجی کہ اس کی انگلیوں کے پور جھڑ گئے اور صَنْعَاء پہنچتے پہنچتے چوزے جیسا ہوگیا۔ پھر اس کا سینہ پھٹ گیا، دل باہر نکل آیا اور وہ مر گیا۔

اَبْرَہَہ کے اس حملے کے موقع پر مکّے کے باشندے جان کے خوف سے گھاٹیوں میں بکھر گئے تھے اور پہاڑ کی چوٹیوں پر جا چھپے تھے۔ جب لشکر پر عذاب نازل ہوگیا تو اطمینان سے اپنے گھروں کو پلٹ آئے۔[۹]

یہ واقعہ ___ بیشتر اہلِ سیر کے بقول ___ نبی ﷺ کی پیدائش سے صرف پچاس یا پچپن دن پہلے ماہِ محرم میں پیش آیا تھا لہٰذا یہ ۵۷۱ء کی فروری کے اواخر یا مارچ کے اوائل کا واقعہ ہے یہ درحقیقت ایک تمہیدی نشانی تھی جو اللہ نے اپنے نبی اور اپنے کعبہ کے لیے ظاہر فرمائی تھی کیونکہ آپ بیت المقدس کو دیکھئے کہ اپنے دَور میں اہلِ اسلام کا قبلہ تھا اور وہاں کے باشندے مسلمان

---

[۹] ابن ہشام ۱/۴۳ تا ۵۶

تھے۔ اس کے باوجود اس پر اللہ کے دشمن یعنی مشرکین کا تسلط ہو گیا تھا جیسا کہ بُخت نصر کے حملہ (۵۸۷ ق م) اور اہل روما کے قبضہ (۷۰ء) سے ظاہر ہے۔ لیکن اس کے برخلاف کعبہ پر عیسائیوں کو تسلُّط حاصل نہ ہو سکا، حالانکہ اس وقت یہی مسلمان تھے اور کعبے کے باشندے مشرک تھے۔

پھر یہ واقعہ ایسے حالات میں پیش آیا کہ اس کی خبر اس وقت کی متمدّن دنیا کے بیشتر علاقوں یعنی روم و فارس میں آناً فاناً پہنچ گئی۔ کیونکہ حبشہ کا رومیوں سے بڑا گہرا تعلق تھا اور دوسری طرف فارسیوں کی نظر رومیوں پر برابر رہتی تھی اور وہ رومیوں اور ان کے حلیفوں کے ساتھ پیش آنے والے واقعات کا برابر جائزہ لیتے رہتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اس واقعے کے بعد اہلِ فارس نے نہایت تیزی سے یمن پر قبضہ کر لیا۔ اب چونکہ یہی دو حکومتیں اس وقت متمدن دنیا کے اہم حصے کی نمائندہ تھیں۔ اس لیے اس واقعے کی وجہ سے دنیا کی نگاہیں خانہ کعبہ کی طرف متوجہ ہو گئیں۔ انہیں بیت اللہ کے شرف و عظمت کا ایک کھلا ہوا خدائی نشان دکھلائی پڑ گیا۔ اور یہ بات دلوں میں اچھی طرح بیٹھ گئی کہ اس گھر کو اللہ نے تقدیس کے لیے منتخب کیا ہے۔ لہٰذا آئندہ یہاں کی آبادی سے کسی انسان کا دعوائے نبوت کے ساتھ اُٹھنا اس واقعے کے تقاضے کے عین مطابق ہوگا۔ اور اس خدائی حکمت کی تفسیر ہوگا جو عالم اسباب سے بالاتر طریقے پر اہل ایمان کے خلاف مشرکین کی مدد میں پوشیدہ تھی۔

عبدالمُطّلب کے کل دس بیٹے تھے جن کے نام یہ ہیں: حارِث، زُبیرؔ، ابوطالِب، عبداللہ، حمزہؓ، ابولہبؔ، غَیداق، مقوم، صفار اور عبّاسؓ۔ بعض نے کہا ہے کہ گیارہ تھے۔ ایک کا نام قثم تھا اور بعض اور لوگوں نے کہا ہے کہ تیرہ تھے۔ ایک کا نام عبدالکعبہ اور ایک کا نام حجل تھا۔ لیکن دس کے قائلین کہتے ہیں کہ مقوم ہی کا دوسرا نام عبدالکعبہ اور غیداق کا دوسرا نام حجل تھا اور قثم نام کا کوئی شخص عبدالمطلب کی اولاد میں نہ تھا ـــــ عبدالمُطّلب کی بیٹیاں چھ تھیں۔ نام یہ ہیں: ام الحکیم ان کا نام بیضا ہے۔ برّہ۔ عاتکہ۔ صفیہ۔ اَرْویٰ اور اُمَیمہ۔ [1]

۳۔ عَبْدُ اللّٰہ ـــــ رَسُوْلُ اللّٰہ ﷺ کے والد محترم ـــــ

ان کی والدہ کا نام فاطمہ تھا اور وہ عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ کی صاحبزادی تھیں۔ عبدالمُطّلِب کی اولاد میں عبداللہ سب سے زیادہ خوبصورت پاکدامن اور چہیتے تھے اور ذبیح کہلاتے تھے۔ ذبیح کہلانے کی وجہ یہ تھی کہ جب عبدالمُطّلِب کے لڑکوں کی تعداد پوری دس ہو گئی اور

---

[1] تلقیح الفہوم ص ۸، ۹ رحمۃ للعالمین ۲/۵۶، ۶۶

وہ بچاؤ کرنے کے لائق ہوگئے۔ تو عبدالمُطَّلِب نے انہیں اپنی نذر سے آگاہ کیا۔ سب نے بات مان لی۔ اس کے بعد عبدالمطلب نے قسمت کے تیروں پر ان سب کے نام لکھے ــــ اور ہُبَل کے قیم کے حوالے کیا۔ قیم نے تیروں کو گردش دے کر قرعہ نکالا تو عبداللہ کا نام نکلا۔ عبدالمُطَّلِب نے عبداللہ کا ہاتھ پکڑا، چھری لی اور ذبح کرنے کے لیے خانہ کعبہ کے پاس لے گئے۔ لیکن قریش اور خصوصاً عبداللہ کے ننہیال والے یعنی بنو مخزوم اور عبداللہ کے بھائی ابوطالب آڑے آئے۔ عبدالمُطَّلِب نے کہا تب میں اپنی نذر کا کیا کروں؟ انہوں نے مشورہ دیا کہ وہ کسی خاتون عَرّافَہ کے پاس جاکر حل دریافت کریں۔ عبدالمُطَّلِب ایک عَرّافَہ کے پاس گئے۔ اس نے کہا کہ عبداللہ اور دس اونٹوں کے درمیان قرعہ اندازی کریں، اگر عبداللہ کے نام قرعہ نکلے تو مزید دس اونٹ بڑھا دیں۔ اس طرح اونٹ بڑھاتے جائیں اور قرعہ اندازی کرتے جائیں، یہاں تک کہ اللہ راضی ہو جائے۔ پھر اونٹوں کے نام قرعہ نکل آئے تو انہیں ذبح کر دیں۔ عبدالمُطَّلِب نے واپس آکر عبداللہ اور دس اونٹوں کے درمیان قرعہ اندازی کی مگر قرعہ عبداللہ کے نام نکلا۔ اس کے بعد وہ دس دس اونٹ بڑھاتے گئے اور قرعہ اندازی کرتے گئے مگر قرعہ عبداللہ کے نام ہی نکلتا رہا۔ جب سو اونٹ پورے ہوگئے تو قرعہ اونٹوں کے نام نکلا۔ اب عبدالمُطَّلِب نے انہیں عبداللہ کے بدلے ذبح کیا اور وہیں چھوڑ دیا۔ کسی انسان یا درندے کے لیے کوئی رکاوٹ نہ تھی۔ اس واقعے سے پہلے قریش اور عرب میں خون بہا (دیت) کی مقدار دس اونٹ تھی مگر اس واقعے کے بعد سو اونٹ کر دی گئی۔ اسلام نے بھی اس مقدار کو برقرار رکھا۔ نبی ﷺ سے آپ کا یہ ارشاد مروی ہے کہ میں دو ذبیح کی اولاد ہوں۔ ایک حضرت اسماعیل علیہ السلام اور دوسرے آپ کے والد عبداللہ[۱]

عبدالمُطَّلِب نے اپنے صاحبزادے عبداللہ کی شادی کے لیے حضرت آمنہ کا انتخاب کیا جو وہب بن عبدِمناف بن زہرہ بن کلاب کی صاحبزادی تھیں اور نسب اور رتبے کے لحاظ سے قریش کی افضل ترین خاتون شمار ہوتی تھیں۔ ان کے والد نسب اور شرف دونوں حیثیت سے بنو زہرہ کے سردار تھے۔ وہ مکہ ہی میں رخصت ہوکر حضرت عبداللہ کے پاس آئیں مگر تھوڑے عرصے بعد عبداللہ کو عبدالمُطَّلِب نے کھجور لانے کے لیے مدینہ بھیجا اور وہ وہیں انتقال کر گئے۔

---

[۱] ابنِ ہشام ۱/۱۵۱ تا ۱۵۵ رحمۃ للعالمین ۲/۸۹، ۹۰ مختصر سیرۃ الرسول شیخ عبداللہ نجدی ص ۱۲، ۲۲، ۲۳،

بعض اہلِ سیر کہتے ہیں کہ وہ تجارت کے لیے مُلک شام تشریف لے گئے تھے۔ قریش کے ایک قافلے کے ہمراہ واپس آتے ہوئے بیمار ہو کر مدینہ اترے۔ اور وہیں انتقال کر گئے۔ تدفین نابغہ جُعدی کے مکان میں ہُوئی۔ اس وقت ان کی عمر پچیس برس کی تھی۔ اکثر مؤرخین کے بقول ابھی رسُول اللہ ﷺ پیدا نہیں ہُوئے تھے۔ البتہ بعض اہل سیر کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کی پیدائش ان کی وفات سے دو ماہ پہلے ہو چکی تھی[۱۲] جب ان کی وفات کی خبر مکہ پہنچی تو حضرت آمنہ نے نہایت درد انگیز مرثیہ کہا جو یہ ہے:

عفا جانب البطحاء من ابن هاشم — وجاور لحدا خارجا فی الغماغم

دعته المنایا دعوة فاجابها — وما ترکت فی الناس مثل ابن هاشم

عشیة راحوا یحملون سریرہ — تعاورہ اصحابه فی التزاحم

فان تك غالته المنایا وریبها — فقد کان معطاء کثیر التراحم[۱۳]

"بطحا کی آغوش ہاشم کے صاحبزادے سے خالی ہوگئی۔ وہ بانگ وخروش کے درمیان ایک لحد میں آسودۂ خواب ہوگیا۔ اسے موت نے ایک پکار لگائی اور اس نے لبیک کہہ دیا۔ اب موت نے لوگوں میں ابنِ ہاشم جیسا کوئی انسان نہیں چھوڑا (کتنی حسرت ناک تھی) وہ شام جب لوگ انہیں تخت پر اٹھائے لے جا رہے تھے۔ اگر موت اور موت کے حوادث نے ان کا وجود ختم کر دیا ہے (تو ان کے کردار کے نقوش نہیں مٹائے جا سکتے) وہ بڑے دانا اور رحم دل تھے۔"

عبداللہ کا کُل ترکہ یہ تھا: پانچ اونٹ، بکریوں کا ایک ریوڑ، ایک حبشی لونڈی جن کا نام برکت تھا اور کنیّت اُمِّ ایمن۔ یہی اُمِّ ایمن ہیں جنہوں نے رسُول اللہ ﷺ کو گود کھلایا تھا[۱۴]

---

[۱۲] ابن ہشام ۱/۱۵۶، ۱۵۸ فقہ السیرہ از محمد غزالی ص ۴۵، رحمۃ للعالمین ۲/۹۱

[۱۳] طبقات ابن سعد ۱/۶۲

[۱۴] مختصر السیرۃ از شیخ عبداللہ صفحہ ۱۲ تلقیح الفہوم صفحہ ۱۴۔ صحیح مسلم ۲/۹۶

ولادت باسعادت اور حیاتِ طیبہ کے چالیس سال

ولادتِ باسعادت

رسول اللہ ﷺ مکہ میں شعبِ بنی ہاشم کے اندر ۹ ربیع الاول سنہ عام الفیل یوم دوشنبہ کو صبح کے وقت پیدا ہوئے۔ اس وقت نوشیرواں کی تخت نشینی کا چالیسواں سال تھا اور ۲۰ یا ۲۲ اپریل ۵۷۱ء کی تاریخ تھی۔ علامہ محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوریؒ اور محمود پاشا فلکی کی تحقیق یہی ہے[1]

ابنِ سعد کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی والدہ نے فرمایا: "جب آپ کی ولادت ہوئی تو میرے جسم سے ایک نور نکلا جس سے ملک شام کے محل روشن ہوگئے"۔ امام احمدؒ نے حضرت عرباضؓ بن ساریہ سے بھی تقریباً اسی مضمون کی ایک روایت نقل فرمائی ہے[2]

بعض روایتوں میں بتایا گیا ہے کہ ولادت کے وقت بعض واقعات نبوت کے پیش خیمے کے طور پر ظہور پذیر ہوئے، یعنی ایوانِ کسریٰ کے چودہ کنگورے گر گئے۔ مجوس کا آتش کدہ ٹھنڈا ہوگیا۔ بحیرہ ساوہ خشک ہوگیا اور اس کے گرجے منہدم ہوگئے۔ یہ بیہقی کی روایت ہے[3] لیکن محمد غزالی نے اس کو درست تسلیم نہیں کیا ہے[4]۔

ولادت کے بعد آپ کی والدہ نے عبدالمطلب کے پاس پوتے کی خوشخبری بھجوائی۔ وہ شاداں و فرحاں تشریف لائے اور آپؐ کو خانہ کعبہ میں لے جا کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی، اس کا شکر ادا کیا اور آپ کا نام **محمد** ﷺ تجویز کیا۔ یہ نام عرب میں معروف نہ تھا۔ پھر عرب دستور کے مطابق ساتویں دن ختنہ کیا[5]

---

[1] تاریخ خضری ۱/۶۲ رحمۃ للعالمین ۱/۳۸، ۹، ۳۰ اپریل کی تاریخ کا اختلاف عیسوی تقویم کے اختلاف کا نتیجہ ہے۔

[2] مختصر السیرۃ شیخ عبداللہ ص۱۲، ابن سعد ۱/۶۳۔

[3] ایضاً مختصر السیرۃ ص۱۲

[4] دیکھئے فقہ السیرۃ محمد غزالی ص۴۶۔

[5] ابن ہشام ۱/۱۵۹، ۱۶۰، تاریخ خضری ۱/۶۲ ایک قول یہ بھی ہے کہ آپ مختون (ختنہ کئے ہوئے) پیدا ہوئے تھے۔ دیکھئے تلقیح الفہوم ص۴ مگر ابن قیم کہتے ہیں کہ اس بارے میں کوئی ثابت حدیث نہیں دیکھئے زاد المعاد ۱/۱۸

آپ کو آپ کی والدہ کے بعد سب سے پہلے ابولہب کی لونڈی ثُوَیبَہؓ نے دودھ پلایا۔ اس وقت اس کی گود میں جو بچہ تھا اس کا نام مسرُوحؓ تھا۔ ثُوَیبَہؓ نے آپؐ سے پہلے حضرت حمزہ بن عبدالمُطَّلِب کو اور آپؐ کے بعد ابوسَلَمہؓ بن عبدالاسد مخزومی کو بھی دودھ پلایا تھا۔[۱]

بنی سعد میں عرب کے شہری باشندوں کا دستور تھا کہ وہ اپنے بچوں کو شہری امراض سے دور رکھنے کے لیے دودھ پلانے والی بَدْوِی عورتوں کے حوالے کر دیا کرتے تھے تاکہ ان کے جسم طاقتور اور اعصاب مضبوط ہوں اور اپنے گہوارہ ہی سے خالص اور ٹھوس عربی زبان سیکھ لیں۔ اسی دستور کے مطابق عبدالمُطَّلِب نے دودھ پلانے والی دایہ تلاش کی اور نبی ﷺ کو حضرت حلیمہؓ بنت ابی ذُؤَیب کے حوالے کیا۔ یہ قبیلہ بنی سعد بن بکر کی ایک خاتون تھیں۔ ان کے شوہر کا نام حارث بن عبدالعُزّٰی اور کنیت ابوکبشہ تھی اور وہ بھی قبیلہ بنی سعد ہی سے تعلق رکھتے تھے۔

حارث کی اولاد کے نام یہ ہیں جو رضاعت کے تعلق سے رسول اللہ ﷺ کے بھائی بہن تھے: عبداللہ۔ انیسہ، حذافہ یا جذامہ، انہیں کا لقب شَیْمَاء تھا اور اسی نام سے وہ زیادہ مشہور ہوئیں۔ یہ رسول اللہ ﷺ کو گود کھلایا کرتی تھیں۔ ان کے علاوہ ابوسفیان بن حارث بن عبدالمُطَّلِب جو رسُول اللہ ﷺ کے چچیرے بھائی تھے وہ بھی حضرت حلیمہؓ کے واسطے سے آپ کے رضاعی بھائی تھے۔ آپ ﷺ کے چچا حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب بھی دودھ پلانے کے لیے بنو سعد کی ایک عورت کے حوالے کیے گئے تھے۔ اس عورت نے بھی ایک دن جب رسول اللہ ﷺ حضرت حلیمہؓ کے پاس تھے آپ کو دودھ پلا دیا۔ اس طرح آپ اور حضرت حمزہؓ دوہرے رضاعی بھائی ہو گئے ایک ثُوَیبَہؓ کے تعلق سے اور دوسرے بنو سعد کی اس عورت کے تعلق سے۔[۲]

رضاعت کے دوران حضرت حلیمہؓ نے نبی ﷺ کی برکت کے لیے ایسے ایسے مناظر دیکھے کہ سراپا حیرت رہ گئیں۔ تفصیلات انہیں کی زبانی سنیئے۔ ابن اسحاق کہتے ہیں کہ حضرت حلیمہؓ بیان کیا کرتی تھیں کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ اپنا ایک چھوٹا سا دودھ پیتا بچہ لے کر بنی سعد کی کچھ عورتوں کے قافلے میں اپنے شہر سے باہر دودھ پینے والے بچوں کی تلاش میں نکلیں۔ یہ قحط سالی کے دن تھے اور قحط نے کچھ باقی نہ چھوڑا تھا۔ میں اپنی ایک سفید گدھی پر سوار تھی اور ہمارے پاس ایک اُونٹنی بھی تھی، لیکن بخدا اس سے ایک قطرہ دودھ نہ نکلتا تھا۔ ادھر بھوک سے بچّہ اس قدر بِلکتا تھا کہ ہم رات بھر سو نہیں سکتے

---

[۱] تلقیح الفہوم ص۴۔ مختصر السیرۃ شیخ عبداللہ ص۱۳

[۲] زاد المعاد ۱/۱۹

تھے۔ نہ میرے سینے میں بچہ کے لیے کچھ تھا۔ نہ اُونٹنی اس کی خوراک دے سکتی تھی۔ بس ہم بارش اور خوشحالی کی آس لگائے بیٹھے تھے۔ میں اپنی گدھی پر سوار ہو کر چلی تو وہ کمزوری اور دُبلے پن کے سبب اتنی سُست رفتار نکلی کہ پورا قافلہ تنگ آ گیا۔ خیر ہم کسی نہ کسی طرح دودھ پینے والے بچوں کی تلاش میں مکہ پہنچ گئے۔ پھر ہم میں سے کوئی عورت ایسی نہیں تھی جس پر رسول اللہ ﷺ کو پیش نہ کیا گیا ہو مگر جب اسے بتایا جاتا کہ آپ ﷺ یتیم ہیں تو وہ آپؐ کو لینے سے انکار کر دیتی، کیونکہ ہم بچے کے والد سے داد و دہش کی اُمید رکھتے تھے۔ ہم کہتے کہ یہ تو یتیم ہے بھلا اس کی بیوہ ماں اور اس کے دادا کیا دے سکتے ہیں۔ بس یہی وجہ تھی کہ ہم آپ کو لینا نہیں چاہتے تھے۔

ادھر جتنی عورتیں میرے ہمراہ آئی تھیں سب کو کوئی نہ کوئی بچہ مل گیا صرف مجھ ہی کو نہ مل سکا جب واپسی کی باری آئی تو میں نے اپنے شوہر سے کہا، خدا کی قسم! مجھے اچھا نہیں لگتا کہ میری ساری سہیلیاں تو بچے لے کر جائیں اور تنہا میں کوئی بچہ لیے بغیر واپس جاؤں۔ میں جا کر اسی یتیم بچے کو لیے لیتی ہوں۔ شوہر نے کہا کوئی حرج نہیں! ممکن ہے اللہ اسی میں ہمارے لیے برکت دے۔ اس کے بعد میں نے جا کر بچہ لے لیا اور محض اس بنا پر لے لیا کہ کوئی اور بچہ نہ مل سکا۔

حضرت حلیمہؓ کہتی ہیں کہ جب میں بچے کو لے کر اپنے ڈیرے پر واپس آئی اور اسے اپنی آغوش میں رکھا تو اس نے جس قدر چاہا دونوں سینے دودھ کے ساتھ اس پر اُمنڈ پڑے اور اس نے شکم سیر ہو کر پیا۔ اس کے ساتھ اس کے بھائی نے بھی شکم سیر ہو کر پیا، پھر دونوں سو گئے حالانکہ اس سے پہلے ہم اپنے بچے کے ساتھ سو نہیں سکتے تھے۔ ادھر میرے شوہر اونٹنی دوہنے گئے تو دیکھا کہ اس کا تھن دودھ سے لبریز ہے۔ انھوں نے اتنا دودھ دوہا کہ ہم دونوں نے نہایت آسودہ ہو کر پیا اور بڑے آرام سے رات گزاری۔ ان کا بیان ہے کہ صبح ہوئی تو میرے شوہر نے کہا حلیمہ! خدا کی قسم تم نے ایک بابرکت روح حاصل کی ہے۔ میں نے کہا: مجھے بھی یہی توقع ہے۔

حلیمہؓ کہتی ہیں کہ اس کے بعد ہمارا قافلہ روانہ ہوا۔ میں اپنی اسی خستہ حال گدھی پر سوار ہوئی اور اس بچے کو بھی اپنے ساتھ لیا، لیکن اب وہی گدھی خدا کی قسم پورے قافلے کو کاٹ کر اس طرح آگے نکل گئی کہ کوئی گدھا اس کا ساتھ نہ پکڑ سکا۔ یہاں تک میری سہیلیاں مجھ سے کہنے لگیں: "او! ابوذویب کی بیٹی! ارے یہ کیا ہے؟ ذرا ہم پر مہربانی کر۔ آخر یہ تیری وہی گدھی تو ہے جس پر تُو سوار ہو کر آئی تھی؟" میں کہتی: "ہاں ہاں! بخدا یہ وہی ہے۔" وہ کہتیں "اس کا یقیناً کوئی خاص معاملہ ہے۔"

پھر ہم بنو سعد میں اپنے گھروں کو آ گئے۔ مجھے معلوم نہیں کہ اللہ کی روئے زمین کا کوئی خطہ ہمارے علاقے سے زیادہ قحط زدہ تھا لیکن ہماری واپسی کے بعد میری بکریاں چرنے جاتیں تو آسودہ حال اور دودھ سے بھرپور واپس آتیں۔ ہم دوہتے اور پیتے جبکہ کسی اور انسان کو دودھ کا ایک قطرہ بھی نصیب نہ ہوتا۔ ان کے جانوروں کے تھنوں میں دودھ سرے سے رہتا ہی نہ تھا۔ حتیٰ کہ ہماری قوم کے شہری اپنے چرواہوں سے کہتے کہ کم بختو! جانور وہیں چرانے لے جایا کرو جہاں ابو ذویب کی بیٹی کا چرواہا لے جاتا ہے ـــــ لیکن تب بھی ان کی بکریاں بھوکی واپس آتیں۔ ان کے اندر ایک قطرہ دودھ نہ رہتا جبکہ میری بکریاں آسودہ اور دودھ سے بھرپور پلٹتیں۔ اس طرح ہم اللہ کی طرف سے مسلسل اضافے اور خیر کا مشاہدہ کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اس بچے کے دو سال پورے ہو گئے اور میں نے دودھ چھڑا دیا۔ یہ بچہ دوسرے بچوں کے مقابلے میں اس طرح بڑھ رہا تھا کہ دو سال پورے ہوتے ہوتے وہ کڑا اور گٹھیلا ہو چلا۔ اس کے بعد ہم اس بچے کو اس کی والدہ کے پاس لے گئے۔ لیکن ہم اس کی جو برکت دیکھتے آئے تھے اس کی وجہ سے ہماری انتہائی خواہش یہی تھی کہ وہ ہمارے پاس رہے۔ چنانچہ ہم نے اس کی ماں سے گفتگو کی۔ میں نے کہا: کیوں نہ آپ اپنے بچے کو میرے پاس ہی رہنے دیں کہ ذرا مضبوط ہو جائے، کیونکہ مجھے اس کے متعلق مکہ کی وبا کا خطرہ ہے۔ غرض ہمارے مسلسل اصرار پر انہوں نے بچہ ہمیں واپس دے دیا[۸]

واقعۂ شقِّ صدر

اس طرح رسول اللہ ﷺ مدت رضاعت ختم ہونے کے بعد بھی بنو سعد ہی میں رہے یہاں تک کہ ولادت کے چوتھے یا پانچویں[۹] سال شقِّ صدر (سینہ مبارک چاک کئے جانے) کا واقعہ پیش آیا۔ اس کی تفصیل حضرت انس رضی اللہ عنہ سے صحیح مسلم میں مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے۔ آپ بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ حضرت جبریلؑ نے آپ کو پکڑ کر لٹایا اور سینہ چاک کر کے دل نکالا پھر دل سے ایک لوتھڑا نکال کر فرمایا یہ تم سے شیطان کا حصہ ہے، پھر دل کو ایک طشت میں زمزم کے پانی سے دھویا اور پھر اسے جوڑ کر اس کی جگہ لوٹا دیا۔ ادھر بچے دوڑ کر آپؐ کی ماں یعنی دایہ کے پاس پہنچے

---

[۸] ابن ہشام ۱/ ۱۶۲، ۱۶۳، ۱۶۴۔
[۹] عام سیرت نگاروں کا یہی قول ہے لیکن ابن اسحاق کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ تیسرے سال کا ہے دیکھئے ابن ہشام ۱/ ۱۶۴، ۱۶۵۔

اور کہنے لگے: محمد قتل کر دیا گیا۔ ان کے گھر کے لوگ جھٹ پٹ پہنچے، دیکھا تو آپ کا رنگ اترا ہوا تھا۔[۱۰]

ماں کی آغوشِ محبت میں

اس واقعے کے بعد حلیمہؓ کو خطرہ محسوس ہُوا اور انہوں نے آپ کو آپ کی ماں کے حوالے کر دیا۔ چنانچہ آپ چھ سال کی عمر تک والدہ ہی کی آغوشِ محبت میں رہے۔[۱۱]

ادھر حضرت آمنہ کا ارادہ ہوا کہ وہ اپنے متوفّٰی شوہر کی یادِ وفا میں یثرب جا کر ان کی قبر کی زیارت کریں۔ چنانچہ وہ اپنے یتیم بچے **محمد** ﷺ اپنی خادمہ اُمّ ایمنؓ اور اپنے سرپرست عبدالمطلب کی معیت میں کوئی پانچ سو کیلومیٹر کی مسافت طے کر کے مدینہ تشریف لے گئیں اور وہاں ایک ماہ تک قیام کر کے واپس ہوئیں، لیکن ابھی ابتداء راہ میں تھیں کہ بیماری نے آلیا۔ پھر یہ بیماری شدت اختیار کرتی گئی یہاں تک کہ مکہ اور مدینہ کے درمیان مقام اَبْوَاء میں پہنچ کر رحلت کر گئیں۔[۱۲]

دادا کے سایۂ شفقت میں

بوڑھے عبدالمُطّلِب اپنے پوتے کو لے کر مکہ پہنچے۔ ان کا دل اپنے اس یتیم پوتے کی محبت و شفقت کے جذبات سے تپ رہا تھا۔ کیونکہ اب اسے ایک نیا چرکا لگا تھا جس نے پرانے زخم کرید دیئے تھے۔ عبدالمُطّلِب کے جذبات میں پوتے کے لیے ایسی رِقّت تھی کہ ان کی اپنی صُلبی اولاد میں سے بھی کسی کے لیے ایسی رقت نہ تھی چنانچہ قسمت نے آپ کو تنہائی کے جس صحرا میں لا کھڑا کیا تھا عبدالمُطّلِب اس میں آپ کو تنہا چھوڑنے کے لیے تیار نہ تھے بلکہ آپ کو اپنی اولاد سے بھی بڑھ کر چاہتے اور بڑوں کی طرح ان کا احترام کرتے تھے۔ ابنِ ہشام کا بیان ہے کہ عبدالمُطّلِب کے لیے خانہ کعبہ کے سائے میں فرش بچھایا جاتا۔ ان کے سارے لڑکے فرش کے اردگرد بیٹھ جاتے۔ عبدالمُطّلِب تشریف لاتے تو فرش پر بیٹھتے۔ ان کی عظمت کے پیشِ نظر ان کا کوئی لڑکا فرش پر نہ بیٹھتا لیکن رسول اللہ ﷺ تشریف لاتے تو فرش ہی پر بیٹھ جاتے۔ ابھی آپ کم عمر بچے تھے۔ آپؐ کے چچا حضرات آپؐ کو پکڑ کر اتار دیتے۔ لیکن جب عبدالمُطّلِب انہیں ایسا کرتے دیکھتے تو فرماتے: میرے اس بیٹے کو چھوڑ دو۔ بخدا اس کی شان نرالی ہے، پھر انہیں اپنے ساتھ اپنے فرش پر بٹھا لیتے۔ اپنے ہاتھ سے پیٹھ سہلاتے اور ان کی نقل و حرکت دیکھ کر خوش ہوتے۔[۱۳]

آپؐ کی عمر ابھی ۸ سال دو مہینے دس دن کی ہُوئی تھی کہ دادا عبدالمُطّلِب کا بھی سایۂ شفقت اُٹھ

---

[۱۰] صحیح مسلم باب الاسراء ۱/۹۲ ۔ [۱۱] تلقیح الفہوم ص۷ ۔ ابن ہشام ۱/۱۶۸ ۔
[۱۲] ابنِ ہشام ۱/۱۶۸ تلقیح الفہوم ص۷ ۔ تاریخ خضری ۱/۶۳ فقہ السیرۃ غزالی ص۵۰ [۱۳] ابن ہشام ۱/۱۶۸

گیا۔ ان کا انتقال مکہ میں ہوا اور وہ وفات سے پہلے آپ ﷺ کے چچا ابوطالب کو ۔۔۔ جو آپ کے والد عبداللہ کے سگے بھائی تھے، آپ کی کفالت کی وصیت کر گئے تھے[۱۴]

شفیق چچا کی کفالت میں

ابوطالب نے اپنے بھتیجے کا حق کفالت بڑی خوبی سے ادا کیا، آپ کو اپنی اولاد میں شامل کیا، بلکہ ان سے بھی بڑھ کر مانا۔ مزید اعزاز و احترام سے نوازا۔ چالیس سال سے زیادہ عرصے تک قوت پہنچائی اپنی حمایت کا سایہ دراز رکھا اور آپ ہی کی بنیاد پر دوستی اور دشمنی کی مزید وضاحت اپنی جگہ آ رہی ہے۔

روئے مبارکؐ سے فیضانِ باراں کی طلبؐ

ابنِ عساکر نے جلہمہ بن عرفطہ سے روایت کی ہے کہ میں مکہ آیا۔ لوگ قحط سے دو چار تھے۔ قریش نے کہا: ابوطالب! وادی قحط کا شکار ہے۔ بال بچے کال کی زد میں ہیں۔ چلیے بارش کی دعا کیجیے۔ ابوطالب ایک بچہ ساتھ لے کر برآمد ہوئے۔ بچہ ابر آلود سورج معلوم ہوتا تھا۔ جس سے گھنا بادل ابھی ابھی چھٹا ہو۔ اس کے اردگرد اور بھی بچے تھے۔ ابوطالب نے اس بچے کا ہاتھ پکڑ کر اس کی پیٹھ کعبہ کی دیوار سے ٹیک دی۔ بچے نے ان کی انگلی پکڑ رکھی تھی۔ اس وقت آسمان پر بادل کا ایک ٹکڑا نہ تھا۔ لیکن دیکھتے دیکھتے، اِدھر اُدھر سے بادل کی آمد شروع ہو گئی اور ایسی دھواں دھار بارش ہوئی کہ وادی میں سیلاب آ گیا اور شہر و بیاباں شاداب ہو گئے۔ بعد میں ابوطالب نے اسی واقعے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے محمد ﷺ کی مدح میں کہا تھا۔

وابیض یُستَسقَی الغمامُ بوجہہ ثِمَالُ الیَتامٰی عِصمَۃٌ للأرامِلِ[۱۵]

"وہ خوبصورت ہیں۔ ان کے چہرے سے بارش کا فیضان طلب کیا جاتا ہے۔ یتیموں کے ماویٰ اور بیواؤں کے محافظ ہیں۔"

بُحَیرا راہب

بعض روایات کے مطابق ۔۔۔ جن کی استنادی حیثیت مشکوک ہے ۔۔۔ جب آپ کی عمر بارہ برس اور ایک تفصیلی قول کے مطابق بارہ برس دو مہینے دس دن[۱۶] کی ہو گئی تو ابوطالب آپ کو ساتھ لے کر تجارت کے لیے ملکِ شام کے سفر پر نکلے اور بصریٰ پہنچے۔ بصریٰ شام کا ایک مقام اور حوران کا مرکزی شہر ہے۔ اس وقت یہ جزیرۃ العرب کے

---

[۱۴] تلقیح الفہوم ص۷۔ ابن ہشام ۱/۱۴۹ [۱۵] مختصر السیرۃ شیخ عبداللہ ص۱۵، ۱۶

[۱۶] یہ بات ابن جوزی نے تلقیح الفہوم ص۷ میں کہی ہے۔

رومی مقبوضات کا دارالحکومت تھا۔ اس شہر میں جرجیس نامی ایک راہب رہتا تھا جو بُحَیرا کے لقب سے معروف تھا۔ جب قافلے نے وہاں پڑاؤ ڈالا تو یہ راہب اپنے گرجا سے نکل کر قافلے کے اندر آیا اور اس کی میزبانی کی حالانکہ اس سے پہلے وہ کبھی نہیں نکلتا تھا۔ اس نے رسول اللہ ﷺ کو آپ کے اوصاف کی بنا پر پہچان لیا اور آپ کا ہاتھ پکڑ کر کہا: یہ سید العالمین ہیں۔ اللہ انہیں رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجے گا۔ ابوطالب نے کہا: آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا؟ اس نے کہا "تم لوگ جب گھاٹی کے اس جانب نمودار ہوئے تو کوئی بھی درخت یا پتھر ایسا نہیں تھا جو سجدہ کے لیے جھک نہ گیا ہو اور یہ چیزیں نبی کے علاوہ کسی اور انسان کو سجدہ نہیں کرتیں۔ پھر میں انہیں مُہرِ نبوّت سے پہچانتا ہوں جو کندھے کے نیچے کری (نرم ہڈی) کے پاس سیب کی طرح ہے اور ہم انہیں اپنی کتابوں میں بھی پاتے ہیں"——

اس کے بعد بُحَیرا راہب نے ابوطالب سے کہا کہ انہیں واپس کر دو ملکِ شام نہ لے جاؤ کیونکہ یہود سے خطرہ ہے۔ اس پر ابوطالب نے بعض غلاموں کی معیت میں آپ کو مکہ واپس بھیج دیا۔[۷]

جنگ فِجَار

آپ کی عمر پندرہ برس کی ہوئی تو جنگ فِجَار پیش آئی۔ اس جنگ میں ایک طرف قریش اور ان کے ساتھ بنو کنانہ تھے اور دوسری طرف قیس عَیلان تھے۔ قریش اور کنانہ کا کمانڈر حَرب بن اُمیّہ تھا۔ کیونکہ وہ اپنے سن و شرف کی وجہ سے قریش و کنانہ کے نزدیک بڑا مرتبہ رکھتا تھا۔ پہلے پہر کنانہ پر قیس کا پلہ بھاری تھا لیکن دوپہر ہوتے ہوتے قیس پر کنانہ کا پلہ بھاری ہوگیا۔ اسے حربِ فجار اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں حرم اور حرام مہینے دونوں کی حرمت چاک کی گئی۔ اس جنگ میں رسول اللہ ﷺ بھی تشریف لے گئے تھے اور اپنے چچاؤں کو تیر تھماتے تھے۔[۸]

حلف الفضول

اس جنگ کے بعد ایک حُرمت والے مہینے ذی قعدہ میں حلف الفضول پیش آئی۔ چند قبائل قریش یعنی بنی ہاشم، بنی مُطّلب، بنی اَسَد بن عبد العُزّیٰ

۷؎ مختصر السیرۃ شیخ عبد اللہ ص۱۶، ابن ہشام ۱/۱۸۰ تا ۱۸۳، ترمذی وغیرہ کی روایت میں مذکور ہے کہ آپ کو حضرت بلالؓ کی معیت میں روانہ کیا گیا لیکن یہ فاش غلطی ہے۔ بلال تو اُس وقت غالباً پیدا بھی نہیں ہوئے تھے اور اگر پیدا ہوئے تھے تو بھی بہرحال ابوطالب یا ابوبکرؓ کے ساتھ نہ تھے۔ زاد المعاد ۱/۱۷۔

۸؎ ابن ہشام ۱/۱۸۴ تا ۱۸۶ قلب جزیرۃ العرب ص۲۶۰ تاریخ خضری ۱/۶۳

بنی زہرہ بن کلاب اور بنی تیم بن مرہ نے اس کا اہتمام کیا۔ یہ لوگ عبداللہ بن جُدعان تیمی کے مکان پر جمع ہوئے ۔۔۔ کیونکہ وہ سن و شرف میں ممتاز تھا ۔۔۔ اور آپس میں عہد و پیمان کیا کہ مکہ میں جو بھی مظلوم نظر آئے گا۔ خواہ مکے کا رہنے والا ہو یا کہیں اور کا، یہ سب اس کی مدد اور حمایت میں اُٹھ کھڑے ہوں گے اور اس کا حق دلوا کر رہیں گے۔ اس اجتماع میں رسول اللہ ﷺ بھی تشریف فرما تھے اور بعد میں شرفِ رسالت سے مشرف ہونے کے بعد فرمایا کرتے تھے۔ "میں عبداللہ بن جُدعان کے مکان پر ایک ایسے معاہدے میں شریک تھا کہ مجھے اس کے عوض سُرخ اُونٹ بھی پسند نہیں اور اگر (دَور) اسلام میں اس عہد و پیمان کے لیے مجھے بلایا جاتا تو میں لبیک کہتا۔"[۱۹]

اس معاہدے کی روح عصبیت کی تہ سے اٹھنے والی جاہلی حمیت کے منافی تھی۔ اس معاہدے کا سبب یہ بتایا جاتا ہے کہ زبید کا ایک آدمی سامان لے کر مکہ آیا اور عاص بن وائل نے اس سے سامان خریدا۔ لیکن اس کا حق روک لیا۔ اس نے حلیف قبائل عبدالدار، مخزوم، جمح، سہم اور عدی سے مدد کی درخواست کی۔ لیکن کسی نے توجہ نہ دی۔ اس کے بعد اس نے جبلِ ابوقُبیس پر چڑھ کر بلند آواز سے چند اشعار پڑھے۔ جن میں اپنی داستانِ مظلومیت بیان کی تھی۔ اس پر زبیر بن عبدالمُطّلِب نے دوڑ دھوپ کی اور کہا کہ یہ شخص بے یار و مددگار کیوں ہے؟ ان کی کوشش سے اوپر ذکر کئے ہوئے قبائل جمع ہو گئے۔ پہلے معاہدہ طے کیا اور پھر عاص بن وائل سے اس زبیدی کا حق دلایا۔[۲۰]

جفاکشی کی زندگی عنفوانِ شباب میں رسول اللہ ﷺ کا کوئی معیّن کام نہ تھا، البتہ یہ خبر متواتر ہے کہ آپؐ بکریاں چراتے تھے۔ آپ ﷺ نے بنی سعد کی بکریاں چرائیں[۲۱] اور مکہ میں بھی اہل مکہ کی بکریاں چند قیراط کے عوض چراتے رہے۔[۲۲] پچیس سال کی عمر ہوئی تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا مال لے کر تجارت کے لیے ملکِ شام تشریف لے گئے۔ ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ خدیجہ بنت خُوَیلد ایک معزز مالدار اور تاجر خاتون تھیں۔ لوگوں کو اپنا مال تجارت کے لیے دیتی تھیں اور مضاربت کے اصول پر ایک حصہ طے کر لیتی تھیں۔ پورا قبیلۂ قریش ہی تاجر پیشہ تھا۔ جب انہیں

---

[۱۹] ابنِ ہشام ۱۳۳/۱، ۱۳۵، مختصر السیرۃ شیخ عبداللہ ص ۳۰، ۳۱۔

[۲۰] ایضاً مختصر السیرہ ص ۳۰، ۳۱۔ [۲۱] ابنِ ہشام ۱۶۶/۱۔

[۲۲] صحیح بخاری۔ الاجارات، باب رعی الغنم علی قراریط ۳۰۱/۱۔

رسول اللہ ﷺ کی راست گوئی، امانت اور مکارمِ اخلاق کا علم ہوا تو انہوں نے ایک پیغام کے ذریعے پیش کش کی کہ آپ ان کا مال لے کر تجارت کے لیے ان کے غلام مَیسَرہ کے ساتھ ملکِ شام تشریف لے جائیں۔ وہ دوسرے تاجروں کو جو کچھ دیتی ہیں اس سے بہتر اجرت آپ کو دیں گی۔ آپ نے یہ پیش کش قبول کر لی۔ اور اُن کا مال لے کر ان کے غلام مَیسَرہ کے ساتھ مُلک شام تشریف لے گئے۔[۲۳]

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شادی

جب آپ مکہ واپس تشریف لائے اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے اپنے مال میں ایسی امانت و برکت دیکھی جو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھی تھی اور ادھر ان کے غلام مَیسَرہ نے آپؐ کے شیریں اخلاق، بلند پایہ کردار موزوں اندازِ فکر راست گوئی اور امانت دارانہ طور طریق کے متعلق اپنے مشاہدات بیان کیے تو حضرت خدیجہؓ کو اپنا گم گشتہ گوہرِ مطلوب دستیاب ہوگیا —— اُس سے پہلے بڑے بڑے سردار اور رئیس ان سے شادی کے خواہاں تھے۔ لیکن انہوں نے کسی کا پیغام منظور نہ کیا تھا۔ اب انہوں نے اپنے دل کی بات اپنی سہیلی نفیسہ بنت منبہ سے کہی اور نفیسہ نے جا کر نبی ﷺ سے گفت و شنید کی۔ آپ ﷺ راضی ہوگئے اور اپنے چچاؤں سے اس معاملے میں بات کی۔ انہوں نے حضرت خدیجہؓ کے چچا سے بات کی اور شادی کا پیغام دیا۔ اسکے بعد شادی ہوگئی۔ نکاح میں بنی ہاشم اور رؤسائے مُضَر شریک ہُوئے ——

یہ ملکِ شام سے واپسی کے دو مہینے بعد کی بات ہے۔ آپ ﷺ نے مَہر میں بیس اُونٹ دیئے۔ اس وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس سال تھی اور وہ نسب و دولت اور سوجھ بوجھ کے لحاظ سے اپنی قوم کی سب سے معزز اور افضل خاتون تھیں۔ یہ پہلی خاتون تھیں جن سے رسُول اللہ ﷺ نے شادی کی اور ان کی وفات تک کسی دوسری خاتون سے شادی نہیں کی۔[۲۴]

ابراہیم کے علاوہ رسُول اللہ ﷺ کی بقیہ تمام اولاد اُنہی کے بطن سے تھی۔ سب سے پہلے قاسم پیدا ہوئے اور انہی کے نام پر آپ کی کنّیت ابوالقاسم پڑی۔ پھر زینبؓ، رقیہؓ، اُم کلثومؓ فاطمہؓ اور عبداللہ پیدا ہُوئے۔ عبداللہ کا لقب طیّب اور طاہر تھا۔ آپ ﷺ کے سب بچے

---

[۲۳] ابنِ ہشام ۱/ ۱۸۷، ۱۸۸۔

[۲۴] ابنِ ہشام ۱/ ۱۸۹، ۱۹۰ فقہ السیرۃ ص ۵۹ تلقیح الفہوم ص ۷

بچپن ہی میں انتقال کر گئے البتہ بچیوں میں سے ہر ایک نے اسلام کا زمانہ پایا، مسلمان ہوئیں اور ہجرت کے شرف سے مشرّف ہوئیں لیکن حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے سوا باقی سب کا انتقال آپ کی زندگی ہی میں ہو گیا۔ حضرت فاطمہ کی وفات آپ کی رحلت کے چھ ماہ بعد ہوئی۔[۲۵]

کعبہ کی تعمیر اور حجرِ اسود کے تنازعہ کا فیصلہ

آپ ﷺ کی عمر کا پینتیسواں[۳۵] سال تھا کہ قریش نے نئے سرے سے خانہ کعبہ کی تعمیر شروع کی۔ وجہ یہ تھی کہ کعبہ صرف قد سے کچھ اونچی چہار دیواری کی شکل میں تھا۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے زمانے ہی سے اس کی بلندی ۹ ہاتھ تھی اور اس پر چھت نہ تھی۔ اس کیفیت کا فائدہ اُٹھاتے ہوئے کچھ چوروں نے اس کے اندر رکھا ہوا خزانہ چرا لیا —— اس کے علاوہ اس کی تعمیر پر ایک طویل زمانہ گذر چکا تھا۔ عمارت خستگی کا شکار ہو چکی تھی اور دیواریں پھٹ گئی تھیں۔ ادھر اسی سال ایک زور دار سیلاب آیا۔ جس کے بہاؤ کا رُخ خانہ کعبہ کی طرف تھا۔ اس کے نتیجے میں خانہ کعبہ کسی بھی لمحے ڈھ سکتا تھا۔ اس لیے قریش مجبُور ہو گئے کہ اس کا مرتبہ ومقام برقرار رکھنے کے لیے اسے ازسرِ نو تعمیر کریں۔

اس مرحلے پر قریش نے یہ متفقہ فیصلہ کیا کہ خانۂ کعبہ کی تعمیر میں صرف حلال رقم ہی استعمال کریں گے۔ اس میں رنڈی کی اُجرت، سُود کی دولت اور کسی کا ناحق لیا ہوا مال استعمال نہیں ہونے دیں گے۔

(نئی تعمیر کے لیے پرانی عمارت کو ڈھانا ضروری تھا) لیکن کسی کو ڈھانے کی جرأت نہیں ہوتی تھی بالآخر ولید بن مغیرہ مخزومی نے ابتداء کی۔ جب لوگوں نے دیکھا کہ اس پر کوئی آفت نہیں ٹوٹی تو باقی لوگوں نے بھی ڈھانا شروع کیا اور جب قواعد ابراہیم تک ڈھا چکے تو تعمیر کا آغاز کیا۔ تعمیر کے لیے الگ الگ ہر قبیلے کا حصہ مقرر تھا اور ہر قبیلے نے علیحدہ علیحدہ پتھر کے ڈھیر لگا رکھے تھے۔ تعمیر شروع ہوئی۔ باقوم نامی ایک رومی معمار نگراں تھا۔ جب عمارت حجرِ اسود تک بلند ہو چکی تو یہ جھگڑا اٹھ کھڑا ہُوا کہ حجرِ اسود کو اس کی جگہ رکھنے کا شرف وامتیاز کسے حاصل ہو۔ یہ جھگڑا چار پانچ روز تک جاری رہا اور رفتہ رفتہ اس قدر شدت اختیار کر گیا کہ معلوم ہوتا تھا سرزمینِ حرم میں سخت خون خرابہ ہو جائے گا۔ لیکن ابواُمیّہ مخزومی نے یہ کہہ کر فیصلے کی ایک صُورت پیدا کر دی کہ مسجدِ حرام کے دروازے سے دوسرے دن جو سب سے پہلے داخل ہو اسے اپنے

---

۲۵ ابنِ ہشام ۱/۱۹۰، ۱۹۱ فقہ السیرۃ صفحہ ۶۰ فتح الباری ۷/۱۰۵۔ تاریخی مصادر میں قدرے اختلاف ہے میرے نزدیک جو راجح ہے میں نے اسی کو درج کیا ہے۔

جھگڑے کا حکم مان لیں۔ لوگوں نے یہ تجویز منظور کر لی۔ اللہ کی مشیّت کہ اس کے بعد سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ لوگوں نے آپ کو دیکھا تو چیخ پڑے کہ ھٰذا الامین رضیناہ ھٰذا محمّد ﷺ "یہ امین ہیں۔ ہم ان سے راضی ہیں یہ محمّد ﷺ ہیں" پھر جب آپ ان کے قریب پہنچے اور انہوں نے آپ کو معاملے کی تفصیل بتائی تو آپ نے ایک چادر طلب کی بیچ میں حجرِ اسود رکھا اور متنازعہ قبائل کے سرداروں سے کہا کہ آپ سب حضرات چادر کا کنارہ پکڑ کر اُوپر اٹھائیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ جب چادر حجرِ اسود کے مقام تک پہنچ گئی تو آپ نے اپنے دست مبارک سے حجرِ اسود کو اس کی مقررہ جگہ پر رکھ دیا یہ بڑا معقول فیصلہ تھا۔ اس پر ساری قوم راضی ہو گئی۔

ادھر قریش کے پاس مالِ حلال کی کمی پڑ گئی اس لیے انہوں نے شمال کی طرف سے کعبہ کی لمبائی تقریباً چھ ہاتھ کم کر دی۔ یہی ٹکڑا حجر اور حطیم کہلاتا ہے۔ اس دفعہ قریش نے کعبہ کا دروازہ زمین سے خاصا بلند کر دیا تاکہ اس میں وہی شخص داخل ہو سکے جسے وہ اجازت دیں۔ جب دیواریں پندرہ ہاتھ بلند ہو گئیں تو اندر چھ ستون کھڑے کر کے اوپر سے چھت ڈال دی گئی اور کعبہ اپنی تکمیل کے بعد قریب قریب چوکور شکل کا ہو گیا۔ اَب خانہ کعبہ کی بلندی پندرہ میٹر ہے۔ حجرِ اَسوَد والی دیوار اور اس کے سامنے کی دیوار یعنی جنوبی اور شمالی دیواریں دس دس میٹر ہیں۔ حجرِ اسود مُطاف کی زمین سے ڈیڑھ میٹر کی بلندی پر ہے۔ دروازے والی دیوار اور اس کے سامنے کی دیوار یعنی پُورب اور پچھم کی دیواریں ۱۲—۱۱ میٹر ہیں۔ دروازہ زمین سے دو میٹر بلند ہے۔ دیوار کے گرد نیچے ہر چہار جانب سے ایک بڑھے ہوئے کرُسی نما ضلعے کا گھیرا ہے جس کی اوسط اونچائی ۲۵ سینٹی میٹر اور اوسط چوڑائی ۳۰ سینٹی میٹر ہے۔ اسے شاذ روان کہتے ہیں۔ یہ بھی دراصل بیت اللہ کا جزو ہے لیکن قریش نے اسے بھی چھوڑ دیا تھا۔[۲۶]

نبوت سے پہلے کی اجمالی سیرت

نبی ﷺ کا وجود ان تمام خوبیوں اور کمالات کا جامع تھا جو متفرق طور پر لوگوں کے مختلف طبقات میں پائے جاتے ہیں۔ آپ ﷺ اصابتِ فکر، دُور بینی اور حق پسندی کا بلند مینار تھے۔ آپ ﷺ کو حُسنِ فراست، پختگیٔ فکر اور

---

۲۶ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ابنِ ہشام ۱/۱۹۲ تا ۱۹۷، فقہ السیرہ ص ۶۲، ۶۳۔ صحیح بخاری باب فضل مکۃ وبنیانہا ۱/۲۱۵، تاریخ خضری ۱/۶۴، ۶۵۔

وسیلہ ومقصد کی درستگی سے حظِ وافر عطا ہوا تھا۔ آپ ﷺ اپنی طویل خاموشی سے مسلسل غور وخوض، دائمی تفکیر اور حق کی کرید میں مدد لیتے تھے۔ آپ ﷺ نے اپنی شاداب عقل اور روشن فطرت سے زندگی کے صحیفے، لوگوں کے معاملات اور جماعتوں کے احوال کا مطالعہ کیا اور جن خرافات میں یہ سب لت پت تھیں ان سے سخت بیزاری محسوس کی۔ چنانچہ آپ ﷺ نے ان سب سے دامن کش رہتے ہوئے پوری بصیرت کے ساتھ لوگوں کے درمیان زندگی کا سفر طے کیا یعنی لوگوں کا جو کام اچھا ہوتا اس میں شرکت فرماتے ورنہ اپنی مقررہ تنہائی کی طرف پلٹ جاتے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے شراب کو کبھی منہ نہ لگایا، آستانوں کا ذبیحہ نہ کھایا اور بتوں کے لیے منائے جانے والے تہوار اور میلوں ٹھیلوں میں کبھی شرکت نہ کی۔

آپ ﷺ کو شروع ہی سے ان باطل معبودوں سے اتنی نفرت تھی کہ ان سے بڑھ کر آپ کی نظر میں کوئی چیز مبغوض نہ تھی حتیٰ کہ لات وعزیٰ کی قسم سننا بھی آپ کو گوارا نہ تھا۔[۲۷]

اس میں شبہ نہیں کہ تقدیر نے آپ پر حفاظت کا سایہ ڈال رکھا تھا۔ چنانچہ جب بعض دنیاوی تمتعات کے حصول کے لیے نفس کے جذبات متحرک ہوئے یا بعض ناپسندیدہ رسم ورواج کی پیروی پر طبیعت آمادہ ہوئی تو عنایتِ ربانی دخیل ہو کر رکاوٹ بن گئی۔ ابن اثیر کی ایک روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اہل جاہلیت جو کام کرتے تھے مجھے دو دفعہ کے علاوہ کبھی ان کا خیال نہیں گذرا لیکن ان دونوں میں سے بھی ہر دفعہ اللہ تعالیٰ نے میرے اور اس کام کے درمیان رکاوٹ ڈال دی۔ اس کے بعد پھر کبھی مجھے اس کا خیال نہ گذرا یہاں تک کہ اللہ نے مجھے اپنی پیغمبری سے مشرف فرما دیا۔ ہوا یہ کہ جو لڑکا بالائی مکہ میں میرے ساتھ بکریاں چرایا کرتا تھا اس سے ایک رات میں نے کہا: کیوں نہ تم میری بکریاں دیکھو اور میں مکہ جا کر دوسرے جوانوں کی طرح وہاں کی شبانہ قصہ گوئی کی محفل میں شرکت کر لوں؟ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ اس کے بعد میں نکلا اور ابھی مکہ کے پہلے ہی گھر کے پاس پہنچا تھا کہ باجے کی آواز سنائی پڑی۔ میں نے دریافت کیا کہ کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا فلاں کی فلاں سے شادی ہے۔ میں سننے بیٹھ گیا اور اللہ نے میرا کان بند کر دیا اور میں سو گیا۔ پھر سورج کی تمازت ہی سے میری آنکھ کھلی اور میں اپنے ساتھی کے پاس واپس چلا گیا۔ اس کے پوچھنے پر میں نے تفصیلات بتائیں۔ اس کے بعد ایک رات پھر میں نے یہی بات کہی اور مکہ پہنچا تو پھر اسی رات کی طرح کا واقعہ

---

[۲۷] بُحَیرا کے واقعہ میں اس کی دلیل موجود ہے۔ دیکھئے ابنِ ہشام ۱/۱۲۸

پیش آیا اور اسکے بعد پھر کبھی غلط ارادہ نہ ہوا[۲۸]

صحیح بخاری میں حضرت جابر بن عبداللہ سے مروی ہے کہ جب کعبہ تعمیر کیا گیا تو نبی ﷺ اور حضرت عباسؓ پتھر ڈھو رہے تھے۔ حضرت عباسؓ نے نبی ﷺ سے کہا: اپنا تہبند اپنے کندھے پر رکھ لو۔ پتھر سے حفاظت رہے گی، لیکن جونہی آپؐ نے ایسا کیا آپؐ زمین پر جا گرے۔ نگاہیں آسمان کی طرف اُٹھ گئیں۔ افاقہ ہوتے ہی آواز لگائی: میرا تہبند۔ میرا تہبند اور آپ کا تہبند آپ کو باندھ دیا گیا۔ ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ اس کے بعد آپ کی شرمگاہ کبھی نہیں دیکھی گئی۔[۲۹]

نبی ﷺ اپنی قوم میں شیریں کردار، فاضلانہ اخلاق اور کریمانہ عادات کے لحاظ سے ممتاز تھے۔ چنانچہ آپ سب سے زیادہ بامروت، سب سے خوش اخلاق، سب سے معزز ہمسایہ، سب سے بڑھ کر دُور اندیش، سب سے زیادہ راست گو، سب سے نرم پہلو سب سے زیادہ پاک نفس، خیر میں سب سے زیادہ کریم، سب سے نیک عمل، سب سے بڑھ کر پابندِ عہد اور سب سے بڑے امانت دار تھے، حتٰی کہ آپ کی قوم نے آپ کا نام ہی "امین" رکھ دیا تھا کیونکہ آپ احوالِ صالحہ اور خصالِ حمیدہ کا پیکر تھے۔ اور جیسا کہ حضرت خدیجہؓ کی شہادت ہے "آپ ﷺ درماندوں کا بوجھ اٹھاتے تھے، تہی دستوں کا بندوبست فرماتے تھے، مہمان کی میزبانی کرتے تھے اور مصائبِ حق میں اعانت فرماتے تھے۔"[۳۰]

○

---

۲۸ اس حدیث کو حاکم ذہبی نے صحیح کہا ہے لیکن ابن کثیر نے البدایہ والنہایہ ۲/۲۸۷ میں اس کی تضعیف کی ہے۔

۲۹ صحیح بخاری باب بنیان الکعبہ ۱/۵۴۰ ۳۰ صحیح بخاری ۱/۳۔

نبوّت و رسالت کی چھاؤں میں

غارِ حرا کے اندر

رسُول اللہ ﷺ کی عمر شریف جب چالیس برس کے قریب ہو چلی ـــــ اور اس دوران آپ ﷺ کے اب تک کے تاملات نے قوم سے آپ ﷺ کا ذہنی اور فکری فاصلہ بہت وسیع کر دیا تھا ـــــ تو آپ ﷺ کو تنہائی محبوب ہو گئی۔ چنانچہ آپ ﷺ ستو اور پانی لے کر مکہ سے کوئی دو میل دور کوہ حرا کے ایک غار میں جا رہتے ـــــ یہ ایک مختصر سا غار ہے جس کا طُول چار گز اور عرض پونے دو گز ہے۔ یہ نیچے کی جانب گہرا نہیں ہے بلکہ ایک مختصر راستے کے بازو میں اوپر کی چٹانوں کے باہم ملنے سے ایک کوتل کی شکل اختیار کئے ہُوئے ہے۔ ـــــ آپ ﷺ جب یہاں تشریف لے جاتے تو حضرت خدیجہؓ بھی آپ ﷺ کے ہمراہ جاتیں اور قریب ہی کسی جگہ موجود رہتیں۔ آپ ﷺ رمضان بھر اس غار میں قیام فرماتے۔ آنے جانے والے مسکینوں کو کھانا کھلاتے اور بقیہ اوقات اللہ تعالیٰ کی عبادت میں گزارتے، کائنات کے مشاہد اور اس کے پیچھے کارفرما قدرتِ نادرہ پر غور فرماتے۔ آپ ﷺ کو اپنی قوم کے لچر لوچ شرکیہ عقائد اور واہیات تصورات پر بالکل اطمینان نہ تھا لیکن آپ ﷺ کے سامنے کوئی واضح راستہ، معیّن طریقہ اور افراط و تفریط سے ہٹی ہوئی کوئی ایسی راہ نہ تھی جس پر آپ ﷺ اطمینان و انشراحِ قلب کے ساتھ رواں دواں ہو سکتے[1]

نبی ﷺ کی یہ تنہائی پسندی بھی درحقیقت اللہ تعالیٰ کی تدبیر کا ایک حصہ تھی۔ اس طرح اللہ تعالیٰ آپؐ کو آنے والے کارِ عظیم کے لیے تیار کر رہا تھا۔ درحقیقت جس روح کے لیے بھی یہ مقدر ہو کہ وہ انسانی زندگی کے حقائق پر اثر انداز ہو کر ان کا رُخ بدل ڈالے اس کے لیے ضروری ہے کہ زمین کے مشاغل، زندگی کے شور اور لوگوں کے چھوٹے چھوٹے ہمّ و غم کی دنیا سے کٹ کر کچھ عرصے کے لیے الگ تھلگ اور خلوت نشین رہے۔

ٹھیک اسی سنّت کے مطابق جب اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو امانتِ کبریٰ کا بوجھ اٹھانے، روئے زمین کو بدلنے اور خطِ تاریخ کو موڑنے کے لیے تیار کرنا چاہا تو رسالت کی ذمہ داری عائد کرنے

---

[1] رحمۃٌ للعالمین ۱/۴۷ ابن ہشام ۱/۲۳۵، ۲۳۶ فی ظلال القرآن پارہ ۲۹/۱۶۶۔

سے تین سال پہلے آپ ﷺ کے لیے خلوت نشینی مقدر کر دی۔ آپ ﷺ اس خلوت میں ایک ماہ تک کائنات کی آزاد روح کے ساتھ ہم سفر رہتے اور اس وجود کے پیچھے چھپے ہوئے غیب کے اندر تدبر فرماتے تاکہ جب اللہ تعالیٰ کا اذن ہو تو اس غیب کے ساتھ تعامل کیلئے مستعد رہیں۔[۲]

جبریلؑ وحی لاتے ہیں

جب آپ ﷺ کی عمر چالیس برس ہو گئی ـــــ اور یہی سن کمال ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہی پیغمبروں کی بعثت کی عمر ہے ـــــ تو زندگی کے افق کے پار سے آثار نبوت چمکنا اور جگمگانا شروع ہوئے۔ یہ آثار خواب تھے۔ آپ ﷺ جو بھی خواب دیکھتے وہ سپیدۂ صبح کی طرح نمودار ہوتا۔ اس حالت پر چھ ماہ کا عرصہ گذر گیا ـــــ جو مُدّتِ نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے اور کل مُدّتِ نبوت تیئس برس ہے ـــــ اس کے بعد جب حراء میں خلوت نشینی کا تیسرا سال آیا تو اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ روئے زمین کے باشندوں پر اس کی رحمت کا فیضان ہو۔ چنانچہ اس نے آپ ﷺ کو نبوت سے مشرّف کیا اور حضرت جبریل علیہ السلام قرآن مجید کی چند آیات لے کر آپ ﷺ کے پاس تشریف لائے۔[۳]

دلائل و قرائن پہ ایک جامع نگاہ ڈال کر حضرت جبریل علیہ السلام کی تشریف آوری کے اس واقعے کی تاریخ معیّن کی جاسکتی ہے۔ ہماری تحقیق کے مطابق یہ واقعہ رمضان المبارک کی ۲۱ر تاریخ کو دوشنبہ کی رات میں پیش آیا۔ اس روز اگست کی ۱۰ر تاریخ تھی اور ۶۱۰ء تھا۔ قمری حساب سے نبی ﷺ کی عمر چالیس سال چھ مہینے بارہ دن اور شمسی حساب سے ۳۹ سال تین مہینے ۲۲ دن تھی۔[۴]

---

[۲] فی ظلال القرآن پارہ ۲۹/۱۶۶، ۱۶۷

[۳] حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ بیہقی نے یہ حکایت کی ہے کہ خواب کی مدت چھ ماہ تھی، لہٰذا خواب کے ذریعے نبوت کا آغاز چالیس سال کی عمر مکمل ہونے پر ماہِ ربیع الاول میں ہُوا جو آپ کی ولادت کا مہینہ ہے لیکن حالتِ بیداری میں آپ کے پاس وحی رمضان شریف میں آئی۔ (فتح الباری ۱/۲۷)

[۴] **آغازِ وحی کا مہینہ، دن اور تاریخ** مورخین میں بڑا اختلاف ہے کہ نبی ﷺ کس مہینے میں شرفِ نبوت اور اعزازِ وحی سے سرفراز ہُوئے۔ بیشتر سیرت نگار کہتے ہیں کہ یہ ربیع الاوّل کا مہینہ تھا، لیکن ایک گروہ کہتا ہے کہ یہ رمضان کا مہینہ تھا، بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ رجب کا مہینہ تھا، (دیکھئے مختصر السیرہ از شیخ عبداللہ ص۷۵) ہمارے نزدیک دوسرا قول زیادہ صحیح ہے کہ یہ رمضان کا مہینہ تھا، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيٓ أُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ.. (۲:۱۸۵) "رمضان کا مہینہ ہی وہ (بابرکت مہینہ ہے) جس میں قرآن کریم نازل کیا گیا"، اور ارشاد ہے إِنَّآ أَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ○ (۹۷:۱) یعنی "ہم نے قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل کیا" اور معلوم ہے کہ لیلۃ القدر رمضان میں ہے، یہی لیلۃ القدر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں بھی مراد ہے إِنَّآ أَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ○ (۴۴:۳) "ہم نے قرآن مجید کو ایک بابرکت رات میں اتارا ہم لوگوں کو عذاب کے خطرے سے آگاہ کرنے والے ہیں"

(باقی اگلے صفحہ پر)

آیئے اب ذرا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی زبانی اس واقعے کی تفصیلات سُنیں۔ یہ انوارِ لاہوت کا ایک ایسا شعلہ تھا جس سے کفر وضلالت کی تاریکیاں چھٹتی چلی گئیں، یہاں تک کہ زندگی کی رفتار بدل گئی اور تاریخ کا رُخ پلٹ گیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں "رسُول اللہ ﷺ پر وحی کی ابتدا نیند میں اچھے خواب سے ہُوئی۔ آپؐ جو بھی خواب دیکھتے تھے وہ سپیدۂ صبح کی طرح نمودار ہوتا تھا۔ پھر آپؐ کو تنہائی محبوب ہوگئی۔ چنانچہ آپؐ غارِ حرا میں خلوت اختیار فرماتے اور کئی کئی رات گھر تشریف لائے بغیر مصروفِ عبادت رہتے۔ اس کے لیے آپؐ توشہ لے جاتے۔ پھر (توشہ ختم ہونے پر) حضرت خدیجہؓ کے پاس واپس آتے اور تقریباً اتنے ہی دنوں کیلئے پھر توشہ لے جاتے۔ یہاں تک کہ آپؐ کے پاس حق آیا اور آپؐ غارِ حرا میں تھے یعنی آپؐ کے پاس فرشتہ آیا اور اس نے کہا پڑھو! آپؐ نے فرمایا' میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ آپؐ فرماتے ہیں کہ اس پر اس نے مجھے پکڑ کر اس زور سے دبایا کہ میری قوت نچوڑ دی۔ پھر چھوڑ کر کہا' پڑھو! میں نے کہا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ اس نے دوبارہ پکڑ کر دبوچا۔ پھر چھوڑ کر کہا' پڑھو! میں نے پھر کہا میں پڑھا ہُوا نہیں ہوں۔ اس نے تیسری بار پکڑ کر دبوچا پھر چھوڑ کر کہا اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

(بقیہ نوٹ گذشتہ صفحہ) دوسرے قول کی ترجیح کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ حرا میں رسول اللہ ﷺ کا قیام ماہِ رمضان میں ہوا کرتا تھا۔ اور معلوم ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام حرا ہی میں تشریف لاتے تھے۔

جو لوگ رمضان میں نزولِ وحی کے آغاز کے قائل ہیں ان میں پھر اختلاف ہے کہ اس دن رمضان کی کونسی تاریخ تھی۔ بعض سات کہتے ہیں، بعض سترہ اور بعض اٹھارہ (دیکھئے مختصر السیرہ صہ ۷۵ رحمۃ للعالمین ۱/۴۹) علامہ خضری کا اصرار ہے کہ یہ سترھویں تاریخ تھی۔ دیکھئے (تاریخ خضری ۱/۶۹ اور تاریخ التشریع الاسلامی صہ ۵، ۶، ۷)

میں نے ۲۱ تاریخ کو اس بنا پر ترجیح دی ہے ـــ حالانکہ مجھے اس کا کوئی قائل نظر نہیں آیا ـــ کہ بیشتر سیرت نگاروں کا اتفاق ہے کہ آپ کی بعثت دوشنبہ کے روز ہوئی تھی اور اس کی تائید ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے دوشنبہ کے دن کے روزے کی بابت دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ وہ دن ہے جسمیں مَیں پیدا ہوا۔ اور جس میں مجھے پیغمبر بنایا گیا۔ یا جس میں مجھ پر وحی نازل کی گئی۔ (صحیح مسلم ۱/۳۶۸، مسند احمد ۵/۲۹۷، ۲۹۹ بیہقی ۴/۲۸۶، ۳۰۰ حاکم ۲/۶۰۲) ـــ اور اس سال رمضان میں دوشنبہ کا دن ۷، ۱۴، ۲۱، اور ۲۸ تاریخوں کو پڑا تھا۔ ادھر صحیح روایات سے یہ بات ثابت اور معیّن ہے کہ لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں پڑتی ہے۔ اور ان ہی طاق راتوں میں منتقل بھی ہوتی رہتی ہے۔ اب ہم ایک طرف اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد دیکھتے ہیں کہ ہم نے قرآن مجید کو لیلۃ القدر میں نازل کیا، دوسری طرف ابو قتادہؓ کی یہ روایت دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو دوشنبہ کے روز مبعوث فرمایا گیا، تیسری طرف تقویم کا حساب دیکھتے ہیں کہ اس سال رمضان میں دوشنبہ کا دن کن کن تاریخوں میں پڑا تھا تو متعین ہو جاتا ہے کہ نبی ﷺ کی بعثت اکیسویں رمضان کی رات میں ہوئی۔ اس لیے یہی نزولِ وحی کی پہلی تاریخ ہے۔

مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَ رَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ "پڑھو اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، انسان کو لوتھڑے سے پیدا کیا۔ پڑھو اور تمہارا رب نہایت کریم ہے۔"[۵]

ان آیات کے ساتھ رسُول اللہ ﷺ پلٹے۔ آپ ﷺ کا دل دھک دھک کر رہا تھا۔ حضرت خدیجہؓ بنت خُوَیلد کے پاس تشریف لاتے اور فرمایا: مجھے چادر اوڑھا دو، مجھے چادر اوڑھا دو۔ انہوں نے آپ ﷺ کو چادر اوڑھا دی یہاں تک کہ خوف جاتا رہا۔

اس کے بعد آپ ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو واقعے کی اطلاع دیتے ہوئے فرمایا: یہ مجھے کیا ہوگیا ہے؟ مجھے تو اپنی جان کا ڈر لگتا ہے۔ حضرت خدیجہؓ نے کہا قطعاً نہیں۔ بخدا آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ رسوا نہ کرے گا۔ آپ ﷺ صلہ رحمی کرتے ہیں درماندوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں، تہی دستوں کا بندوبست کرتے ہیں، مہمان کی میزبانی کرتے ہیں اور حق کے مصائب پر اعانت کرتے ہیں۔

اس کے بعد حضرت خدیجہؓ آپؐ کو اپنے چچیرے بھائی وَرَقہ بن نَوفل بن اسد بن عبد العُزّیٰ کے پاس لے گئیں۔ ورقہ دورِ جاہلیت میں عیسائی ہو گئے تھے اور عبرانی میں لکھنا جانتے تھے۔ چنانچہ عبرانی زبان میں حَسَبِ توفیقِ الٰہی انجیل لکھتے تھے۔ اُس وقت بہت بوڑھے اور نابینا ہو چکے تھے۔ ان سے حضرت خدیجہؓ نے کہا بھائی جان! آپ اپنے بھتیجے کی بات سُنیں۔ وَرقہ نے کہا: بھتیجے! تم کیا دیکھتے ہو؟ رسول اللہ ﷺ نے جو کچھ دیکھا تھا بیان فرما دیا۔ اس پر ورقہ نے آپؐ سے کہا: یہ تو وہی ناموس ہے جسے اللہ نے موسیٰؑ پر نازل کیا تھا۔ کاش میں اس وقت توانا ہوتا۔ کاش میں اس وقت زندہ ہوتا جب آپؐ کی قوم آپؐ کو نکال دے گی۔ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھا! تو کیا یہ لوگ مجھے نکال دیں گے؟ ورقہ نے کہا: ہاں! جب بھی کوئی آدمی اس طرح کا پیغام لایا جیسا تم لائے ہو تو اس سے ضرور دشمنی کی گئی اور اگر میں نے تمہارا زمانہ پالیا تو تمہاری زبردست مدد کروں گا۔ اس کے بعد ورقہ جلد ہی فوت ہو گئے اور وحی رُک گئی۔[۶]

طبری اور ابن ہشام کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ اچانک وحی کی آمد کے بعد غارِ

---

[۵] آیتیں عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ تک نازل ہوئی تھیں۔ (۹۶: ۱-۵)

[۶] صحیح بخاری باب کیف کان بدء الوحی ۱/ ۲، ۳، الفاظ کے تھوڑے سے اختلاف کے ساتھ یہ روایت صحیح بخاری کتاب التفسیر اور تعبیر الرؤیا میں بھی مروی ہے۔

حرا سے نکلے تو پھر واپس آکر اپنی بقیہ مدت قیام پوری کی، اس کے بعد مکہ تشریف لائے۔ طبری کی روایت سے آپ کے نکلنے کے سبب پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ روایت یہ ہے:

رسول اللہ ﷺ نے وحی کی آمد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا: "اللہ کی مخلوق میں شاعر اور پاگل سے بڑھ کر میرے نزدیک کوئی قابلِ نفرت نہ تھا۔ (میں شدّتِ نفرت سے) ان کی طرف دیکھنے کی تاب نہ رکھتا تھا۔ (اب جو وحی آئی تو) میں نے (اپنے جی میں) کہا کہ یہ ناکارہ ——— یعنی خود آپ ——— شاعر یا پاگل ہے، میرے بارے میں قریش ایسی بات کبھی نہ کہہ سکیں گے۔ میں پہاڑ کی چوٹی پر جارہا ہوں وہاں سے اپنے آپ کو نیچے لڑھکا دوں گا اور اپنا خاتمہ کرلوں گا اور ہمیشہ کیلئے راحت پا جاؤنگا۔" آپ فرماتے ہیں کہ میں یہی سوچ کر نکلا جب بیچ پہاڑ پر پہنچا تو آسمان سے ایک آواز سنائی دی: اے محمد! ﷺ تم اللہ کے رسول ہو اور میں جبریل ہوں۔ آپ کہتے ہیں کہ میں نے آسمان کی طرف اپنا سر اٹھایا۔ دیکھا تو جبریلؑ ایک آدمی کی شکل میں اُفق کے اندر پاؤں جمائے کھڑے ہیں اور کہہ رہے ہیں: اے محمد! ﷺ تم اللہ کے رسول ہو اور میں جبریل ہوں، آپ فرماتے ہیں کہ میں وہیں ٹھہر کر جبریلؑ کو دیکھنے لگا اور اس شغل نے مجھے میرے ارادے سے غافل کردیا۔ اب میں نہ آگے جارہا تھا نہ پیچھے۔ البتہ اپنا چہرہ آسمان کے افق میں گھما رہا تھا اور اس کے جس گوشے پر بھی میری نظر پڑتی تھی جبریل اسی طرح دکھائی دیتے تھے۔ میں مسلسل کھڑا رہا۔ نہ آگے بڑھ رہا تھا نہ پیچھے یہاں تک کہ خدیجہؓ نے میری تلاش میں اپنے قاصد بھیجے اور وہ مکہ تک جاکر پلٹ آئے۔ لیکن میں اپنی جگہ کھڑا رہا۔ پھر جبریلؑ چلے گئے اور میں بھی اپنے اہل خانہ کی طرف پلٹ آیا اور خدیجہؓ کے پاس پہنچ کر ان کی ران کے پاس انہیں پر ٹیک لگاکر بیٹھ گیا۔ انہوں نے کہا، ابوالقاسم! آپ کہاں تھے؟ بخدا! میں نے آپ کی تلاش میں آدمی بھیجے اور وہ مکہ تک جاکر واپس آگئے (اس کے جواب میں) میں نے جو کچھ دیکھا تھا انہیں بتادیا۔ انہوں نے کہا: چچا کے بیٹے! آپ خوش ہوجایئے اور آپ ثابت قدم رہیئے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے، میں اُمید کرتی ہوں کہ آپ اس اُمت کے نبی ہوں گے۔ اس کے بعد وہ ورقہ بن نوفل کے پاس گئیں۔ انہیں ماجرا سُنایا۔ انہوں نے کہا قدوس، قدوس، اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں ورقہ کی جان ہے ان کے پاس وہی ناموسِ اکبر آیا ہے جو موسیٰؑ کے پاس آیا کرتا تھا۔ یہ اس اُمت کے نبی ہیں۔ ان سے کہو ثابت قدم رہیں۔ اس کے بعد حضرت خدیجہؓ نے واپس آکر آپ کو ورقہ کی بات بتائی۔ پھر جب رسول اللہ ﷺ نے حرا میں اپنا قیام پورا کرلیا اور (مکہ) تشریف لائے تو آپ سے ورقہ نے ملاقات کی اور

آپؐ کی زبانی تفصیلات سُن کر کہا: اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آپؐ اِس اُمت کے نبی ہیں۔ آپؐ کے پاس وہی ناموسِ اکبر آیا ہے جو موسیٰؑ کے پاس آیا تھا[7]

وحی کی بندش

رہی یہ بات کہ وحی کتنے دنوں تک بند رہی تو اس سلسلے میں ابن سعد نے ابنِ عباسؓ سے ایک روایت نقل کی ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ یہ بندش چند دنوں کے لیے تھی اور سارے پہلوؤں پر نظر ڈالنے کے بعد یہی بات راجح بلکہ یقینی معلوم ہوتی ہے اور یہ جو مشہور ہے کہ وحی کی بندش تین سال یا ڈھائی سال تک رہی تو یہ قطعاً صحیح نہیں۔ البتہ یہاں دلائل پر بحث کی گنجائش نہیں[8]

وحی کی اس بندش کے عرصے میں رسُول ﷺ حزین و غمگین رہے اور آپ پر حیرت و استعجاب طاری رہا۔ چنانچہ صحیح بخاری کتاب التعبیر کی روایت ہے کہ:

"وحی بند ہوگئی جس سے رسُول اللہ ﷺ اس قدر غمگین ہُوئے کہ کئی بار بلند و بالا پہاڑ کی چوٹیوں پر تشریف لے گئے کہ وہاں سے لڑھک جائیں لیکن جب کسی پہاڑ کی چوٹی پر پہنچتے کہ اپنے آپ کو لڑھکا لیں تو حضرت جبریلؑ نمودار ہوتے اور فرماتے: "اے محمد! ﷺ آپ اللہ کے رسُول برحق ہیں" اور اس کی وجہ سے آپ کا اضطراب تھم جاتا۔ نفس کو قرار آجاتا اور آپ واپس آجاتے۔ پھر جب آپؐ پر وحی کی بندش طول پکڑ جاتی تو آپ پھر اسی جیسے کام کے لیے نکلتے لیکن جب پہاڑ کی چوٹی پر پہنچتے تو حضرت جبریلؑ نمودار ہو کر پھر وہی بات دُہراتے"[9]

جبریلؑ دُوبارہ وحی لاتے ہیں

حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ یہ (یعنی وحی کی چند روزہ بندش) اس لیے تھی تاکہ آپؐ پر جو خوف طاری ہو گیا تھا وہ رخصت ہو جائے اور دوبارہ وحی کی آمد کا شوق و انتظار پیدا ہو جائے[10] چنانچہ جب حیرت کے سائے سُکڑ گئے، حقیقت کے نقوش پختہ ہوگئے اور نبی ﷺ کو یقینی طور پر معلوم ہو گیا کہ آپؐ خدائے بزرگ و برتر کے نبی ہو چکے ہیں

---

[7] طبری ۲/۲۰۷، ابنِ ہشام ۱/۲۳۷، ۲۳۸، آخر کا تھوڑا سا حصہ ملخص کر دیا گیا ہے ہمیں اس روایت کی بیان کردہ تفصیلات کی صحت کے بارے میں قدرے تامّل ہے۔ صحیح بخاری کی روایت کے سیاق اور اس کی متعدد روایات کے تقابل کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ مکہ کی طرف آپؐ کی واپسی اور حضرت ورقہ سے ملاقات نزولِ وحی کے بعد اسی دن ہوگئی تھی۔ اور پھر باقی ماندہ قیام حرا کی تکمیل آپؐ نے مکہ سے پلٹ کر کی تھی۔

[8] تھوڑی سی توضیح حاشیہ نمبر ۱ میں آرہی ہے۔

[9] صحیح بخاری کتاب التعبیر باب اول ما بدئ بہ رسول اللہ ﷺ الرؤیا الصالحۃ ۲/۱۰۳۴ [10] فتح الباری ۱/۲۷

اور آپؐ کے پاس جو شخص آیا تھا وہ وحی کا سفیر اور آسمانی خبر کا ناقل ہے اور اس طرح وحی کے لیے آپؐ کا شوق و انتظار اس بات کا ضامن ہو گیا کہ آئندہ وحی کی آمد پہ آپؐ ثابت قدم رہیں گے اور اس بوجھ کو اٹھا لیں گے، تو حضرت جبریلؑ دوبارہ تشریف لاتے۔ صحیح بخاری میں حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی زبانی بندشِ وحی کا واقعہ سنا آپؐ فرما رہے تھے:

"میں چلا جا رہا تھا کہ مجھے اچانک آسمان سے ایک آواز سنائی دی۔ میں نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ جو میرے پاس حراء میں آیا تھا آسمان و زمین کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا ہے۔ میں اس سے خوف زدہ ہو کر زمین کی طرف جا جھکا۔ پھر میں نے اپنے اہل خانہ کے پاس آ کر کہا مجھے چادر اوڑھا دو، مجھے چادر اوڑھا دو۔ انہوں نے مجھے چادر اوڑھا دی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یَاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ ـــ وَالرُّجْزَ فَاھْجُرْ تک نازل فرمائی پھر (نزول) وحی میں گرمی آ گئی اور وہ پیا پے نازل ہونے لگی [۱]"

وحی کی اقسام

اب ہم سلسلۂ بیان سے ذرا ہٹ کر یعنی رسالت و نبوت کی حیاتِ مبارکہ کی تفصیلات شروع کرنے سے پہلے وحی کی اقسام ذکر کر دینا چاہتے ہیں کیونکہ یہ رسالت کا مصدر اور دعوت کی کمک ہے۔ علامہ ابنِ قیمؒ نے وحی کے حسبِ ذیل مراتب ذکر کیے ہیں:

۱۔ سچا خواب: اسی سے نبی ﷺ کے پاس وحی کی ابتداء ہوئی۔

۲۔ فرشتہ آپؐ کو دکھلائی دیے بغیر آپ کے دل میں بات ڈال دیتا تھا، مثلاً نبی ﷺ کا ارشاد ہے:

اِنَّ رُوحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِي رُوعِي اَنَّهُ لَنْ تَمُوتَ نَفْسٌ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ، وَلَا يَحْمِلَنَّكُمْ اسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ

---

[۱] صحیح بخاری کتاب التفسیر باب والرجز فاہجر ۲/۷۳۳،

اس روایت کے بعض طرق کے آغاز میں یہ اضافہ بھی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: میں نے حراء میں اعتکاف کیا، اور جب اپنا اعتکاف پورا کر چکا تو نیچے اترا۔ پھر جب میں بطنِ وادی سے گذر رہا تھا تو مجھے پکارا گیا۔ میں نے دائیں بائیں آگے پیچھے دیکھا، کچھ نظر نہ آیا۔ اوپر نگاہ اٹھائی تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ ۔۔۔۔ الخ اہل سیر کی تمام روایات کے مجموعے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ آپؐ نے تین سال حراء میں ماہ رمضان کا اعتکاف کیا تھا اور نزولِ وحی والا رمضان تیسرا یعنی آخری رمضان تھا، اور آپؐ کا دستور تھا کہ آپؐ رمضان کا اعتکاف مکمل کر کے پہلی شوال کو سویرے ہی مکہ آ جاتے تھے۔ مذکورہ روایت کے ساتھ اس بات کو جوڑنے سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یَاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ والی وحی پہلی وحی کے دس دن بعد یکم شوال کو نازل ہوئی تھی یعنی بندشِ وحی کی کل مدت دس دن تھی۔ واللہ اعلم۔

عَلٰی اَنْ تَطْلُبُوْہُ بِمَعْصِیَۃِ اللّٰہِ فَاِنَّ مَاعِنْدَاللّٰہِ لَایُنَالُ اِلَّا بِطَاعَتِہٖ۔

"روح القدس نے میرے دل میں یہ بات پھونکی کہ کوئی نفس مر نہیں سکتا یہاں تک کہ اپنا رزق پورا پورا حاصل کرلے۔ پس اللہ سے ڈرو اور طلب میں اچھائی اختیار کرو اور رزق کی تاخیر تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم اُسے اللہ کی معصیت کے ذریعے تلاش کرو، کیونکہ اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ اس کی اطاعت کے بغیر حاصل نہیں کیا جاسکتا۔"

۳۔ فرشتہ نبی ﷺ کے لیے آدمی کی شکل اختیار کرکے آپؐ کو مخاطب کرتا پھر جو کچھ وہ کہتا اسے آپؐ یاد کرلیتے۔ اس صورت میں کبھی کبھی صحابہؓ بھی فرشتے کو دیکھتے تھے۔

۴۔ آپؐ کے پاس وحی گھنٹی کے ٹن ٹناتے کی طرح آتی تھی۔ وحی کی یہ سب سے سخت صورت ہوتی تھی۔ اس صورت میں فرشتہ آپؐ سے ملتا تھا اور وحی آتی تھی تو سخت جاڑے کے زمانے میں بھی آپؐ کی پیشانی سے پسینہ پھوٹ پڑتا تھا، اور آپؐ اونٹنی پر سوار ہوتے تو وہ زمین پر بیٹھ جاتی تھی۔ ایک بار اس طرح وحی آئی کہ آپؐ کی ران حضرت زید بن ثابتؓ کی ران پر تھی، تو ان پر اس قدر گراں بار ہوئی کہ معلوم ہوتا تھا ران کچل جائے گی۔

۵۔ آپؐ فرشتے کو اس کی اصلی اور پیدائشی شکل میں دیکھتے تھے اور اسی حالت میں وہ اللہ تعالیٰ کی حسبِ مشیت آپؐ کی طرف وحی کرتا تھا۔ یہ صورت آپؐ کے ساتھ دو مرتبہ پیش آئی جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورۃ النجم میں فرمایا ہے۔

۶۔ وہ وحی جو آپؐ پر معراج کی رات نماز کی فرضیت وغیرہ کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے اس وقت فرمائی، جب آپؐ آسمانوں کے اُوپر تھے۔

۷۔ فرشتے کے واسطے کے بغیر اللہ تعالیٰ کی آپؐ سے حجاب میں رہ کر براہِ راست گفتگو جیسے اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے گفتگو فرمائی تھی۔ وحی کی یہ صورت موسیٰ علیہ السلام کے لیے نصِ قرآنی سے قطعی طور پر ثابت ہے۔ لیکن نبی ﷺ کے لیے اس کا ثبوت (قرآن کی بجائے) معراج کی حدیث میں ہے۔

بعض لوگوں نے ایک آٹھویں شکل کا بھی اضافہ کیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ رُو در رُو بغیر حجاب کے گفتگو کرے۔ لیکن یہ ایسی صورت ہے جس کے بارے میں سلف سے لے کر خلف تک اختلاف چلا آیا ہے[۱۲]۔

---

[۱۲] زاد المعاد ۱/ ۱۸ پہلی اور آٹھویں صورت کے بیان میں اصل عبارت کے اندر تھوڑی سی تلخیص کر دی گئی ہے۔

تبلیغ کا حکم اور اُس کے مضمرات

سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات — یَاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ سے وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ تک۔
میں نبی ﷺ کو کئی حکم دیئے گئے ہیں جو بظاہر تو بہت مختصر اور سادہ ہیں لیکن حقیقۃً بڑے دُور رَس مقاصد پر مشتمل ہیں اور حقائق پر ان کے گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں چنانچہ،

۱۔ اِنذار کی آخری منزل یہ ہے کہ عالمِ وجود میں اللہ کی مرضی کے خلاف جو بھی چل رہا ہو اسے اس کے پُرخطر انجام سے آگاہ کر دیا جائے اور وہ بھی اس طرح کہ عذابِ الٰہی کے خوف سے اس کے دل و دماغ میں ہلچل اور اتھل پتھل مچ جائے۔

۲۔ رَب کی بڑائی و کبریائی بجا لانے کی آخری منزل یہ ہے کہ رُوئے زمین پر کسی اور کی کبریائی برقرار نہ رہنے دی جائے۔ بلکہ اس کی شوکت توڑ دی جائے، اور اسے اُلٹ کر رکھ دیا جائے یہاں تک کہ روئے زمین پر صرف اللہ کی بڑائی باقی رہے۔

۳۔ کپڑے کی پاکی اور گندگی سے دُوری کی آخری منزل یہ ہے کہ ظاہر و باطن کی پاکی اور تمام شوائب و الوَاث سے نفس کی صفائی کے سلسلے میں اس حدِ کمال کو پہنچ جائیں جو اللہ کی رحمت کے گھنے سائے میں اس کی حفاظت و نگہداشت اور ہدایت و نور کے تحت ممکن ہے، یہاں تک کہ انسانی معاشرے کا ایسا اعلیٰ ترین نمونہ بن جائیں کہ آپؐ کی طرف تمام قلبِ سلیم کھنچتے چلے جائیں اور آپؐ کی ہیبت و عظمت کا احساس تمام کج دلوں کو ہو جائے اور اس طرح ساری دنیا موافقت یا مخالفت میں آپؐ کے گرد مرتکز ہو جائے۔

۴۔ احسان کر کے اس پر کثرت نہ چاہنے کی آخری منزل یہ ہے کہ اپنی جد و جہد اور کارناموں کو بڑائی اور اہمیت نہ دیں بلکہ ایک کے بعد دوسرے عمل کے لیے جد و جہد کرتے جائیں۔ اور بڑے پیمانے پر قربانی اور جہد و مشقت کر کے اسے اس معنی میں فراموش کرتے جائیں کہ یہ ہمارا کوئی کارنامہ ہے۔ یعنی اللہ کی یاد اور اس کے سامنے جوابدہی کا احساس اپنی جُہد و مشقت کے احساس پر غالب رہے۔

۵۔ آخری آیت میں اشارہ ہے کہ اللہ کی طرف دعوت کا کام شروع کرنے کے بعد معاندین کی

جانب سے مخالفت، استہزاء، ہنسی اور ٹھٹھے کی شکلوں میں ایذا رسانی سے لے کر آپؐ کو اور آپؐ کے ساتھیوں کو قتل کرنے اور آپؐ کے گرد جمع ہونے والے اہلِ ایمان کو نیست و نابود کرنے تک کی بھرپور کوششیں ہوں گی اور آپؐ کو ان سب سے سابقہ پیش آئے گا۔ اس صورت میں آپؐ کو بڑی پامردی اور پختگی سے صبر کرنا ہوگا۔ وہ بھی اس لیے نہیں کہ اس صبر کے بدلے کسی حظِّ نفسانی کے حصول کی توقع ہو۔ بلکہ محض اپنے رب کی مرضی اور اس کے دین کی سربلندی کے لیے۔ (وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ)

اللہ اکبر! یہ احکامات اپنی ظاہری شکل میں کتنے سادہ اور مختصر ہیں اور ان کے الفاظ کی بندش کتنی پرسکون اور پرکشش نغمگی لیے ہوئے ہے۔ لیکن عمل اور مقصد کے لحاظ سے یہ احکامات کتنے بھاری کتنے باعظمت اور کتنے سخت ہیں اور ان کے نتیجے میں کتنی سخت چوکھی آندھی بپا ہوگی جو ساری دنیا کے گوشے گوشے کو ہلا کر اور ایک کو دوسرے سے گتھ کر رکھ دے گی۔

ان ہی مذکورہ آیات میں دعوت و تبلیغ کا مواد بھی موجود ہے۔ انذار کا مطلب ہی یہ ہے کہ بنی آدم کے کچھ اعمال ایسے ہیں جن کا انجام بُرا ہے اور یہ سب کو معلوم ہے کہ اس دنیا میں لوگوں کو نہ تو ان کے سارے اعمال کا بدلہ دیا جاتا ہے اور نہ دیا جاسکتا ہے، اس لیے انذار کا ایک تقاضا یہ بھی ہے کہ دنیا کے دنوں کے علاوہ ایک دن ایسا بھی ہونا چاہیئے جس میں ہر عمل کا پورا پورا اور ٹھیک ٹھیک بدلہ دیا جاسکے۔ یہی قیامت کا دن، جزاء کا دن اور بدلے کا دن ہے۔ پھر اس دن بدلہ دیئے جانے کا لازمی تقاضا ہے کہ ہم دنیا میں جو زندگی گزار رہے ہیں اس کے علاوہ بھی ایک زندگی ہو۔

بقیہ آیات میں بندوں سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ توحید خالص اختیار کریں۔ اپنے سارے معاملات اللہ کو سونپ دیں۔ اور اللہ کی مرضی پر نفس کی خواہش اور لوگوں کی مرضی کو تج دیں۔ اس طرح دعوت و تبلیغ کے مواد کا خلاصہ یہ ہوا:

(الف) توحید

(ب) یومِ آخرت پر ایمان

(ج) تزکیۂ نفس کا اہتمام یعنی انجامِ بد تک لے جانے والے گندے اور فحش کاموں سے پرہیز، اور فضائل و کمالات اور اعمال خیر پر کاربند ہونے کی کوشش۔

(د) اپنے سارے معاملات کی اللہ کو حوالگی و سپردگی۔

(ہ) پھر اس سلسلے کی آخری کڑی یہ ہے کہ یہ سب کچھ نبی ﷺ کی رسالت پر ایمان لاکر، آپؐ

کی باعظمت قیادت اور رشد و ہدایت سے لبریز فرمودات کی روشنی میں انجام دیا جائے۔

پھر ان آیات کا مَطلَع اللہ بزرگ و برتر کی آواز میں ایک آسمانی نداء پر مشتمل ہے جس میں نبی ﷺ کو اس عظیم و جلیل کام کے لیے اٹھنے اور نیند کی چادر پوشی اور بستر کی گرمی سے نکل کر جہاد وکفاح اور سعی و مشقت کے میدان میں آنے کے لیے کہا گیا ہے۔ یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ○ قُمْ فَاَنْذِرْ○ (۲/۱:۷۴) اے چادر پوش اُٹھ اور ڈرا، گویا یہ کہا جا رہا ہے کہ جسے اپنے لیے جینا ہے وہ تو راحت کی زندگی گزار سکتا ہے۔ لیکن آپؐ، جو اس زبردست بوجھ کو اٹھا رہے ہیں، تو آپؐ کو نیند سے کیا تعلق؟ آپؐ کو راحت سے کیا سروکار؟ آپؐ کو گرم بستر سے کیا مطلب؟ پرسکون زندگی سے کیا نسبت؟ راحت بخش ساز و سامان سے کیا واسطہ؟ آپؐ اُٹھ جائیے اس کارِ عظیم کے لیے جو آپؐ کا منتظر ہے۔ اس بارِ گراں کے لیے جو آپؐ کی خاطر تیار ہے۔ اُٹھ جائیے جہد و مشقت کے لیے، تکان اور محنت کے لیے اٹھ جائیے! کہ اَب نیند اور راحت کا وقت گزر چکا، اب آج سے پیہم بیداری ہے اور طویل و پُر مشقت جہاد ہے اُٹھ جائیے! اور اس کام کے لیے مستعد اور تیار ہو جائیے ——

یہ بڑا عظیم اور پُر ہیبت کلمہ ہے۔ اس نے نبی ﷺ کو پُرسکون گھر، گرم آغوش اور نرم بستر سے کھینچ کر تند طوفانوں اور تیز جھکڑوں کے درمیان اتھاہ سمندر میں پھینک دیا اور لوگوں کے ضمیر اور زندگی کے حقائق کی کشاکش کے درمیان لا کھڑا کیا۔

پھر —— رسول ﷺ اُٹھ گئے اور بیس سال سے زیادہ عرصے تک اُٹھے رہے۔ راحت و سکون تج دیا۔ زندگی اپنے لیے اور اہل و عیال کے لیے نہ رہی۔ آپؐ اُٹھے تو اٹھے ہی رہے۔ کام اللہ کی طرف دعوت دینا تھا۔ آپؐ نے یہ کمر توڑ بارِ گراں اپنے شانے پر کسی دباؤ کے بغیر اٹھا لیا۔ یہ بوجھ تھا اس روئے زمین پہ امانتِ کُبریٰ کا بوجھ۔ ساری انسانیت کا بوجھ، سارے عقیدے کا بوجھ اور مختلف میدانوں میں جہاد و دفاع کا بوجھ۔ آپ نے بیس سال سے زیادہ عرصے تک پیہم اور ہمہ گیر معرکہ آرائی میں زندگی بسر کی اور اس پورے عرصے میں یعنی جب سے آپؐ نے وہ آسمانی ندائے جلیل سُنی اور یہ گراں بار ذمہ داری پائی آپ کو کوئی ایک حالت کسی دوسری حالت سے غافل نہ کر سکی۔ اللہ آپؐ کو ہماری طرف سے اور ساری انسانیت کی طرف سے بہترین جزا دے[۱۳]

اگلے صفحات رسُول اللہ ﷺ کے اسی طویل اور پُرمشقت جہاد کا ایک مختصر سا خاکہ ہیں۔

---

[۱۳] فی ظلال القرآن سورہ مزمل و مدثر پارہ ۲۹: ۱۶۸ تا ۱۷۱ و ۱۸۲

دعوت کے اَدْوار و مَراحِل

ہم نبی ﷺ کی پیغمبرانہ زندگی کو دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں جو ایک دوسرے سے مکمل طور پہ نمایاں اور ممتاز تھے۔ وہ دونوں حصے یہ ہیں:

۱۔ مکّی زندگی ــــ تقریباً تیرہ سال

۲۔ مدنی زندگی ــــ دس سال

پھر ان میں سے ہر حصہ کئی مرحلوں پر مشتمل ہے اور یہ مرحلے بھی اپنی خصوصیات کے اعتبار سے ایک دوسرے سے مختلف اور ممتاز ہیں۔ اس کا اندازہ آپؐ کی پیغمبرانہ زندگی کے دونوں حصوں میں پیش آنے والے مختلف حالات کا گہرائی سے جائزہ لینے کے بعد ہو سکتا ہے۔

مکّی زندگی تین مرحلوں پر مشتمل تھی

۱۔ پسِ پردہ دعوت کا مرحلہ ــــ تین برس ــــ

۲۔ اہلِ مکہ میں کھلم کھلا دعوت وتبلیغ کا مرحلہ ــــ چوتھے سال نبوت کے آغاز سے دسویں سال کے اواخر تک۔

۳۔ مکہ کے باہر اسلام کی دعوت کی مقبولیت اور پھیلاؤ کا مرحلہ ــــ دسویں سالِ نبوت کے اواخر سے ہجرت مدینہ تک۔

مدنی زندگی کے مراحل کی تفصیل اپنی جگہ آ رہی ہے۔

پہلا مرحلہ:

کاوشِ تبلیغ

خفیہ دعوت کے تین سال

یہ معلوم ہے کہ مکہ دینِ عرب کا مرکز تھا۔ یہاں کعبہ کے پاسبان بھی تھے اور ان بتوں کے نگہبان بھی جنہیں پورا عرب تقدیس کی نظر سے دیکھتا تھا، اس لیے کسی دور افتادہ مقام کی بہ نسبت مکہ میں مقصد اصلاح تک رسائی ذرا زیادہ دشوار تھی۔ یہاں ایسی عزیمت درکار تھی جسے مصائب ومشکلات کے جھٹکے اپنی جگہ سے نہ ہلا سکیں۔ اس کیفیت کے پیشِ نظر حکمت کا تقاضا تھا کہ پہلے پہل دعوت وتبلیغ کا کام پس پردہ انجام دیا جائے تاکہ اہل مکہ کے سامنے اچانک ایک ہیجان خیز صُورت حال نہ آجائے۔

اوّلین راہروانِ اسلام

یہ بالکل فطری بات تھی کہ رسُول اللہ ﷺ سب سے پہلے ان لوگوں پر اسلام پیش کرتے جن سے آپؐ کا سب سے گہرا ربط وتعلق تھا، یعنی اپنے گھر کے لوگوں اور دوستوں پر۔ چنانچہ آپؐ نے سب سے پہلے انہیں کو دعوت دی۔ اس طرح آپؐ نے ابتداء میں اپنی جان پہچان کے ان لوگوں کو حق کی طرف بلایا جن کے چہروں پر آپؐ بھلائی کے آثار دیکھ چکے تھے اور یہ جان چکے تھے کہ وہ حق اور خیر کو پسند کرتے ہیں، آپ کے صدق وصلاح سے واقف ہیں۔ پھر آپ نے جنہیں اسلام کی دعوت دی ان میں سے ایک ایسی جماعت نے جسے کبھی بھی رسول اللہ ﷺ کی عظمت، جلالتِ نفس اور سچائی پر شبہ نہ گذرا تھا، آپ کی دعوت قبول کرلی۔ یہ اسلامی تاریخ میں سابقین اولین کے وصف سے مشہور ہیں۔ ان میں سرفہرست آپؐ کی بیوی اُمّ المومنین حضرت خدیجہؓ بنتِ خوَیلد، آپؐ کے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہؓ بن شرحبیل کلبی[۱]، آپؐ کے چچیرے بھائی حضرت علیؓ بن ابی طالب جو ابھی آپؐ کے زیر کفالت بچے تھے اور آپؐ کے یارِ غار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہم اجمعین ہیں۔ یہ سب کے سب پہلے ہی دن مسلمان ہوگئے تھے[۲]۔ اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ اسلام کی تبلیغ میں سرگرم

۱؎ یہ جنگ میں قید ہوکر غلام بنالیے گئے تھے۔ بعد میں حضرت خدیجہؓ ان کی مالک (باقی اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

ہوگئے۔ وہ بڑے ہر دلعزیز نرم خُو، پسندیدہ خصال کے حامل، با اخلاق اور دریا دل تھے، ان کے پاس ان کی مروت، دور اندیشی، تجارت اور حسن صحبت کی وجہ سے لوگوں کی آمد و رفت لگی رہتی تھی۔ چنانچہ انہوں نے اپنے پاس آنے جانے والوں اور اٹھنے بیٹھنے والوں میں سے جس کو قابلِ اعتماد پایا اسے اب اسلام کی دعوت دینی شروع کر دی۔ ان کی کوشش سے حضرت عثمانؓ، حضرت زبیرؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت طلحہ بن عبیداللہؓ مسلمان ہوئے۔ یہ بزرگ اسلام کا ہراول دستہ تھے۔

شروع شروع میں جو لوگ اسلام لائے انہی میں حضرت بلال حبشیؓ بھی ہیں۔ ان کے بعد امینِ اُمّت حضرت ابو عبیدہؓ عامر بن جرّاحؓ، ابو سلمہ بن عبدالاسدؓ، اَرقمؓ بن ابی الارقم، عثمانؓ بن مَظعُون اور ان کے دونوں بھائی قُدامہ اور عبداللہؓ، اور عُبَیدہ بن حارث بن مطلب بن عبد منافؓ، سعید بن زید، اور ان کی بیوی یعنی حضرت عُمرؓ کی بہن فاطمہؓ بنت خطّاب اور خَبّابؓ بن اَرتّ، عبداللہ بن مسعودؓ اور دوسرے کئی افراد مسلمان ہوئے۔ یہ لوگ مجموعی طور پر قریش کی تمام شاخوں سے تعلق رکھتے تھے۔ ابنِ ہشام نے ان کی تعداد چالیس سے زیادہ بتائی ہے۔ (دیکھئے ۱/۲۴۵ تا ۲۶۲) لیکن ان میں سے بعض کو سابقین اولین میں شمار کرنا محلِ نظر ہے۔

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ اس کے بعد مرد اور عورتیں اسلام میں جماعت در جماعت داخل ہوئے۔ یہاں تک کہ مکہ میں اسلام کا ذکر پھیل گیا اور لوگوں میں اس کا چرچا ہو گیا[۳]

یہ لوگ چھپ چھپا کر مسلمان ہوئے تھے اور رسول اللہ ﷺ بھی چھُپ چھپا کر ہی ان کی رہنمائی اور دینی تعلیم کے لیے ان کے ساتھ جمع ہوتے تھے کیونکہ تبلیغ کا کام ابھی تک انفرادی طور پر پسِ پردہ چل رہا تھا۔ ادھر سورہ مدّثر کی ابتدائی آیات کے بعد وحی کی آمد پورے تسلسل اور گرم رفتاری کے ساتھ جاری تھی۔ اس دَور میں چھوٹی چھوٹی آیتیں نازل ہو رہی تھیں۔ ان آیتوں

(بقیہ نوٹ پچھلا صفحہ) ہو گئیں اور انہیں رسول اللہ ﷺ کو ہبہ کر دیا۔ اس کے بعد ان کے والد اور چچا انہیں گھر لے جانے کے لیے آئے لیکن انہوں نے باپ اور چچا کو چھوڑ کر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہنا پسند کیا۔ اس کے بعد آپؐ نے عرب کے دستور کے مطابق انہیں اپنا مُتَبنّیٰ (لے پالک) بنا لیا اور انہیں زید بن محمدؐ کہا جانے لگا یہاں تک کہ اسلام نے اس رسم کا خاتمہ کر دیا۔

[۲] رحمۃ للعالمین ۱/۵۰ [۳] سیرت ابنِ ہشام ۱/۲۶۲

کا خاتمہ یکساں قسم کے بڑے پُرکشش الفاظ پر ہوتا تھا اور ان میں بڑی سکون بخش اور جاذبِ قلب نغمگی ہوتی تھی جو اس پرسکون اور رقت آمیز فضا کے عین مطابق ہوتی تھی۔ پھر ان آیتوں میں تزکیۂ نفس کی خوبیاں اور آلائش دنیا میں لت پت ہونے کی برائیاں بیان کی جاتی تھیں اور جنت و جہنم کا نقشہ اس طرح کھینچا جاتا تھا کہ گویا وہ آنکھوں کے سامنے ہیں۔ یہ آیتیں اہلِ ایمان کو اس وقت کے انسانی معاشرے سے بالکل الگ ایک دوسری ہی فضا کی سیر کراتی تھیں۔

نماز ابتداءً جو کچھ نازل ہوا اسی میں نماز کا حکم بھی تھا۔ مُقَاتِل بن سلیمان کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ابتدائے اسلام میں دو رکعت صبح اور دو رکعت شام کی نماز فرض کی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

..وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ۝ (۴۰ : ۵۵)

"صبح اور شام اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرو"

ابنِ حجر کہتے ہیں کہ نبی ﷺ اور اسی طرح آپؐ کے صحابہ کرام واقعہ معراج سے پہلے قطعی طور پر نماز پڑھتے تھے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ نماز پنجگانہ سے پہلے کوئی نماز فرض تھی یا نہیں؟ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ سورج کے طلوع اور غروب ہونے سے پہلے ایک ایک نماز فرض تھی۔

حارثؓ بن اُسامہ نے ابنِ لَہیعہ کے طریق سے موصولاً حضرت زید بن حارثہؓ سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ پر ابتداءً جب وحی آئی تو آپؐ کے پاس حضرت جبریلؑ تشریف لائے اور آپ کو وضو کا طریقہ سکھایا جب وضو سے فارغ ہوئے تو ایک چلو پانی لیکر شرمگاہ پر چھینٹا مارا۔ ابنِ ماجہ نے بھی اس مفہوم کی حدیث روایت کی ہے۔ براءؓ بن عازب اور ابنِ عباسؓ سے بھی اسی طرح کی حدیث مروی ہے۔ ابنِ عباسؓ کی حدیث میں یہ بھی مذکور ہے کہ یہ (نماز) اولین فرائض میں سے تھی۔[۴]

ابن ہشام کا بیان ہے کہ نبی ﷺ اور صحابہ کرام نماز کے وقت گھاٹیوں میں چلے جاتے تھے اور اپنی قوم سے چھپ کر نماز پڑھتے تھے۔ ایک بار ابوطالب نے نبی ﷺ اور حضرت علیؓ کو نماز پڑھتے دیکھ لیا۔ پوچھا اور حقیقت معلوم ہوئی تو کہا کہ اس پر برقرار رہیں۔[۵]

---

۴ مختصر السیرہ از شیخ عبداللہ ص ۸۸

۵ ابنِ ہشام ۱/ ۲۴۷

قریش کو اجمالی خبر مختلف واقعات سے ظاہر ہے کہ اس مرحلے میں تبلیغ کا کام اگرچہ انفرادی طور پر چھپ چھپا کر کیا جا رہا تھا لیکن قریش کو اس کی سُن گُن لگ چکی تھی۔ البتہ انہوں نے اسے قابلِ توجہ نہ سمجھا۔

محمد غزالیؒ لکھتے ہیں کہ یہ خبریں قریش کو پہنچ چکی تھیں، لیکن قریش نے انہیں کوئی اہمیت نہ دی۔ غالباً انہوں نے محمد ﷺ کو بھی اسی طرح کا کوئی دینی آدمی سمجھا جو الوہیت اور حقوقِ الوہیت کے موضوع پر گفتگو کرتے ہیں۔ جیسا کہ اُمیہ بن ابی الصلت، قُس بن ساعدہ اور زید بن عمرو بن نُفیل وغیرہ نے کیا تھا۔ البتہ قریش نے آپ کی خبر کے پھیلاؤ اور اثر کے بڑھاؤ سے کچھ اندیشے ضرور محسوس کئے تھے اور ان کی نگاہیں رفتارِ زمانہ کے ساتھ آپ کے انجام اور آپ کی تبلیغ پر رہنے لگی تھیں [۵۶]۔

تین سال تک تبلیغ کا کام خفیہ اور انفرادی رہا اور اس دوران اہلِ ایمان کی ایک جماعت تیار ہو گئی جو اخوّت اور تعاون پر قائم تھی، اللہ کا پیغام پہنچا رہی تھی اور اس پیغام کو اس کا مقام دلانے کے لیے کوشاں تھی۔ اس کے بعد وحیٔ الٰہی نازل ہوئی اور رسول اللہ ﷺ کو مکلّف کیا گیا کہ اپنی قوم کو کھلم کھلا دین کی دعوت دیں۔ انکے باطل سے ٹکرائیں اور ان کے بتوں کی حقیقت واشگاف کریں۔

---

۵۶ فقہ السیرۃ ص ۷۶۔

دوسرا مرحلہ:

کُھلی تبلیغ

اظہارِ دعوت کا پہلا حکم بارے میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا یہ قول نازل ہُوا وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (۲۶: ۲۱۴) آپ اپنے نزدیک ترین قرابتداروں کو (عذابِ الٰہی سے) ڈرائیے"، یہ سورہ شعراء کی آیت ہے: اور اس سورہ میں سب سے پہلے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ بیان کیا گیا ہے یعنی یہ بتایا گیا ہے کہ کس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نبُوت کا آغاز ہُوا، پھر آخر میں انہوں نے بنی اسرائیل سمیت ہجرت کر کے فرعون اور قوم فرعون سے نجات پائی اور فرعون وآلِ فرعون کو غرق کیا گیا۔ بلفظ دیگر یہ تذکرہ ان تمام مراحل پر مشتمل ہے جن سے حضرت موسیٰ علیہ السلام، فرعون اور قوم فرعون کو اللہ کے دین کی دعوت دیتے ہُوئے گذرے تھے۔

میرا خیال ہے کہ جب رسُول اللہ ﷺ کو اپنی قوم کے اندر کُھل کر تبلیغ کرنے کا حکم دیا گیا تو اس موقعے پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واقعے کی یہ تفصیل اس لیے بیان کر دی گئی تاکہ کُھلم کُھلا دعوت دینے کے بعد جس طرح کی تکذیب اور ظلم و زیادتی سے سابقہ پیش آنے والا تھا اس کا ایک نمونہ آپؐ اور صحابہ کرامؓ کے سامنے موجود رہے۔

دوسری طرف اس سورہ میں پیغمبروں کو جھٹلانے والی اقوام مثلاً فرعون اور قوم فرعون کے علاوہ قومِ نوح، عاد، ثمود، قومِ ابراہیمؑ، قومِ لوط اور اصحاب الأیکہ کے انجام کا بھی ذکر ہے۔ اس کا مقصد غالباً یہ ہے کہ جو لوگ آپ کو جھٹلائیں انہیں معلوم ہو جائے کہ تکذیب پر اصرار کی صورت میں ان کا انجام کیا ہونے والا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کس قسم کے مواخذے سے دوچار ہوں گے۔ نیز اہلِ ایمان کو معلوم ہو جائے کہ اچھا انجام انھیں کا ہوگا، جھٹلانے والوں کا نہیں۔

قرابت داروں میں تبلیغ بہرحال اس آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے پہلا کام یہ کیا کہ بنی ہاشم کو جمع کیا ان کے ساتھ بنی مُطّلب بن عبد مناف کی بھی ایک جماعت تھی۔ کل پینتالیس آدمی تھے، لیکن ابولہب نے بات لپک لی اور بولا "دیکھو یہ تمہارے چچا اور چچیرے بھائی ہیں۔ بات کرو لیکن نادانی چھوڑ دو اور یہ سمجھ لو کہ تمہارا خاندان سارے عرب سے مقابلے کی تاب نہیں رکھتا

اور میں سب سے زیادہ حق دار ہوں کہ تمہیں پکڑ لوں پس تمہارے لیے تمہارے باپ کا خانوادہ ہی کافی ہے۔ اور اگر تم اپنی بات پر قائم رہے تو یہ بہت آسان ہوگا کہ قریش کے سارے قبائل تم پر ٹوٹ پڑیں اور بقیہ عرب بھی ان کی امداد کریں، پھر میں نہیں جانتا کہ کوئی شخص اپنے باپ کے خانوادے کے لیے تم سے بڑھ کر شر (اور تباہی) کا باعث ہوگا۔" اس پر نبی ﷺ نے خاموشی اختیار کر لی اور اس مجلس میں کوئی گفتگو نہ کی ——

اس کے بعد آپؐ نے انہیں دوبارہ جمع کیا اور ارشاد فرمایا: "ساری حمد اللہ کے لیے ہے۔ میں اس کی حمد کرتا ہوں اور اس سے مدد چاہتا ہوں۔ اس پر ایمان رکھتا ہوں۔ اسی پر بھروسا کرتا ہوں اور یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ وہ تنہا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں"۔ پھر آپؐ نے فرمایا: "رہنما اپنے گھر کے لوگوں سے جھوٹ نہیں بول سکتا۔ اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں تمہاری طرف خصوصاً اور لوگوں کی طرف عموماً اللہ کا رسول (فرستادہ) ہوں۔ بخدا! تم لوگ اسی طرح موت سے دوچار ہوگے جیسے سو جاتے ہو اور اسی طرح اٹھائے جاؤ گے جیسے سو کر جاگتے ہو۔ پھر جو کچھ تم کرتے ہو اس کا تم سے حساب لیا جائے گا۔ اس کے بعد یا تو ہمیشہ کے لیے جنّت ہے یا ہمیشہ کے لیے جہنم"۔

اس پر ابو طالب نے کہا (نہ پوچھو) ہمیں تمہاری معاونت کس قدر پسند ہے! تمہاری نصیحت کس قدر قابلِ قبول ہے! اور ہم تمہاری بات کس قدر سچی جانتے مانتے ہیں اور یہ تمہارے والد کا خانوادہ جمع ہے۔ اور میں بھی ان کا ایک فرد ہوں۔ فرق اتنا ہے کہ میں تمہاری پسند کی تکمیل کے لیے ان سب سے پیش پیش ہوں، لہٰذا تمہیں جس بات کا حکم ہوا ہے اسے انجام دو۔ بخدا! میں تمہاری مسلسل حفاظت و اعانت کرتا رہوں گا۔ البتہ میری طبیعت عبد المُطّلب کا دین چھوڑنے پر راضی نہیں۔

ابولہبؔ نے کہا: خدا کی قسم یہ برائی ہے۔ اس کے ہاتھ دوسروں سے پہلے تم لوگ خود ہی پکڑ لو۔ اس پر ابو طالب نے کہا: خدا کی قسم جب تک جان میں جان ہے۔ ہم ان کی حفاظت کرتے رہیں گے[1]

کوہِ صفا پر

جب نبی ﷺ نے اچھی طرح اطمینان کر لیا کہ اللہ کے دین کی تبلیغ کے دوران ابو طالب ان کی حمایت کریں گے تو ایک روز آپؐ نے کوہِ صَفَا پر چڑھ کر یہ آواز لگائی: یَا صَبَاحَاہُ[2] (ہائے صُبح)! یہ پکار سُن کر قریش کے قبائل آپؐ کے پاس جمع ہو گئے اور آپؐ نے انہیں

---

[1] فقہ السیرۃ صفحہ ۸۸ از ابن الاثیر۔ [2] اہل عرب کا دستور تھا کہ دشمن کے حملے سے آگاہ کرنے کیلئے کسی بلند مقام پر چڑھ کر انہیں الفاظ سے پکارتے تھے۔

خدا کی توحید، اپنی رسالت اور یومِ آخرت پر ایمان لانے کی دعوت دی۔ اس واقعے کا ایک ٹکڑا صحیح بخاری میں ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے اس طرح مروی ہے کہ:

جب وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے کوہِ صفا پر چڑھ کر بُطُونِ قریش کو آواز لگانی شروع کی' اے بنی فہر! اے بنی عدی! یہاں تک کہ سب کے سب اکٹھا ہوگئے۔ حتیٰ کہ اگر کوئی آدمی خود نہ جاسکتا تھا تو اس نے اپنا قاصد بھیج دیا کہ دیکھے معاملہ کیا ہے؟ غرض قریش آگئے۔ ابولہب بھی آگیا۔ اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: "تم لوگ یہ بتاؤ! اگر میں یہ خبر دوں کہ ادھر وادی میں شہسواروں کی ایک جماعت ہے جو تم پر چھاپہ مارنا چاہتی ہے تو کیا تم مجھے سچا مانو گے"؟ لوگوں نے کہا' ہاں! ہم نے آپ پر سچ ہی کا تجربہ کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اچھا، تو میں تمہیں ایک سخت عذاب سے پہلے خبردار کرنے کے لیے بھیجا گیا ہوں۔ اس پر ابولہب نے کہا، تو سارے دن غارت ہو، تو نے ہمیں اسی لیے جمع کیا تھا۔ اس پر سورہ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ نازل ہوئی' ابولہب کے دونوں ہاتھ غارت ہوں اور وہ خود غارت ہو۔[۳]

اس واقعے کا ایک اور ٹکڑا امام مسلم نے اپنی صحیح میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب آیت وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے پکار لگائی۔ یہ پکار عام بھی تھی اور خاص بھی۔ آپؐ نے کہا "اے جماعت قریش! اپنے آپ کو جہنم سے بچاؤ۔ اے بنی کعب! اپنے آپ کو جہنم سے بچاؤ۔ اے محمد کی بیٹی فاطمہ! اپنے آپ کو جہنم سے بچا کیونکہ میں تم لوگوں کو اللہ (کی گرفت) سے (بچانے کا) کچھ بھی اختیار نہیں رکھتا۔ البتہ تم لوگوں سے نسب وقرابت کے تعلقات ہیں جنہیں میں باقی اور تر و تازہ رکھنے کی کوشش کروں گا۔"[۴]

یہ بانگِ درا غایتِ تبلیغ تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنے قریب ترین لوگوں پر واضح کر دیا تھا کہ اب اس رسالت کی تصدیق ہی پر تعلقات موقوف ہیں اور جس نسلی اور قبائلی عصبیت پر عرب قائم ہیں وہ اس خدائی انذار کی حرارت میں پگھل کر ختم ہو چکی ہے۔

حق کا واشگاف اعلان اور مشرکین کا ردِ عمل

اس آواز کی گونج ابھی مکے کے اطراف میں سنائی ہی دے رہی تھی کہ اللہ تعالیٰ کا ایک اور حکم نازل ہوا:

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (۱۵:۹۴)

---

۳ صحیح بخاری ۲/۷۰۲، ۷۴۳، صحیح مسلم ۱/۱۱۴۔ ۴ صحیح مسلم ۱/۱۱۴ نیز صحیح بخاری ۱/۳۸۵

"آپ کو جو حکم ملا ہے اسے کھول کر بیان کر دیجئے اور مشرکین سے رُخ پھیر لیجئے۔"

اس کے بعد رسُول اللہ ﷺ نے شرک کے خرافات و اباطیل کا پردہ چاک کرنا اور بتوں کی حقیقت اور قدر و قیمت کو واشگاف کرنا شروع کر دیا۔ آپ مثالیں دے دے کر سمجھاتے کہ یہ کس قدر عاجز و ناکارہ ہیں اور دلائل سے واضح فرماتے کہ جو شخص انہیں پوجتا ہے اور ان کو اپنے اور اللہ کے درمیان وسیلہ بناتا ہے وہ کس قدر کھلی ہوئی گمراہی میں ہے۔

مکہ، ایک ایسی آواز سن کر جس میں مشرکین اور بت پرستوں کو گمراہ کہا گیا تھا، احساس غضب سے پھٹ پڑا۔ اور شدید غم و غصہ سے پیچ و تاب کھانے لگا، گویا بجلی کا کڑکا تھا جس نے پُرسکون فضا کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ اسی لیے قریش اس اچانک پھٹ پڑنے والے "انقلاب" کی جڑ کاٹنے کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے کہ اس سے پشتینی رسم و رواج کا صفایا ہوا چاہتا تھا۔

قریش اُٹھ پڑے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ غیر اللہ کی اُلوہیت کے انکار اور رسالت و آخرت پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو مکمل طور پر اس رسالت کے حوالے کر دیا جائے اور اس کی بے چون وچرا اطاعت کی جائے، یعنی اس طرح کہ دُوسرے تو درکنار خود اپنی جان اور اپنے مال تک کے بارے میں کوئی اختیار نہ رہے اور اس کے معنی یہ تھے کہ مکہ والوں کو دینی رنگ میں اہل عرب پر جو بڑائی اور سرداری حاصل تھی اس کا صفایا ہو جائے گا اور اللہ اور اس کے رسُول کی مرضی کے مقابل میں انھیں اپنی مرضی پر عمل پیرا ہونے کا اختیار نہ رہے گا، یعنی نچلے طبقے پر انہوں نے جو مظالم روا رکھے تھے۔ اور صبح و شام جن بُرائیوں میں لت پت رہتے تھے۔ ان سے دستکش ہوتے ہی بنے گی۔ قریش اس مطلب کو اچھی طرح سمجھ رہے تھے اس لیے ان کی طبیعت اس "رسوا کن" پوزیشن کو قبول کرنے کے لیے تیار نہ تھی، لیکن کسی شرف اور خیر کے پیش نظر نہیں۔ بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ ۝ (۵ : ۷۵) "بلکہ اس لیے کہ انسان چاہتا ہے کہ آئندہ بھی بُرائی کرتا رہے۔"

قریش یہ سب کچھ سمجھ رہے تھے لیکن مشکل یہ آن پڑی تھی کہ ان کے سامنے ایک ایسا شخص تھا جو صادق و امین تھا انسانی اقدار اور مکارم اخلاق کا اعلیٰ نمونہ تھا اور ایک طویل عرصے سے انہوں نے اپنے آباؤ اجداد کی تاریخ میں اس کی نظیر نہ دیکھی تھی اور نہ سُنی۔ آخر اس کے بالمقابل کریں تو کیا کریں قریش حیران تھے اور انہیں واقعی حیران ہونا چاہیئے تھا۔

کافی غور و خوض کے بعد ایک راستہ سمجھ میں آیا کہ آپ کے چچا ابو طالب کے پاس جائیں

اور مطالبہ کریں کہ وہ آپ کو آپ کے کام سے روک دیں۔ پھر انہوں نے اس مطالبے کو حقیقت و واقعیت کا جامہ پہنانے کے لیے یہ دلیل تیار کی کہ ان کے معبودوں کو چھوڑنے کی دعوت دینا اور یہ کہنا کہ یہ معبود نفع ونقصان پہنچانے یا اور کچھ کرنے کی طاقت نہیں رکھتے درحقیقت ان معبودوں کی سخت توہین اور بہت بُری گالی ہے اور یہ ہمارے ان آباؤ اجداد کو احمق اور گمراہ قرار دینے کے بھی ہم معنی ہے جو اسی دین پر گزر چکے ہیں —— قریش کو یہی راستا سمجھ میں آیا اور انہوں نے بڑی تیزی سے اس پر چلنا شروع کر دیا۔

قریش ابو طالب کی خدمت میں

ابن اسحاق کہتے ہیں کہ اَشرافِ قریش سے چند آدمی ابو طالب کے پاس گئے اور بولے: "اے ابو طالب! آپ کے بھتیجے نے ہمارے خداؤں کو برا بھلا کہا ہے، ہمارے دین کی عیب چینی کی ہے، ہماری عقلوں کو حماقت زدہ کہا ہے، اور ہمارے باپ دادا کو گمراہ قرار دیا ہے۔ لہٰذا یا تو آپ انہیں اس سے روک دیں، یا ہمارے اور ان کے درمیان سے ہٹ جائیں کیونکہ آپ بھی ہماری ہی طرح ان سے مختلف دین پر ہیں۔ ہم ان کے معاملے میں آپ کے لیے بھی کافی رہیں گے۔"

اس کے جواب میں ابو طالب نے نرم بات کہی اور رازدارانہ لب ولہجہ اختیار کیا۔ چنانچہ وہ واپس چلے گئے۔ اور رسول اللہ ﷺ اپنے سابقہ طریقے پر رواں دواں رہتے ہوئے اللہ کا دین پھیلانے اور اس کی تبلیغ کرنے میں مصروف رہے۔[۵]

حُجّاج کو روکنے کے لیے مجلس شوریٰ

ان ہی دنوں قریش کے سامنے ایک اور مشکل آن کھڑی ہوئی یعنی ابھی کھُلم کھُلا تبلیغ پر چند ہی مہینے گزرے تھے کہ موسم حج قریب آگیا۔ قریش کو معلوم تھا کہ اب عرب کے وفود کی آمد شروع ہوگی۔ اس لیے وہ ضروری سمجھتے تھے کہ نبی ﷺ کے متعلق کوئی ایسی بات کہیں کہ جس کی وجہ سے اہلِ عرب کے دلوں پر آپ کی تبلیغ کا اثر نہ ہو۔ چنانچہ وہ اس بات پر گفت وشنید کے لیے ولید بن مغیرہ کے پاس اکٹھے ہوئے۔ ولید نے کہا اس بارے میں تم سب لوگ ایک رائے اختیار کرلو تم میں باہم کوئی اختلاف نہیں ہونا چاہیئے کہ خود تمہارا ہی ایک آدمی دوسرے آدمی کی تکذیب کردے اور ایک کی بات دوسرے کی بات کو کاٹ دے۔ لوگوں نے کہا آپ ہی کہیئے۔ اس نے کہا، نہیں تم لوگ کہو، میں سنوں گا۔ اس

---

[۵] ابن ہشام ۱/۲۶۵

پر چند لوگوں نے کہا ہم کہیں گے وہ کاہن ہے، ولید نے کہا، نہیں بخدا وہ کاہن نہیں ہے ہم نے کاہنوں کو دیکھا ہے۔ اس شخص کے اندر نہ کاہنوں جیسی گنگناہٹ ہے۔ نہ ان کے جیسی قافیہ گوئی اور تک بندی۔

اس پر لوگوں نے کہا، تب ہم کہیں گے کہ وہ پاگل ہے۔ ولید نے کہا، نہیں، وہ پاگل بھی نہیں۔ ہم نے پاگل بھی دیکھے ہیں اور ان کی کیفیت بھی۔ اس شخص کے اندر نہ پاگلوں جیسی دَم گھُٹنے کی کیفیت اور اُلٹی سیدھی حرکتیں ہیں اور نہ ان کے جیسی بہکی بہکی باتیں۔

لوگوں نے کہا، تب ہم کہیں گے کہ وہ شاعر ہے۔ ولید نے کہا وہ شاعر بھی نہیں۔ ہمیں رَجز، ہجز، قریض، مقبوض، مبسوط سارے ہی اصنافِ سخن معلوم ہیں۔ اس کی بات بہرحال شعر نہیں ہے۔

لوگوں نے کہا، تب ہم کہیں گے کہ وہ جادوگر ہے۔ ولید نے کہا، یہ شخص جادوگر بھی نہیں۔ ہم نے جادوگر اور ان کا جادو بھی دیکھا ہے، یہ شخص نہ تو ان کی طرح جھاڑ پھونک کرتا ہے نہ گرہ لگاتا ہے۔

لوگوں نے کہا: تب ہم کیا کہیں گے؟ ولید نے کہا، خدا کی قسم اس کی بات بڑی شیریں ہے۔ اس کی جڑ پائیدار ہے اور اس کی شاخ پھلدار، تم جو بات بھی کہوگے لوگ اسے باطل سمجھیں گے البتہ اس کے بارے میں سب سے مناسب بات یہ کہہ سکتے ہو کہ وہ جادوگر ہے۔ اس نے ایسا کلام پیش کیا ہے جو جادو ہے۔ اس سے باپ بیٹے، بھائی بھائی، شوہر بیوی اور کنبے قبیلے میں پھُوٹ پڑ جاتی ہے۔ بالآخر لوگ اسی تجویز پر متفق ہو کر وہاں سے رخصت ہُوئے[۶]

بعض روایات میں یہ تفصیل بھی مذکور ہے کہ جب ولید نے لوگوں کی ساری تجویزیں رد کر دیں تو لوگوں نے کہا کہ پھر آپ ہی اپنی بے داغ رائے پیش کیجئے۔ اس پر ولید نے کہا: ذرا سوچ لینے دو۔ اس کے بعد وہ سوچتا رہا سوچتا رہا یہاں تک کہ اپنی مذکورہ بالا رائے ظاہر کی[۷]

اسی معاملے میں ولید کے متعلق سورہ مُدّثّر کی سولہ آیات (۱۱ تا ۲۶) نازل ہوئیں جن میں سے چند آیات کے اندر اس کے سوچنے کی کیفیت کا نقشہ بھی کھینچا گیا چنانچہ ارشاد ہوا:

إِنَّهُ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ۝ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝ ثُمَّ نَظَرَ ۝ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ۝ ثُمَّ أَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ۝ فَقَالَ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ يُؤْثَرُ ۝ إِنْ هَٰذَا إِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ (۷۴: ۱۸-۲۵)

---

۶ ابن ہشام ۱/۲۷۱ ۷ فی ظلال القرآن پارہ ۲۹/۱۸۸

"اس نے سوچا اور اندازہ لگایا۔ وہ غارت ہو۔ اس نے کیسا اندازہ لگایا، پھر غارت ہو اس نے کیسا اندازہ لگایا! پھر نظر دوڑائی۔ پھر پیشانی سکیڑی اور منہ بسورا۔ پھر پلٹا اور تکبر کیا۔ آخر کار کہا کہ یہ نرالا جادو ہے جو پہلے سے نقل ہوتا آرہا ہے۔ یہ محض انسان کا کلام ہے"۔

بہر حال یہ قرارداد طے پاچکی تو اسے جامۂ عمل پہنانے کی کارروائی شروع ہوئی۔ کچھ کفارِ مکہ عازمینِ حج کے مختلف راستوں پر بیٹھ گئے۔ اور وہاں سے ہر گذرنے والے کو آپؐ کے "خطرے" سے آگاہ کرتے ہوئے آپؐ کے متعلق تفصیلات بتانے لگے۔ ۸؎

اس کام میں سب سے زیادہ پیش پیش ابولہب تھا۔ وہ حج کے ایام میں لوگوں کے ڈیروں اور عکاظ، مجنہ اور ذوالمجاز کے بازاروں میں آپؐ کے پیچھے پیچھے لگا رہتا۔ آپؐ اللہ کے دین کی تبلیغ کرتے اور ابولہب پیچھے پیچھے یہ کہتا کہ اس کی بات نہ ماننا یہ جھوٹا بددین ہے ۹؎

اس دوڑ دھوپ کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگ اس حج سے اپنے گھروں کو واپس ہوئے تو ان کے علم میں یہ بات آچکی تھی کہ آپؐ نے دعوٰیِ نبوّت کیا ہے اور یوں ان کے ذریعے پورے دیارِ عرب میں آپؐ کا چرچا پھیل گیا۔

محاذ آرائی کے مختلف انداز

جب قریش نے دیکھا کہ محمد ﷺ کو تبلیغ دین سے روکنے کی حکمت کارگر نہیں ہو رہی ہے تو ایک بار پھر انہوں نے غور و خوض کیا اور آپؐ کی دعوت کا قلع قمع کرنے کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے جن کا خلاصہ یہ ہے۔

۱۔ ہنسی، ٹھٹھا، تحقیر، استہزاء اور تکذیب۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کو بددل کر کے ان کے حوصلے توڑ دیئے جائیں۔ اس کے لیے مشرکین نے نبی ﷺ کو ناروا تہمتوں اور بیہودہ گالیوں کا نشانہ بنایا۔

چنانچہ وہ کبھی آپؐ کو پاگل کہتے جیسا کہ ارشاد ہے:

وَقَالُوا يَا أَيُّهَا الَّذِي نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ إِنَّكَ لَمَجْنُونٌ ۝ (۱۵:۶)

"ان کفار نے کہا کہ اے وہ شخص جس پر قرآن نازل ہوا تو یقیناً پاگل ہے"۔

اور کبھی آپؐ پر جادوگر اور جھوٹے ہونے کا الزام لگاتے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

۸؎ ابنِ ہشام ۱/۲۷۱ ۹؎ ترمذی، مسند احمد ۳/۴۹۲ - ۴/۳۴۱

وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ○ (۴:۳۸)

"انہیں حیرت ہے کہ خود انہیں میں سے ایک ڈرانیوالا آیا اور کافرین کہتے ہیں کہ یہ جادوگر ہے جھوٹا ہے"۔

یہ کفّار آپ کے آگے پیچھے پُرغضب، منتقمانہ نگاہوں اور بھڑکتے ہوئے جذبات کے ساتھ چلتے تھے۔ ارشاد ہے:

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ○ (۵۱:۶۸)

"اور جب کفّار اس قرآن کو سنتے ہیں تو آپؐ کو ایسی نگاہوں سے دیکھتے ہیں کہ گویا آپؐ کے قدم اکھاڑ دیں گے اور کہتے ہیں کہ یہ یقیناً پاگل ہے"۔

اور جب آپؐ کسی جگہ تشریف فرما ہوتے اور آپ کے اردگرد کمزور اور مظلوم صحابہ کرامؓ موجود ہوتے تو انہیں دیکھ کر مشرکین استہزاء کرتے ہوئے کہتے:

..اَهٰٓؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنْۢ بَيْنِنَا ط (۶:۵۳)

"اچھا یہی حضرات ہیں جن پر اللہ نے ہمارے درمیان سے احسان فرمایا ہے!"

جواباً اللہ کا ارشاد ہے:

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ○ (۶:۵۳)

"کیا اللہ شکر گذاروں کو سب سے زیادہ نہیں جانتا!"

عام طور پر مشرکین کی کیفیت وہی تھی جس کا نقشہ ذیل کی آیات میں کھینچا گیا ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ○ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ○ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ○ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ○ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ○ (۸۳ : ۲۹-۳۳)

"جو مجرم تھے وہ ایمان لانے والوں کا مذاق اڑاتے تھے۔ اور جب ان کے پاس سے گذرتے تو آنکھیں مارتے تھے اور جب اپنے گھروں کو پلٹتے تو لطف اندوز ہوتے ہوئے پلٹتے تھے۔ اور جب انہیں دیکھتے تو کہتے کہ یہی گمراہ ہیں، حالانکہ وہ ان پر نگران بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے"۔

(۲) **محاذ آرائی کی دوسری صورت** آپ کی تعلیمات کو مسخ کرنا شکوک و شبہات پیدا کرنا جھوٹا پروپیگنڈہ کرنا۔ تعلیمات سے لے کر شخصیت تک کو واہیات اعتراضوں کا نشانہ بنانا اور یہ سب

اس کثرت سے کرنا کہ عوام کو آپ کی دعوت و تبلیغ پر غور کرنے کا موقع ہی نہ مل سکے۔ چنانچہ مشرکین قرآن کے متعلق کہتے تھے:

.. اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝ (۵:۲۵)

"یہ پہلوں کے افسانے ہیں جنہیں آپؐ نے لکھوالیا ہے۔ اب یہ آپؐ پر صبح و شام تلاوت کئے جاتے ہیں۔"

.. اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ج (۴:۲۵)

"یہ محض جھوٹ ہے جسے اس نے گھڑ لیا ہے اور کچھ دوسرے لوگوں نے اس پر اس کی اعانت کی ہے۔"

مشرکین یہ بھی کہتے تھے کہ

.. اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ط (۱۰۳:۱۶)

یہ (قرآن) تو آپ کو ایک انسان سکھاتا ہے۔"

رسول اللہ ﷺ پر ان کا اعتراض یہ تھا:

.. مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ط (۷:۲۵)

یہ کیسا رسول ہے کہ کھانا کھاتا ہے۔ اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے!

قرآنِ شریف کے بہت سے مقامات پر مشرکین کا رد بھی کیا گیا ہے کہیں اعتراض نقل کر کے اور کہیں نقل کے بغیر۔

۳- محاذ آرائی کی تیسری صورت پہلوں کے واقعات اور افسانوں سے قرآن کا مقابلہ کرنا اور لوگوں کو اسی میں الجھائے اور پھنسائے رکھنا۔

چنانچہ نضر بن حارث کا واقعہ ہے کہ اس نے ایک بار قریش سے کہا: "قریش کے لوگو! خدا کی قسم تم پر ایسی افتاد آن پڑی ہے کہ تم لوگ اب تک اس کا کوئی توڑ نہیں لا سکے۔ محمدؐ تم میں جوان تھے تو تمہارے سب سے پسندیدہ آدمی تھے۔ سب سے زیادہ سچے اور سب سے بڑھ کر امانت دار تھے۔ اب جبکہ ان کی کنپٹیوں پر سفیدی دکھائی پڑنے کو ہے (یعنی ادھیڑ ہو چلے ہیں) اور وہ تمہارے پاس کچھ باتیں لے کر آئے ہیں تو تم کہتے ہو کہ وہ جادوگر ہیں! نہیں بخدا وہ جادوگر نہیں۔ ہم نے جادوگر دیکھے ہیں۔ ان کی جھاڑ پھونک اور گرہ بندی بھی دیکھی ہے۔ اور تم لوگ کہتے ہو وہ کاہن ہیں۔ نہیں،

بخدا وہ کاہن بھی نہیں۔ ہم نے کاہن بھی دیکھے ہیں، ان کی الٹی سیدھی حرکتیں بھی دیکھی ہیں اور ان کی نفرہ بندیاں بھی سنی ہیں۔ تم لوگ کہتے ہو وہ شاعر ہیں۔ نہیں بخدا وہ شاعر بھی نہیں، ہم نے شعر بھی دیکھا ہے اور اسکے سارے اصناف، ہجز، رجز، وغیرہ سنے ہیں۔ تم لوگ کہتے ہو وہ پاگل ہیں۔ نہیں، بخدا وہ پاگل بھی نہیں، ہم نے پاگل پن بھی دیکھا ہے۔ یہاں نہ اس طرح کی گھٹن ہے نہ ویسی بہکی بہکی باتیں اور نہ ان کے جیسی فریب کارانہ گفتگو۔ قریش کے لوگو! سوچو! خدا کی قسم تم پر زبردست افتاد آن پڑی ہے۔"

اس کے بعد نضر بن حارث حیرہ گیا، وہاں بادشاہوں کے واقعات اور رستم و اسفندیار کے قصے سیکھے۔ پھر واپس آیا تو جب رسول اللہ ﷺ کسی جگہ بیٹھ کر اللہ کی باتیں کرتے اور اس کی گرفت سے لوگوں کو ڈراتے تو آپ ﷺ کے بعد یہ شخص وہاں پہنچ جاتا اور کہتا کہ بخدا! محمد ﷺ کی باتیں مجھ سے بہتر نہیں۔ اس کے بعد وہ فارس کے بادشاہوں اور رستم و اسفندیار کے قصے سناتا پھر کہتا: آخر کس بنا پر محمد ﷺ کی بات مجھ سے بہتر ہے؟[۱۰]

ابن عباس کی روایت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نضر نے چند لونڈیاں خرید رکھی تھیں اور جب وہ کسی آدمی کے متعلق سنتا کہ وہ نبی ﷺ کی طرف مائل ہے تو اس پر ایک لونڈی مسلط کر دیتا، جو اسے کھلاتی پلاتی اور گانے سناتی یہاں تک کہ اسلام کی طرف اس کا جھکاؤ باقی نہ رہ جاتا اسی سلسلے میں یہ ارشادِ الٰہی نازل ہوا[۱۱]

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ .. (۳۱:۶)

"کچھ لوگ ایسے ہیں جو کھیل کی بات خریدتے ہیں تاکہ اللہ کی راہ سے بھٹکا دیں" (۳۱-۶)

۴- محاذ آرائی کی چوتھی صورت

سودے بازیاں جن کے ذریعے مشرکین کی یہ کوشش تھی کہ اسلام اور جاہلیت دونوں بیچ راستے میں ایک دوسرے سے جاملیں یعنی کچھ لو اور کچھ دو کے اصول پر اپنی بعض باتیں مشرکین چھوڑ دیں اور بعض باتیں نبی ﷺ چھوڑ دیں۔ قرآن پاک میں اسی کے متعلق ارشاد ہے:

وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ (۶۸:۹)

"وہ چاہتے ہیں کہ آپ ڈھیلے پڑ جائیں تو وہ بھی ڈھیلے پڑ جائیں"

چنانچہ ابن جریر اور طبرانی کی ایک روایت ہے کہ مشرکین نے رسول اللہ ﷺ کو یہ تجویز

---

۱۰ ابن ہشام ۱/۲۹۹، ۳۰۰، ۳۵۸ مختصر السیرہ شیخ عبداللہ ص ۱۱۷، ۱۱۸۔

۱۱ فتح القدیر للشوکانی ۴/۲۳۶ و دیگر کتب تفسیر۔

پیش کی کہ ایک سال آپؐ ان کے معبودوں کی پوجا کیا کریں اور ایک سال وہ آپؐ کے رب کی عبادت کیا کریں گے۔ عَبد بن حُمَید کی ایک روایت اس طرح ہے کہ مشرکین نے کہا اگر آپؐ ہمارے معبودوں کو قبول کر لیں تو ہم بھی آپؐ کے خدا کی عبادت کریں گے[۱۲]

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ رسُول اللہ ﷺ خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے کہ اَسوَد بن مُطّلب بن اَسَد بن عبدالعُزّیٰ، ولید بن مغیرہ، اُمیّہ بن خَلَف اور عاص بن وائل سَہمی آپؐ کے سامنے آئے یہ سب اپنی قوم کے بڑے لوگ تھے۔ بولے "اے محمدؐ! آؤ جسے تم پوجتے ہو اسے ہم بھی پوجیں۔ اور جسے ہم پوجتے ہیں اسے تم بھی پوجو۔ اس طرح ہم اور تم اس کام میں مشترک ہو جائیں۔ اب اگر تمہارا معبود ہمارے معبود سے بہتر ہے تو ہم اس سے اپنا حصہ حاصل کر چکے ہوں گے اور اگر ہمارا معبود تمہارے معبود سے بہتر ہوا تو تم اس سے اپنا حصہ حاصل کر چکے ہو گے"۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے پوری سورہ قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ ۙ نازل فرمائی، جس میں اعلان کیا گیا کہ جسے تم لوگ پوجتے ہو اسے میں نہیں پوج سکتا[۱۳] اور اس فیصلہ کُن جواب کے ذریعے ان کی مضحکہ خیز گفت وشنید کی جڑ کاٹ دی گئی۔ روایتوں میں اختلاف غالباً اس لیے ہے کہ اس سودے بازی کی کوشش بار بار کی گئی۔

ظُلم وجَور

سنہ ۴ نبوت میں جب پہلی بار اسلامی دعوت منظرِ عام پر آئی تو مشرکین نے اسے دبانے کے لیے وہ کارروائیاں انجام دیں جن کا ذکر اوپر گزر چکا ہے۔ یہ کارروائیاں تھوڑی تھوڑی اور درجہ بدرجہ عمل میں لائی گئیں اور ہفتوں بلکہ مہینوں مشرکین نے اس سے آگے قدم نہیں بڑھایا اور ظلم وزیادتی شروع نہیں کی لیکن جب دیکھا کہ یہ کارروائیاں اسلامی دعوت کی راہ روکنے میں مُؤثر ثابت نہیں ہو رہی ہیں تو ایک بار پھر جمع ہُوئے اور ۲۵ سردارانِ قریش کی ایک کمیٹی تشکیل دی جس کا سربراہ رسول اللہ ﷺ کا چچا ابولہب تھا۔ اس کمیٹی نے باہمی مشورے اور غور وخوض کے بعد رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے خلاف ایک فیصلہ کن قرارداد منظور کی۔ یعنی یہ طے کیا کہ اسلام کی مخالفت، پیغمبر اسلام کی ایذا رسانی اور اسلام لانے والوں کو طرح طرح کے جور وستم اور ظلم وتشدّد کا نشانہ بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے[۱۴]

---

[۱۲] فتح القدیر للشوکانی ۵/۵۰۸، [۱۳] ابنِ ہشام ۱/۳۶۲

[۱۴] دیکھئے رحمۃ للعالمین ۱/۵۹، ۶۰

مشرکین نے یہ قرار داد طے کر کے اسے رُو بہ عمل لانے کا عزمِ مصمم کر لیا۔ مسلمانوں اور خصوصاً کمزور مسلمانوں کے اعتبار سے تو یہ کام بہت آسان تھا، لیکن رسول اللہ ﷺ کے لحاظ سے بڑی مشکلات تھیں۔ آپؐ ذاتی طور پر پُر شکوہ، باوقار اور منفرد شخصیت کے مالک تھے۔ دوست دشمن سبھی آپؐ کو تعظیم کی نظر سے دیکھتے تھے۔ آپؐ جیسی شخصیت کا سامنا اکرام و احترام ہی سے کیا جا سکتا تھا اور آپؐ کے خلاف کسی نیچ اور ذلیل حرکت کی جرائت کوئی رذیل اور احمق ہی کر سکتا تھا۔ اس ذاتی عظمت کے علاوہ آپؐ کو ابو طالب کی حمایت و حفاظت بھی حاصل تھی اور ابو طالب مکّے کے اُن گنے چُنے لوگوں میں سے تھے جو اپنی ذاتی اور اجتماعی دونوں حیثیتوں سے اتنے باعظمت تھے کہ کوئی شخص ان کا عہد توڑنے اور ان کے خانوادے پہ ہاتھ ڈالنے کی جسارت نہیں کر سکتا تھا۔ اس صورت حال نے قریش کو سخت قلق پریشانی اور کشمکش سے دوچار کر رکھا تھا۔ مگر سوال یہ ہے کہ جو دعوت ان کی مذہبی پیشوائی اور دنیاوی سربراہی کی جڑ کاٹ دینا چاہتی تھی آخر اس پہ اتنا لمبا صبر کب تک؟ بالآخر مشرکین نے ابولہب کی سربراہی میں نبی ﷺ اور مسلمانوں پر ظلم وجور کا آغاز کر دیا۔ درحقیقت نبی ﷺ کے متعلق ابولہب کا موقف روزِ اوّل ہی سے جبکہ ابھی قریش نے اس طرح کی بات سوچی بھی نہ تھی یہی تھا۔ اس نے بنی ہاشم کی مجلس میں جو کچھ کیا، پھر کوہِ صفا پر جو حرکت کی اس کا ذکر پچھلے صفحات میں آچکا ہے۔ بعض روایات میں یہ بھی مذکور ہے کہ اس نے کوہِ صَفَا پر نبی ﷺ کو مارنے کے لیے ایک پتھر بھی اٹھایا تھا۔[۱۵]

بعثت سے پہلے ابولہب نے اپنے دو بیٹوں عُتبہ اور عُتَیبَہ کی شادی نبی ﷺ کی دو صاحبزادیوں رقیہؓ اور اُم کلثومؓ سے کی تھی لیکن بعثت کے بعد اس نے نہایت سختی اور درشتی سے ان دونوں کو طلاق دلوا دی۔[۱۶]

اسی طرح جب نبی ﷺ کے دوسرے صاحبزادے عبداللہ کا انتقال ہوا تو ابولہب کو اس قدر خوشی ہوئی کہ وہ دوڑتا ہوا اپنے رفقائے کے پاس پہنچا اور انہیں یہ "خوشخبری" سنائی کہ محمد ﷺ ابتر (نسل بریدہ) ہو گئے ہیں۔[۱۷]

ہم یہ بھی ذکر کر چکے ہیں کہ ایام حج میں ابولہب نبی ﷺ کی تکذیب کے لیئے بازاروں اور اجتماعات میں آپؐ کے پیچھے پیچھے لگا رہتا تھا۔ طارق بن عبداللہ مُحارِبی کی روایت سے معلوم ہوتا

---

۱۵ ترمذی۔ ۱۶ فی ظلال القرآن ۲۸۲/۳۰، تفہیم القرآن ۵۲۲/۶۔
۱۷ تفہیم القرآن ۴۹۰/۶۔

ہے کہ یہ شخص صرف تکذیب ہی پر بس نہیں کرتا تھا بلکہ پتھر بھی مارتا رہتا تھا جس سے آپؐ کی ایڑیاں خون آلود ہو جاتی تھیں۔[۱۸]

ابولہب کی بیوی اُمِ جمیل، جس کا نام اَرْوٰی تھا اور جو حرب بن اُمیّہ کی بیٹی اور ابوسفیان کی بہن تھی، وہ بھی نبی ﷺ کی عداوت میں اپنے شوہر سے پیچھے نہ تھی، چنانچہ وہ نبی ﷺ کے راستے میں اور دروازے پر رات کو کانٹے ڈال دیا کرتی تھی۔ خاصی بدزبان اور مفسدہ پرداز بھی تھی۔ چنانچہ نبی ﷺ کے خلاف بدزبانی کرنا، لمبی چوڑی دسیسہ کاری و افتراء پردازی سے کام لینا، فتنے کی آگ بھڑکانا، اور خوفناک جنگ بپا رکھنا اس کا شیوہ تھا۔ اسی لیے قرآن نے اس کو حَمَّالَةَ الْحَطَبِ (لکڑی ڈھونے والی) کا لقب عطا کیا۔

جب اسے معلوم ہوا کہ اس کی اور اس کے شوہر کی مذمت میں قرآن نازل ہوا ہے تو وہ رسول اللہ ﷺ کو تلاش کرتی ہوئی آئی۔ آپؐ خانہ کعبہ کے پاس مسجدِ حرام میں تشریف فرما تھے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی ہمراہ تھے۔ یہ مٹھی بھر پتھر لیے ہوئے تھی۔ سامنے کھڑی ہوئی تو اللہ نے اس کی نگاہ پکڑ لی اور وہ رسول اللہ ﷺ کو نہ دیکھ سکی۔ صرف ابوبکر رضی اللہ عنہ کو دیکھ رہی تھی۔ اس نے سامنے پہنچتے ہی سوال کیا، ابوبکر تمہارا ساتھی کہاں ہے؟ مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ میری ہجو کرتا ہے۔ بخدا اگر میں اسے پا گئی تو اس کے منہ پر یہ پتھر دے ماروں گی۔ دیکھو! خدا کی قسم میں بھی شاعرہ ہوں پھر اس نے یہ شعر سنایا۔

مُذَمَّماً عَصَيْنَا[۱۹] وَاَمْرَهٗ اَبَيْنَا وَدِيْنَهٗ قَلَيْنَا

"ہم نے مذمم کی نافرمانی کی۔ اس کے امر کو تسلیم نہ کیا اور اس کے دین کو نفرت و حقارت سے چھوڑ دیا۔"

اس کے بعد واپس چلی گئی۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا! یا رسول اللہ! ﷺ کیا اس نے آپؐ کو دیکھا نہیں۔؟ آپؐ نے فرمایا نہیں؟ اس نے مجھے نہیں دیکھا۔ اللہ نے اس کی نگاہ پکڑ لی تھی۔[۲۰]

ابوبکر بزّار نے بھی یہ واقعہ روایت کیا ہے اور اس میں اتنا مزید اضافہ ہے کہ جب وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑی ہوئی تھی تو اس نے یہ بھی کہا "ابوبکر! تمہارے ساتھی نے ہماری ہجو کی ہے۔ ابوبکرؓ نے کہا، نہیں اس عمارت کے رب کی قسم نہ وہ شعر کہتے ہیں نہ اسے زبان پر لاتے ہیں۔ اس نے کہا تم سچ کہتے ہو۔

---

[۱۸] جامع الترمذی۔ [۱۹] مشرکین جل کر نبی ﷺ کو محمّد کے بجائے مُذَمَّم کہتے تھے جس کا معنی محمّد کے معنی کے بالکل برعکس ہے محمّد: وہ شخص ہے جس کی تعریف کی جائے۔ مذمّم: وہ شخص ہے جس کی مذمت اور برائی کی جائے۔ [۲۰] ابن ہشام ۱/ ۳۳۵، ۳۳۶

ابولہب اس کے باوجود یہ ساری حرکتیں کر رہا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا چچا اور پڑوسی تھا۔ اس کا گھر آپؐ کے گھر سے متصل تھا۔ اسی طرح آپؐ کے دوسرے پڑوسی بھی آپؐ کو گھر کے اندر ستاتے تھے

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ جو گروہ گھر کے اندر رسولِ اللہ ﷺ کو اذیت دیا کرتا تھا وہ یہ تھا۔ ابولہب، حکَم بن ابی العاص بن اُمیّہ، عقبہ بن ابی مُعَیط، عَدِی بن حمرا ثقفی، ابن الاصداء ھُذَلی۔ یہ سب کے سب آپؐ کے پڑوسی تھے اور ان میں سے حکم بن[۲۱] ابی العاص کے علاوہ کوئی بھی مسلمان نہ ہوا۔ ان کے ستانے کا طریقہ یہ تھا کہ جب آپؐ نماز پڑھتے تو کوئی شخص بکری کی بچہ دانی اس طرح ٹکا کر پھینکتا کہ وہ ٹھیک آپؐ کے اوپر گرتی۔ چولھے پر ہانڈی چڑھائی جاتی تو بچہ دانی اس طرح پھینکتے کہ سیدھے ہانڈی میں جا گرتی۔ آپؐ نے مجبور ہو کر ایک گھروندا بنا لیا تاکہ نماز پڑھتے ہوئے ان سے بچ سکیں۔

بہرحال جب آپؐ پر یہ گندگی پھینکی جاتی تو آپؐ اسے لکڑی پر لے کر نکلتے اور دروازے پر کھڑے ہو کر فرماتے: "اے بنی عبدِ مناف! یہ کیسی ہمسائگی ہے؟ پھر اسے راستے میں ڈال دیتے۔[۲۲]

عُقبہ بن ابی مُعَیط اپنی بدبختی اور خباثت میں اور بڑھا ہوا تھا۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ بیت اللہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے۔ اور ابوجہل اور اس کے کچھ رفقاء بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں بعض نے بعض سے کہا، کون ہے جو بنی فلاں کے اُونٹ کی اوجھڑی لائے اور جب محمد ﷺ سجدہ کریں تو ان کی پیٹھ پر ڈال دے؟ اس پر قوم کا بدبخت ترین آدمی —— عقبہ بن ابی معیط[۲۳] —— اٹھا اور اوجھ لا کر انتظار کرنے لگا جب نبی ﷺ سجدے میں تشریف لے گئے تو اسے آپؐ کی پیٹھ پر دونوں کندھوں کے درمیان ڈال دیا۔ میں سارا ماجرا دیکھ رہا تھا۔ مگر کچھ کر نہیں سکتا تھا۔ کاش میرے اندر بچانے کی طاقت ہوتی۔

حضرت ابنِ مسعودؓ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد وہ ہنسی کے مارے ایک دوسرے پر گرنے لگے۔ اور رسُول اللہ ﷺ سجدے ہی میں پڑے رہے۔ سر نہ اُٹھایا۔ یہاں تک کہ فاطمہؓ آئیں اور آپ کی پیٹھ سے اوجھ ہٹا کر پھینکی تب آپؐ نے سر اُٹھایا۔ پھر تین بار فرمایا اَللّٰھُمَّ عَلَیْكَ بِقُرَیْشٍ "اے اللہ تو قریش کو پکڑ لے"۔ جب آپؐ نے بد دعا کی تو ان پر بہت گراں گذری۔ کیونکہ ان کا عقیدہ تھا کہ اس شہر میں دعائیں قبول کی جاتی ہیں۔ اس کے بعد آپؐ نے نام لے لے کر بد دعا کی: اے

---

[۲۱] یہ اُموی خلیفہ مروان بن حکم کے باپ ہیں۔ [۲۲] ابنِ ہشام ۱/۴۱۶۔

[۲۳] خود صحیح بخاری ہی کی ایک دوسری روایت میں اس کی صراحت آگئی ہے۔ دیکھئے ۱/۵۴۳۔

اللہ! ابوجہل کو پکڑ لے۔ اور عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط کو پکڑ لے ——

انہوں نے ساتویں کا بھی نام گنایا۔ لیکن راوی کو یاد نہ رہا —— ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں نے دیکھا کہ جن لوگوں کے نام رسول اللہ ﷺ نے گن گن کر لیے تھے۔ سب کے سب بدر کے کنویں میں مقتول پڑے ہوئے تھے[24]

اُمیّہ بن خلف کا وطیرہ تھا کہ وہ جب رسول اللہ ﷺ کو دیکھتا تو لعن طعن کرتا۔ اسی کے متعلق یہ آیت نازل ہوئی۔ وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ (۱۰۴: ۱) ہر لعن طعن اور برائیاں کرنے والے کیلئے تباہی ہے"۔ ابنِ ہشام کہتے ہیں کہ ہُمَزَہ وہ شخص ہے جو علانیہ گالی بکے اور آنکھیں ٹیڑھی کر کے اشارے کرے۔ اور لُمَزَہ وہ شخص ہے جو پیٹھ پیچھے لوگوں کی بُرائیاں کرے اور انہیں اذیت دے[25]

اُمیّہ کا بھائی اُبَیّ بن خلف، عُقبہ بن ابی مُعیط کا گہرا دوست تھا۔ ایک بار عُقبہ نے نبی ﷺ کے پاس بیٹھ کر کچھ سنا۔ اُبَیّ کو معلوم ہُوا تو اس نے عقبہ کو سخت سُست کہا، عتاب کیا اور اس سے مطالبہ کیا کہ وہ جا کر رسُول اللہ ﷺ کے مُنہ پر تھوک آئے۔ آخر عُقبہ نے ایسا ہی کیا۔ خود اُبَیّ بن خَلَف نے ایک مرتبہ ایک بوسیدہ ہڈی لا کر توڑی اور ہوا میں پھونک کر رسُول اللہ ﷺ کی طرف اُڑا دی[26]

اَخنس بن شُریق ثقفی بھی رسُول اللہ ﷺ کے ستانے والوں میں تھا۔ قرآن میں اس کے نو اوصاف بیان کئے گئے ہیں جس سے اس کے کردار کا اندازہ ہوتا ہے۔ ارشاد ہے:

وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ۙ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيمٍ ۙ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيمٍ ۙ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيمٍ ۙ (۶۸: ۱۰-۱۳)

"تم بات نہ مانو کسی قسم کھانے والے ذلیل کی جو لعن طعن کرتا ہے، چغلیاں کھاتا ہے۔ بھلائی سے روکتا ہے، حد درجہ ظالم، بدعمل اور جفا کار ہے۔ اور اس کے بعد بداصل بھی ہے۔"

ابوجہل کبھی کبھی رسُول اللہ ﷺ کے پاس آکر قرآن سنتا تھا لیکن بس سنتا ہی تھا۔ ایمان و اطاعت اور ادب و خشیت اختیار نہیں کرتا تھا۔ وہ رسُول اللہ ﷺ کو اپنی بات سے اذیت

---

[24] صحیح البخاری کتاب الوضوء باب اذا القی علی المصلی قذر او جیفۃ ۱/۳۷۔

[25] ابنِ ہشام ۱/۳۵۶، ۳۵۷۔ [26] ابنِ ہشام ۱/۳۶۱، ۳۶۲

پہنچاتا اور اللہ کی راہ سے روکتا تھا۔ پھر اپنی اس حرکت اور بُرائی پہ ناز اور فخر کرتا ہُوا جاتا تھا۔ گویا اس نے کوئی قابلِ ذکر کارنامہ انجام دے دیا ہے۔ قرآنِ مجید کی یہ آیات اسی شخص کے بارے میں نازل ہوئیں:

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى الخ (۷۵ : ۳۱) "نہ اس نے صدقہ دیا نہ نماز پڑھی، بلکہ جھٹلایا اور پیٹھ پھیری۔ پھر وہ اکڑتا ہوا اپنے گھر والوں کے پاس گیا۔ تیرے خوب لائق ہے۔ خوب لائق ہے۔"

اس شخص نے پہلے دن جب نبی ﷺ کو نماز پڑھتے ہُوئے دیکھا تو اسی دن سے آپ کو نماز سے روکتا رہا۔ ایک بار نبی ﷺ مقامِ ابراہیم کے پاس نماز پڑھ رہے تھے کہ اس کا گذر ہوا۔ دیکھتے ہی بولا، محمدؐ! کیا مَیں نے تجھے اس سے منع نہیں کیا تھا؟ ساتھ ہی دھمکی بھی دی۔ رسُول اللہ ﷺ نے بھی ڈانٹ کر سختی سے جواب دیا۔ اس پر وہ کہنے لگا۔ اے محمدؐ! مجھے کا ہے کی دھمکی دے رہے ہو، دیکھو! خدا کی قسم! اس وادی (مکہ) میں میری محفل سب سے بڑی ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ[28] اچھا! تو وہ بلائے اپنی محفل کو (ہم بھی سزا کے فرشتوں کو بلائے دیتے ہیں۔)

ایک روایت میں مذکور ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے اس کا گریبان گلے کے پاس سے پکڑ لیا اور جھنجھوڑتے ہُوئے فرمایا۔

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ۝ (۷۵ : ۳۴/۳۵)

"تیرے لیے بہت ہی موزوں ہے۔ تیرے لیے بہت ہی موزوں ہے۔"

اس پر اللہ کا یہ دشمن کہنے لگا: "اے محمدؐ! مجھے دھمکی دے رہے ہو؟ خُدا کی قسم تم اور تمہارا پروردگار میرا کچھ نہیں کر سکتے۔ میں مکے کی دونوں پہاڑیوں کے درمیان چلنے پھرنے والوں میں سب سے زیادہ معزّز ہوں[29]۔"

بہرحال اس ڈانٹ کے باوجود ابوجہل اپنی حماقت سے باز آنے والا نہ تھا بلکہ اس کی بدبختی میں کچھ اور اضافہ ہی ہوگیا، چنانچہ صحیح مُسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ (ایک بار سردارانِ قریش سے) ابوجہل نے کہا کہ محمدؐ آپ حضرات کے رُوبرُو اپنا چہرہ خاک آلود کرتا ہے؟ جواب دیا گیا۔ ہاں! اس نے کہا لات و عُزّیٰ کی قسم! اگر میں نے (اس حالت میں) اسے دیکھ لیا تو اس کی گردن روند دوں گا۔ اور اس کا چہرہ مٹی پہ رگڑ دوں گا۔ اسکے بعد اس نے رسُول اللہ ﷺ کو نماز پڑھتے ہُوئے

---

[27] فی ظلال القرآن ۲۹/۲۱۲ [28] فی ظلال القرآن ۳۰/۲۰۸ [29] ایضاً ۲۹/۲۱۲

دیکھ لیا اور اس زعم میں چلا کہ آپؐ کی گردن روند دے گا، لیکن لوگوں نے اچانک کیا دیکھا کہ وہ ایڑی کے بل پلٹ رہا ہے اور دونوں ہاتھ سے بچاؤ کر رہا ہے۔ لوگوں نے کہا ' ابوالحکم! تمہیں کیا ہُوا؟ اس نے کہا: میرے اور اس کے درمیان آگ کی ایک خندق ہے۔ ہولناکیاں ہیں اور پَر ہیں۔ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر وہ میرے قریب آتا تو فرشتے اس کا ایک ایک عضو اچک لیتے۔[۳۰]

جَور و ستم کی یہ کارروائیاں نبی ﷺ کے ساتھ ہو رہی تھیں اور عوام و خواص کے نفوس میں آپؐ کی منفرد شخصیّت کا جو وقار و احترام تھا اور آپؐ کو مکّے کے سب سے محترم اور عظیم انسان ابوطالب کی جو حمایت و حفاظت حاصل تھی اس کے باوجود ہو رہی تھیں۔ باقی رہیں وہ کارروائیاں جو مسلمانوں اور خصوصاً ان میں سے بھی کمزور افراد کی ایذا رسانی کے لیے کی جا رہی تھیں تو وہ کچھ زیادہ ہی سنگین اور تلخ تھیں۔ ہر قبیلہ اپنے مسلمان ہونے والے افراد کو طرح طرح کی سزائیں دے رہا تھا اور جس شخص کا کوئی قبیلہ نہ تھا ان پر اوباشوں اور سرداروں نے ایسے ایسے جور و ستم روا رکھے تھے جنہیں سُن کر مضبوط انسان کا دل بھی بے چینی سے تڑپنے لگتا ہے۔

ابوجہل جب کسی معزز اور طاقتور آدمی کے مسلمان ہونے کی خبر سنتا تو اسے بُرا بھلا کہتا ذلیل و رسوا کرتا اور مال و جاہ کو سخت خسارے سے دوچار کرنے کی دھمکیاں دیتا اور اگر کوئی کمزور آدمی مسلمان ہوتا تو اسے مارتا اور دوسروں کو بھی برانگیختہ کرتا۔[۳۱]

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کا چچا انہیں کھجور کی چٹائی میں لپیٹ کر نیچے سے دھواں دیتا۔[۳۲]

حضرت مُصْعَبْ بن عُمیرؓ رضی اللہ عنہ کی ماں کو ان کے اسلام لانے کا علم ہوا تو ان کا دانہ پانی بند کر دیا اور انہیں گھر سے نکال دیا۔ یہ بڑے ناز و نعمت میں پلے تھے۔ حالات کی شدّت سے دوچار ہوئے تو کھال اس طرح ادھڑ گئی جیسے سانپ کینچلی چھوڑتا ہے۔[۳۳]

حضرت بلالؓ، اُمیّہ بن خلف جُمحی کے غلام تھے۔ اُمیّہ انکی گردن میں رسّی ڈال کر لڑکوں کو دے دیتا تھا اور وہ انہیں مکے کے پہاڑوں میں گھماتے پھرتے تھے یہاں تک کہ گردن پر رسی کا نشان پڑ جاتا تھا۔ خود اُمیّہ بھی انہیں باندھ کر ڈنڈے سے مارتا تھا اور چلچلاتی دھوپ میں جبراً بٹھائے رکھتا تھا۔ کھانا پانی بھی نہ دیتا بلکہ بھوکا پیاسا رکھتا تھا اور اس سے کہیں بڑھ کر یہ ظلم کرتا تھا

---

[۳۰] صحیح مسلم۔ [۳۱] ابن ہشام ۱/۳۲۰ [۳۲] رحمۃ للعالمین ۱/۵۷

[۳۳] ایضاً ۱/۵۸ و تلقیح فہوم اہل الاثر ۶۰

کہ جب دوپہر کی گرمی شباب پہ ہوتی تو مکّہ کے پتھریلے کنکروں پہ لٹا کر سینے پر بھاری پتھر رکھوا دیتا۔ پھر کہتا خدا کی قسم! تو اسی طرح پڑا رہے گا یہاں تک کہ مر جائے، یا محمدؐ کے ساتھ کفر کرے۔ حضرت بلالؓ اس حالت میں بھی فرماتے اَحَدٌ اَحَدٌ۔ ایک روز یہی کارروائی کی جا رہی تھی کہ ابوبکرؓ کا گذر ہُوا۔ انہوں نے حضرت بلالؓ کو ایک کالے غلام کے بدلے، اور کہا جاتا ہے کہ دوسو درہم (۷۳۵ گرام چاندی) یا دوسو اسّی درہم (ایک کیلو سے زائد چاندی) کے بدلے خرید کر آزاد کر دیا۔[۳۴]

حضرت عمّار بن یاسر رضی اللہ عنہ بنو مخزوم کے غلام تھے۔ انہوں نے اور ان کے والدین نے اسلام قبول کیا تو ان پہ قیامت ٹوٹ پڑی۔ مشرکین جن میں ابوجہل پیش پیش تھا سخت دھوپ کے وقت انہیں پتھریلی زمین پہ لے جا کر اس کی تپش سے سزا دیتے۔ ایک بار انہیں اسی طرح سزا دی جا رہی تھی کہ نبی ﷺ کا گذر ہُوا۔ آپؐ نے فرمایا: "آلِ یاسر صبر کرنا۔ تمہارا ٹھکانا جنت ہے"۔ آخر کار یاسر ظلم کی تاب نہ لا کر وفات پا گئے اور سُمیّہؓ جو حضرت عمّارؓ کی والدہ تھیں، ان کی شرمگاہ میں ابوجہل نے نیزہ مارا، اور وہ دم توڑ گئیں۔ یہ اسلام میں پہلی شہیدہ ہیں۔ حضرت عمّارؓ پر سختی کا سلسلہ جاری رہا۔ انہیں کبھی دھوپ میں تپایا جاتا تو کبھی ان کے سینے پر سرخ پتھر رکھ دیا جاتا اور کبھی پانی میں ڈبویا جاتا۔ ان سے مشرکین کہتے تھے کہ جب تک تم محمدؐ کو گالی نہ دو گے یا لات و عزّیٰ کے بارے میں کلمۂ خیر نہ کہو گے ہم تمہیں چھوڑ نہیں سکتے۔ حضرت عمارؓ نے مجبوراً ان کی بات مان لی۔ پھر نبی ﷺ کے پاس روتے اور معذرت کرتے ہُوئے تشریف لائے۔ اس پہ یہ آیت نازل ہُوئی:

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ .. (۱۶: ۱۰۶)

جس نے اللہ پر ایمان لانے کے بعد کفر کیا (اس پر اللہ کا غضب اور عذابِ عظیم ہے) لیکن جسے مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو (اس پر کوئی گرفت نہیں)[۳۵]

حضرت فُکَیْہَہ جن کا نام اَفْلَح تھا، بنی عبدالدار کے غلام تھے۔ ان کے یہ مالکان ان کا پاؤں رسی سے باندھ کر انہیں زمین پر گھسیٹتے تھے۔[۳۶]

حضرت خَبّابؓ بن اَرَتّ، قبیلہ خُزاعہ کی ایک عورت اُمّ اَنمار کے غلام تھے۔ مشرکین انہیں طرح طرح کی سزائیں دیتے تھے۔ ان کے سر کے بال نوچتے تھے اور سختی سے گردن مروڑتے

۳۴؎ رحمۃ للعالمین ۱/ ۵۷ تلقیح فہوم ص۶۱ ابنِ ہشام ۱/ ۳۱۷، ۳۱۸۔

۳۵؎ ابنِ ہشام ۱/ ۳۱۹، ۳۲۰ فقہ السیرۃ محمد غزالی ص۸۲۔ عوفی نے ابنِ عباس سے اس کا بعض ٹکڑا روایت کیا ہے۔ دیکھئے تفسیر ابنِ کثیر زیرِ آیت مذکورہ

۳۶؎ رحمۃ للعالمین ۱/ ۵۷ بحوالہ اعجاز التنزیل ص۵۳

تھے۔ انہیں کئی بار دہکتے انگاروں پر لٹا کر اوپر سے پتھر رکھ دیا کہ وہ اُٹھ نہ سکیں[۳۷]

زِنّیرَہ[۳۸] اور نَہدِیہ اور ان کی صاحبزادی اور اُمِّ عبیسؓ یہ سب لونڈیاں تھیں۔ انہوں نے اسلام قبول کیا اور مشرکین کے ہاتھوں اسی طرح کی سنگین سزاؤں سے دوچار ہوئیں جن کے چند نمونے ذکر کئے جا چکے ہیں۔ قبیلہ بنی عَدِیؔ کے ایک خانوادے بنی مؤمل کی ایک لونڈی مسلمان ہوئیں تو انہیں حضرت عُمرؓ بن خطاب ـــــ جو بنی عدی سے تعلق رکھتے تھے اور ابھی مسلمان نہیں ہُوئے تھے ـــــ اس قدر مارتے تھے کہ مارتے مارتے خُود تھک جاتے تھے اور اس کے بعد کہتے تھے کہ میں نے تجھے کسی مروت کی وجہ سے نہیں بلکہ محض، تھک جانے کی وجہ سے چھوڑا ہے[۳۹]

آخر کار حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت بلالؓ اور عامر بن فُہَیرَہ کی طرح ان لونڈیوں کو بھی خرید کر آزاد کر دیا[۴۰]

مشرکین نے سزا کی ایک شکل یہ بھی اختیار کی تھی کہ بعض بعض صحابہ کو اونٹ اور گائے کی کچی کھال میں لپیٹ کر دھوپ میں ڈال دیتے تھے اور بعض کو لوہے کی زرہ پہنا کر جلتے ہوئے پتھر پر لٹا دیتے تھے[۴۱] درحقیقت اللہ کی راہ میں ظلم وجور کا نشانہ بننے والوں کی فہرست بڑی لمبی ہے اور بڑی تکلیف دہ بھی۔ حالت یہ تھی کہ جس کسی کے مسلمان ہونے کا پتہ چل جاتا تھا مشرکین اس کے درپئے آزار ہو جاتے تھے۔

دارِ اَرقم

ان ستم رانیوں کے مقابل حکمت کا تقاضا یہ تھا کہ رسُول اللہ ﷺ مسلمانوں کو قولاً اور عملاً دونوں طرح اسلام کے اظہار سے روک دیں اور ان کے ساتھ خفیہ طریقے پر اکٹھے ہوں کیونکہ اگر آپؐ ان کے ساتھ کھُلم کھُلا اکٹھا ہوتے تو مشرکین آپؐ کے تزکیۂ نفس اور تعلیمِ کتاب و حکمت کے کام میں یقیناً رکاوٹ ڈالتے اور اس کے نتیجے میں فریقین کے درمیان تصادم ہو سکتا تھا بلکہ عملاً ۴ ؁ نبوت میں ہو بھی چکا تھا۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ صحابہ کرام گھاٹیوں میں اکٹھے ہو کر نماز پڑھا کرتے تھے۔ ایک بار کفار قریش کے کچھ لوگوں نے دیکھ لیا تو گالم گلوچ اور لڑائی جھگڑے پر اتر آئے۔ جواباً حضرت سعدؓ بن ابی وقّاص نے ایک شخص کو ایسی ضرب لگائی کہ اس کا خون بہ پڑا اور یہ پہلا خون تھا جو اسلام میں بہایا گیا[۴۲]

---

[۳۷] رحمۃ للعالمین ۱/ ۵۷ تلقیح الفہوم ص ۶۰ [۳۸] زنیرہ بروزن سِکّینہ، یعنی ز کو زیر اور نون کو زیر اور تشدید

[۳۹] رحمۃ للعالمین ۱/ ۵۷، ابنِ ہشام ۱/ ۳۱۹ - [۴۰] ابنِ ہشام ۱/ ۳۱۸، ۳۱۹

[۴۱] رحمۃ للعالمین ۱/ ۵۸ - [۴۲] ابنِ ہشام ۱/ ۲۶۳ مختصر السیرہ محمد بن عبدالوہاب ص ۶۰

یہ واضح ہی ہے کہ اگر اس طرح کا ٹکراؤ بار بار ہوتا اور طول پکڑ جاتا تو مسلمانوں کے خاتمے کی نوبت آسکتی تھی لہٰذا حکمت کا تقاضا یہی تھا کہ کام پس پردہ کیا جائے۔ چنانچہ عام صحابہ کرامؓ اپنا اسلام، اپنی عبادت، اپنی تبلیغ اور اپنے باہمی اجتماعات سب کچھ پس پردہ کرتے تھے۔ البتہ رسول اللہ ﷺ تبلیغ کا کام بھی مشرکین کے رُوبرُو کھلم کھلا انجام دیتے تھے اور عبادت کا کام بھی۔ کوئی چیز آپؐ کو اس سے روک نہیں سکتی تھی، تاہم آپ بھی مسلمانوں کے ساتھ خود ان کی مصلحت کے پیش نظر خفیہ طور سے جمع ہوتے تھے۔ ادھر ارقمؓ بن ابی الارقم مخزومی کا مکان کوہِ صفا پر سرکشوں کی نگاہوں اور ان کی مجلسوں سے دُور الگ تھلگ واقع تھا۔ اس لیے آپؐ نے پانچویں سنہ نبوت سے اسی مکان کو اپنی دعوت اور مسلمانوں کے ساتھ اپنے اجتماع کا مرکز بنا لیا۔[۴۳]

پہلی ہجرتِ حبشہ جور و ستم کا مذکورہ سلسلہ نبوت کے چوتھے سال کے درمیان یا آخر میں شروع ہوا تھا اور ابتداءً معمولی تھا مگر دن بدن اور ماہ بماہ بڑھتا گیا یہاں تک کہ نبوت کے پانچویں سال کا وسط آتے آتے اپنے شباب کو پہنچ گیا حتیٰ کہ مسلمانوں کے لیے مکہ میں رہنا دوبھر ہوگیا۔ اور انہیں ان پیہم ستم رانیوں سے نجات کی تدبیر سوچنے کے لیے مجبور ہو جانا پڑا۔ ان ہی سنگین اور تاریک حالات میں سورۂ کہف نازل ہوئی۔ یہ اصلاً تو مشرکین کے پیش کردہ سوالات کے جواب میں تھی لیکن اس میں جو تین واقعات بیان کیے گئے ان واقعات میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اپنے مومن بندوں کے لیے مستقبل کے بارے میں نہایت بلیغ اشارات تھے چنانچہ اصحابِ کہف کے واقعے میں یہ درس موجود ہے کہ جب دین و ایمان خطرے میں ہو تو کفر و ظلم کے مراکز سے ہجرت کے لیے تن بہ تقدیر نکل پڑنا چاہیے، ارشاد ہے:

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝ (۱۸:۱۶)

"اور جب تم ان سے اور اللہ کے سوا ان کے دوسرے معبودوں سے الگ ہوگئے تو غار میں پناہ گیر ہو جاؤ، تمہارا رب تمہارے لیے اپنی رحمت پھیلا دے گا۔ اور تمہارے کام کے لیے تمہاری سہولت کی چیز تمہیں مہیا کرے گا۔"

موسیٰ اور خضر علیہما السلام کے واقعے سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نتائج ہمیشہ ظاہری حالات کے مطابق نہیں ہوتے بلکہ بسا اوقات ظاہری حالات کے بالکل برعکس ہوتے ہیں لہٰذا اس واقعے

۴۳؎ مختصر السیرہ محمد بن عبد الوہاب ص ۶۱۔

میں اس بات کی طرف لطیف اشارہ پنہاں ہے کہ مسلمانوں کے خلاف اس وقت جو ظلم و تشدد برپا ہے اس کے نتائج بالکل برعکس نکلیں گے اور یہ سرکش مشرکین اگر ایمان نہ لائے تو آئندہ ان ہی مقہور و مجبور مسلمانوں کے سامنے سرنگوں ہو کر اپنی قسمت کے فیصلے کے لیے پیش ہوں گے۔

ذُوالقرنَیْن کے واقعے میں چند خاص باتوں کی طرف اشارہ ہے۔

۱۔ یہ کہ زمین اللہ کی ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے۔

۲۔ یہ کہ فلاح و کامرانی ایمان ہی کی راہ میں ہے، کفر کی راہ میں نہیں۔

۳۔ یہ کہ اللہ تعالیٰ رہ رہ کر اپنے بندوں میں سے ایسے افراد کھڑے کرتا رہتا ہے جو مجبور و مقہور انسانوں کو اس دُور کے یاجوج و ماجوج سے نجات دلاتے ہیں۔

۴۔ یہ کہ اللہ کے صالح بندے ہی زمین کی وراثت کے سب سے زیادہ حقدار ہیں۔

پھر سورہ کہف کے بعد سورۂ زُمَر کا نزول ہوا اور اس میں ہجرت کی طرف اشارہ کیا گیا۔ اور بتایا گیا کہ اللہ کی زمین تنگ نہیں ہے:

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ (۳۹:۱۰)

"جن لوگوں نے اس دنیا میں اچھائی کی ان کے لیے اچھائی ہے اور اللہ کی زمین کشادہ ہے۔ صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بلا حساب دیا جائے گا"۔

ادھر رسول اللہ ﷺ کو معلوم تھا کہ اَصْحَمَہ نجاشی شاہ حبش ایک عادل بادشاہ ہے۔ وہاں کسی پر ظلم نہیں ہوتا اس لیے آپؐ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ فتنوں سے اپنے دین کی حفاظت کے لیے حبشہ ہجرت کر جائیں۔ اس کے بعد ایک طے شدہ پروگرام کے مطابق رجب ۵ھ نبوی میں صحابہ کرامؓ کے پہلے گروہ نے حبشہ کی جانب ہجرت کی۔ اس گروہ میں بارہ مرد اور چار عورتیں تھیں۔ حضرت عثمانؓ بن عفان ان کے امیر تھے اور ان کے ہمراہ رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت رقیہؓ بھی تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارے میں فرمایا کہ حضرت ابراہیم اور حضرت لوط علیہما السلام کے بعد یہ پہلا گھرانہ ہے جس نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی ہے[۴۴]

یہ لوگ رات کی تاریکی میں چپکے سے نکل کر اپنی نئی منزل کی جانب روانہ ہوئے۔ رازداری

---

[۴۴] مختصر السیرہ شیخ عبداللہ ص۹۲، ۹۳ زاد المعاد ۱/۲۴ رحمۃ للعالمین ۱/۶۱۔

کا مقصد یہ تھا کہ قریش کو اس کا علم نہ ہو سکے۔ رُخ بحر احمر کی بندرگاہ شُعیبَہ کی جانب تھا۔ خوش قسمتی سے وہاں دو تجارتی کشتیاں موجود تھیں جو انہیں اپنے دامنِ عافیت میں لے کر سمندر پار حبشہ چلی گئیں قریش کو کسی قدر بعد میں ان کی روانگی کا علم ہو سکا۔ تاہم انہوں نے پیچھا کیا اور ساحل تک پہنچے لیکن صحابہؓ کرام آگے جا چکے تھے، اس لیے نامراد واپس آئے۔ ادھر مسلمانوں نے حبشہ پہنچ کر بڑے چین کا سانس لیا۔[۴۵] اسی سال رمضان شریف میں یہ واقعہ پیش آیا کہ نبی ﷺ ایک بار حرم تشریف لے گئے۔ وہاں قریش کا بہت بڑا مجمع تھا۔ ان کے سردار اور بڑے بڑے لوگ جمع تھے۔ آپؐ نے ایک دم اچانک کھڑے ہو کر سورہ نجم کی تلاوت شروع کر دی۔ ان کفار نے اس سے پہلے عموماً قرآن سنا نہ تھا کیونکہ ان کا دائمی وطیرہ قرآن کے الفاظ میں یہ تھا کہ:

لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ۝ (۴۱:۲۶)

"اس قرآن کو مت سنو اور اس میں خلل ڈالو۔ (اودھم مچاؤ) تاکہ تم غالب رہو"

لیکن جب نبی ﷺ نے اچانک اس سورہ کی تلاوت شروع کر دی۔ اور ان کے کانوں میں ایک ناقابل بیان رعنائی و دلکشی اور عظمت لیے ہوئے کلام الٰہی کی آواز پڑی تو انہیں کچھ ہوش نہ رہا۔ سب کے سب گوش بر آواز ہو گئے کسی کے دل میں کوئی اور خیال ہی نہ آیا۔ یہاں تک کہ جب آپؐ نے سورہ کے اواخر میں دل ہلا دینے والی آیات تلاوت فرما کر اللہ کا یہ حکم سنایا کہ:

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝ (۵۳:۶۲)

"اللہ کے لیے سجدہ کرو اور اس کی عبادت کرو"

اور اس کے ساتھ ہی سجدہ فرمایا تو کسی کو اپنے آپ پر قابو نہ رہا اور سب کے سب سجدے میں گر پڑے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس موقع پر حق کی رعنائی و جلال نے متکبرین و مستہزئین کی ہٹ دھرمی کا پردہ چاک کر دیا تھا اس لیے انہیں اپنے آپ پر قابو نہ رہ گیا تھا اور وہ بے اختیار سجدے میں گر پڑے تھے۔[۴۶]

بعد میں جب انہیں احساس ہوا کہ کلام الٰہی کے جلال نے ان کی لگام موڑ دی۔ اور وہ ٹھیک وہی کام کر بیٹھے جسے مٹانے اور ختم کرنے کے لیے انہوں نے ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگا رکھا

---

۴۵ رحمۃ للعالمین ۱/۶۱، زاد المعاد ۱/۲۴

۴۶ صحیح بخاری میں اس سجدے کا واقعہ ابنِ مسعود اور ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے مختصراً مروی ہے۔ (باقی اگلے صفحہ ملاحظہ فرمائیں)

تھا اور اس کے ساتھ ہی اس واقعے میں غیر موجود مشرکین نے ان پر ہر طرف سے عتاب اور ملامت کی بوچھاڑ شروع کی تو ان کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے اور انہوں نے اپنی جان چھڑانے کے لیے رسُول اللہ ﷺ پر یہ افترا پردازی کی اور یہ جھوٹ گھڑا کہ آپؐ نے ان کے بتوں کا ذکر عزّت و احترام سے کرتے ہُوئے یہ کہا تھا کہ :

تِلْكَ الْغَرَانِيقُ الْعُلٰى ، وَاِنَّ شَفَاعَتَهُنَّ لَتُرْتَجٰى

"یہ بلند پایہ دیویاں ہیں۔ اور ان کی شفاعت کی اُمید کی جاتی ہے۔"

حالانکہ یہ صریح جھوٹ تھا جو محض اس لیے گھڑ لیا گیا تھا تاکہ نبی ﷺ کے ساتھ سجدہ کرنے کی جو "غلطی" ہو گئی ہے اس کے لیے ایک "معقول" عذر پیش کیا جا سکے۔ اور ظاہر ہے کہ جو لوگ نبی ﷺ پر ہمیشہ جھُوٹ گھڑتے اور آپؐ کے خلاف ہمیشہ دسیسہ کاری اور افترا پردازی کرتے رہے تھے وہ اپنا دامن بچانے کے لیے اس طرح کا جھوٹ کیوں نہ گھڑتے[47]

بہر حال مشرکین کے سجدہ کرنے کے اس واقعے کی خبر حبشہ کے مہاجرین کو بھی معلوم ہُوئی لیکن اپنی اصل صورت سے بالکل ہٹ کر یعنی انہیں یہ معلوم ہوا کہ قریش مسلمان ہو گئے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے ماہِ شوّال میں مکّہ واپسی کی راہ لی لیکن جب اتنے قریب آ گئے کہ مکہ ایک دن سے بھی کم فاصلے پر رہ گیا تو حقیقت حال آشکارا ہوئی۔ اس کے بعد کچھ لوگ تو سیدھے حبشہ پلٹ گئے اور کچھ لوگ چھپ چھپا کر یا قریش کے کسی آدمی کی پناہ لیکر مکّے میں داخل ہُوئے[48]

دوسری ہجرت حبشہ اس کے بعد ان مہاجرین پر خصوصاً اور مسلمانوں پر عموماً قریش کا ظلم و تشدد جور و ستم اور بڑھ گیا اور ان کے خاندان والوں نے انہیں خوب ستایا کیونکہ قریش کو ان کے ساتھ نجاشی کے حسنِ سلوک کی جو خبر ملی تھی اس پر وہ نہایت چیں بہ جبیں تھے۔ ناچار رسُول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو پھر ہجرتِ حبشہ کا مشورہ دیا، لیکن یہ دوسری ہجرت پہلی ہجرت کے بالمقابل اپنے دامن میں زیادہ مشکلات لیے ہُوئے تھی۔ کیونکہ اب کی بار قریش پہلے سے ہی چوکنا تھے اور ایسی کسی کوشش کو ناکام بنانے کا تہیہ کیے ہوئے تھے۔ لیکن مسلمان ان سے کہیں زیادہ مستعد ثابت ہُوئے اور اللہ نے ان کے لیے سفر آسان بنا دیا چنانچہ وہ قریش کی گرفت میں آنے سے پہلے ہی شاہ حبش کے پاس پہنچ گئے۔

(گذشتہ سے پیوستہ) دیکھئے باب سجدۃ النجم اور باب سجود المسلمین والمشرکین ۱/۱۴۶ اور باب مالقی النبی ﷺ واصحابہ بمکۃ ۱/۵۴۳

[47] محققین نے اس روایت کے تمام طرق کے تحلیل و تجزیے کے بعد یہی نتیجہ اخذ کیا ہے۔

[48] زاد المعاد ۱/۲۴، ۲/۴۴، ابن ہشام ۱/۳۶۴۔

اس دفعہ کل ۸۲ یا ۸۳ مردوں نے ہجرت کی (حضرت عمار کی ہجرت مختلف فیہ ہے) اور اٹھارہ یا انیس عورتوں نے[49] علامہ منصورپوری نے یقین کے ساتھ عورتوں کی تعداد اٹھارہ لکھی ہے[50]

مہاجرینِ حبشہ کے خلاف قریش کی سازش

مشرکین کو سخت قلق تھا کہ مسلمان اپنی جان اور اپنا دین بچا کر ایک پُر امن جگہ بھاگ گئے ہیں۔ لہٰذا انہوں نے عمرو بن عاص اور عبداللہ بن ربیعہ کو جو گہری سوجھ بوجھ کے مالک تھے اور ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے ایک اہم سفارتی مہم کے لیے منتخب کیا اور ان دونوں کو نجاشی اور بطریقوں کی خدمت میں پیش کرنے کے لیے بہترین تحفے اور ہدیے دے کر حبش روانہ کیا۔ ان دونوں نے پہلے حبش پہنچ کر بطریقوں کو تحائف پیش کئے۔ پھر انہیں اپنے ان دلائل سے آگاہ کیا جن کی بنیاد پر وہ مسلمانوں کو حبش سے نکلوانا چاہتے تھے۔ جب بطریقوں نے اس بات سے اتفاق کر لیا کہ وہ نجاشی کو مسلمانوں کے نکال دینے کا مشورہ دیں گے تو یہ دونوں نجاشی کے حضور حاضر ہوئے اور تحفے تحائف پیش کر کے اپنا مدّعا یوں عرض کیا:

"اے بادشاہ! آپ کے ملک میں ہمارے کچھ ناسمجھ نوجوان بھاگ آئے ہیں۔ انہوں نے اپنی قوم کا دین چھوڑ دیا ہے۔ لیکن آپ کے دین میں بھی داخل نہیں ہوئے ہیں بلکہ ایک نیا دین ایجاد کیا ہے جسے نہ ہم جانتے ہیں نہ آپ۔ ہمیں آپ کی خدمت میں انہی کی بابت ان کے والدین، چچاؤں اور کنبے قبیلے کے عمائدین نے بھیجا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ آپ انہیں ان کے پاس واپس بھیج دیں کیونکہ وہ لوگ ان پر کڑی نگاہ رکھتے ہیں اور ان کی خامی اور عتاب کے اسباب کو بہتر طور پر سمجھتے ہیں" جب یہ دونوں اپنا مدعا عرض کر چکے تو بطریقوں نے کہا:

"بادشاہ سلامت! یہ دونوں ٹھیک ہی کہہ رہے ہیں۔ آپ ان جوانوں کو ان دونوں کے حوالے کر دیں۔ یہ دونوں انہیں ان کی قوم اور ان کے ملک میں واپس پہنچا دیں گے۔"

لیکن نجاشی نے سوچا کہ اس قضیے کو گہرائی سے کھنگالنا اور اس کے تمام پہلوؤں کو سننا ضروری ہے۔ چنانچہ اس نے مسلمانوں کو بلا بھیجا۔ مسلمان یہ تہیّہ کر کے اس کے دربار میں آئے کہ ہم سچ ہی بولیں گے خواہ نتیجہ کچھ بھی ہو۔ جب مسلمان آ گئے تو نجاشی نے پوچھا "یہ کونسا دین ہے جس کی بنیاد پر تم نے اپنی قوم سے علیحدگی اختیار کر لی ہے، لیکن میرے دین میں بھی داخل نہیں ہوتے ہو۔ اور نہ ان ملتوں ہی میں سے کسی کے دین میں داخل ہوتے ہو؟"۔

مسلمانوں کے ترجمان حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے کہا: "اے بادشاہ! ہم ایسی

---

[49] زاد المعاد ۱/۴۲ رحمۃ للعالمین ۱/۶۱ [50] ایضاً رحمۃ للعالمین۔

قوم تھے جو جاہلیت میں مبتلا تھی۔ ہم بُت پوجتے تھے، مُردار کھاتے تھے، بدکاریاں کرتے تھے۔ قرابتداروں سے تعلق توڑتے تھے، ہمسایوں سے بدسلوکی کرتے تھے اور ہم میں سے طاقتور کمزور کو کھا رہا تھا۔ ہم اسی حالت میں تھے کہ اللہ نے ہم ہی میں سے ایک رسول بھیجا اس کی عالی نسبی، سچائی، امانت اور پاکدامنی ہمیں پہلے سے معلوم تھی۔ اس نے ہمیں اللہ کی طرف بلایا اور سمجھایا کہ ہم صرف ایک اللہ کو مانیں اور اسی کی عبادت کریں اور اس کے سوا جن پتھروں اور بُتوں کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے، انہیں چھوڑ دیں۔ اس نے ہمیں سچ بولنے، امانت ادا کرنے، قرابت جوڑنے، پڑوسی سے اچھا سلوک کرنے اور حرام کاری و خونریزی سے باز رہنے کا حکم دیا۔ اور فواحش میں ملوث ہونے، جھوٹ بولنے، یتیم کا مال کھانے اور پاکدامن عورتوں پر جھوٹی تہمت لگانے سے منع کیا۔ اس نے ہمیں یہ بھی حکم دیا کہ ہم صرف اللہ کی عبادت کریں۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں۔ اس نے ہمیں نماز، روزہ اور زکوٰۃ کا حکم دیا"۔۔۔۔۔ اسی طرح حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے اسلام کے کام گنائے، پھر کہا:

"ہم نے اس پیغمبر کو سچا مانا، اس پر ایمان لائے، اور اس کے لائے ہوئے دینِ خداوندی میں اس کی پیروی کی۔ چنانچہ ہم نے صرف اللہ کی عبادت کی، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کیا اور جن باتوں کو اس پیغمبرؐ نے حرام بتایا انہیں حرام مانا، اور جن کو حلال بتایا انہیں حلال جانا۔ اس پر ہماری قوم ہم سے بگڑ گئی۔ اس نے ہم پر ظلم و ستم کیا اور ہمیں ہمارے دین سے پھیرنے کے لیے فتنے اور سزاؤں سے دوچار کیا۔ تاکہ ہم اللہ کی عبادت چھوڑ کر بُت پرستی کی طرف پلٹ جائیں۔ اور جن گندی چیزوں کو حلال سمجھتے تھے انہیں پھر حلال سمجھنے لگیں۔ جب انہوں نے ہم پر بہت قہر و ظلم کیا، زمین تنگ کر دی اور ہمارے درمیان اور ہمارے دین کے درمیان روک بن کر کھڑے ہو گئے تو ہم نے آپ کے ملک کی راہ لی۔ اور دوسروں پر آپ کو ترجیح دیتے ہوئے آپ کی پناہ میں رہنا پسند کیا۔ اور یہ امید کی کہ اے بادشاہ! آپ کے پاس ہم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔"

نجاشی نے کہا: "وہ پیغمبر جو کچھ لائے ہیں اس میں سے کچھ تمہارے پاس ہے؟"

حضرت جعفرؓ نے کہا: "ہاں!"

نجاشی نے کہا: "ذرا مجھے بھی پڑھ کر سناؤ۔"

حضرت جعفرؓ نے سورۂ مریم کی ابتدائی آیات تلاوت فرمائیں۔ نجاشی اس قدر رویا کہ اس کی داڑھی تر ہوگئی۔ نجاشی کے تمام اسقف بھی حضرت جعفرؓ کی تلاوت سن کر اس قدر روئے کہ ان کے صحیفے تر ہوگئے۔ پھر نجاشی نے کہا کہ یہ کلام اور وہ کلام جو حضرت عیسٰی علیہ السّلام لے کر آئے تھے۔ دونوں ایک ہی شمع دان سے نکلے ہوئے ہیں۔ اس کے بعد نجاشی نے عمرو بن عاص اور عبداللہ بن ربیعہ کو مخاطب کر کے کہا کہ تم دونوں چلے جاؤ۔ میں ان لوگوں کو تمہارے حوالے نہیں کرسکتا اور نہ یہاں ان کے خلاف کوئی چال چلی جاسکتی ہے۔

اس حکم پر وہ دونوں وہاں سے نکل گئے۔ لیکن پھر عمرو بن عاص نے عبداللہ بن ربیعہ سے کہا: "خدا کی قسم! کل ان کے متعلق ایسی بات لاؤں گا کہ ان کی ہریالی کی جڑ کاٹ کر رکھ دوں گا۔" عبداللہ بن ربیعہ نے کہا: "نہیں۔ ایسا نہ کرنا۔ ان لوگوں نے اگرچہ ہمارے خلاف کیا ہے۔ لیکن ہیں بہرحال ہمارے اپنے ہی کنبے قبیلے کے لوگ۔" مگر عمرو بن عاص اپنی رائے پر اُڑے رہے۔

اگلا دن آیا تو عمرو بن عاص نے نجاشی سے کہا: "اے بادشاہ! یہ لوگ عیسٰیؑ ابن مریمؑ کے بارے میں ایک بڑی بات کہتے ہیں۔" اس پر نجاشی نے مسلمانوں کو پھر بلا بھیجا۔ وہ پوچھنا چاہتا تھا کہ حضرت عیسٰے علیہ السّلام کے بارے میں مسلمان کیا کہتے ہیں۔ اس دفعہ مسلمانوں کو گھبراہٹ ہوئی۔ لیکن انہوں نے طے کیا کہ سچ ہی بولیں گے۔ نتیجہ خواہ کچھ بھی ہو۔ چنانچہ جب مسلمان نجاشی کے دربار میں حاضر ہوئے اور اس نے سوال کیا تو حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

"ہم عیسٰے علیہ السّلام کے بارے میں وہی بات کہتے ہیں جو ہمارے نبی ﷺ لے کر آئے ہیں۔ یعنی حضرت عیسٰےؑ اللہ کے بندے، اس کے رسول، اس کی رُوح اور اس کا وہ کلمہ ہیں جسے اللہ نے کنواری پاکدامن حضرت مریم علیہا السّلام کی طرف القا کیا تھا۔"

اس پر نجاشی نے زمین سے ایک تنکہ اٹھایا اور بولا: "خدا کی قسم! جو کچھ تم نے کہا ہے حضرت عیسٰے علیہ السّلام اس سے اس تنکے کے برابر بھی بڑھ کر نہ تھے۔" اس پر بطریقوں نے "ہونہہ" کی آواز لگائی۔ نجاشی نے کہا: اگرچہ تم لوگ "ہونہہ" کہو۔

اس کے بعد نجاشی نے مسلمانوں سے کہا: "جاؤ! تم لوگ میرے قلمرو میں امن و امان سے ہو۔ جو تمہیں گالی دے گا اس پر تاوان لگایا جائے گا۔ مجھے گوارا نہیں کہ تم میں سے میں کسی آدمی کو

ستاؤں اور اس کے بدلے مجھے سونے کا پہاڑ مل جائے۔"

اس کے بعد اس نے اپنے حاشیہ نشینوں سے مخاطب ہو کر کہا: "ان دونوں کو ان کے ہدیے واپس کر دو۔ مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں۔ خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ نے جب مجھے میرا ملک واپس کیا تھا تو مجھ سے کوئی رشوت نہیں لی تھی کہ میں اس کی راہ میں رشوت لوں۔ نیز اللہ نے میرے بارے میں لوگوں کی بات قبول نہ کی تھی کہ میں اللہ کے بارے میں لوگوں کی بات مانوں۔"

حضرت امّ سلمہ رضی اللہ عنہا جنہوں نے اس واقعے کو بیان کیا ہے، کہتی ہیں اس کے بعد وہ دونوں اپنے ہدیے تحفے لیے بے آبرو ہو کر واپس چلے گئے اور ہم نجاشی کے پاس ایک اچھّے ملک میں ایک اچھّے پڑوسی کے زیرِ سایہ مقیم رہے۔ [۵۱]

یہ ابنِ اسحاق کی روایت ہے۔ دوسرے سیرت نگاروں کا بیان ہے کہ نجاشی کے دربار میں حضرت عمرؓو بن عاصؓ کی حاضری جنگِ بدر کے بعد ہوئی تھی۔ بعض لوگوں نے تطبیق کی یہ صورت بیان کی ہے کہ حضرت عمرؓو بن عاصؓ نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی واپسی کے لیے دو مرتبہ گئے تھے، لیکن جنگ بدر کے بعد کی حاضری کے ضمن میں حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور نجاشی کے درمیان سوال و جواب کی جو تفصیلات بیان کی جاتی ہیں وہ تقریباً وہی ہیں جو ابنِ اسحاق نے ہجرتِ حبشہ کے بعد کی حاضری کے سلسلے میں بیان کی ہیں۔ پھر ان سوالات کے مضامین سے واضح ہوتا ہے کہ نجاشی کے پاس یہ معاملہ ابھی پہلی بار پیش ہُوا تھا، اس لیے ترجیح اس بات کو حاصل ہے کہ مسلمانوں کو واپس لانے کی کوشش صرف ایک بار ہوئی تھی۔ اور وہ ہجرتِ حبشہ کے بعد تھی۔

بہر حال مشرکین کی چال ناکام ہو گئی اور ان کی سمجھ میں آگیا کہ وہ اپنے جذبۂ عداوت کو اپنے دائرۂ اختیار ہی میں آسودہ کر سکتے ہیں، لیکن اس کے نتیجے میں انہوں نے ایک خوفناک بات سوچنی شروع کر دی۔ درحقیقت انہیں اچھی طرح احساس ہو گیا تھا کہ اس "مصیبت" سے نمٹنے کے لیے اب ان کے سامنے دو ہی راستے رہ گئے ہیں، یا تو رسول اللہ ﷺ کو تبلیغ سے بزورِ طاقت روک دیں یا پھر آپؐ کے وجود ہی کا صفایا کر دیں۔ لیکن دوسری صورت حد درجہ مشکل تھی کیونکہ ابوطالب آپؐ کے محافظ تھے اور مشرکین کے عزائم کے سامنے

---

[۵۱] ابنِ ہشام ملخصاً ۱/۳۳۴ تا ۳۳۸

آہنی دیوار بنے ہوئے تھے۔ اس لیے یہی مفید سمجھا گیا کہ ابوطالب سے دو دو باتیں ہو جائیں۔

ابوطالب کو قریش کی دھمکی

اس تجویز کے بعد سرداران قریش ابوطالب کے پاس حاضر ہوئے اور بولے: "ابوطالب! آپ ہمارے اندر سن و شرف اور اعزاز کے مالک ہیں۔ ہم نے آپ سے گذارش کی کہ اپنے بھتیجے کو روکئے۔ لیکن آپ نے نہیں روکا۔ آپ یاد رکھیں ہم اسے برداشت نہیں کر سکتے کہ ہمارے آباؤ اجداد کو گالیاں دی جائیں، ہماری عقل و فہم کو حماقت زدہ قرار دیا جائے اور ہمارے خداؤں کی عیب چینی کی جائے۔ آپ روک دیجئے ورنہ ہم آپ سے اور اُن سے ایسی جنگ چھیڑ دیں گے کہ ایک فریق کا صفایا ہو کر رہے گا۔"

ابوطالب پر اس زوردار دھمکی کا بہت زیادہ اثر ہُوا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو بلا کر کہا: "بھتیجے! تمہاری قوم کے لوگ میرے پاس آئے تھے اور ایسی ایسی باتیں کہہ گئے ہیں۔ اب مجھ پر اور خود اپنے آپ پر رحم کرو اور اس معاملے میں مجھ پر اتنا بوجھ نہ ڈالو جو میرے بس سے باہر ہے۔"

یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے سمجھا کہ اب آپ کے چچا بھی آپ کا ساتھ چھوڑ دیں گے۔ اور وہ بھی آپ کی مدد سے کمزور پڑ گئے ہیں۔ اس لیے فرمایا: "چچا جان! خدا کی قسم! اگر یہ لوگ میرے داہنے ہاتھ میں سورج اور بائیں ہاتھ میں چاند رکھ دیں کہ میں اس کام کو اس حد تک پہنچائے بغیر چھوڑ دوں کہ یا تو اللہ اسے غالب کر دے یا میں اسی راہ میں فنا ہو جاؤں تو نہیں چھوڑ سکتا۔"

اس کے بعد آپ کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں۔ آپ رو پڑے اور اُٹھ گئے، جب واپس ہونے لگے تو ابوطالب نے پکارا اور سامنے تشریف لائے تو کہا: "بھتیجے! جاؤ جو چاہو کہو، خدا کی قسم میں تمہیں کبھی بھی کسی بھی وجہ سے چھوڑ نہیں سکتا۔"[۵۲] اور یہ اشعار کہے:

وَاللهِ لَنْ يَّصِلُوْا اِلَيْكَ بِجَمْعِهِمْ   حَتّٰى اُوَسَّدَ فِى التُّرَابِ دَفِيْنًا

فَاصْدَعْ بِاَمْرِكَ مَا عَلَيْكَ غَضَاضَةٌ   وَابْشِرْ وَقَرَّ بِذَاكَ مِنْكَ عُيُوْنًا[۵۳]

"بخدا وہ لوگ تمہارے پاس اپنی جمعیت سمیت بھی ہرگز نہیں پہنچ سکتے۔ یہاں تک کہ میں

---

۵۲ ابن ہشام ۱/۲۶۵، ۲۶۶   ۵۳ مختصر السیرہ شیخ محمد بن عبدالوہاب ص ۶۸

مٹی میں دفن کر دیا جاؤں۔ تم اپنی بات کھلم کھلا کہو۔ تم پر کوئی قدغن نہیں، تم خوش ہو جاؤ اور تمہاری آنکھیں اس سے ٹھنڈی ہو جائیں۔"

قریش ایک بار پھر ابوطالب کے سامنے

پچھلی دھمکی کے باوجود جب قریش نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ اپنا کام کئے جا رہے ہیں تو ان کی سمجھ میں آگیا کہ ابوطالب رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ نہیں سکتے، بلکہ اس بارے میں قریش سے جدا ہونے اور ان کی عداوت مول لینے کو تیار ہیں چنانچہ وہ لوگ ولید بن مغیرہ کے لڑکے عُمارہ کو ہمراہ لے کر ابوطالب کے پاس پہنچے اور ان سے یوں عرض کیا:

"اے ابوطالب! یہ قریش کا سب سے بانکا اور خوبصورت نوجوان ہے۔ آپ اسے لے لیں۔ اس کی دیت اور نصرت کے آپ حقدار ہوں گے۔ آپ اسے اپنا لڑکا بنا لیں۔ یہ آپ کا ہو گا اور آپ اپنے اس بھتیجے کو ہمارے حوالے کر دیں جس نے آپ کے آباء و اجداد کے دین کی مخالفت کی ہے، آپ کی قوم کا شیرازہ منتشر کر رکھا ہے اور ان کی عقلوں کو حماقت سے دوچار بتلایا ہے۔ ہم اسے قتل کریں گے۔ بس یہ ایک آدمی کے بدلے ایک آدمی کا حساب ہے۔"

ابوطالب نے کہا: "خدا کی قسم! کتنا بُرا سودا ہے جو تم لوگ مجھ سے کر رہے ہو! تم اپنا بیٹا مجھے دیتے ہو کہ میں اسے کھلاؤں پلاؤں۔ پالوں پوسوں اور میرا بیٹا مجھ سے طلب کرتے ہو کہ اسے قتل کر دو۔ خدا کی قسم! یہ نہیں ہو سکتا۔"

اس پر نَوفَل بن عبد مَناف کا پوتا مُطعِم بن عَدِی بولا! "خدا کی قسم! اے ابوطالب! تم سے تمہاری قوم نے انصاف کی بات کہی ہے۔ اور جو صورت تمہیں ناگوار ہے اس سے بچنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ان کی کسی بات کو قبول نہیں کرنا چاہتے۔"

جواب میں ابوطالب نے کہا: "بخدا تم لوگوں نے مجھ سے انصاف کی بات نہیں کی ہے بلکہ تم بھی میرا ساتھ چھوڑ کر میرے مخالف لوگوں کی مدد پر تُلے بیٹھے ہو تو ٹھیک ہے جو چاہو کرو۔"[۵۴]

سیرت کے مآخذ میں پچھلی دونوں گفتگو کے زمانے کی تعیین نہیں ملتی لیکن قرائن و شواہد

---

[۵۴] ابن ہشام ۱/ ۲۶۶، ۲۶۷

سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دونوں گفتگو ۶ نبوی کے وسط میں ہوئی تھیں اور دونوں کے درمیان فاصلہ مختصر ہی تھا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی تجویز

ان دونوں گفتگوؤں کی ناکامی کے بعد قریش کا جذبۂ جور و ستم اور بھی بڑھ گیا اور ایذا رسانی کا سلسلہ پہلے سے فزوں تر اور سخت تر ہو گیا۔ ان ہی دنوں قریش کے سرکشوں کے دماغ میں نبی ﷺ کے خاتمے کی ایک تجویز اُبھری لیکن یہی تجویز اور یہی سختیاں مکہ کے جانبازوں میں سے دو نادرۂ روزگار سرفروشوں، یعنی حضرت حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے اور ان کے ذریعے اسلام کو تقویت پہنچانے کا سبب بن گئیں۔

جور و جفا کے سلسلۂ دراز کے ایک دو نمونے یہ ہیں کہ ایک روز ابو لہب کا بیٹا عُتَیبہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور بولا: "میں وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى اور ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى کے ساتھ کفر کرتا ہوں"۔ اس کے بعد وہ آپ پر ایذا رسانی کے ساتھ مسلط ہو گیا۔ آپ کا کرتا پھاڑ دیا اور آپ کے چہرے پر تھوک دیا۔ اگرچہ تھوک آپ پر نہ پڑا۔ اسی موقع پر نبی ﷺ نے بددعا کی کہ اے اللہ اس پر اپنے کتوں میں سے کوئی کتا مسلط کر دے۔ نبی ﷺ کی یہ بددُعا قبول ہوئی۔ چنانچہ عُتَیبہ ایک بار قریش کے کچھ لوگوں کے ہمراہ سفر میں گیا۔ جب انہوں نے ملک شام کے مقام زَرقاء میں پڑاؤ ڈالا تو رات کے وقت شیر نے ان کا چکر لگایا۔ عُتَیبہ نے دیکھتے ہی کہا: "ہائے میری تباہی! یہ خدا کی قسم مجھے کھا جائے گا۔ جیسا کہ محمد ﷺ نے مجھ پر بددُعا کی ہے۔ دیکھو میں شام میں ہوں۔ لیکن اس نے مکہ میں رہتے ہوئے مجھے مار ڈالا"۔ احتیاطاً لوگوں نے عُتَیبہ کو اپنے اور جانوروں کے گھیرے کے بیچوں بیچ سلایا۔ لیکن رات کو شیر سب کو پھلانگتا ہوا سیدھا عُتَیبہ کے پاس پہنچا۔ اور سر پکڑ کر ذبح کر ڈالا۔[۵۵]

ایک بار عُقبہ بن ابی مُعَیط نے رسول اللہ ﷺ کی گردن حالتِ سجدہ میں اس زور سے رَوندی کہ معلوم ہوتا تھا دونوں آنکھیں نکل آئیں گی۔[۵۶]

ابنِ اسحاق کی ایک طویل روایت سے بھی قریش کے سرکشوں کے اس ارادے پر

---

۵۵ مختصر السیرۃ شیخ عبد اللہ ص ۱۳۵، استیعاب، اصابہ، دلائل النبوۃ، الروض الانف

۵۶ ایضاً مختصر السیرہ ص ۱۱۳

روشنی پڑتی ہے کہ وہ نبی ﷺ کے خلاف کے چکر میں تھے، چنانچہ اس روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ ایک بار ابو جہل نے کہا:

"برادرانِ قریش! آپ دیکھتے ہیں کہ محمد ﷺ ہمارے دین کی عیب چینی ہمارے آباء و اجداد کی بدگوئی، ہماری عقلوں کی تخفیف اور ہمارے معبودوں کی تذلیل سے باز نہیں آتا۔ اس لیے میں اللہ سے عہد کر رہا ہوں کہ ایک بہت بھاری اور بمشکل اُٹھنے والا پتّھر لے کر بیٹھوں گا اور جب وہ سجدہ کرے گا تو اسی پتّھر سے اس کا سر کچل دوں گا۔ اب اس کے بعد چاہے تم لوگ مجھ کو بے یار و مددگار چھوڑ دو، چاہے میری حفاظت کرو۔ اور بنو عبد مناف بھی اس کے بعد جو جی چاہے کریں"۔ لوگوں نے کہا: "نہیں واللہ ہم تمہیں کبھی کسی معاملے میں بے یار و مددگار نہیں چھوڑ سکتے۔ تم جو کرنا چاہتے ہو کر گزرو"۔

صبح ہوئی تو ابو جہل ویسا ہی ایک پتّھر لے کر رسول اللہ ﷺ کے انتظار میں بیٹھ گیا۔ رسول اللہ ﷺ حسبِ دستور تشریف لائے اور کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے۔ قریش بھی اپنی اپنی مجلسوں میں آچکے تھے۔ اور ابو جہل کی کارروائی دیکھنے کے منتظر تھے۔ جب رسول اللہ ﷺ سجدے میں تشریف لے گئے تو ابو جہل نے پتّھر اٹھایا۔ پھر آپ ؐ کی جانب بڑھا۔ لیکن جب قریب پہنچا تو شکست خوردہ حالت میں واپس بھاگا۔ اس کا رنگ فق تھا اور وہ اس قدر مرعوب تھا کہ اس کے دونوں ہاتھ پتّھر پر چپک کر رہ گئے تھے۔ وہ بمشکل ہاتھ سے پتّھر پھینک سکا۔ ادھر قریش کے کچھ لوگ اُٹھ کر اس کے پاس آئے اور کہنے لگے: "ابو الحکم! تمہیں کیا ہو گیا ہے؟"۔ اس نے کہا: "میں نے رات جو بات کہی تھی وہی کرنے جا رہا تھا لیکن جب اس کے قریب پہنچا تو ایک اونٹ آڑے آ گیا۔ بخدا میں نے کبھی کسی اونٹ کی ویسی کھوپڑی ویسی گردن اور ویسے دانت دیکھے ہی نہیں۔ وہ مجھے کھا جانا چاہتا تھا"۔

ابنِ اسحاق کہتے ہیں: "مجھے بتایا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "یہ جبریل علیہ السلام تھے۔ اگر ابو جہل قریب آتا تو اسے دھر پکڑتے"۔ ۵۷

اس کے بعد ابو جہل نے رسول اللہ ﷺ کے خلاف ایک ایسی حرکت کی جو حضرت

---

۵۷ ابنِ ہشام ۱/ ۲۹۸، ۲۹۹

حمزہ رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا سبب بن گئی۔ تفصیل آ رہی ہے۔

جہاں تک قریش کے دوسرے بد معاشوں کا تعلق ہے تو ان کے دلوں میں بھی نبی ﷺ کے خاتمے کا خیال برابر پک رہا تھا، چنانچہ حضرت عبد اللہ بن عمرو بن عاصؓ سے ابن اسحاق نے ان کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ ایک بار مشرکین حطیم میں جمع تھے۔ میں بھی موجود تھا۔ مشرکین نے رسول اللہ ﷺ کا ذکر چھیڑا اور کہنے لگے "اس شخص کے معاملے میں ہم نے جیسا صبر کیا ہے اس کی مثال نہیں۔ درحقیقت ہم نے اس کے معاملے میں بہت ہی بڑی بات پر صبر کیا ہے"۔ یہ گفتگو چل ہی رہی تھی کہ رسول اللہ ﷺ نمودار ہو گئے۔ آپؐ نے تشریف لا کر پہلے حجر اسود کو چوما پھر طواف کرتے ہوئے مشرکین کے پاس سے گذرے۔ انہوں نے کچھ کہہ کر طعنہ زنی کی جس کا اثر میں نے آپؐ کے چہرے پر دیکھا۔ اس کے بعد جب دوبارہ آپؐ کا گذر ہوا تو مشرکین نے پھر اسی طرح کی لعن طعن کی۔ میں نے اس کا بھی اثر آپؐ کے چہرے پر دیکھا۔ اس کے بعد آپؐ سہ بارہ گذرے تو مشرکین نے پھر آپؐ پر لعن طعن کی۔ اب کی بار آپؐ ٹھہر گئے اور فرمایا:

"قریش کے لوگو! سُن رہے ہو؟ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! میں تمہارے پاس (تمہارے) قتل و ذبح (کا حکم) لے کر آیا ہوں"۔

آپؐ کے اس ارشاد نے لوگوں کو پکڑ لیا۔ (ان پر ایسا سکتہ طاری ہوا کہ) گویا ہر آدمی کے سر پر چڑیا ہے، یہاں تک کہ جو آپؐ پر سب سے زیادہ سخت تھا وہ بھی بہتر سے بہتر لفظ جو پا سکتا تھا اس کے ذریعے آپؐ سے طلب گارِ رحمت ہوتے ہوئے کہنے لگا کہ "ابو القاسم! واپس جائیے۔ خدا کی قسم! آپؐ کبھی بھی نادان نہ تھے"۔

دوسرے دن قریش پھر اسی طرح جمع ہو کر آپؐ کا ذکر کر رہے تھے کہ آپؐ نمودار ہوئے۔ دیکھتے ہی سب (یکجان ہو کر) ایک آدمی کی طرح آپؐ پر پل پڑے اور آپؐ کو گھیر لیا۔ پھر میں نے ایک آدمی کو دیکھا کہ اس نے گلے کے پاس سے آپؐ کی چادر پکڑ لی۔ (اور بَل دینے لگا۔) ابو بکرؓ آپؐ کے بچاؤ میں لگ گئے۔ وہ روتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے:

"اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ؟ کیا تم لوگ ایک آدمی کو اس لیے قتل کر رہے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے؟" اس کے بعد وہ لوگ آپؐ کو چھوڑ کر پلٹ گئے۔ عبد اللہ

بن عمرو بن عاص رضؓ کہتے ہیں کہ یہ سب سے سخت ترین ایذا رسانی تھی جو میں نے قریش کو کبھی کرتے ہوئے دیکھی۔[58] انتہی ملخصاً

صحیح بخاری میں حضرت عُروہ بن زُبیرؓ رضی اللہ عنہ سے ان کا بیان مروی ہے کہ میں نے عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے سوال کیا کہ مشرکین نے نبی ﷺ کے ساتھ جو سب سے سخت ترین بدسلوکی کی تھی آپ مجھے اس کی تفصیل بتایئے؟ ــــ انہوں نے کہا کہ نبی ﷺ خانہ کعبہ کے پاس حطیم میں نماز پڑھ رہے تھے کہ عُقبہ بن ابی مُعیط آ گیا۔ اُس نے آتے ہی اپنا کپڑا آپؐ کی گردن میں ڈال کر نہایت سختی کے ساتھ آپؐ کا گلا گھونٹا۔ اتنے میں ابوبکرؓ آ پہنچے۔ اور انہوں نے اس کے دونوں کندھے پکڑ کر دھکا دیا اور اسے نبی ﷺ سے دُور کرتے ہوئے فرمایا "اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ ؟ تم لوگ ایک آدمی کو اس لیے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے!"[59]

حضرت اسماءؓ کی روایت میں مزید تفصیل ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کے پاس یہ چیخ پہنچی کہ اپنے ساتھی کو بچاؤ۔ وہ جھٹ ہمارے پاس سے نکلے۔ ان کے سر پر چار چوٹیاں تھیں۔ وہ یہ کہتے ہوئے گئے کہ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ ؟ تم لوگ ایک آدمی کو محض اس لیے قتل کرنا چاہتے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے۔ مشرکین نبی ﷺ کو چھوڑ کر ابوبکرؓ پر پل پڑے۔ وہ واپس آئے تو حالت یہ تھی کہ ہم ان کی چوٹیوں کا جو بال بھی چھوتے تھے، وہ ہماری (چٹکی) کے ساتھ چلا آتا تھا۔[60]

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام

مکّہ کی فضا ظلم و جور کے ان سیاہ بادلوں سے گھمبیر تھی کہ اچانک ایک بجلی چمکی اور مقہوروں کا راستہ روشن ہو گیا، یعنی حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ مسلمان ہو گئے۔ ان کے اسلام لانے کا واقعہ ۶ سنہ نبوی کے اخیر کا ہے اور اغلب یہ ہے کہ وہ ماہ ذی الحجہ میں مسلمان ہوئے تھے

ان کے اسلام لانے کا سبب یہ ہے کہ ایک روز ابو جہل کوہِ صفا کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گذرا تو آپؐ کو ایذا پہنچائی اور سخت سُست کہا۔ رسول اللہ ﷺ

---

[58] ابنِ ہشام ۱/ ۲۸۹، ۲۹۰ [59] صحیح بخاری باب ذکر مالقی النبی ﷺ من المشرکین بمکۃ ۱/۵۴۴ [60] مختصر السیرہ شیخ عبد اللہ ص ۱۱۳

خاموش رہے، اور کچھ بھی نہ کہا لیکن اس کے بعد اس نے آپؐ کے سر پر ایک پتھر دے مارا، جس سے ایسی چوٹ آئی کہ خون بہ نکلا۔ پھر وہ خانۂ کعبہ کے پاس قریش کی مجلس میں جا بیٹھا۔ عبداللہ بن جُدعان کی ایک لونڈی کوہِ صفا پر واقع اپنے مکان سے یہ سارا منظر دیکھ رہی تھی۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کمان حمائل کئے شکار سے واپس تشریف لائے تو اس نے ان سے ابوجہل کی ساری حرکت کہہ سنائی۔ حضرت حمزہؓ غصّے سے بھڑک اُٹھے — یہ قریش کے سب سے طاقتور اور مضبوط جوان تھے۔ ماجرا سن کر کہیں ایک لمحہ رُکے بغیر دوڑتے ہوتے اور یہ تہیہ کئے ہوئے آئے کہ جُوں ہی ابوجہل کا سامنا ہوگا، اس کی مرمّت کر دیں گے۔ چنانچہ مسجد حرام میں داخل ہو کر سیدھے اس کے سر پر جا کھڑے ہوئے اور بولے: "او سرین پر خوشبو لگانے والے بُزدل! تو میرے بھتیجے کو گالی دیتا ہے حالانکہ مَیں بھی اسی کے دین پر ہوں"۔ اس کے بعد کمان سے اس زور کی مار ماری کہ اس کے سر پر بد ترین قسم کا زخم آ گیا۔ اس پر ابوجہل کے قبیلے بنو مخزوم اور حضرت حمزہؓ کے قبیلے بنو ہاشم کے لوگ ایک دوسرے کے خلاف بھڑک اُٹھے۔ لیکن ابوجہل نے یہ کہہ کر انہیں خاموش کر دیا کہ ابو عمارہ کو جانے دو۔ مَیں نے واقعی اس کے بھتیجے کو بہت بُری گالی دی تھی۔[۶۱]

ابتداءً حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا اسلام محض اس حمیت کے طور پر تھا کہ ان کے عزیز کی توہین کیوں کی گئی۔ لیکن پھر اللہ نے ان کا سینہ کھول دیا۔ اور انہوں نے اسلام کا کڑا مضبوطی سے تھام لیا[۶۲] اور مسلمانوں نے ان کی وجہ سے بڑی عزّت و قوت محسوس کی۔

حضرت عمرؓ کا قبولِ اسلام

ظلم وطغیان کے سیاہ بادلوں کی اسی گھمبیر فضا میں ایک اور برقِ تاباں کا جلوہ نمودار ہوا جس کی چمک پہلے سے زیادہ خیرہ کن تھی، یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسلمان ہو گئے۔ ان کے اسلام لانے کا واقعہ ۶ نبوی کا ہے۔[۶۳] وہ حضرت حمزہؓ کے صرف تین دن بعد مسلمان ہوئے تھے اور نبی ﷺ نے ان کے اسلام لانے کے لیے دُعا کی تھی۔ چنانچہ امام ترمذیؒ نے ابنِ عمر سے روایت کی ہے اور اسے صحیح بھی قرار دیا ہے۔ اسی طرح طبرانی نے حضرت ابنِ مسعودؓ

---

[۶۱] مختصر السیرہ شیخ محمد بن عبدالوہابؒ ص ۶۶ رحمۃ للعالمین ۱/۶۸، ابن ہشام ۱/۲۹۱، ۲۹۲

[۶۲] اس کا اندازہ مختصر السیرہ شیخ عبداللہ میں مذکور ایک روایت سے ہوتا ہے۔ دیکھئے ص ۱۰۱

[۶۳] تاریخ عمرؓ بن الخطاب لابن جوزی ص ۱۱

اور حضرت انس رضؓ سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اَعِزَّ الْاِسْلَامَ بِاَحَبِّ الرَّجُلَیْنِ اِلَیْکَ بعمر بن الخطاب اَوْ بِاَبِیْ جہل بن ہشام۔

"اے اللہ! عمر بن خطاب اور ابوجہل بن ہشام میں سے جو شخص تیرے نزدیک زیادہ محبوب ہے اس کے ذریعے سے اسلام کو قوت پہنچا۔"

اللہ نے یہ دعا قبول فرمائی اور حضرت عمر رضؓ مسلمان ہوگئے۔ اللہ کے نزدیک ان دونوں میں زیادہ محبوب حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے۔[۶۴]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے متعلق جملہ روایات پر مجموعی نظر ڈالنے سے واضح ہوتا ہے کہ ان کے دل میں اسلام رفتہ رفتہ جاگزیں ہُوا۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان روایات کا خلاصہ پیش کرنے سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مزاج اور جذبات و احساسات کی طرف بھی مختصراً اشارہ کر دیا جائے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی تند مزاجی اور سخت خُوئی کے لیے مشہور تھے۔ مسلمانوں نے طویل عرصے تک ان کے ہاتھوں طرح طرح کی سختیاں جھیلی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان میں متضاد قسم کے جذبات باہم دست و گریباں تھے، چنانچہ ایک طرف تو وہ آباء واجداد کی ایجاد کردہ رسموں کا بڑا احترام کرتے تھے اور بلا نوشی اور لہو ولعب کے دلدادہ تھے لیکن دوسری طرف وہ ایمان وعقیدے کی راہ میں مسلمانوں کی پختگی اور مصائب کے سلسلے میں ان کی قوتِ برداشت کو خوشگوار حیرت و پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ پھر ان کے اندر کسی بھی عقلمند آدمی کی طرح شکوک و شبہات کا ایک سلسلہ تھا جو رہ رہ کر ابھرا کرتا تھا کہ اسلام جس بات کی دعوت دے رہا ہے غالباً وہی زیادہ برتر اور پاکیزہ ہے۔ اسی لیے ان کی کیفیت دم میں ماشہ دم میں تولہ کی سی تھی کہ ابھی بھڑکے اور ابھی ڈھیلے پڑ گئے۔[۶۵]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے متعلق تمام روایات کا خلاصہ مع جمع و تطبیق ـــــ یہ ہے کہ ایک دفعہ انہیں گھر سے باہر رات گذارنی پڑی۔ وہ حرم تشریف لائے اور خانۂ کعبہ کے پردے میں گھس گئے۔ اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔ اور سورہ

---

۶۴ ترمذی ابواب المناقب، مناقب ابی حفص عمر بن الخطاب ۲/۲۰۹

۶۵ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حالات کا یہ تجزیہ شیخ محمد غزالی نے کیا ہے۔ فقہ السیرہ ص ۹۲، ۹۳

الحاقہ کی تلاوت فرمارہے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ قرآن سننے لگے اور اس کی تالیف پر حیرت زدہ رہ گئے۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے اپنے جی میں کہا: "خدا کی قسم یہ تو شاعر ہے جیسا کہ قریش کہتے ہیں"۔ لیکن اتنے میں آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تُؤْمِنُونَ ۝ (۴۱/۴۰:۶۹)

"یہ ایک بزرگ رسول کا قول ہے۔ یہ کسی شاعر کا قول نہیں ہے۔ تم لوگ کم ہی ایمان لاتے ہو۔"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے ـــــ اپنے جی میں ـــ کہا: (واہ ہو) "یہ تو کاہن ہے"۔ لیکن اتنے میں آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ۚ قَلِيلًا مَّا تَذَكَّرُونَ ۝ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝ (۴۳/۴۲:۶۹)
(إِلَىٰ آخِرِ السُّورَةِ)

"یہ کسی کاہن کا قول بھی نہیں۔ تم لوگ کم ہی نصیحت قبول کرتے ہو۔ یہ اللہ رب العالمین کی طرف سے نازل کیا گیا ہے۔"

(اخیر سورۃ تک)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس وقت میرے دل میں اسلام جاگزیں ہو گیا۔[۶۶]

یہ پہلا موقع تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دل میں اسلام کا بیج پڑا، لیکن ابھی ان کے اندر جاہلی جذبات، تقلیدی عصبیت اور آباء و اجداد کے دین کی عظمت کے احساس کا چھلکا اتنا مضبوط تھا کہ نہاں خانۂ دل کے اندر مچلنے والی حقیقت کے مغز پر غالب رہا، اس لیے وہ اس چھلکے کی تہ میں چھپے ہوئے شعور کی پروا کیے بغیر اپنے اسلام دشمن عمل میں سرگرداں رہے۔

ان کی طبیعت کی سختی اور رسول اللہ ﷺ سے فرطِ عداوت کا یہ حال تھا کہ ایک روز خود جناب محمد رسول اللہ ﷺ کا کام تمام کرنے کی نیت سے تلوار لے کر نکل پڑے

---

[۶۶] تاریخ عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی ص ۶۔ ابن اسحاق نے عطاء اور مجاہد سے بھی تقریباً یہی بات نقل کی ہے البتہ اس کا آخری ٹکڑا اس سے مختلف ہے۔ دیکھئے سیرۃ ابن ہشام ۱/۳۴۶، ۳۴۸۔ اور خود ابن جوزی نے بھی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اسی کے قریب قریب روایت نقل کی ہے لیکن اس کا آخری حصّہ بھی اس روایت سے مختلف ہے۔ دیکھئے تاریخ عمرؓ بن الخطاب ص ۹ - ۱۰

لیکن ابھی راستے ہی میں تھے کہ نعیم بن عبداللہ النحام عدوی[67] سے یا بنی زہرہ[68] یا بنی مخزوم[69] کے کسی آدمی سے ملاقات ہوگئی۔ اُس نے تیور دیکھ کر پوچھا: "عمر! کہاں کا ارادہ ہے؟" انہوں نے کہا: "محمد ﷺ کو قتل کرنے جا رہا ہوں"۔ اس نے کہا: "محمد ﷺ کو قتل کر کے بنو ہاشم اور بنو زہرہ سے کیسے بچ سکو گے؟" حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: "معلوم ہوتا ہے تم بھی اپنا پچھلا دین چھوڑ کر بے دین ہو چکے ہو"۔ اس نے کہا: "عمرؓ! ایک عجیب بات نہ بتا دوں! تمہاری بہن اور بہنوئی بھی تمہارا دین چھوڑ کر بے دین ہو چکے ہیں"۔ یہ سُن کر عمر غصے سے بے قابو ہو گئے اور سیدھے بہن بہنوئی کا رُخ کیا۔ وہاں انہیں حضرت خبابؓ بن ارتؓ سورہ طٰہٰ پر مشتمل ایک صحیفہ پڑھا رہے تھے اور قرآن پڑھانے کے لیے وہاں آنا جانا حضرت خبابؓ کا معمول تھا۔ جب حضرت خبابؓ نے حضرت عمرؓ کی آہٹ سنی تو گھر کے اندر چھپ گئے۔ ادھر حضرت عمرؓ کی بہن فاطمہؓ نے صحیفہ چھپا دیا؛ لیکن حضرت عمرؓ گھر کے قریب پہنچ کر حضرت خبابؓ کی قراءت سن چکے تھے؛ چنانچہ پوچھا کہ یہ کیسی دھیمی دھیمی سی آواز تھی جو تم لوگوں کے پاس میں نے سنی تھی؟ انہوں نے کہا: "کچھ بھی نہیں۔ بس ہم آپس میں باتیں کر رہے تھے"۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: "غالباً تم دونوں بے دین ہو چکے ہو؟" بہنوئی نے کہا: "اچھا عمر! یہ بتاؤ اگر حق تمہارے دین کے بجائے کسی اور دین میں ہو تو؟" حضرت عمرؓ کا اتنا سننا تھا کہ اپنے بہنوئی پر چڑھ بیٹھے اور اُنہیں بُری طرح کچل دیا۔ ان کی بہن نے لپک کر انہیں اپنے شوہر سے الگ کیا تو بہن کو ایسا چانٹا مارا کہ چہرہ خون آلود ہو گیا۔ ابنِ اسحاق کی روایت ہے کہ ان کے سر میں چوٹ آئی۔ بہن نے جوشِ غضب میں کہا: "عمر! اگر تیرے دین کے بجائے دوسرا ہی دین برحق ہو تو؟ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ مَیں شہادت دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں اور مَیں شہادت دیتی ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں"۔ یہ سُن کر حضرت عمرؓ پر مایوسی کے بادل چھا گئے اور انہیں اپنی بہن کے چہرے پر خون دیکھ کر شرم و ندامت بھی محسوس ہوئی۔ کہنے لگے: "اچھا یہ کتاب جو تمہارے پاس ہے ذرا مجھے بھی پڑھنے کو دو"۔

---

[67] یہ ابنِ اسحاق کی روایت ہے۔ دیکھئے ابنِ ہشام ۱/۳۴۴

[68] یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ دیکھئے تاریخ عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی، ص ۱۰۔ و مختصر السیرۃ از شیخ عبداللہ ص ۱۰۳

[69] یہ ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ دیکھئے مختصر السیرۃ ایضاً ص ۱۰۲

بہن نے کہا "تم ناپاک ہو۔ اس کتاب کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں۔ اٹھو غسل کرو"۔ حضرت عمرؓ نے اٹھ کر غسل کیا۔ پھر کتاب لی اور بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ پڑھی۔ کہنے لگے: "یہ تو بڑے پاکیزہ نام ہیں"۔ اس کے بعد طٰہٰ سے اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ○ (۲۰:۱-۱۴) تک قراءت کی۔ کہنے لگے "یہ تو بڑا عمدہ اور بڑا محترم کلام ہے۔ مجھے محمد ﷺ کا پتا بتاؤ!"

حضرت خبابؓ حضرت عمرؓ کے یہ فقرے سن کر اندر سے باہر آگئے۔ کہنے لگے "عمر خوش ہو جاؤ۔ مجھے امید ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جمعرات کی رات تمہارے متعلق جو دعا کی تھی (کہ اے اللہ! عمرؓ بن خطاب یا ابوجہل بن ہشام کے ذریعے اسلام کو قوت پہنچا) یہ وہی ہے۔ اور اس وقت رسول اللہ ﷺ کوہ صفا کے پاس والے مکان میں تشریف فرما ہیں۔"

یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی تلوار حمائل کی اور اس گھر کے پاس آکر دروازے پر دستک دی۔ ایک آدمی نے اُٹھ کر دروازے کی دراز سے جھانکا تو دیکھا کہ عمر تلوار حمائل کئے موجود ہیں۔ لپک کر رسول اللہ ﷺ کو اطلاع دی اور سارے لوگ سمٹ کر یکجا ہو گئے۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا "کیا بات ہے"؟ لوگوں نے کہا "عمرؓ ہیں"۔ حضرت حمزہؓ نے کہا: "بس! عمرؓ ہے دروازہ کھول دو۔ اگر وہ خیر کی نیت سے آیا ہے تو اسے ہم خیر عطا کریں گے اور اگر کوئی بُرا ارادہ لے کر آیا ہے تو ہم اسی کی تلوار سے اُس کا کام تمام کر دیں گے"۔ ادھر رسول اللہ ﷺ اندر تشریف فرما تھے۔ آپؐ پر وحی نازل ہو رہی تھی۔ وحی نازل ہو چکی تو حضرت عمرؓ کے پاس تشریف لائے۔ بیٹھک میں ان سے ملاقات ہوئی۔ آپؐ نے انکے کپڑے اور تلوار کا پرتلا سمیٹ کر پکڑا اور سختی سے جھٹکتے ہوئے فرمایا: "عمر! کیا تم اس وقت تک باز نہیں آؤ گے جب تک کہ اللہ تعالیٰ تم پر بھی ویسی ہی ذلّت و رسوائی اور عبرتناک سزا نازل نہ فرما دے جیسی ولید بن مغیرہ پر نازل ہو چکی ہے؟ یا اللہ! یہ عمر بن خطاب ہے۔ یا اللہ! اسلام کو عمر بن خطاب کے ذریعے قوت و عزّت عطا فرما"۔ آپؐ کے اس ارشاد کے بعد حضرت عمرؓ نے حلقہ بگوش اسلام ہوتے ہوئے کہا:

أشهد أن لآ إله الا الله و إنك رسول الله۔

"مَیں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں اور یقیناً آپؐ اللہ کے رسُول ہیں"۔

یہ سُن کر گھر کے اندر موجود صحابہؓ نے اس زور سے تکبیر کہی کہ مسجد حرام والوں

سنائی پڑی[۷۰] معلوم ہے کہ حضرت عمرؓ کی زور آوری کا حال یہ تھا کہ کوئی اُن سے مقابلے کی جرأت نہ کرتا تھا اس لیے ان کے مسلمان ہو جانے سے مُشرکین میں کہرام مچ گیا اور انہیں بڑی ذلّت و رسوائی محسوس ہوئی۔ دوسری طرف ان کے اسلام لانے سے مسلمانوں کو بڑی عزّت و قوت، شرف و اعزاز اور مسرّت و شادمانی حاصل ہوئی چنانچہ ابنِ اسحاق نے اپنی سند سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بیان روایت کیا ہے کہ جب مَیں مسلمان ہُوا تو میں نے سوچا کہ مکّے کا کون شخص رسول اللہ ﷺ کا سب سے بڑا اور سخت ترین دشمن ہے؟ پھر مَیں نے جی ہی جی میں کہا' یہ ابوجہل ہے۔ اس کے بعد میں نے اس کے گھر جا کر اس کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ وہ باہر آیا اور دیکھ کر بولا: اھلاً و سھلاً (خوش آمدید، خوش آمدید) کیسے آنا ہُوا؟ مَیں نے کہا: "تمہیں یہ بتانے آیا ہوں کہ مَیں اللہ اور اُس کے رسول محمد ﷺ پر ایمان لا چکا ہوں اور جو کچھ وہ لے کر آئے ہیں اس کی تصدیق کر چکا ہوں"۔ حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ (یہ سنتے ہی) اس نے میرے رُخ پر دروازہ بند کر لیا اور بولا: "اللہ تیرا بُرا کرے اور جو کچھ تو لے کر آیا ہے اس کا بھی بُرا کرے"۔[۷۱]

امام ابنِ جوزی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ جب کوئی شخص مسلمان ہو جاتا تو لوگ اس کے پیچھے پڑ جاتے۔ اسے زدوکوب کرتے۔ اور وہ بھی انہیں مارتا، اس لیے جب مَیں مسلمان ہُوا تو اپنے ماموں عاصی بن ہاشم کے پاس گیا اور اُسے خبر دی۔ وہ گھر کے اندر گھس گیا۔ پھر قریش کے ایک بڑے آدمی کے پاس گیا۔ شاید ابوجہل کی طرف اشارہ ہے ––– اور اسے خبر دی وہ بھی گھر کے اندر گھس گیا۔[۷۲]

ابنِ ہشام اور ابنِ جوزی کا بیان ہے کہ جب حضرت عمرؓ مسلمان ہوئے تو جمیل بن معمر جمحی کے پاس گئے۔ یہ شخص کسی بات کا ڈھول پیٹنے میں پورے قریش کے اندر سب سے زیادہ ممتاز تھا۔ حضرت عمرؓ نے اسے بتایا کہ وہ مسلمان ہو گئے ہیں۔ اس نے سنتے ہی نہایت بلند آواز سے چیخ کر کہا کہ خطاب کا بیٹا بے دین ہو گیا ہے۔ حضرت عمرؓ اس کے پیچھے ہی تھے۔ بولے: "یہ جھوٹ کہتا ہے۔ مَیں مسلمان ہو گیا ہوں"۔ بہرحال لوگ حضرت عمرؓ پر ٹوٹ پڑے اور مار پیٹ شروع ہو گئی۔ لوگ حضرت عمرؓ کو مار رہے تھے اور حضرت عمرؓ لوگوں کو مار رہے تھے یہاں تک کہ سورج

---

[۷۰] تاریخ عمر بن الخطاب ص ۷، ۱۰، ۱۱، مختصر السیرۃ شیخ عبداللہ ص ۱۰۲، ۱۰۳، سیرت ابن ہشام ۱/ ۳۴۳ تا ۳۴۶

[۷۱] ابنِ ہشام ۱/ ۳۴۹، ۳۵۰ [۷۲] تاریخ عمرؓ بن الخطاب ص ۸

سر پہ آ گیا اور حضرت عمرؓ تھک کر بیٹھ گئے۔ لوگ سر پہ سوار تھے۔ حضرت عمرؓ نے کہا جو بن پڑے کر لو۔ خدا کی قسم اگر ہم لوگ تین سو کی تعداد میں ہوتے تو پھر تمکتے میں یا تم ہی رہتے یا ہم ہی رہتے۔ [۵۳]

اس کے بعد مشرکین نے اس ارادے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر پر ہلّہ بول دیا کہ انہیں جان سے مار ڈالیں؛ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمرؓ خوف کی حالت میں گھر کے اندر تھے کہ اس دوران ابو عمرو عاص بن وائل سہمی آ گیا۔ وہ دھاری دار یمنی چادر کا جوڑا اور ریشمی گوٹے سے آراستہ کرتا زیب تن کئے ہوئے تھا۔ اس کا تعلق قبیلہ سہم سے تھا اور یہ قبیلہ جاہلیت میں ہمارا حلیف تھا۔ اس نے پوچھا کیا بات ہے؟ حضرت عمرؓ نے کہا میں مسلمان ہو گیا ہوں، اس لیے آپ کی قوم مجھے قتل کرنا چاہتی ہے۔ عاص نے کہا: "یہ ممکن نہیں"۔ عاص کی یہ بات سن کر مجھے اطمینان ہو گیا۔ اس کے بعد عاص وہاں سے نکلا اور لوگوں سے ملا۔ اس وقت حالت یہ تھی کہ لوگوں کی بھیڑ سے وادی کھچا کھچ بھری ہوئی تھی۔ عاص نے پوچھا۔ "کہاں کا ارادہ ہے؟" لوگوں نے کہا "یہی خطاب کا بیٹا مطلوب ہے جو بے دین ہو گیا ہے"۔ عاص نے کہا: "اس کی طرف کوئی راہ نہیں"۔ یہ سنتے ہی لوگ واپس چلے گئے۔ [۵۴] ابنِ اسحاق کی ایک روایت میں ہے کہ واللہ ایسا لگتا تھا گویا وہ لوگ ایک کپڑا تھے جسے اس کے اوپر سے جھٹک کر پھینک دیا گیا۔ [۵۵]

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے پر یہ کیفیت تو مشرکین کی ہوئی تھی۔ باقی رہے مسلمان تو ان کے احوال کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ مجاہد نے ابنِ عباسؓ سے روایت کیا ہے کہ میں نے عمرؓ بن الخطاب سے دریافت کیا کہ کس وجہ سے آپ کا لقب فاروق پڑا؟ تو انہوں نے کہا؛ مجھ سے تین دن پہلے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ مسلمان ہوئے۔ پھر حضرت عمرؓ نے ان کے اسلام لانے کا واقعہ بیان کر کے اخیر میں کہا کہ پھر جب میں مسلمان ہوا تو ——— میں نے کہا: اے اللہ کے رسول ؐ! کیا ہم حق پر نہیں ہیں خواہ زندہ رہیں خواہ مریں؟ آپؐ نے فرمایا کیوں نہیں۔ اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے تم لوگ حق پر ہو خواہ زندہ رہو خواہ موت سے دوچار ہو ———

---

[۵۳] ایضاً ص ۸۔ ابنِ ہشام ۱/۳۴۸، ۳۴۹

[۵۴] صحیح بخاری باب اسلام عمرؓ بن الخطاب ۱/۵۴۵ [۵۵] ابنِ ہشام ۱/۳۴۹

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ تب میں نے کہا کہ پھر چھپنا کیسا؟ اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے ہم ضرور باہر نکلیں گے۔ چنانچہ ہم دو صفوں میں آپؐ کو ہمراہ لے کر باہر آئے۔ ایک صف میں حمزہؓ تھے اور ایک میں میں تھا۔ ہمارے چلنے سے چکی کے آٹے کی طرح ہلکا ہلکا غبار اُڑ رہا تھا، یہاں تک کہ ہم مسجد حرام میں داخل ہو گئے۔ حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ قریش نے مجھے اور حمزہؓ کو دیکھا تو ان کے دلوں پر ایسی چوٹ لگی کہ اب تک نہ لگی تھی۔ اسی دن رسول اللہ ﷺ نے میرا لقب فاروق رکھ دیا۔ [۷۶]

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ ہم خانۂ کعبہ کے پاس نماز پڑھنے پر قادر نہ تھے۔ یہاں تک کہ حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا۔ [۷۷]

حضرت صُہَیب بن سنان رُومی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مُسلمان ہوئے تو اسلام پردے سے باہر آیا۔ اس کی علانیہ دعوت دی گئی۔ ہم حلقے لگا کر بیت اللہ کے گرد بیٹھے، بیت اللہ کا طواف کیا، اور جس نے ہم پر سختی کی اس سے انتقام لیا اور اس کے بعض مظالم کا جواب دیا۔ [۷۸]

حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب سے حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا تب سے ہم برابر طاقتور اور باعزّت رہے۔ [۷۹]

قریش کا نمائندہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں

ان دونوں بطلِ جلیل یعنی حضرت حمزہ بن عبد المطّلب اور حضرت عمر بن الخطّاب رضی اللہ عنہما کے مسلمان ہو جانے کے بعد ظلم وطغیان کے بادل چھٹنا شروع ہو گئے اور مسلمانوں کو جَور وستم کا تختۂ مشق بنانے کے لیے مُشرکین پر جو بدمستی چھائی تھی اس کی جگہ سُوجھ بوجھ نے لینی شروع کی۔ چنانچہ مشرکین نے یہ کوشش کی کہ اس دعوت سے نبی ﷺ کا جو منشا اور مقصود ہو سکتا ہے اسے فراواں مقدار میں فراہم کرنے کی پیشکش کر کے آپؐ کو آپؐ کی دعوت وتبلیغ سے باز رکھنے کے لیے سودے بازی کی جائے لیکن ان غریبوں کو پتہ نہ تھا کہ وہ پوری کائنات جس پر سورج طلوع ہوتا ہے، آپ کی دعوت کے مقابل پرِ کاہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتی اس لیے انہیں اپنے اس منصوبے میں ناکام ونامراد ہونا پڑا۔

---

۷۶ تاریخ عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی ص ۶، ۷ ۷۷ مختصر السیرہ للشیخ عبد اللہ ص ۱۰۳
۷۸ تاریخ عمرؓ بن الخطاب لابن الجوزی ص ۱۳
۷۹ صحیح البخاری: باب اسلام عمرؓ بن الخطاب ۱/ ۵۴۵

ابنِ اسحاق نے یزید بن زیاد کے واسطے سے محمّد بن کعب قرظی کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ مجھے بتایا گیا کہ عُتبہ بن رَبیعہ نے جو سردارِ قوم تھا، ایک روز قریش کی محفل میں کہا —— اور اس وقت رسول اللہ ﷺ مسجدِ حرام میں ایک جگہ تن تنہا تشریف فرما تھے —— کہ قریش کے لوگو! کیوں نہ میں محمّد کے پاس جا کر ان سے گفتگو کروں، اور ان کے سامنے چند امور پیش کروں، ہوسکتا ہے وہ کوئی چیز قبول کر لیں۔ تو جو کچھ وہ قبول کر لیں گے، اسے دے کر ہم انہیں اپنے آپ سے باز رکھیں گے؟ —— یہ اس وقت کی بات ہے۔ جب حضرت حمزہ رضؓ مسلمان ہو چکے تھے اور مشرکین نے یہ دیکھ لیا تھا کہ مسلمانوں کی تعداد برابر بڑھتی ہی جا رہی ہے ——

مشرکین نے کہا ابوالولید! آپ جایئے اور ان سے بات کیجئے۔ اس کے بعد عتبہ اُٹھا اور رسول اللہ ﷺ کے پاس جا کر بیٹھ گیا۔ پھر بولا: "بھتیجے! ہماری قوم میں تمہارا جو مرتبہ ومقام ہے اور جو بلند پایہ نسب ہے وہ تمہیں معلوم ہی ہے۔ اور اب تم اپنی قوم میں ایک بڑا معاملہ لے کر آئے ہو جس کی وجہ سے تم نے ان کی جماعت میں تفرقہ ڈال دیا، ان کی عقلوں کو حماقت سے دوچار قرار دیا۔ ان کے معبودوں اور ان کے دین کی عیب چینی کی۔ اور ان کے جو آباؤ اجداد گذر چکے ہیں انہیں کافر ٹھہرایا۔ لہذا میری بات سنو! مَیں تم پر چند باتیں پیش کر رہا ہوں، ان پر غور کرو۔ ہوسکتا ہے۔ کوئی بات قبول کر لو۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ابوالولید کہو! مَیں سنوں گا۔" ابوالولید نے کہا:

"بھتیجے! یہ معاملہ جسے تم لے کر آئے ہو اگر اس سے تم یہ چاہتے ہو کہ مال حاصل کرو تو ہم تمہارے لیے اتنا مال جمع کیے دیتے ہیں کہ تم ہم میں سب سے زیادہ مالدار ہو جاؤ؛ اور اگر تم یہ چاہتے ہو کہ اعزاز و مرتبہ حاصل کرو تو ہم تمہیں اپنا سردار بنائے لیتے ہیں یہاں تک کہ تمہارے بغیر کسی معاملہ کا فیصلہ نہ کریں گے؛ اور اگر تم چاہتے ہو کہ بادشاہ بن جاؤ تو ہم تمہیں اپنا بادشاہ بنائے لیتے ہیں؛ اور اگر یہ جو تمہارے پاس آتا ہے کوئی جن بھوت ہے جسے تم دیکھتے ہو لیکن اپنے آپ سے دفع نہیں کر سکتے تو ہم تمہارے لیے اس کا علاج تلاش کیے دیتے ہیں اور اس سلسلے میں ہم اپنا اتنا مال خرچ کرنے کو تیار ہیں کہ تم شفایاب ہو جاؤ؛ کیونکہ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جن بھوت انسان پر غالب آجاتا ہے اور اس کا علاج کروانا پڑتا ہے۔"

عُتبہ یہ باتیں کہتا رہا۔ اور رسول اللہ ﷺ سُنتے رہے۔ جب فارغ ہو چکا تو آپؐ نے فرمایا: "ابوالولید تم فارغ ہو گئے؟" اُس نے کہا: "ہاں"۔ آپؐ نے فرمایا: "اچھّا اب میری سنو!" اس نے

کہا: ٹھیک ہے۔ سنوں گا۔" آپؐ نے فرمایا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ○ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ○ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ○ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ .. (۴۱ : ۱ - ۵)

"حم۔ یہ رحمٰن و رحیم کی طرف سے نازل کی ہوئی ایسی کتاب ہے جس کی آیتیں کھول کھول کر بیان کردی گئی ہیں۔ عربی قرآن ان لوگوں کیلیے جو علم رکھتے ہیں۔ بشارت دینے والا اور ڈرانے والا ہے۔ لیکن اکثر لوگوں نے اعراض کیا اور وہ سنتے نہیں۔ کہتے ہیں کہ جس چیز کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس کیلیے ہمارے دلوں پر پردہ پڑا ہُوا ہے۔ الخ"

رسول اللہ ﷺ آگے پڑھتے جارہے تھے۔ اور عتبہ اپنے دونوں ہاتھ پیچھے زمین پر ٹیکے چُپ چاپ سُنتا جارہا تھا۔ جب آپؐ سجدے کی آیت پر پہنچے تو آپؐ نے سجدہ کیا پھر فرمایا: "ابو الولید! تمہیں جو کچھ سُننا تھا سن چکے اب تم جانو اور تمہارا کام جانے۔"

عُتبہ اٹھا اور سیدھا اپنے ساتھیوں کے پاس آیا۔ اُسے آتا دیکھ کر مشرکین نے آپس میں ایک دوسرے سے کہا: "خدا کی قسم! ابو الولید تمہارے پاس وہ چہرہ لے کر نہیں آرہا ہے جو چہرہ لے کر گیا تھا۔" پھر جب ابو الولید آکر بیٹھ گیا تو لوگوں نے پوچھا: "ابو الولید! پیچھے کی کیا خبر ہے؟" اس نے کہا: "پیچھے کی خبر یہ ہے کہ مَیں نے ایک ایسا کلام سنا ہے کہ ویسا کلام واللہ میں نے کبھی نہیں سُنا۔ خدا کی قسم وہ نہ شعر ہے نہ جادو، نہ کہانت، قریش کے لوگو! میری بات مانو اور اس معاملے کو مجھ پر چھوڑ دو۔ (میری رائے یہ ہے کہ) اس شخص کو اس کے حال پر چھوڑ کر الگ تھلگ بیٹھ رہو۔ خدا کی قسم مَیں نے اس کا جو قول سُنا ہے اس سے کوئی زبردست واقعہ رُونما ہو کر رہے گا۔ پھر اگر اس شخص کو عرب نے مار ڈالا تو تمہارا کام دوسروں کے ذریعے انجام پا جائے گا۔ اور اگر یہ شخص عرب پر غالب آگیا تو اس کی بادشاہت تمہاری بادشاہت اور اس کی عزت تمہاری عزت ہوگی؛ اور اس کا وجود سب سے بڑھ کر تمہارے لیے سعادت کا باعث ہوگا۔" لوگوں نے کہا: "ابو الولید! خدا کی قسم تم پر بھی اس کی زبان کا جادو چل گیا۔" عُتبہ نے کہا: "اس شخص کے بارے میں میری رائے یہی ہے اب تمہیں جو ٹھیک معلوم ہو کرو۔"[۸۰]

---

[۸۰] ابنِ ہشام ۱/۲۹۳، ۲۹۴

ایک دوسری روایت میں یہ مذکور ہے کہ نبی ﷺ نے جب تلاوت شروع کی تو عتبہ چپ چاپ سنتا رہا، جب آپ اللہ تعالیٰ کے اس قول پر پہنچے:

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ ۝ (۱۳:۴۱)

پس اگر وہ روگردانی کریں تو تم کہدو کہ میں تمہیں عاد و ثمود کی کڑک جیسی ایک کڑک کے خطرے سے آگاہ کر رہا ہوں۔

تو عتبہ تھرّا کر کھڑا ہو گیا اور یہ کہتے ہوئے اپنا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے منہ پر رکھ دیا کہ میں آپ کو اللہ کا اور قرابت کا واسطہ دیتا ہوں (کہ ایسا نہ کریں) اسے خطرہ تھا کہ کہیں یہ ڈراوا آن نہ پڑے۔ اس کے بعد وہ قوم کے پاس گیا اور مذکورہ گفتگو ہوئی۔[۸۱]

ابو طالب بنی ہاشم اور بنی مُطَّلِب کو جمع کرتے ہیں

حالات کی رفتار بدل چکی تھی۔ گرد و پیش کے ماحول میں فرق آچکا تھا، لیکن ابو طالب کے اندیشے برقرار تھے۔ انہیں مشرکین کی طرف سے اپنے بھتیجے کے متعلق برابر خطرہ محسوس ہو رہا تھا۔ وہ پچھلے واقعات پر برابر غور کر رہے تھے۔ مشرکین نے انہیں مقابلہ آرائی کی دھمکی دی تھی۔ پھر ان کے بھتیجے کو عمارہ بن ولید کے عوض حاصل کر کے قتل کرنے کے لیے سودے بازی کی کوشش کی تھی۔ ابو جہل ایک بھاری پتھر لے کر ان کے بھتیجے کا سر کچلنے اٹھا تھا۔ عُقبہ بن ابی مُعیط نے چادر لپیٹ کر گلا گھونٹنے اور مار ڈالنے کی کوشش کی تھی۔ خطاب کا بیٹا تلوار لے کر ان کا کام تمام کرنے نکلا تھا۔ ابو طالب ان واقعات پہ غور کرتے تو انہیں ایک ایسے سنگین خطرے کی بُو محسوس ہوتی جس سے ان کا دل کانپ اٹھتا۔ انہیں یقین ہو چکا تھا کہ مشرکین ان کا عہد توڑتے اور ان کے بھتیجے کو قتل کرنے کا تہیہ کر چکے ہیں۔ اور ان حالات میں خدانخواستہ اگر کوئی مشرک اچانک آپ پر ٹوٹ پڑا تو حمزہؓ یا عمرؓ یا اور کوئی شخص کیا کام دے سکے گا۔

ابو طالب کے نزدیک یہ بات یقینی تھی اور بہرحال صحیح بھی تھی۔ کیونکہ مشرکین اعلانیہ رسول اللہ ﷺ کے قتل کا فیصلہ کر چکے تھے اور ان کے اسی فیصلے کی طرف اللہ تعالیٰ کے اس قول میں اشارہ ہے:

---

[۸۱] تفسیر ابن کثیر ۶/ ۱۵۹، ۱۶۰، ۱۶۱

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ○ (۴۳:۷۹)

"اگر انہوں نے ایک بات کا تہیہ کر رکھا ہے تو ہم بھی تہیہ کئے ہوئے ہیں۔"

اب سوال یہ تھا کہ ان حالات میں ابوطالب کو کیا کرنا چاہیئے! انہوں نے جب دیکھا کہ قریش ہر جانب سے ان کے بھتیجے کی مخالفت پر تُل پڑے ہیں تو انہوں نے اپنے جَدِّ اعلیٰ عبدِ مناف کے دو صاحبزادوں ہاشم اور مُطَّلِب سے وجود میں آنے والے خاندانوں کو جمع کیا اور انہیں دعوت دی کہ اب تک وہ اپنے بھتیجے کی حفاظت و حمایت کا جو کام تنہا انجام دیتے رہے ہیں اب اسے سب مل کر انجام دیں۔ ابوطالب کی یہ بات عربی حَمیّت کے پیشِ نظر ان دونوں خاندانوں کے سارے مسلم اور کافر افراد نے قبول کی۔ البتہ صرف ابوطالب کا بھائی ابولہب ایک ایسا فرد تھا جس نے اُسے منظور نہ کیا اور سارے خاندان سے الگ ہو کر مشرکینِ قریش سے جا ملا اور اُن کا ساتھ دیا۔[۸۲]

○

---

[۸۲] ابنِ ہشام ۱/۲۶۹۔ مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۱۰۶

مکمّل بائیکاٹ

صرف چار ہفتے یا اس سے بھی کم مدت میں مشرکین کو چار بڑے بڑے دھچکے لگ چکے تھے، یعنی حضرت حمزہؓ نے اسلام قبول کیا، پھر حضرت عمرؓ مسلمان ہوئے، پھر محمد ﷺ نے ان کی پیش کش یا سودے بازی مسترد کی، پھر قبیلہ بنی ہاشم و بنی مُطّلب کے سارے ہی مسلم و کافر افراد نے ایک ہو کر نبی ﷺ کی حفاظت کا عہد و پیمان کیا۔ اس سے مشرکین چکرا گئے اور انہیں چکرانا ہی چاہیئے تھا کیونکہ ان کی سمجھ میں آ گیا کہ اگر انہوں نے نبی ﷺ کے قتل کا اقدام کیا تو آپؐ کی حفاظت میں مکّہ کی وادی مشرکین کے خون سے لالہ زار ہو جائے گی۔ بلکہ ممکن ہے ان کا مکمّل صفایا ہی ہو جائے، اس لیے انہوں نے قتل کا منصوبہ چھوڑ کر ظلم کی ایک اور راہ تجویز کی۔ جو ان کی اب تک کی تمام ظالمانہ کارروائیوں سے زیادہ سنگین تھی۔

ظلم و ستم کا پیمان

اس تجویز کے مطابق مشرکین وادیٔ مُحَصَّب میں خَیفِ بنی کنانہ کے اندر جمع ہوئے اور آپس میں بنی ہاشم اور بنی مطلب کے خلاف یہ عہد و پیمان کیا کہ نہ ان سے شادی بیاہ کریں گے، نہ خرید و فروخت کریں گے، نہ ان کے ساتھ اُٹھیں بیٹھیں گے، نہ ان سے میل جول رکھیں گے، نہ ان کے گھروں میں جائیں گے، نہ ان سے بات چیت کریں گے جب تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنے کے لیے ان کے حوالے نہ کر دیں۔ مشرکین نے اس بائیکاٹ کی دستاویز کے طور پر ایک صحیفہ لکھا جس میں اس بات کا عہد و پیمان کیا گیا تھا کہ وہ بنی ہاشم کی طرف سے کبھی بھی کسی صلح کی پیش کش قبول نہ کریں گے نہ ان کے ساتھ کسی طرح کی مُرُوّت برتیں گے جب تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنے کے لیے مشرکین کے حوالے نہ کر دیں۔

ابنِ قیم کہتے ہیں کہ کہا جاتا ہے کہ یہ صحیفہ منصور بن عکرمہ بن عامر بن ہاشم نے لکھا تھا اور بعض کے نزدیک نضر بن حارث نے لکّھا تھا، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ لکھنے والا بغیض بن عامر بن ہاشم تھا۔

رسول اللہ ﷺ نے اس پر بددُعا کی اور اس کا ہاتھ شل ہوگیا۔ [1]

بہرحال یہ عہدو پیمان طے پا گیا اور صحیفہ خانہ کعبہ کے اندر لٹکا دیا گیا۔ اس کے نتیجے میں ابولہب کے سوا بنی ہاشم اور بنی مُطّلب کے سارے افراد خواہ مسلمان رہے ہوں یا کافر سمٹ سمٹا کر شعبِ ابی طالب میں محبوس ہوگئے۔ یہ نبی ﷺ کی بعثت کے ساتویں سال محرم کی چاند رات کا واقعہ ہے۔

تین سال شعب ابی طالب میں

اس بائیکاٹ کے نتیجے میں حالات نہایت سنگین ہوگئے۔ غلے اور سامانِ خور و نوش کی آمد بند ہوگئی کیونکہ مکے میں جو غلّہ یا فروختنی سامان آتا تھا اسے مشرکین لپک کر خرید لیتے تھے۔ اس لیے محصورین کی حالت نہایت پتلی ہوگئی۔ انہیں پتّے اور چمڑے کھانے پڑے۔ فاقہ کشی کا حال یہ تھا کہ بھُوک سے بلکتے ہُوئے بچّوں اور عورتوں کی آوازیں گھاٹی کے باہر سنائی پڑتی تھیں۔ ان کے پاس بمشکل ہی کوئی چیز پہنچ پاتی تھی، وہ بھی پسِ پردہ۔ وہ لوگ حرمت والے مہینوں کے علاوہ باقی ایام میں اشیائے ضرورت کی خرید کے لیے گھاٹی سے باہر نکلتے بھی نہ تھے۔ وہ اگرچہ قافلوں سے سامان خرید سکتے تھے جو باہر سے مکّہ آتے تھے لیکن ان کے سامان کے دام بھی مکّے والے اس قدر بڑھا کر خریدنے کے لیے تیار ہو جاتے تھے کہ محصُورین کے لیے کچھ خریدنا مشکل ہو جاتا تھا۔

حکیم بن حزام جو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا بھتیجا تھا کبھی کبھی اپنی پھوپھی کے لیے گیہوں بھجوا دیتا تھا۔ ایک بار ابوجہل سے سابقہ پڑ گیا۔ وہ غلّہ روکنے پر اُڑ گیا لیکن ابوالبختری نے مداخلت کی، اور اسے اپنی پھوپھی کے پاس گیہوں بھجوانے دیا۔

ادھر ابوطالب کو رسول اللہ ﷺ کے بارے میں برابر خطرہ لگا رہتا تھا، اس لیے جب لوگ اپنے اپنے بستروں پر جاتے تو وہ رسول اللہ ﷺ سے کہتے کہ تم اپنے بستر پر سو رہو۔ مقصد یہ ہوتا کہ اگر کوئی شخص آپؐ کو قتل کرنے کی نیّت رکھتا ہو تو دیکھ لے کہ آپؐ کہاں سو رہے ہیں۔ پھر جب لوگ سو جاتے تو ابوطالب آپؐ کی جگہ بدل دیتے۔ یعنی اپنے بیٹوں، بھائیوں یا بھتیجوں میں سے کسی کو رسول اللہ ﷺ کے بستر پر سلا دیتے اور رسول اللہ ﷺ سے کہتے کہ تم اس کے بستر پر چلے جاؤ۔

---

[1] زاد المعاد ۲/۴۶

اس محصوری کے باوجود رسول اللہ ﷺ اور دوسرے مسلمان حج کے ایّام میں باہر نکلتے تھے اور حج کے لیے آنے والوں سے مل کر انہیں اسلام کی دعوت دیتے تھے۔ اس موقع پر ابولہب کی جو حرکت ہُوا کرتی تھی اس کا ذکر پچھلے صفحات میں آچکا ہے۔

صحیفہ چاک کیا جاتا ہے

ان حالات پر پورے تین سال گذر گئے۔ اس کے بعد محرّم سنہ ۱۰ نبوت[۲] میں صحیفہ چاک کیے جانے اور اس ظالمانہ عہد و پیمان کو ختم کیے جانے کا واقعہ پیش آیا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ شروع ہی سے قریش کے کچھ لوگ اگر اس عہد و پیمان سے راضی تھے تو کچھ ناراض بھی تھے اور ان ہی ناراض لوگوں نے اس صحیفے کو چاک کرنے کی تگ و دَو کی۔

اس کا اصل محرک قبیلہ بنو عامر بن لوئی کا ہشام بن عمرو نامی ایک شخص تھا۔ یہ رات کی تاریکی میں چپکے چپکے شعب ابی طالب کے اندر غلّہ بھیج کر بنو ہاشم کی مدد بھی کیا کرتا تھا ــــ یہ زہیر بن ابی امیہ مخزومی کے پاس پہنچا ــــ (زہیر کی ماں عاتکہ، عبدالمطلب کی صاحبزادی یعنی ابوطالب کی بہن تھیں۔) اور اس سے کہا: "زُہَیر! کیا تمہیں یہ گوارا ہے کہ تم تو مزے سے کھاؤ، پیو اور تمہارے ماموں کا وہ حال ہے جسے تم جانتے ہو؟" زُہَیر نے کہا: "افسوس! میں تن تنہا کیا کرسکتا ہوں؟ ہاں اگر میرے ساتھ کوئی اور آدمی ہوتا تو میں اس صحیفے کو پھاڑنے کے لیے یقیناً اُٹھ پڑتا۔" اُس نے کہا اچھا تو ایک آدمی اور موجود ہے۔ پوچھا کون ہے؟ کہا مَیں ہوں۔ زُہَیر نے کہا، اچھا تو اب تیسرا آدمی تلاش کرو۔

اس پر ہشام، مُطْعِم بن عَدِی کے پاس گیا اور بنو ہاشم اور بنو مُطَّلِب سے جو کہ عبدِمناف کی اولاد تھے مطعم کے قریبی نسبی تعلّق کا ذکر کر کے اسے ملامت کی کہ اس نے اس ظلم پر قریش کی ہمنوائی کیونکر کی؟ ــــ یاد رہے کہ مُطْعِم بھی عبدِمناف ہی کی نسل سے تھا۔ مُطْعِم نے کہا: "افسوس! مَیں تن تنہا کیا کرسکتا ہوں۔" ہشام نے کہا ایک آدمی اور موجود ہے۔ مطعم نے پوچھا کون ہے؟ ہشام نے کہا مَیں۔ مطعم نے کہا اچھا ایک تیسرا آدمی تلاش کرو۔ ہشام نے کہا: یہ بھی کر چکا ہوں۔ پوچھا وہ کون ہے؟ کہا زہیر بن ابی امیہ۔ مطعم نے کہا اچھا تو اب چوتھا آدمی تلاش کرو۔ اس

---

[۲] اس کی دلیل یہ ہے کہ ابوطالب کی وفات صحیفہ پھاڑے جانے کے چھ ماہ بعد ہوئی۔ اور صحیح بات یہ ہے کہ ان کی موت رجب کے مہینے میں ہوئی تھی۔ اور جو لوگ یہ کہتے ہیں ان کی وفات رمضان میں ہوئی تھی وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کی وفات صحیفہ پھاڑے جانے کے چھ ماہ بعد نہیں بلکہ آٹھ ماہ اور چند دن بعد ہوئی تھی۔ دونوں صورتوں میں وہ مہینہ، جس میں صحیفہ پھاڑا گیا، محرّم ثابت ہوتا ہے۔

پر ہشام بن عمرو، ابو البختری بن ہشام کے پاس گیا اور اس سے بھی اسی طرح کی گفتگو کی جیسی مطعم سے کی تھی۔ اس نے کہا بھلا کوئی اس کی تائید بھی کرنے والا ہے؟ ہشام نے کہا ہاں۔ پوچھا کون؟ کہا: زُہیر بن ابی امیہ، مطعم بن عدی اور میں۔ اس نے کہا: اچھا تو اب پانچواں آدمی ڈھونڈو۔۔۔۔ اس کے لیے ہشام، زَمعہ بن اسود بن مُطّلب بن اسد کے پاس گیا۔ اور اس سے گفتگو کرتے ہوئے بنو ہاشم کی قرابت اور ان کے حقوق یاد دلائے۔ اس نے کہا: بھلا جس کام کے لیے مجھے بلا رہے ہو اس سے کوئی اور بھی متفق ہے۔ ہشام نے اثبات میں جواب دیا اور سب کے نام بتلائے۔ اس کے بعد ان لوگوں نے حَجون کے پاس جمع ہو کر آپس میں یہ عہد و پیمان کیا کہ صحیفہ چاک کرنا ہے۔ زہیر نے کہا: میں ابتدا کروں گا یعنی سب سے پہلے میں ہی زبان کھولوں گا۔

صبح ہوئی تو سب لوگ حسبِ معمول اپنی اپنی محفلوں میں پہنچے۔ زہیر بھی ایک جوڑا زیب تن کیے ہوئے پہنچا۔ پہلے بیت اللہ کے سات چکر لگائے پھر لوگوں سے مخاطب ہو کر بولا "مکے والو! کیا ہم کھانا کھائیں، کپڑے پہنیں اور بنو ہاشم تباہ و برباد ہوں، نہ ان کے ہاتھ کچھ بیچا جائے نہ ان سے کچھ خریدا جائے۔ خدا کی قسم میں بیٹھ نہیں سکتا یہاں تک کہ اس ظالمانہ اور قرابت شکن صحیفے کو چاک کر دیا جائے"

ابوجہل ۔۔۔ جو مسجد حرام کے ایک گوشے میں موجود تھا "بولا: تم غلط کہتے ہو خدا کی قسم اسے پھاڑا نہیں جا سکتا۔"

اس پر زَمعہ بن اسود نے کہا: "بخدا تم زیادہ غلط کہتے ہو، جب یہ صحیفہ لکھا گیا تھا تب بھی ہم اس سے راضی نہ تھے۔"

اس پر ابو البختری نے گرہ لگائی: "زمعہ ٹھیک کہہ رہا ہے۔ اس میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس سے نہ ہم راضی ہیں نہ اسے ماننے کو تیار ہیں۔" اس کے بعد مُطْعِم بن عدی نے کہا: "تم دونوں ٹھیک کہتے ہو اور جو اس کے خلاف کہتا ہے غلط کہتا ہے۔ ہم اس صحیفہ سے اور اس میں جو کچھ لکھا ہوا ہے اس سے اللہ کے حضور برأت کا اظہار کرتے ہیں۔"

پھر ہشام بن عمرو نے بھی اسی طرح کی بات کہی۔

یہ ماجرا دیکھ کر ابوجہل نے کہا: "ہونہہ! یہ بات رات میں طے کی گئی ہے۔ اور اس کا مشورہ یہاں کے بجائے کہیں اور کیا گیا ہے۔"

اس دوران ابو طالب بھی حرم پاک کے ایک گوشے میں موجود تھے۔ ان کے آنے کی وجہ یہ

تھی کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو اس صحیفے کے بارے میں یہ خبر دی تھی کہ اس پر اللہ تعالیٰ نے کیڑے بھیج دیئے ہیں۔ جنہوں نے ظلم و ستم اور قرابت شکنی کی ساری باتیں چٹ کر دی ہیں اور صرف اللہ عزّ وجل کا ذکر باقی چھوڑا ہے۔ پھر نبی ﷺ نے اپنے چچا کو یہ بات بتائی تو وُہ قریش سے یہ کہنے آئے تھے کہ ان کے بھتیجے نے انھیں یہ اور یہ خبر دی ہے اگر وہ جھوٹا ثابت ہُوا تو ہم تمہارے اور اس کے درمیان سے ہٹ جائیں گے اور تمہارا جو جی چاہے کرنا۔ لیکن اگر وہ سچّا ثابت ہُوا تو تمہیں ہمارے بائیکاٹ اور ظلم سے باز آنا ہوگا۔ جب قریش کو یہ بتایا گیا تو انھوں نے کہا:

"آپ انصاف کی بات کہہ رہے ہیں"۔

ادھر ابوجہل اور باقی لوگوں کی نوک جھونک ختم ہوئی تو مطعم بن عدی صحیفہ چاک کرنے کے لیے اٹھا۔ کیا دیکھتا ہے کہ واقعی کیڑوں نے اس کا صفایا کر دیا ہے۔ صرف باسمك اللّٰھم باقی رہ گیا ہے اور جہاں جہاں اللہ کا نام تھا وہ بچا ہے یا کیڑوں نے اُسے نہیں کھایا تھا۔

اس کے بعد صحیفہ چاک ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ اور بقیہ تمام حضرات شعب ابی طالب سے نکل آئے اور مشرکین نے آپؐ کی نبوت کی ایک عظیم الشان نشانی دیکھی۔ لیکن ان کا رویّہ وہی رہا جس کا ذکر اس آیت میں ہے:

وَإِنْ يَّرَوْا آيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝ (۵۴:۲)

"اگر وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو رخ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو چلتا پھرتا جادو ہے"۔

چنانچہ مشرکین نے اس نشانی سے بھی رُخ پھیر لیا اور اپنے کفر کی راہ میں چند قدم اور آگے بڑھ گئے۔ [۳]

---

[۳] بائیکاٹ کی یہ تفصیل حسبِ ذیل مآخذ سے مرتب کی گئی ہے۔ صحیح بخاری باب نزول النبی ﷺ بمکۃ ۱/۲۱۶ باب تقاسم المشرکین علی النبی ﷺ ۱/۵۴۸ زاد المعاد ۲/۴۶۔ ابنِ ہشام ۱/۳۵۰، ۳۵۱ ۳۷۴ تا ۳۷۷۔ رحمۃ للعالمین ۱/ ۶۹، ۷۰ مختصر السیرہ للشیخ عبد اللہ ص ۱۰۶ تا ۱۱۰ و مختصر السیرہ للشیخ محمد بن عبد الوہاب ص ۶۸ تا ۷۳۔ ان مآخذ میں قدرے اختلاف بھی ہے۔ ہم نے قرائن کی روشنی میں راجح پہلو درج کیا ہے۔

ابو طالب کی خدمت میں قریش کا آخری وفد

رسول اللہ ﷺ نے شعب ابی طالب سے نکلنے کے بعد پھر حسبِ معمول دعوت و تبلیغ کا کام شروع کر دیا اور اب مشرکین نے اگرچہ بائیکاٹ ختم کر دیا تھا لیکن وہ بھی حسبِ معمول مسلمانوں پر دباؤ ڈالنے اور اللہ کی راہ سے روکنے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے تھے اور جہاں تک ابو طالب کا تعلق ہے تو وہ بھی اپنی دیرینہ روایت کے مطابق پوری جاں سپاری کے ساتھ اپنے بھتیجے کی حمایت و حفاظت میں لگے ہوئے تھے۔ لیکن اب ان کی عمر اسّی سال سے متجاوز ہو چلی تھی۔ کئی سال سے پے در پے سنگین آلام و حوادث نے اور خصوصاً محصوری نے انہیں توڑ کر رکھ دیا تھا۔ اُن کے قُویٰ مضمحل ہو گئے تھے اور کمر ٹوٹ چکی تھی؛ چنانچہ گھاٹی سے نکلنے کے بعد چند ہی مہینے گذرے تھے کہ انہیں سخت بیماری نے آن پکڑا۔ اس موقع پر مشرکین نے سوچا کہ اگر ابو طالب کا انتقال ہو گیا اور اس کے بعد ہم نے اس کے بھتیجے پر کوئی زیادتی کی تو بڑی بدنامی ہو گی؛ اس لیے ابو طالب کے سامنے ہی نبی ﷺ سے کوئی معاملہ طے کر لینا چاہیئے۔ اس سلسلے میں وہ بعض ایسی رعائتیں بھی دینے کے لیے تیار ہو گئے جس پر اب تک راضی نہ تھے۔ چنانچہ ان کا ایک وفد ابو طالب کی خدمت میں حاضر ہُوا۔ اور یہ ان کا آخری وفد تھا۔

ابنِ اسحاق وغیرہ کا بیان ہے کہ جب ابو طالب بیمار پڑ گئے اور قریش کو معلوم ہُوا کہ اُن کی حالت غیر ہوتی جا رہی ہے تو انہوں نے آپس میں کہا کہ دیکھو حمزہؓ اور عمرؓ مسلمان ہو چکے ہیں۔ اور محمد ﷺ کا دین قریش کے ہر قبیلے میں پھیل چکا ہے اس لیے چلو ابو طالب کے پاس چلیں کہ وہ اپنے بھتیجے کو کسی بات کا پابند کریں اور ہم سے بھی ان کے متعلق عہد لے لیں کیونکہ واللہ ہمیں اندیشہ ہے لوگ اس کی وفات کے بعد ہمارے قابو میں نہ رہیں گے۔ ایک روایت یہ ہے کہ ہمیں اندیشہ ہے کہ یہ بڈھا مر گیا اور محمد (ﷺ) کے ساتھ کوئی گڑ بڑ ہو گئی تو عرب ہمیں طعنہ دیں گے۔ کہیں گے کہ انہوں نے محمد (ﷺ) کو چھوڑے رکھا۔ (اور اس کے خلاف کچھ کرنے کی ہمت نہ کی۔) لیکن جب اس کا چچا مر گیا تو اس پر چڑھ دوڑے۔

بہرحال قریش کا یہ وفد ابوطالب کے پاس پہنچا اور ان سے گفت وشنید کی۔ وفد کے ارکان قریش کے معزز ترین افراد تھے یعنی عُتبَہ بن رَبیعَہ شَیبَہ بن ربیعہ، ابوجہل بن ہشام، اُمَیَّہ بن خلف ابوسفیان بن حرب اور دیگر اَشرافِ قریش جن کی کُل تعداد تقریباً پچیس تھی۔

انہوں نے کہا :

"اے ابوطالب! ہمارے درمیان آپ کا جو مرتبہ ومقام ہے اسے آپ بخوبی جانتے ہیں اور اب آپ جس حالت سے گذر رہے ہیں وہ بھی آپ کے سامنے ہے۔ ہمیں اندیشہ ہے کہ یہ آپ کے آخری ایّام ہیں۔ ادھر ہمارے اور آپ کے بھتیجے کے درمیان جو معاملہ چل رہا ہے اس سے بھی آپ واقف ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ انہیں بلائیں اور ان کے بارے میں ہم سے کچھ عہد وپیمان لیں اور ہمارے بارے میں ان سے عہد وپیمان لیں یعنی وہ ہم سے دستکش رہیں اور ہم ان سے دستکش رہیں۔ وہ ہم کو ہمارے دین پر چھوڑ دیں اور ہم ان کو ان کے دین پر چھوڑ دیں۔"

اس پر ابوطالب نے آپؐ کو بلوایا اور آپؐ تشریف لائے تو کہا: "بھتیجے! یہ تمہاری قوم کے معزّز لوگ ہیں۔ تمہارے ہی لیے جمع ہوئے ہیں۔ یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں کچھ عہد وپیمان دے دیں اور تم بھی انہیں کچھ عہد وپیمان دے دو۔" اس کے بعد ابوطالب نے ان کی یہ پیش کش ذکر کی کہ کوئی بھی فریق دوسرے سے تعرض نہ کرے۔

جواب میں رسول ﷺ نے وفد کو مخاطب کرکے فرمایا: "آپ لوگ یہ بتائیں کہ اگر میں ایک ایسی بات پیش کروں جس کے اگر آپ قائل ہو جائیں تو عرب کے بادشاہ بن جائیں اور عجم آپ کے زیرِ نگیں آجائے تو آپ کی رائے کیا ہوگی؟" بعض روایتوں میں یہ کہا گیا ہے کہ آپؐ نے ابوطالب کو مخاطب کرکے فرمایا: "میں ان سے ایک ایسی بات چاہتا ہوں جس کے یہ قائل ہو جائیں تو عرب ان کے تابع فرمان بن جائیں اور عجم انہیں جزیہ ادا کریں۔" ایک اور روایت میں یہ مذکور ہے کہ آپ نے فرمایا: "چچا جان! آپ کیوں نہ انہیں ایک ایسی بات کی طرف بلائیں جو ان کے حق میں بہتر ہے!" انہوں نے کہا تم انہیں کس بات کی طرف بلانا چاہتے ہو؟ آپؐ نے فرمایا: "میں ایک ایسی بات کی طرف بلانا چاہتا ہوں جس کے یہ قائل ہو جائیں تو عرب ان کا تابع فرمان بن جائے اور عجم پر ان کی بادشاہت قائم ہو جائے۔" ــــــ ابنِ اسحاق کی ایک روایت یہ ہے کہ آپ نے فرمایا: "آپ لوگ صرف ایک بات مان لیں جس کی بدولت آپ عرب کے بادشاہ بن جائیں گے اور عجم آپ کے

زیرنگیں آجائے گا۔"

بہرحال جب یہ بات آپ نے کہی تو وہ لوگ کسی قدر توقف میں پڑ گئے اور سٹپٹا سے گئے۔ وہ حیران تھے کہ صرف ایک بات جو اس قدر مفید ہے۔ اسے مسترد کیسے کر دیں؟ آخر کار ابوجہل نے کہا: "اچھا بتاؤ تو وہ بات ہے کیا؟ تمہارے باپ کی قسم! ایسی ایک بات کیا دس باتیں بھی پیش کرو تو ہم ماننے کو تیار ہیں۔" آپؐ نے فرمایا: "آپ لوگ لا الہ الا اللہ کہیں اور اللہ کے سوا جو کچھ پوجتے ہیں اسے چھوڑ دیں۔" اس پر انہوں نے ہاتھ پیٹ پیٹ کر اور تالیاں بجا بجا کر کہا: "محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! تم یہ چاہتے ہو کہ سارے خداؤں کی جگہ بس ایک ہی خدا بنا ڈالو؟ واقعی تمہارا معاملہ بڑا عجیب ہے۔"

پھر آپس میں ایک دوسرے سے بولے: "خدا کی قسم یہ شخص تمہاری کوئی بات ماننے کو تیار نہیں۔ لہذا چلو اور اپنے آباؤ اجداد کے دین پر ڈٹ جاؤ۔ یہاں تک کہ اللہ ہمارے اور اس شخص کے درمیان فیصلہ فرما دے۔" اس کے بعد انہوں نے اپنی اپنی راہ لی۔ اس واقعے کے بعد انہی لوگوں کے بارے میں قرآن مجید کی یہ آیات نازل ہوئیں۔

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ○ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ○ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِیْنَ مَنَاصٍ ○ وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ○ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ○ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ ○ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ○ (۳۸: ۱-۷)

"ص، قسم ہے نصیحت بھرے قرآن کی۔ بلکہ جنہوں نے کفر کیا ہیکڑی اور ضد میں ہیں۔ ہم نے کتنی ہی قومیں ان سے پہلے ہلاک کر دیں اور وہ چیخے چلائے (لیکن اس وقت) جبکہ بچنے کا وقت نہ تھا۔ انہیں تعجب ہے کہ ان کے پاس خود انہیں میں سے ایک ڈرانے والا آگیا۔ کافر کہتے ہیں کہ یہ جادوگر ہے۔ بڑا جھوٹا ہے۔ کیا اس نے سارے معبودوں کی جگہ بس ایک ہی معبود بنا ڈالا! یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔ اور ان کے بڑے یہ کہتے ہوئے نکلے کہ چلو اور اپنے معبودوں پر ڈٹے رہو۔ یہ ایک سوچی سمجھی اسکیم ہے۔ ہم نے کسی اور ملت میں یہ بات نہیں سنی۔ یہ محض گھڑنت ہے۔" [1]

---

[1] ابن ہشام ۱/۴۱۷ تا ۴۱۹۔ مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۹۱

غم کا سال

ابوطالب کی وفات

ابوطالب کا مرض بڑھتا گیا اور بالآخر وہ انتقال کر گئے۔ ان کی وفات شعب ابی طالب کی محصوری کے خاتمے کے چھ ماہ بعد رجب سنہ۱۰ نبوی میں ہوئی۔[1] ایک قول یہ بھی ہے کہ انہوں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات سے صرف تین دن پہلے ماہ رمضان میں وفات پائی۔

صحیح بخاری میں حضرت مسیبؓ سے مروی ہے کہ جب ابوطالب کی وفات کا وقت آیا تو نبی ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے۔ وہاں ابوجہل بھی موجود تھا۔ آپؐ نے فرمایا "چچا جان! آپ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہہ دیجئے۔ بس ایک کلمہ جس کے ذریعے میں اللہ کے پاس آپ کے لیے حجت پیش کر سکوں گا۔" ابوجہل اور عبداللہ بن امیہ نے کہا "ابوطالب! کیا عبدالمطلب کی ملت سے رخ پھیر لو گے؟" پھر یہ دونوں برابر ان سے بات کرتے رہے یہاں تک کہ آخری بات جو ابوطالب نے لوگوں سے کہی یہ تھی کہ "عبدالمطلب کی ملت پر۔" نبی ﷺ نے فرمایا "میں جب تک آپ سے روک نہ دیا جاؤں آپ کے لیے دعائے مغفرت کرتا رہوں گا۔" اس پر یہ آیت نازل ہوئی:

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ○ (۹:۱۱۳)

"نبی (ﷺ) اور اہل ایمان کے لیے درست نہیں کہ مشرکین کے لیے دعائے مغفرت کریں۔ اگرچہ وہ قرابتدار ہی کیوں نہ ہوں جبکہ ان پر واضح ہو چکا ہے کہ وہ لوگ جہنمی ہیں۔"

اور یہ آیت بھی نازل ہوئی۔

اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ .. (۲۸:۵۶)

"آپ جسے پسند کریں ہدایت نہیں دے سکتے۔"[2]

---

[1] سیرت کے مآخذ میں بڑا اختلاف ہے کہ ابوطالب کی وفات کس مہینے میں ہوئی۔ ہم نے رجب کو اس لیے ترجیح دی ہے کہ بیشتر مآخذ کا اتفاق ہے کہ ان کی وفات شعب ابی طالب سے نکلنے کے چھ ماہ بعد ہوئی۔ اور محصوری کا آغاز محرم سنہ۷ نبوی کی چاند رات سے ہوا تھا۔ اس حساب سے ان کی موت کا زمانہ رجب سنہ۱۰ نبوی ہی ہوتا ہے۔

[2] صحیح بخاری باب قصۃ ابی طالب ۱/۵۴۸

یہاں یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ ابوطالب نے نبی ﷺ کی کس قدر حمایت وحفاظت کی تھی۔وہ درحقیقت مکّے کے بڑوں اور احمقوں کے حملوں سے اسلامی دعوت کے بچاؤ کے لیے ایک قلعہ تھے، لیکن وہ بذاتِ خود اپنے بزرگ آباؤ اجداد کی ملّت پر قائم رہے [۱] اس لیے مکمّل کامیابی نہ پا سکے۔چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا: "آپؐ اپنے چچا کے کیا کام آسکے؟ کیونکہ وہ آپؐ کی حفاظت کرتے تھے اور آپ کے لیے (دوسروں پر) بگڑتے (اور ان سے لڑائی مول لیتے) تھے۔" آپ نے فرمایا: "وہ جہنّم کی ایک چھچلی جگہ میں ہیں۔اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنّم کے سب سے گہرے کھڈ میں ہوتے۔" [۳]

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ایک بار نبی ﷺ کے پاس آپ کے چچا کا تذکرہ ہُوا تو آپؐ نے فرمایا: "ممکن ہے قیامت کے دن انہیں میری شفاعت فائدہ پہنچا دے اور انہیں جہنّم کی ایک کم گہری جگہ میں رکھ دیا جائے کہ آگ صرف ان کے دونوں ٹخنوں تک پہنچ سکے۔" [۴]

حضرت خدیجہؓ جوارِ رحمت میں

جناب ابوطالب کی وفات کے دو ماہ بعد یا صرف تین دن بعد ـــــ علی اختلاف الاقوال ـــــ حضرت اُمّ المؤمنین خَدِیجَۃُ الکبریٰ رضی اللہ عنہا بھی رحلت فرما گئیں۔ان کی وفات نبوت کے دسویں سال ماہِ رمضان میں ہوئی۔اس وقت وہ ۶۵ برس کی تھیں اور رسول اللہ ﷺ اپنی عمر کی پچاسویں منزل میں تھے۔[۵]

حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ کے لیے اللہ تعالیٰ کی بڑی گرانقدر نعمت تھیں۔وہ ایک چوتھائی صدی آپؐ کی رفاقت میں رہیں اور اس دوران رنج وقلق کا وقت آتا تو آپؐ کے لیے تڑپ اٹھتیں،سنگین اور مشکل ترین حالات میں آپؐ کو قوت پہنچاتیں، تبلیغِ رسالت میں آپؐ کی مدد کرتیں اور اس تلخ ترین جہاد کی سختیوں میں آپؐ کی شریکِ کار رہتیں۔اور اپنی جان ومال سے آپؐ کی خیرخواہی وغمگساری کرتیں۔رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

[۳-۴] صحیح بخاری باب قصۃ ابی طالب ۱/۵۴۸

[۵] رمضان میں وفات کی صراحت ابنِ جوزی نے تلقیح الفہوم ص ۷، میں اور علاّمہ منصور پوری نے رحمۃ للعالمین ۲/۱۶۴ میں کی ہے۔

"جس وقت لوگوں نے میرے ساتھ کفر کیا وہ مجھ پہ ایمان لائیں، جس وقت لوگوں نے مجھے جھٹلایا انہوں نے میری تصدیق کی جس وقت لوگوں نے مجھے محروم کیا انہوں نے مجھے اپنے مال میں شریک کیا اور اللہ نے مجھے ان سے اولاد دی اور دوسری بیویوں سے کوئی اولاد نہ دی"[۶]

صحیح بخاری میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: "اے اللہ کے رسول! یہ خدیجہؓ تشریف لا رہی ہیں۔ ان کے پاس ایک برتن ہے جس میں سالن یا کھانا یا کوئی مشروب ہے۔ جب وہ آپؐ کے پاس آپہنچیں تو آپؐ انہیں ان کے رب کی طرف سے سلام کہیں اور جنت میں موتی کے ایک محل کی بشارت دیں جس میں نہ شور وشغب ہوگا نہ درماندگی و تکان"[۷]

غم ہی غم

یہ دونوں الم انگیز حادثے صرف چند دنوں کے دوران پیش آئے۔ جس سے نبی ﷺ کے دل میں غم والم کے احساسات موجزن ہوگئے اور اس کے بعد قوم کی طرف سے بھی مصائب کا طومار بندھ گیا کیونکہ ابوطالب کی وفات کے بعد ان کی جسارت بڑھ گئی اور وہ کھل کر آپؐ کو اذیت اور تکلیف پہنچانے لگے۔ اس کیفیت نے آپؐ کے غم والم میں اور اضافہ کر دیا۔ آپؐ نے ان سے مایوس ہوکر طائف کی راہ لی کہ ممکن ہے وہاں لوگ آپؐ کی دعوت قبول کرلیں، آپؐ کو پناہ دے دیں۔ اور آپؐ کی قوم کے خلاف آپؐ کی مدد کریں، لیکن وہاں نہ کوئی پناہ دہندہ ملا نہ مدد گار، بلکہ اُلٹے انہوں نے سخت اذیت پہنچائی اور ایسی بدسلوکی کہ خود آپؐ کی قوم نے ویسی بدسلوکی نہ کی تھی۔ (تفصیل آگے آرہی ہے)

یہاں اس بات کا اعادہ بے محل نہ ہوگا کہ اہلِ مکہ نے جس طرح نبی ﷺ کے خلاف ظلم و جور کا بازار گرم کر رکھا تھا اسی طرح وہ آپؐ کے رفقاء کے خلاف بھی ستم رانی کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے تھے، چنانچہ آپؐ کے ہمدم و ہمراز ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مکہ چھوڑنے پر مجبور ہوگئے اور حبشہ کے ارادے سے تن بہ تقدیر نکل پڑے، لیکن بُرکِ غماد پہنچے تو ابنِ دغنہ سے ملاقات ہوگئی اور وہ اپنی پناہ میں آپؓ کو مکہ واپس لے آیا۔[۸]

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ جب ابوطالب انتقال کر گئے تو قریش نے رسول اللہ ﷺ

---

[۶] مسند احمد ۶/ ۱۱۸ [۷] صحیح بخاری باب تزویج النبی ﷺ خدیجۃ وفضلہا ۱/ ۵۳۹

[۸] اکبر شاہ نجیب آبادی نے صراحت کی ہے کہ یہ واقعہ اسی سال پیش آیا تھا۔ دیکھئے تاریخ اسلام ۱/ ۱۲۰، اصل واقعہ پوری تفصیل کے ساتھ ابنِ ہشام ۱/ ۳۷۲ تا ۳۷۴۔ اور صحیح بخاری ۱/ ۵۵۲، ۵۵۳ میں مذکور ہے۔

کو ایسی اذیت پہنچائی کہ ابو طالب کی زندگی میں کبھی اس کی آرزو بھی نہ کر سکے تھے حتیٰ کہ قریش کے ایک احمق نے سامنے آکر آپؐ کے سر پر مٹی ڈال دی۔ آپؐ اسی حالت میں گھر تشریف لائے۔ مٹی آپؐ کے سر پر پڑی ہوئی تھی۔ آپؐ کی ایک صاحبزادی نے اُٹھ کر مٹی دھوئی۔ وہ دھوتے ہوئے روتی جارہی تھیں اور رسول اللہ ﷺ انہیں تسلّی دیتے ہوئے فرماتے جارہے تھے "بیٹی! روؤ نہیں اللہ تمہارے ابّا کی حفاظت کرے گا" اِس دوران آپؐ یہ بھی فرماتے جارہے تھے کہ قریش نے میرے ساتھ کوئی ایسی بدسلوکی نہ کی جو مجھے ناگوار گذری ہو یہاں تک کہ ابوطالب کا انتقال ہوگیا۔[۹]

اسی طرح کے پے در پے آلام و مصائب کی بنا پر رسول اللہ ﷺ نے اس سال کا نام عام الحزن یعنی غم کا سال رکھ دیا اور یہ سال اسی نام سے تاریخ میں مشہور ہوگیا۔

حضرت سَوْدَہ رضی اللہ عنہا سے شادی

اسی سال۔ شوال سنہ۱۰ نبوت میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت سَوْدَہ بنت زَمْعَہ رضؓ سے شادی کی۔ یہ ابتدائی دَور میں مسلمان ہوگئی تھیں اور دوسری ہجرت حبشہ کے موقع پر ہجرت بھی کی تھی۔ ان کے شوہر کا نام سکرانؓ بن عمرو تھا۔ وہ بھی قدیم الاسلام تھے اور حضرت سَوْدَہؓ نے انہیں کی رفاقت میں حبشہ کی جانب ہجرت کی تھی لیکن وہ حبشہ ہی میں ——— اور کہا جاتا ہے کہ مکّہ واپس آکر انتقال کر گئے، اس کے بعد جب حضرت سَوْدَہؓ کی عدّت ختم ہوگئی تو نبی ﷺ نے ان کو شادی کا پیغام دیا اور پھر شادی ہوگئی۔ یہ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد پہلی بیوی ہیں جن سے رسول اللہ ﷺ نے شادی کی۔ چند برس بعد انہوں نے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دی تھی۔[۱۰]

○

---

۹ ابن ہشام ۱/۴۱۶   ۱۰ رحمۃ للعالمین ۲/۱۶۵، تلقیح الفہوم ص ۶

ابتدائی مسلمانوں کا صبر و ثبات اور اسکے اسباب و عوامل

یہاں پہنچ کر گہری سوجھ بوجھ اور مضبوط دل و دماغ کا آدمی بھی حیرت زدہ رہ جاتا ہے اور بڑے بڑے عقلاء دم بخود ہو کر پوچھتے ہیں کہ آخر وہ کیا اسباب و عوامل تھے جنہوں نے مسلمانوں کو اس قدر انتہائی اور معجزانہ حد تک ثابت قدم رکھا؟ آخر مسلمانوں نے کس طرح ان بے پایاں مظالم پر صبر کیا جنہیں سُن کر رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل لرز اٹھتا ہے۔ بار بار کھٹکنے اور دل کی تہوں سے اُبھرنے والے اس سوال کے پیش نظر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان اسباب و عوامل کی طرف ایک سرسری اشارہ کر دیا جائے۔

۱۔ ان میں سب سے پہلا اور اہم سبب اللہ کی ذاتِ واحد پر ایمان اور اس کی ٹھیک ٹھیک معرفت ہے کیونکہ جب ایمان کی بشاشت دلوں میں جاگزیں ہو جاتی ہے تو وہ پہاڑوں سے ٹکرا جاتا ہے اور اسی کا پلہ بھاری رہتا ہے اور جو شخص ایسے ایمانِ محکم اور یقین کامل سے بہرہ ور ہو وہ دُنیا کی مشکلات کو ۔۔۔ خواہ وہ جتنی بھی زیادہ ہوں اور جیسی بھی بھاری بھر کم، خطرناک اور سخت ہوں ۔ اپنے ایمان کے بالمقابل اس کائی سے زیادہ اہمیت نہیں دیتا جو کسی بند توڑ اور قلعہ شکن سیلاب کی بالائی سطح پر جم جاتی ہے۔ اس لیے مومن اپنے ایمان کی حلاوت، یقین کی تازگی اور اعتقاد کی بشاشت کے سامنے ان مشکلات کی کوئی پروا نہیں کرتا کیونکہ:

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ ۚ (۱۳: ۱۷)

"جو جھاگ ہے وہ تو بے کار ہو کر اُڑ جاتا ہے اور جو لوگوں کو نفع دینے والی چیز ہے وہ زمین میں برقرار رہتی ہے۔"

پھر اسی ایک سبب سے ایسے اسباب وجود میں آتے ہیں جو اِس صبر و ثبات کو قوت بخشتے ہیں مثلاً:

۲۔ پُرکشش قیادت: نبی اکرم ﷺ جو اُمتِ اسلامیہ ہی نہیں بلکہ ساری انسانیت کے سب سے بلند پایہ قائد و رہنما تھے ایسے جسمانی جمال، نفسانی کمال، کریمانہ اخلاق، باعظمت کردار اور شریفانہ عادات و اطوار سے بہرہ ور تھے کہ دل خود بخود آپ ﷺ کی جانب کھنچے جاتے تھے اور

طبیعتیں خود بخود آپ ﷺ پر نچھاور ہوتی تھیں، کیونکہ جن کمالات پر لوگ جان چھڑکتے ہیں ان سے آپ ﷺ کو اتنا بھرپور حصہ ملا تھا کہ اتنا کسی اور انسان کو دیا ہی نہیں گیا۔ آپ ﷺ شرف و عظمت اور فضل و کمال کی سب سے بلند چوٹی پر جلوہ فگن تھے۔ عفت و امانت، صدق و صفا اور جملہ اُمورِ خیر میں آپ ﷺ کا وہ امتیازی مقام تھا کہ رفقا، تو رفقا، آپ ﷺ کے دشمنوں کو بھی آپ ﷺ کی یکتائی و انفرادیت پر کبھی شک نہ گذرا۔ آپ ﷺ کی زبان سے۔ جو بات نکل گئی، دشمنوں کو بھی یقین ہوگیا کہ وہ سچی ہے اور ہو کر رہے گی۔ واقعات اس کی شہادت دیتے ہیں۔ ایک بار قریش کے ایسے تین آدمی اکٹھے ہوئے جن میں سے ہر ایک نے اپنے بقیہ دوساتھیوں سے چھپ چھپا کر تن تنہا قرآنِ مجید سنا تھا لیکن بعد میں ہر ایک کا راز دوسرے پر فاش ہوگیا تھا۔ ان ہی تینوں میں سے ایک ابوجہل بھی تھا۔ تینوں اکٹھے ہوئے تو ایک نے ابوجہل سے دریافت کیا کہ بتاؤ تم نے جو کچھ محمد (ﷺ) سے سنا ہے اس کے بارے میں تمہاری رائے کیا ہے؟ ابوجہل نے کہا "مَیں نے کیا سنا ہے؟ بات دراصل یہ ہے کہ ہم نے اور بنو عبدِ مناف نے شرف و عظمت میں ایک دوسرے کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے (غربا و مساکین کو) کھلایا تو ہم نے بھی کھلایا، انہوں نے داد دہش میں سواریاں عطا کیں تو ہم نے بھی عطا کیں، انہوں نے لوگوں کو عطیات سے نوازا تو ہم نے بھی ایسا کیا، یہاں تک کہ جب ہم اور وہ گھٹنوں گھٹنوں ایک دوسرے کے ہم پلہ ہوگئے اور ہماری اور ان کی حیثیت ریس کے دو مدِمقابل گھوڑوں کی ہوگئی تو اب بنو عبدِ مناف کہتے ہیں کہ ہمارے اندر ایک نبی (ﷺ) ہے جس کے پاس آسمان سے وحی آتی ہے۔ بھلا بتایئے ہم اسے کب پا سکتے ہیں؟ خدا کی قسم! ہم اس شخص پر کبھی ایمان نہ لائیں گے، اور اس کی ہرگز تصدیق نہ کریں گے"۔[1]

چنانچہ ابوجہل کہا کرتا تھا: "اے محمد (ﷺ) ہم تمہیں جھوٹا نہیں کہتے، لیکن تم جو کچھ لے کر آئے ہو اس کی تکذیب کرتے ہیں" اسی بارے میں اللہ تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ﴿۳۳:۶﴾

"یہ لوگ آپ کو نہیں جھٹلاتے، بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔"

اس واقعے کی تفصیل گذر چکی ہے کہ ایک روز کفّار نے نبی ﷺ کو تین بار لعن طعن کی اور تیسری دفعہ میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اے قریش کی جماعت! میں تمہارے پاس ذبح (کا حکم) لیکر آیا ہوں تو یہ بات ان پر اس طرح اثر کر گئی کہ جو شخص عداوت میں سب سے بڑھ کر تھا وہ بھی

بہتر سے بہتر جو حملہ پا سکتا تھا اس کے ذریعے آپ ﷺ کو راضی کرنے کی کوشش میں لگ گیا۔ اسی طرح اس کی بھی تفصیل گذر چکی ہے کہ جب حالت سجدہ میں آپ ﷺ پر اوجھڑی ڈالی گئی، اور آپ ﷺ نے سر اٹھانے کے بعد اس حرکت کے کرنے والوں پر بددعا کی تو ان کی ہنسی ہوا ہو گئی۔ اور ان کے اندر غم و قلق کی لہر دوڑ گئی۔ انہیں یقین ہو گیا کہ اب ہم بچ نہیں سکتے۔

یہ واقعہ بھی بیان کیا جا چکا ہے کہ آپ ﷺ نے ابولہب کے بیٹے عُتَیْبَہ پر بددعا کی تو اسے یقین ہو گیا کہ وہ آپ ﷺ کی بددعا کی زد سے بچ نہیں سکتا، چنانچہ اس نے ملک شام کے سفر میں شیر کو دیکھتے ہی کہا: "واللہ محمدؐ (ﷺ) نے مکّہ میں رہتے ہوئے مجھے قتل کر دیا"۔

اُبَیّ بن خَلَف کا واقعہ ہے کہ وہ بار بار آپ ﷺ کو قتل کی دھمکیاں دیا کرتا تھا۔ ایک بار آپ ﷺ نے جواباً فرمایا کہ (تم نہیں) بلکہ میں تمہیں قتل کروں گا، اِن شآءَ اللہ۔ اسکے بعد جب آپ ﷺ نے جنگ احد کے روز اُبَیّ کی گردن پر نیزہ مارا تو اگرچہ اس سے معمولی خراش آئی تھی لیکن اُبَیّ برابر یہی کہے جا رہا تھا کہ محمدؐ ﷺ نے مجھ سے مکہ میں کہا تھا کہ میں تمہیں قتل کروں گا اس لیے اگر وہ مجھ پر تھوک ہی دیتا تو بھی میری جان نکل جاتی[1]۔ (تفصیل آگے آ رہی ہے)

اسی طرح ایک بار حضرت سَعْد بن معاذ نے مکّے میں اُمَیّہ بن خلف سے کہہ دیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مسلمان تمہیں قتل کریں گے تو اس سے اُمَیّہ پر سخت گھبراہٹ طاری ہو گئی، جو مسلسل قائم رہی چنانچہ اس نے عہد کر لیا کہ وہ مکّے سے باہر ہی نہ نکلے گا اور جب جنگِ بَدْر کے موقع پر ابوجہل کے اصرار سے مجبور ہو کر نکلنا پڑا تو اس نے مکّے کا سب سے تیز رو اونٹ خریدا تاکہ خطرے کی علامات ظاہر ہوتے ہی چمپت ہو جائے۔ ادھر جنگ میں جانے پر آمادہ دیکھ کر اس کی بیوی نے بھی ٹوکا کہ ابوصفوان "آپ کے یثربی بھائی نے جو کچھ کہا تھا اسے آپ بھول گئے؟" ابوصفوان نے جواب میں کہا کہ نہیں، بلکہ میں خدا کی قسم ان کے ساتھ تھوڑی ہی دُور جاؤں گا۔[4]

یہ تو آپ ﷺ کے دشمنوں کا حال تھا۔ باقی رہے آپ ﷺ کے صحابہؓ اور رفقاء

---

[1] ابنِ ہشام ۱/۳۱۶
[2] ترمذی: تفسیر سورۃ الانعام ۲/۱۳۲
[3] ابنِ ہشام ۲/۸۴
[4] صحیح بخاری ۲/۵۶۳

تو آپ ﷺ تو ان کے لیے دیدۂ و دل اور جان و روح کی حیثیت رکھتے تھے۔ ان کے دل کی گہرائیوں سے آپ ﷺ کے لیے حُبِّ صادق کے جذبات اس طرح اُبلتے تھے جیسے نشیب کی طرف پانی بہتا ہے اور جان و دل اس طرح آپ ﷺ کی طرف کھنچتے تھے جیسے لوہا مقناطیس کی طرف کھنچتا ہے۔ ؎

فصورته هیولی کل جسم ومغناطیس افئدة الرجال

آپ کی صورت ہر جسم کا ہیُولیٰ تھی اور آپ کا وجود ہر دل کے لیے مقناطیس

اس محبّت و فداکاری اور جاں نثاری وجاں سپاری کا نتیجہ یہ تھا کہ صحابہ کرام کو یہ گوارا نہ تھا کہ آپ ﷺ کے ناخن میں خراش تک آجائے یا آپ ﷺ کے پاؤں میں کانٹا ہی چبھ جائے خواہ اس کے لیے ان کی گردنیں ہی کیوں نہ کوٹ دی جائیں۔

ایک روز ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بری طرح کچل دیا گیا اور انہیں سخت مار ماری گئی۔ عُتبہَ بن رَبیعہَ ان کے قریب آکر انھیں دو پیوند لگے ہوئے جوتوں سے مارنے لگا۔ چہرے کو خصوصیت سے نشانہ بنایا۔ پھر پیٹ پر چڑھ گیا۔ کیفیت یہ تھی کہ چہرے اور ناک کا پتہ نہیں چل رہا تھا۔ پھر ان کے قبیلہ بنوتیم کے لوگ انہیں ایک کپڑے میں لپیٹ کر گھر لے گئے۔ انہیں یقین تھا کہ اب یہ زندہ نہ بچیں گے لیکن دن کے خاتمے کے قریب ان کی زبان کھل گئی۔ (اور زبان کھلی تو یہ) بولے کہ رسول اللہ ﷺ کیا ہوئے؟ اس پر بنوتیم نے انہیں سخت سست کہا۔ ملامت کی اور ان کی ماں اُمّ الخیر سے یہ کہہ کر اُٹھ کھڑے ہوئے کہ انہیں کچھ کھلا پلا دینا۔ جب وہ تنہا رہ گئیں تو انہوں نے ابوبکرؓ سے کھانے پینے کے لیے اصرار کیا لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ یہی کہتے رہے کہ رسول اللہ ﷺ کا کیا ہُوا؟ آخر کار ام الخیر نے کہا: "مجھے تمہارے ساتھی کا حال معلوم نہیں"۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: "اُمّ جمیل بنت خطاب کے پاس جاؤ اور اس سے دریافت کرو"۔ وہ اُمّ جمیل کے پاس گئیں اور بولیں: "ابوبکرؓ تم سے محمّد بن عبداللہ (ﷺ) کے بارے میں دریافت کر رہے ہیں"۔ اُمّ جمیل نے کہا: "میں نہ ابوبکرؓ کو جانتی ہوں نہ محمّد بن عبداللہ ﷺ کو۔ البتہ اگر تم چاہو تو میں تمہارے ساتھ تمہارے صاحبزادے کے پاس چل سکتی ہوں"۔ اُمّ الخیر نے کہا بہتر ہے۔ اس کے بعد ام جمیل ان کے ہمراہ آئیں دیکھا تو ابوبکرؓ انتہائی خستہ حال پڑے تھے۔ پھر قریب ہوئیں تو چیخ پڑیں اور کہنے لگیں: "جس قوم نے آپ کی یہ درگت بنائی ہے وہ یقیناً بدقماش اور کافر قوم ہے۔ مجھے امید ہے

کہ اللہ آپ کا بدلہ ان سے لے کر رہے گا"۔ ابوبکرؓ نے پوچھا: "رسول اللہ ﷺ کیا ہوئے"؟ انہوں نے کہا: "یہ آپ کی ماں سُن رہی ہیں" کہا کوئی بات نہیں۔ بولیں: "آپ صحیح سالم ہیں"۔ پوچھا کہاں ہیں؟ کہا: "ابن ارقم کے گھر میں ہیں"۔ ابوبکرؓ نے فرمایا: "اچھا تو پھر اللہ کے لیے مجھ پر عہد ہے کہ میں نہ کوئی کھانا کھاؤں گا نہ پانی پیوں گا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں"۔ اس کے بعد اُم الخیر اور اُمِ جمیل رکی رہیں۔ جب آمد و رفت بند ہو گئی اور سناٹا چھا گیا تو یہ دونوں ابوبکرؓ کو لے کر نکلیں۔ وہ ان پر ٹیک لگائے ہوئے تھے اور اس طرح انہوں نے ابوبکرؓ کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پہنچا دیا۔[۵]

محبت و جاں سپاری کے کچھ اور بھی نادر واقعات ہم اپنی اس کتاب میں موقع بہ موقع نقل کریں گے خصوصاً جنگ احد کے واقعات اور حضرت خبیبؓ کے حالات کے ضمن میں۔

۳۔ احساسِ ذمہ داری — صحابہؓ کرام جانتے تھے کہ یہ مشتِ خاک جسے انسان کہا جاتا ہے اس پر کتنی بھاری بھرکم اور زبردست ذمہ داریاں ہیں اور یہ کہ ان ذمہ داریوں سے کسی صورت میں گریز اور پہلوتہی نہیں کی جاسکتی کیونکہ اس گریز کے جو نتائج ہوں گے وہ موجودہ ظلم وستم سے زیادہ خوفناک اور ہلاکت آفریں ہوں گے۔ اور اس گریز کے بعد خود ان کو اور ساری انسانیت کو جو خسارہ لاحق ہوگا وہ اس قدر شدید ہوگا کہ اس ذمہ داری کے نتیجہ میں پیش آنے والی مشکلات اس خسارے کے مقابل کوئی حیثیت نہیں رکھتیں۔

۴۔ آخرت پر ایمان — جو مذکورہ احساسِ ذمہ داری کی تقویت کا باعث تھا صحابہؓ کرام اس بات پر غیر متزلزل یقین رکھتے تھے کہ انہیں رب العالمین کے سامنے کھڑے ہونا ہے پھر ان کے چھوٹے بڑے اور معمولی و غیر معمولی ہر طرح کے اعمال کا حساب لیا جائے گا۔ اس کے بعد یا تو نعمتوں بھری دائمی جنت ہو گی یا عذاب سے بھڑکتی ہوئی جہنم۔ اس یقین کا نتیجہ یہ تھا کہ صحابہؓ کرام اپنی زندگی امید و بیم کی حالت میں گذارتے تھے، یعنی اپنے پروردگار کی رحمت کی امید رکھتے تھے اور اس کے عذاب کا خوف بھی اور ان کی کیفیت وہی رہتی تھی جو اس آیت میں بیان کی گئی ہے کہ

وَالَّذِينَ يُؤْتُونَ مَا آتَوا وَّ قُلُوبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلَىٰ رَبِّهِمْ رٰجِعُونَ ۝ (۲۳:۶۰)

---

[۵] البدایہ والنہایہ ۳/۳۰

"وہ جو کچھ کرتے ہیں دل کے اس خوف کے ساتھ کرتے ہیں کہ انہیں اپنے رب کے پاس پلٹ کر جانا ہے۔"

انہیں اِس کا بھی یقین تھا کہ دُنیا اپنی ساری نعمتوں اور مصیبتوں سمیت آخرت کے مقابل مچھر کے ایک پر کے برابر بھی نہیں اور یہ یقین اتنا پختہ تھا کہ اس کے سامنے دنیا کی ساری مشکلات مشقتیں اور تلخیاں ہیچ تھیں۔ اس لیے وہ ان مشکلات اور تلخیوں کو کوئی حیثیت نہیں دیتے تھے۔

۵۔ ان ہی پُرخطر، مشکل ترین اور تیرہ و تار حالات میں ایسی سورتیں اور آیتیں بھی نازل ہو رہی تھیں جن میں بڑے ٹھوس اور پُرکشش انداز سے اسلام کے بنیادی اصولوں پر دلائل و براہین قائم کیے گئے تھے اور اس وقت اسلام کی دعوت انہی اصولوں کے گرد گردش کر رہی تھی۔ ان آیتوں میں اہلِ اسلام کو ایسے بنیادی اُمور بتلائے جا رہے تھے جن پر اللہ تعالیٰ نے عالمِ انسانیت کے سب سے باعظمت اور پُررونق معاشرے یعنی اسلامی معاشرے کی تعمیر و تشکیل مقدّر کر رکھی تھی۔ نیز ان آیات میں مسلمانوں کے جذبات و احساسات کو پامردی و ثابت قدمی پر اُبھارا جا رہا تھا، اس کے لیے مثالیں دی جا رہی تھیں اور اس کی حکمتیں بیان کی جاتی تھیں۔

اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ (۲:۲۱۴)

"تم سمجھتے ہو کہ جنّت میں چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی تم پر ان لوگوں جیسی حالت نہیں آئی جو تم سے پہلے گذر چکے ہیں۔ وہ سختیوں اور بدحالیوں سے دوچار ہوئے اور انہیں جھنجھوڑ دیا گیا یہاں تک کہ رسول اور جو لوگ ان پر ایمان لائے تھے بول اٹھے کہ اللہ کی مدد کب آئے گی؟ سنو! اللہ کی مدد قریب ہی ہے۔"

الٓمّٓ ۝ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ۝ (۲۹: ۱-۳)

"الٓمّٓ۔ کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ انہیں یہ کہنے پر چھوڑ دیا جائے گا کہ ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی حالانکہ ان سے پہلے جو لوگ تھے ہم نے ان کی آزمائش کی؛ لہذا (ان کے بارے میں بھی) اللہ یہ ضرور معلوم کرے گا کہ کن لوگوں نے سچ کہا اور یہ بھی ضرور معلوم کرے گا کہ کون لوگ جھوٹے ہیں۔"

اور انہی کے پہلو بہ پہلو ایسی آیات کا نزول بھی ہو رہا تھا جن میں کفار و معاندین کے اعتراضات کے دندان شکن جواب دیئے گئے تھے۔ ان کے لیے کوئی حیلہ باقی نہیں چھوڑا گیا تھا اور انہیں

بڑے واضح اور دو ٹوک الفاظ میں تبلا دیا گیا تھا کہ اگر وہ اپنی گمراہی اور عناد پر مُصِر رہے تو اس کے نتائج کس قدر سنگین ہوں گے۔ اس کی دلیل میں گذشتہ قوموں کے ایسے واقعات اور تاریخی شواہد پیش کئے گئے تھے جن سے واضح ہوتا تھا کہ اللہ کی سنّت اپنے اولیاء اور اعداء کے بارے میں کیا ہے۔ پھر اس ڈراوے کے پہلو بہ پہلو لطف و کرم کی باتیں بھی کہی جا رہی تھیں اور افہام و تفہیم اور ارشاد و رہنمائی کا حق بھی ادا کیا جا رہا تھا تا کہ باز آنے والے اپنی کھلی گمراہی سے باز آسکیں۔

درحقیقت قرآن مسلمانوں کو ایک دوسری ہی دنیا کی سیر کراتا تھا اور انہیں کائنات کے مشاہد، ربوبیت کے جمال، الوہیت کے کمال، رحمت و رافت کے آثار اور لُطف و رضا کے ایسے ایسے جلوے دکھاتا تھا کہ ان کے جذب و شوق کے آگے کوئی رکاوٹ برقرار ہی نہ رہ سکتی تھی۔

پھر انہیں آیات کی تہ میں مسلمانوں سے ایسے ایسے خطاب بھی ہوتے تھے جن میں پروردگار کی طرف سے رحمت و رضوان اور دائمی نعمتوں سے بھری ہوئی جنّت کی بشارت ہوتی تھی اور ظالم و سرکش دشمنوں اور کافروں کے ان حالات کی تصویر کشی ہوتی تھی کہ وہ رب العالمین کی عدالت میں فیصلے کے لیے کھڑے کئے جائیں گے۔ ان کی بھلائیاں اور نیکیاں ضبط کر لی جائیں گی اور انہیں چہروں کے بل گھسیٹ کر یہ کہتے ہوئے جہنّم میں پھینک دیا جائے گا کہ لو جہنّم کا لطف اٹھاؤ۔

۶۔ **کامیابی کی بشارتیں** ۔ ان ساری باتوں کے علاوہ مسلمانوں کو اپنی مظلومیت کے پہلے ہی دن سے ــــ بلکہ اس کے بھی پہلے سے ــــ معلوم تھا کہ اسلام قبول کرنے کے معنی یہ نہیں ہیں کہ دائمی مصائب اور ہلاکت خیزیاں مول لے لی گئیں بلکہ اسلامی دعوت روزِ اوّل سے جاہلیتِ جہلاء اور اس کے ظالمانہ نظام کے خاتمے کے عزائم رکھتی ہے اور اس دعوت کا ایک اہم نشانہ یہ بھی ہے کہ وہ روئے زمین پر اپنا اثر و نفوذ پھیلائے اور دنیا کے سیاسی موقف پر اس طرح غالب آجائے کہ انسانی جمعیّت اور اقوامِ عالم کو اللہ کی مرضی کی طرف لے جاسکے۔ اور انہیں بندوں کی بندگی سے نکال کر اللہ کی بندگی میں داخل کر سکے۔

قرآن مجید میں یہ بشارتیں ــــ کبھی اشارۃً اور کبھی صراحۃً ۔ نازل ہوتی تھیں۔ چنانچہ ایک

طرف حالات یہ تھے کہ مسلمانوں پر پوری روئے زمین اپنی ساری وُسعتوں کے باوجود تنگ بنی ہوئی تھی اور ایسا لگتا تھا کہ اب وہ پنپ نہ سکیں گے بلکہ ان کا مکمل صفایا کر دیا جائے گا مگر دوسری طرف ان ہی حوصلہ شکن حالات میں ایسی آیات کا نزول بھی ہوتا رہتا تھا جن میں پچھلے انبیاء کے واقعات اور ان کی قوم کی تکذیب و کفر کی تفصیلات مذکور ہوتی تھیں اور ان آیات میں ان کا جو نقشہ کھینچا جاتا تھا وہ بعینہٖ وہی ہوتا تھا جو مکّے کے مسلمانوں اور کافروں کے مابین درپیش تھا؛ اس کے بعد یہ بھی بتایا جاتا تھا کہ ان حالات کے نتیجے میں کس طرح کافروں اور ظالموں کو ہلاک کیا گیا اور اللہ کے نیک بندوں کو روئے زمین کا وارث بنایا گیا۔ اس طرح ان آیات میں واضح اشارہ ہوتا تھا کہ آگے چل کر اہلِ مکّہ ناکام و نامراد رہیں گے اور مسلمان اور ان کی اسلامی دعوت کامیابی سے ہمکنار ہو گی۔ پھر ان ہی حالات و ایام میں بعض ایسی بھی آیتیں نازل ہو جاتی تھیں جن میں صراحت کے ساتھ اہلِ ایمان کے غلبے کی بشارت موجود ہوتی تھی۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :۔

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ ○ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ ○ وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ ○ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ○ وَأَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ○ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ○ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ ○ (۳۷: ۱۷۱-۱۷۷)

"اپنے فرستادہ بندوں کے لیے ہمارا پہلے ہی یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ ان کی ضرور مدد کی جائے گی اور یقیناً ہمارا ہی لشکر غالب رہے گا، پس (اے نبی ﷺ) ایک وقت تک کے لیے تم ان سے رُخ پھیر لو اور انہیں دیکھتے رہو عنقریب یہ خود بھی دیکھ لیں گے۔ کیا یہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی مچا رہے ہیں تو جب وہ ان کے صحن میں اتر پڑے گا تو ڈرائے گئے لوگوں کی صبح بُری ہو جائے گی۔"

نیز ارشاد ہے۔

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ○ (۵۴: ۴۵)

"عنقریب اس جمعیت کو شکست دے دی جائے گی اور یہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگیں گے۔"

جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُومٌ مِّنَ الْأَحْزَابِ ○ (۳۸: ۱۱)

"یہ جتھوں میں سے ایک معمولی سا جتھہ ہے جسے یہیں شکست دی جائے گی۔"

مہاجرینِ حبشہ کے بارے میں ارشاد ہُوا۔

وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ○ (۱۶: ۴۱)

"جن لوگوں نے مظلومیت کے بعد اللہ کی راہ میں ہجرت کی ہم انہیں یقیناً دنیا میں بہترین ٹھکانہ عطا کریں گے۔ اور آخرت کا اجر بہت ہی بڑا ہے اگر لوگ جانیں۔"

اسی طرح کفّار نے رسول اللہ ﷺ سے حضرت یوسف علیہ السّلام کا واقعہ پوچھا تو جواب میں ضمناً یہ آیت بھی نازل ہوئی۔

لَقَدْ كَانَ فِىْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ○ (۱۲: ۷)

"یوسف اور ان کے بھائیوں (کے واقعے) میں پوچھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔"

یعنی اہلِ مکّہ جو آج حضرت یوسف علیہ السّلام کا واقعہ پوچھ رہے ہیں یہ خود بھی اسی طرح ناکام ہوں گے جس طرح حضرت یوسف علیہ السّلام کے بھائی ناکام ہوئے تھے اور ان کی سپر اندازی کا وہی حال ہوگا جو ان کے بھائیوں کا ہُوا تھا۔ انہیں حضرت یوسف علیہ السّلام اور ان کے بھائیوں کے واقعے سے عبرت پکڑنی چاہیئے کہ ظالم کا حشر کیا ہوتا ہے۔ ایک جگہ پیغمبروں کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد ہُوا:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِىْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِىْ وَخَافَ وَعِيْدِ ○ (۱۴: ۱۳/۱۴)

"کفّار نے اپنے پیغمبروں سے کہا کہ ہم تمہیں اپنی زمین سے ضرور نکال دیں گے یا یہ کہ تم ہماری ملّت میں واپس آجاؤ۔ اس پر ان کے رب نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ ہم ظالموں کو یقیناً ہلاک کر دیں گے۔ یہ (وعدہ) ہے اس شخص کے لیے جو میرے پاس کھڑے ہونے سے ڈرے اور میری وعید سے ڈرے۔"

اسی طرح جس وقت فارس و روم میں جنگ کے شعلے بھڑک رہے تھے اور کفّار چاہتے تھے کہ فارسی غالب آجائیں کیونکہ فارسی مشرک تھے اور مسلمان چاہتے تھے کہ رومی غالب آجائیں، کیونکہ رومی بہر حال اللہ پر، پیغمبروں پر، وحی پر، آسمانی کتابوں پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھنے کے دعویدار تھے، لیکن غلبہ فارسیوں کو حاصل ہوتا جا رہا تھا تو اس وقت اللہ نے یہ خوشخبری نازل فرمائی کہ چند برس بعد رُومی غالب آجائیں گے، لیکن اسی ایک بشارت پر اکتفا نہ کی بلکہ اس ضمن میں یہ بشارت بھی نازل فرمائی کہ رُومیوں کے غلبے کے وقت اللہ تعالیٰ مومنین کی بھی خاص مدد فرمائے گا جس سے وہ خوش ہو جائیں گے، چنانچہ ارشاد ہے:

...وَيَوْمَئِذٍ يَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ (۳۰: ۴/۵)

"یعنی اس دن اہلِ ایمان بھی اللہ کی (ایک خاص) مدد سے خوش ہو جائیں گے۔"

(اور آگے چل کر اللہ کی یہ مدد جنگِ بدر کے اندر حاصل ہونے والی عظیم کامیابی اور فتح کی شکل میں نازل ہوئی۔)

قرآن کے علاوہ خود رسول اللہ ﷺ بھی مسلمانوں کو وقتاً فوقتاً اس طرح کی خوشخبری سنایا کرتے تھے؛ چنانچہ موسمِ حج میں آپ عکاظ، مجنہ اور ذو المجاز کے بازاروں میں لوگوں کے اندر تبلیغِ رسالت کے لیے تشریف لے جاتے تو صرف جنّت ہی کی بشارت نہیں دیتے تھے بلکہ دو ٹوک لفظوں میں اس کا بھی اعلان فرماتے تھے:

يَاۤاَيُّهَا النَّاسُ قُوْلُوْا لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ تُفْلِحُوْا وَتَمْلِكُوْا بِهَا الْعَرَبَ وَتَدِيْنُ لَكُمْ بِهَا الْعَجَمُ فَاِذَا مُتُّمْ كُنْتُمْ مُلُوْكًا فِي الْجَنَّةِ ۔[۱]

"لوگو! لا الٰہ الا اللہ کہو، کامیاب رہو گے؛ اور اِس کی بدولت عرب کے بادشاہ بن جاؤ گے اور اس کی وجہ سے عجم بھی تمہارے زیرِ نگیں آجائے گا پھر جب تم وفات پاؤ گے تو جنّت کے اندر بادشاہ رہو گے۔"

یہ واقعہ پچھلے صفحات میں گذر چکا ہے کہ جب عُتبہ بن ربیعہ نے آپ ﷺ کو متاعِ دنیا کی پیشکش کر کے سودے بازی کرنی چاہی اور آپ ﷺ نے جواب میں حٰمٓ تنزیل السجدہ کی آیات پڑھ کر سنائیں تو عتبہ کو یہ توقع بندھ گئی کہ انجام کار آپؐ غالب رہیں گے۔

اسی طرح ابوطالب کے پاس آنے والے قریش کے آخری وفد سے آپ ﷺ کی جو گفتگو ہوئی تھی اس کی بھی تفصیلات گذر چکی ہیں۔ اس موقعے پر بھی آپ ﷺ نے پوری صراحت کے ساتھ فرمایا تھا کہ آپ ﷺ ان سے صرف ایک بات چاہتے ہیں جسے وہ مان لیں تو عرب ان کا تابع فرمان بن جائے اور عجم پر ان کی بادشاہت قائم ہو جائے۔

حضرت خبّاب بن اَرَت کا ارشاد ہے کہ ایک بار میں خدمتِ نبوی ﷺ میں حاضر ہُوا۔ آپؐ کعبہ کے سائے میں ایک چادر کو تکیہ بنائے تشریف فرما تھے۔ اس وقت ہم مشرکین کے ہاتھوں سختی سے دوچار تھے۔ میں نے کہا: "کیوں نہ آپ ﷺ اللہ سے دُعا فرمائیں۔" یہ سُن کر آپ ﷺ اُٹھ بیٹھے، آپ ﷺ کا چہرہ سُرخ ہو گیا اور آپ ﷺ نے فرمایا: "جو لوگ تم سے پہلے تھے، ان کی ہڈیوں تک گوشت اور اعصاب میں لوہے

---

[۱] ترمذی

کی کنگھیاں کر دی جاتی تھیں لیکن یہ سختی بھی انہیں دین سے باز نہ رکھتی تھی"۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: "اللہ اس امر کو یعنی دین کو مکمل کر کے رہے گا یہاں تک کہ سوار صنعاء سے حضرموت تک جائیگا اور اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہ ہو گا۔ البتہ بکری پر بھیڑیے کا خوف ہو گا"[7] ایک روایت میں اتنا اور بھی ہے کہ — "لیکن تم لوگ جلدی کر رہے ہو"[8] یاد رہے کہ یہ بشارتیں کچھ ڈھکی چھپی نہ تھیں۔ بلکہ معروف ومشہور تھیں اور مسلمانوں ہی کی طرح کفار بھی ان سے واقف تھے، چنانچہ جب اسود بن مطلب اور اس کے رفقاء صحابہؓ کرام کو دیکھتے تو طعنہ زنی کرتے ہوئے آپس میں کہتے کہ لیجئے آپ کے پاس روئے زمین کے بادشاہ آگئے ہیں۔ یہ جلد ہی شاہانِ قیصر وکسریٰ کو مغلوب کر لیں گے۔ اس کے بعد وہ سیٹیاں اور تالیاں بجاتے۔[9]

بہرحال صحابہؓ کرام کے خلاف اس وقت ظلم وستم اور مصائب و آلام کا جو ہمہ گیر طوفان برپا تھا اس کی حیثیت حصولِ جنت کی ان یقینی امیدوں اور تابناک وپُروقار مستقبل کی ان بشارتوں کے مقابل اس بادل سے زیادہ نہ تھی جو ہوا کے ایک ہی جھٹکے سے بکھر کر تحلیل ہو جاتا ہے۔

علاوہ ازیں رسول اللہ ﷺ اہلِ ایمان کو ایمانی مرغوبات کے ذریعے مسلسل روحانی غذا فراہم کر رہے تھے۔ تعلیم کتاب وحکمت کے ذریعے ان کے نفوس کا تزکیہ فرما رہے تھے۔ نہایت دقیق اور گہری تربیت دے رہے تھے اور رُوح کی بلندی، قلب کی صفائی، اخلاق کی پاکیزگی مادیات کے غلبے سے آزادی، شہوات کی مقاومت اور رب السموات والارض کی کشش کے مقامات کی جانب ان کے نفوسِ قدسیہ کی حدی خوانی فرما رہے تھے۔ آپ ﷺ ان کے دلوں کی بجھتی ہوئی چنگاری کو بھڑکتے ہوئے شعلوں میں تبدیل کر دیتے تھے اور انہیں تاریکیوں سے نکال کر نورزارِ ہدایت میں پہنچا رہے تھے۔ انہیں اذیتوں پر صبر کی تلقین فرماتے تھے اور شریفانہ درگذر اور ضبطِ نفس کی ہدایت دیتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ ان کی دینی پختگی فزوں تر ہوتی گئی۔ اور وہ شہوات سے کنارہ کشی، رضائے الٰہی کی راہ میں جاں سپاری، جنت کے شوق، علم کی حرص، دین کی سمجھ نفس کے محاسبے، جذبات کو دبانے رجحانات کو موڑنے، ہیجانات کی لہروں پر قابو پاتے اور صبر وسکون اور عزّ ووقار کی پابندی کرنے میں انسانیت کا نادرۂ روزگار نمونہ بن گئے۔

---

[7] صحیح بخاری ۱/۵۴۳ [8] صحیح بخاری ۱/۵۱۰ [9] فقہ السیرہ ص ۸۴

تیسرا مرحلہ :

بیرونِ مکہ دعوتِ اسلام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طائف میں

شوال ۱۰ نبوت (اواخر مئی یا اوائل جون ۶۱۹ء) میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم طائف تشریف لے گئے۔ یہ مکے سے تقریباً ساٹھ میل دور ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مسافت آتے جاتے پیدل طے فرمائی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپؐ کے آزاد کردہ غلام حضرت زیدؓ بن حارثہ تھے۔ راستے میں جس قبیلے سے گزر ہوتا اسے اسلام کی دعوت دیتے لیکن کسی نے بھی یہ دعوت قبول نہ کی۔

جب طائف پہنچے تو قبیلہ ثقیف کے تین سرداروں کے پاس تشریف لے گئے جو آپس میں بھائی تھے اور جن کے نام یہ تھے: عبد یا لیل، مسعود اور حبیب۔ ان تینوں کے والد کا نام عمرو بن عمیر ثقفی تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پاس بیٹھنے کے بعد انہیں اللہ کی اطاعت اور اسلام کی مدد کی دعوت دی۔ جواب میں ایک نے کہا کہ وہ کعبے کا پردہ پھاڑے اگر اللہ نے تمہیں رسول بنایا ہو[2]۔ دوسرے نے کہا: "کیا اللہ کو تمہارے علاوہ کوئی اور نہ ملا؟" تیسرے نے کہا: "میں تم سے ہرگز بات نہ کروں گا۔ اگر تم واقعی پیغمبر ہو تو تمہاری بات رد کرنا میرے لیے انتہائی خطرناک ہے اور اگر تم نے اللہ پر جھوٹ گھڑ رکھا ہے تو پھر مجھے تم سے بات کرنی ہی نہیں چاہیئے۔" یہ جواب سن کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے اٹھ کھڑے ہوئے اور صرف اتنا فرمایا: "تم لوگوں نے جو کچھ کیا، بہرحال اسے پسِ پردہ ہی رکھنا۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف میں دس دن قیام فرمایا۔ اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ایک ایک سردار کے پاس تشریف لے گئے اور ہر ایک سے گفتگو کی لیکن سب کا ایک ہی جواب تھا کہ تم ہمارے شہر سے نکل جاؤ۔ بلکہ انہوں نے اپنے اوباشوں کو شہ دے دی۔

---

[1] مولانا نجیب آبادی نے تاریخِ اسلام ۱/ ۱۲۲ میں اس کی صراحت کی ہے اور یہی میرے نزدیک بھی راجح ہے۔

[2] یہ اردو کے اس محاورے سے ملتا جلتا ہے کہ "اگر تم پیغمبر ہو تو اللہ مجھے غارت کرے"۔ مقصود اس یقین کا اظہار ہے کہ تمہارا پیغمبر ہونا ناممکن ہے جیسے کعبے کے پردے پر دست درازی کرنا ناممکن ہے۔

چنانچہ جب آپ ﷺ نے واپسی کا قصد فرمایا تو یہ اوباش گالیاں دیتے، تالیاں پیٹتے اور شور مچاتے آپ ﷺ کے پیچھے لگ گئے، اور دیکھتے دیکھتے اتنی بھیڑ جمع ہو گئی کہ آپ ﷺ کے راستے کے دونوں جانب لائن لگ گئی۔ پھر گالیوں اور بدزبانیوں کے ساتھ ساتھ پتھر بھی چلنے لگے جس سے آپ ﷺ کی ایڑی پر اتنے زخم آئے کہ دونوں جوتے خون میں تربتر ہو گئے۔ ادھر حضرت زیدؓ بن حارثہ ڈھال بن کر چلتے ہوئے پتھروں کو روک رہے تھے جس سے ان کے سر میں کئی جگہ چوٹ آئی۔ بدمعاشوں نے یہ سلسلہ برابر جاری رکھا یہاں تک کہ آپؐ کو عُتْبَہ اور شَیْبَہ ابنائے ربیعہ کے ایک باغ میں پناہ لینے پر مجبور کر دیا۔ یہ باغ طائف سے تین میل کے فاصلے پر واقع تھا۔ جب آپ ﷺ نے یہاں پناہ لی تو بھیڑ واپس چلی گئی اور آپ ﷺ ایک دیوار سے ٹیک لگا کر انگور کی بیل کے سائے میں بیٹھ گئے۔ قدرے اطمینان ہوا تو دعا فرمائی جو دعائے مستضعفین کے نام سے مشہور ہے۔ اُس دُعا کے ایک ایک فقرے سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ طائف میں اس بدسلوکی سے دوچار ہونے کے بعد اور کسی ایک بھی شخص کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے آپ ﷺ کس قدر دل فگار تھے اور آپ ﷺ کے احساسات پر حزن والم اور غم و افسوس کا کس قدر غلبہ تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

اللھم الیك اشکو ضعف قوتی وقلّة حیلتی وھَوانِی علی الناس یا ارحم الراحمین، انت ربّ المستضعفین وانت ربّی، الی من تکلنی؟ الی بعید یتجھمنی ام إلی عَدُوٍّ ملکته امری؟ ان لم یکن بك علیّ غضب فلا ابالی، ولکن عافیتك ھی اوسع لی، اعوذ بنور وجھك الذی اشرقت له الظلمات وصلح علیه امر الدنیا والاخرة من ان تنزل بی غضبك أو یحل علیّ سخطك لك العتبی حتی ترضی، ولاحول ولا قوة الا بك.

"بارالٰہا! میں تجھ ہی سے اپنی کمزوری و بے بسی اور لوگوں کے نزدیک اپنی بے قدری کا شکوہ کرتا ہوں۔ یا ارحم الراحمین! تو کمزوروں کا رب ہے اور تُو ہی میرا بھی رب ہے۔ تُو مجھے کس کے حوالے کر رہا ہے؟ کیا کسی بیگانے کے جو میرے ساتھ تندی سے پیش آئے؟ یا کسی دشمن کے جس کو تُو نے میرے معاملے کا مالک بنا دیا ہے؟ اگر مجھ پر تیرا غضب نہیں ہے تو مجھے کوئی پروا نہیں، لیکن تیری عافیت میرے لیے زیادہ کشادہ ہے۔ میں تیرے چہرے کے اس نور کی پناہ چاہتا ہوں جس سے تاریکیاں روشن ہو گئیں اور جس پر دنیا و آخرت کے معاملات دُرست

ہوئے کہ تو مجھ پر اپنا غضب نازل کرتے، یا تیرا عتاب مجھ پر وارد ہو۔ تیری ہی رضا مطلوب ہے یہاں تک کہ تو خوش ہو جائے اور تیرے بغیر کوئی زور اور طاقت نہیں۔"

ادھر آپ ﷺ کو ابنائے ربیعہ نے اس حالتِ زار میں دیکھا تو ان کے جذبۂ قرابت میں حرکت پیدا ہوئی اور انہوں نے اپنے ایک عیسائی غلام کو جس کا نام عَداس تھا بلا کر کہا کہ اس انگور سے ایک گچھا لو۔ اور اس شخص کو دے آؤ۔ جب اس نے انگور آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ ﷺ نے بسم اللہ کہہ کر ہاتھ بڑھایا اور کھانا شروع کیا۔

عداس نے کہا "یہ جملہ تو اس علاقے کے لوگ نہیں بولتے۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم کہاں کے رہنے والے ہو؟ اور تمہارا دین کیا ہے؟" اس نے کہا میں عیسائی ہوں اور نینوی کا باشندہ ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اچھا! تم مردِ صالح یونس بن متی کی بستی کے رہنے والے ہو؟" اُس نے کہا: "آپ ﷺ یونس بن متی کو کیسے جانتے ہیں؟" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "وہ میرے بھائی تھے۔ وہ نبی تھے اور میں بھی نبی ہوں۔" یہ سُن کر عداس رسول اللہ ﷺ پر جھک پڑا اور آپ ﷺ کے سر اور ہاتھ پاؤں کو بوسہ دیا۔

یہ دیکھ کر ربیعہ کے دونوں بیٹوں نے آپس میں کہا لو: اب اس شخص نے ہمارے غلام کو بگاڑ دیا۔ اس کے بعد جب عداس واپس گیا تو دونوں نے اس سے کہا: "اجی! یہ کیا معاملہ تھا؟" اُس نے کہا "میرے آقا! رُوئے زمین پر اس شخص سے بہتر کوئی اور نہیں۔ اس نے مجھے ایک ایسی بات بتائی ہے جسے نبی کے سوا کوئی نہیں جانتا۔" ان دونوں نے کہا: "دیکھو عداس کہیں یہ شخص تمہیں تمہارے دین سے پھیر نہ دے۔ کیونکہ تمہارا دین اس کے دین سے بہتر ہے۔"

قدرے ٹھہر کر رسول اللہ ﷺ باغ سے نکلے تو "مکے" کی راہ پر چل پڑے۔ غم والم کی شدت سے طبیعت نڈھال اور دل پاش پاش تھا۔ قرنِ منازل پہنچے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت جبریل علیہ السّلام تشریف لائے۔ ان کے ساتھ پہاڑوں کا فرشتہ بھی تھا۔ وہ آپ ﷺ سے یہ گذارش کرنے آیا تھا کہ آپ ﷺ حکم دیں تو وہ اہلِ مکّہ کو دو پہاڑوں کے درمیان پیس ڈالے۔

اس واقعے کی تفصیل صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ انہوں نے ایک روز رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا کہ کیا آپ ﷺ پر کوئی ایسا دن بھی آیا ہے جو اُحُد کے دن سے زیادہ سنگین رہا ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "ہاں!

تمہاری قوم سے مجھے جن جن مصائب کا سامنا کرنا پڑا ان میں سب سے سنگین مصیبت وہ تھی جس سے میں گھاٹی کے دن دو چار ہُوا، جب میں نے اپنے آپ کو عبدِ یا لَیل بن عبدِ کُلال کے صاحبزادے پر پیش کیا مگر اس نے میری بات منظور نہ کی تو میں غم و الم سے نڈھال اپنے رُخ پر چل پڑا اور مجھے قرن ثعالب پہنچ کر ہی افاقہ ہُوا۔ وہاں میں نے سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ بادل کا ایک ٹکڑا مجھ پر سایہ فگن ہے۔ مَیں نے بغور دیکھا تو اس میں حضرت جبریل علیہ السّلام تھے۔ انہوں نے مجھے پکار کر کہا: آپ ﷺ کی قوم نے آپ ﷺ سے جو بات کہی اللہ نے اُسے سُن لیا ہے۔ اب اس نے آپ ﷺ کے پاس پہاڑوں کا فرشتہ بھیجا ہے تاکہ آپ ﷺ ان کے بارے میں اسے جو حکم چاہیں دیں۔ اس کے بعد پہاڑوں کے فرشتے نے مجھے آواز دی اور سلام کرنے کے بعد کہا: اے محمدؐ (ﷺ)! بات یہی ہے۔ اب آپ (ﷺ) جو چاہیں ...... اگر چاہیں کہ مَیں انہیں دو پہاڑوں[1] کے درمیان کچل دوں ـــــ تو ایسا ہی ہوگا ـــــ نبی ﷺ نے فرمایا (نہیں) بلکہ مجھے امید ہے کہ اللہ عزّ و جل ان کی پشت سے ایسی نسل پیدا کرے گا جو صرف ایک اللہ کی عبادت کرے گی اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائے گی۔[2]

رسول اللہ ﷺ کے اس جواب میں آپؐ کی یگانۂ روزگار شخصیت اور ناقابلِ ادراک گہرائی رکھنے والے اخلاق عظیمہ کے جلوے دیکھے جا سکتے ہیں۔ بہرحال اب سات آسمانوں کے اوپر سے آنے والی اس غیبی مدد کی وجہ سے آپ ﷺ کا دل مطمئن ہوگیا اور غم و الم کے بادل چھٹ گئے چنانچہ آپ ﷺ نے مکّے کی راہ پر مزید پیش قدمی فرمائی اور وادئ نخلہ میں جا فروکش ہوئے۔ یہاں دو جگہیں قیام کے لائق ہیں۔ ایک السیل الکبیر اور دوسرے زیمہ کیونکہ دونوں ہی جگہ پانی اور شادابی موجود ہے لیکن کسی ماخذ سے یہ پتہ نہیں چل سکا کہ آپ ﷺ نے ان میں سے کس جگہ قیام فرمایا تھا۔

وادئ نَخلَہ میں آپ ﷺ کا قیام چند دن رہا۔ اس دوران اللہ تعالےٰ نے آپ ﷺ کے پاس جنّوں کی ایک جماعت بھیجی جس کا ذکر قرآن مجید میں دو جگہ آیا ہے۔ ایک

---

[1] اس موقع پر صحیح بخاری میں لفظ اخشبین استعمال کیا گیا ہے جو مکہ کے دو مشہور پہاڑوں اُبُو قُبَیس اور قعیقعان پر بولا جاتا ہے۔ یہ دونوں پہاڑ علی الترتیب حرم کے جنوب و شمال میں آمنے سامنے واقع ہیں۔ اُس وقت مکّے کی عام آبادی ان ہی دو پہاڑوں کے بیچ میں تھی۔

[2] صحیح بخاری کتاب بدء الخلق ۱/ ۴۵۸ مسلم باب مالقی النبی ﷺ من اذی المشرکین والمنافقین ۲/ ۱۰۹

سورۃ الاحقاف میں، دوسرے سورۃ جن میں، سورۃ الاحقاف کی آیات یہ ہیں:

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ (۴۶: ۲۹-۳۱)

"اور جب کہ ہم نے آپؐ کی طرف جنوں کے ایک گروہ کو پھیرا کہ وہ قرآن سنیں تو جب وہ (تلاوت) قرآن کی جگہ پہنچے تو انہوں نے آپس میں کہا کہ چُپ ہو جاؤ، پھر جب اس کی تلاوت پوری کی جا چکی تو وہ اپنی قوم کی طرف عذاب الٰہی سے ڈرانے والے بن کر پلٹے۔ انہوں نے کہا: اے ہماری قوم! ہم نے ایک کتاب سُنی ہے جو موسیٰؑ کے بعد نازل کی گئی ہے۔ اپنے سے پہلے کی تصدیق کرنے والی ہے حق اور راہِ راست کی طرف رہنمائی کرتی ہے اے ہماری قوم! اللہ کے داعی کی بات مان لو اور اس پر ایمان لے آؤ اللہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے بچائے گا۔"

سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ (۷۲: ۱/۲)

"آپ کہہ دیں: میری طرف یہ وحی کی گئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے قرآن سُنا، اور باہم کہا کہ ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے۔ جو راہِ راست کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں اور ہم اپنے رب کے ساتھ کسی کو ہرگز شریک نہیں کر سکتے۔" (پندرھویں آیت تک)

یہ آیات جو اس واقعے کے بیان کے سلسلے میں نازل ہوئیں ان کے سیاق و سباق سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کو ابتداءً جنوں کی اس جماعت کی آمد کا علم نہ ہو سکا تھا بلکہ جب ان آیات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ ﷺ کو اطلاع دی گئی تب آپؐ واقف ہو سکے۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جنوں کی یہ آمد پہلی بار ہوئی تھی اور احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے بعد ان کی آمد و رفت ہوتی رہی۔

جنوں کی آمد اور قبولِ اسلام کا واقعہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی جانب سے دوسری مدد تھی جو اس نے اپنے غیبِ مکنون کے خزانے سے اپنے اس لشکر کے ذریعے فرمائی تھی جس کا

علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں، پھر اس واقعے کے تعلق سے جو آیات نازل ہوئیں ان کے بیچ میں نبی ﷺ کی دعوت کی کامیابی کی بشارتیں بھی ہیں اور اس بات کی وضاحت بھی کہ کائنات کی کوئی بھی طاقت اس دعوت کی کامیابی کی راہ میں حائل نہیں ہوسکتی چنانچہ ارشاد ہے :

وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (۴۶ : ۳۲)

"جو اللہ کے داعی کی دعوت قبول نہ کرے وہ زمین میں (اللہ کو) بے بس نہیں کر سکتا، اور اللہ کے سوا اس کا کوئی کارساز ہے بھی نہیں اور ایسے لوگ کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں۔"

وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ۝ (۷۲ : ۱۲)

"ہماری سمجھ میں آگیا ہے کہ ہم اللہ کو زمین میں بے بس نہیں کر سکتے اور نہ ہم بھاگ کر ہی اسے (پکڑنے سے) عاجز کر سکتے ہیں۔"

اس نصرت اور ان بشارتوں کے سامنے غم والم اور حزن و مایوسی کے وہ سارے بادل چھٹ گئے جو طائف سے نکلتے وقت گالیاں اور تالیاں سننے اور پتھر کھانے کی وجہ سے آپ ﷺ پر چھائے تھے۔ آپ ﷺ نے عزم مصمم فرمالیا کہ اب مکہ پلٹنا ہے اور نئے سرے سے دعوتِ اسلام اور تبلیغ رسالت کے کام میں چستی اور گرمجوشی کے ساتھ لگ جانا ہے یہی موقع تھا جب حضرت زید بن حارثہ نے آپ ﷺ سے عرض کی کہ آپؐ مکہ کیسے جائیں گے جبکہ وہاں کے باشندوں یعنی قریش نے آپ ﷺ کو نکال دیا ہے؟ اور جواب میں آپ ﷺ نے فرمایا: "اے زید! تم جو حالت دیکھ رہے ہو اللہ تعالیٰ اس سے کشادگی اور نجات کی کوئی راہ ضرور بنائے گا۔ اللہ یقیناً اپنے دین کی مدد کرے گا۔ اور اپنے نبی کو غالب فرمائے گا۔"

آخر رسول اللہ ﷺ وہاں سے روانہ ہوئے اور مکے کے قریب پہنچ کر کوہِ حرا کے دامن میں ٹھہر گئے۔ پھر خزاعہ کے ایک آدمی کے ذریعے اَخنَس بن شُرَیق کو یہ پیغام بھیجا کہ وہ آپ ﷺ کو پناہ دے دے مگر اَخنَس نے یہ کہہ کر معذرت کر لی کہ میں حلیف ہوں اور حلیف پناہ دینے کا اختیار نہیں رکھتا۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے سُہَیل بن عمرو کے پاس یہی پیغام بھیجا مگر اس نے بھی یہ کہہ کر معذرت کر لی کہ بنی عامر کی دی ہوئی پناہ بنو کعب پر لاگو نہیں ہوتی۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے مُطعِم بن عَدِی کے پاس پیغام بھیجا۔ مطعم نے کہا: ہاں اور پھر ہتھیار پہن کر اپنے

بیٹوں اور قوم کے لوگوں کو بلایا اور کہا تم لوگ ہتھیار باندھ کر خانہ کعبہ کے گوشوں پر جمع ہو جاؤ۔ کیونکہ میں نے محمد (ﷺ) کو پناہ دے دی ہے۔ اس کے بعد مطعم نے رسول اللہ ﷺ کے پاس پیغام بھیجا کہ مکے کے اندر آجائیں۔ آپ ﷺ پیغام پانے کے بعد حضرت زید بن حارثہ کو ہمراہ لے کر مکہ تشریف لائے، اور مسجد حرام میں داخل ہو گئے۔ اس کے بعد مُطْعِم بن عَدِی نے اپنی سواری پر کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ قریش کے لوگو! میں نے محمد (ﷺ) کو پناہ دے دی ہے۔ اب اُسے کوئی نہ چھیڑے۔ ادھر رسول اللہ ﷺ سیدھے حجرِ اسود کے پاس پہنچے اسے چُوما۔ پھر دو رکعت نماز پڑھی اور اپنے گھر کو پلٹ آئے۔ اس دوران مطعم بن عدی اور ان کے لڑکوں نے ہتھیار بند ہو کر آپ ﷺ کے ارد گرد حلقہ باندھے رکھا تا آنکہ آپ ﷺ اپنے مکان کے اندر تشریف لے گئے۔

کہا جاتا ہے کہ اس موقع پر ابوجہل نے مطعم سے پوچھا تھا کہ تم نے پناہ دی ہے یا پیروکار مسلمان بن گئے ہو؟ اور مطعم نے جواب دیا تھا کہ پناہ دی ہے اور اس جواب کو سن کر ابوجہل نے کہا تھا کہ جسے تم نے پناہ دی اسے ہم نے بھی پناہ دی ہے [۱]

رسول اللہ ﷺ نے مطعم بن عدی کے اس حُسنِ سلوک کو کبھی فراموش نہ فرمایا۔ چنانچہ بدر میں جب کفارِ مکہ کی ایک بڑی تعداد قید ہو کر آئی۔ اور بعض قیدیوں کی رہائی کے لیے حضرت جُبَیر بن مُطْعِم آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے فرمایا:

لو کان المطعم بن عدی حیا ثم کلمنی فی هٰؤلاء النتنی لترکتهم له [۲]

"اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتا، پھر مجھ سے ان بدبودار لوگوں کے بارے میں گفتگو کرتا تو میں اس کی خاطر ان سب کو چھوڑ دیتا۔"

---

[۱] سفر طائف کے واقعے کی یہ تفصیلات ابنِ ہشام ۱/۴۱۹ تا ۴۲۲۔ زاد المعاد ۲/۴۶، ۴۷، مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۱۴۱ تا ۱۴۳، رحمۃ للعالمین ۱/۷۱ تا ۷۴، تاریخ اسلام نجیب آبادی ۱/۱۲۲، ۱۲۴۔ اور معروف و معتبر کتب تفاسیر سے جمع کی گئی ہیں۔

[۲] صحیح بخاری ۲/۵۷۳

قبائل اور افراد کو اسلام کی دعوت

ذی قعدہ ۱۰ نبوت (اواخر جون یا اوائل جولائی ۶۱۹ء) میں رسول اللہ ﷺ طائف سے مکہ تشریف لائے، اور یہاں افراد اور قبائل کو پھر سے اسلام کی دعوت دینی شروع کی۔ چونکہ موسم حج قریب تھا اس لیے فریضۂ حج کی ادائیگی کے لیے دُور و نزدیک ہر جگہ سے پیدل اور سواروں کی آمد شروع ہوچکی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس موقعے کو غنیمت سمجھا۔ اور ایک ایک قبیلے کے پاس جاکر اسے اسلام کی دعوت دی جیسا کہ نبوّت کے چوتھے سال سے آپ ﷺ کا معمول تھا۔

وہ قبائل جنہیں اسلام کی دعوت دی گئی

امام زہریؒ فرماتے ہیں کہ جن قبائل کے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لے گئے اور انہیں اسلام کی دعوت دیتے ہوئے اپنے آپ کو ان پر پیش کیا ان میں سے حسب ذیل قبیلوں کے نام ہمیں بتائے گئے ہیں۔

بنو عامر بن صَعْصَعَہ، مُحَارِبْ بن خَصَفَہ، فَزَارَہ، غسّان، مرہ، حنیفہ، سُلَیْم، عبس، بنو نصر بنو البکاء، کلب، حارث بن کعب، عذرہ، حضارمہ،۔ لیکن ان میں سے کسی نے بھی اسلام قبول نہ کیا۔ [1]

واضح رہے کہ امام زہری کے ذکر کردہ ان سارے قبائل پہ ایک ہی سال یا ایک ہی موسم حج میں اسلام پیش نہیں کیا گیا تھا بلکہ نبوّت کے چوتھے سال سے ہجرت سے پہلے کے آخری موسم حج تک دس سالہ مُدّت کے دوران پیش کیا گیا تھا۔ [2]

ابنِ اسحاق نے بعض قبائل پر اسلام کی پیشی اور ان کے جواب کی کیفیت کا بھی ذکر کیا ہے۔ ذیل میں مختصراً ان کا بیان نقل کیا جارہا ہے:

۱۔ **بنو کلب** ۔ نبی ﷺ اس قبیلے کی ایک شاخ بنو عبداللہ کے پاس تشریف لے

---

[1] ترمذی، مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۱۴۹ [2] دیکھئے رحمۃ للعالمین ۱/۷۴

گئے۔ انہیں اللہ کی طرف بلایا اور اپنے آپ کو ان پر پیش کیا۔ باتوں باتوں میں یہ بھی فرمایا کہ اے بنو عبداللہ! اللہ نے تمہارے جدِ اعلیٰ کا نام بہت اچھا رکھا تھا، لیکن اس قبیلے نے آپ کی دعوت قبول نہ کی۔

۲۔ **بنو حنیفہ**۔ آپ ﷺ ان کے ڈیرے پر تشریف لے گئے۔ انہیں اللہ کی طرف بلایا اور اپنے آپ کو ان پر پیش کیا، لیکن ان جیسا برا جواب اہل عرب میں سے کسی نے بھی نہ دیا۔

۳۔ **عامر بن صَعصَعہ**۔ انہیں بھی آپ ﷺ نے اللہ کی طرف دعوت دی اور اپنے آپ کو ان پر پیش کیا۔ جواب میں ان کے ایک آدمی بُحَیرہ بن فراس نے کہا: "خدا کی قسم اگر میں قریش کے اس جوان کو لے لوں تو اس کے ذریعے پورے عرب کو کھا جاؤں گا۔" پھر اس نے دریافت کیا کہ اچھا یہ بتایئے: "اگر ہم آپ ﷺ سے آپ کے اس دین پر بیعت کرلیں پھر اللہ آپ کو مخالفین پر غلبہ عطا فرمائے تو کیا آپ کے بعد زمام کار ہمارے ہاتھ میں ہوگی؟"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "زمام کار تو اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ جہاں چاہے گا رکھے گا۔ اس پر اس شخص نے کہا: خوب! آپ ﷺ کی حفاظت میں تو ہمارا سینہ اہل عرب کے نشانے پر رہے، لیکن جب اللہ آپ ﷺ کو غلبہ عطا فرمائے تو زمام کار کسی اور کے ہاتھ میں ہو۔؟ ہمیں آپ ﷺ کے دین کی ضرورت نہیں"۔ غرض انہوں نے انکار کر دیا۔

اس کے بعد جب قبیلہ بنو عامر اپنے علاقے میں واپس گیا تو اپنے ایک بوڑھے آدمی کو ——— جو کبرسنی کے باعث حج میں شریک نہ ہو سکا تھا۔ سارا ماجرا سنایا اور بتایا کہ ہمارے پاس قبیلہ قریش کے خاندان بنو عبد المُطّلِب کا ایک جوان آیا تھا جس کا خیال تھا کہ وہ نبی ہے۔ اس نے ہمیں دعوت دی کہ ہم اس کی حفاظت کریں: اس کا ساتھ دیں اور اپنے علاقے میں لے آئیں۔ یہ سُن کر اس بڈھے نے دونوں ہاتھوں سے سر تھام لیا اور بولا: "اے بنو عامر! کیا اب اس کی تلافی کی کوئی سبیل ہے؟ اور کیا اس ازدست رفتہ کو ڈھونڈھا جا سکتا ہے؟ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں فلاں کی جان ہے کسی اسماعیلی نے کبھی اس (نبوّت) کا جھوٹا دعویٰ نہیں کیا۔

یقیناً حق ہے۔ آخر تمہاری عقل کہاں چلی گئی تھی؟"[۳]

ایمان کی شعاعیں مکّے سے باہر

جس طرح رسول اللہ ﷺ نے قبائل اور وفود پر اسلام پیش کیا، اسی طرح افراد اور اشخاص کو بھی اسلام کی دعوت دی اور بعض نے اچھا جواب بھی دیا۔ پھر اس موسم حج کے کچھ ہی عرصے بعد کئی افراد نے اسلام قبول کیا۔ ذیل میں ان کی ایک مختصر رُوداد پیش کی جارہی ہے۔

۱۔ **سُوَیدؓ بن صامت** ۔ یہ شاعر تھے۔ گہری سوجھ بوجھ کے حامل اور یثرب کے باشندے، ان کی پختگی، شعر گوئی اور شرف ونسب کی وجہ سے ان کی قوم نے انہیں کامل کا خطاب دے رکھا تھا۔ یہ حج یا عمرہ کے لیے مکّہ تشریف لائے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اسلام کی دعوت دی۔ کہنے لگے: "غالباً آپؐ کے پاس جو کچھ ہے وہ ویسا ہی ہے جیسا میرے پاس ہے۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تمہارے پاس کیا ہے؟" سُوَید نے کہا: "حکمتِ لقمان۔" آپ ﷺ نے فرمایا: "پیش کرو۔" انہوں نے پیش کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "یہ کلام یقیناً اچھا ہے۔ لیکن میرے پاس جو کچھ ہے وہ اس سے بھی اچھا ہے، وہ قرآن ہے جو اللہ تعالےٰ نے مجھ پر نازل کیا ہے۔ وہ ہدایت اور نور ہے۔" اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے انہیں قرآن پڑھ کر سنایا۔ اور اسلام کی دعوت دی۔ انہوں نے اسلام قبول کر لیا اور بولے: "یہ تو بہت ہی اچھا کلام ہے۔"[۴] اس کے بعد وہ مدینہ پلٹ کر آئے ہی تھے کہ جنگ بُعاث چھڑ گئی اور اسی میں قتل کر دئے گئے۔ انہوں نے ۱۱ نبوی کے آغاز میں اسلام قبول کیا تھا۔[۵]

۲۔ **اِیَاس بن معاذ** ۔ یہ بھی یثرب کے باشندے تھے اور نوخیز جوان۔ ۱۱ نبوت میں جنگ بُعاث سے کچھ پہلے اَوس کا ایک وفد خزرج کے خلاف قریش سے حلف وتعاون کی تلاش میں مکّہ آیا تھا۔ آپ بھی اسی کے ہمراہ تشریف لائے تھے۔ اس وقت یثرب میں ان دونوں قبیلوں کے درمیان عداوت کی آگ بھڑک رہی تھی اور اَوس کی تعداد خزرج سے کم تھی۔ رسول اللہ ﷺ کو وفد کی آمد کا علم ہُوا تو آپ ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے اور اُن کے درمیان بیٹھ کر یوں خطاب فرمایا: "آپ لوگ جس مقصد کے لیے تشریف لائے ہیں کیا اس

---

[۳] ابنِ ہشام ۱/ ۴۲۴، ۴۲۵ [۴] ابنِ ہشام ۱/ ۴۲۵ ـ ۴۲۷ ـ رحمۃ للعالمین ۱/ ۷۴

[۵] تاریخ اسلام اکبر شاہ نجیب آبادی ۱/ ۱۲۵

سے بہتر چیز قبول کر سکتے ہیں؟" ان سب نے کہا وہ کیا چیز ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا "میں اللہ کا رسُول ہوں۔ اللہ نے مجھے اپنے بندوں کے پاس اس بات کی دعوت دینے کے لیے بھیجا ہے کہ وہ اللہ کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں۔ اللہ نے مجھ پر کتاب بھی اتاری ہے۔" پھر آپ ﷺ نے اسلام کا ذکر کیا۔ اور قرآن کی تلاوت فرمائی۔

ایاس بن معاذ بولے: اے قوم یہ خدا کی قسم اس سے بہتر ہے جس کے لیے آپ لوگ یہاں تشریف لائے ہیں۔ لیکن وفد کے ایک رکن ابوالحیسر انس بن رافع نے ایک مُٹھی مٹی اٹھا کر ایاس کے منہ پر دے ماری اور بولا: "یہ بات چھوڑو! میری عمر کی قسم! یہاں ہم اس کے بجائے دوسرے ہی مقصد سے آئے ہیں۔" ایاس نے خاموشی اختیار کر لی اور رسول اللہ ﷺ بھی اٹھ گئے۔ وفد قریش کے ساتھ حلف و تعاون کا معاہدہ کرنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اور یوں ہی ناکام مدینہ واپس ہو گیا۔

مدینہ پلٹنے کے تھوڑے ہی دن بعد ایاس انتقال کر گئے۔ وہ اپنی وفات کے وقت تہلیل و تکبیر اور حمد و تسبیح کر رہے تھے اس لیے لوگوں کو یقین ہے کہ ان کی وفات اسلام پر ہوئی۔[۶]

۳۔ **ابو ذر غِفاریؓ** ۔ یہ یثرب کے اطراف میں سکونت پذیر تھے۔ جب سُوَیدؓ بن صامت اور ایاس بن معاذ کے ذریعے یثرب میں رسول اللہ ﷺ کی بعثت کی خبر پہنچی تو یہ خبر ابو ذر رضی اللہ عنہ کے کان سے بھی ٹکرائی اور یہی ان کے اسلام لانے کا سبب بنی۔[۷]

ان کے اسلام لانے کا واقعہ صحیح بخاری میں تفصیل سے مروی ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ابو ذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "میں قبیلہ غفار کا ایک آدمی تھا۔ مجھے معلوم ہوا کہ مکّے میں ایک آدمی نمودار ہوا ہے جو اپنے آپ کو نبی کہتا ہے۔ میں نے اپنے بھائی سے کہا: تم اس آدمی کے پاس جاؤ اس سے بات کرو۔ اور میرے پاس اس کی خبر لاؤ۔ وہ گیا، ملاقات کی، اور واپس آیا۔ میں نے پوچھا: کیا خبر لائے ہو؟ بولا: خدا کی قسم میں نے ایک ایسا آدمی دیکھا ہے جو بھلائی کا حکم دیتا ہے، اور بُرائی سے روکتا ہے۔ میں نے کہا تم نے تشفی بخش خبر نہیں دی۔ آخر میں نے خود توشہ دان اور ڈنڈا اٹھایا اور مکہ کے لیے چل پڑا۔ (وہاں پہنچ تو گیا) لیکن آپ ﷺ کو پہچانتا نہ تھا اور یہ

---

[۶] ابن ہشام ۱/۴۲۷، ۴۲۸

[۷] یہ بات اکبر شاہ نجیب آبادی نے تحریر کی ہے۔ دیکھئے ان کی تاریخ اسلام ۱/۱۲۸

بھی گوارا نہ تھا کہ آپؐ کے متعلق کسی سے پوچھوں۔ چنانچہ میں زمزم کا پانی پیتا اور مسجد حرام میں پڑا رہتا۔ آخر میرے پاس سے علیؓ کا گذر ہُوا۔ کہنے لگے: آدمی اجنبی معلوم ہوتے ہو! مَیں نے کہا: جی ہاں۔ انہوں نے کہا: اچھا تو گھر چلو۔ میں ان کے ساتھ چل پڑا۔ نہ وہ مجھ سے کچھ پوچھ رہے تھے نہ میں ان سے کچھ پوچھ رہا تھا اور نہ انہیں کچھ بتا ہی رہا تھا۔

صبح ہوئی تو میں اس ارادے سے پھر مسجد حرام گیا کہ آپ ﷺ کے متعلق دریافت کروں۔ لیکن کوئی نہ تھا جو مجھے آپ ﷺ کے متعلق کچھ بتاتا۔ آخر میرے پاس سے پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ گذرے (دیکھ کر) بولے: اس آدمی کو ابھی اپنا ٹھکانہ معلوم نہ ہو سکا؟ میں نے کہا: نہیں۔ انہوں نے کہا: اچھا تو میرے ساتھ چلو۔ اس کے بعد انہوں نے کہا: اچھا تمہارا معاملہ کیا ہے؟ اور تم کیوں اس شہر میں آئے ہو؟ میں نے کہا: آپ راز داری سے کام لیں تو بتاؤں۔ انہوں نے کہا! ٹھیک ہے میں ایسا ہی کروں گا۔ میں نے کہا: مجھے معلوم ہُوا ہے کہ یہاں ایک آدمی نمودار ہُوا ہے جو اپنے آپ کو اللہ کا نبی بتاتا ہے۔ میں نے اپنے بھائی کو بھیجا کہ وہ بات کر کے آئے۔ مگر اُس نے پلٹ کر کوئی تشفی بخش بات نہ بتلائی اس لیے مَیں نے سوچا کہ خود ہی ملاقات کر لوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: بھئی تم صحیح جگہ پہنچے۔ دیکھو میرا رخ انہیں کی طرف ہے۔ جہاں میں گُھسوں وہاں تم بھی گُھس جانا۔ اور ہاں اگر میں کسی ایسے شخص کو دیکھوں جس سے تمہارے لیے خطرہ ہے تو دیوار کی طرف اس طرح جا رہوں گا گویا اپنا جوتا ٹھیک کر رہا ہوں لیکن تم راستہ چلتے رہنا۔" اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے اور میں بھی ساتھ ساتھ چل پڑا۔ یہاں تک کہ وہ اندر داخل ہوئے اور میں بھی ان کے ساتھ نبی ﷺ کے پاس جا داخل ہُوا اور عرض پرداز ہُوا کہ آپ (ﷺ) مجھ پر اسلام پیش کریں۔ آپ ﷺ نے اسلام پیش فرمایا۔ اور مَیں وہیں مسلمان ہو گیا۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوذرؓ! اس معاملے کو پس پردہ رکھو۔ اور اپنے علاقے میں واپس چلے جاؤ۔ جب ہمارے ظہور کی خبر ملے تو آجانا۔ میں نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں تو ان کے درمیان بیانگ دہل اس کا اعلان کروں گا۔ اس کے بعد میں مسجد حرام آیا۔ قریش موجود تھے۔ مَیں نے کہا: قریش کے لوگو!

اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و اشھد ان محمّدا عبدہ ورسولہ

"مَیں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور مَیں شہادت دیتا ہوں کہ محمدؐ

ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

لوگوں نے کہا: اٹھو۔ اس بے دین کی خبر لو، لوگ اُٹھ پڑے۔ اور مجھے اسقدر مارا گیا کہ مر جاؤں۔ لیکن حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے مجھے آ بچایا۔ انہوں نے مجھے جھک کر دیکھا۔ پھر قریش کی طرف پلٹ کر بولے: تمہاری بربادی ہو۔ تم لوگ غفار کے ایک آدمی کو مارے دے رہے ہو؟ حالانکہ تمہاری تجارت گاہ اور گذر گاہ غفار ہی سے ہو کر جاتی ہے! اس پر لوگ مجھے چھوڑ کر ہٹ گئے۔ دوسرے دن صبح ہوئی تو میں پھر وہیں گیا اور جو کچھ کل کہا تھا آج پھر کہا اور لوگوں نے پھر کہا کہ اٹھو اس بے دین کی خبر لو۔ اس کے بعد پھر میرے ساتھ وہی ہُوا جو کل ہو چکا تھا اور آج بھی حضرت عباس رضی اللہ عنہ ہی نے مجھے آ بچایا۔ وہ مجھ پر جھکے پھر ویسی ہی بات کہی جیسی کل کہی تھی[۵]

۴۔ **طُفَیلؓ بن عَمرو دَوسی** ۔ یہ شریف انسان شاعر، سوجھ بوجھ کے مالک اور قبیلہ دَوس کے سردار تھے۔ ان کے قبیلے کو بعض نواحی یمن میں امارت یا تقریباً امارت حاصل تھی۔ وہ نبوت کے گیارہویں سال مکہ تشریف لائے تو وہاں پہنچنے سے پہلے ہی اہلِ مکہ نے ان کا استقبال کیا اور نہایت عزت و احترام سے پیش آئے۔ پھر ان سے عرض پرداز ہوئے کہ اے طفیل! آپ ہمارے شہر تشریف لائے ہیں اور یہ شخص جو ہمارے درمیان ہے اس نے ہمیں سخت پیچیدگی میں پھنسا رکھا ہے۔ ہماری جمعیت بکھیر دی ہے اور ہمارا شیرازہ منتشر کر دیا ہے۔ اس کی بات جادو کا سا اثر رکھتی ہے کہ آدمی اور اس کے باپ کے درمیان، آدمی اور اس کے بھائی کے درمیان اور آدمی اور اس کی بیوی کے درمیان تفرقہ ڈال دیتی ہے۔ ہمیں ڈر لگتا ہے کہ جس افتاد سے ہم دوچار ہیں کہیں وہ آپ پر اور آپ کی قوم پر بھی نہ آن پڑے، لہٰذا آپ اس سے ہرگز گفتگو نہ کریں اور اس کی کوئی چیز نہ سنیں۔

حضرت طُفَیلؓ کا ارشاد ہے کہ یہ لوگ مجھے برابر اسی طرح کی باتیں سمجھاتے رہے یہاں تک کہ میں نے تہیّہ کر لیا کہ نہ آپؐ کی کوئی چیز سنوں گا نہ آپ ﷺ سے بات چیت کروں گا؛ حتیٰ کہ جب میں صبح کو مسجد حرام گیا تو کان میں روئی ٹھونس رکھی تھی کہ مبادا آپ ﷺ کی کوئی بات میرے کان میں پڑ جائے، لیکن اللہ کو منظور تھا کہ آپؐ کی بعض باتیں مجھے سنا ہی دے۔ چنانچہ میں نے بڑا عمدہ کلام سُنا۔ پھر میں نے اپنے جی میں کہا: ہائے مجھ پر میری ماں کی آہ و فغاں! میں تو بخدا، ایک سوجھ

---

۵ صحیح بخاری باب قصہ زمزم ۱/۴۹۹، ۵۰۰۔ باب اسلام ابی ذر ۱/۵۴۴، ۵۴۵

بوجھ رکھنے والا شاعر آدمی ہوں، مجھ پر بھلا برا چھپا نہیں رہ سکتا۔ پھر کیوں نہ میں اس شخص کی بات سنوں؟ اگر اچھی ہوئی تو قبول کرلوں گا۔ بری ہوئی تو چھوڑ دوں گا۔ یہ سوچ کر میں رک گیا اور جب آپؐ گھر پلٹے تو میں بھی پیچھے ہولیا۔ آپ ﷺ اندر داخل ہوئے تو میں بھی داخل ہوگیا اور آپؐ کو اپنی آمد کا واقعہ اور لوگوں کے خوف دلانے کی کیفیت، پھر کان میں روئی ٹھونسنے اور اس کے باوجود آپؐ کی بعض باتیں سن لینے کی تفصیلات بتائیں، پھر عرض کیا کہ آپؐ اپنی بات پیش کیجئے۔ آپ ﷺ نے مجھ پر اسلام پیش کیا۔ اور قرآن کی تلاوت فرمائی۔ خدا گواہ ہے: میں نے اس سے عمدہ قول اور اس سے زیادہ انصاف کی بات کبھی نہ سُنی تھی؛ چنانچہ میں نے وہیں اسلام قبول کرلیا اور حق کی شہادت دی۔ اس کے بعد آپ ﷺ سے عرض کیا کہ میری قوم میں میری بات مانی جاتی ہے۔ میں ان کے پاس پلٹ کر جاؤں گا اور انہیں اسلام کی دعوت دوں گا۔ لہذا آپ ﷺ اللہ سے دُعا فرمائیں کہ وہ مجھے کوئی نشانی دے دے۔ آپ ﷺ نے دُعا فرمائی۔

حضرت طفیل کو جو نشانی عطا ہوئی وہ یہ تھی کہ جب وہ اپنی قوم کے قریب پہنچے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے چہرے پر چراغ جیسی روشنی پیدا کردی۔ انہوں نے کہا: "یا اللہ چہرے کے بجائے کسی اور جگہ۔ مجھے اندیشہ ہے کہ لوگ اسے مثلہ کہیں گے۔" چنانچہ یہ روشنی ان کے ڈنڈے میں پلٹ گئی۔ پھر انہوں نے اپنے والد اور اپنی بیوی کو اسلام کی دعوت دی اور وہ دونوں مسلمان ہوگئے؛ لیکن قوم نے اسلام قبول کرنے میں تاخیر کی۔ مگر حضرت طفیلؓ بھی مسلسل کوشاں رہے۔ حتیٰ کہ غزوۂ خندق کے بعد[9] جب انہوں نے ہجرت فرمائی تو ان کے ساتھ ان کی قوم کے ستر یا اسی[80] خاندان تھے۔ حضرت طفیلؓ نے اسلام میں بڑے اہم کارنامے انجام دے کر یمامہ کی جنگ میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔[10]

۵۔ **ضِمَادُ اَزْدِی** رضی اللہ عنہ۔ یہ یمن کے باشندے اور قبیلہ اَزْدِ شَنُوْءَہ کے ایک فرد تھے۔ جھاڑ پھونک کرنا اور آسیب اتارنا ان کا کام تھا۔ مکہ آئے تو وہاں کے احمقوں سے سنا کہ محمد ﷺ پاگل ہیں۔ سوچا کیوں نہ اس شخص کے پاس چلوں ہوسکتا ہے اللہ میرے ہی ہاتھوں سے اسے شفا دے دے؛ چنانچہ آپؐ سے ملاقات کی، اور کہا: اے محمد (ﷺ)! میں آسیب اتارنے کے لیے

---

[9] بلکہ صلح حدیبیہ کے بعد کیونکہ جب وہ مدینہ تشریف لائے تو رسول اللہ ﷺ خیبر میں تھے۔ دیکھئے ابنِ ہشام ۱/۳۸۵

[10] ابنِ ہشام ۱/۳۸۲، ۳۸۵۔ رحمۃ للعالمین ۱/۸۱، ۸۲۔ مختصر السیرہ للشیخ عبد اللہ ص ۱۴۴

جھاڑ پھونک کیا کرتا ہوں، کیا آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو بھی اس کی ضرورت ہے؟ آپؐ نے جواب میں فرمایا:

ان الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ، واشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لاشریك لہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ، اما بعد!

"یقیناً ساری تعریف اللہ کے لیے ہے۔ ہم اسی کی تعریف کرتے ہیں اور اسی سے مدد چاہتے ہیں۔ جسے اللہ ہدایت دے دے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے اللہ بھٹکا دے اُسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا اور میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں۔ اما بعد:

ضِمَاد نے کہا ذرا اپنے یہ کلمات مجھے پھر سنا دیجئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بار دہرایا۔ اس کے بعد ضماد نے کہا، میں کاہنوں، جادوگروں اور شاعروں کی بات سن چکا ہوں لیکن میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ان جیسے کلمات کہیں نہیں سنے۔ یہ تو سمندر کی اتھاہ گہرائی کو پہنچے ہوئے ہیں۔ لائیے اپنا ہاتھ بڑھائیے! آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسلام پر بیعت کروں، اور اس کے بعد انہوں نے بیعت کر لی۔[1]

یثرب کی چھ سعادت مند روحیں

گیارہویں سن نبوت کے موسمِ حج (جولائی ۶۲۰ء) میں اسلامی دعوت کو چند کارآمد بیج دستیاب ہوئے۔ جو دیکھتے دیکھتے سرو قامت درختوں میں تبدیل ہو گئے۔ اور ان کی لطیف اور گھنی چھاؤں میں بیٹھ کر مسلمانوں نے برسوں ظلم وستم کی تپش سے راحت ونجات پائی۔

اہلِ مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلانے اور لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکنے کا جو بیڑا اٹھا رکھا تھا اس کے تئیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حکمتِ عملی یہ تھی کہ آپؐ رات کی تاریکی میں قبائل کے پاس تشریف لے جاتے تاکہ مکے کا کوئی مشرک رکاوٹ نہ ڈال سکے۔

اسی حکمتِ عملی کے مطابق ایک رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہمراہ لے کر باہر نکلے۔ بنو ذُہَل اور بنو شَیبان بن ثعلبہ کے ڈیروں سے گذرے تو ان سے اسلام کے بارے میں بات چیت کی۔ انہوں نے جواب تو بڑا امید افزا دیا لیکن اسلام

---

[1] صحیح مسلم، مشکاۃ المصابیح باب علامات النبوۃ ۲/۵۲۵

قبول کرنے کے بارے میں کوئی حتمی فیصلہ نہ کیا۔ اس موقع پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور بنو ذہل کے ایک آدمی کے درمیان سلسلۂ نسب کے متعلق بڑا دلچسپ سوال وجواب بھی ہوا۔ دونوں ہی ماہرِ انساب تھے۔[۱۲]

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ منیٰ کی گھاٹی سے گزرے تو کچھ لوگوں کو باہم گفتگو کرتے سنا۔[۱۳] آپ ﷺ نے سیدھے ان کا رُخ کیا اور ان کے پاس جا پہنچے۔ یہ یثرب کے چھ جوان تھے اور سب کے سب قبیلۂ خزرج سے تعلق رکھتے تھے۔ نام یہ ہیں،

(۱) اَسْعَدؓ بن زُرَارَہ (قبیلۂ بنی النَّجَّار)

(۲) عوفؓ بن حارث بن رفاعہ (ابن عَفْرَاء) (" " ")

(۳) رَافِعؓ بن مالک بن عَجْلَان (قبیلۂ بنی زُرَیْق)

(۴) قطبہؓ بن عامر بن حدیدہ (قبیلۂ بنی سلمہ)

(۵) عقبہؓ بن عامر بن نابی (قبیلۂ بنی حرام بن کعب)

(۶) حارثؓ بن عبد اللہ بن رِئَاب، (قبیلۂ بنی عبید بن غنم)

یہ اہلِ یثرب کی خوش قسمتی تھی کہ وہ اپنے حلیف یہود مدینہ سے سُنا کرتے تھے کہ اس زمانے میں ایک نبی بھیجا جانے والا ہے اور اب جلد ہی وہ نمودار ہوگا۔ ہم اس کی پیروی کرکے اس کی معیت میں تمہیں عادِ اِرَم کی طرح قتل کر ڈالیں گے۔[۱۴]

رسول اللہ ﷺ نے ان کے پاس پہنچ کر دریافت کیا کہ آپ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے کہا، ہم قبیلۂ خَزْرَج سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "یعنی یہود کے حلیف؟" بولے، ہاں۔ فرمایا، "پھر کیوں نہ آپ حضرات بیٹھیں، کچھ بات چیت کی جائے۔" وہ لوگ بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ نے ان کے سامنے اسلام کی حقیقت بیان فرمائی۔ انہیں اللہ عزّوجل کی طرف دعوت دی اور قرآن کی تلاوت فرمائی۔ انہوں نے آپس میں ایک دوسرے سے کہا، "بھئی دیکھو! یہ تو وہی نبی معلوم ہوتے ہیں جن کا حوالہ دے کر یہود تمہیں دھمکیاں دیا کرتے ہیں۔ لہٰذا یہود تم پر سبقت نہ لے جانے پائیں۔ اس کے بعد انہوں نے فوراً آپؐ کی دعوت قبول کر لی اور مسلمان ہو گئے۔

---

[۱۲] دیکھئے مختصر السیرۃ للشیخ عبد اللہ ص ۱۵۰ تا ۱۵۲ [۱۳] رحمۃ للعالمین ۱/ ۸۴

[۱۴] زاد المعاد ۲/ ۵۰ - ابنِ ہشام ۱/ ۴۲۹، ۵۴۱

یہ یثرب کے عقلاء الرجال تھے۔ حال ہی میں جو جنگ گذر چکی تھی، اور جس کے دھویں اب تک فضا کو تاریک کئے ہوئے تھے، اس جنگ نے انہیں چُور چُور کر دیا تھا اس لیے انہوں نے بجا طور پر یہ توقع قائم کی کہ آپؐ کی دعوت، جنگ کے خاتمے کا ذریعہ ثابت ہوگی، چنانچہ انہوں نے کہا "ہم اپنی قوم کو اس حالت میں چھوڑ کر آئے ہیں کہ کسی اور قوم میں ان کے جیسی عداوت و دشمنی نہیں پائی جاتی۔ امید ہے کہ اللہ آپؐ کے ذریعے انہیں یکجا کر دے گا۔ ہم وہاں جا کر لوگوں کو آپؐ کے مقصد کی طرف بلائیں گے اور یہ دین جو ہم نے خود قبول کر لیا ہے ان پر بھی پیش کریں گے۔ اگر اللہ نے آپؐ پر ان کو یکجا کر دیا تو پھر آپؐ سے بڑھ کر کوئی اور معزز نہ ہوگا"۔

اس کے بعد جب یہ لوگ مدینہ واپس ہوئے تو اپنے ساتھ اسلام کا پیغام بھی لے گئے؛ چنانچہ وہاں گھر گھر رسول اللہ ﷺ کا چرچا پھیل گیا۔[15]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح

اسی سال شوال ۱۱؁ نبوت میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح فرمایا۔ اس وقت ان کی عمر چھ برس تھی۔ پھر ہجرت کے پہلے سال شوال ہی کے مہینہ میں مدینہ کے اندر ان کی رخصتی ہوئی۔ اس وقت ان کی عمر نو برس تھی۔[16]

○

---

[15] ابن ہشام ۱/۴۲۸، ۴۳۰ [16] تلقیح الفہوم ص ۱۰۔ صحیح البخاری ۱/۵۵۰

اسراء اور معراج

نبی ﷺ کی دعوت و تبلیغ ابھی کامیابی اور ظلم و ستم کے اس درمیانی مرحلے سے گذر رہی تھی اور افق کی دُور دراز پہنائیوں میں دھندلے تاروں کی جھلک دکھائی پڑنا شروع ہو چکی تھی کہ اسراء اور معراج کا واقعہ پیش آیا۔ یہ معراج کب واقع ہوئی؟ اس بارے میں اہل سیر کے اقوال مختلف ہیں جو یہ ہیں :

۱۔ جس سال آپ ﷺ کو نبوت دی گئی اسی سال معراج بھی واقع ہوئی (یہ طبری کا قول ہے)

۲۔ نبوت کے پانچ سال بعد معراج ہوئی (اسے امام نووی اور امام قرطبی نے راجح قرار دیا ہے)

۳۔ نبوت کے دسویں سال ۲۷ رجب کو ہوئی (اسے علامہ منصور پوری نے اختیار کیا ہے۔)

۴۔ ہجرت سے سولہ مہینے پہلے یعنی نبوت کے بارہویں سال ماہ رمضان میں ہوئی۔

۵۔ ہجرت سے ایک سال دو ماہ پہلے یعنی نبوّت کے تیرہویں سال محرّم میں ہوئی۔

۶۔ ہجرت سے ایک سال پہلے یعنی نبوت کے تیرہویں سال ماہ ربیع الاوّل میں ہوئی۔

ان میں سے پہلے تین اقوال اس لیے صحیح نہیں مانے جا سکتے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات نماز پنجگانہ فرض ہونے سے پہلے ہوئی تھی اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ نماز پنجگانہ کی فرضیت معراج کی رات ہوئی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات معراج سے پہلے ہوئی تھی اور معلوم ہے کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات نبوّت کے دسویں سال ماہ رمضان میں ہوئی تھی۔ لہٰذا معراج کا زمانہ اس کے بعد کا ہوگا اس سے پہلے کا نہیں۔ باقی رہے اخیر کے تین اقوال تو ان میں کسی کو کسی پر ترجیح دینے کے لیے کوئی دلیل نہ مل سکی۔ البتہ سورہ اسراء کے سیاق سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ واقعہ مکی زندگی کے بالکل آخری دُور کا ہے۔ [1]

ائمہ حدیث نے اس واقعے کی جو تفصیلات روایت کی ہیں ہم اگلی سطور میں ان کا حاصل

[1] ان اقوال کی تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیے۔ زاد المعاد ۲/ ۴۹۔ مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۱۴۸، ۱۴۹، رحمۃ للعالمین ۱/ ۷۶

پیش کر رہے ہیں۔

ابنِ قیم لکھتے ہیں کہ صحیح قول کے مطابق رسول اللہ ﷺ کو آپؐ کے جسم مبارک سمیت بُراق پر سوار کر کے حضرت جبریل علیہ السّلام کی معیت میں مسجد حرام سے بیت المقدس تک سیر کرائی گئی پھر آپ ﷺ نے وہاں نزول فرمایا، اور انبیاءؑ کی امامت فرماتے ہوئے نماز پڑھائی، اور بُراق کو مسجد کے دروازے کے حلقے سے باندھ دیا تھا۔

اس کے بعد اسی رات آپ ﷺ کو بیت المقدس سے آسمانِ دنیا تک لے جایا گیا۔ جبریل علیہ السّلام نے دروازہ کھلوایا۔ آپ ﷺ کے لیے دروازہ کھولا گیا۔ آپ ﷺ نے وہاں انسانوں کے باپ حضرت آدم علیہ السّلام کو دیکھا، اور انہیں سلام کیا۔ انہوں نے آپؐ کو مرحبا کہا۔ سلام کا جواب دیا اور آپ ﷺ کی نبوت کا اقرار کیا۔ اللہ نے آپؐ کو ان کے دائیں جانب سعادت مندوں کی رُوحیں اور بائیں جانب بدبختوں کی رُوحیں دکھلائیں۔

پھر آپ ﷺ کو دوسرے آسمان پر لے جایا گیا اور دروازہ کھلوایا گیا۔ آپؐ نے وہاں حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما السلام اور حضرت عیسٰے بن مریم علیہما السّلام کو دیکھا۔ دونوں سے ملاقات کی اور سلام کیا۔ دونوں نے سلام کا جواب دیا، مبارک باد دی، اور آپؐ کی نبوت کا اقرار کیا۔

پھر تیسرے آسمان پر لے جایا گیا۔ آپ ﷺ نے وہاں حضرت یوسف علیہ السّلام کو دیکھا اور سلام کیا۔ انہوں نے جواب دیا، مبارک باد دی، اور آپؐ کی نبوت کا اقرار کیا۔

پھر چوتھے آسمان پر لے جایا گیا۔ وہاں آپ ﷺ نے حضرت ادریس علیہ السّلام کو دیکھا اور انہیں سلام کیا۔ انہوں نے جواب دیا، مرحبا کہا، اور آپؐ کی نبوت کا اقرار کیا۔

پھر پانچویں آسمان پر لے جایا گیا۔ وہاں آپ ﷺ نے حضرت ہارون بن عمران علیہ السّلام کو دیکھا۔ اور انہیں سلام کیا۔ انہوں نے جواب دیا، مبارک باد دی اور اقرارِ نبوّت کیا۔

پھر آپ ﷺ کو چھٹے آسمان پر لے جایا گیا۔ وہاں آپؐ کی ملاقات حضرت موسیٰ بن عمران سے ہُوئی۔ آپ ﷺ نے سلام کیا۔ انہوں نے مرحبا کہا، اور اقرارِ نبوّت کیا۔ البتہ جب آپؐ وہاں سے آگے بڑھے تو وہ رونے لگے۔ اُن سے کہا گیا آپ کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: میں اس لیے رو رہا ہوں کہ ایک نوجوان جو میرے بعد مبعوث کیا گیا اس کی امّت کے لوگ میری امّت کے لوگوں سے بہت زیادہ تعداد میں جنّت کے اندر داخل ہوں گے۔

اس کے بعد آپ ﷺ کو ساتویں آسمان پر لے جایا گیا۔ وہاں آپ کی ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السّلام سے ہوئی۔ آپؐ نے انہیں سلام کیا۔ انہوں نے جواب دیا، مبارک باد دی اور آپ ﷺ کی نبوت کا اقرار کیا۔

اس کے بعد آپ ﷺ کو سِدرَۃُ المُنتَہیٰ تک لے جایا گیا۔ پھر آپؐ کے لیے بیتِ مَعمُور کو ظاہر کیا گیا۔

پھر خدائے جبّار جلّ جلالہٗ کے دربار میں پہنچایا گیا اور آپ ﷺ اللہ کے اتنے قریب ہوئے کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔ اس وقت اللہ نے اپنے بندے پر وحی فرمائی جو کچھ کہ وحی فرمائی اور پچاس وقت کی نمازیں فرض کیں۔ اس کے بعد آپ ﷺ واپس ہوئے یہاں تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے پاس سے گذرے تو انہوں نے پوچھا کہ اللہ نے آپ ﷺ کو کس چیز کا حکم دیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا پچاس نمازوں کا؛ انہوں نے کہا، "آپؐ کی امّت اس کی طاقت نہیں رکھتی۔ اپنے پروردگار کے پاس واپس جایئے اور اپنی امت کے لیے تخفیف کا سوال کیجئے۔" آپ ﷺ نے حضرت جبریل علیہ السلام کی طرف دیکھا گویا ان سے مشورہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے اشارہ کیا کہ ہاں، اگر آپؐ چاہیں۔ اس کے بعد حضرت جبریلؑ آپ ﷺ کو جبّار تبارک تعالیٰ کے حضور لے گئے، اور وہ اپنی جگہ تھا ـــ بعض طرق میں صحیح بخاری کا لفظ یہی ہے ـــ اس نے دس نمازیں کم کر دیں اور آپ ﷺ نیچے لائے گئے۔ جب موسےٰ علیہ السّلام کے پاس سے گذر ہوا تو انہیں خبر دی۔ انہوں نے کہا "آپ ﷺ اپنے رب کے پاس واپس جایئے اور تخفیف کا سوال کیجئے۔" اس طرح حضرت موسیٰ علیہ السّلام اور اللہ عزّوجل کے درمیان آپؐ کی آمد و رفت برابر جاری رہی یہاں تک کہ اللہ عزّوجل نے صرف پانچ نمازیں باقی رکھیں۔ اس کے بعد بھی موسیٰ علیہ السّلام نے آپ ﷺ کو واپسی اور طلبِ تخفیف کا مشورہ دیا مگر آپ ﷺ نے فرمایا: "اب مجھے اپنے رب سے شرم محسوس ہو رہی ہے۔ میں اسی پر راضی ہوں اور سرِ تسلیم خم کرتا ہوں۔" پھر جب آپؐ مزید کچھ دور تشریف لے گئے تو ندا آئی کہ میں نے اپنا فریضہ نافذ کر دیا اور اپنے بندوں سے تخفیف کر دی۔[۱]

اس کے بعد ابنِ قیم نے اس بارے میں اختلاف ذکر کیا ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے رب

---

[۱] زاد المعاد ۲/ ۴۷، ۴۸

تبارک تعالےٰ کو دیکھا یا نہیں ؟ پھر امام ابن تیمیہ کی ایک تحقیق ذکر کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ آنکھ سے دیکھنے کا سرے سے کوئی ثبوت نہیں اور نہ کوئی صحابی اس کا قائل ہے ؛ اور ابن عباس سے مطلقاً دیکھنے اور دل سے دیکھنے کے جو دو قول منقول ہیں۔ ان میں سے پہلا دوسرے کے منافی نہیں اس کے بعد امام ابنِ قیم لکھتے ہیں کہ سورۂ نجم میں اللہ تعالیٰ کا جو یہ ارشاد ہے :

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰی ۝ (۸:۵۳)

"پھر وہ نزدیک آیا اور قریب تر ہوگیا۔"

تو یہ اس قربت کے علاوہ ہے جو معراج کے واقعے میں حاصل ہوئی تھی کیونکہ سورۂ نجم میں جس قربت کا ذکر ہے اس سے مراد حضرت جبریل علیہ السّلام کی قربت وتَدلّی ہے جیساکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے ؟ اور سیاق بھی اسی پر دلالت کرتا ہے۔ اس کے برخلاف حدیث معراج میں جس قربت وتدلی کا ذکر ہے اس کے بارے میں صراحت ہے کہ یہ رب تبارک وتعالیٰ سے قربت وتدلّی تھی ، اور سورۂ نجم میں اس کو سرے سے چھیڑا ہی نہیں گیا ، بلکہ اس میں یہ کہا گیا ہے کہ آپ ﷺ نے انہیں دوسری بار سدرۃ المنتہیٰ کے پاس دیکھا اور یہ حضرت جبریلؑ تھے۔ انہیں محمد ﷺ نے ان کی اپنی شکل میں دومرتبہ دیکھا تھا ایک مرتبہ زمین پر اور ایک مرتبہ سدرۃ المنتہیٰ کے پاس۔ واللہ اعلم[۳]

اس دفعہ بھی نبی ﷺ کے ساتھ شقِ صَدر (سینہ چاک کئے جانے) کا واقعہ پیش آیا اور آپؐ کو اس سفر کے دوران کئی چیزیں دکھلائی گئیں۔

آپ ﷺ پر دودھ اور شراب پیش کئے گئے۔ آپؐ نے دودھ اختیار فرمایا۔ اس پر آپؐ سے کہا گیا کہ آپ ﷺ کو فطرت کی راہ بتائی گئی ، یا آپؐ نے فطرت پالی۔ اور یاد رکھیئے کہ اگر آپ ﷺ نے شراب لی ہوتی تو آپؐ کی امّت گمراہ ہوجاتی۔

آپ ﷺ نے جنت میں چار نہریں دیکھیں ، دو ظاہری اور دو باطنی ، ظاہری نہریں نیل و فرات تھیں۔ راس کا مطلب غالباً یہ ہے کہ آپؐ کی رسالت نیل وفرات کی شاداب وادیوں کو اپنا وطن بنائے گی ، یعنی یہاں کے باشندے نسلاً بعد نسل مسلمان ہوں گے۔ یہ نہیں کہ ان دونوں نہروں کے

---

[۳] زاد المعاد ۲/۴۷، ۴۸۔ نیز دیکھئے صحیح بخاری۔ ۱/۵۰، ۴۵۵، ۴۵۶، ۴۷۰، ۴۷۱، ۴۸۱، ۵۴۸، ۵۴۹، ۵۵۰، ۲/۶۸۴، صحیح مسلم ۱/۹۱، ۹۲، ۹۳، ۹۴، ۹۵، ۹۶،

پانی کا منبع جنت میں ہے۔ واللہ اعلم)

آپ ﷺ نے مالک، داروغۂ جہنم کو بھی دیکھا۔ وہ ہنستا نہ تھا اور نہ اس کے چہرے پر خوشی اور بشاشت تھی، آپ ﷺ نے جنّت و جہنم بھی دیکھی۔

آپ ﷺ نے ان لوگوں کو بھی دیکھا جو یتیموں کا مال ظلماً کھا جاتے ہیں۔ ان کے ہونٹ اونٹ کے ہونٹوں کی طرح تھے اور وہ اپنے منہ میں پتّھر کے ٹکڑوں جیسے انگارے ٹھونس رہے تھے جو دوسری جانب ان کے پاخانے کے راستے سے نکل رہے تھے۔

آپ ﷺ نے سود خوروں کو بھی دیکھا۔ ان کے پیٹ اتنے بڑے بڑے تھے کہ وہ اپنی جگہ سے ادھر اُدھر نہیں ہو سکتے تھے اور جب آلِ فرعون کو آگ پر پیش کرنے کے لیے لے جایا جاتا تو ان کے پاس سے گذرتے وقت انہیں روندتے ہوئے جاتے تھے۔

آپ ﷺ نے زنا کاروں کو بھی دیکھا۔ اُن کے سامنے تازہ اور فربہ گوشت تھا اور اسی کے پہلو بہ پہلو سڑا ہُوا چھیچھڑا بھی تھا۔ یہ لوگ تازہ اور فربہ گوشت چھوڑ کر سڑا ہُوا چھیچھڑا کھا رہے تھے۔

آپ ﷺ نے ان عورتوں کو دیکھا جو اپنے شوہروں پر دوسروں کی اولاد داخل کر دیتی ہیں۔ (یعنی دوسروں سے زنا کے ذریعے حاملہ ہوتی ہیں لیکن لاعلمی کی وجہ سے بچّہ ان کے شوہر کا سمجھا جاتا ہے) آپ ﷺ نے انہیں دیکھا کہ ان کے سینوں میں بڑے بڑے ٹیڑھے کانٹے چبھا کر انہیں آسمان و زمین کے درمیان لٹکا دیا گیا ہے۔

آپ ﷺ نے آتے جاتے ہوئے اہلِ مکّہ کا ایک قافلہ بھی دیکھا اور انہیں ان کا ایک اونٹ بھی بتایا جو بھڑک کر بھاگ گیا تھا۔ آپ ﷺ نے ان کا پانی بھی پیا جو ایک ڈھکے ہوئے برتن میں رکھا تھا۔ اس وقت قافلہ سو رہا تھا، پھر آپؐ نے اُسی طرح برتن ڈھک کر چھوڑ دیا اور یہ بات معراج کی صبح آپ ﷺ کے دعویٰ کی صداقت کی ایک دلیل ثابت ہوئی۔[۴]

علامہ ابنِ قیم فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے صبح کی اور اپنی قوم کو ان بڑی بڑی نشانیوں کی خبر دی جو اللہ عزوجل نے آپؐ کو دکھلائی تھیں تو قوم کی تکذیب اور اذیت و ضرر رسانی میں اور شدّت آگئی۔ انہوں نے آپؐ سے سوال کیا کہ بیت المقدس کی کیفیت بیان کریں۔ اس پر اللہ نے آپ ﷺ کے لیے بیت المقدس کو ظاہر فرما دیا اور وہ آپؐ کی نگاہوں کے سامنے آگیا۔ چنانچہ

---

[۴] سابقہ حوالے۔ نیز ابنِ ہشام ۱/۳۹۷، ۴۰۲ - ۴۰۶۔ اور کتب تفاسیر، تفسیر سورہ اسراء

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قوم کو اس کی نشانیاں بتلانا شروع کیں اور ان سے کسی بات کی تردید نہ بن پڑی۔
آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جاتے اور آتے ہوئے اُن کے قافلے سے ملنے کا بھی ذکر فرمایا اور بتلایا کہ اس کی آمد کا وقت کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اونٹ کی بھی نشاندہی کی جو قافلے کے آگے آگے آ رہا تھا؛ پھر جیسا کچھ آپؐ نے بتایا تھا ویسا ہی ثابت ہُوا لیکن ان سب کے باوجود ان کی نفرت میں اضافہ ہی ہُوا۔ اور ان ظالموں نے کفر کرتے ہوئے کچھ بھی ماننے سے انکار کر دیا۔ [۵]

کہا جاتا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کو اسی موقع پر صدیق کا خطاب دیا گیا کیونکہ آپ نے اس واقعے کی اس وقت تصدیق کی جبکہ اور لوگوں نے تکذیب کی تھی۔ [۶]

معراج کا فائدہ بیان فرماتے ہوئے جو سب سے مختصر اور عظیم بات کہی گئی وہ یہ ہے:

لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا ۚ (۱۷:۱)

"تاکہ ہم (اللہ تعالیٰ) آپ کو اپنی کچھ نشانیاں دکھلائیں۔"

اور انبیاء کرام کے بارے میں یہی اللہ تعالیٰ کی سنت ہے۔ ارشاد ہے:

وَكَذَٰلِكَ نُرِيَ إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ ۝ (۶:۷۵)

"اور اسی طرح ہم نے ابراہیمؑ کو آسمان و زمین کا نظامِ سلطنت دِکھلایا۔ اور تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو۔"

اور موسیٰ علیہ السلام سے فرمایا:۔

لِنُرِيَكَ مِنْ آيَاتِنَا الْكُبْرَى ۝ (۲۰:۲۳)

"تاکہ ہم تمہیں اپنی کچھ بڑی نشانیاں دکھلائیں۔"

پھر ان نشانیوں کے دکھلانے کا جو مقصود تھا اسے بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے ارشاد وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ (تاکہ وہ یقین کرنے والوں میں سے ہو) کے ذریعے واضح فرما دیا۔ چنانچہ جب انبیاء کرامؑ کے علوم کو اس طرح کے مشاہدات کی سند حاصل ہو جاتی تھی تو انہیں عین الیقین کا وہ مقام حاصل ہو جاتا تھا جس کا اندازہ لگانا ممکن نہیں کہ "شنیدہ کے بود مانند دیدہ" اور یہی وجہ ہے کہ انبیاء کرامؑ اللہ کی راہ میں ایسی ایسی مشکلات جھیل لیتے تھے جنہیں کوئی اور جھیل ہی نہیں سکتا۔

---

[۵] زاد المعاد ۱/۴۸ نیز دیکھئے صحیح بخاری ۲/۶۸۴ صحیح مسلم ۱/۹۶، ابن ہشام ۱/۴۰۲، ۴۰۳۔
[۶] ابنِ ہشام ۱/۳۹۹

درحقیقت ان کی نگاہوں میں دُنیا کی ساری قوتیں مل کر بھی مچھر کے پَر کے برابر حیثیت نہیں رکھتی تھیں اسی لیے وہ ان قوتوں کی طرف سے ہونے والی سختیوں اور ایذا رسانیوں کی کوئی پروا نہیں کرتے تھے۔

اس واقعۂ معراج کی جزئیات کے پس پردہ مزید جو حکمتیں اور اسرار کارفرما تھے ان کی بحث کا اصل مقام اسرارِ شریعت کی کتابیں ہیں البتہ چند موٹے موٹے حقائق ایسے ہیں، جو اس مبارک سفر کے سرچشموں سے پھُوٹ کر سیرت نبوی کے گلشن کی طرف رواں دواں ہیں اس لیے یہاں مختصراً انہیں قلمبند کیا جا رہا ہے۔

آپ دیکھیں گے کہ اللہ تعالےٰ نے سورہ اسراء میں اسراء کا واقعہ صرف ایک آیت میں ذکر کر کے کلام کا رُخ یہود کی سیاہ کاریوں اور جرائم کے بیان کی جانب موڑ دیا ہے؛ پھر انہیں آگاہ کیا ہے کہ یہ قرآن اس راہ کی ہدایت دیتا ہے جو سب سے سیدھی اور صحیح راہ ہے۔ قرآن پڑھنے والے کو بسا اوقات شُبہ ہوتا ہے کہ دونوں باتیں بے جوڑ ہیں لیکن درحقیقت ایسا نہیں ہے؛ بلکہ اللہ تعالےٰ اس اسلوب کے ذریعے یہ اشارہ فرما رہا ہے کہ اب یہود کو نوعِ انسانی کی قیادت سے معزول کیا جانے والا ہے کیونکہ انھوں نے ایسے ایسے جرائم کا ارتکاب کیا ہے جن سے ملوّث ہونے کے بعد انہیں اس منصب پر باقی نہیں رکھا جا سکتا؛ لہٰذا اب یہ منصب رسول اللہ ﷺ کو سونپا جائے گا اور دعوتِ ابراہیمی کے دونوں مراکز ان کے ماتحت کر دیئے جائیں گے۔ بالفاظ دیگر اب وقت آ گیا ہے کہ روحانی قیادت ایک امت سے دوسری امّت کو منتقل کر دی جائے؛ یعنی ایک ایسی امّت سے جس کی تاریخ غدر و خیانت اور ظلم و بدکاری سے بھری ہوئی ہے، یہ قیادت چھین کر ایک ایسی امّت کے حوالے کر دی جائے جس سے نیکیوں اور بھلائیوں کے چشمے پھوٹیں گے اور جس کا پیغمبر سب سے زیادہ درست راہ بتانے والے قرآن کی وحی سے بہرہ ور ہے۔

لیکن یہ قیادت منتقل کیسے ہو سکتی ہے جب کہ اس امّت کا رسُول مکّے کے پہاڑوں میں لوگوں کے درمیان ٹھوکریں کھاتا پھر رہا ہے؟ اس وقت یہ ایک سوال تھا جو ایک دوسری حقیقت سے پردہ اٹھا رہا تھا اور وہ حقیقت یہ تھی کہ اسلامی دعوت کا ایک دَور اپنے خاتمے اور اپنی تکمیل کے قریب آ لگا ہے اور اب ایک دوسرا دَور شروع ہونے والا ہے جس کا دھارا پہلے سے مختلف ہوگا۔ اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ بعض آیات میں مشرکین کو کھلی وارننگ اور سخت دھمکی دی گئی ہے۔ ارشاد ہے:

وَإِذَآ أَرَدْنَآ أَن نُّهْلِكَ قَرْيَةً أَمَرْنَا مُتْرَفِيهَا فَفَسَقُوا۟ فِيهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيرًا ۝ (۱۷ : ۱۶)

"اور جب ہم کسی بستی کو تباہ کرنا چاہتے ہیں تو وہاں کے اصحابِ ثروت کو حکم دیتے ہیں مگر وہ کھلی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ پس اس بستی پر (تباہی کا) قول برحق ہو جاتا ہے اور ہم اسے کچل کر رکھ دیتے ہیں۔"

وَكَمْ أَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُونِ مِن بَعْدِ نُوحٍ ۗ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِۦ خَبِيرًۢا بَصِيرًا ۝ (۱۷ : ۱۷)

"اور ہم نے نوح کے بعد کتنی ہی قوموں کو تباہ کر دیا؛ اور تمہارا رب اپنے بندوں کے جرائم کی خبر رکھنے اور دیکھنے کے لیے کافی ہے۔"

پھر ان آیات کے پہلو بہ پہلو کچھ ایسی آیات بھی ہیں جن میں مسلمانوں کو ایسے تمدنی قواعد و ضوابط اور دفعات و مبادی بتلائے گئے ہیں جن پر آئندہ اسلامی معاشرے کی تعمیر ہونی تھی۔ گویا اب وہ کسی ایسی سرزمین پر اپنا ٹھکانا بنا چکے ہیں، جہاں ہر پہلو سے ان کے معاملات ان کے اپنے ہاتھ میں ہیں اور انہوں نے ایک ایسی وحدت متماسکہ بنا لی ہے جس پر سماج کی چکی گھوما کرتی ہے لہٰذا ان آیات میں اشارہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ عنقریب ایسی جائے پناہ اور امن گاہ پا لیں گے جہاں آپ ﷺ کے دین کو استقرار نصیب ہو گا۔

یہ اسراء و معراج کے بابرکت واقعے کی تہ میں پوشیدہ حکمتوں اور رازہائے سربستہ میں سے ایک ایسا راز اور ایک ایسی حکمت ہے جس کا ہمارے موضوع سے براہِ راست تعلق ہے۔ اس لیے ہم نے مناسب سمجھا کہ اسے بیان کر دیں۔ اسی طرح کی دو بڑی حکمتوں پر نظر ڈالنے کے بعد ہم نے یہ رائے قائم کی ہے کہ اسراء کا یہ واقعہ یا تو بیعتِ عَقَبَۂ اُولیٰ سے کچھ ہی پہلے کا ہے یا عَقَبَہ کی دونوں بیعتوں کے درمیان کا ہے۔ واللہ اعلم

پہلی بیعتِ عقبہ[1]

ہم بتا چکے ہیں کہ نبوت کے گیارہویں سال موسمِ حج میں یثرب کے چھ آدمیوں نے اسلام قبول کر لیا تھا اور رسول اللہ ﷺ سے وعدہ کیا تھا کہ اپنی قوم میں جا کر آپ ﷺ کی رسالت کی تبلیغ کریں گے۔

اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اگلے سال جب موسمِ حج آیا (یعنی ذی الحجہ ۱۲ نبوی، مطابق جولائی ۶۲۱ء) تو بارہ آدمی آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ان میں حضرت جابرؓ بن عبد اللہ بن رئاب کو چھوڑ کر باقی پانچ وہی تھے جو پچھلے سال بھی آ چکے تھے اور ان کے علاوہ سات آدمی نئے تھے۔ جن کے نام یہ ہیں۔

(۱)	معاذؓ بن الحارث، ابن عفراء	قبیلہ بنی النجار	(خزرج)
(۲)	ذکوانؓ بن عبد القیس	" بنی زُرَیق	(")
(۳)	عُبادہؓ بن صامت	" بنی غنم	(")
(۴)	یزیدؓ بن ثعلبہ	" بنی غنم کے حلیف	(")
(۵)	عباسؓ بن عبادہ بن نضلہ	قبیلہ بنی سالم	(خزرج)
(۶)	ابو الہیثمؓ بن التیہان	" بنی عبد الاشہل	(اوس)
(۷)	عویمؓ بن ساعدہ	" بنی عمرو بن عوف	(")

---

[1] عَقَبَہ (ع۔ ق۔ ب تینوں کو زبر) پہاڑ کی گھاٹی یعنی تنگ پہاڑی گذرگاہ کو کہتے ہیں۔ مکہ سے منیٰ آتے جاتے ہوئے منیٰ کے مغربی کنارے پر ایک تنگ پہاڑی راستے سے گذرنا پڑتا تھا۔ یہی گذرگاہ عَقَبَہ کے نام سے مشہور ہے۔ ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو جس ایک جمرہ کو کنکری ماری جاتی ہے وہ اسی گذرگاہ کے سرے پر واقع ہے اسلئے اسے جمرۂ عَقَبَہ کہتے ہیں۔ اس جمرہ کا دوسرا نام جمرۂ کبریٰ بھی ہے۔ باقی دو جمرے اس سے مشرق میں تھوڑے فاصلے پر واقع ہیں۔ چونکہ منیٰ کا پورا میدان جہاں حجاج قیام کرتے ہیں، ان تینوں جمرات کے مشرق میں ہے اس لیے ساری چہل پہل ادھر ہی رہتی تھی اور کنکریاں مارنے کے بعد اس طرف لوگوں کی آمد و رفت کا سلسلہ ختم ہو جاتا تھا۔ اسی لیے نبی ﷺ نے بیعت لینے کے لیے اس گھاٹی کو منتخب کیا اور اسی مناسبت سے اس کو بیعت عَقَبَہ کہتے ہیں۔ اب پہاڑ کاٹ کر یہاں کشادہ سڑکیں نکال لی گئی ہیں۔

ان میں صرف اخیر کے دو آدمی قبیلۂ اُوس سے تھے؛ بقیہ سب کے سب قبیلۂ خزرج سے تھے۔[۲]

ان لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے منیٰ میں عقبہ کے پاس ملاقات کی اور آپ ﷺ سے چند باتوں پر بیعت کی۔ یہ باتیں وہی تھیں جن پر آئندہ صلح حدیبیہ کے بعد اور فتح مکہ کے وقت عورتوں سے بیعت لی گئی۔

عَقَبَہ کی اس بیعت کی تفصیل صحیح بخاری میں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "آؤ! مجھ سے اس بات پر بیعت کرو کہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کروگے، چوری نہ کروگے، زنا نہ کروگے، اپنی اولاد کو قتل نہ کروگے، اپنے ہاتھ پاؤں کے درمیان سے گھڑ کر کوئی بہتان نہ لاؤ گے اور کسی بھلی بات میں میری نافرمانی نہ کروگے۔ جو شخص یہ ساری باتیں پوری کرے گا اس کا اجر اللہ پر ہے اور جو شخص ان میں سے کسی چیز کا ارتکاب کر بیٹھے گا پھر اسے دنیا ہی میں اس کی سزا دے دی جائے گی تو یہ اس کے لیے کفارہ ہوگی۔ اور جو شخص ان میں سے کسی چیز کا ارتکاب کر بیٹھے گا پھر اللہ اس پر پردہ ڈال دے گا تو اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے، چاہے گا تو سزا دے گا اور چاہے گا تو معاف کر دے گا۔" حضرت عبادہؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے اس پر آپ ﷺ سے بیعت کی۔[۳]

مدینہ میں اسلام کا سفیر

بیعت پوری ہوگئی اور حج ختم ہوگیا تو نبی ﷺ نے ان لوگوں کے ہمراہ یثرب میں اپنا پہلا سفیر بھیجا تاکہ وہ مسلمانوں کو اسلامی احکام کی تعلیم دے اور انہیں دین کے دروبست سکھائے۔ اور جو لوگ اب تک شرک پر چلے آرہے ہیں ان میں اسلام کی اشاعت کرے۔ نبی ﷺ نے اس سفارت کے لیے سابقین اولین میں سے ایک جوان کا انتخاب فرمایا۔ جس کا نام نامی اور اسم گرامی مُصْعَبْ بن عُمیرْ عَبْدَرِی رضی اللہ عنہ ہے۔

قابلِ رشک کامیابی

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ مدینہ پہنچے تو حضرت اسعد بن زُرارَہ رضی اللہ عنہ کے گھر نزول فرما ہوئے۔ پھر دونوں نے مل کر

---

[۲] رحمۃ للعالمین ۱/۸۵، ابن ہشام ۱/ ۴۳۱ تا ۴۳۳

[۳] صحیح بخاری، باب بعد باب حلاوۃ الایمان ۱/۷، باب وفود الانصار ۱/ ۵۵۰، ۵۵۱ لفظ اسی باب کا ہے باب قولہ تعالیٰ اذا جاءك المؤمنات ۲/ ۷۲۷، باب الحدود کفارۃ ۲/ ۱۰۰۳

اہل یثرب میں جوش و خروش سے اسلام کی تبلیغ شروع کر دی۔ حضرت مُصعَبؓ مُقری کے خطاب سے مشہور ہوئے۔ (مُقری کے معنی ہیں پڑھانے والا۔ اس وقت معلّم اور استاد کو مُقرّی کہتے تھے۔)

تبلیغ کے سلسلے میں ان کی کامیابی کا ایک نہایت شاندار واقعہ یہ ہے کہ ایک روز حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ انہیں ہمراہ لے کر بنی عبد الاشہل اور بنی ظفر کے محلے میں تشریف لے گئے اور وہاں بنی ظفر کے ایک باغ کے اندر مرق نامی ایک کنویں پر بیٹھ گئے۔ ان کے پاس چند مسلمان بھی جمع ہو گئے۔ اُس وقت تک بنی عبد الاشہل کے دونوں سردار یعنی حضرت سعدؓ بن معاذؓ اور حضرت اُسیدؓ بن حُضیرؓ مسلمان نہیں ہوئے تھے بلکہ شرک ہی پر تھے۔ انہیں جب خبر ہوئی تو حضرت سعدؓ نے حضرت اُسیدؓ سے کہا کہ ذرا جاؤ اور ان دونوں کو، جو ہمارے کمزوروں کو بیوقوف بنانے آئے ہیں، ڈانٹ دو اور ہمارے محلے میں آنے سے منع کر دو۔ چونکہ اسعدؓ بن زرارہ میری خالہ کا لڑکا ہے (اس لیے تمہیں بھیج رہا ہوں) ورنہ یہ کام میں خود انجام دے دیتا۔

اُسیدؓ نے اپنا حربہ اٹھایا۔ اور ان دونوں کے پاس پہنچے۔ حضرت اسعدؓ نے انہیں آتا دیکھ کر حضرت مصعبؓ سے کہا: "یہ اپنی قوم کا سردار تمہارے پاس آ رہا ہے۔ اس کے بارے میں اللہ سے سچائی اختیار کرنا"۔ حضرت مصعبؓ نے کہا: "اگر یہ بیٹھا تو اس سے بات کروں گا"۔ اُسیدؓ پہنچے تو ان کے پاس کھڑے ہو کر سخت سست کہنے لگے۔ بولے: "تم دونوں ہمارے یہاں کیوں آتے ہو؟ ہمارے کمزوروں کو بیوقوف بناتے ہو؟ یاد رکھو! اگر تمہیں اپنی جان کی ضرورت ہے تو ہم سے الگ ہی رہو"۔ حضرت مصعبؓ نے کہا: "کیوں نہ آپ بیٹھیں اور کچھ سنیں۔ اگر کوئی بات پسند آجائے تو قبول کر لیں پسند نہ آئے تو چھوڑ دیں"۔ حضرت اُسیدؓ نے کہا: "بات منصفانہ کہہ رہے ہو"۔ اس کے بعد اپنا حربہ گاڑ کر بیٹھ گئے۔" اب حضرت مصعبؓ نے اسلام کی بات شروع کی اور قرآن کی تلاوت فرمائی۔ ان کا بیان ہے کہ بخدا ہم نے حضرت اُسیدؓ کے بولنے سے پہلے ہی اُن کے چہرے کی چمک دمک سے ان کے اسلام کا پتہ لگا لیا۔ اس کے بعد انہوں نے زبان کھولی تو فرمایا: "یہ تو بڑا ہی عمدہ اور بہت ہی خوب تر ہے۔ تم لوگ کسی کو اس دین میں داخل کرنا چاہتے ہو تو کیا کرتے ہو؟" انہوں نے کہا: "آپ غسل کر لیں۔ کپڑے پاک کر لیں۔ پھر حق کی شہادت دیں، پھر دو رکعت نماز پڑھیں"۔ انہوں نے اٹھ کر غسل کیا، کپڑے پاک کیے۔ کلمۂ شہادت ادا کیا اور دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر بولے! میرے پیچھے ایک اور شخص ہے، اگر وہ تمہارا پیروکار بن جائے تو اُس کی قوم کا کوئی آدمی پیچھے نہ رہے گا، اور میں اس کو ابھی تمہارے پاس بھیج رہا

ہوں۔ (اشارہ حضرت سعدؓ بن معاذ کی طرف تھا۔)

اس کے بعد حضرت اُسَیدؓ نے اپنا حربہ اٹھایا اور پلٹ کر حضرت سعدؓ کے پاس پہنچے۔ وہ اپنی قوم کے ساتھ محفل میں تشریف فرما تھے (حضرت اُسَیدؓ کو دیکھ کر) بولے: "میں بخدا کہہ رہا ہوں کہ یہ شخص تمہارے پاس جو چہرہ لے کر آ رہا ہے یہ وہ چہرہ نہیں ہے جسے لے کر گیا تھا۔" پھر جب حضرت اُسَیدؓ محفل کے پاس آن کھڑے ہوئے تو حضرت سعدؓ نے ان سے دریافت کیا کہ تم نے کیا کیا؟ انہوں نے کہا: "میں نے ان دونوں سے بات کی تو واللہ مجھے کوئی حرج تو نظر نہیں آیا۔ ویسے میں نے انہیں منع کر دیا ہے اور انہوں نے کہا ہے کہ ہم وہی کریں گے جو آپ چاہیں گے۔

اور مجھے معلوم ہوا ہے کہ بنی حارثہ کے لوگ اسعدؓ بن زُرارہ کو قتل کرنے گئے ہیں اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ جانتے ہیں کہ اسعد آپ کی خالہ کا لڑکا ہے لہٰذا وہ چاہتے ہیں کہ آپ کا عہد توڑ دیں۔" یہ سن کر سعد غصے سے بھڑک اُٹھے اور اپنا نیزہ لے کر سیدھے ان دونوں کے پاس پہنچے۔ دیکھا تو دونوں اطمینان سے بیٹھے ہیں۔ سمجھ گئے کہ اُسَیدؓ کا منشا یہ تھا کہ آپ بھی ان کی باتیں سنیں لیکن یہ ان کے پاس پہنچے تو کھڑے ہو کر سخت سست کہنے لگے۔ پھر اسعد بن زرارہ کو مخاطب کر کے بولے: "خدا کی قسم اے ابوامامہ! اگر میرے اور تیرے درمیان قرابت کا معاملہ نہ ہوتا تو تم مجھ سے اس کی امید نہ رکھ سکتے تھے۔ ہمارے محلے میں آکر ایسی حرکتیں کرتے ہو جو ہمیں گوارا نہیں۔"

ادھر حضرت اسعدؓ نے حضرت مُصعَبؓ سے پہلے ہی سے کہہ دیا تھا کہ بخدا تمہارے پاس ایک ایسا سردار آ رہا ہے جس کے پیچھے اس کی پوری قوم ہے۔ اگر اس نے تمہاری بات مان لی تو پھر ان میں سے کوئی بھی نہ پچھڑے گا۔ اس لیے حضرت مصعبؓ نے حضرت سعد سے کہا: "کیوں نہ آپ تشریف رکھیں اور سنیں۔ اگر کوئی بات پسند آگئی تو قبول کر لیں اور اگر پسند نہ آئی تو ہم آپ کی ناپسندیدہ بات کو آپ سے دُور ہی رکھیں گے۔" حضرت سعد نے کہا: "انصاف کی بات کہتے ہو۔" اس کے بعد اپنا نیزہ گاڑ کر بیٹھ گئے۔ حضرت مصعبؓ نے ان پر اسلام پیش کیا اور قرآن کی تلاوت کی۔ اُن کا بیان ہے کہ ہمیں حضرت سعد کے بولنے سے پہلے ہی ان کے چہرے کی چمک دمک سے اُن کے اسلام کا پتا لگ گیا۔ اس کے بعد انہوں نے زبان کھولی اور فرمایا: "تم لوگ اسلام لاتے ہو تو کیا کرتے ہو؟" انہوں نے کہا: "آپ غسل کر لیں کپڑے پاک کر لیں، پھر حق کی شہادت دیں، پھر دو رکعت نماز پڑھیں۔" حضرت سعدؓ نے ایسا ہی کیا۔

اس کے بعد اپنا نیزہ اٹھایا اور اپنی قوم کی محفل میں تشریف لائے۔ لوگوں نے دیکھتے ہی کہا: "ہم بخدا کہہ رہے ہیں کہ حضرت سعدؓ جو چہرہ لے کر گئے تھے اس کے بجائے دوسرا ہی چہرہ لے کر پلٹے ہیں"۔ پھر جب حضرت سعدؓ اہلِ مجلس کے پاس آکر رُکے تو بولے "اے بنی عبد الاشہل! تم لوگ اپنے اندر میرا معاملہ کیسا جانتے ہو؟" انہوں نے کہا، آپ ہمارے سردار ہیں۔ سب سے اچھی سوجھ بوجھ کے مالک ہیں اور ہمارے سب سے بابرکت پاسبان ہیں۔ انہوں نے کہا: "اچھا تو سنو! اب تمہارے مردوں اور عورتوں سے میری بات چیت حرام ہے جب تک کہ تم لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان نہ لاؤ"۔ ان کی اس بات کا یہ اثر ہُوا کہ شام ہوتے ہوتے اس قبیلے کا کوئی بھی مرد اور کوئی بھی عورت ایسی نہ بچی جو مسلمان نہ ہوگئی ہو۔ صرف ایک آدمی جس کا نام اُصَیرِم تھا اس کا اسلام جنگِ احد تک موخّر ہُوا۔ پھر احد کے دن اس نے اسلام قبول کیا اور جنگ میں لڑتا ہُوا کام آگیا۔ اس نے ابھی اللہ کے لیے ایک سجدہ بھی نہ کیا تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ اس نے تھوڑا عمل کیا اور زیادہ اجر پایا۔

حضرت مصعبؓ، حضرت اسعدؓ بن زرارہ ہی کے گھر مقیم رہ کر اسلام کی تبلیغ کرتے رہے یہاں تک کہ انصار کا کوئی گھرانہ باقی نہ بچا جس میں چند مرد اور عورتیں مسلمان نہ ہوچکی ہوں۔ صرف بنی امیہ بن زید اور خطمہ اور وائل کے مکانات باقی رہ گئے تھے۔ مشہور شاعر قیس بن اسلت انہیں کا آدمی تھا اور یہ لوگ اسی کی بات مانتے تھے۔ اس شاعر نے انہیں جنگ خندق (۵ھ ہجری) تک اسلام سے روکے رکھا۔ بہرحال اگلے موسم حج یعنی تیرہویں سال نبوت کا موسم حج آنے سے پہلے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کامیابی کی بشارتیں لے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں مکّہ تشریف لائے اور آپ ﷺ کو قبائلِ یثرب کے حالات، ان کی جنگی اور دفاعی صلاحیتوں، اور خیر کی لیاقتوں کی تفصیلات سنائیں۔[۱]

○

---

[۱]۔ ابنِ ہشام ۱/۴۳۵-۴۳۸، ۲/۹۰ زاد المعاد ۲/۵۱

دُوسری بیعتِ عَقَبَہ

نبوت کے تیرہویں سال موسمِ حج ۔ جون ۶۲۲ئہ ۔ میں یثرب کے ستر سے زیادہ مسلمان فریضۂ حج کی ادائیگی کے لیے مکّہ تشریف لائے ۔ یہ اپنی قوم کے مشرک حاجیوں میں شامل ہو کر آئے تھے اور ابھی یثرب ہی میں تھے، یا مکّے کے راستے ہی میں تھے کہ آپس میں ایک دوسرے سے پوچھنے لگے کہ ہم کب تک رسول اللہ ﷺ کو یوں ہی مکّے کے پہاڑوں میں چکّر کاٹتے، ٹھوکریں کھاتے اور خوفزدہ کیئے جاتے چھوڑے رکھیں گے ؟

پھر جب یہ مسلمان مکّہ پہنچ گئے تو درپردہ نبی ﷺ کے ساتھ سلسلہ اور رابطہ شروع کیا اور آخر کار اس بات پر اتفاق ہو گیا کہ دونوں فریق ایامِ تشریق[1] کے درمیانی دن ۔ ۱۲ ذی الحجہ کو ۔ منیٰ میں جمرۂ اولی، یعنی جمرۂ عقبہ کے پاس جو گھاٹی ہے اسی میں جمع ہوں اور یہ اجتماع رات کی تاریکی میں بالکل خفیہ طریقے پر ہو ۔

آیئے اب اس تاریخی اجتماع کے احوال، انصار کے ایک قائد کی زبانی سنیں کہ یہی وہ اجتماع ہے جس نے اسلام و بت پرستی کی جنگ میں رفتارِ زمانہ کا رُخ موڑ دیا ۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں :

"ہم لوگ حج کے لیے نکلے ۔ رسول اللہ ﷺ سے ایامِ تشریق کے درمیانی روز عَقَبَہ میں ملاقات طے ہوئی اور بالآخر وہ رات آگئی جس میں رسول اللہ ﷺ سے ملاقات طے تھی ۔ ہمارے ساتھ ہمارے ایک معزز سردار عبد اللہ بن حرام بھی تھے (جو ابھی اسلام نہ لائے تھے) ہم نے ان کو ساتھ لے لیا تھا ۔ ورنہ ہمارے ساتھ ہماری قوم کے جو مشرکین تھے ہم ان سے اپنا سارا معاملہ خفیہ رکھتے تھے ــــ مگر ہم نے عبد اللہ بن حرام سے بات چیت کی اور کہا کہ اے ابو جابر! آپ ہمارے ایک معزز اور شریف سربراہ ہیں اور ہم آپ کو آپ کی موجودہ حالت سے نکالنا چاہتے ہیں تاکہ آپ کل کلاں کو آگ کا ایندھن نہ بن جائیں ۔ اس کے بعد ہم نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور بتلایا

---

[1] ماہ ذی الحجہ کی گیارہ، بارہ، تیرہ تاریخوں کو ایامِ تشریق کہتے ہیں ۔

کہ آج عَقبہ میں رسول اللہ ﷺ سے ہماری ملاقات طے ہے۔ انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور ہمارے ساتھ عَقبہ میں تشریف لے گئے اور نقیب بھی مقرر ہوئے۔"

حضرت کعب رضی اللہ عنہ واقعے کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں "ہم لوگ حسب دستور اس رات اپنی قوم کے ہمراہ اپنے ڈیروں میں سوئے، لیکن جب تہائی رات گذر گئی تو اپنے ڈیروں سے نکل نکل کر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ طے شدہ مقام پر جا پہنچے۔ ہم اس طرح چپکے چپکے دبک کر نکلتے تھے جیسے چڑیا گھونسلے سے سکڑ کر نکلتی ہے، یہاں تک کہ ہم سب عقبہ میں جمع ہو گئے۔ ہماری کل تعداد پچھتّر تھی۔ تہتّر مرد اور دو عورتیں۔ ایک امِ عمّارہ نسیبہ بنت کعب تھیں جو قبیلہ بنو مازن بن نجار سے تعلق رکھتی تھیں اور دوسری امِ منیعؓ اسماء بنت عمرو تھیں۔ جن کا تعلق قبیلہ بنو سلمہ سے تھا۔

ہم سب گھاٹی میں جمع ہو کر رسول اللہ ﷺ کا انتظار کرنے لگے اور آخر وہ لمحہ آ ہی گیا جب آپ تشریف لائے۔ آپؐ کے ساتھ آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبد المطّلب بھی تھے۔ وہ اگرچہ ابھی تک اپنی قوم کے دین پر تھے مگر چاہتے تھے کہ اپنے بھتیجے کے معاملے میں موجود رہیں اور ان کے لیے پختہ اطمینان حاصل کرلیں۔ سب سے پہلے بات بھی انہیں نے شروع کی۔"[۲]

گفتگو کا آغاز اور حضرت عبّاسؓ کی طرف سے معاملے کی نزاکت کی تشریح

مجلس مکمّل ہو گئی تو دینی اور فوجی تعاون کے عہد و پیمان کو قطعی اور آخری شکل دینے کے لیے گفتگو کا آغاز ہوا۔ رسول اللہ ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ نے سب سے پہلے زبان کھولی۔ ان کا مقصود یہ تھا کہ وہ پوری صراحت کے ساتھ اس ذمہ داری کی نزاکت واضح کر دیں جو اس عہد و پیمان کے نتیجے میں ان حضرات کے سر پڑنے والی تھی۔ چنانچہ انہوں نے کہا:

خَزرَج کے لوگو! ۔ عام اہلِ عرب انصار کے دونوں ہی قبیلے یعنی خَزرَج اور اَوس کو خزرج ہی کہتے تھے ۔ ہمارے اندر محمدؐ ﷺ کی جو حیثیت ہے وہ تمہیں معلوم ہے۔ ہماری قوم کے جو لوگ دینی نقطۂ نظر سے ہمارے ہی جیسی رائے رکھتے ہیں ہم نے محمد ﷺ کو ان سے محفوظ رکھا ہے۔ وہ اپنی قوم اور اپنے شہر میں قوت و عزّت اور طاقت و حفاظت کے اندر ہیں مگر اب

---

[۲] ابنِ ہشام ۱/۴۴۰، ۴۴۱

وہ تمہارے یہاں جانے اور تمہارے ساتھ لاحق ہونے پر مصر ہیں؛ لہٰذا اگر تمہارا یہ خیال ہے کہ تم انہیں جس چیز کی طرف بلا رہے ہو اسے نبھا لو گے اور انہیں ان کے مخالفین سے بچا لو گے۔ تب تو ٹھیک ہے۔ تم نے جو ذمے داری اٹھائی ہے اسے تم جانو۔ لیکن اگر تمہارا یہ اندازہ ہے کہ تم انہیں اپنے پاس لے جانے کے بعد ان کا ساتھ چھوڑ کر کنارہ کش ہو جاؤ گے تو پھر ابھی سے انہیں چھوڑ دو۔ کیونکہ وہ اپنی قوم اور اپنے شہر میں بہر حال عزت و حفاظت سے ہیں۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے عباسؓ سے کہا کہ آپ کی بات ہم نے سُن لی۔ اب اے اللہ کے رسول ﷺ! آپؐ گفتگو فرمایئے اور اپنے لیے اور اپنے رب کے لیے جو عہد و پیمان پسند کریں لیجیۓ۔[۳]

اس جواب سے پتہ چلتا ہے کہ اس عظیم ذمے داری کو اٹھانے اور اس کے پُرخطر نتائج کو جھیلنے کے سلسلے میں انصار کے عزمِ محکم، شجاعت و ایمان اور جوش و اخلاص کا کیا حال تھا۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے گفتگو فرمائی۔ آپؐ نے پہلے قرآن کی تلاوت کی، اللہ کی طرف دعوت دی اور اسلام کی ترغیب دی۔ اس کے بعد بیعت ہوئی۔

بیعت کی دفعات

بیعت کا واقعہ امام احمدؒ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے تفصیل کے ساتھ روایت کیا ہے۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ ہم نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! ہم آپؐ سے کس بات پر بیعت کریں۔ آپؐ نے فرمایا: "اس بات پر کہ،

(۱) چستی اور سستی ہر حال میں بات سنو گے اور مانو گے۔

(۲) تنگی اور خوشحالی ہر حال میں مال خرچ کرو گے۔

(۳) بھلائی کا حکم دو گے اور بُرائی سے روکو گے۔

(۴) اللہ کی راہ میں اُٹھ کھڑے ہو گے اور اللہ کے معاملے میں کسی ملامت گر کی ملامت کی پروا نہ کرو گے۔

(۵) اور جب میں تمہارے پاس آجاؤں گا تو میری مدد کرو گے اور جس چیز سے اپنی جان اور اپنے بال بچوں کی حفاظت کرتے ہو اس سے میری بھی حفاظت کرو گے۔

اور تمہارے لیے جنت ہے۔"[۴]

---

[۳] ابنِ ہشام ۱/ ۴۴۱، ۴۴۲ [۴] اسے امام احمدؒ بن حنبل نے حسن سند سے روایت کیا ہے (باقی اگلے صفحہ پر)

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کی روایت ہیں۔ جسے ابنِ اسحاق نے ذکر کیا ہے ۔ صرف آخری دفعہ (۵) کا ذکر ہے۔ چنانچہ اس میں کہا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قرآن کی تلاوت، اللہ کی طرف دعوت اور اسلام کی ترغیب دینے کے بعد فرمایا: "میں تم سے اس بات پر بیعت لیتا ہوں کہ تم اس چیز سے میری حفاظت کرو گے جس سے اپنے بال بچوں کی حفاظت کرتے ہو"۔ اس پر حضرت براءؓ بن مَعرُور نے آپ ﷺ کا ہاتھ پکڑا اور کہا ہاں ! اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو نبی برحق بنا کر بھیجا ہے ہم یقیناً اس چیز سے آپ ﷺ کی حفاظت کریں گے جس سے اپنے بال بچوں کی حفاظت کرتے ہیں ۔ لہذا اے اللہ کے رسول ﷺ ! آپؐ ہم سے بیعت لیجئے۔ ہم خدا کی قسم جنگ کے بیٹے ہیں اور ہتھیار ہمارا کھلونا ہے۔ ہماری یہی ریت باپ دادا سے چلی آ رہی ہے۔

حضرت کعبؓ کہتے ہیں کہ حضرت براءؓ، رسول اللہ ﷺ سے بات کر ہی رہے تھے کہ ابوالہیثم بن تیہان نے بات کاٹتے ہوئے کہا: "اے اللہ کے رسول ﷺ ! ہمارے اور کچھ لوگوں ۔ یعنی یہود ۔ کے درمیان ۔ عہد و پیمان کی ۔ رسیاں ہیں۔ اور اب ہم ان رسیوں کو کاٹنے والے ہیں، تو کہیں ایسا تو نہیں ہو گا کہ ہم ایسا کر ڈالیں پھر اللہ آپ ﷺ کو غلبہ وظہور عطا فرمائے تو آپؐ ہمیں چھوڑ کر اپنی قوم کی طرف پلٹ آئیں۔"

یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے تبسم فرمایا، پھر فرمایا: "(نہیں) بلکہ آپ لوگوں کا خون میرا خون اور آپ لوگوں کی بربادی میری بربادی ہے۔ میں آپ سے ہوں اور آپ مجھ سے ہیں۔ جس سے آپ جنگ کریں گے اس سے میں جنگ کروں گا اور جس سے آپ صلح کریں گے اس سے میں صلح کروں گا۔"[۵]

خطرناکی بیعت کی مکرر یاد دہانی

بیعت کی شرائط کے متعلق گفت و شنید مکمل ہو چکی اور لوگوں نے بیعت شروع کرنے کا ارادہ کیا تو صفِ اول کے دو مسلمان جو ۱۱ نبوت اور ۱۲ نبوت کے ایامِ حج میں مسلمان ہوئے تھے، یکے بعد دیگرے اُٹھے تاکہ لوگوں کے سامنے ان کی ذمہ داری کی نزاکت اور خطرناکی کو اچھی طرح واضح کر دیں اور یہ لوگ معاملے کے سارے پہلوؤں کو اچھی طرح سمجھ لینے کے بعد ہی بیعت کریں۔ اس سے یہ بھی پتہ لگانا مقصود

(بقیہ نوٹ گزشتہ صفحہ) اور امام حاکمؒ اور ابنِ حبانؒ نے صحیح کہا ہے۔ دیکھئے مختصر السیرہ شیخ عبداللہؒ نجدی ص ۱۵۵۔ ابنِ اسحاق نے قریب قریب یہی چیز حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے؛ البتہ اس میں ایک دفعہ کا اضافہ ہے جو یہ ہے کہ ہم اہلِ حکومت سے حکومت کے لیے نزاع نہ کریں گے۔ دیکھئے ابنِ ہشام ۱/۴۵۴

[۵] ابنِ ہشام ۱/۴۴۲

تھا کہ قوم کس حد تک قربانی دینے کے لیے تیار ہے۔

ابن اسحاق کہتے ہیں کہ جب لوگ بیعت کے لیے جمع ہو گئے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ بن عبادہ بن نضلہ نے کہا: "تم لوگ جانتے ہو کہ ان سے (اشارہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تھا) کس بات پر بیعت کر رہے ہو؟" جی ہاں کی آوازوں پر حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا "تم ان سے سرخ اور سیاہ لوگوں سے جنگ پر بیعت کر رہے ہو۔ اگر تمہارا یہ خیال ہو کہ جب تمہارے اموال کا صفایا کر دیا جائے گا اور تمہارے اشراف قتل کر دئے جائیں گے تو تم ان کا ساتھ چھوڑ دو گے تو ابھی سے چھوڑ دو، کیونکہ اگر تم نے انہیں لے جانے کے بعد چھوڑ دیا تو یہ دنیا اور آخرت کی رسوائی ہو گی۔ اور اگر تمہارا یہ خیال ہے کہ تم مال کی تباہی اور اشراف کے قتل کے باوجود وہ عہد نبھاؤ گے جس کی طرف تم نے انہیں بلایا ہے تو پھر بے شک تم انہیں لے لو۔ کیونکہ یہ خدا کی قسم دنیا اور آخرت کی بھلائی ہے۔"

اس پر سب نے بیک آواز کہا! ہم مال کی تباہی اور اشراف کے قتل کا خطرہ مول لے کر انہیں قبول کرتے ہیں۔ ہاں! اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہم نے یہ عہد پورا کیا تو ہمیں اس کے عوض کیا ملے گا؟۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنّت۔ لوگوں نے عرض کی: اپنا ہاتھ پھیلایئے! آپؐ نے ہاتھ پھیلایا اور لوگوں نے بیعت کی۔[۶]

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس وقت ہم بیعت کرنے اٹھے تو حضرت اسعدؓ بن زرارہ نے ـــــ جو ان ستّر آدمیوں میں سب سے کم عمر تھے ـــــ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ پکڑ لیا اور بولے: "اہل یثرب ذرا ٹھہر جاؤ! ہم آپ کی خدمت میں اونٹوں کے کلیجے مار کر (یعنی لمبا چوڑا سفر کر کے) اس یقین کے ساتھ حاضر ہوئے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ آج آپؐ کو یہاں سے لے جانے کے معنی ہیں سارے عرب سے دشمنی، تمہارے چیدہ سرداروں کا قتل، اور تلواروں کی مار۔ لہذا اگر یہ سب کچھ برداشت کر سکتے ہو تب تو انہیں لے چلو، اور تمہارا اجر اللہ پر ہے۔ اور اگر تمہیں اپنی جان عزیز ہے تو انہیں ابھی سے چھوڑ دو۔ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ قابلِ قبول عذر ہو گا۔"[۷]

بیعت کی تکمیل بیعت کی دفعات پہلے ہی طے ہو چکی تھیں، ایک بار نزاکت کی وضاحت بھی ہو چکی تھی۔ اب یہ تاکید مزید ہوئی تو لوگوں نے بیک آواز کہا: "اسعد بن زرارہ! اپنا ہاتھ ہٹاؤ۔ خدا کی قسم ہم اس بیعت کو نہ چھوڑ سکتے ہیں اور نہ توڑ سکتے ہیں۔"[۸]

---

۶ ایضاً ۱/۴۴۶ ۷ مسند احمد ۸ ایضاً

اس جواب سے حضرت اسعدؓ کو اچھی طرح معلوم ہو گیا کہ قوم کس حد تک اس راہ میں جان دینے کے لیے تیار ہے ـــــ درحقیقت حضرت اسعدؓ بن زُرارہ حضرت مُصعبؓ بن عُمیر کے ساتھ مل کر مدینے میں اسلام کے سب سے بڑے مبلغ تھے، اس لیے طبعی طور پر وہی ان بیعت کنندگان کے دینی سربراہ بھی تھے اور اسی لیے سب سے پہلے انہیں نے بیعت بھی کی۔ چنانچہ ابنِ اسحاق کی روایت ہے کہ بنو النجار کہتے ہیں کہ ابو امامہ اسعدؓ بن زرارہ سب سے پہلے آدمی ہیں جنہوں نے آپ ﷺ سے ہاتھ ملایا[۹] اور اس کے بعد بیعتِ عامّہ ہوئی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ ایک ایک آدمی کرکے اُٹھے اور آپ ﷺ نے ہم سے بیعت لی اور اس کے عوض جنّت کی بشارت دی۔[۱۰]

باقی رہیں دو عورتیں جو اس موقعے پر حاضر تھیں تو ان کی بیعت صرف زبانی ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ نے کبھی کسی اجنبی عورت سے مصافحہ نہیں کیا۔[۱۱]

بارہ نقیب

بیعت مکمل ہو چکی تو رسول اللہ ﷺ نے یہ تجویز رکھی کہ بارہ سربراہ منتخب کر لیے جائیں جو اپنی اپنی قوم کے نقیب ہوں اور اس بیعت کی دفعات پر عملدرآمد کے لیے اپنی قوم کی طرف سے وہی ذمے دار اور مکلف ہوں۔ آپ کا ارشاد تھا کہ آپ لوگ اپنے اندر سے بارہ نقیب پیش کیجئے تاکہ وہی لوگ اپنی اپنی قوم کے معاملات کے ذمہ دار ہوں۔ آپؐ کے اس ارشاد پر فوراً ہی نقیبوں کا انتخاب عمل میں آگیا۔ نو خزرج سے منتخب کیے گئے اور تین اَوس سے۔ نام یہ ہیں:۔

خزرج کے نُقَباء:

۱۔ اسعدؓ بن زرارہ بن عدس
۲۔ سَعدؓ بن ربیع بن عَمرو
۳۔ عبدؓ اللہ بن رواحہ بن ثعلبہ
۴۔ رافعؓ بن مالک بن عجلان
۵۔ براءؓ بن معرور بن صخر
۶۔ عبدؓ اللہ بن عَمرو بن حرام
۷۔ عبادہؓ بن صامت بن قیس
۸۔ سَعدؓ بن عُبادہ بن دلیم

---

[۹] ابنِ اسحاق کا یہ بھی بیان ہے کہ بنو عبد الاشہل کہتے ہیں کہ سب سے پہلے ابو الہیثم بن تیہان نے بیعت کی اور حضرت کعبؓ بن مالک کہتے ہیں کہ براءؓ بن معرور نے کی (ابن ہشام ۱/ ۴۴۷)۔ راقم کا خیال ہے کہ ممکن ہے بیعت سے پہلے نبی ﷺ سے حضرت ابو الہیثم اور براء کی جو گفتگو ہوئی تھی۔ لوگوں نے اسی کو بیعت شمار کر لیا ہو ورنہ اس وقت آگے بڑھائے جانے کے سب سے زیادہ حقدار حضرت اسعدؓ بن زرارہ ہی تھے۔ واللہ اعلم

[۱۰] مسند احمد [۱۱] دیکھئے صحیح مسلم باب کیفیۃ بیعۃ النساء ۲/ ۱۳۱

۹۔ مُنذِرؓ بن عَمرو بن خنیس

اَوس کے نُقَباء!

۱۔ اُسَیدؓ بن حُضَیر بن سماک ۲۔ سعدؓ بن خیثمہ بن حارث

۳۔ رِفاعہؓ بن عبد المنذر بن زبیر[۱۲]

جب ان نقباء کا انتخاب ہو چکا تو ان سے سردار اور ذمّے دار ہونے کی حیثیت سے رسول اللہ ﷺ نے ایک اور عہد لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "آپ لوگ اپنی قوم کے جملہ معاملات کے کفیل ہیں۔ جیسے حواری حضرت عیسٰی علیہ السّلام کی جانب سے کفیل ہوئے تھے اور میں اپنی قوم یعنی مسلمانوں کا کفیل ہوں"۔ ان سب نے کہا: جی ہاں۔[۱۳]

شیطان مُعاہدہ کا انکشاف کرتا ہے

معاہدہ مکمل ہو چکا تھا اور اب لوگ بکھرنے ہی والے تھے کہ ایک شیطان کو اس کا پتا لگ گیا۔ چونکہ یہ انکشاف بالکل آخری لمحات میں ہُوا تھا اور اتنا موقع نہ تھا کہ یہ خبر چپکے سے قریش کو پہنچادی جائے، اور وہ اچانک اس اجتماع کے شرکاء پر ٹوٹ پڑیں اور انہیں گھاٹی ہی میں جالیں اس لیے اس شیطان نے جھٹ ایک اونچی جگہ کھڑے ہو کر نہایت بلند آواز سے، جو شاید ہی کبھی سُنی گئی ہو، یہ پکار لگائی "خیمے والو! محمد (ﷺ) کو دیکھو۔ اس وقت بد دین اس کے ساتھ ہیں اور تم سے لڑنے کے لیے جمع ہیں"۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "یہ اس گھاٹی کا شیطان ہے او! اللہ کے دشمن اسُن، اب میں تیرے لیے جلد ہی فارغ ہو رہا ہوں"۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے لوگوں سے فرمایا کہ وہ اپنے ڈیروں پر چلے جائیں۔[۱۴]

قریش پر ضرب لگانے کے لیے انصار کی مستعدی

اس شیطان کی آواز سُن کر حضرت عباسؓ بن عبادہ بن نضلہ نے فرمایا: "اس ذات کی قسم! جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے۔ آپؐ چاہیں تو ہم کل اہل منیٰ

---

[۱۲] زبیر، حرف ب سے۔ بعض لوگوں نے ب کی جگہ ن کہا ہے یعنی زنیر۔ بعض اہلِ سیر نے رفاعہ کے بدلے ابو الہیثم بن تیہان کا نام درج کیا ہے۔

[۱۳] ابنِ ہشام ۱/۴۴۳، ۴۴۴، ۴۴۶

[۱۴] زاد المعاد ۲/۵۱

پر اپنی تلواروں کے ساتھ ٹوٹ پڑیں"۔ آپ نے فرمایا: "ہمیں اس کا حکم نہیں دیا گیا ہے بس آپ لوگ اپنے ڈیروں میں چلے جائیں"۔ اس کے بعد لوگ واپس جا کر سو گئے۔ یہاں تک کہ صبح ہو گئی۔[۱۵]

رؤسا یثرب سے قریش کا احتجاج

یہ خبر قریش کے کانوں تک پہنچی تو غم والم کی شدت سے ان کے اندر کہرام مچ گیا کیونکہ اس جیسی بیعت کے جو نتائج ان کی جان و مال پر مرتب ہو سکتے تھے اس کا انہیں اچھی طرح اندازہ تھا؛ چنانچہ صبح ہوتے ہی ان کے رؤسا اور اکابر مجرمین کے ایک بھاری بھر کم وفد نے اس معاہدے کے خلاف سخت احتجاج کے لیے اہل یثرب کے خیموں کا رخ کیا، اور یوں عرض پرداز ہوا:

"خزرج کے لوگو! ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ لوگ ہمارے اس صاحب کو ہمارے درمیان سے نکال لے جانے کے لیے آئے ہیں اور ہم سے جنگ کرنے کے لیے اس کے ہاتھ پر بیعت کر رہے ہیں حالانکہ کوئی عرب قبیلہ ایسا نہیں جس سے جنگ کرنا ہمارے لیے اتنا زیادہ ناگوار ہو جتنا آپ حضرات سے ہے"۔[۱۶]

لیکن چونکہ مشرکین خزرج اس بیعت کے بارے میں سرے سے کچھ جانتے ہی نہ تھے۔ کیونکہ یہ مکمل راز داری کے ساتھ رات کی تاریکی میں زیر عمل آئی تھی اس لیے ان مشرکین نے اللہ کی قسم کھا کھا کر یقین دلایا کہ ایسا کچھ ہوا ہی نہیں ہے، ہم اس طرح کی کوئی بات سرے سے جانتے ہی نہیں۔ بالآخر یہ وفد عبداللہ بن اُبیّ ابن سلول کے پاس پہنچا۔ وہ بھی کہنے لگا: "یہ باطل ہے۔ ایسا نہیں ہوا ہے، اور یہ تو ہو ہی نہیں سکتا کہ میری قوم مجھے چھوڑ کر اس طرح کا کام کر ڈالے۔ اگر میں یثرب میں ہوتا تو بھی مجھ سے مشورہ کیے بغیر میری قوم ایسا نہ کرتی"۔

باقی رہے مسلمان تو انہوں نے کنکھیوں سے ایک دوسرے کو دیکھا اور چپ سادھ لی۔ ان میں سے کسی نے ہاں یا نہیں کے ساتھ زبان ہی نہیں کھولی۔ آخر رؤسا قریش کا رجحان یہ رہا کہ مشرکین کی بات سچ ہے اس لیے وہ نامراد واپس چلے گئے۔

خبر کا یقین اور بیعت کرنے والوں کا تعاقب

رؤسا مکہ تقریباً اس یقین کے ساتھ پلٹے تھے کہ یہ خبر غلط ہے لیکن اس کی کرید میں وہ برابر لگے رہے۔ بالآخر انہیں یقینی طور پر معلوم ہو گیا کہ خبر صحیح ہے اور بیعت ہو چکی ہے۔ لیکن یہ پتا اس وقت چلا جب

---

[۱۵] ابن ہشام ۱/۴۴۸ [۱۶] ایضاً ۱/۴۴۸

حجّاج اپنے وطن روانہ ہو چکے تھے، اس لیے ان کے سواروں نے تیز رفتاری سے اہلِ یثرب کا پیچھا کیا لیکن موقع نکل چکا تھا، البتہ انہوں نے سعدؓ بن عبادہ اور منذرؓ بن عمرو کو دیکھ لیا اور انہیں جا کھدیڑا لیکن منذرؓ زیادہ تیز رفتار ثابت ہوئے اور نکل بھاگے البتہ سعدؓ بن عبادہ پکڑ لیے گئے اور ان کا ہاتھ گردن کے پیچھے انہیں کے کجاوے کی رسّی سے باندھ دیا گیا؛ پھر انہیں مارتے پیٹتے اور بال نوچتے ہوئے مکّہ لے جایا گیا، لیکن وہاں مطعم بن عدی اور حارث بن حرب بن امیہ نے آکر چھڑا دیا کیونکہ ان دونوں کے جو قافلے مدینے سے گذرتے تھے وہ حضرت سعدؓ ہی کی پناہ میں گذرتے تھے۔ ادھر انصار ان کی گرفتاری کے بعد باہم مشورہ کر رہے تھے کہ کیوں نہ دھاوا بول دیا جائے مگر اتنے میں وہ دکھائی پڑ گئے۔ اس کے بعد تمام لوگ بخیریت مدینہ پہنچ گئے۔[۱]

یہی عقبہ کی دوسری بیعت ہے جسے بیعتِ عقبۂ کُبریٰ کہا جاتا ہے۔ یہ بیعت ایک ایسی فضا میں زیرِ عمل آئی جس پر محبّت و وفاداری، منتشر اہلِ ایمان کے درمیان تعاون و تناصر، باہمی اعتماد، اور جاں سپاری و شجاعت کے جذبات چھائے ہوئے تھے۔ چنانچہ یثربی اہلِ ایمان کے دل اپنے کمزور مکّی بھائیوں کی شفقت سے لبریز تھے۔ ان کے اندر ان بھائیوں کی حمایت کا جوش تھا اور ان پر ظلم کرنے والوں کے خلاف غم و غصّہ تھا۔ ان کے سینے اپنے اس بھائی کی محبت سے سرشار تھے جسے دیکھے بغیر محض للّٰہ فی اللہ اپنا بھائی قرار دے لیا تھا۔

اور یہ جذبات و احساسات محض کسی عارضی کشش کا نتیجہ نہ تھے جو دن گذرنے کے ساتھ ساتھ ختم ہو جاتی ہے۔ بلکہ اس کا منبع ایمان باللہ، ایمان بالرسول اور ایمان بالکتاب تھا۔ یعنی وہ ایمان جو ظلم و عدوان کی کسی بڑی سے بڑی قوت کے سامنے سرنگوں نہیں ہوتا؛ وہ ایمان کہ جب اس کی بادِ بہاری چلتی ہے تو عقیدہ و عمل میں عجائبات کا ظہور ہوتا ہے۔ اسی ایمان کی بدولت مسلمانوں نے صفحاتِ زمانہ پر ایسے ایسے کارنامے ثبت کیے اور ایسے ایسے آثار و نشانات چھوڑے کہ ان کی نظیر سے ماضی و حاضر خالی ہیں۔ اور غالباً مستقبل بھی خالی ہی رہے گا۔

○

---

[۱] زاد المعاد ۲/۵۱، ۵۲۔ ابنِ ہشام ۱/۴۴۸۔ ۴۵۰

ہجرت کے ہراول دستے

جب دوسری بیعتِ عقبہ مکمل ہوگئی۔ اسلام، کفر و جہالت کے لق و دق صحرا میں اپنے ایک وطن کی بنیاد رکھنے میں کامیاب ہوگیا ـــــ اور یہ سب سے اہم کامیابی تھی جو اسلام نے اپنی دعوت کے آغاز سے اب تک حاصل کی تھی ـــــ تو رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو اجازت مرحمت فرمائی کہ وہ اپنے اس نئے وطن کی طرف ہجرت کر جائیں۔

ہجرت کے معنی یہ تھے کہ سارے مفادات تج کر اور مال کی قربانی دے کر محض جان بچالی جائے اور وہ بھی یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ جان بھی خطرے کی زد میں ہے۔ ابتدائے راہ سے انتہائے راہ تک کہیں بھی ہلاک کی جاسکتی ہے۔ پھر سفر بھی ایک مبہم مستقبل کی طرف ہے معلوم نہیں آگے چل کر ابھی کون کون سے مصائب اور غم و الم رُونما ہوں گے۔

مسلمانوں نے یہ سب کچھ جانتے ہوئے ہجرت کی ابتداء کردی۔ ادھر مشرکین نے بھی ان کی روانگی میں رکاوٹیں کھڑی کرنی شروع کیں کیونکہ وہ سمجھ رہے تھے کہ اس میں خطرات مضمر ہیں۔ ہجرت کے چند نمونے پیشِ خدمت ہیں۔

۱۔ سب سے پہلے مہاجر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے ابنِ اسحاق کے بقول بیعتِ عَقَبہ کُبریٰ سے ایک سال پہلے ہجرت کی تھی، ان کے ہمراہ ان کے بیوی بچے بھی تھے۔ جب انہوں نے روانہ ہونا چاہا تو ان کے سسرال والوں نے کہا کہ یہ رہی آپ کی بیگم۔ اسکے متعلق تو آپ ہم پر غالب آگئے۔ لیکن یہ بتایئے کہ یہ ہمارے گھر کی لڑکی آخر کس بنا پر ہم آپ کو چھوڑدیں کہ آپ اسے شہر شہر گھماتے پھریں؟ چنانچہ انہوں نے ان سے ان کی بیوی چھین لی۔ اس پر ابوسلمہ کے گھر والوں کو تاؤ آگیا اور انہوں نے کہا کہ جب تم لوگوں نے اس عورت کو ہمارے آدمی سے چھین لیا تو ہم اپنا بیٹا اس عورت کے پاس نہیں رہنے دے سکتے۔ چنانچہ دونوں فریق نے اس بچے کو اپنی اپنی طرف کھینچا جس سے اس کا ہاتھ اکھڑ گیا۔ اور ابوسلمہؓ کے گھر والے اس کو اپنے پاس لے گئے۔ خلاصہ یہ کہ ابوسلمہؓ نے تنہا مدینہ کا سفر کیا۔ اس کے بعد حضرت اُمِّ سلمہؓ کا حال یہ تھا کہ وہ اپنے شوہر کی روانگی اور اپنے بچے سے محرومی کے

بعد روزانہ صبح صبح ابطح پہنچ جاتیں۔ (جہاں یہ ماجرا پیش آیا تھا) اور شام تک روتی رہتیں۔ اسی حالت میں ایک سال گذر گیا۔ بالآخر ان کے گھرانے کے کسی آدمی کو ترس آ گیا اور اُس نے کہا کہ اس بیچاری کو جانے کیوں نہیں دیتے؟ اسے خواہ مخواہ اس کے شوہر اور بیٹے سے جُدا کر رکھا ہے۔ اس پر اُمِ سلمہؓ سے ان کے گھر والوں نے کہا کہ اگر تم چاہو تو اپنے شوہر کے پاس چلی جاؤ۔ حضرت اُمِ سلمہؓ نے بیٹے کو اس کے ددھیال والوں سے واپس لیا اور مدینہ چل پڑیں۔ اللہ اکبر! کوئی پانچ سو کیلومیٹر کی مسافت کا سفر اور ساتھ میں اللہ کی کوئی مخلوق نہیں؛ جب تَنعِیم پہنچیں تو عثمان بن ابی طلحہ مل گیا۔ اسے حالات کی تفصیل معلوم ہوئی تو مشایعت کرتا ہُوا مدینہ پہنچانے لے گیا اور جب قُباء کی آبادی نظر آئی تو بولا "تمہارا شوہر اسی بستی میں ہے اسی میں چلی جاؤ اللہ برکت دے۔" اس کے بعد وہ مکہ پلٹ آیا۔[1]

۲۔ حضرت صُہَیبؓ نے جب ہجرت کا ارادہ کیا تو ان سے کفارِ قریش نے کہا: "تم ہمارے پاس آئے تھے تو حقیر و فقیر تھے۔ لیکن یہاں آ کر تمہارا مال بہت زیادہ ہو گیا اور تم بہت آگے پہنچ گئے۔ اب تم چاہتے ہو کہ اپنی جان اور اپنا مال دونوں لے کر چل دو تو بخدا ایسا نہیں ہو سکتا۔" حضرت صہیبؓ نے کہا: "اچھا یہ بتاؤ کہ اگر میں اپنا مال چھوڑ دوں تو تم میری راہ چھوڑ دو گے؟" انہوں نے کہا ہاں حضرت صہیبؓ نے کہا: اچھا تو پھر ٹھیک ہے، چلو میرا مال تمہارے حوالے ــــــ رسول اللہ ﷺ کو اس کا علم ہُوا تو آپ نے فرمایا "صہیبؓ نے نفع اٹھایا۔ صہیبؓ نے نفع اٹھایا۔"[2]

(۳) حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، عیّاش بن ابی ربیعہ اور ہشامؓ بن عاص بن وائل نے آپس میں طے کیا کہ فلاں جگہ صبح صبح اکٹھے ہو کر وہیں سے مدینہ کو ہجرت کی جائے گی۔ حضرت عمرؓ اور عیّاشؓ تو وقتِ مقررہ پر آ گئے لیکن ہشامؓ کو قید کر لیا گیا۔

پھر جب یہ دونوں حضرات مدینہ پہنچ کر قُباء میں اُتر چکے تو عیّاشؓ کے پاس ابوجہل اور اس کا بھائی حارث پہنچے۔ تینوں کی ماں ایک تھی۔ ان دونوں نے عیّاشؓ سے کہا: "تمہاری ماں نے نذر مانی ہے کہ جب تک وہ تمہیں دیکھ نہ لے گی سر میں کنگھی نہ کرے گی اور دُھوپ چھوڑ کر سائے میں نہ آئے گی۔" یہ سُن کر عیّاش کو اپنی ماں پر ترس آ گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ کیفیت دیکھ کر عیّاشؓ سے کہا: "عیّاشؓ! دیکھو خدا کی قسم یہ لوگ تم کو محض تمہارے دین سے فتنے میں ڈالنا چاہتے ہیں؛ لہٰذا ان سے ہوشیار رہو خدا کی قسم اگر تمہاری ماں کو جُوؤں نے اذیت پہنچائی تو وہ کنگھی کر لے گی اور اسے مکہ کی ذرا کڑی دھوپ

---

[1] ابنِ ہشام ۱/۴۶۸، ۴۶۹، ۴۷۰ [2] ایضاً ۱/۴۷۷

گی تو وہ سائے میں چلی جائے گی" مگر عیاشؓ نہ مانے۔ انہوں نے اپنی ماں کی قسم پوری کرنے کے لیے ان دونوں کے ہمراہ نکلنے کا فیصلہ کر لیا۔ حضرت عمرؓ نے کہا: "اچھا جب یہی کرنے پر آمادہ ہو تو میری یہ اونٹنی لے لو۔ یہ بڑی عمدہ اور تیز رَو ہے۔ اس کی پیٹھ نہ چھوڑنا اور لوگوں کی طرف سے کوئی مشکوک حرکت ہو تو نکل بھاگنا۔"

عیاشؓ اونٹنی پر سوار ان دونوں کے ہمراہ نکل پڑے۔ راستے میں ایک جگہ ابو جہل نے کہا: "بھئی میرا یہ اونٹ تو بڑا سخت نکلا؛ کیوں نہ تم مجھے بھی اپنی اس اونٹنی پر پیچھے بٹھا لو۔" عیاشؓ نے کہا 'ٹھیک ہے۔ اور اس کے بعد اونٹنی بٹھا دی۔ ان دونوں نے بھی اپنی اپنی سواریاں بٹھائیں تاکہ ابو جہل عیاشؓ کی اونٹنی پر پلٹ آئے؛ لیکن جب تینوں زمین پر آ گئے تو یہ دونوں اچانک عیاشؓ پر ٹوٹ پڑے اور انہیں رسّی سے جکڑ کر باندھ دیا اور اسی بندھی ہوئی حالت میں دن کے وقت مکّہ لائے اور کہا کہ اے اہلِ مکّہ! اپنے بیوقوفوں کے ساتھ ایسا ہی کرو جیسا ہم نے اپنے اس بیوقوف کے ساتھ کیا ہے[۳]

عازمینِ ہجرت کا علم ہو جانے کی صورت میں ان کے ساتھ مشرکین جو سلوک کرتے تھے اس کے یہ تین نمونے ہیں؛ لیکن ان سب کے باوجود لوگ آگے پیچھے پے در پے نکلتے ہی رہے چنانچہ بیعت عقبۂ کُبریٰ کے صرف دو ماہ چند دن بعد مکّہ میں رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکرؓ اور حضرت علیؓ کے علاوہ کچھ ایسے مسلمان ضرور رہ گئے تھے جنہیں مشرکین نے زبردستی روک رکھا تھا۔ ان دونوں حضرات (حضرت ابوبکرؓ اور حضرت علیؓ) کو بھی رسُول اللہ ﷺ نے روک رکھا تھا۔ رسول اللہ ﷺ بھی اپنا ساز و سامان تیار کر کے روانگی کے لیے حکمِ خداوندی کا انتظار کر رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا رختِ سفر بھی بندھا ہُوا تھا۔[۴]

صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں

---

[۳] ہشامؓ اور عیاشؓ کفار کی قید میں پڑے رہے۔ جب رسُول اللہ ﷺ ہجرت فرما چکے تو آپ نے ایک روز کہا: کون ہے جو میرے لیے ہشامؓ اور عیاشؓ کو چھڑا لائے۔ ولیدؓ بن ولید نے کہا: میں آپ کے لیے ان کو لانے کا ذمہ دار ہوں۔ پھر ولیدؓ خفیہ طور پر مکّہ گئے اور ایک عورت (جو ان دونوں کے پاس کھانا لے جا رہی تھی) اس کے پیچھے پیچھے جا کر ان کا ٹھکانا معلوم کیا۔ یہ دونوں ایک بغیر چھت کے مکان میں قید تھے۔ رات ہوئی تو حضرت ولیدؓ دیوار پھلانگ کر ان دونوں کے پاس پہنچے اور بیڑیاں کاٹ کر اپنے اُونٹ پر بٹھایا اور مدینہ بھاگ آئے۔ ابنِ ہشام ۱/۴۷۴ - ۴۷۶۔ اور حضرت عمرؓ رضی اللہ عنہ نے بیس صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ ہجرت کی تھی۔ صحیح بخاری ۱/۵۵۸

[۴] زاد المعاد ۲/۵۲

سے فرمایا: "مجھے تمہارا مقامِ ہجرت دکھلایا گیا ہے۔ یہ لاوے کی دو پہاڑیوں کے درمیان واقع ایک نخلستانی علاقہ ہے"۔ اس کے بعد لوگوں نے مدینے کی جانب ہجرت کی۔ عام مہاجرین حبشہ بھی مدینہ ہی آگئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی سفرِ مدینہ کے لیے ساز و سامان تیار کر لیا۔ (لیکن) رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: "ذرا رُکے رہو کیونکہ توقع ہے مجھے بھی اجازت دے دی جائے گی"۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: "میرے باپ آپ پر فدا کیا آپ کو اس کی امید ہے"۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "ہاں"۔ اسکے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ رُکے رہے۔ تاکہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کریں۔ ان کے پاس دو اونٹنیاں تھیں۔ انھیں بھی چار ماہ تک ببول کے پتوں کا خوب چارہ کھلایا۔ [۵]

○

---

[۵] صحیح البخاری۔ باب ہجرۃ النبی ﷺ واصحابہ ۱/۵۵۳

قریش کی پارلیمنٹ، دارالندوہ میں

جب مشرکین نے دیکھا کہ صحابہ کرامؓ تیار ہو ہو کر نکل گئے اور بال بچوں اور مال و دولت کو لاد پھاند کر اوس و خزرج کے علاقے میں جا پہنچے تو ان میں بڑا کہرام مچا۔ غم و الم کے لاوے پھوٹ پڑے اور انہیں ایسا رنج و قلق ہوا کہ اس سے کبھی سابقہ نہ پڑا تھا۔ اب ان کے سامنے ایک ایسا عظیم اور حقیقی خطرہ مجسّم ہو چکا تھا جو ان کی بت پرستانہ اور اقتصادی اجتماعیت کے لیے چیلنج تھا۔

مشرکین کو معلوم تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اندر کمال قیادت و رہنمائی کے ساتھ ساتھ کس قدر انتہائی درجہ قوتِ تاثیر موجود ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ میں کیسی عزیمت و استقامت اور کیسا جذبۂ فداکاری پایا جاتا ہے۔ پھر اوس و خزرج کے قبائل میں کس قدر قوت و قدرت اور جنگی صلاحیت ہے۔ اور ان دونوں قبائل کے عقلاء میں صلح و صفائی کے کیسے جذبات ہیں۔ اور وہ کئی برس تک خانہ جنگی کی تلخیاں چکھنے کے بعد اب باہمی رنج و عداوت کو ختم کرنے پر کس قدر آمادہ ہیں۔

انہیں اس کا بھی احساس تھا کہ یمن سے شام تک بحر احمر کے ساحل سے ان کی جو تجارتی شاہراہ گذرتی ہے۔ اس شاہراہ کے اعتبار سے مدینہ فوجی اہمیت کے کس قدر حساس اور نازک مقام پر واقع ہے۔ درآں حالیکہ ملک شام سے صرف مکہ والوں کی سالانہ تجارت ڈھائی لاکھ دینار سونے کے تناسب سے ہوا کرتی تھی۔ اہل طائف وغیرہ کی تجارت اسکے علاوہ تھی اور معلوم ہے کہ اس تجارت کا سارا دارومدار اس پر تھا کہ یہ راستہ پُر امن رہے۔

ان تفصیلات سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ یثرب میں اسلامی دعوت کے جڑ پکڑنے اور اہل مکہ کے خلاف اہل یثرب کے صف آرا ہونے کی صورت میں مکے والوں کے لیے کتنے خطرات تھے۔ چونکہ مشرکین کو اس گمبھیر خطرے کا پورا پورا احساس تھا جو ان کے وجود کے لیے چیلنج بن رہا تھا اس لیے انہوں نے اس خطرے کا کامیاب ترین علاج سوچنا شروع کیا۔ اور معلوم ہے کہ اس خطرے کی اصل بنیاد دعوتِ اسلام کے علمبردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی تھے۔

مشرکین نے اس مقصد کے لیے بیعتِ عَقَبہ کُبریٰ کے تقریباً ڈھائی مہینہ بعد ۲۶ صفر ۱۴ھ نبوت مطابق ۱۲ ستمبر ۶۲۲ء یوم جمعرات[۱] کو دن کے پہلے پہر[۲] مکے کی پارلیمنٹ دارالندوہ میں تاریخ کا سب سے خطرناک

۱/۲ نوٹ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے۔

اجتماع منعقد کیا۔ اور اس میں قریش کے تمام قبائل کے نمائندوں نے شرکت کی۔ موضوع بحث ایک ایسے قطعی پلان کی تیاری تھی جس کے مطابق اسلامی دعوت کے علمبردار کا قصہ بہ عجلت تمام پاک کر دیا جاتے اور اس دعوت کی روشنی کلی طور پر مٹا دی جائے۔

اس خطرناک اجتماع میں قبائل قریش کے نمایاں چہرے یہ تھے :

۱۔ ابو جہل بن ہشام — قبیلۂ بنی مخزوم سے۔

۲۔ جبیر بن مطعم، طعیمہ بن عدی اور حارث بن عامر، — بنی نوفل بن عبد مناف سے

۳۔ شیبہ بن ربیعہ، عتبہ بن ربیعہ اور ابوسفیان بن حرب، — بنی عبد شمس بن عبد مناف سے

۴۔ نضر بن حارث، — بنی عبد الدار سے۔

۵۔ ابو البختری بن ہشام، زمعہ بن اسود اور حکیم بن حزام — بنی اسد بن عبد العزیٰ سے

۶۔ نبیہ بن حجاج اور منبہ بن حجاج — بنی سہم سے

۷۔ امیہ بن خلف — بنی جمح سے

وقتِ مقررہ پر یہ نمائندگان دار الندوہ پہنچے تو ابلیس بھی ایک شیخ جلیل کی صورت، عبا اوڑھے، راستہ روکے، دروازے پر آن کھڑا ہوا۔ لوگوں نے کہا یہ کون سے شیخ ہیں؟ ابلیس نے کہا: "یہ اہل نجد کا ایک شیخ ہے۔ آپ لوگوں کا پروگرام سن کر حاضر ہو گیا ہے۔ باتیں سننا چاہتا ہے اور کچھ بعید نہیں کہ آپ لوگوں کو خیر خواہانہ مشورے سے بھی محروم نہ رکھے۔" لوگوں نے کہا 'بہتر ہے آپ بھی آجایئے؛ چنانچہ ابلیس بھی ان کے ساتھ اندر گیا۔

پارلیمانی بحث اور نبی ﷺ کے قتل کی ظالمانہ قرارداد پر اتفاق

اجتماع مکمل ہو گیا تو تجاویز اور حل پیش کیے جانے شروع ہوئے اور دیر تک بحث جاری رہی۔ پہلے ابو الاسود نے یہ تجویز پیش کی کہ ہم اس شخص کو اپنے درمیان سے نکال دیں اور اپنے شہر سے جلاوطن کر دیں۔ پھر ہمیں اس سے

(نوٹ گزشتہ صفحہ)

[1] یہ تاریخ علامہ منصور پوری کی درج کردہ تحقیقات کی روشنی میں متعین کی گئی ہے۔ رحمۃ للعالمین ۱/۹۵، ۹۷، ۱۰۲۔ ۲/۴۷۱

[2] پہلے پہر اس اجتماع کے منعقد ہونے کی دلیل ابن اسحاق کی وہ روایت ہے جس میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت جبریلؑ نبی ﷺ کی خدمت میں اس اجتماع کی خبر لے کر آئے اور آپؐ کو ہجرت کی اجازت دی۔ اس کے ساتھ صحیح بخاری میں مروی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت کو ملایئے کہ نبی ﷺ ٹھیک دوپہر کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا "مجھے روانگی کی اجازت دے دی گئی ہے۔" روایت بہ تفصیل آگے آرہی ہے۔

کوئی واسطہ نہیں کہ وہ کہاں جاتا اور کہاں رہتا ہے۔ بس ہمارا معاملہ ٹھیک ہو جائے گا اور ہمارے درمیان پہلے جیسی یگانگت ہو جائے گی۔

مگر شیخ نجدی نے کہا: "نہیں۔ خدا کی قسم یہ مناسب رائے نہیں ہے۔ تم دیکھتے نہیں کہ اس شخص کی بات کتنی عمدہ اور بول کتنے میٹھے ہیں اور جو کچھ لاتا ہے اس کے ذریعے کس طرح لوگوں کا دل جیت لیتا ہے۔ خدا کی قسم اگر تم نے ایسا کیا تو کچھ اطمینان نہیں کہ وہ عرب کے کسی قبیلے میں نازل ہو اور انہیں اپنا پیرو بنا لینے کے بعد تم پر یورش کر دے اور تمہیں تمہارے شہر کے اندر روند کر تم سے جیسا سلوک چاہے کرے۔ اسکے بجائے کوئی اور تجویز سوچو"۔

ابو البختری نے کہا: "اسے لوہے کی بیڑیوں میں جکڑ کر قید کر دو اور باہر سے دروازہ بند کر دو پھر اسی انجام (موت) کا انتظار کرو جو اس سے پہلے دوسرے شاعروں مثلاً زُہیرؔ اور نابغہ وغیرہ کا ہو چکا ہے"۔

شیخ نجدی نے کہا: "نہیں خدا کی قسم یہ بھی مناسب رائے نہیں ہے۔ واللہ اگر تم لوگوں نے اسے قید کر دیا جیسا کہ تم کہہ رہے ہو تو اس کی خبر بند دروازے سے باہر نکل کر اس کے ساتھیوں تک ضرور پہنچ جائے گی۔ پھر کچھ بعید نہیں کہ وہ لوگ تم پر دھاوا بول کر اس شخص کو تمہارے قبضے سے نکال لے جائیں۔ پھر اس کی مدد سے اپنی تعداد بڑھا کر تمہیں مغلوب کر لیں —— لہٰذا یہ بھی مناسب رائے نہیں۔ کوئی اور تجویز سوچو!"

یہ دونوں تجاویز پارلیمنٹ رد کر چکی تو ایک تیسری مجرمانہ تجویز پیش کی گئی جس سے تمام ممبران نے اتفاق کیا۔ اسے پیش کرنے والا مکے کا سب سے بڑا مجرم ابوجہل تھا۔ اس نے کہا: "اس شخص کے بارے میں میری ایک رائے ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ اب تک تم لوگ اس پر نہیں پہنچے" لوگوں نے کہا 'ابوالحکم وہ کیا ہے؟'

ابوجہل نے کہا: "میری رائے یہ ہے کہ ہم ہر ہر قبیلے سے ایک مضبوط، صاحبِ نسب اور بانکا جوان منتخب کر لیں، پھر ہر ایک کو ایک تیز تلوار دیں۔ اس کے بعد سب کے سب اس شخص کا رُخ کریں اور اس طرح یکبارگی تلوار مار کر قتل کر دیں جیسے ایک ہی آدمی نے تلوار ماری ہو۔ یوں ہمیں اس شخص سے راحت مل جائے گی اور اس طرح قتل کرنے کا نتیجہ یہ ہو گا کہ اس شخص کا خون سارے قبائل میں بکھر جائے گا اور بنو عبد مناف سارے قبیلوں سے جنگ نہ کر سکیں گے۔ لہٰذا دیت (خون بہا) لینے پر راضی ہو جائیں گے اور ہم دیت ادا کر دیں گے"۔[۳]

شیخ نجدی نے کہا: "بات یہ رہی جو اس جوان نے کہی۔ اگر کوئی تجویز اور رائے ہو سکتی ہے تو یہی ہے' باقی سب ہیچ"۔

اس کے بعد پارلیمانِ مکہ نے اس مجرمانہ قرارداد پر اتفاق کر لیا اور ممبران اس عزمِ مصمم کے ساتھ اپنے گھروں کو واپس گئے کہ اس قرارداد پر عمل فی الفور کرنا ہے۔

---

۳ ابنِ ہشام ۱/ ۴۸۰ - ۴۸۲ -

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت

جب نبی ﷺ کے قتل کی مجرمانہ قرارداد طے ہو چکی تو حضرت جبریل علیہ السّلام اپنے رب تبارک وتعالیٰ کی وحی لے کر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپؐ کو قریش کی سازش سے آگاہ کرتے ہوئے بتلایا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ ﷺ کو یہاں سے روانگی کی اجازت دے دی ہے اور یہ کہتے ہوئے ہجرت کے وقت کا تعین بھی فرما دیا کہ آپ ﷺ یہ رات اپنے اُس بستر پر نہ گذاریں جس پر اب تک گذارا کرتے تھے[1]

اس اطلاع کے بعد نبی ﷺ ٹھیک دوپہر کے وقت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے تاکہ ان کے ساتھ ہجرت کے سارے پروگرام اور مرحلے طے فرمالیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ ٹھیک دوپہر کے وقت ہم لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے مکان میں بیٹھے تھے کہ کسی کہنے والے نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا یہ رسول اللہ ﷺ سر ڈھانکے تشریف لا رہے ہیں۔ یہ ایسا وقت تھا جس میں آپ ﷺ تشریف نہیں لایا کرتے تھے۔ ابوبکرؓ نے کہا، میرے ماں باپ آپ پر قربان آپ ﷺ اس وقت کسی اہم معاملے ہی کی وجہ سے تشریف لائے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے، اجازت طلب کی۔ آپؐ کو اجازت دی گئی اور آپ ﷺ اندر داخل ہوئے۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "تمہارے پاس جو لوگ ہیں انہیں ہٹا دو"۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: "بس آپؐ کی اہل خانہ ہی ہیں آپ ﷺ پر میرے باپ فدا ہوں اے اللہ کے رسول! (ﷺ) آپ نے فرمایا: "اچھا تو مجھے روانگی کی اجازت مل چکی ہے"۔ ابوبکرؓ نے کہا، ساتھ..... اے اللہ کے رسولؐ! میرے باپ آپؐ پر فدا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "ہاں"۔[2]

اس کے بعد ہجرت کا پروگرام طے کر کے رسول اللہ ﷺ اپنے گھر واپس تشریف لائے اور رات کی آمد کا انتظار کرنے لگے۔

---

[1] ابن ہشام ۱/ ۴۸۲، زاد المعاد ۲/ ۵۲ [2] صحیح بخاری باب ہجرۃ النبی ﷺ ۱/ ۵۵۳

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان کا گھیراؤ

ادھر قریش کے اکابر مجرمین نے اپنا سارا دن مکّے کی پارلیمان دار الندوہ کی پہلے پہر کی طے کردہ قرارداد کے نفاذ کی تیاری میں گذارا اور اس مقصد کے لیے ان اکابر مجرمین میں سے گیارہ سردار منتخب کیے ــــ جن کے نام یہ ہیں۔

۱۔ ابوجہل بن ہشام
۲۔ حکم بن عاص
۳۔ عُقبہ بن ابی مُعَیط
۴۔ نضر بن حارث
۵۔ اُمیّہ بن خلف
۶۔ زَمعہ بن الاسود
۷۔ طُعَیمہ بن عدی
۸۔ ابولہب
۹۔ اُبَیّ بن خلف
۱۰۔ نُبَیہ بن الحجاج
۱۱۔ اور اس کا بھائی مُنَبّہ بن الحجاج [۳]

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ جب رات ذرا تاریک ہوگئی تو یہ لوگ گھات لگا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر بیٹھ گئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سو جائیں تو یہ لوگ آپؐ پر ٹوٹ پڑیں۔[۴]

ان لوگوں کو پورا وثوق اور پختہ یقین تھا کہ ان کی یہ ناپاک سازش کامیاب ہو کر رہے گی یہاں تک کہ ابوجہل نے بڑے متکبرانہ اور پُرغرور انداز میں مذاق و استہزاء کرتے ہوئے اپنے گھیرا ڈالنے والے ساتھیوں سے کہا: "محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کہتا ہے کہ اگر تم لوگ اس کے دین میں داخل ہو کر اس کی پیروی کرو گے تو عرب و عجم کے بادشاہ بن جاؤ گے، پھر مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو تمہارے لیے اردن کے باغات جیسی جنتیں ہوں گی۔ اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو ان کی طرف سے تمہارے اندر ذبح کے واقعات پیش آئیں گے۔ پھر تم مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے اور تمہارے لیے آگ ہوگی جس میں جلائے جاؤ گے۔"[۵]

بہر حال اس سازش کے نفاذ کے لیے آدھی رات کے بعد کا وقت مقرر تھا اس لیے یہ لوگ جاگ کر رات گذار رہے تھے اور وقتِ مقررہ کے منتظر تھے، لیکن اللہ اپنے کام پر غالب ہے، اسی کے ہاتھ میں آسمانوں اور زمین کی بادشاہت ہے۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ جسے بچانا چاہے کوئی اس کا بال بیکا نہیں کر سکتا اور جسے پکڑنا چاہے کوئی اس کو بچا نہیں سکتا؛ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے

---

[۳] زاد المعاد ۲/۵۲ [۴] ابنِ ہشام ۱/۴۸۲ [۵] ایضاً ۱/۴۸۳

اس موقع پر وہ کام کیا جسے ذیل کی آیتِ کریمہ میں رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے بیان فرمایا ہے کہ

وَإِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِيُثْبِتُوكَ أَوْ يَقْتُلُوكَ أَوْ يُخْرِجُوكَ وَيَمْكُرُونَ وَيَمْكُرُ اللَّهُ ۖ وَاللَّهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ ○ (۸ : ۳۰)

"وہ موقع یاد کرو جب کفار تمہارے خلاف سازش کر رہے تھے تاکہ تمہیں قید کر دیں یا قتل کر دیں یا نکال باہر کریں اور وہ لوگ داؤ چل رہے تھے اور اللہ بھی داؤ چل رہا تھا اور اللہ سب سے بہتر داؤ والا ہے"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا گھر چھوڑتے ہیں

بہرحال قریش اپنے پلان کے نفاذ کی انتہائی تیاری کے باوجود فاش ناکامی سے دوچار ہوئے؛ چنانچہ اس نازک ترین لمحے میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا "تم میرے بستر پر لیٹ جاؤ اور میری یہ سبز حضرمی[۶] چادر اوڑھ کر سو رہو۔ تمہیں ان کے ہاتھوں کوئی گزند نہیں پہنچے گا۔" رسول اللہ ﷺ یہی چادر اوڑھ کر سویا کرتے تھے۔[۷]

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لے آئے مشرکین کی صفیں چیریں اور ایک مٹھی سنگریزوں والی مٹی لے کر ان کے سروں پر ڈالی لیکن اللہ نے ان کی نگاہیں پکڑ لیں اور وہ آپ ﷺ کو دیکھ نہ سکے۔ اس وقت آپؐ یہ آیت تلاوت فرما رہے تھے۔

وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ○ (۳۶ : ۹)

"ہم نے ان کے آگے رکاوٹ کھڑی کر دی اور ان کے پیچھے رکاوٹ کھڑی کر دی پس ہم نے انہیں ڈھانک لیا ہے اور وہ دیکھ نہیں رہے ہیں۔"

اس موقع پر کوئی بھی مشرک باقی نہ بچا جس کے سر پر آپ ﷺ نے مٹی نہ ڈالی ہو۔ اس کے بعد آپؐ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور پھر ان کے مکان کی ایک کھڑکی سے نکل کر دونوں حضرات نے رات ہی رات یمن کا رخ کیا اور چند میل پر واقع ثور نامی پہاڑ کے ایک غار میں جا پہنچے۔[۸]

---

[۶] حضرموت (جنوبی یمن) کی بنی ہوئی چادر حضرمی کہلاتی ہے۔

[۷] ابن ہشام ۱/ ۴۸۲، ۴۸۳ [۸] ایضاً ۱/ ۴۸۳۔ زاد المعاد ۲/ ۵۲

ادھر محاصرین وقتِ صفر کا انتظار کر رہے تھے لیکن اس سے ذرا پہلے انہیں اپنی ناکامی و نامرادی کا علم ہو گیا۔ ہُوا یہ کہ ان کے پاس ایک غیر متعلق شخص آیا اور انہیں آپ ﷺ کے دروازے پر دیکھ کر پوچھا کہ آپ لوگ کس کا انتظار کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا محمد (ﷺ) کا۔ اس نے کہا، آپ لوگ ناکام و نامراد ہوئے۔ خدا کی قسم! محمد (ﷺ) تو آپ لوگوں کے پاس سے گذرے اور آپ کے سروں پر مٹی ڈالتے ہوئے اپنے کام کو گئے۔ انہوں نے کہا، بخدا! ہم نے تو انہیں نہیں دیکھا اور اس کے بعد اپنے سروں سے مٹی جھاڑتے ہوئے اُٹھ پڑے۔

لیکن پھر دروازے کی دراز سے جھانک کر دیکھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نظر آئے۔ کہنے لگے: خدا کی قسم! یہ تو محمد (ﷺ) سوئے پڑے ہیں۔ ان کے اوپر ان کی چادر موجود ہے۔ چنانچہ یہ لوگ صبح تک وہیں ڈٹے رہے۔ ادھر صبح ہوئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بستر سے اُٹھے تو مشرکین کے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے۔ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کہاں ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا، مجھے معلوم نہیں۔ [۹]

گھر سے غار تک

رسول اللہ ﷺ ۲۷ صفر ۱۴ نبوت مطابق ۱۲-۱۳ ستمبر ۶۲۲ء [۱۰] کی درمیانی رات اپنے مکان سے نکل کر جان و مال کے سلسلے میں اپنے سب سے قابلِ اعتماد ساتھی ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لائے تھے اور وہاں سے پچھواڑے کی ایک کھڑکی سے نکل کر دونوں حضرات نے باہر کی راہ لی تھی تاکہ مکہ سے جلد از جلد یعنی طلوعِ فجر سے پہلے پہلے باہر نکل جائیں۔

چونکہ نبی ﷺ کو معلوم تھا کہ قریش پوری جانفشانی سے آپ ﷺ کی تلاش میں لگ جائیں گے اور جس راستے پر پہلے اُن کی نظر اُٹھے گی وہ مدینہ کا کارروانی راستہ ہو گا جو شمال کے رخ پر جاتا ہے اس لیے آپ ﷺ نے وہ راستہ اختیار کیا جو اس کے بالکل اُلٹ تھا یعنی یمن جانے والا راستہ جو مکہ کے جنوب میں واقع ہے۔ آپ ﷺ نے اس راستے پر کوئی پانچ میل

---

[۹] ایضاً ایضاً

[۱۰] رحمۃ للعالمین ۱/ ۹۵۔ صفر کا یہ مہینہ چودھویں سنہ نبوت کا اس وقت ہو گا جب سنہ کا آغاز محرم کے مہینے سے مانا جائے اور اگر سنہ کی ابتدا اسی مہینے سے کریں جس میں آپ ﷺ کو نبوت سے مشرف کیا گیا تھا تو صفر کا یہ مہینہ قطعی طور پر تیرھویں سنہ نبوت کا ہو گا۔ عام اہلِ سیر نے کہیں پہلا حساب اختیار کیا ہے اور کہیں دوسرا جسکی وجہ سے وہ واقعات کی ترتیب میں خبط اور غلطی میں پڑ گئے ہیں ہم نے سنہ کا آغاز محرم سے مانا ہے۔

کا فاصلہ طے کیا اور اس پہاڑ کے دامن میں پہنچے جو ثور کے نام سے معروف ہے۔ یہ نہایت بلند، پرپیچ اور مشکل چڑھائی والا پہاڑ ہے۔ یہاں پتھر بھی بکثرت ہیں جن سے رسول اللہ ﷺ کے دونوں پاؤں زخمی ہو گئے اور کہا جاتا ہے کہ آپ نشانِ قدم چھپانے کے لیے پنجوں کے بل چل رہے تھے اس لیے آپ ﷺ کے پاؤں زخمی ہو گئے۔ بہرحال وجہ جو بھی رہی ہو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پہاڑ کے دامن میں پہنچ کر آپ ﷺ کو اٹھا لیا اور دوڑتے ہوئے پہاڑ کی چوٹی پر ایک غار کے پاس جا پہنچے جو تاریخ میں غارِ ثور کے نام سے معروف ہے۔[11]

غار میں

غار کے پاس پہنچ کر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: "خدا کے لیے ابھی آپ ﷺ اس میں داخل نہ ہوں۔ پہلے میں داخل ہو کر دیکھے لیتا ہوں، اگر اس میں کوئی چیز ہوئی تو آپ ﷺ کے بجائے مجھے اس سے سابقہ پیش آئے گا۔" چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اندر گئے اور غار کو صاف کیا۔ ایک جانب چند سوراخ تھے۔ جنہیں اپنا تہ بند پھاڑ کر بند کیا لیکن دو سوراخ باقی بچ رہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے ان دونوں پر اپنے پاؤں رکھ دیے۔ پھر رسول اللہ ﷺ سے عرض کی کہ اندر تشریف لائیں۔ آپ ﷺ اندر تشریف لے گئے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی آغوش میں سر رکھ کر سو گئے۔ ادھر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاؤں میں کسی چیز نے ڈس لیا مگر اس ڈر سے ہلے بھی نہیں کہ رسول اللہ ﷺ جاگ نہ جائیں۔ لیکن ان کے آنسو رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر ٹپک گئے (اور آپ ﷺ کی آنکھ کھل گئی) آپ ﷺ نے فرمایا: "ابوبکرؓ تمہیں کیا ہوا؟" عرض کی میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! مجھے کسی چیز نے ڈس لیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس پر لعابِ دہن لگا دیا اور تکلیف جاتی رہی۔[12]

یہاں دونوں حضرات نے تین راتیں یعنی جمعہ، سنیچر اور اتوار کی راتیں چھپ کر گذاریں۔[13]

اس دوران ابوبکر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عبداللہؓ بھی یہیں رات گذارتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ وہ گہری سوجھ بوجھ کے مالک، سخن فہم نوجوان تھے۔ سحر کی تاریکی میں ان دونوں حضرات کے پاس سے چلے جاتے اور مکہ میں قریش کے ساتھ یوں صبح کرتے گویا انہوں نے یہیں رات گذاری ہے پھر آپ دونوں کے خلاف سازش کی جو کوئی بات سنتے اُسے اچھی طرح یاد کر لیتے اور جب

---

[11] رحمۃ للعالمین ۱/۹۵ مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۱۶۷

[12] یہ بات رزین نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ اس روایت میں یہ بھی ہے کہ پھر یہ زہر پھوٹ پڑا (یعنی موت کے وقت اس کا اثر پلٹ آیا) اور یہی موت کا سبب بنا۔ دیکھئے مشکوۃ ۲/۵۵۶ باب مناقب ابی بکر۔

تاریکی گہری ہو جاتی تو اس کی خبر لے کر غار میں پہنچ جاتے ۔

ادھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے غلام عامرؓ بن فُہَیرہ بکریاں چراتے رہتے اور جب رات کا ایک حصّہ گذر جاتا تو بکریاں لے کر ان کے پاس پہنچ جاتے۔ اس طرح دونوں حضرات رات کو آسودہ ہو کر دودھ پی لیتے۔ پھر صبح تڑکے ہی عامرؓ بن فُہَیرہ بکریاں ہانک کر چل دیتے۔ تینوں رات انہوں نے یہی کیا۔[14] (مزید یہ کہ) عامرؓ بن فُہَیرہ، حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے مکّہ جانے کے بعد انہیں کے نشاناتِ قدم پر بکریاں ہانکتے تھے تاکہ نشانات مٹ جائیں۔[15]

قریش کی تگ و دَو

اُدھر قریش کا یہ حال تھا کہ جب منصوبۂ قتل کی رات گذر گئی اور صبح کو یقینی طور پر معلوم ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ ان کے ہاتھ سے نکل چکے ہیں تو ان پر گویا جنون طاری ہو گیا۔ انہوں نے سب سے پہلے اپنا غصّہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر اتارا آپ کو گھسیٹ کر خانہ کعبہ تک لے گئے اور ایک گھڑی زیرِ حراست رکھا کہ ممکن ہے ان دونوں کی خبر لگ جائے[16] لیکن جب حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کچھ حاصل نہ ہوا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر آئے اور دروازہ کھٹکھٹایا۔ حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ برآمد ہوئیں۔ ان سے پوچھا تمہارے ابا کہاں ہیں؟ انہوں نے کہا، بخدا مجھے معلوم نہیں کہ میرے ابا کہاں ہیں۔ اس پر کمبخت خبیث ابوجہل نے ہاتھ اٹھا کر اُن کے رخسار پر اس زور کا تھپّڑ مارا کہ ان کے کان کی بالی گر گئی۔[17]

اس کے بعد قریش نے ایک ہنگامی اجلاس کر کے یہ طے کیا کہ ان دونوں کو گرفتار کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل کام میں لائے جائیں؛ چنانچہ مکّے سے نکلنے والے تمام راستوں پر خواہ وہ کسی بھی سمت جا رہا ہو نہایت کڑا مسلح پہرہ بٹھا دیا گیا۔ اسی طرح یہ اعلان عام بھی کیا گیا کہ جو کوئی رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یا ان میں سے کسی ایک کو زندہ یا مردہ حاضر کرے گا اسے ہر ایک کے بدلے سو اونٹوں کا گرانقدر انعام دیا جائے گا۔[18] اس اعلان کے نتیجے میں سوار اور پیادے اور نشاناتِ قدم کے ماہر کھوجی نہایت سرگرمی سے تلاش میں لگ گئے اور پہاڑوں، وادیوں اور نشیب و فراز میں ہر طرف بکھر گئے؛ لیکن نتیجہ اور حاصل کچھ نہ رہا۔

تلاش کرنے والے غار کے دہانے تک بھی پہنچے لیکن اللہ اپنے کام پر غالب ہے چنانچہ صحیح بخاری

---

[13] فتح الباری ۷/۲۳۶ [14] صحیح بخاری ۱/۵۵۳، ۵۵۴ [15] ابنِ ہشام ۱/۴۸۶
[16] رحمۃ للعالمین ۱/۹۶ [17] ابنِ ہشام ۱/۴۸۷ [18] صحیح بخاری ۱/۵۵۴

میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "میں نبی ﷺ کے ساتھ غار میں تھا سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ لوگوں کے پاؤں نظر آرہے ہیں۔ میں نے کہا' اے اللہ کے نبی! اگر ان میں سے کوئی شخص محض اپنی نگاہ نیچی کردے تو ہمیں دیکھ لے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "ابوبکرؓ! خاموش رہو (ہم) دو ہیں جن کا تیسرا اللہ ہے"۔ ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں مَا ظَنُّكَ يَا اَبَا بَكْرٍ بِاثْنَيْنِ اَللّٰهُ ثَالِثُهُمَا۔ ابوبکرؓ! ایسے دو آدمیوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے، جن کا تیسرا اللہ ہے[19]

حقیقت یہ ہے کہ یہ ایک معجزہ تھا جس سے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو مشرف فرمایا چنانچہ تلاش کرنے والے اس وقت واپس چلے گئے جب آپؐ کے درمیان اور ان کے درمیان چند قدم سے زیادہ فاصلہ باقی نہ رہ گیا تھا۔

مدینہ کی راہ میں

جب جستجو کی آگ بجھ گئی، تلاش کی تگ و دو رک گئی اور تین روز کی مسلسل اور بے نتیجہ دوڑ دھوپ کے بعد قریش کے جوش وجذبات سرد پڑ گئے تو رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مدینہ کے لیے نکلنے کا عزم فرمایا۔ عبد اللہ بن اریقط لیثی سے، جو صحرائی اور بیابانی راستوں کا ماہر تھا، پہلے ہی اجرت پر مدینہ پہنچانے کا معاملہ طے ہو چکا تھا۔ یہ شخص ابھی قریش ہی کے دین پر تھا لیکن قابلِ اطمینان تھا اس لیے سواریاں اس کے حوالے کردی گئی تھیں اور طے ہوا تھا کہ تین راتیں گذر جانے کے بعد وہ دونوں سواریاں لے کر غارِ ثور پہنچ جائے گا۔ چنانچہ جب دوشنبہ کی رات آئی جو ربیع الاوّل ۱ھ کی چاندرات تھی (مطابق ۱۶ استمبر ۶۲۲ء) تو عبد اللہ بن اریقط سواریاں لے کر آگیا اور اسی موقع پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں افضل ترین اونٹنی پیش کرتے ہوئے گذارش کی کہ آپ میری ان دو سواریوں میں سے ایک قبول فرمالیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، "قیمتاً لوں گا۔"

ادھر اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا بھی زادِ سفر لے کر آئیں مگر اس میں لٹکانے والا بندھن لگانا بھول گئیں۔ جب روانگی کا وقت آیا اور حضرت اسماءؓ نے توشہ لٹکانا چاہا تو دیکھا کہ اس میں بندھن ہی نہیں

---

[19] ایضاً ۱/۵۱۶، ۵۵۸۔ یہاں یہ نکتہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اضطراب اپنی جان کے خوف سے نہ تھا بلکہ اس کا واحد سبب وہی تھا جو اس روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جب قیافہ شناسوں کو دیکھا تو رسول اللہ ﷺ پر آپ کا غم فزوں تر ہوگیا اور آپ نے کہا: کہ اگر میں مارا گیا تو میں محض ایک آدمی ہوں لیکن اگر آپؐ قتل کر دیے گئے تو پوری امت ہی غارت ہو جائے گی۔ اور اسی موقع پر ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ غم نہ کرو یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ دیکھئے مختصر السیرۃ للشیخ عبد اللہ ص ۱۶۸

ہے۔ انہوں نے اپنا پٹکا (کمربند) کھولا اور دو حصوں میں چاک کر کے ایک میں توشہ لٹکا دیا اور دوسرا کمر میں باندھ لیا۔ اسی وجہ سے ان کا لقب ذاتُ النطاقین پڑ گیا۔[۲۰]

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کوچ فرمایا۔ عامر بن فُہیرہ رضی اللہ عنہ بھی ساتھ تھے۔ رہنما عبداللہ بن اریقط نے ساحل کا راستہ اختیار کیا۔

غار سے روانہ ہو کر اس نے سب سے پہلے یمن کے رُخ پر چلایا اور جنوب کی سمت خوب دُور تک لے گیا پھر پچھم کی طرف مڑا اور ساحلِ سمندر کا رخ کیا؛ پھر ایک ایسے راستے پر پہنچ کر جس سے عام لوگ واقف نہ تھے شمال کی طرف مُڑ گیا۔ یہ راستہ ساحلِ بحرِ احمر کے قریب ہی تھا اور اس پر شاذ و نادر ہی کوئی چلتا تھا۔

رسول اللہ ﷺ اس راستے میں جن مقامات سے گذرے ابنِ اسحاق نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب راہنما آپ دونوں کو ساتھ لے کر نکلا تو زیریں مکہ سے لے چلا پھر ساحل کے ساتھ ساتھ چلتا ہوا زیرین عُسفان سے راستہ کاٹا، پھر زیرین امج سے گذرتا ہوا آگے بڑھا، اور قدید پار کرنے کے بعد پھر راستہ کاٹا اور وہیں سے آگے بڑھتا ہوا خرار سے گذرا، پھر ثنیۃ المرۃ سے، پھر لقف سے پھر بیابان لقف سے گذرا، پھر مجاح کے بیابان میں پہنچا۔ اور وہاں سے ہو کر پھر مجاح کے موڑ سے گذرا پھر ذوالغضوین کے موڑ کے نشیب میں چلا پھر ذی کشر کی وادی میں داخل ہوا پھر جداجد کا رُخ کیا پھر اجرد پہنچا اور اس کے بعد بیابان تعہن کے اطراف کی وادی ذوسلم سے گذرا۔ وہاں سے عبابید اور اسکے بعد فاجہ کا رُخ کیا پھر عرج میں اترا پھر رکوبہ کے داہنے ہاتھ ثنیۃ العائر میں چلا یہاں تک کہ وادی رئم میں اترا اور اسکے بعد قباء پہنچ گیا۔[۲۱]

آیئے! اب راستے کے چند واقعات بھی سُنتے چلیں۔

۱۔ صحیح بخاری میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: "ہم لوگ (غار سے نکل کر) رات بھر اور دن میں دوپہر تک چلتے رہے۔ جب ٹھیک دوپہر کا وقت ہو گیا راستہ خالی ہو گیا اور کوئی گذرنے والا نہ رہا تو ہمیں ایک لمبی چٹان دکھائی دی جس کے سائے پر دھوپ نہیں آئی تھی۔ ہم وہیں اُتر پڑے۔ مَیں نے اپنے ہاتھ سے نبی ﷺ کے سونے کے لیے ایک جگہ برابر کی اور اس پر ایک پوستین بچھا کر گذارش کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ آپؐ سو جائیں اور میں آپؐ کے گرد وپیش کی دیکھ بھال کئے لیتا ہوں۔ آپ ﷺ سو گئے اور میں آپؐ کے گرد وپیش کی دیکھ بھال کے لیے نکلا۔ اچانک کیا دیکھتا ہوں کہ ایک چرواہا

---

[۲۰] صحیح البخاری ۱/۵۵۳، ۵۵۵، ابنِ ہشام ۱/۴۸۶ [۲۱] ابنِ ہشام ۱/۴۹۱، ۴۹۲

اپنی بکریاں لیے چٹان کی جانب چلا آرہا ہے۔ وہ بھی اس چٹان سے وہی چاہتا تھا جو ہم نے چاہا تھا۔ میں نے اُس سے کہا، اے جوان تم کس کے آدمی ہو؟ اس نے مکہ یا مدینہ کے کسی آدمی کا ذکر کیا۔ میں نے کہا، تمہاری بکریوں میں کچھ دودھ ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ میں نے کہا دوہ سکتا ہوں۔ اُس نے کہا ہاں! اور ایک بکری پکڑی۔ میں نے کہا ذرا تھن کو مٹی، بال اور تنکے وغیرہ سے صاف کرلو پھر اس نے ایک کاب میں تھوڑا سا دودھ دوہا اور میرے پاس ایک چرمی لوٹا تھا جو میں نے رسول اللہ ﷺ کے پینے اور وضو کرنے کے لیے رکھ لیا تھا۔ میں نبی ﷺ کے پاس آیا لیکن گوارا نہ ہُوا کہ آپ کو بیدار کردوں۔ چنانچہ جب آپ بیدار ہوئے تو میں آپؐ کے پاس آیا اور دودھ پر پانی انڈیلا یہاں تک کہ اس کا نچلا حصہ ٹھنڈا ہوگیا۔ اس کے بعد میں نے کہا، اے اللہ کے رسول ﷺ پی لیجئے۔ آپؐ نے پیا یہاں تک کہ میں خوش ہوگیا۔ پھر آپؐ نے فرمایا، کیا ابھی کوچ کا وقت نہیں ہوا؟ میں نے کہا، کیوں نہیں"؟ اس کے بعد ہم لوگ چل پڑے [۲۲]

۲- اس سفر میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کا طریقہ یہ تھا کہ وہ نبی ﷺ کے ردیف رہا کرتے تھے یعنی سواری پر حضورؐ کے پیچھے بیٹھا کرتے تھے، چونکہ ان پر بڑھاپے کے آثار نمایاں تھے اس لیے لوگوں کی توجہ انہیں کی طرف جاتی تھی۔ نبی ﷺ پہ ابھی جوانی کے آثار غالب تھے اس لیے آپؐ کی طرف توجہ کم جاتی تھی۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ کسی آدمی سے سابقہ پڑتا تو وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پوچھتا کہ یہ آپ کے آگے کون سا آدمی ہے؟ (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اس کا بڑا لطیف جواب دیتے) فرماتے: "یہ آدمی مجھے راستہ بتاتا ہے۔" اس سے سمجھنے والا سمجھتا کہ وہ یہی راستہ مراد لے رہے ہیں حالانکہ وہ خیر کا راستہ مراد لیتے تھے۔ [۲۳]

۳- اسی سفر میں آپ ﷺ کا گذر اُمِّ مَعْبَدْ خُزَاعیہ کے خیمے سے ہُوا۔ یہ ایک نمایاں اور توانا خاتون تھیں۔ ہاتھوں میں گھٹنے ڈالے خیمے کے صحن میں بیٹھی رہتیں اور آنے جانے والے کو کھلاتی پلاتی رہتیں۔ آپؐ نے ان سے پوچھا کہ پاس میں کچھ ہے؟ بولیں: "بخدا ہمارے پاس کچھ ہوتا تو آپ لوگوں کی میزبانی میں تنگی نہ ہوتی، بکریاں بھی دُور دراز ہیں۔" یہ قحط کا زمانہ تھا۔

رسول اللہ ﷺ نے دیکھا کہ خیمے کے ایک گوشے میں ایک بکری ہے۔ فرمایا: "اُمِّ مَعبد! یہ کیسی بکری ہے؟" بولیں: "اسے کمزوری نے ریوڑ سے پیچھے چھوڑ رکھا ہے۔" آپ ﷺ نے

---

[۲۲] صحیح البخاری ۱/۵۱۰ [۲۳] صحیح البخاری عن انس ۱/۵۵۶

دریافت کیا کہ اس میں کچھ دودھ ہے ؟ بولیں: "وہ اس سے کہیں زیادہ کمزور ہے۔" آپ ﷺ نے فرمایا: "اجازت ہے کہ اسے دوہ لوں ؟" بولیں: "ہاں میرے ماں باپ تم پر قربان۔ اگر تمہیں اس میں دودھ دکھائی دے رہا ہے تو ضرور دوہ لو۔" اس گفتگو کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اس بکری کے تھن پر ہاتھ پھیرا۔ اللہ کا نام لیا اور دُعا کی۔ بکری نے پاؤں پھیلا دیئے۔ تھن میں بھرپور دودھ اُتر آیا۔ آپؐ نے اُمّ معبدؓ کا ایک بڑا سا برتن لیا جو ایک جماعت کو آسودہ کر سکتا تھا اور اس میں اتنا دوہا کہ جھاگ اُوپر آ گیا۔ پھر اُمّ معبدؓ کو پلایا۔ وہ پی کر شکم سیر ہو گئیں تو اپنے ساتھیوں کو پلایا۔ وہ بھی شکم سیر ہو گئے تو خود پیا۔ پھر اسی برتن میں دوبارہ اتنا دودھ دوہا کہ برتن بھر گیا اور اسے اُمّ معبدؓ کے پاس چھوڑ کر آگے چل پڑے۔

تھوڑی ہی دیر گذری تھی کہ ان کے شوہر ابو معبدؓ اپنی کمزور بکریوں کو جو دُبلے پن کی وجہ سے مریل چال چل رہی تھیں، ہانکتے ہوئے آ پہنچے۔ دودھ دیکھا تو حیرت میں پڑ گئے۔ پوچھا یہ تمہارے پاس کہاں سے آیا؟ جبکہ بکریاں دور دراز تھیں اور گھر میں دودھ دینے والی بکری نہ تھی بولیں: "بخدا کوئی بات نہیں سوائے اس کے کہ ہمارے پاس سے ایک بابرکت آدمی گذرا جس کی ایسی اور ایسی بات تھی اور یہ اور یہ حال تھا۔" ابو معبدؓ نے کہا یہ تو وہی صاحب قریش معلوم ہوتا ہے جسے قریش تلاش کر رہے ہیں۔ اچھا ذرا اس کی کیفیت تو بیان کرو۔ اس پر اُمّ معبدؓ نے نہایت دلکش انداز سے آپ ﷺ کے اوصاف و کمالات کا ایسا نقشہ کھینچا کہ گویا سننے والا آپؐ کو اپنے سامنے دیکھ رہا ہے ــــ کتاب کے آخر میں یہ اوصاف درج کئے جائیں گے ــــ یہ اوصاف سن کر ابو معبدؓ نے کہا: "واللہ یہ تو وہی صاحبِ قریش ہے جس کے بارے میں لوگوں نے قسم قسم کی باتیں بیان کی ہیں۔ میرا ارادہ ہے کہ آپ ﷺ کی رفاقت اختیار کروں اور کوئی راستہ ملا تو ایسا ضرور کروں گا۔"

ادھر مکّے میں ایک آواز ابھری جسے لوگ سن رہے تھے مگر اس کا بولنے والا دکھائی نہیں پڑ رہا تھا۔ آواز یہ تھی۔

جزى الله رب العرش خير جزائه	رفيقين حلا خيمتى ام معبد
هما نزلا بالبر و ارتحلا به	و افلح من امسى رفيق محمّد
فيا لقصىّ مازوى الله عنكم	به من فعال لا يجازى وسؤدد
ليهن بنى كعب مكان فتاتهم	و مقعدها للمومنين بمرصد
سلوا اختكم عن شاتها و انائها	فانكم ان تسألوا الشاة تشهد

"اللہ رب العرش ان دو رفیقوں کو بہترین جزا دے جو اُمِّ معبد کے خیمے میں نازل ہوئے۔ وُہ دونوں خیر کے ساتھ اُترے اور خیر کے ساتھ روانہ ہوئے۔ اور جو محمد ﷺ کا رفیق ہُوا وہ کامیاب ہُوا۔ ہائے قُصَی! اللہ نے اس کے ساتھ کتنے بے نظیر کارنامے اور سرداریاں تم سے سمیٹ لیں۔ بنوکعب کو ان کی خاتون کی قیام گاہ اور مومنین کی نگہداشت کا پڑاؤ مبارک ہو۔ تم اپنی خاتون سے اس کی بکری اور برتن کے متعلق پُوچھو۔ تم اگر خود بکری سے پوچھو گے تو وہ بھی شہادت دے گی۔"

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں ہمیں معلوم نہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے کدھر کا رُخ فرمایا ہے کہ ایک جن زیریں مکّہ سے یہ اشعار پڑھتا ہُوا آیا۔ لوگ اس کے پیچھے پیچھے چل رہے تھے، اس کی آواز سن رہے تھے لیکن خود اسے نہیں دیکھ رہے تھے، یہاں تک کہ وہ بالائی مکّہ سے نکل گیا۔ وہ کہتی ہیں کہ جب ہم نے اس کی بات سنی تو ہمیں معلوم ہُوا کہ رسول اللہ ﷺ نے کدھر کا رُخ فرمایا ہے۔ یعنی آپ ﷺ کا رُخ مدینہ کی جانب ہے۔[۲۴]

۴۔ راستے میں سُراقہ بن مالک نے تعاقب کیا اور اس واقعے کو خود سُراقہ نے بیان کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں: "مَیں اپنی قوم بنی مُدلج کی ایک مجلس میں بیٹھا تھا کہ اتنے میں ایک آدمی آکر ہمارے پاس کھڑا ہُوا اور ہم بیٹھے تھے۔ اس نے کہا' اے سُراقہ! میں نے ابھی ساحل کے پاس چند افراد دیکھے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ محمد ﷺ اور ان کے ساتھی ہیں۔ سُراقہ کہتے ہیں کہ میں سمجھ گیا یہ وہی لوگ ہیں، لیکن میں نے اس آدمی سے کہا کہ یہ وہ لوگ نہیں ہیں بلکہ تم نے فلاں اور فلاں کو دیکھا ہے جو ہماری آنکھوں کے سامنے گذر کر گئے ہیں۔ پھر میں مجلس میں کچھ دیر تک ٹھہرا رہا۔ اس کے بعد اٹھ کر اندر گیا اور اپنی لونڈی کو حکم دیا کہ وہ میرا گھوڑا نکالے اور ٹیلے کے پیچھے روک کر میرا انتظار کرے۔ ادھر میں نے اپنا نیزہ لیا اور گھر کے پچھواڑے سے باہر نکلا۔ لاٹھی کا ایک سرا زمین پر گھسیٹ رہا تھا اور دوسرا اوپری سرا نیچے کر رکھا تھا۔ اس طرح میں اپنے گھوڑے کے پاس پہنچا اور اس پر سوار ہو گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ حسبِ معمول مجھے لے کر دوڑ رہا ہے یہاں تک کہ میں ان کے قریب آ گیا۔ اس کے بعد گھوڑا مجھ سمیت پھسلا اور مَیں اس سے گر گیا۔ مَیں نے اُٹھ کر ترکش کی طرف ہاتھ بڑھایا اور پانسے کے تیر نکال کر یہ جاننا چاہا کہ مَیں انہیں ضرر پہنچا سکوں گا یا نہیں تو وہ تیر نکلا جو مجھے ناپسند تھا، لیکن

---

[۲۴] زاد المعاد ۲/ ۵۳، ۵۴۔ بنوخزاعہ کی آبادی کے محل وقوع کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے اغلب یہ ہے کہ یہ واقعہ غار سے روانگی کے بعد دوسرے دن پیش آیا ہوگا۔

میں نے تیر کی نافرمانی کی اور گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ وہ مجھے لے کر دوڑنے لگا یہاں تک کہ جب میں رسول اللہ ﷺ کی قراءت سن رہا تھا ــــ اور آپ التفات نہیں فرماتے تھے، جبکہ ابوبکرؓ بار بار مڑ کر دیکھ رہے تھے۔ تو میرے گھوڑے کے اگلے دونوں پاؤں زمین میں دھنس گئے یہاں تک کہ گھٹنوں تک جا پہنچے اور میں اس سے گر گیا، پھر میں نے اسے ڈانٹا تو اس نے اٹھنا چاہا لیکن وہ اپنے پاؤں بمشکل نکال سکا۔ بہرحال جب وہ سیدھا کھڑا ہوا تو اس کے پاؤں کے نشان سے آسمان کی طرف دھوئیں جیسا غبار اُڑ رہا تھا۔ میں نے پھر پانسے کے تیر سے قسمت معلوم کی اور پھر وہی تیر نکلا جو مجھے ناپسند تھا۔ اس کے بعد میں نے امان کے ساتھ انہیں پکارا تو وہ لوگ ٹھہر گئے اور میں اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ان کے پاس پہنچا۔ جس وقت میں ان سے روک دیا گیا تھا اسی وقت میرے دل میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ رسول اللہ ﷺ کا معاملہ غالب آ کر رہے گا، چنانچہ میں نے آپ ﷺ سے کہا کہ آپ کی قوم نے آپ ﷺ کے بدلے دیت (کا انعام) رکھا ہے اور ساتھ ہی میں نے لوگوں کے عزائم سے آپ ﷺ کو آگاہ کیا اور توشہ اور ساز و سامان کی بھی پیش کش کی مگر انہوں نے میرا کوئی سامان نہیں لیا اور نہ مجھ سے کوئی سوال کیا۔ صرف اتنا کہا کہ ہمارے متعلق رازداری برتنا۔ میں نے آپ سے گذارش کی کہ آپ مجھے پروانۂ امن لکھ دیں۔ آپ ﷺ نے عامر بن فہیرہ کو حکم دیا اور انہوں نے چمڑے کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر میرے حوالے کر دیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ آگے بڑھ گئے۔ [۲۵]

اس واقعے سے متعلق خود ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بھی ایک روایت ہے ان کا بیان ہے کہ ہم لوگ روانہ ہوئے تو قوم ہماری تلاش میں تھی مگر سراقہؓ بن مالک بن جعشم کے سوا، جو اپنے گھوڑے پر آیا تھا، اور کوئی ہمیں نہ پا سکا۔ میں نے کہا، اے اللہ کے رسول ﷺ! یہ پیچھا کرنے والا ہمیں آلینا چاہتا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا

"غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے"۔ [۲۶]

بہرحال سراقہؓ واپس ہوا تو دیکھا کہ لوگ تلاش میں سرگرداں ہیں۔ کہنے لگا ادھر کی کھوج خبر لے

---

[۲۵] صحیح بخاری ۱/ ۵۵۴ ــ بنی مدلج کا وطن رابغ کے قریب تھا اور سراقہ نے اس وقت آپ کا پیچھا کیا تھا جب آپ قدید سے اوپر جا رہے تھے (زاد المعاد ۲/ ۵۳) اس لیے اغلب یہ ہے کہ غار سے روانگی کے بعد تیسرے دن تعاقب کا یہ واقعہ پیش آیا تھا۔

[۲۶] صحیح بخاری ۱/ ۵۱۶ [۲۷] زاد المعاد ۲/ ۵۳

چکا ہوں۔ یہاں تمہارا جو کام تھا وہ کیا جا چکا ہے۔ (اس طرح لوگوں کو واپس لے گیا) یعنی دن کے شروع میں تو چڑھا آرہا تھا اور آخر میں پاسبان بن گیا۔[۲۷]

۵۔ راستے میں نبی ﷺ کو بُریدہ اسلمیؓ ملے، یہ اپنی قوم کے سردار تھے اور قریش نے جس زبردست انعام کا اعلان کر رکھا تھا اسی کے لالچ میں نبی ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تلاش میں نکلے تھے؛ لیکن جب رسول اللہ ﷺ سے سامنا ہُوا اور بات چیت ہوئی تو نقد دل دے بیٹھے اور اپنی قوم کے ستّر آدمیوں سمیت وہیں مسلمان ہوگئے۔ پھر اپنی پگڑی اتار کر نیزہ سے باندھ لی جس کا سفید پھریرا ہَوا میں لہراتا اور بشارت سناتا تھا کہ امن کا بادشاہ، صلح کا حامی، دُنیا کو عدالت و انصاف سے بھرپور کرنے والا تشریف لا رہا ہے۔[۲۸]

۶۔ راستے میں نبی ﷺ کو حضرت زُبیرؓ بن عوام رضی اللہ عنہ ملے۔ یہ مسلمانوں کے ایک تجارت پیشہ گروہ کے ساتھ ملک شام سے واپس آرہے تھے۔ حضرت زبیرؓ نے رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سفید پارچہ جات پیش کیے۔[۲۹]

قبا میں تشریف آوری

دوشنبہ ۸۔ ربیع الاول ۱۴ھ نبوت یعنی ۱ھ ہجری مطابق ۲۳ ستمبر ۶۲۲ء کو رسُول اللہ ﷺ قبا میں وارد ہوئے۔[۳۰]

حضرت عروۃ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ مسلمانانِ مدینہ نے مکّہ سے رسول اللہ ﷺ کی روانگی کی خبر سن لی تھی اس لیے لوگ روزانہ صبح ہی صبح حرّہ کی طرف نکل جاتے اور آپؐ کی راہ تکتے رہتے۔ جب دوپہر کو دھوپ سخت ہو جاتی تو واپس چلے آتے۔ ایک روز طویل انتظار کے بعد لوگ اپنے اپنے گھروں کو پہنچ چکے تھے کہ ایک یہودی اپنے کسی ٹیلے پر کچھ دیکھنے کے لیے چڑھا۔ کیا دیکھتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے رفقاء سفید کپڑوں میں ملبوس — جن سے چاندنی چھٹک رہی تھی — تشریف لا رہے ہیں۔ اس نے بیخود ہو کر نہایت بلند آواز سے کہا: "عرب کے لوگو! یہ رہا تمہارا نصیب جس کا تم انتظار کر رہے تھے"۔ یہ سنتے ہی مسلمان ہتھیاروں کی طرف دوڑ

---

[۲۸] رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۱ [۲۹] صحیح بخاری عن عروۃ ابن الزبیر ۱/۵۵۴

[۳۰] رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۲۔ اس دن نبی ﷺ کی عمر بغیر کسی کمی بیشی کے ٹھیک ترپن سال ہوئی تھی اور جو لوگ آپؐ کی نبوت کا آغاز ۹۔ ربیع الاول ۴۱ عام الفیل سے مانتے ہیں ان کے قول کے مطابق آپؐ کی نبوت پر ٹھیک تیرہ سال پورے ہوئے تھے۔ البتہ جو لوگ آپؐ کی نبوت کا آغاز رمضان ۴۱ عام الفیل سے مانتے ہیں ان کے قول کے مطابق بارہ سال پانچ مہینہ اٹھارہ دن یا بائیس دن ہوئے تھے۔

پڑے۔[۳۱] (اور ہتھیار سج دھج کر استقبال کے لیے امنڈ پڑے)

ابنِ قیم کہتے ہیں کہ اس کے ساتھ ہی بنی عمرو بن عوف (ساکنانِ قباء) میں شور بلند ہوا اور تکبیر سُنی گئی۔ مسلمان آپ ﷺ کی آمد کی خوشی میں نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہوئے استقبال کے لیے نکل پڑے۔ پھر آپ ﷺ سے مل کر تحیۂ نبوت پیش کیا اور گرد و پیش پروانوں کی طرح جمع ہو گئے۔ اس وقت آپ ﷺ پر سکینت چھائی ہوئی تھی۔ اور یہ وحی نازل ہو رہی تھی۔

..فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ○ (۶۶ : ۴)

"اللہ آپ کا مولیٰ ہے اور جبریل علیہ السلام اور صالح مومنین بھی اور اس کے بعد فرشتے آپؐ کے مددگار ہیں۔"[۳۲]

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ لوگوں سے ملنے کے بعد آپ ان کے ساتھ داہنی جانب مڑے اور بنی عمرو بن عوف میں تشریف لائے۔ یہ دوشنبہ کا دن اور ربیع الاوّل کا مہینہ تھا۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ آنے والوں کے استقبال کے لیے کھڑے تھے اور رسول اللہ ﷺ چپ چاپ بیٹھے تھے۔ انصار کے جو لوگ آتے، جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا نہ تھا وہ سیدھے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سلام کرتے۔ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ پر دھوپ آگئی اور ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چادر تان کر آپ ﷺ پر سایہ کیا تب لوگوں نے پہچانا کہ یہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔[۳۳]

آپ ﷺ کے استقبال اور دیدار کے لیے سارا مدینہ امنڈ پڑا تھا۔ یہ ایک تاریخی دن تھا جس کی نظیر سرزمینِ مدینہ نے کبھی نہ دیکھی تھی۔ آج یہود نے بھی حبقوق نبی کی اس بشارت کا مطلب دیکھ لیا تھا "کہ اللہ جنوب سے اور وہ جو قدوس ہے کوہ فاران سے آیا۔"[۳۴]

رسول اللہ ﷺ نے قباء میں کلثوم بن ہدم ــــ اور کہا جاتا ہے کہ سعد بن خیثمہ ــــ کے مکان میں قیام فرمایا ــــ پہلا قول زیادہ قوی ہے۔

ادھر حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے مکہ میں تین روز ٹھہر کر اور لوگوں کی جو امانتیں

---

[۳۱] صحیح بخاری ۱/۵۵۵ [۳۲] زاد المعاد ۲/۵۴ [۳۳] صحیح بخاری ۱/۵۵۵
[۳۴] کتاب بائبل، صحیفہ حبقوق ۳ : ۳

رسول اللہ ﷺ کے پاس تھیں انہیں ادا کر کے پیدل ہی مدینہ کا رخ کیا اور قبا میں رسول اللہ ﷺ سے آملے اور کلثومؓ بن ہدم کے یہاں قیام فرمایا [۳۵]

رسول اللہ ﷺ نے قبا میں کل چار دن [۳۶] (دوشنبہ، منگل، بدھ، جمعرات) یا دس سے زیادہ دن یا پہنچ اور روانگی کے علاوہ ۲۴ دن قیام فرمایا اور اسی دوران مسجد قبا کی بنیاد رکھی اور اس میں نماز بھی پڑھی۔ یہ آپ ﷺ کی نبوت کے بعد پہلی مسجد ہے جس کی بنیاد تقوی پر رکھی گئی۔ پانچویں دن (یا بارہویں دن یا چھبیسویں دن) جمعہ کو۔۔۔ آپؐ حکم الٰہی کے مطابق سوار ہوئے۔ ابو بکر رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے ردیف تھے۔ آپؐ نے بنو النجار کو۔۔۔ جو آپ ﷺ کے ماموؤں کا قبیلہ تھا۔۔۔ اطلاع بھیج دی تھی۔ چنانچہ وہ تلواریں حمائل کئے حاضر تھے۔ آپؐ نے (ان کی معیت میں) مدینہ کا رُخ کیا۔ بنو سالم بن عوف کی آبادی میں پہنچے تو جمعہ کا وقت آگیا۔ آپؐ نے بطنِ وادی میں اس مقام پر جمعہ پڑھا جہاں اب مسجد ہے۔ کل ایک سو آدمی تھے۔ [۳۷]

مدینہ میں داخلہ

جمعہ کے بعد نبی ﷺ مدینہ تشریف لے گئے اور اسی دن سے اس شہر کا نام یثرب کے بجائے مدینۃ الرسول۔ شہر رسول ﷺ۔ پڑ گیا جسے مختصراً مدینہ کہا جاتا ہے۔ یہ نہایت تابناک تاریخی دن تھا۔ گلی کوچے تقدیس وتحمید کے کلمات سے گونج رہے تھے اور انصار کی بچیاں خوشی ومسرّت سے ان اشعار کے نغمے بکھیر رہی تھیں [۳۸]

أَشْرَقَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ

"ان پہاڑوں سے جو ہیں سوئے جنوب چودھویں کا چاند ہے ہم پر چڑھا

---

[۳۵] زاد المعاد ۲/۵۴۔ ابنِ ہشام ۱/۴۹۳۔ رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۲

[۳۶] یہ ابنِ اسحاق کی روایت ہے۔ دیکھئے ابنِ ہشام ۱/۴۹۴۔ اسی کو علامہ منصور پوری نے اختیار کیا ہے۔ دیکھئے رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۲۔ لیکن صحیح بخاری کی ایک روایت ہے کہ آپ ﷺ نے قبا میں ۲۴ رات قیام فرمایا (۱/۶۱) مگر ایک اور روایت میں دس رات سے چند روز زیادہ (۱/۵۵۵) اور ایک تیسری روایت میں چودہ رات (۱/۵۶۰) بتایا گیا ہے۔ ابنِ قیم نے اسی آخری روایت کو اختیار کیا ہے مگر ابن قیم نے خود تصریح کی ہے کہ آپؐ قبا میں دوشنبہ کو پہنچے تھے اور وہاں سے جمعہ کو روانہ ہوئے تھے۔ (زاد المعاد ۲/۵۴، ۵۵) اور معلوم ہے کہ دوشنبہ اور جمعہ دو الگ الگ ہفتوں کا لیا جائے تو پہنچ اور روانگی کا دن چھوڑ کر کل مدت دس دن ہوتی ہے اور پہنچ اور روانگی کا دن شامل کر کے ۱۲ دن ہوتی ہے اس لیے کل مدت چودہ دن کیسے ہو سکے گی۔

[۳۷] صحیح بخاری ۱/۵۵۵، ۵۶۰۔ زاد المعاد ۲/۵۵۔ ابنِ ہشام ۱/۴۹۴۔ رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۲۔

[۳۸] اشعار کا یہ ترجمہ علامہ منصور پوریؒ نے کیا ہے۔ علامہ ابنِ قیم نے لکھا ہے کہ یہ اشعار (باقی اگلے صفحہ پر)

وَجَبَ الشُّکرُ عَلَیْنَا مَا دَعَا لِلّٰہِ دَاعٍ
کیسا عمدہ دین اور تعلیم ہے شکر واجب ہے ہمیں اللہ کا

اَیُّھَا الْمَبْعُوْثُ فِیْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ
ہے اطاعت فرض تیرے حکم کی بھیجنے والا ہے تیرا کبریا[۳۸]

انصار اگرچہ بڑے دولت مند نہ تھے لیکن ہر ایک کی یہی آرزو تھی کہ رسول اللہ ﷺ اس کے یہاں قیام فرمائیں؛ چنانچہ آپ ﷺ انصار کے جس مکان یا محلے سے گذرتے وہاں کے لوگ آپؐ کی اونٹنی کی نکیل پکڑ لیتے اور عرض کرتے کہ تعداد و سامان اور ہتھیار و حفاظت فرشِ راہ ہیں تشریف لائیے! مگر آپ ﷺ فرماتے کہ اونٹنی کی راہ چھوڑ دو۔ یہ اللہ کی طرف سے مامور ہے۔ چنانچہ اونٹنی مسلسل چلتی رہی اور اس مقام پر پہنچ کر بیٹھی جہاں آج مسجدِ نبویؐ ہے؛ لیکن آپ ﷺ نیچے نہیں اترے یہاں تک کہ وہ اٹھ کر تھوڑی دور گئی، پھر مڑ کر دیکھنے کے بعد پلٹ آئی اور اپنی پہلی جگہ بیٹھ گئی۔ اس کے بعد آپ ﷺ نیچے تشریف لائے۔ یہ آپؐ کے ننہیال والوں یعنی بنو نجار کا محلہ تھا اور یہ اونٹنی کے لیے محض توفیق الٰہی تھی کیونکہ آپ ﷺ ننہیال میں قیام فرما کر ان کی عزت افزائی کرنا چاہتے تھے۔ اب بنو نجار کے لوگوں نے اپنے اپنے گھر لے جانے کے لیے رسول اللہ ﷺ سے عرض معروض شروع کی لیکن ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے لپک کر کجاوہ اٹھالیا اور اپنے گھر لے کر چلے گئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ فرمانے لگے، آدمی اپنے کجاوے کے ساتھ ہے۔ ادھر حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ نے آکر اونٹنی کی نکیل پکڑ لی۔ چنانچہ یہ اونٹنی انہیں کے پاس رہی۔[۳۹]

صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "ہمارے کس آدمی کا گھر زیادہ قریب ہے؟" حضرت ابو ایوب انصاریؓ نے کہا: میرا، اے اللہ کے رسولؐ! یہ رہا میرا مکان اور یہ رہا میرا دروازہ۔ آپ ﷺ نے فرمایا "جاؤ! اور ہمارے لیے قیلولہ کی جگہ تیار

(بقیہ نوٹ گزشتہ صفحہ) تبوک سے نبی ﷺ کی واپسی پر پڑھے گئے تھے اور جو یہ کہتا ہے کہ مدینہ میں آپ ﷺ کے داخلے کے موقعے پر پڑھے گئے تھے اسے وہم ہوا ہے (زاد المعاد ۳/۱۰) لیکن علامہ ابنِ قیم نے اس کے وہم ہونے کی کوئی تشفی بخش دلیل نہیں دی ہے۔ ان کے برخلاف علامہ منصور پوری نے اس بات کو ترجیح دی ہے کہ یہ اشعار مدینہ میں داخلے کے وقت پڑھے گئے اور ان کے پاس اس کے ناقابل تردید دلائل بھی ہیں۔ دیکھئے رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۶

[۳۹] زاد المعاد ۲/۵۵ ۔ رحمۃ للعالمین ۱/۱۰۶

کر دو۔ انہوں نے عرض کی کہ آپ دونوں حضرات تشریف لے چلیں اللہ برکت دے۔[۱]

چند دن بعد آپ ﷺ کی زوجہ محترمہ ام المومنین حضرت سَودہ رضی اللہ عنہا اور آپ کی دونوں صاحبزادیاں حضرت فاطمہؓ اور ام کلثومؓ اور حضرت اسامہ بن زیدؓ اور اُمِّ ایمنؓ بھی آ گئیں۔ ان سب کو حضرت عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ عنہ آل ابی بکر کے ساتھ جن میں حضرت عائشہؓ بھی تھیں لے کر آئے تھے؛ البتہ نبی ﷺ کی ایک صاحبزادی حضرت زینبؓ، حضرت ابو العاصؓ کے پاس باقی رہ گئیں۔ انہوں نے آنے نہیں دیا اور وہ جنگِ بدر کے بعد تشریف لا سکیں۔[۲]

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ تشریف لائے تو حضرت ابوبکرؓ اور حضرت بلالؓ کو بخار آ گیا۔ میں نے ان کی خدمت میں حاضر ہو کر دریافت کیا کہ۔ ابّا جان آپ کا کیا حال ہے۔؟ اور اے بلال! آپ کا کیا حال ہے؟ وہ فرماتی ہیں کہ جب حضرت ابوبکرؓ کو بخار آتا تو یہ شعر پڑھتے!

كُلُّ امْرِئٍ مُصَبَّحٌ فِي أَهْلِهِ وَالْمَوْتُ أَدْنَىٰ مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهِ

"ہر آدمی سے اسکے اہل کے اندر صبح بخیر کہا جاتا ہے حالانکہ موت اُسکے جوتے کے تسمے سے بھی زیادہ قریب ہے۔"

اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی حالت کچھ سنبھلتی تو وہ اپنی کربناک آواز بلند کرتے اور کہتے:

الا لیت شعری هل ابیتن لیلة بواد وحولی اذخر و جلیل

وهل اردن یوما میاه مجنة وهل یبدون لی شامة وطفیل

"کاش مَیں جانتا کہ کوئی رات وادی (مکہ) میں گذار سکوں گا اور میرے گرد اِذخر اور جلیل (گھاس) ہوں گی۔ اور کیا کسی دن مجنہ کے چشمے پر وارد ہو سکوں گا اور مجھے شامہ اور طفیل (پہاڑ) دکھلائی پڑیں گے۔"

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ مَیں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اِس کی خبر دی تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اے اللہ! ہمارے نزدیک مدینہ کو اسی طرح محبوب کر دے جیسے مکّہ محبوب تھا یا اس سے بھی زیادہ اور مدینہ کی فضا صحت بخش بنا دے اور اِس کے صاع اور مُدّ (غلّے کے پیمانوں) میں برکت دے اور اس کا بخار منتقل کر کے جُحفہ پہنچا دے۔[۳]" اللہ نے آپ ﷺ کی دُعا سُن لی اور حالات بدل گئے۔

یہاں تک حیاتِ طیبہ کی ایک قسم اور اسلامی دعوت کا ایک دور (یعنی مکّی دور) پورا ہو جاتا ہے۔

---

[۱] صحیح بخاری ۱/۵۵۶ [۲] زاد المعاد ۲/۵۵ [۳] صحیح بخاری ۱/۵۸۸، ۵۸۹

مدنی زندگی

مدنی عہد کو تین مرحلوں پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ پہلا مرحلہ: جس میں فتنے اور اضطرابات برپا کیے گئے اندر سے رکاوٹیں کھڑی کی گئیں اور باہر سے دشمنوں نے مدینہ کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لیے چڑھائیاں کیں۔ یہ مرحلہ صلح حُدَیبیہ ذی قعدہ ۶ھ پر ختم ہو جاتا ہے۔

۲۔ دوسرا مرحلہ: جس میں بُت پرست قیادت کے ساتھ صلح ہوئی یہ فتح مکہ رمضان ۸ھ پر مُنتہی ہوتا ہے۔ یہی مرحلہ شاہانِ عالم کو دعوتِ دین پیش کرنے کا بھی مرحلہ ہے۔

۳۔ تیسرا مرحلہ: جس میں خلقت اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہوئی یہی مرحلہ مدینہ میں قوموں اور قبیلوں کے وفود کی آمد کا بھی مرحلہ ہے۔ یہ مرحلہ رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ مُبارکہ کے اخیر یعنی ربیع الاول ۱۱ھ تک محیط ہے۔

پہلا مرحلہ :

ہجرت کے وقت مدینہ کے حالات

ہجرت کا مطلب صرف یہی نہیں تھا کہ فتنے اور تمسخر کا نشانہ بننے سے نجات حاصل کر لی جائے بلکہ اس میں یہ مفہوم بھی شامل تھا کہ ایک پُرامن علاقے کے اندر ایک نئے معاشرے کی تشکیل میں تعاون کیا جائے۔ اسی لیے ہر صاحبِ استطاعت مسلمان پر فرض قرار پایا تھا کہ اس وطنِ جدید کی تعمیر میں حصہ لے اور اس کی پختگی، حفاظت اور رفعتِ شان میں اپنی کوشش صرف کرے۔

یہ بات تو قطعی طور پر معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہی اس معاشرے کی تشکیل کے امام، قائد اور رہنما تھے اور کسی نزاع کے بغیر سارے معاملات کی باگ ڈور آپ ﷺ ہی کے ہاتھ میں تھی۔

مدینے میں رسول اللہ ﷺ کو تین طرح کی قوموں سے سابقہ درپیش تھا جن میں سے ہر ایک کے حالات دوسرے سے بالکل جداگانہ تھے اور ہر ایک قوم کے تعلق سے کچھ خصوصی مسائل تھے جو دوسری قوموں کے مسائل سے مختلف تھے۔ یہ تینوں اقوام حسبِ ذیل تھیں:

۱- آپ ﷺ کے پاکباز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی منتخب اور ممتاز جماعت۔

۲- مدینے کے قدیم اور اصلی قبائل سے تعلق رکھنے والے مشرکین، جو اب تک ایمان نہیں لائے تھے۔

۳- یہود

(الف) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تعلق سے آپ ﷺ کو جن مسائل کا سامنا تھا ان کی توضیح یہ ہے کہ ان کے لیے مدینے کے حالات مکے کے حالات سے قطعی طور پر مختلف تھے۔ مکے میں اگرچہ ان کا کلمہ ایک تھا اور ان کے مقاصد بھی ایک تھے مگر وہ خود مختلف گھرانوں میں بکھرے ہوئے تھے۔ اور مجبور و مقہور اور ذلیل و کمزور تھے۔ ان کے ہاتھ میں کسی طرح کا کوئی اختیار نہ تھا۔ سارے اختیارات دشمنانِ دین کے ہاتھوں میں تھے اور دنیا کا کوئی بھی انسانی معاشرہ جن اجزاء اور لوازمات سے قائم ہوتا ہے مکہ کے مسلمانوں کے پاس وہ اجزاء سرے سے تھے ہی نہیں کہ ان کی بنیاد پر کسی نئے اسلامی معاشرے کی تشکیل کر سکیں۔ اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ مکی سورتوں میں صرف اسلامی مبادیات کی تفصیل بیان کی گئی ہے اور صرف ایسے احکامات نازل کیے گئے ہیں جن پر ہر آدمی تنہا عمل کر سکتا ہے۔ اس کے

علاوہ نیکی بھلائی اور مکارمِ اخلاق کی ترغیب دی گئی ہے اور رذیل و ذلیل کاموں سے بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔

اس کے برخلاف مدینے میں مسلمانوں کی زمامِ کار پہلے ہی دن سے خود ان کے اپنے ہاتھ میں تھی۔ ان پر کسی دوسرے کا تسلّط نہ تھا اس لیے اب وقت آگیا تھا کہ مسلمان تہذیب و عمرانیات، معاشیات و اقتصادیات، سیاست و حکومت اور صلح و جنگ کے مسائل کا سامنا کریں اور ان کے لیے حلال و حرام اور عبادات و اخلاق وغیرہ مسائل زندگی کی بھرپور تنقیح کی جائے۔
وقت آگیا تھا کہ مسلمان ایک نیا معاشرہ یعنی اسلامی معاشرہ تشکیل کریں جو زندگی کے تمام مرحلوں میں جاہلی معاشرے سے مختلف اور عالمِ انسانی کے اندر موجود کسی بھی دوسرے معاشرے سے ممتاز ہو اور اس دعوتِ اسلامی کا نمائندہ ہو جس کی راہ میں مسلمانوں نے تیرہ سال تک طرح طرح کی مصیبتیں اور مشقتیں برداشت کی تھیں۔

ظاہر ہے اس طرح کے کسی معاشرے کی تشکیل ایک دن، ایک مہینہ یا ایک سال میں نہیں ہوسکتی بلکہ اس کے لیے ایک طویل مدت درکار ہوتی ہے تاکہ اس میں آہستہ آہستہ اور درجہ بدرجہ احکام صادر کئے جائیں۔ اور قانون سازی کا کام مشق و تربیت اور عملی نفاذ کے ساتھ ساتھ مکمل کیا جائے۔ اب جہاں تک احکام و قوانین صادر اور فراہم کرنے کا معاملہ ہے تو اللہ تعالیٰ خود اس کا کفیل تھا اور جہاں تک ان احکام کے نفاذ اور مسلمانوں کی تربیت و رہنمائی کا معاملہ ہے تو اس پر رسول اللہ ﷺ مامور تھے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَ یُزَكِّیْهِمْ وَ یُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۗ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۝ (۶۲:۲)

"وہی ہے جس نے اُمّیوں میں خود انہیں کے اندر سے ایک رسول بھیجا جو ان پر اللہ کی آیات تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک و صاف کرتا ہے اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور یہ لوگ یقیناً پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔"

ادھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ حال تھا کہ وہ آپ ﷺ کی طرف ہمہ تن متوجہ رہتے اور جو حکم صادر ہوتا اس سے اپنے آپ کو آراستہ کر کے خوشی محسوس کرتے جیسا کہ ارشاد ہے:

.. وَ اِذَا تُلِیَتْ عَلَیْهِمْ اٰیٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِیْمَانًا .. (۸:۲)

جب ان پر اللہ کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو اُن کے ایمان کو بڑھا دیتی ہیں۔

چونکہ ان سارے مسائل کی تفصیل ہمارے موضوع میں داخل نہیں اس لیے ہم اس پر بقدر ضرورت گفتگو کریں گے۔

بہرحال یہی سب سے عظیم مسئلہ تھا جو رسول اللہ ﷺ کو مسلمانوں کے تعلق سے درپیش تھا اور بڑے پیمانے پر یہی دعوتِ اسلامیہ اور رسالتِ محمدیہؐ کا مقصود بھی تھا لیکن یہ کوئی ہنگامی مسئلہ نہ تھا بلکہ مستقل اور دائمی تھا۔ البتہ اس کے علاوہ کچھ دوسرے مسائل بھی تھے جو فوری توجہ کے طالب تھے۔ جن کی مختصر کیفیت یہ ہے:

مسلمانوں کی جماعت میں دو طرح کے لوگ تھے۔ ایک وہ جو خود اپنی زمین، اپنے مکان اور اپنے اموال کے اندر رہ رہے تھے اور اس بارے میں ان کو اس سے زیادہ فکر نہ تھی جتنی کسی آدمی کو اپنے اہل وعیال میں امن وسکون کے ساتھ رہتے ہوئے کرنی پڑتی ہے۔ یہ انصار کا گروہ تھا اور ان میں پشتہا پشت سے باہم بڑی مستحکم عداوتیں اور نفرتیں چلی آرہی تھیں۔ ان کے پہلو بہ پہلو دوسرا گروہ مہاجرین کا تھا جو ان ساری سہولتوں سے محروم تھا اور لُٹ پِٹ کر کسی نہ کسی طرح تن بہ تقدیر مدینہ پہنچ گیا تھا۔ ان کے پاس نہ تو رہنے کے لیے کوئی ٹھکانا تھا نہ پیٹ پالنے کے لیے کوئی کام ــــ اور نہ سرے سے کسی قسم کا کوئی مال جس پر ان کی معیشت کا ڈھانچہ کھڑا ہوسکے؛ پھر ان پناہ گیر مہاجرین کی تعداد کوئی معمولی بھی نہ تھی اور ان میں دن بدن اضافہ ہی ہورہا تھا کیونکہ اعلان کردیا گیا تھا کہ جو کوئی اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتا ہے وہ ہجرت کرکے مدینہ آجائے؛ اور معلوم ہے کہ مدینے میں نہ کوئی بڑی دولت تھی نہ آمدنی کے ذرائع ووسائل۔ چنانچہ مدینے کا اقتصادی توازن بگڑ گیا اور اسی تنگی ترشی میں اسلام دشمن طاقتوں نے بھی مدینے کا تقریباً اقتصادی بائیکاٹ کردیا جس سے درآمدات بند ہوگئیں اور حالات انتہائی سنگین ہوگئے۔

(ب) **دوسری قوم**: یعنی مدینے کے اصل مشرک باشندوں ــــ کا حال یہ تھا کہ انہیں مسلمانوں پر کوئی بالادستی حاصل نہ تھی۔ کچھ مشرکین شک وشبہے میں مبتلا تھے اور اپنے آبائی دین کو چھوڑنے میں تردد محسوس کررہے تھے، لیکن اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اپنے دل میں کوئی عداوت اور داؤ گھات نہیں رکھ رہے تھے۔ اس طرح کے لوگ تھوڑے ہی عرصے بعد مسلمان ہوگئے اور خالص اور پکے مسلمان ہوئے۔

اس کے برخلاف کچھ مشرکین ایسے تھے جو اپنے سینے میں رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کے خلاف سخت کینہ و عداوت چھپائے ہوئے تھے لیکن انہیں مدِّ مقابل آنے کی جرأت نہ تھی بلکہ حالات کے پیشِ نظر آپ ﷺ سے محبت و خلوص کے اظہار پر مجبور تھے۔ ان میں سرِ فہرست عبداللہ بن ابی ابن سلول تھا۔ یہ وہ شخص ہے جس کو جنگِ بُعاث کے بعد اپنا سربراہ بنانے پر اوس و خزرج نے اتفاق کر لیا تھا حالانکہ اس سے قبل دونوں فریق کسی کی سربراہی پر متفق نہیں ہوئے تھے لیکن اب اس کے لیے مونگوں کا تاج تیار کیا جا رہا تھا تاکہ اس کے سر پر تاجِ شاہی رکھ کر اس کی باقاعدہ بادشاہت کا اعلان کر دیا جائے، یعنی یہ شخص مدینے کا بادشاہ ہونے ہی والا تھا کہ اچانک رسول اللہ ﷺ کی آمد آمد ہو گئی اور لوگوں کا رُخ اس کے بجائے آپ ﷺ کی طرف ہو گیا اس لیے اسے احساس تھا کہ آپؐ ہی نے اس کی بادشاہت چھینی ہے، لہٰذا وہ اپنے نہاں خانۂ دل میں آپؐ کے خلاف سخت عداوت چھپائے ہوئے تھا۔ اس کے باوجود جب اس نے جنگِ بدر کے بعد دیکھا کہ حالات اس کے موافق نہیں ہیں اور وہ شرک پر قائم رہ کر اب دنیاوی فوائد سے بھی محروم ہوا چاہتا ہے تو اس نے بظاہر قبولِ اسلام کا اعلان کر دیا، لیکن وہ اب بھی درپردہ کافر ہی تھا اسی لیے جب بھی اسے رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کے خلاف کسی شرارت کا موقع ملتا وہ ہرگز نہ چوکتا۔ اس کے ساتھی عموماً وہ رُؤساء تھے جو اس کی بادشاہت کے زیرِ سایہ بڑے بڑے مناصب کے حصول کی توقع باندھے بیٹھے تھے مگر اب انہیں اس سے محروم ہو جانا پڑا تھا۔ یہ لوگ اس شخص کے شریکِ کار تھے اور اس کے منصوبوں کی تکمیل میں اس کی مدد کرتے تھے اور اس مقصد کے لیے بسا اوقات نوجوانوں اور سادہ لوح مسلمانوں کو بھی اپنی چابکدستی سے اپنا آلۂ کار بنا لیتے تھے۔

(ج) تیسری قوم یہود تھی ــــ جیسا کہ گذر چکا ہے۔ یہ لوگ اشوری اور رومی ظلم و جبر سے بھاگ کر حجاز میں پناہ گزین ہو گئے تھے۔ یہ درحقیقت عبرانی تھے لیکن حجاز میں پناہ گزین ہونے کے بعد ان کی وضع قطع، زبان اور تہذیب وغیرہ بالکل عربی رنگ میں رنگ گئی تھی یہاں تک کہ ان کے قبیلوں اور افراد کے نام بھی عربی ہو گئے تھے اور ان کے اور عربوں کے آپس میں شادی بیاہ کے رشتے بھی قائم ہو گئے تھے لیکن ان سب کے باوجود ان کی نسلی عصبیّت برقرار تھی اور وہ عربوں میں مدغم نہ ہوئے تھے بلکہ اپنی اسرائیلی ــــ یہودی ــــ قومیت پر فخر کرتے تھے اور عربوں کو انتہائی حقیر سمجھتے تھے۔ حتیٰ کہ انہیں اُمّی کہتے تھے جس کا مطلب ان کے نزدیک یہ تھا: بدھو، وحشی، رذیل، پسماندہ اور اچھوت۔

ان کا عقیدہ تھا کہ عربوں کا مال ان کے لیے مباح ہے، جیسے چاہیں کھائیں۔ چنانچہ اللہ کا ارشاد ہے:

.. قَالُوا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيِّنَ سَبِيلٌ ۚ (۳:۷۵)

"انہوں نے کہا ہم پر اُمّیوں کے معاملے میں کوئی راہ نہیں۔"

یعنی اُمّیوں کا مال کھانے میں ہماری کوئی پکڑ نہیں۔ ان یہودیوں میں اپنے دین کی اشاعت کے لیے کوئی سرگرمی نہیں پائی جاتی تھی۔ لے دے کر ان کے پاس دین کی جو پونجی رہ گئی تھی وہ تھی فال گیری، جادو اور جھاڑ پھونک وغیرہ۔ انہیں چیزوں کی بدولت وہ اپنے آپ کو صاحبِ علم و فضل اور روحانی قائد و پیشوا سمجھتے تھے۔

یہودیوں کو دولت کمانے کے فنون میں بڑی مہارت تھی۔ غلّے، کھجور، شراب، اور کپڑے کی تجارت انہیں کے ہاتھ میں تھی۔ یہ لوگ غلّہ، کپڑے اور شراب درآمد کرتے تھے اور کھجور برآمد کرتے تھے۔ اس کے علاوہ بھی ان کے مختلف کام تھے جن میں وہ سرگرم رہتے تھے۔ وہ اپنے اموالِ تجارت میں عربوں سے دوگنا تین گنا منافع لیتے تھے اور اسی پر بس نہ کرتے تھے بلکہ وہ سُود خوار بھی تھے۔ اس لیے وہ عرب شیوخ اور سرداروں کو سُودی قرض کے طور پر بڑی بڑی رقمیں دیتے تھے جنہیں یہ سردار حصولِ شہرت کے لیے اپنی مدح سرائی کرنے والے شعراء وغیرہ پر بالکل فضول اور بے دریغ خرچ کر دیتے تھے۔ ادھر یہود ان رقموں کے عوض ان سرداروں سے ان کی زمینیں، کھیتیاں اور باغات وغیرہ گرو رکھوا لیتے تھے اور چند سال گذرتے گذرتے ان کے مالک بن بیٹھتے تھے۔

یہ لوگ دسیسہ کاریوں، سازشوں اور جنگ و فساد کی آگ بھڑکانے میں بھی بڑے ماہر تھے۔ ایسی باریکی سے ہمسایہ قبائل میں دشمنی کے بیج بوتے اور ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکاتے کہ ان قبائل کو احساس تک نہ ہوتا۔ اِس کے بعد ان قبائل میں پیہم جنگ برپا رہتی اور اگر خدانخواستہ جنگ کی یہ آگ سرد پڑتی دکھائی دیتی تو یہود کی خفیہ انگلیاں پھر حرکت میں آجاتیں اور جنگ پھر بھڑک اٹھتی۔ کمال یہ تھا کہ یہ لوگ قبائل کو لڑا بھڑا کر چُپ چاپ کنارے بیٹھ رہتے اور عربوں کی تباہی کا تماشا دیکھتے۔ البتہ بھاری بھرکم سُودی قرض دیتے رہتے تاکہ سرمائے کی کمی کے سبب لڑائی بند نہ ہونے پائے اور اس طرح وہ دوہرا نفع کماتے رہتے۔ ایک طرف اپنی یہودی جمعیت کو محفوظ رکھتے اور دوسری طرف سُود کا بازار ٹھنڈا نہ پڑنے دیتے بلکہ سُود در سُود کے ذریعے بڑی بڑی دولت کماتے۔

یثرب میں ان یہود کے تین مشہور قبیلے تھے۔

۱۔ بنو قَینُقاع ۔ یہ خزرج کے حلیف تھے اور ان کی آبادی مدینے کے اندر ہی تھی۔

۲۔ بنو نضیر۔

۳۔ بنو قُریظہ ۔ یہ دونوں قبیلے اوس کے حلیف تھے اور ان دونوں کی آبادی مدینے کے اطراف میں تھی۔

ایک مدّت سے یہی قبائل اوس و خزرج کے درمیان جنگ کے شعلے بھڑکا رہے تھے اور جنگ بُعاث میں اپنے اپنے حلیفوں کے ساتھ خود بھی شریک ہوئے تھے۔

فطری بات ہے کہ ان یہود سے اس کے سوا کوئی اور توقع نہیں کی جا سکتی تھی کہ یہ اسلام کو بغض و عداوت کی نظر سے دیکھیں کیونکہ پیغمبر ان کی نسل سے نہ تھے کہ ان کی نسلی عصبیّت کو، جو اُن کی نفسیات اور ذہنیت کا جزو لاینفک بنی ہوئی تھی، سکون ملتا۔ پھر اسلام کی دعوت ایک صالح دعوت تھی جو ٹوٹے دلوں کو جوڑتی تھی۔ بغض و عداوت کی آگ بجھاتی تھی تمام معاملات میں امانتداری برتنے اور پاکیزہ اور حلال مال کھانے کی پابند بناتی تھی۔ اِس کا مطلب یہ تھا کہ اب یثرب کے قبائل آپس میں جُڑ جائیں گے اور ایسی صورت میں لازماً وہ یہود کے پنجوں سے آزاد ہو جائیں گے؛ لہٰذا ان کی تاجرانہ سرگرمی ماند پڑ جائے گی اور وہ اس سُودی دولت سے محروم ہو جائیں گے جس پر ان کی مالداری کی چکی گردش کر رہی تھی بلکہ یہ بھی اندیشہ تھا کہ کہیں یہ قبائل بیدار ہو کر اپنے حساب میں وہ سودی اموال بھی داخل نہ کر لیں جنہیں یہود نے ان سے بلاعوض حاصل کیا تھا اور اس طرح وہ ان زمینوں اور باغات کو واپس نہ لے لیں جنہیں سود کے ضمن میں یہودیوں نے ہتھیا لیا تھا۔

جب سے یہود کو معلوم ہوا تھا کہ اسلامی دعوت یثرب میں اپنی جگہ بنانا چاہتی ہے تب ہی سے انہوں نے ان ساری باتوں کو اپنے حساب میں داخل کر رکھا تھا۔ اسی لیے یثرب میں رسول اللہ ﷺ کی آمد کے وقت ہی سے یہود کو اسلام اور مسلمانوں سے سخت عداوت ہو گئی تھی؛ اگرچہ وہ اُس کے مظاہرے کی جسارت خاصی مدّت بعد کر سکے۔ اس کیفیت کا بہت صاف صاف پتا ابن اسحاق کے بیان کیے ہوئے ایک واقعے سے لگتا ہے۔

ان کا ارشاد ہے کہ مجھے اُمّ المومنین حضرت صَفِیّہ بنتِ حُیَیّ بن اَخطَب رضی اللہ عنہا سے یہ روایت ملی ہے کہ انہوں نے فرمایا "میں اپنے والد اور چچا ابو یاسر کی نگاہ میں اپنے والد کی سب سے چہیتی اولاد تھی۔ میں چچا اور والد سے جب کبھی ان کی کسی بھی اولاد کے ساتھ ملتی تو وہ اس کے بجائے مجھے ہی اُٹھاتے۔

جب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور قبا میں بنو عمرو بن عوف کے یہاں نزول فرما ہوئے تو میرے والد حُیَیّ بن اَخطَب اور میرے چچا ابو یاسر آپ ﷺ کی خدمت میں صبح تڑکے حاضر ہوئے اور غروبِ آفتاب کے وقت واپس آئے۔ بالکل تھکے ماندے، گرتے پڑتے لڑکھڑاتی چال چلتے ہوئے۔ میں نے حسبِ معمول چہک کر ان کی طرف دوڑ لگائی، لیکن اُنہیں اس قدر غم تھا کہ بخدا دونوں میں سے کسی نے بھی میری طرف التفات نہ کیا اور میں نے اپنے چچا کو سنا وہ میرے والد حُیَیّ بن اَخطَب سے کہہ رہے تھے۔

کیا یہ وہی ہے؟

انہوں نے کہا' ہاں! خدا کی قسم۔

چچا نے کہا' آپ انھیں ٹھیک ٹھیک پہچان رہے ہیں؟

والد نے کہا' ہاں!

چچا نے کہا' تو اب آپ کے دل میں ان کے متعلق کیا ارادے ہیں؟

والد نے کہا' عداوت ــــ خدا کی قسم ــــ جب تک زندہ رہوں گا۔"[1]

اسی کی شہادت صحیح بخاری کی اس روایت سے بھی ملتی ہے جس میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے مسلمان ہونے کا واقعہ بیان کیا گیا ہے۔ موصوف ایک نہایت بلند پایہ یہودی عالم تھے۔ آپ کو جب بنو النجار میں رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری کی خبر ملی تو وہ آپ ﷺ کی خدمت میں بعجلت تمام حاضر ہوئے اور چند سوالات پیش کئے جنہیں صرف نبی ہی جانتا ہے اور جب نبی ﷺ کی طرف سے ان کے جوابات سنے تو وہیں اسی وقت مسلمان ہو گئے۔ پھر آپؐ سے کہا کہ یہود ایک بہتان باز قوم ہے۔ اگر انہیں اس سے قبل کہ آپؐ کچھ دریافت فرمائیں، میرے اسلام لانے کا پتا لگ گیا تو وہ آپ کے پاس مجھ پر بہتان تراشیں گے۔ لہذا رسول اللہ ﷺ نے یہود کو بلا بھیجا۔ وہ آئے ــــ اور ادھر عبداللہؓ بن سلام گھر کے اندر چھپ گئے تھے ــــ تو رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ عبداللہ بن سلام تمہارے اندر کیسے آدمی ہیں؟۔ انہوں نے کہا: "ہمارے سب سے بڑے عالم ہیں اور سب سے بڑے عالم کے بیٹے ہیں۔ ہمارے سب سے اچھے آدمی ہیں اور سب سے اچھے آدمی کے بیٹے ہیں" ــــ ایک روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ ہمارے سردار

---

[1] ابنِ ہشام ۱/۵۱۸، ۵۱۹

ہیں اور ہمارے سردار کے بیٹے ہیں۔ اور ایک دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ ہمارے سب سے اچھے آدمی ہیں اور سب سے اچھے آدمی کے بیٹے ہیں، اور ہم میں سب سے افضل ہیں اور سب سے افضل آدمی کے بیٹے ہیں ___ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اچھا یہ بتاؤ اگر عبداللہ مسلمان ہو جائیں تو؟" یہود نے دو یا تین بار کہا، اللہ ان کو اس سے محفوظ رکھے۔ اس کے بعد حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ برآمد ہوئے اور فرمایا اشھد ان لا الٰہ اِلاَّ اللہ و اشھد ان محمداً رسول اللہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں) اتنا سننا تھا کہ یہود بول پڑے: شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا۔ "یہ ہمارا سب سے بُرا آدمی ہے اور سب سے بُرے آدمی کا بیٹا ہے۔" اور (اسی وقت) ان کی برائیاں شروع کر دیں۔ ایک روایت میں ہے کہ اس پر حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اے جماعتِ یہود اللہ سے ڈرو۔ اس اللہ کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں تم لوگ جانتے ہو کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور آپؐ حق لے کر تشریف لائے ہیں"۔ لیکن یہودیوں نے کہا کہ تم جھوٹ کہتے ہو۔[۲]

یہ پہلا تجربہ تھا جو رسول اللہ ﷺ کو یہود کے متعلق حاصل ہُوا۔ اور مدینے میں داخلے کے پہلے ہی دن حاصل ہُوا۔

یہاں تک جو کچھ ذکر کیا گیا یہ مدینے کے داخلی حالات سے متعلق تھا۔ بیرونِ مدینہ مسلمانوں کے سب سے کٹّے دشمن قریش تھے اور تیرہ سال تک جب کہ مسلمان ان کے زیر دست تھے، دہشت مچانے، دھمکی دینے اور تنگ کرنے کے تمام ہتھکنڈے استعمال کر چکے تھے۔ طرح طرح کی سختیاں اور مظالم کر چکے تھے۔ منظم اور وسیع پروپیگنڈے اور نہایت صبر آزما نفسیاتی حربے استعمال میں لا چکے تھے۔ پھر جب مسلمانوں نے مدینہ ہجرت کی تو قریش نے ان کی زمینیں، مکانات اور مال و دولت سب کچھ ضبط کر لیا اور مسلمانوں اور ان کے اہل و عیال کے درمیان رکاوٹ بن کر کھڑے ہو گئے؛ بلکہ جس کو پا سکے قید کر کے طرح طرح کی اذیتیں دیں، پھر اسی پر بس نہ کیا بلکہ سربراہِ دعوت حضرت محمد رسُول اللہ ﷺ کو قتل کرنے اور آپ ﷺ کی دعوت کو بیخ و بُن سے اکھاڑنے کے

---

[۲] صحیح بخاری ۱/۴۵۹، ۵۵۶، ۵۶۱

لیے خوفناک سازشیں کیں اور اسے رُوبہ عمل لانے کے لیے اپنی ساری صلاحیتیں صرف کر دیں تا آنکہ جب مسلمان کسی طرح بچ بچا کر کوئی پانچ سو کیلومیٹر دُور مدینہ کی سرزمین پر جا پہنچے تو قریش نے اپنی ساکھ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گھناؤنا سیاسی کردار انجام دیا۔ یعنی یہ چونکہ حرم کے باشندے اور بیت اللہ کے پڑوسی تھے اور اس کی وجہ سے انہیں اہلِ عرب کے درمیان دینی قیادت اور دُنیاوی ریاست کا منصب حاصل تھا اس لیے انہوں نے جزیرۃ العرب کے دوسرے مشرکین کو بھڑکا اور ورغلا کر مدینے کا تقریباً مکمل بائیکاٹ کرا دیا جس کی وجہ سے مدینہ کی درآمدات نہایت مختصر رہ گئیں جب کہ وہاں مہاجرین پناہ گیروں کی تعداد روز بروز بڑھتی جا رہی تھی۔ درحقیقت مکّے کے ان سرکشوں اور مسلمانوں کے اس نئے وطن کے درمیان حالت جنگ قائم ہو چکی تھی اور یہ نہایت احمقانہ بات ہے کہ اس جھگڑے کا الزام مسلمانوں کے سر ڈالا جائے۔

مسلمانوں کو حق پہنچتا تھا کہ جس طرح ان کے اموال ضبط کیے گئے تھے اسی طرح وہ بھی ان سرکشوں کے اموال ضبط کریں جس طرح انہیں ستایا گیا تھا اسی طرح وہ بھی ان سرکشوں کو ستائیں، اور جس طرح مسلمانوں کی زندگیوں کے آگے رکاوٹیں کھڑی کی گئی تھیں اسی طرح مسلمان بھی ان سرکشوں کی زندگیوں کے آگے رکاوٹیں کھڑی کریں اور ان سرکشوں کو "جیسے کو تیسا" والا بدلہ دیں تاکہ انہیں مسلمانوں کو تباہ کرنے اور بیخ و بُن سے اکھاڑنے کا موقع نہ مل سکے۔

یہ تھے وہ قضایا اور مسائل جن سے رسول اللہ ﷺ کو مدینہ تشریف لانے کے بعد بحیثیت رسول وہادی اور امام وقائد واسطہ درپیش تھا۔

رسول اللہ ﷺ نے ان تمام مسائل کے تئیں مدینہ میں پیغمبرانہ کردار اور قائدانہ رول ادا کیا اور جو قوم نرمی و محبت یا سختی و درشتی جس سلوک کی مستحق تھی اس کے ساتھ وہی سلوک کیا اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ رحمت و محبت کا پہلو سختی اور درشتی پر غالب تھا، یہاں تک کہ چند برسوں میں زمامِ کار اسلام اور اہلِ اسلام کے ہاتھ آگئی۔ اگلے صفحات میں انہی باتوں کی تفصیلات ہدیۂ قارئین کی جائیں گی۔

○

مدینہ بوقت ہجرت
شمال
مشرق
مغرب
جنوب
زغابہ
مجمع الاسیال
جبل ثور
جبل احد
جرف
بئر رومہ
وادی قناہ
وادی قناہ
جبل عینین
دیار بنی حارثہ
وادی بطحان
جبل سلع
دیار بنی عبدالاشہل
شیخین
وادی عقیق
مدینہ
دیار بنی ظفر
وادی بطحان
دیار بنی قریظہ
وادی مہزور
عوالی
قبا
دیار بنی نضیر
قلعہ کعب بن اشرف
ذوالحلیفہ
جبل عیر

نئے معاشرے کی تشکیل

ہم بیان کر چکے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینے میں بنو النجار کے یہاں جمعہ ۱۲ ربیع الاول سنہ ۱ھ مطابق ۲۷ ستمبر ۶۲۲ء کو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان کے سامنے نزول فرمایا تھا اور اسی وقت فرمایا تھا کہ ان شاء اللہ یہیں منزل ہو گی۔ پھر آپؐ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر منتقل ہو گئے تھے۔

مسجدِ نبوی کی تعمیر

اس کے بعد نبی ﷺ کا پہلا قدم یہ تھا کہ آپؐ نے مسجدِ نبوی کی تعمیر شروع کی اور اس کے لیے وہی جگہ منتخب کی جہاں آپ ﷺ کی اونٹنی بیٹھی تھی۔ اس زمین کے مالک دو یتیم بچے تھے۔ آپ ﷺ نے اُن سے یہ زمین قیمتاً خریدی اور بنفسِ نفیس مسجد کی تعمیر میں شریک ہو گئے۔ آپؐ اینٹ اور پتھر ڈھوتے تھے اور ساتھ ہی فرماتے جاتے تھے:

اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشَ الْاٰخِرَۃ فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُھَاجِرَۃ

"اے اللہ زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے، پس انصار و مہاجرین کو بخش دے۔"

یہ بھی فرماتے ؎

ھذا الحمال لا حمال خیبر ھذا ابرُّ ربّنا واَطھر

"یہ بوجھ خیبر کا بوجھ نہیں ہے۔ یہ ہمارے پروردگار کی قسم زیادہ نیک اور پاکیزہ ہے۔"

آپؐ کے اس طرزِ عمل سے صحابہ کرام کے جوش و خروش اور سرگرمی میں بڑا اضافہ ہو جاتا تھا چنانچہ صحابہؓ کرام کہتے تھے:

لَئِنْ قَعَدْنَا وَالنَّبِیُّ یَعْمَلُ لَذَاكَ مِنَّا الْعَمَلُ الْمُضَلَّلُ

"اگر ہم بیٹھے رہیں اور نبی ﷺ کام کریں تو ہمارا یہ کام گمراہی کا کام ہو گا۔"

اس زمین میں مشرکین کی چند قبریں تھیں۔ کچھ ویرانہ بھی تھا۔ کھجور اور غرقد کے چند درخت بھی تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے مشرکین کی قبریں اکھڑوا دیں، ویرانہ برابر کرا دیا، اور کھجوروں اور درختوں کو کاٹ کر قبلے کی جانب لگا دیا۔ اس وقت قبلہ بیت المقدس تھا ——

دروازے کے بازو کے دونوں پائے پتھر کے بنائے گئے۔ دیواریں کچّی اینٹ اور گارے سے بنائی گئیں۔ چھت پر کھجور کی شاخیں اور پتّے ڈلوا دیئے گئے اور کھجور کے تنوں کے کھمبے بنا دیئے گئے۔ زمین پر ریت اور چھوٹی چھوٹی کنکریاں (چھریاں) بچھا دی گئیں۔ تین دروازے لگائے گئے۔ قبلے کی دیوار سے پچھلی دیوار تک ایک سو ہاتھ لمبائی تھی۔ چوڑائی بھی اتنی یا اس سے کچھ کم تھی۔ بُنیاد تقریباً تین ہاتھ گہری تھی۔

آپ ﷺ نے مسجد کے بازو میں چند مکانات بھی تعمیر کئے جن کی دیواریں کچّی اینٹ کی تھیں اور چھتیں کھجور کے تنوں کی کڑیاں دے کر کھجور کی شاخ اور پتوں سے بنائی گئی تھی۔ یہی آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات کے حجرے تھے۔ ان حجروں کی تعمیر مکمّل ہو جانے کے بعد آپ ﷺ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے مکان سے یہیں منتقل ہو گئے۔[1]

مسجد محض ادائے نماز ہی کے لیے نہ تھی بلکہ یہ ایک یونیورسٹی تھی جس میں مسلمان اسلامی تعلیمات و ہدایات کا درس حاصل کرتے تھے اور ایک محفل تھی جس میں مدتوں جاہلی کشاکش و نفرت اور باہمی لڑائیوں سے دوچار رہنے والے قبائل کے افراد اب میل محبت سے مل جل رہے تھے۔ نیز یہ ایک مرکز تھا جہاں سے اس ننھّی سی ریاست کا سارا نظام چلایا جاتا تھا اور مختلف قسم کی مہمیں بھیجی جاتی تھیں علاوہ ازیں اس کی حیثیت ایک پارلیمنٹ کی بھی تھی جس میں مجلسِ شوریٰ اور مجلسِ انتظامیہ کے اجلاس منعقد ہُوا کرتے تھے۔

ان سب کے ساتھ ساتھ یہ مسجد ہی ان فقراء مہاجرین کی ایک خاصی بڑی تعداد کا مسکن تھی جن کا وہاں پر نہ کوئی مکان تھا نہ مال اور نہ اہل و عیال۔

پھر اوائل ہجرت ہی میں اذان بھی شروع ہوئی۔ یہ ایک لاہوتی نغمہ تھا جو روزانہ پانچ بار اُفق میں گونجتا تھا اور جس سے پورا عالمِ وجود لرز اٹھتا تھا۔ اس سلسلے میں حضرت عبد اللہ بن زید بن عبد ربہ رضی اللہ عنہ کے خواب کا واقعہ معروف ہے۔ (تفصیل جامع ترمذی، سنن ابی داؤد، مسند احمد اور صحیح ابن خزیمہ میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔)

مُسلمانوں میں بھائی چارگی

جس طرح رسول اللہ ﷺ نے مسجدِ نبوی کی تعمیر کا اہتمام فرما کر باہمی اجتماع اور میل و محبت کے ایک مرکز کو

---

[1] صحیح بخاری ۱/۷۱، ۵۵۵، ۵۶۰۔ زاد المعاد ۲/۵۶۔

وجود بخشا اسی طرح آپ ﷺ نے تاریخِ انسانی کا ایک اور نہایت تابناک کارنامہ انجام دیا جسے مہاجرین و انصار کے درمیان مواخات اور بھائی چارے کے عمل کا نام دیا جاتا ہے۔ ابنِ قیم لکھتے ہیں:

پھر رسول اللہ ﷺ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے مکان میں مہاجرین و انصار کے درمیان بھائی چارہ کرایا۔ کُل نوّے آدمی تھے، آدھے مہاجرین اور آدھے انصار۔ بھائی چارے کی بنیاد یہ تھی کہ یہ ایک دوسرے کے غمخوار ہوں گے اور موت کے بعد نسبی قرابتداروں کے بجائے یہی ایک دوسرے کے وارث ہوں گے۔ وراثت کا یہ حکم جنگِ بدر تک قائم رہا۔ پھر یہ آیت نازل ہوئی کہ

وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ.. (۳۳:۶)

"نسبی قرابتدار ہی ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں" (یعنی وراثت میں)

توانصار و مہاجرین میں باہمی توارُث کا حکم ختم کر دیا گیا لیکن بھائی چارے کا عہد باقی رہا۔ کہا جاتا ہے کہ آپ ﷺ نے ایک اور بھائی چارہ کرایا تھا جو خود باہم مہاجرین کے درمیان تھا لیکن پہلی بات ہی ثابت ہے۔ یوں بھی مہاجرین اپنی باہمی اسلامی اخوت، وطنی اخوت اور رشتہ و قرابتداری کی اخوت کی بنا پر آپس میں اب مزید کسی بھائی چارے کے محتاج نہ تھے جبکہ مہاجرین اور انصار کا معاملہ اس سے مختلف تھا۔[۲]

اس بھائی چارے کا مقصود — جیسا کہ محمد غزالی نے لکھا ہے — یہ تھا کہ جاہلی عصبیتیں تحلیل ہو جائیں۔ حمیّت و غیرت جو کچھ ہو وہ اسلام کے لیے ہو۔ نسل، رنگ اور وطن کے امتیازات مٹ جائیں۔ بلندی و پستی کا معیار انسانیت و تقویٰ کے علاوہ کچھ اور نہ ہو۔

رسول اللہ ﷺ نے اس بھائی چارے کو محض کھوکھلے الفاظ کا جامہ نہیں پہنایا تھا بلکہ اسے ایک ایسا نافذ العمل عہد و پیمان قرار دیا تھا جو خون اور مال سے مربوط تھا۔ یہ خالی خولی سلامی اور مبارکباد نہ تھی کہ زبان پر روانی کے ساتھ جاری رہے مگر نتیجہ کچھ نہ ہو بلکہ اس بھائی چارے کے ساتھ ایثار و غمگساری اور مُوانَسَتْ کے جذبات بھی مخلوط تھے اور اسی لیے اُس نے اس نئے معاشرے کو بڑے نادر اور تابناک کارناموں سے پُر کر دیا تھا۔[۳]

چنانچہ صحیح بخاری میں مروی ہے کہ مہاجرین جب مدینہ تشریف لائے تو رسول اللہ ﷺ

---

[۲] زاد المعاد ۲/۵۶ [۳] فقہ السیرہ ص ۱۴۰، ۱۴۱

نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور سعدؓ بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ کرا دیا۔ اس کے بعد حضرت سعدؓ نے حضرت عبدالرحمٰنؓ سے کہا: "انصار میں میں سب سے زیادہ مال دار ہوں۔ آپ میرا مال دو حصوں میں بانٹ کر (آدھا لے لیں) اور میری دو بیویاں ہیں۔ آپ دیکھ لیں جو زیادہ پسند ہو مجھے بتا دیں میں اُسے طلاق دے دوں اور عدت گزرنے کے بعد آپ اس سے شادی کر لیں"۔ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا، "اللہ آپ کے اہل اور مال میں برکت دے۔ آپ لوگوں کا بازار کہاں ہے؟ لوگوں نے انہیں بنو قینقاع کا بازار بتلا دیا۔ وہ واپس آئے تو ان کے پاس کچھ فاضل پنیر اور گھی تھا۔ اس کے بعد وہ روزانہ جاتے رہے۔ پھر ایک دن آئے تو اُن پر زردی کا اثر تھا۔ نبی ﷺ نے دریافت فرمایا، یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا میں نے شادی کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا، عورت کو مہر کتنا دیا ہے؟ بولے ایک نواۃ (گٹھلی) کے ہموزن (یعنی کوئی سوا تولہ) سونا۔[۴]

اسی طرح حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت آئی ہے کہ انصار نے نبی ﷺ سے عرض کیا، آپؐ ہمارے درمیان اور ہمارے بھائیوں کے درمیان ہمارے کھجور کے باغات تقسیم فرما دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا، نہیں۔ انصار نے کہا تب آپ لوگ یعنی مہاجرین ہمارا کام کر دیا کریں اور ہم پھل میں آپ لوگوں کو شریک رکھیں گے۔ انہوں نے کہا ٹھیک ہے ہم نے بات سنی اور مانی۔[۵]

اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ انصار نے کس طرح بڑھ چڑھ کر اپنے مہاجر بھائیوں کا اعزاز و اکرام کیا تھا اور کس قدر محبّت، خلوص، ایثار اور قربانی سے کام لیا تھا اور مہاجرین ان کی اس کرم و نوازش کی کتنی قدر کرتے تھے۔ چنانچہ انہوں نے اس کا کوئی غلط فائدہ نہیں اٹھایا بلکہ ان سے صرف اتنا ہی حاصل کیا جس سے وہ اپنی ٹوٹی ہوئی معیشت کی کمر سیدھی کر سکتے تھے۔

اور حق یہ ہے کہ یہ بھائی چارہ ایک نادر حکمت، حکیمانہ سیاست اور مسلمانوں کو درپیش بہت سارے مسائل کا ایک بہترین حل تھا۔

اسلامی تعاون کا پیمان

مذکورہ بھائی چارے کی طرح رسول اللہ ﷺ نے ایک اور عہد و پیمان کرایا جس کے ذریعے ساری جاہلی کشاکش

---

۴ صحیح بخاری: باب اخاء النبی ﷺ بین المہاجرین والانصار ۱/ ۵۵۳

۵ ایضاً باب اذا قال اکفنی مؤنۃ النخل ۱/ ۳۱۲

اور قبائلی کشمکش کی بنیاد ڈھادی اور دَورِ جاہلیت کے رسم و رواج کے لیے کوئی گنجائش نہ چھوڑی۔ ذیل میں اس پیمان کو اس کی دفعات سمیت مختصراً پیش کیا جارہا ہے۔

یہ تحریر ہے محمدؐ نبی ﷺ کی جانب سے قریشی، یثربی اور ان کے تابع ہو کر ان کے ساتھ لاحق ہونے اور جہاد کرنے والے مومنین اور مسلمانوں کے درمیان کہ:

۱۔ یہ سب اپنے ماسوا انسانوں سے الگ ایک امّت ہیں۔

۲۔ مہاجرینِ قریش اپنی سابقہ حالت کے مطابق باہم دیت کی ادائیگی کریں گے اور مومنین کے درمیان معروف اور ــــــ انصاف کے ساتھ اپنے قیدی کا فدیہ دیں گے اور انصار کے تمام قبیلے اپنی سابقہ حالت کے مطابق باہم دیت کی ادائیگی کریں گے اور ان کا ہر گروہ معروف طریقے پر اور اہلِ ایمان کے درمیان انصاف کے ساتھ اپنے قیدی کا فدیہ ادا کرے گا۔

۳۔ اور اہلِ ایمان اپنے درمیان کسی بےکس کو فدیہ یا دیت کے معاملے میں معروف طریقے کے مطابق عطاء و نوازش سے محروم نہ رکھیں گے۔

۴۔ اور سارے راست باز مومنین اس شخص کے خلاف ہوں گے جو ان پر زیادتی کرے گا یا اہلِ ایمان کے درمیان ظلم اور گناہ اور زیادتی اور فساد کی راہ کا جویا ہوگا۔

۵۔ اور یہ کہ ان سب کے ہاتھ اس شخص کے خلاف ہوں گے خواہ وہ ان میں سے کسی کا لڑکا ہی کیوں نہ ہو۔

۶۔ کوئی مومن کسی مومن کو کافر کے بدلے قتل کرے گا اور نہ ہی کسی مومن کے خلاف کسی کافر کی مدد کرے گا۔

۷۔ اور اللہ کا ذِمّہ (عہد) ایک ہوگا، ایک معمولی آدمی کا دیا ہُوا ذمہ بھی سارے مسلمانوں پر لاگو ہوگا۔

۸۔ جو یہود ہمارے پیروکار ہو جائیں، اُن کی مدد کی جائے گی اور وہ دوسرے مسلمانوں کے مثل ہوں گے۔ نہ ان پر ظلم کیا جائے گا اور نہ ان کے خلاف تعاون کیا جائے گا۔

۹۔ مسلمانوں کی صلح ایک ہوگی۔ کوئی مسلمان کسی مسلمان کو چھوڑ کر قتال فی سبیل اللہ کے سلسلے میں مصالحت نہیں کرے گا بلکہ سب کے سب برابری اور عدل کی بنیاد پر کوئی عہد و پیمان کریں گے۔

۱۰۔ مسلمان اس خون میں ایک دوسرے کے مساوی ہوں گے جسے کوئی فی سبیل اللہ بہائے گا۔

۱۱۔ کوئی مشرک قریش کی کسی جان یا مال کو پناہ نہیں دے سکتا اور نہ کسی مومن کے آگے اس

کی حفاظت کے لیے رکاوٹ بن سکتا ہے۔

۱۲۔ جو شخص کسی مومن کو قتل کرے گا اور ثبوت موجود ہوگا، اس سے قصاص لیا جائے گا۔ سوائے اس صورت کے کہ مقتول کا ولی راضی ہو جائے۔

۱۳۔ اور یہ کہ سارے مومنین اس کے خلاف ہوں گے۔ ان کے لیے اس کے سوا کچھ حلال نہ ہوگا کہ اس کے خلاف اُٹھ کھڑے ہوں۔

۱۴۔ کسی مومن کے لیے حلال نہ ہوگا کہ کسی ہنگامہ برپا کرنے والے (یا بدعتی) کی مدد کرے اور اسے پناہ دے، اور جو اس کی مدد کرے گا یا اسے پناہ دے گا، اس پر قیامت کے دن اللہ کی لعنت اور اس کا غضب ہوگا اور اس کا فرض و نفل کچھ بھی قبول نہ کیا جائے گا۔

۱۵۔ تمہارے درمیان جو بھی اختلاف رُونما ہوگا اسے اللہ عزّوجل اور محمد ﷺ کی طرف پلٹایا جائے گا۔[۶]

معاشرے پر معنویات کا اثر

اس حکمتِ بالغہ اور اس دُور اندیشی سے رسول اللہ ﷺ نے ایک نئے معاشرے کی بنیادیں اُستوار کیں لیکن معاشرے کا ظاہری رُخ درحقیقت ان معنوی کمالات کا پَرتو تھا جس سے نبی ﷺ کی صحبت و ہم نشینی کی بدولت یہ بزرگ ہستیاں بہرہ ور ہو چکی تھیں۔ نبی ﷺ ان کی تعلیم و تربیت، تزکیۂ نفس اور مکارمِ اخلاق کی ترغیب میں مسلسل کوشاں رہتے تھے اور انہیں محبّت و بھائی چارگی، مجد و شرف اور عبادت و اطاعت کے آداب برابر سکھاتے اور بتاتے رہتے تھے۔

ایک صحابیؓ نے آپؐ سے دریافت کیا کہ کون سا اسلام بہتر ہے؟ (یعنی اسلام میں کونسا عمل بہتر ہے؟) آپ ﷺ نے فرمایا: "تم کھانا کھلاؤ اور شناسا اور غیر شناسا سبھی کو سلام کرو۔"[۷]

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب نبی ﷺ مدینہ تشریف لائے تو مَیں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہُوا۔ جب میں نے آپ ﷺ کا چہرۂ مبارک دیکھا تو اچھی طرح سمجھ گیا کہ یہ کسی جھوٹے آدمی کا چہرہ نہیں ہو سکتا۔ پھر آپؐ نے پہلی بات جو ارشاد فرمائی

---

[۶] ابنِ ہشام ۱/ ۵۰۲، ۵۰۳ [۷] صحیح بخاری ۱/ ۶، ۹

وہ یہ تھی: "اے لوگو! اسلام پھیلاؤ، کھانا کھلاؤ، صلہ رحمی کرو، اور رات میں جب لوگ سو رہے ہوں نماز پڑھو۔ جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔"[۸]

آپ ﷺ فرماتے تھے: "وہ شخص جنّت میں داخل نہ ہو گا جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں اور تباہ کاریوں سے مامون و محفوظ نہ رہے۔"[۹]

اور فرماتے تھے: "مُسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں"[۱۰] اور فرماتے تھے: "تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند کرے جو خود اپنے لیے پسند کرتا ہے۔"[۱۱]

اور فرماتے تھے: "سارے مومنین ایک آدمی کی طرح ہیں کہ اگر اس کی آنکھ میں تکلیف ہو تو سارے جسم کو تکلیف محسوس ہوتی ہے اور اگر سر میں تکلیف ہو تو سارے جسم کو تکلیف محسوس ہوتی ہے۔"[۱۲]

اور فرماتے: "مومن، مومن کے لیے عمارت کی طرح ہے جس کا بعض بعض کو قوّت پہنچاتا ہے۔"[۱۳]

اور فرماتے: "آپس میں بُغض نہ رکھو، باہم حسد نہ کرو، ایک دوسرے سے پیٹھ نہ پھیرو اور اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو۔ کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں کہ اپنے بھائی کو تین دن سے اُوپر چھوڑے رہے۔"[۱۴]

اور فرماتے: "مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر ظلم کرے اور نہ اسے دشمن کے حوالے کرے؛ اور جو شخص اپنے بھائی کی حاجت (برآری) میں کوشاں ہو گا اللہ اس کی حاجت (برآری) میں ہو گا؛ اور جو شخص کسی مسلمان سے کوئی غم اور دُکھ دُور کرے گا اللہ اس شخص سے روزِ قیامت کے دُکھوں میں سے کوئی دُکھ دُور کرے گا؛ اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اللہ قیامت کے دن اُس کی پردہ پوشی کرے گا۔"[۱۵]

اور فرماتے: "تم لوگ زمین والوں پر مہربانی کرو تم پر آسمان والا مہربانی کرے گا۔"[۱۶]

---

۸ ترمذی۔ ابنِ ماجہ، دارمی، مشکوٰۃ ۱/۱۶۸

۹ صحیح مسلم، مشکوٰۃ ۲/۴۲۲ ۱۰-۱۱ صحیح بخاری ۱/۶ ۱۲ مسلم، مشکوٰۃ ۲/۴۲۲

۱۳ متفق علیہ، مشکوٰۃ ۲/۴۲۲۔ صحیح بخاری ۲/۸۹۰ ۱۴ صحیح بخاری ۲/۸۹۶

۱۵ متفق علیہ مشکوٰۃ ۲/۴۲۲ ۱۶ سنن ابی داوٗد ۲/۳۳۵۔ جامع ترمذی ۲/۱۴

اور فرماتے: "وہ شخص مومن نہیں جو خود پیٹ بھر کھا لے اور اس کے بازو میں رہنے والا پڑوسی بھوکا رہے"۔[۱۷]

اور فرماتے: "مسلمان سے گالی گلوچ کرنا فسق ہے اور اس سے مار کاٹ کرنا کفر ہے"۔[۱۸]

اسی طرح آپ ﷺ راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانے کو صدقہ قرار دیتے تھے اور اسے ایمان کی شاخوں میں سے ایک شاخ شمار کرتے تھے۔[۱۹]

نیز آپ ﷺ صدقے اور خیرات کی ترغیب دیتے تھے اور اس کے ایسے ایسے فضائل بیان فرماتے تھے کہ اس کی طرف دل خود بخود کھنچے چلے جائیں، چنانچہ آپؐ فرماتے کہ صدقہ گناہوں کو ایسے ہی بجھا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو بجھاتا ہے۔[۲۰]

اور آپ ﷺ فرماتے کہ جو مسلمان کسی ننگے مسلمان کو کپڑا پہنا دے اللہ اُسے جنت کا سبز لباس پہنائے گا اور جو مسلمان کسی بھوکے مسلمان کو کھانا کھلائے اللہ اسے جنت کے پھل کھلائے گا اور جو مسلمان کسی پیاسے مسلمان کو پانی پلا دے اللہ اُسے جنت کی مُہر لگی ہوئی شرابِ طہور پلائے گا۔[۲۱]

آپ ﷺ فرماتے: "آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا ایک ٹکڑا ہی صدقہ کر کے، اور اگر وہ بھی نہ پاؤ تو پاکیزہ بول ہی کے ذریعے"۔[۲۲]

اور اسی کے پہلو بہ پہلو دوسری طرف آپؐ مانگنے سے پرہیز کی بھی بہت زیادہ تاکید فرماتے، صبر و قناعت کی فضیلتیں سناتے اور سوال کرنے کو سائل کے چہرے کے لیے نوچ، خراش اور زخم قرار دیتے۔[۲۳] البتہ اس سے اس شخص کو مُستثنیٰ قرار دیا جو حد درجہ مجبور ہو کر سوال کرے۔

اسی طرح آپ ﷺ یہ بھی بیان فرماتے کہ کن عبادات کے کیا فضائل ہیں اور اللہ کے نزدیک ان کا کیا اجر و ثواب ہے؟ پھر آپؐ پر آسمان سے جو وحی آتی آپؐ اس سے مسلمانوں کو بڑی پختگی کے ساتھ مربوط رکھتے۔ آپ ﷺ وہ وحی مسلمانوں کو پڑھ کر سناتے اور

---

[۱۷] شعب الایمان للبیہقی مشکوۃ ۲/۴۲۴ [۱۸] صحیح بخاری ۲/۸۹۳

[۱۹] اس مضمون کی حدیث صحیحین میں مروی ہے مشکوۃ ۱/۱۲، ۱۶۷

[۲۰] احمد، ترمذی، ابن ماجہ۔ مشکوۃ ۱/۱۴

[۲۱] سنن ابی داؤد، جامع ترمذی۔ مشکوۃ ۱/۱۶۹ [۲۲] صحیح بخاری ۱/۱۹۰، ۲/۸۹۰

[۲۳] دیکھئے ابوداؤد، ترمذی۔ نسائی، ابنِ ماجہ، دارمی۔ مشکوۃ ۱/۱۶۳

مسلمان آپؐ کو پڑھ کر سناتے تاکہ اس عمل سے ان کے اندر فہم و تدبّر کے علاوہ دعوت کے حقوق اور پیغمبرانہ ذمّے داریوں کا شعور بھی بیدار رہو۔

اس طرح رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کی اخلاقیات بلند کیں، ان کی خداداد صلاحیتوں کو عروج بخشا اور انہیں بلند ترین اقدار و کردار کا مالک بنایا، یہاں تک کہ وہ انسانی تاریخ میں انبیاء کے بعد فضل و کمال کی سب سے بلند چوٹی کا نمونہ بن گئے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس شخص کو طریقہ اختیار کرنا ہو وہ گذرے ہوئے لوگوں کا طریقہ اختیار کرے کیونکہ زندہ کے بارے میں فتنے کا اندیشہ ہے۔ وہ لوگ نبی ﷺ کے ساتھی تھے۔ اس امّت میں سب سے افضل، سب سے نیک دل، سب سے گہرے علم کے مالک اور سب سے زیادہ بے تکلّف۔ اللہ نے انہیں اپنے نبی کی رفاقت اور اپنے دین کی اقامت کے لیے منتخب کیا، لہٰذا ان کا فضل پہچانو اور ان کے نقشِ قدم کی پیروی کرو اور جس قدر ممکن ہو ان کے اخلاق اور سیرت سے تمسّک کرو کیونکہ وہ لوگ ہدایت کے صراطِ مستقیم پر تھے۔[۲۴]

پھر ہمارے پیغمبر رہبرِ اعظم ﷺ خود بھی ایسی معنوی اور ظاہری خوبیوں، کمالات، خداداد صلاحیتوں، مجد و فضائل، مکارمِ اخلاق اور محاسنِ اعمال سے متصف تھے کہ دل خود بخود آپؐ کی جانب کھنچے جاتے تھے اور جانیں قربان ہُوا چاہتی تھیں۔ چنانچہ آپ ﷺ کی زبان سے جونہی کوئی کلمہ صادر ہوتا صحابہ کرام اس کی بجا آوری کے لیے دَوڑ پڑتے اور رہدایت و رہنمائی کی جو بات آپؐ ارشاد فرما دیتے اسے حرزِ جان بنانے کے لیے گویا ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی بازی لگ جاتی۔

اس طرح کی کوششوں کی بدولت نبی ﷺ مدینے کے اندر ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینے میں کامیاب ہو گئے جو تاریخ کا سب سے زیادہ باکمال اور شرف سے بھرپور معاشرہ تھا اور اُس معاشرے کے مسائل کا ایسا خوشگوار حل نکالا کہ انسانیت نے ایک طویل عرصے تک زمانے کی چکی میں پِس کر اور اتھاہ تاریکیوں میں ہاتھ پاؤں مار کر تھک جانے کے بعد پہلی بار چین کا سانس لیا۔

اس نئے معاشرے کے عناصر ایسی بلند و بالا تعلیمات کے ذریعے مکمل ہوئے جس نے پوری پامردی کے ساتھ زمانے کے ہر جھٹکے کا مقابلہ کر کے اس کا رُخ پھیر دیا اور تاریخ کا دھارا بدل دیا۔

---

[۲۴] رزین، مشکوٰۃ ۱/ ۳۲

یہود کے ساتھ معاہدہ

نبی ﷺ نے ہجرت کے بعد جب مسلمانوں کے درمیان عقیدے، سیاست اور نظام کی وحدت کے ذریعے ایک نئے اسلامی معاشرے کی بنیادیں استوار کرلیں تو غیر مسلموں کے ساتھ اپنے تعلقات منظّم کرنے کی طرف توجہ فرمائی۔ آپ ﷺ کا مقصود یہ تھا کہ ساری انسانیت امن وسلامتی کی سعادتوں اور برکتوں سے بہرہ ور ہو اور اس کے ساتھ ہی مدینہ اور اس کے گرد وپیش کا علاقہ ایک وفاقی وحدت میں منظم ہو جائے۔ چنانچہ آپؐ نے رواداری اور کشادہ دلی کے ایسے قوانین مسنون فرمائے جن کا اس تعصّب اور غلوّ پسندی سے بھری ہوئی دُنیا میں کوئی تصوّر ہی نہ تھا۔

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں مدینے کے سب سے قریب ترین پڑوسی یہود تھے۔ یہ لوگ اگرچہ درپردہ مسلمانوں سے عداوت رکھتے تھے لیکن انہوں نے اب تک کسی محاذ آرائی اور جھگڑے کا اظہار نہیں کیا تھا اس لیے رسول اللہ ﷺ نے ان کے ساتھ ایک معاہدہ منعقد کیا، جس میں انہیں دین و مذہب اور جان ومال کی مطلق آزادی دی گئی تھی اور جلاوطنی، ضبطیٔ جائداد یا جھگڑے کی سیاست کا کوئی رُخ اختیار نہیں کیا گیا تھا۔

یہ معاہدہ اسی معاہدے کے ضمن میں ہُوا تھا جو خود مسلمانوں کے درمیان باہم طے پایا تھا اور جس کا ذکر قریب ہی گذر چکا ہے۔ آگے اس معاہدے کی اہم دفعات پیش کی جارہی ہیں۔

معاہدے کی دفعات

۱۔ بنو عوف کے یہود مسلمانوں کے ساتھ مل کر ایک ہی امّت ہوں گے۔ یہود اپنے دین پر عمل کریں گے اور مسلمان اپنے دین پر۔ خود ان کا بھی یہی حق ہوگا، اور ان کے غلاموں اور متعلقین کا بھی۔ اور بنو عوف کے علاوہ دوسرے یہود کے بھی یہی حقوق ہوں گے۔

۲۔ یہود اپنے اخراجات کے ذمّے دار ہوں گے اور مسلمان اپنے اخراجات کے۔

۳۔ اور جو طاقت اس معاہدے کے کسی فریق سے جنگ کرے گی سب اس کے خلاف آپس

میں تعاون کریں گے۔

۴۔ اور اس معاہدے کے شرکاء کے باہمی تعلقات خیر خواہی، خیر اندیشی اور فائدہ رسانی کی بنیاد پر ہوں گے، گناہ پر نہیں۔

۵۔ کوئی آدمی اپنے حلیف کی وجہ سے مجرم نہ ٹھہرے گا۔

۶۔ مظلوم کی مدد کی جائے گی۔

۷۔ جب تک جنگ برپا رہے گی یہود بھی مسلمانوں کے ساتھ خرچ برداشت کریں گے۔

۸۔ اس معاہدے کے سارے شرکاء پر مدینہ میں ہنگامہ آرائی اور کشت و خون حرام ہوگا۔

۹۔ اس معاہدے کے فریقوں میں کوئی نئی بات یا جھگڑا پیدا ہو جائے جس میں فساد کا اندیشہ ہو تو اس کا فیصلہ اللہ عزّوجل اور محمدؐ رسول اللہ ﷺ فرمائیں گے۔

۱۰۔ قریش اور اس کے مددگاروں کو پناہ نہیں دی جائے گی۔

۱۱۔ جو کوئی یثرب پر دھاوا بول دے اس سے لڑنے کے لیے سب باہم تعاون کریں گے اور ہر فریق اپنے اپنے اطراف کا دفاع کرے گا۔

۱۲۔ یہ معاہدہ کسی ظالم یا مجرم کے لیے آڑ نہ بنے گا۔[۱]

اس معاہدے کے طے ہو جانے سے مدینہ اور اس کے اطراف ایک وفاقی حکومت بن گئے جس کا دارالحکومت مدینہ تھا اور جس کے سربراہ رسول اللہ ﷺ تھے۔ اور جس میں کلمہ نافذہ اور غالب حکمرانی مسلمانوں کی تھی؛ اور اس طرح مدینہ واقعۃً اسلام کا دارالحکومت بن گیا۔

امن و سلامتی کے دائرے کو مزید وسعت دینے کے لیے نبی ﷺ نے آئندہ دوسرے قبائل سے بھی حالات کے مطابق اسی طرح کے معاہدے کیے، جن میں سے بعض بعض کا ذکر آگے چل کر آئے گا۔

○

---

[۱] دیکھئے ابن ہشام ۱/ ۵۰۳، ۵۰۴

مُسلّح کشاکش

ہجرت کے بعد مسلمانوں کے خلاف قریش کی فتنہ خیزیاں اور عبداللہ بن اُبی سے نامہ و پیام

پچھلے صفحات میں بتایا جا چکا ہے کہ کفارِ مکہ نے مسلمانوں پر کیسے کیسے ظلم وستم کے پہاڑ توڑے تھے اور جب مسلمانوں نے ہجرت شروع کی تو ان کے خلاف کیسی کیسی کارروائیاں کی تھیں جن کی بنا پر وہ مستحق ہو چکے تھے کہ ان کے اموال ضبط کر لیے جائیں اور ان پر یزن بول دیا جائے مگر اب بھی ان کی حماقت کا سلسلہ بند نہ ہُوا اور وہ اپنی ستم رانیوں سے باز نہ آئے بلکہ یہ دیکھ کر ان کا جوشِ غضب اور بھڑک اُٹھا کہ مسلمان ان کی گرفت سے چھوٹ نکلے ہیں اور انہیں مدینے میں ایک پُر امن جائے قرار مل گئی ہے۔ چنانچہ انھوں نے عبداللہ بن اُبَیّ کو۔ جو ابھی تک کھلم کھلا مشرک تھا ــــ اس کی اس حیثیت کی بنا پر ایک دھمکی آمیز خط لکھا کہ وہ انصار کا سردار رہے۔ کیونکہ انصار اس کی سربراہی پر متفق ہو چکے تھے اور اگر اسی دوران رسول اللہ ﷺ کی تشریف آوری نہ ہوئی ہوتی تو اس کو اپنا بادشاہ بھی بنا لیے ہوتے ــــ مشرکین نے اپنے اس خط میں عبداللہ بن اُبَیّ اور اس کے مشرک رفقاء کو مخاطب کرتے ہوئے دوٹوک لفظوں میں لکھا:

"آپ لوگوں نے ہمارے صاحب کو پناہ دے رکھی ہے" اس لیے ہم اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ یا تو آپ لوگ اس سے لڑائی کیجیے یا اسے نکال دیجیے یا پھر ہم اپنی پوری جمعیت کے ساتھ آپ لوگوں پر یورش کر کے آپ کے سارے مردانِ جنگی کو قتل کر دیں گے اور آپ کی عورتوں کی حرمت پامال کر ڈالیں گے"۔[1]

اس خط کے پہنچتے ہی عبداللہ بن اُبَیّ مکے کے اپنے ان مشرک بھائیوں کے حکم کی تعمیل کے لیے اٹھ پڑا اس لیے کہ وہ پہلے ہی سے نبی ﷺ کے خلاف رنج اور کینہ لیے بیٹھا تھا کیونکہ اس کے ذہن میں یہ بات بیٹھی ہوئی تھی کہ آپؐ ہی نے اس سے بادشاہت چھینی ہے چنانچہ

---

[1] ابوداؤد: باب خبر النضیر

جب یہ خط عبد اللہ بن اُبیّ اور اس کے بُت پرست رُفقاء کو موصول ہُوا تو وہ رسول اللہ ﷺ سے جنگ کے لیے جمع ہو گئے جب نبی ﷺ کو اس کی خبر ہوئی تو آپؐ ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا "قریش کی دھمکی تم لوگوں پر بہت گہرا اثر کر گئی ہے تم خود اپنے آپ کو جتنا نقصان پہنچا دینا چاہتے ہو قریش اس سے زیادہ تم کو نقصان نہیں پہنچا سکتے تھے۔ تم اپنے بیٹوں اور بھائیوں سے خود ہی لڑنا چاہتے ہو؟" نبی ﷺ کی یہ بات سُن کر لوگ بکھر گئے۔[2]

اس وقت تو عبد اللہ بن اُبیّ جنگ کے ارادے سے باز آ گیا کیونکہ اس کے ساتھی ڈھیلے پڑ گئے تھے یا بات ان کی سمجھ میں آ گئی تھی لیکن حقیقت میں قریش کے ساتھ اس کے روابط در پردہ قائم رہے کیونکہ مسلمان اور مشرکین کے درمیان شرّ و فساد کا کوئی موقع وہ ہاتھ سے جانے نہ دینا چاہتا تھا۔ پھر اس نے اپنے ساتھ یہود کو بھی سانٹھ رکھا تھا تاکہ اس معاملے میں ان سے بھی مدد حاصل کرے، لیکن وہ تو نبی ﷺ کی حکمت تھی جو رہ رہ کر شرّ و فساد کی بھڑکنے والی آگ کو بجھا دیا کرتی تھی۔[3]

مُسلمانوں پر مسجد حرام کا دروازہ بند کیے جانے کا اعلان

اس کے بعد حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ عمرہ کے لیے مکّہ گئے اور اُمیّہ بن خلف کے مہمان ہوئے۔ انہوں نے اُمیّہ سے کہا: "میرے لیے کوئی خلوت کا وقت دیکھو ذرا میں بیت اللہ کا طواف کر لوں"۔ اُمیّہ دوپہر کے قریب انہیں لے کر نکلا تو ابوجہل سے ملاقات ہو گئی۔ اس نے (اُمیّہ کو مخاطب کر کے) کہا، ابو صفوان تمہارے ساتھ یہ کون ہے؟ اُمیّہ نے کہا، یہ سعد ہیں۔ ابوجہل نے سعد کو مخاطب کر کے کہا: "اچھا! مَیں دیکھ رہا ہوں کہ تم بڑے امن و اطمینان سے طواف کر رہے ہو حالانکہ تم لوگوں نے بے دینوں کو پناہ دے رکھی ہے اور یہ زعم رکھتے ہو کہ ان کی نصرت و اعانت بھی کرو گے۔ سُنو! خدا کی قسم اگر تم ابو صفوان کے ساتھ نہ ہوتے تو اپنے گھر سلامت پلٹ کر نہ جا سکتے تھے۔" اس پر حضرت سعدؓ نے بآواز بلند کہا: "سُن! خدا کی قسم اگر تُو نے مجھ کو اس سے روکا تو مَیں تجھے ایسی چیز سے روک دوں گا جو تجھ پر اس سے بھی زیادہ گراں ہو گی۔" یعنی اہل مدینہ کے پاس سے گذرنے والا تیرا (تجارتی) راستہ۔[4]

---

[2] ابو داؤد باب مذکور [3] اس معاملے میں دیکھئے صحیح بخاری ۲/۶۵۵، ۶۵۶، ۹۱۶، ۹۲۴
[4] بخاری، کتاب المغازی ۲/۵۶۳

مہاجرین کو قریش کی دھمکی

پھر قریش نے مسلمانوں کو کہلا بھیجا "تم مغرور نہ ہونا کہ مکّہ سے صاف بچ کر نکل آئے، ہم یثرب ہی پہنچ کر تمہارا استیناس کر دیتے ہیں"۔ ؎۵

اور یہ محض دھمکی نہ تھی بلکہ رسول اللہ ﷺ کو اتنے مؤکد طریقے پر قریش کی چالوں اور بُرے ارادوں کا علم ہو گیا تھا کہ آپ یا تو جاگ کر رات گذارتے تھے یا صحابۂ کرام کے پہرے میں سوتے تھے چنانچہ صحیح بخاری مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ مدینہ آنے کے بعد ایک رات رسول اللہ ﷺ جاگ رہے تھے کہ فرمایا: "کاش آج رات میرے صحابہؓ میں سے کوئی صالح آدمی میرے یہاں پہرہ دیتا"۔ ابھی ہم اسی حالت میں تھے کہ ہمیں ہتھیار کی جھنکار سُنائی پڑی۔ آپؐ نے فرمایا: "کون ہے؟" جواب آیا "سعدؓ بن ابی وقاص"۔ فرمایا "کیسے آنا ہُوا؟" بولے: "میرے دل میں آپؐ کے متعلق خطرے کا اندیشہ ہُوا تو میں آپؐ کے یہاں پہرہ دینے آ گیا"۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے انہیں دُعا دی۔ پھر سو گئے۔ ؎۶

یہ بھی یاد رہے کہ پہرے کا یہ انتظام بعض راتوں کے ساتھ مخصوص نہ تھا بلکہ مسلسل اور دائمی تھا؛ چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہی سے مروی ہے کہ رات کو رسول اللہ ﷺ کے لیے پہرہ دیا جاتا تھا یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی: وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (اللہ آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا۔) تب رسول اللہ ﷺ نے قبے سے سر نکالا اور فرمایا: "لوگو! واپس جاؤ اللہ عزّ وجل نے مجھے محفوظ کر دیا ہے"۔ ؎۷

پھر یہ خطرہ صرف رسول اللہ ﷺ کی ذات تک محدود نہ تھا بلکہ سارے ہی مسلمانوں کو لاحق تھا؛ چنانچہ حضرت اُبَیؓ بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے رُفقاء مدینہ تشریف لائے، اور انصار نے انہیں اپنے یہاں پناہ دی تو سارا عرب اُن کے خلاف متحد ہو گیا۔ چنانچہ یہ لوگ نہ ہتھیار کے بغیر رات گذارتے تھے اور نہ ہتھیار کے بغیر صبح کرتے تھے۔

جنگ کی اجازت

ان پُرخطر حالات میں جو مدینہ میں مسلمانوں کے وجود کے لیے چیلنج بنے ہوئے تھے اور جن سے عیاں تھا کہ قریش کسی

؎۵ رحمۃ للعالمین ۱/۱۱۶

؎۶ مسلم باب فضل سعد بن ابی وقاص ۲/۲۸۰، صحیح بخاری باب الحراسۃ فی الغزو فی سبیل اللہ ۱/۴۰۴

؎۷ جامع ترمذی: ابواب التفسیر ۲/۱۳۰

طرح ہوش کے ناخن لینے اور اپنے تمرّد سے باز آنے کے لیے تیار نہیں' اللہ تعالیٰ نے مُسلمانوں کو جنگ کی اجازت فرمادی ؛ لیکن اسے فرض قرار نہیں دیا۔ اس موقعے پر اللہ تعالیٰ کا جو ارشاد نازل ہُوا وہ یہ تھا :

أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَـٰتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ ○ (۳۹:۲۲)

"جن لوگوں سے جنگ کی جا رہی ہے انہیں بھی جنگ کی اجازت دی گئی کیونکہ وہ مظلوم ہیں اور یقیناً اللہ ان کی مدد پر قادر ہے۔"

پھر اس آیت کے ضمن میں مزید چند آیتیں نازل ہُوئیں جن میں بتایا گیا کہ یہ اجازت محض جنگ برائے جنگ کے طور پر نہیں ہے بلکہ اس سے مقصود باطل کے خاتمے اور اللہ کے شعائر کا قیام ہے۔ چنانچہ آگے چل کر ارشاد ہُوا :

اَلَّذِينَ إِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْأَرْضِ أَقَامُوا الصَّلَوٰةَ وَآتَوُا الزَّكَوٰةَ وَأَمَرُوا بِالْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنكَرِ ۗ (۴۱:۲۲)

"جنہیں ہم اگر زمین میں اقتدار سونپ دیں تو وہ نماز قائم کریں گے زکوٰۃ ادا کریں گے بھلائی کا حکم دیں گے اور برُائی سے روکیں گے۔"

صحیح بات جسے قبول کرنے کے سوا چارۂ کار نہیں یہی ہے کہ یہ اجازت ہجرت کے بعد مدینے میں نازل ہوئی تھی ' مکّے میں نازل نہیں ہوئی تھی۔ البتہ وقتِ نزول کا قطعی تعیّن مشکل ہے۔

جنگ کی اجازت تو نازل ہوگئی لیکن جن حالات میں نازل ہوئی وہ چونکہ محض قریش کی قوت اور تمرّد کا نتیجہ تھے اس لیے حکمت کا تقاضا یہ تھا کہ مسلمان اپنے تسلّط کا دائرہ قریش کی اس تجارتی شاہراہ تک پھیلا دیں جو مکّے سے شام تک آتی جاتی ہے ؛ اسی لیے رسول اللہ ﷺ نے تسلّط کے اس پھیلاؤ کے لیے دو منصوبے اختیار کیے۔

(۱) ایک : جو قبائل اس شاہراہ کے ارد گرد یا اس شاہراہ سے مدینے تک کے درمیانی علاقے میں آباد تھے ان کے ساتھ حلف (دوستی و تعاون) اور جنگ نہ کرنے کا معاہدہ۔

(۲) دوسرا منصوبہ : اس شاہراہ پر گشتی دستے بھیجنا۔

پہلے منصوبے کے ضمن میں یہ واقعہ قابلِ ذکر ہے کہ پچھلے صفحات میں یہود کے ساتھ کیے گئے

جس معاہدے کی تفصیل گذر چکی ہے، آپؐ نے عسکری مہم شروع کرنے سے پہلے اسی طرح کی دوستی و تعاون اور عدم جنگ کا ایک معاہدہ قبیلہ جُہَینہ کے ساتھ بھی کیا۔ ان کی آبادی مدینے سے تین مرحلے پر ــــ ۴۵ یا ۵۰ میل کے فاصلے پر ــــ واقع تھی۔ اس کے علاوہ طلایہ گردی کے دوران بھی آپؐ نے متعدّد معاہدے کئے جن کا ذکر آئندہ آئے گا۔

دوسرا منصوبہ سَرَایا اور غَزَوات سے تعلق رکھتا ہے جس کی تفصیلات اپنی اپنی جگہ آتی رہیں گی۔

سَرایا اور غَزَوات[8]

جنگ کی اجازت نازل ہونے کے بعد ان دونوں منصوبوں کے نفاذ کے لیے مسلمانوں کی عسکری مہمات کا سلسلہ عملاً شروع ہوگیا۔ طلایہ گردی کی شکل میں فوجی دستے گشت کرنے لگے۔ اس کا مقصود وہی تھا جس کی طرف اشارہ کیا جا چکا ہے کہ مدینے کے گرد و پیش کے راستوں پر عموماً اور مکّے کے راستے پر خصوصاً نظر رکھی جائے اور اس کے احوال کا پتا لگایا جاتا رہے اور ساتھ ہی ان راستوں پر واقع قبائل سے معاہدے کئے جائیں اور یثرب کے مشرکین و یہود اور آس پاس کے بدوؤں کو یہ احساس دلایا جائے کہ مسلمان طاقتور ہیں اور اب انہیں اپنی پرانی کمزوری سے نجات مل چکی ہے۔ نیز قریش کو ان کے بیجا طیش اور تہوّر کے خطرناک نتیجے سے ڈرایا جائے تاکہ جس حماقت کی دلدل میں وہ اب تک دھنستے چلے جا رہے ہیں اس سے نکل کر ہوش کے ناخن لیں اور اپنے اقتصاد اور اسبابِ معیشت کو خطرے میں دیکھ کر صُلح کی طرف مائل ہو جائیں اور مسلمانوں کے گھروں میں گھس کر ان کے خاتمے کے جو عزائم رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں جو رکاوٹیں کھڑی کر رہے ہیں اور مکّے کے کمزور مسلمانوں پر جو ظلم و ستم ڈھا رہے ہیں ان سب سے باز آجائیں اور مسلمان جزیرۃ العرب میں اللہ کا پیغام پہنچانے کے لیے آزاد ہو جائیں۔

ان سَرایا اور غزوات کے مختصر احوال ذیل میں درج ہیں۔

(۱) سَرِیَّۂ سِیفُ البحر[9]۔ رمضان ۱ھ مطابق مارچ ۶۲۳ء

---

[8] اہلِ سیَر کی اصطلاح میں غزوہ اس فوجی مہم کو کہتے ہیں جس میں نبی ﷺ بنفسِ نفیس تشریف لے گئے ہوں خواہ جنگ ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو اور سَریّہ وہ فوجی مہم ہے جس میں آپؐ خود تشریف نہ لے گئے ہوں۔ سَرایا اسی سَریّہ کی جمع ہے۔
[9] سِیف البحر، س کو زیر پڑھیں گے۔ بمعنی ساحل سمندر۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ کو اس سَریہ کا امیر بنایا اور تیس مہاجرین کو ان کے زیر کمان شام سے آنے والے ایک قریشی قافلے کا پتا لگانے کے لیے روانہ فرمایا۔ اس قافلے میں تین سو آدمی تھے جن میں ابوجہل بھی تھا۔ مسلمان عِیص[۱۰] کے اطراف میں ساحل سمندر کے پاس پہنچے تو قافلے کا سامنا ہو گیا اور فریقین جنگ کے لیے صف آرا ہو گئے لیکن قبیلہ جُہَینَہ کے سردار مجدی بن عَمرو نے جو فریقین کا حلیف تھا، دوڑ دھوپ کر کے جنگ نہ ہونے دی۔

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا یہ جھنڈا پہلا جھنڈا تھا جسے رسول اللہ ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے باندھا تھا۔ اس کا رنگ سفید تھا اور اس کے علمبردار حضرت ابو مرثد کناز بن حصین غَنَوی رضی اللہ عنہ تھے۔

(۲) سَرِیّۂ رابغ ۔ شوال ۱ھ ۔ اپریل ۶۲۳ء

رسول اللہ ﷺ نے حضرت عُبَیدہ رضی اللہ عنہ بن حارث بن المطلب کو مہاجرین کے ساٹھ سواروں کا رسالہ دے کر روانہ فرمایا۔ رابغ کی وادی میں ابوسفیان سے سامنا ہُوا۔ اس کے ساتھ دو سو آدمی تھے۔ فریقین نے ایک دوسرے پر تیر چلائے لیکن اس سے آگے کوئی جنگ نہ ہوئی۔

اس سَریے میں مکّی لشکر کے دو آدمی مسلمانوں سے آملے۔ ایک حضرت مِقداد بن عَمرو البہرانی اور دوسرے عُتْبَہ بن غزوان المازنی رضی اللہ عنہما۔ یہ دونوں مسلمان تھے اور کفّار کے ساتھ نکلے ہی اس مقصد سے تھے کہ اس طرح مسلمانوں سے جا ملیں گے۔

حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کا عَلَم سفید تھا اور علمبردار حضرت مِسطَح رضی اللہ عنہ بن اثاثہ بن مطلب بن عبد مناف تھے۔

(۳) سَرِیّۂ خَرّار[۱۱] ۔ ذی قعدہ ۱ھ ۔ مئی ۶۲۳ء

رسول اللہ ﷺ نے اس سَریہ کا امیر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو مقرر فرمایا اور انہیں بیس آدمیوں کی کمان دے کر قریش کے ایک قافلے کا پتا لگانے کے لیے روانہ فرمایا اور

---

[۱۰] عِیص ۔ ع کو زیر پڑھیں گے ۔ بحرِ احمر کے اطراف میں یَنْبُع اور رَمْوَہ کے درمیان ایک مقام ہے ۔
[۱۱] خرار، خ پر زبر اور ر پر تشدید، جحفہ کے قریب ایک مقام کا نام ہے ۔

یہ تاکید فرما دی کہ خرّار سے آگے نہ بڑھیں۔ یہ لوگ پیدل روانہ ہوئے۔ رات کو سفر کرتے اور دن میں چھپے رہتے تھے۔ پانچویں روز صبح خرّار پہنچے تو معلوم ہُوا کہ قافلہ ایک دن پہلے جا چکا ہے۔

اس سَریے کا عَلَم سفید تھا اور علمبردار حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ تھے۔

(۴) غزوہ اَبُوَاء یا وَدّان[۱۲] صفر ۲ھ۔ اگست ۶۲۳ء

اس مہم میں ستّر مہاجرین کے ہمراہ رسول اللہ ﷺ بہ نفسِ نفیس تشریف لے گئے تھے اور مدینے میں حضرت سعدؓ بن عبادہ کو اپنا قائم مقام مقرر فرما دیا تھا۔ مہم کا مقصد قریش کے ایک قافلے کی راہ روکنا تھا۔ آپؐ وَدّان تک پہنچے لیکن کوئی معاملہ پیش نہ آیا۔

اسی غزوہ میں آپؐ نے بنو ضمرہ کے سردارِ وقت، عمرو بن مخشی الضمری سے حلیفانہ معاہدہ کیا، معاہدے کی عبارت یہ تھی

"یہ بنو ضمرہ کے لیے محمدؐ رسول اللہ ﷺ کی تحریر ہے۔ یہ لوگ اپنے جان اور مال کے بارے میں مامون رہیں گے اور جو ان پر یورش کرے گا اس کے خلاف ان کی مدد کی جائے گی؛ اِلّا یہ کہ یہ خود اللہ کے دین کے خلاف جنگ کریں۔ (یہ معاہدہ اس وقت تک کے لیے ہے) جب تک سمندر اُن کو تر کرے (یعنی ہمیشہ کے لیے ہے) اور جب نبی ﷺ اپنی مدد کے لیے انہیں آواز دیں گے تو انہیں آنا ہوگا۔"[۱۳]

یہ پہلی فوجی مہم تھی جس میں رسول اللہ ﷺ بذاتِ خود تشریف لے گئے تھے اور پندرہ دن مدینے سے باہر گذار کر واپس آئے۔ اس مہم کے پرچم کا رنگ سفید تھا اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ علمبردار تھے۔

(۵) غزوہ بُواط۔ ربیع الاول ۲ھ۔ ستمبر ۶۲۳ء

اس مہم میں رسول اللہ ﷺ دو سو صحابہ کو ہمراہ لے کر روانہ ہوئے۔ مقصود قریش کا ایک قافلہ تھا جس میں امیہ بن خلف سمیت قریش کے ایک سو آدمی اور ڈھائی ہزار اونٹ تھے۔ آپؐ رضوٰی کے اطراف میں مقام بُواط[۱۴] تک تشریف لے گئے لیکن کوئی معاملہ پیش نہ آیا۔

---

[۱۲] وَدّان، و پر زبر۔ د پر تشدید، مکہ اور مدینہ کے درمیان ایک مقام کا نام ہے۔ یہ رابغ سے مدینہ جاتے ہوئے ۲۹ میل کے فاصلے پر پڑتا ہے۔ اَبْواء وَدّان کے قریب ہی ایک دوسرے مقام کا نام ہے۔

[۱۳] المواہب اللدنیہ ۱/۷۵، مع شرح زرقانی [۱۴] بواط، ب پر پیش۔ اور رضوٰی (باقی اگلے صفحہ پر)

اس غزوہ کے دوران حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو مدینے کا امیر بنایا گیا تھا۔ پرچم سفید تھا اور علمبردار حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ تھے۔

(۶) غزوۂ سفوان۔ ربیع الاول ۲ھ، ستمبر ۶۲۳ء

اس غزوہ کی وجہ یہ تھی کہ کرز بن جابر فہری نے مشرکین کی ایک مختصر سی فوج کے ساتھ مدینے کی چراگاہ پر چھاپہ مارا اور کچھ مویشی لوٹ لیے۔ رسول اللہ ﷺ نے ستّر صحابہ کے ہمراہ اس کا تعاقب کیا اور بدر کے اطراف میں واقع وادی سفوان تک تشریف لے گئے لیکن کرز اور اس کے ساتھیوں کو نہ پا سکے اور کسی ٹکراؤ کے بغیر واپس آ گئے۔ اس غزوہ کو بعض لوگ غزوۂ بدر اولیٰ بھی کہتے ہیں۔

اِس غزوہ کے دوران مدینے کی امارت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو سونپی گئی تھی۔ عَلَم سفید تھا اور علمبردار حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

(۷) غزوۂ ذی العُشَیرہ۔ جمادی الاولیٰ و جمادی الآخرہ ۲ھ نومبر، دسمبر ۶۲۳ء

اس مہم میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ ڈیڑھ یا دو سو مہاجرین تھے لیکن آپ نے کسی کو روانگی پر مجبور نہیں کیا تھا۔ سواری کے لیے صرف تیس اونٹ تھے۔ اس لیے لوگ باری باری سوار ہوتے تھے۔ مقصود قریش کا ایک قافلہ تھا جو ملک شام جا رہا تھا اور معلوم ہوا تھا کہ یہ مکّے سے چل چکا ہے۔ اس قافلے میں قریش کا خاصا مال تھا۔ آپ اس کی طلب میں ذو العُشَیرہ[۱۵] تک پہنچے لیکن آپ کے پہنچنے سے کئی دن پہلے ہی قافلہ جا چکا تھا۔ یہ وہی قافلہ ہے جسے شام سے واپسی پر نبی ﷺ نے گرفتار کرنا چاہا تو یہ قافلہ تو بچ نکلا لیکن جنگِ بدر پیش آ گئی۔

اس مہم پر ابنِ اسحاق کے بقول رسول اللہ ﷺ جمادی الاُولیٰ کے اواخر میں روانہ ہوئے — اور جمادی الآخرۃ میں واپس آئے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ اس غزوے کے مہینے کی تعیین میں اہلِ سیر کا اختلاف ہے۔

اس غزوے میں رسول اللہ ﷺ نے بنو مُدلج اور ان کے حلیف بنو ضَمرہ سے عدمِ جنگ

(بقیہ نوٹ گزشتہ صفحہ) کوہستان جُہَینَہ کے سلسلے کے دو پہاڑ ہیں جو درحقیقت ایک ہی پہاڑ کی دو شاخیں ہیں یہ مکّہ سے شام جانے والی شاہراہ کے متصل ہے اور مدینہ سے ۴۸ میل کے فاصلے پر ہے۔

[۱۵] عشیرہ۔ ع کو پیش اور ش کو زبر۔ عشیرا، اور عسیرہ بھی کہا گیا ہے۔ یَنبُوع کے اطراف میں ایک مقام کا نام ہے۔

کا معاہدہ کیا۔

ایّام سفر میں مدینہ کی سربراہی کا کام حضرت ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی رضی اللہ عنہ نے انجام دیا۔ اس دفعہ بھی پرچم سفید تھا اور علمبرداری حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ فرمارہے تھے۔

(۸) سَرِیَّۂ نخلہ۔ رجب ۲ھ۔ جنوری ۶۲۴ء

اس مہم پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں بارہ مہاجرین کا ایک دستہ روانہ فرمایا۔ ہر دو آدمیوں کے لیے ایک اونٹ تھا جس پر باری باری دونوں سوار ہوتے تھے۔ دستے کے امیر کو رسول اللہ ﷺ نے ایک تحریر لکھ کر دی تھی اور ہدایت فرمائی تھی کہ دو دن سفر کر لینے کے بعد ہی اسے دیکھیں گے۔ چنانچہ دو دن کے بعد حضرت عبداللہ نے تحریر دیکھی تو اس میں یہ درج تھا: "جب تم میری یہ تحریر دیکھو تو آگے بڑھتے جاؤ یہاں تک کہ مکہ اور طائف کے درمیان نخلہ میں اُترو اور وہاں قریش کے ایک قافلے کی گھات میں لگ جاؤ اور ہمارے لیے اس کی خبروں کا پتا لگاؤ۔" انہوں نے سمع و طاعت کہا اور اپنے رُفقاء کو اس کی اطلاع دیتے ہوئے فرمایا کہ مَیں کسی پر جبر نہیں کرتا، جسے شہادت محبوب ہو وہ اُٹھ کھڑا ہو اور جسے موت ناگوار ہو وہ واپس چلا جائے۔ باقی رہا مَیں! تو میں بہرحال آگے جاؤں گا۔ اس پر سارے ہی رُفقاء اُٹھ کھڑے ہوئے اور منزلِ مقصود کے لیے چل پڑے۔ البتہ راستے میں سعد بن ابی وقاص اور عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہما کا اونٹ غائب ہو گیا جس پر یہ دونوں بزرگ باری باری سفر کر رہے تھے۔ اس لیے یہ دونوں پیچھے رہ گئے۔

حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے طویل مسافت طے کر کے نخلہ میں نزول فرمایا۔ وہاں سے قریش کا ایک قافلہ گذرا جو کشمش، چمڑے اور سامانِ تجارت لیے ہوئے تھا۔ قافلے میں عبداللہ بن مغیرہ کے دو بیٹے عثمان اور نوفل اور عمرو بن حضرمی اور حکیم بن کیسان مولی مغیرہ تھے۔ مسلمانوں نے باہم مشورہ کیا کہ آخر کیا کریں۔ آج حرام مہینے رجب کا آخری دن ہے اگر ہم لڑائی کرتے ہیں تو اس حرام مہینے کی بے حرمتی ہوتی ہے اور رات بھر رک جاتے ہیں تو یہ لوگ حدودِ حرم میں داخل ہو جائیں گے۔ اس کے بعد سب کی یہی رائے ہوئی کہ حملہ کر دینا چاہیئے چنانچہ ایک شخص نے عمرو بن حضرمی کو تیر مارا اور اس کا کام تمام کر دیا۔ باقی لوگوں نے عثمان اور حکیم کو گرفتار کر لیا؛ البتہ نوفل بھاگ نکلا۔ اس کے بعد یہ لوگ دونوں قیدیوں اور سامانِ قافلہ کو لیے ہوئے مدینہ پہنچے۔ انہوں نے مالِ

غنیمت سے خُمس بھی نکال لیا تھا[16] اور یہ اسلامی تاریخ کا پہلا خُمس، پہلا مقتول اور پہلے قیدی تھے۔

رسول اللہ ﷺ نے ان کی اس حرکت پر باز پُرس کی اور فرمایا کہ مَیں نے تمہیں حرام مہینے میں جنگ کرنے کا حکم نہیں دیا تھا؛ اور سامان قافلہ اور قیدیوں کے سلسلے میں کسی بھی طرح کے تصرف سے ہاتھ روک لیا۔

ادھر اس حادثے سے مشرکین کو اس پروپیگنڈے کا موقع مل گیا کہ مسلمانوں نے اللہ کے حرام کئے ہوئے مہینے کو حلال کر لیا؛ چنانچہ بڑی چہ میگوئیاں ہوئیں یہاں تک اللہ تعالےٰ نے وحی کے ذریعے اس پروپیگنڈے کی قلعی کھولی اور بتلایا کہ مشرکین جو کچھ کر رہے ہیں وہ مسلمانوں کی حرکت سے بدرجہا زیادہ بڑا جرم ہے۔ ارشاد ہُوا:

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ وَاِخْرَاجُ اَھْلِهٖ مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ (۲: ۲۱۷)

"لوگ تم سے حرام مہینے میں قتال کے متعلق دریافت کرتے ہیں۔ کہدو اس میں جنگ کرنا بڑا گناہ ہے اور اللہ کی راہ سے روکنا اور اللہ کے ساتھ کفر کرنا، مسجد حرام سے روکنا اور اس کے باشندوں کو وہاں سے نکالنا یہ سب اللہ کے نزدیک اور زیادہ بڑا جرم ہے اور فتنہ قتل سے بڑھ کر ہے۔"

اس وحی نے صراحت کر دی کہ لڑنے والے مسلمانوں کی سیرت کے بارے میں مشرکین نے جو شور برپا کر رکھا ہے اس کی کوئی گنجائش نہیں کیونکہ قریش اسلام کے خلاف لڑائی میں اور مسلمانوں پر ظلم وستم رانی میں ساری ہی حرمتیں پامال کر چکے ہیں۔ کیا جب ہجرت کرنے والے مسلمانوں کا مال چھینا گیا اور پیغمبر کو قتل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تو یہ واقعہ شہر حرام (مکّہ) سے باہر کہیں اور کا تھا؟ پھر کیا وجہ ہے کہ اب ان حرمات کا تقدّس اچانک پلٹ آیا اور ان کا چاک کرنا باعثِ ننگ وعار ہو گیا۔ یقیناً مشرکین نے پروپیگنڈے کا جو طوفان برپا کر رکھا ہے وہ کھلی ہوئی بے حیائی اور صریح بے شرمی پر مبنی ہے۔

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے دونوں قیدیوں کو آزاد کر دیا اور مقتول کے

[16] اہل سِیَر کا بیان یہی ہے مگر اس میں پیچیدگی یہ ہے کہ خُمس نکالنے کا حکم جنگِ بدر کے موقعے پر نازل ہُوا تھا اور اس کے سببِ نزول کی جو تفصیلات کتبِ تفاسیر میں بیان کی گئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پہلے تک مسلمان خُمس کے حکم سے ناآشنا تھے۔

اولیاء کو اس کا خون بہا ادا کیا[71]

یہ ہیں جنگِ بدر سے پہلے کے سرایے اور غزوے۔ ان میں سے کسی میں بھی لُوٹ مار اور قتل و غارت گری کی نوبت نہیں آئی جب تک کہ مشرکین نے کرز بن جابر فہری کی قیادت میں ایسا نہیں کیا، اس لیے اس کی ابتدا بھی مشرکین ہی کی جانب سے ہوئی جب کہ اس سے پہلے بھی وہ طرح طرح کی ستم رانیوں کا ارتکاب کر چکے تھے۔

ادھر سَریہ عبدؓ اللہ بن جحش کے واقعات کے بعد مشرکین کا خوف حقیقت بن گیا اور ان کے سامنے ایک واقعی خطرہ مجسّم ہو کر آ گیا۔ انہیں جس پھندے میں پھنسنے کا اندیشہ تھا اس میں اب وہ واقعی پھنس چکے تھے۔ انہیں معلوم ہو گیا کہ مدینے کی قیادت انتہائی بیدار مغز ہے اور ان کی ایک ایک تجارتی نقل و حرکت پر نظر رکھتی ہے۔ مسلمان چاہیں تو تین سو میل کا راستہ طے کر کے ان کے علاقے کے اندر انہیں مار کاٹ سکتے ہیں، قید کر سکتے ہیں، مال لُوٹ سکتے ہیں اور ان سب کے بعد صحیح سالم واپس بھی جا سکتے ہیں۔ مشرکین کی سمجھ میں آ گیا کہ ان کی شامی تجارت اب مستقل خطرے کی زد میں ہے۔ لیکن ان سب کے باوجود وہ اپنی حماقت سے باز آنے اور جُہَینہ اور بنو ضمرہ کی طرح صلح و صفائی کی راہ اختیار کرنے کے بجائے اپنے جذبۂ غیظ و غضب اور جوشِ بغض و عداوت میں کچھ اور آگے بڑھ گئے اور ان کے صنادید و اکابر نے اپنی اس دھمکی کو عملی جامہ پہنانے کا فیصلہ کر لیا کہ مسلمانوں کے گھروں میں گھس کر ان کا صفایا کر دیا جائے گا۔ چنانچہ یہی طیش تھا جو انہیں میدانِ بدر تک لے آیا۔

باقی رہے مسلمان تو اللہ تعالیٰ نے حضرت عبدؓ اللہ بن جحشؓ کے سَریہ کے بعد شعبان ۲ھ میں ان پر جنگ فرض قرار دے دی اور اس سلسلے میں کئی واضح آیات نازل فرمائیں:

ارشاد ہُوا:

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

---

[71] ان سَرایا اور غزَوات کی تفصیل کتب ذیل سے لی گئی ہے۔ زاد المعاد ۲/۸۳-۸۵ ابنِ ہشام ۱/۵۹۱-۶۰۵۔ رحمۃ للعالمین ۱/۱۱۵، ۱۱۶، ۲/۲۱۵، ۲۱۶، ۴۶۸-۴۷۰۔ ان مآخذ میں ان سَرایا اور غزوات کی ترتیب اور ان میں شرکت کرنے والوں کی تعداد کے بارے میں اختلاف ہے۔ ہم نے علامہ ابنِ قیم اور علامہ منصور پوری کی تحقیق پر اعتماد کیا ہے۔

الْمُعْتَدِيْنَ ○ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ○ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ○ (۲: ۱۹۰-۱۹۳)

"اللہ کی راہ میں ان سے جنگ کرو جو تم سے جنگ کرتے ہیں اور حد سے آگے نہ بڑھو۔ یقیناً اللہ حد سے آگے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور انہیں جہاں پاؤ قتل کرو؛ اور جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا ہے وہاں سے تم بھی انہیں نکال دو اور فتنہ قتل سے زیادہ سخت ہے۔ اور ان سے مسجد حرام کے پاس قتال نہ کرو یہاں تک کہ وہ تم سے مسجد حرام میں قتال کریں۔ پس اگر وہ (وہاں) قتال کریں تو تم (وہاں بھی) انہیں قتل کرو۔ کافروں کی جزا ایسی ہی ہے۔ پس اگر وہ باز آ جائیں تو بے شک اللہ غفور رحیم ہے۔ اور ان سے لڑائی کرو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے اور دین اللہ کے لیے ہو جائے۔ پس اگر وہ باز آ جائیں تو کوئی تعدّی نہیں ہے مگر ظالموں ہی پر۔"

اس کے جلد ہی بعد دوسری نوع کی آیات نازل ہوئیں جن میں جنگ کا طریقہ بتایا گیا ہے اور اس کی ترغیب دی گئی ہے اور بعض احکامات بھی بیان کیے گئے ہیں۔ چنانچہ ارشاد ہے:

فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۙ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۛ ذٰلِكَ ۛ وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَلٰكِنْ لِّيَبْلُوَا بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ○ سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ○ وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ○ (۴۷: ۴-۷)

"پس جب تم لوگ کفر کرنے والوں سے ٹکراؤ تو گردنیں مارو، یہاں تک کہ جب انہیں اچھی طرح کچل لو تو جکڑ کر باندھو۔ اس کے بعد یا تو احسان کرو یا فدیہ لو، یہاں تک کہ لڑائی اپنے ہتھیار رکھ دے۔ یہ ہے (تمہارا کام) اور اگر اللہ چاہتا تو خود ہی ان سے انتقام لے لیتا لیکن (وہ چاہتا ہے کہ) تم میں سے بعض کو بعض کے ذریعے آزمائے اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے جائیں اللہ ان کے اعمال کو ہرگز رائیگاں نہ کرے گا۔ اللہ ان کی رہنمائی کرے گا اور ان کا

حال درست کرے گا اور ان کو جنّت میں داخل کرے گا جس سے ان کو واقف کرا چکا ہے۔ اے اہلِ ایمان! اگر تم نے اللہ کی مدد کی تو اللہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم ثابت رکھے گا۔"

اس کے بعد اللہ تعالےٰ نے ان لوگوں کی مذمت فرمائی جن کے دل جنگ کا حکم سن کر کانپنے اور دھڑکنے لگے تھے۔ فرمایا:

فَاِذَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّ ذُكِرَ فِیْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَیْتَ الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ یَّنْظُرُوْنَ اِلَیْكَ نَظَرَ الْمَغْشِیِّ عَلَیْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ (۴۷:۲۰)

"تو جب کوئی محکم سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں قتال کا ذکر ہوتا ہے تو تم دیکھتے ہو کہ جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے وہ تمہاری طرف اس طرح دیکھتے ہیں جیسے وہ شخص دیکھتا ہے جس پر موت کی غشی طاری ہو رہی ہو۔"

حقیقت یہ ہے کہ جنگ کی فرضیت و ترغیب اور اس کی تیاری کا حکم حالات کے تقاضے کے عین مطابق تھا حتیٰ کہ اگر حالات پر گہری نظر رکھنے والا کوئی کمانڈر ہوتا تو وہ بھی اپنی فوج کو ہر طرح کے ہنگامی حالات کا فوری مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنے کا حکم دیتا۔ لہٰذا وہ پروردگارِ برتر کیوں نہ ایسا حکم دیتا جو ہر کھلی اور ڈھکی بات سے واقف ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حالات حق و باطل کے درمیان ایک خونریز اور فیصلہ کن معرکے کا تقاضا کر رہے تھے؛ خصوصاً سریّہ عبد اللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کے بعد جو کہ مشرکین کی غیرت و حمیّت پر ایک سنگین ضرب تھی اور جس نے انہیں کبابِ سیخ بنا رکھا تھا۔

احکامِ جنگ کی آیات کے سیاق و سباق سے اندازہ ہوتا تھا کہ خونریز معرکے کا وقت قریب ہی ہے اور اس میں آخری فتح و نصرت مسلمانوں ہی کو نصیب ہو گی۔ آپ اس بات پر نظر ڈالئے کہ اللہ تعالیٰ نے کس طرح مسلمانوں کو حکم دیا ہے کہ جہاں سے مشرکین نے تمہیں نکالا ہے اب تم بھی وہاں سے انہیں نکال دو۔ پھر کس طرح اس نے قیدیوں کے باندھنے اور مخالفین کو کچل کر سلسلۂ جنگ کو خاتمے تک پہنچانے کی ہدایت دی ہے جو ایک غالب اور فاتح فوج سے تعلق رکھتی ہے۔ یہ اشارہ تھا کہ آخری غلبہ مسلمانوں ہی کو نصیب ہو گا۔ لیکن یہ بات پردوں اور اشاروں میں بتائی گئی تاکہ جو شخص جہاد فی سبیل اللہ کے لیے جتنی گرمجوشی رکھتا ہے اس کا عملی مظاہرہ بھی کر سکے۔

پھر ان ہی دنوں ــ شعبان ۲ھ فروری ۶۲۴ء میں ــ اللہ تعالےٰ نے حکم دیا کہ قبلہ،

بیت المقدس کے بجائے خانہ کعبہ کو بنایا جائے اور نماز میں اسی طرف رخ پھیرا جائے۔ اس کا فائدہ یہ ہُوا کہ کمزور اور منافق یہود جو مسلمانوں کی صف میں محض اضطراب و انتشار پھیلانے کے لیے داخل ہو گئے تھے کھل کر سامنے آ گئے اور مسلمانوں سے علیحدہ ہو کر اپنی اصل حالت پر واپس چلے گئے اور اس طرح مُسلمانوں کی صفیں بہت سے غدّاروں اور خیانت کوشوں سے پاک ہو گئیں۔

تحویلِ قبلہ میں اس طرف بھی ایک لطیف اشارہ تھا کہ اب ایک نیا دَور شروع ہو رہا ہے جو اس قبلے پر مسلمانوں کے قبضے سے پہلے ختم نہ ہو گا؛ کیونکہ یہ بڑی عجیب بات ہو گی کہ کسی قوم کا قبلہ اس کے دشمنوں کے قبضے میں ہو اور اگر ہے تو پھر ضروری ہے کہ کسی نہ کسی دن اُسے آزاد کرایا جائے۔

ان احکام اور اشاروں کے بعد مسلمانوں کی نشاط میں مزید اضافہ ہو گیا اور ان کے جہاد فی سبیل اللہ کے جذبات اور دشمن سے فیصلہ کن ٹکر لینے کی آرزو کچھ اور بڑھ گئی۔

○

غزوۂ بدرِ کبریٰ

اِسلام کا پہلا فیصلہ کن معرکہ

غزوے کا سبب

غزوۂ عُشیرہ کے ذکر میں ہم بتا چکے ہیں کہ قریش کا ایک قافلہ مکّے سے شام جاتے ہوئے نبی ﷺ کی گرفت سے بچ نکلا تھا۔ یہی قافلہ جب شام سے پلٹ کر مکّہ واپس آنے والا تھا تو نبی ﷺ نے طلحہ بن عبیدؓ اللہ اور سعید بنؓ زید کو اس کے حالات کا پتا لگانے کے لیے شمال کی جانب روانہ فرمایا۔ یہ دونوں صحابی مقامِ حَوراء تک تشریف لے گئے اور وہیں ٹھہرے رہے۔ جب ابوسفیان قافلہ لے کر وہاں سے گذرا تو یہ نہایت تیزرفتاری سے مدینہ پلٹے اور رسول اللہ ﷺ کو اس کی اطلاع دی۔

اس قافلے میں اہلِ مکّہ کی بڑی دولت تھی، یعنی ایک ہزار اونٹ تھے جن پر کم ازکم پچاس ہزار دینار (دوسو ساڑھے باسٹھ کیلو سونے) کی مالیت کا سازوسامان بار کیا ہُوا تھا درآں حالیکہ اس کی حفاظت کے لیے صرف چالیس آدمی تھے۔

اہلِ مدینہ کے لیے یہ بڑا زرّین موقع تھا جبکہ اہلِ مکّہ کے لیے اس مالِ فراواں سے محرومی بڑی زبردست فوجی، سیاسی اور اقتصادی مار کی حیثیت رکھتی تھی اس لیے رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کے اندر اعلان فرمایا کہ یہ قریش کا قافلہ مال و دولت لیے چلا آرہا ہے اس کیلئے نکل پڑو ہوسکتا ہے اللہ تعالےٰ اسے بطورِ غنیمت تمہارے حوالے کر دے۔

لیکن آپؐ نے کسی پر روانگی ضروری نہیں قرار دی بلکہ اسے محض لوگوں کی رغبت پر چھوڑ دیا کیونکہ اس اعلان کے وقت یہ توقع نہیں تھی کہ قافلے کے بجائے لشکرِ قریش کے ساتھ میدانِ بدر میں ایک نہایت پُر زور ٹکر ہوجائے گی اور یہی وجہ ہے کہ بہت سے صحابہؓ کرام مدینے ہی میں رہ گئے۔ ان کا خیال تھا کہ رسُول اللہ ﷺ کا یہ سفر آپؐ کی گذشتہ عام فوجی مہمات سے مختلف نہ ہوگا اور اسی لیے اس غزوے میں شریک نہ ہونے والوں سے کوئی باز پرس نہیں کی گئی۔

اسلامی لشکر کی تعداد اور کمان کی تقسیم

رسول اللہ ﷺ روانگی کے لیے تیار ہوئے تو آپ کے ہمراہ کچھ

اُوپر تین سو افراد تھے۔ (یعنی ۳۱۳ یا ۳۱۴ یا ۳۱۷) جن میں سے ۸۲ یا ۸۳ یا ۸۶ مہاجر تھے اور بقیہ انصار۔ پھر انصار میں سے ۶۱ قبیلہ اَوس سے تھے اور ۱۷۰ قبیلہ خزرج سے۔ اس لشکر نے غزوے کا نہ کوئی خاص اہتمام کیا تھا نہ مکمّل تیاری۔ چنانچہ پورے لشکر میں صرف دو گھوڑے تھے (ایک حضرت زُبیرؓ بن عوام کا اور دوسرا حضرت مقدادؓ بن اسود کندی کا) اور ستّر اونٹ، جن میں سے ہر اونٹ پر دو یا تین آدمی باری باری سوار ہوتے تھے۔ ایک اونٹ رسول اللہ ﷺ، حضرت علیؓ اور حضرت مرثدؓ بن ابی مرثدؓ غنوی کے حصّے میں آیا تھا جن پر تینوں حضرات باری باری سوار ہوتے تھے۔

مدینہ کا انتظام اور نماز کی امامت پہلے پہل حضرت ابنِ اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ کو سونپی گئی؛ لیکن جب نبی ﷺ مقامِ رَوحاء تک پہنچے تو آپؐ نے حضرت ابو لبابہ بن عبد المنذر رضی اللہ عنہ کو مدینہ کا منتظم بنا کر واپس بھیج دیا۔ لشکر کی تنظیم اس طرح کی گئی کہ ایک جیش مہاجرین کا بنایا گیا اور ایک انصار کا۔ مہاجرین کا عَلَم حضرت علیؓ بن ابی طالب کو دیا گیا اور انصار کا عَلَم حضرت سعدؓ بن معاذ کو اور جنرل کمان کا پرچم جس کا رنگ سفید تھا حضرت مصعب بن عُمیرؓ عبدری رضی اللہ عنہ کو دیا گیا۔ مَیمَنہ کے افسر حضرت زُبیرؓ بن عوام رضی اللہ عنہ مقرر کیے گئے اور مَیسَرہ کے افسر حضرت مقداد بن اَسوَد رضی اللہ عنہ ــــ اور جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں، پورے لشکر میں صرف یہی دونوں بزرگ شہسوار تھے ــ ساقہ کی کمان حضرت قیسؓ بن ابی صَعصَعہ کے حوالے کی گئی اور سپہ سالارِ اعلیٰ کی حیثیت سے جنرل کمان رسول اللہ ﷺ نے خود سنبھالی۔

بدر کی جانب اسلامی لشکر کی روانگی

رسول اللہ ﷺ اس نامکمل لشکر کو لے کر روانہ ہوئے تو مدینے کے دہانے سے نکل کر مکّہ جانے والی شاہراہِ عام پر چلتے ہوئے بئرِ رَوحاء تک تشریف لے گئے۔ پھر وہاں سے آگے بڑھے تو مکّے کا راستہ بائیں جانب چھوڑ دیا اور داہنے جانب کترا کر چلتے ہوئے نازیہ پہنچے (منزلِ مقصود بدر تھی) پھر نازیہ کے ایک گوشے سے گذر کر وادی رحقان پار کی۔ یہ نازیہ اور درۂ صفراء کے درمیان ایک وادی ہے۔ اس وادی کے بعد درۂ صفراء سے گذرے۔ پھر درّہ سے اُتر کر وادی صفراء کے قریب جا پہنچے اور وہاں سے قبیلہ جُہَینہ کے دو آدمیوں یعنی بسبس بن عمر اور عدی بن ابی الزغباء کو قافلے کے حالات کا پتا لگانے کے لیے بدر روانہ فرمایا

مکّے میں خطرے کا اعلان

دوسری طرف قافلے کی صورتِ حال یہ تھی کہ ابوسفیان جو اس کا نگہبان تھا، حد درجہ محتاط تھا۔ اسے معلوم تھا کہ مکّے کا راستہ خطروں سے پُر ہے، اس لیے وہ حالات کا مسلسل پتا لگاتا رہتا تھا اور جن قافلوں سے ملاقات ہوتی تھی ان سے کیفیت دریافت کرتا رہتا تھا؛ چنانچہ اسے جلد ہی معلوم ہو گیا کہ محمّد ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو قافلے پر حملے کی دعوت دے دی ہے؛ لہٰذا اس نے فوراً ضَمْضَم بن عَمْرو غِفاری کو اجرت دے کر مکّے بھیجا کہ وہاں جا کر قافلے کی حفاظت کے لیے قریش میں نفیرِ عام کی صدا لگائے۔ ضَمْضَم نہایت تیز رفتاری سے مکّہ آیا اور عرب دستور کے مطابق اپنے اونٹ کی ناک چیری، کجاوہ الٹا، کُرتا پھاڑا اور وادیٔ مکّہ میں اسی اونٹ پر کھڑے ہو کر آواز لگائی: "اے جماعتِ قریش! قافلہ۔۔۔۔ قافلہ۔۔۔۔۔ تمہارا مال جو ابوسفیان کے ہمراہ ہے اس پر محمدؐ اور اس کے ساتھی دھاوا بولنے جا رہے ہیں۔ مجھے یقین نہیں کہ تم اُسے پا سکو گے۔ مدد۔۔۔۔۔ مدد۔۔۔۔۔"

جنگ کے لیے اہلِ مکّہ کی تیاری

یہ آواز سن کر لوگ ہر طرف سے دوڑ پڑے۔ کہنے لگے محمد ﷺ اور اس کے ساتھی سمجھتے ہیں کہ یہ قافلہ بھی ابنِ حضرمی کے قافلے جیسا ہے؟ جی نہیں! ہرگز نہیں۔ خدا کی قسم! انہیں پتا چل جائے گا کہ ہمارا معاملہ کچھ اور ہے۔ چنانچہ سارے مکّے میں دو ہی طرح کے لوگ تھے یا تو آدمی خود جنگ کے لیے نکل رہا تھا یا اپنی جگہ کسی اور کو بھیج رہا تھا اور اس طرح گویا سبھی نکل پڑے۔ خصوصاً معززینِ مکّہ میں سے کوئی بھی پیچھے نہ رہا۔ صرف ابولہب نے اپنی جگہ اپنے ایک قرضدار کو بھیجا۔ گرد و پیش کے قبائلِ عرب کو بھی قریش نے بھرتی کیا اور خود قریشی قبائل میں سے سوائے بنوعدی کے کوئی بھی پیچھے نہ رہا؛ البتہ بَنُو عَدِی کے کسی بھی آدمی نے اس جنگ میں شرکت نہ کی۔

مکّی لشکر کی تعداد

ابتداء میں مکّی لشکر کی تعداد تیرہ سو تھی جن کے پاس ایک سو گھوڑے اور چھ سو زرہیں تھیں۔ اونٹ کثرت سے تھے جن کی ٹھیک ٹھیک تعداد معلوم نہ ہو سکی۔ لشکر کا سپہ سالار ابوجہل بن ہشام تھا۔ قریش کے نو معزز آدمی اس کی رسد کے ذِمّے دار تھے۔ ایک دن نو اور ایک دن دس اونٹ ذبح کیے جاتے تھے۔

قبائل بنو بکر کا مسئلہ

جب مکّی لشکر روانگی کے لیے تیار ہو گیا تو قریش کو یاد آیا کہ قبائل بنو بکر سے ان کی دشمنی اور جنگ چل رہی ہے اس لیے انہیں خطرہ محسوس ہُوا کہ کہیں یہ قبائل پیچھے سے حملہ نہ کر دیں اور اس طرح وہ دُشمنوں کے بیچ میں نہ گھر جائیں۔ قریب تھا کہ یہ خیال قریش کو ان کے ارادۂ جنگ سے روک دے، لیکن عین اسی وقت ابلیس لعین بنو کنانہ کے سردار سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی کی شکل میں نمودار ہُوا اور بولا: "مَیں بھی تمہارا رفیق کار ہوں اور اس بات کی ضمانت دیتا ہوں کہ بنو کنانہ تمہارے پیچھے کوئی ناگوار کام نہ کریں گے۔"

جیشِ مکّہ کی روانگی

اس ضمانت کے بعد اہلِ مکّہ اپنے گھروں سے نکل پڑے اور جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: "اِتراتے ہوئے، لوگوں کو اپنی شان دکھاتے ہوئے، اور اللہ کی راہ سے روکتے ہوئے" مدینہ کی جانب روانہ ہوئے۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: "اپنی دھار اور ہتھیار لے کر، اللہ سے خار کھاتے ہوئے اور اس کے رسولؐ سے خار کھاتے ہوئے، جوشِ انتقام سے چور اور جذبۂ حمیّت و غضب سے مخمور۔ اس پر کھلچائے ہوئے کہ رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ نے اہلِ مکّہ کے قافلوں پر آنکھ اٹھانے کی جرأت کیسے کی؟" بہرحال یہ لوگ نہایت تیز رفتاری سے شمال کے رُخ پر بدر کی جانب چلے جا رہے تھے کہ وادی عُسفان اور قُدَیْد سے گذر کر جحفہ پہنچے تو ابو سفیان کا ایک نیا پیغام موصول ہُوا جس میں کہا گیا تھا کہ آپ لوگ اپنے قافلے، اپنے آدمیوں اور اپنے اموال کی حفاظت کی غرض سے نکلے ہیں اور چونکہ اللہ نے ان سب کو بچا لیا ہے لہٰذا اب واپس چلے جائیے۔

قافلہ بچ نکلا

ابو سفیان کے بچ نکلنے کی تفصیل یہ ہے کہ وہ شام سے کاروانی شاہراہ پر چلا تو آ رہا تھا لیکن مسلسل چوکنا اور بیدار تھا۔ اس نے اپنی فراہمیٔ اطلاعات کی کوششیں بھی دوچند کر رکھی تھیں۔ جب وہ بدر کے قریب پہنچا تو خود قافلے سے آگے جا کر مجدی بن عمرو سے ملاقات کی اور اس سے لشکرِ مدینہ کی بابت دریافت کیا۔ مجدی نے کہا "مَیں نے کوئی خلافِ معمول آدمی تو نہیں دیکھا البتہ دو سوار دیکھے جنہوں نے ٹیلے کے پاس اپنے جانور بٹھائے۔ پھر اپنے مشکیزے میں پانی بھر کر چلے گئے۔" ابو سفیان لپک کر وہاں پہنچا اور

اِن کے اونٹ کی مینگنیاں اُٹھا کر توڑیں تو اس میں کھجور کی گٹھلی برآمد ہوئی۔ ابوسفیان نے کہا: خدا کی قسم! یہ یثرب کا چارہ ہے۔ اس کے بعد وہ تیزی سے قافلے کی طرف پلٹا اور اُسے مغرب کی طرف موڑ کر اس کا رُخ ساحل کی طرف کر دیا اور بدر سے گذرنے والی کاروانی شاہراہ کو بائیں ہاتھ چھوڑ دیا۔ اس طرح قافلے کو مدنی لشکر کے قبضے میں جانے سے بچا لیا اور فوراً ہی مکی لشکر کو اپنے بچ نکلنے کی اطلاع دیتے ہوئے اُسے واپس جانے کا پیغام دیا جو اسے جحفہ میں موصول ہوا۔

مکّی لشکر کا ارادۂ واپسی اور باہمی پھوٹ

یہ پیغام سن کر مکّی لشکر نے چاہا کہ واپس چلا جائے لیکن قریش کا طاغوتِ اکبر ابوجہل کھڑا ہو گیا اور نہایت کبر و غرور سے بولا: "خدا کی قسم ہم واپس نہ ہوں گے یہاں تک کہ بدر جا کر وہاں تین روز قیام کریں گے اور اس دوران اونٹ ذبح کریں گے۔ لوگوں کو کھانا کھلائیں گے اور شراب پلائیں گے۔ لونڈیاں ہمارے لیے گانے گائیں گی اور سارا عرب ہمارا اور ہمارے سفر و اجتماع کا حال سُنے گا اور اس طرح ہمیشہ کے لیے ان پر ہماری دھاک بیٹھ جائے گی۔"

لیکن ابوجہل کے علی الرغم اخنس بن شُرَیق نے یہی مشورہ دیا کہ واپس چلے چلو مگر لوگوں نے اس کی بات نہ مانی اس لیے وہ بنو زہرہ کے لوگوں کو ساتھ لے کر واپس ہو گیا کیونکہ وہ بنو زہرہ کا حلیف اور اس لشکر میں ان کا سردار تھا۔ بنو زہرہ کی کل تعداد کوئی تین سو تھی۔ ان کا کوئی بھی آدمی جنگ بدر میں حاضر نہ ہوا۔ بعد میں بنو زہرہ اخنس بن شُرَیق کی رائے پر حد درجہ شاداں و فرحاں تھے اور ان کے اندر اس کی تعظیم و اطاعت ہمیشہ برقرار رہی۔

بنو زہرہ کے علاوہ بنو ہاشم نے بھی چاہا کہ واپس چلے جائیں لیکن ابوجہل نے بڑی سختی کی اور کہا کہ جب تک ہم واپس نہ ہوں یہ گروہ ہم سے الگ نہ ہونے پائے۔

غرض لشکر نے اپنا سفر جاری رکھا۔ بنو زہرہ کی واپسی کے بعد اب اس کی تعداد ایک ہزار رہ گئی تھی اور اس کا رخ بدر کی جانب تھا۔ بدر کے قریب پہنچ کر اس نے ایک ٹیلے کے پیچھے پڑاؤ ڈالا۔ یہ ٹیلہ وادی بدر کے حدود پر جنوبی دہانے کے پاس واقع ہے۔

اسلامی لشکر کے لیے حالات کی نزاکت

ادھر مدینے کے ذرائع اطلاعات نے رسول اللہ ﷺ کو جبکہ

ابھی آپؐ راستے ہی میں تھے اور وادی ذفران سے گذر رہے تھے قافلے اور لشکر دونوں کے متعلق اطلاعات فراہم کیں۔ آپؐ نے ان اطلاعات کا گہرائی سے جائزہ لینے کے بعد یقین کر لیا کہ اب ایک خونریز ٹکراؤ کا وقت آگیا ہے اور ایک ایسا اقدام ناگزیر ہے جو شجاعت و بسالت اور جرأت و جسارت پر مبنی ہو۔ کیونکہ یہ بات قطعی تھی کہ اگر مکّی لشکر کو اس علاقے میں یوں ہی دندناتا ہوا پھرنے دیا جاتا تو اس سے قریش کی فوجی ساکھ کو بڑی قوت پہنچ جاتی اور ان کی سیاسی بالادستی کا دائرہ دُور تک پھیل جاتا۔ مسلمانوں کی آواز دب کر کمزور ہو جاتی اور اس کے بعد اسلامی دعوت کو ایک بے رُوح ڈھانچہ سمجھ کر اس علاقے کا ہر کس و ناکس، جو اپنے سینے میں اسلام کے خلاف کینہ و عداوت رکھتا تھا شر پر آمادہ ہو جاتا۔

پھر ان سب باتوں کے علاوہ آخر اس کی کیا ضمانت تھی کہ مکّی لشکر مدینے کی جانب پیشقدمی نہیں کرے گا اور اس معرکہ کو مدینہ کی چہار دیواری تک منتقل کر کے مسلمانوں کو ان کے گھروں میں گھس کر تباہ کرنے کی جرأت اور کوشش نہیں کرے گا؟ جی ہاں! اگر مدنی لشکر کی جانب سے ذرا بھی گریز کیا جاتا تو یہ سب کچھ ممکن تھا۔ اور اگر ایسا نہ بھی ہوتا تو مسلمانوں کی ہیبت و شہرت پر تو بہرحال اس کا نہایت بُرا اثر پڑتا۔

مجلسِ شوریٰ کا اجتماع

حالات کی اس اچانک اور پُرخطر تبدیلی کے پیشِ نظر رسول اللہ ﷺ نے ایک اعلیٰ فوجی مجلسِ شوریٰ منعقد کی جس میں درپیش صورتِ حال کا تذکرہ فرمایا اور کمانڈروں اور عام فوجیوں سے تبادلۂ خیالات کیا۔ اس موقع پر ایک گروہ خونریز ٹکراؤ کا نام سن کر کانپ اٹھا اور اس کا دل لرزنے اور دھڑکنے لگا۔ اسی گروہ کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے!

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۝ يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ۝ (۸:۵/۶)

"جیسا کہ تجھے تیرے رب نے تیرے گھر سے حق کے ساتھ نکالا اور مومنین کا ایک گروہ ناگوار سمجھ رہا تھا۔ وہ تجھ سے حق کے بارے میں اس کے واضح ہو چکنے کے بعد جھگڑ رہے تھے گویا وہ آنکھوں دیکھتے موت کی طرف ہانکے جا رہے ہیں۔"

لیکن جہاں تک قائدِ لشکر کا تعلق ہے تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اُٹھے اور نہایت

اچھی بات کہی۔ پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اٹھے اور انہوں نے بھی نہایت عمدہ بات کہی۔ پھر حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ اٹھے اور عرض پرداز ہوئے: "اے اللہ کے رسولؐ! اللہ نے آپؐ کو جو راہ دکھلائی ہے اس پر رواں دواں رہیئے ہم آپؐ کے ساتھ ہیں۔ خدا کی قسم ہم آپؐ سے وہ بات نہیں کہیں گے جو بنو اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام سے کہی تھی کہ،

..فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ○ (۵: ۲۴)

"تم اور تمہارا رب جاؤ اور لڑو، ہم یہیں بیٹھے ہیں۔"

بلکہ ہم یہ کہیں گے کہ آپؐ اور آپؐ کے پروردگار چلیں اور لڑیں اور ہم بھی آپؐ کے ساتھ ساتھ لڑیں گے۔ اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اگر آپؐ ہم کو بَرْکِ غِمَادْ تک لے چلیں تو ہم راستے والوں سے لڑتے بھڑتے آپؐ کے ساتھ وہاں بھی چلیں گے۔"

رسول اللہ ﷺ نے ان کے حق میں کلمۂ خیر ارشاد فرمایا اور دُعا دی۔

یہ تینوں کمانڈر مہاجرین سے تھے جن کی تعداد لشکر میں کم تھی۔ رسول اللہ ﷺ کی خواہش تھی کہ انصار کی رائے معلوم کریں کیونکہ وہی لشکر میں اکثریت رکھتے تھے اور معرکے کا اصل بوجھ انہی کے شانوں پر پڑنے والا تھا۔ درآں حالیکہ بیعتِ عقبہ کی رُو سے ان پر لازم نہ تھا کہ مدینے سے باہر نکل کر جنگ کریں اس لیے آپ نے مذکورہ تینوں حضرات کی باتیں سُننے کے بعد پھر فرمایا: "لوگو! مجھے مشورہ دو۔" مقصود انصار تھے اور یہ بات انصار کے کمانڈر اور علمبردار حضرت سعدؓ بن معاذ نے بھانپ لی، چنانچہ انہوں نے عرض کیا کہ بخدا! ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اے اللہ کے رسولؐ! آپ کا رُوئے سخن ہماری طرف ہے۔ آپؐ نے فرمایا، ہاں! انہوں نے کہا: "ہم تو آپؐ پر ایمان لائے ہیں، آپؐ کی تصدیق کی ہے اور یہ گواہی دی ہے کہ آپؐ جو کچھ لے کر آئے ہیں سب حق ہے اور اس پر ہم نے آپؐ کو اپنی سمع وطاعت کا عہد و میثاق دیا ہے، لہٰذا اے اللہ کے رسولؐ! آپؐ کا جو ارادہ ہے اس کے لیے پیش قدمی فرمایئے۔ اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اگر آپؐ ہمیں ساتھ لے کر اس سمندر میں کُودنا چاہیں تو ہم ہمیں بھی آپؐ کے ساتھ کُود پڑیں گے۔ ہمارا ایک آدمی بھی پیچھے نہ رہے گا۔ ہمیں قطعاً کوئی ہچکچاہٹ نہیں کہ کل آپؐ ہمارے ساتھ دشمن سے ٹکرا جائیں۔

ہم جنگ میں پامرد اور لڑنے میں جوانمرد ہیں اور ممکن ہے اللہ آپؐ کو ہمارا وہ جوہر دکھلائے جس سے آپؐ کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں پس آپؐ ہمیں ہمراہ لے کر چلیں۔ اللہ برکت دے"۔

ایک روایت میں یوں ہے کہ حضرت سعدؓ بن معاذ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا؛ کہ غالباً آپؐ کو اندیشہ ہے کہ انصار اپنا یہ فرض سمجھتے ہیں کہ وہ آپؐ کی مدد محض اپنے دیار میں کریں اس لیے میں انصار کی طرف سے بول رہا ہوں اور ان کی طرف سے جواب دے رہا ہوں عرض ہے کہ آپؐ جہاں چاہیں تشریف لے چلیں، جس سے چاہیں تعلق استوار کریں اور جس سے چاہیں تعلق کاٹ لیں۔ ہمارے مال میں سے جو چاہیں لے لیں اور جو چاہیں دے دیں۔ اور جو آپؐ لے لیں گے وہ ہمارے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ ہوگا جسے آپؐ چھوڑ دیں گے۔ اور اس معاملے میں آپؐ کا جو بھی فیصلہ ہوگا ہمارا فیصلہ بہر حال اس کے تابع ہوگا۔ خدا کی قسم اگر آپؐ پیش قدمی کرتے ہوئے بَرکِ غماد تک جائیں تو ہم بھی آپ کے ساتھ ساتھ چلیں گے اور اگر آپؐ ہمیں لے کر اس سمندر میں کُودنا چاہیں تو ہم اس میں بھی کُود جائیں گے۔

حضرت سعدؓ کی یہ بات سُن کر رسول اللہ ﷺ پر خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ آپ پر نشاط طاری ہوگئی۔ آپؐ نے فرمایا؛ "چلو اور خوشی خوشی چلو۔ اللہ نے مجھ سے دو گروہوں میں سے ایک کا وعدہ فرمایا ہے۔ واللہ اس وقت گویا مَیں قوم کی قتل گاہیں دیکھ رہا ہوں"۔

اسلامی لشکر کا بقیہ سفر

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ ذفران سے آگے بڑھے اور چند پہاڑی موڑ سے گذر کر جنہیں اصافر کہا جاتا ہے دیت نامی ایک آبادی میں اُترے اور حنان نامی پہاڑ نما تودے کو دائیں ہاتھ چھوڑ دیا اور اس کے بعد بدر کے قریب نزول فرمایا۔

جاسوسی کا اقدام

یہاں پہنچ کر رسول اللہ ﷺ نے اپنے رفیقِ غار حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ہمراہ لیا اور خود فراہمیٔ اطلاعات کے لیے نکل پڑے۔ ابھی دُور ہی سے مکی لشکر کے کیمپ کا جائزہ لے رہے تھے کہ ایک بوڑھا عرب مل گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے قریش اور محمدؐ و اصحابِ محمدؐ کا حال دریافت کیا ـــــ دونوں لشکروں کے متعلق پوچھنے کا مقصد یہ تھا کہ آپؐ کی شخصیت پر پردہ پڑا رہے ـــــ لیکن بُڈھے نے کہا: "جب تک تم لوگ یہ نہیں بتاؤ گے کہ تمہارا تعلق کس قوم سے ہے مَیں بھی کچھ نہیں بتاؤں گا"۔ رسول اللہ

ﷺ نے فرمایا! جب تم ہمیں بتا دو گے تو ہم بھی تمہیں بتا دیں گے۔ اس نے کہا: اچھا تو یہ اس کے بدلے ہے؟ آپ نے فرمایا، ہاں! اس نے کہا مجھے معلوم ہوا ہے کہ محمدؐ اور ان کے ساتھی فلاں روز نکلے ہیں۔ اگر مجھے بتانے والے نے صحیح بتایا ہے تو آج وہ لوگ فلاں جگہ ہوں گے۔ اور ٹھیک اس جگہ کی نشاندہی کی جہاں اس وقت مدینے کا لشکر تھا ــــــ اور مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے قریش فلاں دن نکلے ہیں۔ اگر مجھے خبر دینے والے نے صحیح خبر دی ہے تو وہ آج فلاں جگہ ہوں گے ــــــ اور ٹھیک اس جگہ کا نام لیا جہاں اس وقت مکّے کا لشکر تھا۔

جب بڑھا اپنی بات کہہ چکا تو بولا: اچھا اب یہ بتاؤ کہ تم دونوں کس سے ہو؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم لوگ پانی سے ہیں اور یہ کہہ کر واپس چل پڑے۔ بڈھا بکتا رہا: "پانی سے ہیں" کیا؟ کیا عراق کے پانی سے ہیں؟

لشکرِ مکّہ کے بارے میں اہم معلومات کا حصول

اسی روز شام کو آپ نے دشمن کے حالات کا پتا لگانے کے لیے نئے سرے سے ایک جاسوسی دستہ روانہ فرمایا۔ اس کارروائی کے لیے مہاجرین کے تین قائد علی بن ابی طالب، زُبَیرؓ بن عوام اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم صحابہ کرام کی ایک جماعت کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ یہ لوگ سیدھے بدر کے چشمے پر پہنچے۔ وہاں دو غلام مکی لشکر کے لیے پانی بھر رہے تھے۔ انہیں گرفتار کر لیا اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر کیا۔ اس وقت آپ نماز پڑھ رہے تھے۔ صحابہ نے ان دونوں سے حالات دریافت کیے۔ انہوں نے کہا، ہم قریش کے سَقّے ہیں، انہوں نے ہمیں پانی بھرنے کے لیے بھیجا ہے قوم کو یہ جواب پسند نہ آیا۔ انہیں توقع تھی کہ یہ دونوں ابوسفیان کے آدمی ہوں گے ــــــ کیونکہ ان کے دلوں میں اب بھی بچی کھچی آرزو رہ گئی تھی کہ قافلے پر غلبہ حاصل ہو ــــــ چنانچہ صحابہؓ نے ان دونوں کی ذرا سخت پٹائی کر دی۔ اور انہوں نے مجبور ہو کر کہہ دیا کہ ہاں ہم ابوسفیان کے آدمی ہیں۔ اس کے بعد مارنے والوں نے ہاتھ روک لیا۔

رسول اللہ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو ناراضی سے فرمایا، جب ان دونوں نے صحیح بات بتائی تو آپ لوگوں نے پٹائی کر دی اور جب جھوٹ کہا تو چھوڑ دیا۔ خدا کی قسم ان دونوں نے صحیح کہا تھا کہ یہ قریش کے آدمی ہیں۔

اس کے بعد آپ نے ان دونوں غلاموں سے فرمایا: اچھا! اب مجھے قریش کے متعلق بتاؤ۔ انہوں نے کہا: یہ ٹیلہ جو وادی کے آخری دہانے پر دکھائی دے رہا ہے قریش اسی کے پیچھے ہیں۔ آپؐ نے دریافت فرمایا، لوگ کتنے ہیں؟ انہوں نے کہا: بہت ہیں۔ آپ نے پوچھا: تعداد کتنی ہے؟ انہوں نے کہا: ہمیں معلوم نہیں۔ آپؐ نے فرمایا، روزانہ کتنے اُونٹ ذبح کرتے ہیں؟ انہوں نے کہا: ایک دن نو اور ایک دن دس۔ آپؐ نے فرمایا: تب تو لوگوں کی تعداد نو سو اور ایک ہزار کے درمیان ہے۔ پھر آپؐ نے پوچھا، ان کے اندر معزّزترین قریش میں سے کون کون ہیں؟ انہوں نے کہا، ربیعہ کے دونوں صاحبزادے عُتْبَہ اور شَیْبَہ اور ابوالبختری بن ہشام حکیم بن حزام، نَوْفَل بن خُوَیْلِد، حارث بن عامر، طُعَیْمَہ بن عَدِی، نضر بن حارث، زَمْعَہ بن اسود، ابوجہل بن ہشام، اُمَیّہ بن خلف اور مزید کچھ لوگوں کے نام گنوائے۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: "مکّہ نے اپنے جگر کے ٹکڑوں کو تمہارے پاس لا کر ڈال دیا ہے"۔

بارانِ رحمت کا نزول

اللہ عزّوجل نے اسی رات ایک بارش نازل فرمائی جو مشرکین پر موسلا دھار برسی اور ان کی پیش قدمی میں رکاوٹ بن گئی لیکن مسلمانوں پر پھوار بن کر برسی اور انہیں پاک کر دیا، شیطان کی گندگی (بزدلی) دُور کر دی۔ اور زمین کو ہموار کر دیا۔ اس کی وجہ سے ریت میں سختی آگئی اور قدم ٹکنے کے لائق ہو گئے قیام خوشگوار ہو گیا اور دل مضبوط ہو گئے

اہم فوجی مراکز کی طرف اسلامی لشکر کی سبقت

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اپنے لشکر کو حرکت دی تاکہ مشرکین سے پہلے بدر کے چشمے پر پہنچ جائیں اور اس پر مشرکین کو مُسلّط نہ ہونے دیں۔ چنانچہ عشاء کے وقت آپؐ نے بدر کے قریب ترین چشمے پر نزول فرمایا۔ اس موقعے پر حضرت حبابؓ بن منذر نے ایک ماہر فوجی کی حیثیت سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! کیا اس مقام پر آپ اللہ کے حکم سے نازل ہوئے ہیں کہ ہمارے لیے اس سے آگے پیچھے ہٹنے کی گنجائش نہیں یا آپؐ نے اسے محض ایک جنگی حکمتِ عملی کے طور پر اختیار فرمایا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: یہ محض جنگی حکمتِ عملی کے طور پر ہے۔ انہوں نے کہا: "یہ مناسب جگہ نہیں ہے۔ آپؐ آگے تشریف لے چلیں اور قریش کے سب سے قریب جو چشمہ ہو اس پر پڑاؤ ڈالیں۔ پھر ہم بقیہ چشمے پاٹ دیں گے اور اپنے چشمے پر حوض بنا کر پانی بھر لیں گے، اس کے بعد ہم قریش سے جنگ کریں گے تو ہم پانی پیتے رہیں گے اور

انہیں پانی نہ ملے گا۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم نے بہت ٹھیک مشورہ دیا۔ اس کے بعد آپ لشکر سمیت اُٹھے اور کوئی آدھی رات گئے دُشمن کے سب سے قریب ترین چشمہ پر پہنچ کر پڑاؤ ڈال دیا۔" پھر صحابہ کرامؓ نے حوض بنایا اور باقی تمام چشموں کو بند کر دیا۔

مرکزِ قیادت

صحابہ کرامؓ چشمے پر پڑاؤ ڈال چکے تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے یہ تجویز پیش کی کہ کیوں نہ مسلمان آپ کے لیے ایک مرکزِ قیادت تعمیر کر دیں تاکہ خدانخواستہ فتح کے بجائے شکست سے دوچار ہونا پڑ جائے یا کسی اور ہنگامی حالت سے سابقہ پیش آجائے تو اس کے لیے ہم پہلے ہی سے مستعد رہیں؛ چنانچہ انہوں نے عرض کیا:

"اے اللہ کے نبیؐ! کیوں نہ ہم آپ کے لیے ایک چھپر تعمیر کر دیں جس میں آپ تشریف رکھیں گے اور ہم آپ کے پاس آپ کی سواریاں بھی مہیا رکھیں گے۔ اس کے بعد اپنے دشمن سے ٹکر لیں گے۔ اگر اللہ نے ہمیں عزت بخشی اور دشمن پر غلبہ عطا فرمایا تو یہ وہ چیز ہوگی جو ہمیں پسند ہے! اور اگر دوسری صورت پیش آگئی تو آپ سوار ہو کر ہماری قوم کے ان لوگوں کے پاس جا رہیں گے جو پیچھے رہ گئے ہیں۔ درحقیقت آپ کے پیچھے اے اللہ کے نبیؐ! ایسے لوگ رہ گئے ہیں کہ ہم آپ کی محبت میں ان سے بڑھ کر نہیں۔ اگر انہیں یہ اندازہ ہوتا کہ آپ جنگ سے دوچار ہوں گے تو وہ ہرگز پیچھے نہ رہتے۔ اللہ ان کے ذریعے آپ کی حفاظت فرمائے گا۔ وہ آپ کے خیر خواہ ہوں گے اور آپ کے ہمراہ جہاد کریں گے۔"

اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان کی تعریف فرمائی اور ان کے لیے دُعائے خیر کی؛ اور مسلمانوں نے میدانِ جنگ کے شمال مشرق میں ایک اونچے ٹیلے پر چھپر بنایا جہاں سے پورا میدانِ جنگ دکھائی پڑتا تھا۔ پھر آپ کے اس مرکزِ قیادت کی نگرانی کے لیے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی کمان میں انصاری نوجوانوں کا ایک دستہ منتخب کر دیا گیا۔

لشکر کی ترتیب اور شب گذاری

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے لشکر کی ترتیب فرمائی[1] اور میدانِ جنگ میں تشریف لے گئے۔ وہاں آپ اپنے ہاتھ سے اشارہ فرماتے جا رہے تھے کہ یہ کل فلاں کی قتل گاہ ہے؛ ان شاء اللہ، اور یہ کل فلاں کی قتل گاہ ہے؛ ان شاء اللہ[2] اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے

---

[1] دیکھئے جامع ترمذی، ابواب الجہاد، باب ما جاء فی الصف والتعبیہ ۱/۲۰۱ [2] مسلم عن انس، مشکوٰۃ ۲/۵۴۳

وہیں ایک درخت کی جڑ کے پاس رات گذاری اور مسلمانوں نے بھی پُرسکون نفس اور تابناک اُفق کے ساتھ رات گذاری۔ ان کے دل اعتماد سے پُر تھے اور انھوں نے راحت و سکون سے اپنا حصّہ حاصل کیا۔ انہیں یہ توقع تھی کہ صبح اپنی آنکھوں سے اپنے رب کی بشارتیں دیکھیں گے۔

إِذْ يُغَشِّيكُمُ النُّعَاسَ أَمَنَةً مِّنْهُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُم مِّنَ السَّمَاءِ مَاءً لِّيُطَهِّرَكُم بِهِ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْزَ الشَّيْطَانِ وَلِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ ○ (۸:۱۱)

"جب اللہ تم پر اپنی طرف سے امن و بے خوفی کے طور پر نیند طاری کر رہا تھا اور تم پر آسمان سے پانی برسا رہا تھا تاکہ تمہیں اس کے ذریعے پاک کر دے اور تم سے شیطان کی گندگی دُور کر دے اور تمہارے دل مضبوط کر دے اور تمہارے قدم جما دے۔"

یہ رات جمعہ ۱۷ رمضان ۲ھ کی رات تھی اور آپ اس مہینے کی ۸ یا ۱۲ تاریخ کو مدینے سے روانہ ہوئے تھے۔

میدانِ جنگ میں مکّی لشکر کی آمد اور ان کا باہمی اختلاف

دوسری طرف

قریش نے وادی کے دہانے کے باہر اپنے کیمپ میں رات گذاری اور صبح اپنے تمام دستوں سمیت ٹیلے سے اُتر کر بدر کی جانب روانہ ہوئے۔ ایک گروہ رسول اللہ ﷺ کے حوض کی جانب بڑھا۔ آپؐ نے فرمایا، انہیں چھوڑ دو۔ مگر ان میں سے جس نے بھی پانی پیا وہ اس جنگ میں مارا گیا۔ صرف حکیم بن حزام باقی بچا جو بعد میں مسلمان ہُوا اور بہت اچھا مسلمان ہُوا۔ اس کا دستور تھا کہ جب بہت پختہ قسم کھانی ہوتی تو کہتا لَا وَالَّذِیْ نَجَّانِیْ مِنْ یَوْمِ بَدْرٍ۔ "قسم ہے اُس ذات کی جس نے مجھے بدر کے دن سے نجات دی۔"

بہرحال جب قریش مطمئن ہو چکے تو انہوں نے مدنی لشکر کی قوت کا اندازہ لگانے کے لیے عُمیر بن وہب جمحی کو روانہ کیا۔ عمیر نے گھوڑے پر سوار ہو کر لشکر کا چکّر لگایا۔ پھر واپس جا کر بولا: "کچھ کم یا کچھ زیادہ تین سو آدمی ہیں، لیکن ذرا ٹھہرو۔ مَیں دیکھ لوں ان کی کوئی کمین گاہ یا کمک تو نہیں؟" اس کے بعد وہ وادی میں گھوڑا دوڑاتا ہُوا دُور تک نکل گیا لیکن اُسے کچھ دکھائی نہ پڑا، چنانچہ اُس نے واپس جا کر کہا: "مَیں نے کچھ پایا تو نہیں لیکن اے قریش کے لوگو! مَیں نے بلائیں دیکھی ہیں جو موت کو لادے ہوئے ہیں۔ یثرب کے اونٹ اپنے اوپر خالص موت سوار کئے

ہوئے ہیں۔ یہ ایسے لوگ ہیں جن کی ساری حفاظت اور ملجا و ماویٰ خود ان کی تلواریں ہیں۔ کوئی اور چیز نہیں۔ خدا کی قسم میں سمجھتا ہوں کہ ان کا کوئی آدمی تمہارے آدمی کو قتل کیے بغیر قتل نہ ہوگا، اور اگر تمہارے خاص خاص افراد کو انہوں نے مار لیا تو اس کے بعد جینے کا مزہ ہی کیا ہے! اس لیے ذرا اچھی طرح سوچ سمجھ لو۔"

اس موقعے پر ابوجہل کے خلاف ۔ جو معرکہ آرائی پر تلا ہوا تھا۔ ایک اور جھگڑا اُٹھ کھڑا ہوا جس میں مطالبہ کیا گیا کہ جنگ کے بغیر مکہ واپس جائیں۔ چنانچہ حکیم بن حزام نے لوگوں کے درمیان دوڑ دھوپ شروع کر دی۔ وہ عُتبہ بن ربیعہ کے پاس آیا اور بولا: "ابوالولید! آپ قریش کے بڑے آدمی اور واجب الاطاعت سردار ہیں؛ پھر آپ کیوں نہ ایک اچھا کام کر جائیں جس کے سبب آپ کا ذکر ہمیشہ بھلائی سے ہوتا رہے" عُتبہ نے کہا: حکیم وہ کون سا کام ہے؟ اس نے کہا: "آپ، لوگوں کو واپس لے جائیں اور اپنے حلیف عمرو بن حضرمی کا معاملہ ــــ جو سریہ نخلہ میں مارا گیا تھا ــــ اپنے ذمے لے لیں"۔ عتبہ نے کہا: "مجھے منظور ہے۔ تم میری طرف سے اس کی ضمانت لو۔ وہ میرا حلیف ہے میں اس کی دیت کا بھی ذمے دار ہوں اور اس کا جو مال ضائع ہوا اس کا بھی۔"

اس کے بعد عُتبہ نے حکیم بن حزام سے کہا: "تم حنظلیہ کے پوت کے پاس جاؤ کیونکہ لوگوں کے معاملات کو بگاڑنے اور بھڑکانے کے سلسلے میں مجھے اس کے علاوہ کسی اور سے کوئی اندیشہ نہیں"۔ حنظلیہ کے پوت سے مراد ابوجہل ہے۔ حنظلیہ اُس کی ماں تھی۔

اس کے بعد عُتبہ بن ربیعہ نے کھڑے ہو کر تقریر کی اور کہا: "قریش کے لوگو! تم لوگ محمدؐ اور ان کے ساتھیوں سے لڑ کر کوئی کارنامہ انجام نہ دو گے۔ خدا کی قسم اگر تم نے انہیں مار لیا تو صرف ایسے ہی چہرے دکھائی پڑیں گے جنہیں دیکھنا پسند نہ ہوگا، کیونکہ آدمی نے اپنے چچیرے بھائی کو یا خالہ زاد بھائی کو یا اپنے ہی کنبے قبیلے کے کسی آدمی کو قتل کیا ہوگا۔ اس لیے واپس چلے چلو اور محمدؐ (ﷺ) اور سارے عرب سے کنارہ کش ہو رہو۔ اگر عرب نے انہیں مار لیا تو یہ وہی چیز ہو گی جسے تم چاہتے ہو؛ اور اگر دوسری صورت پیش آئی تو محمدؐ (ﷺ) تمہیں اس حالت میں پائیں گے کہ تم نے جو سلوک ان سے کرنا چاہا تھا اسے کیا نہ تھا۔"

ادھر حکیم بن حزام ابوجہل کے پاس پہنچا تو ابوجہل اپنی زِرہ درست کر رہا تھا۔ حکیم نے کہا کہ اے ابوالحکم! مجھے عتبہ نے تمہارے پاس یہ اور یہ پیغام دے کر بھیجا ہے۔ ابوجہل نے کہا: "خدا

کی قسم محمد (ﷺ) اور اس کے ساتھیوں کو دیکھ کر عتبہ کا سینہ سوج آیا ہے۔ نہیں ہرگز نہیں۔ بخدا ہم واپس نہ ہوں گے یہاں تک کہ اللہ ہمارے اور محمد (ﷺ) کے درمیان فیصلہ فرما دے۔ عتبہ نے جو کچھ کہا ہے محض اسلیے کہا ہے کہ وہ محمد (ﷺ) اور اس کے ساتھیوں کو اونٹ خور سمجھتا ہے اور خود عتبہ کا بیٹا بھی انہیں کے درمیان ہے اس لیے وہ تمہیں ان سے ڈراتا ہے۔"

—— عتبہ کے صاحبزادے ابوحذیفہ قدیم الاسلام تھے اور ہجرت کر کے مدینہ تشریف لا چکے تھے۔

—— عتبہ کو جب پتا چلا کہ ابوجہل کہتا ہے "خدا کی قسم عتبہ کا سینہ سوج آیا ہے" تو بولا: "اس سرین پر خوشبو لگا کر بزدلی کا مظاہرہ کرنے والے کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ کس کا سینہ سوج آیا ہے، میرا یا اس کا؟" ادھر ابوجہل نے اس خوف سے کہ کہیں یہ معارضہ طاقتور نہ ہو جائے، اس گفتگو کے بعد جھٹ عامر بن حضرمی کو —— جو سریہ عبداللہ بن جحش کے مقتول عمرو بن حضرمی کا بھائی تھا —— بلا بھیجا اور کہا کہ یہ تمہارا حلیف —— عتبہ —— چاہتا ہے کہ لوگوں کو واپس لے جائے حالانکہ تم اپنا انتقام اپنی آنکھ سے دیکھ چکے ہو؛ لہٰذا اٹھو! اور اپنی مظلومیت اور اپنے بھائی کے قتل کی دہائی دو۔ اس پر عامر اٹھا اور سرین سے کپڑا اٹھا کر چیخا۔ واعمراہ واعمراہ، ہائے عمرو، ہائے عمرو۔ اس پر قوم گرم ہو گئی۔ ان کا معاملہ سنگین اور ان کا ارادہ جنگ پختہ ہو گیا اور عتبہ نے جس سوجھ بوجھ کی دعوت دی تھی وہ رائیگاں گئی۔ اس طرح ہوش پر جوش غالب آگیا اور یہ معارضہ بھی بے نتیجہ رہا۔

دونوں لشکر آمنے سامنے

بہر حال جب مشرکین کا لشکر نمودار ہوا اور دونوں فوجیں ایک دوسرے کو دکھائی دینے لگیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اے اللہ یہ قریش ہیں جو اپنے پورے غرور و تکبر کے ساتھ تیری مخالفت کرتے ہوئے اور تیرے رسول کو جھٹلاتے ہوئے آگئے ہیں۔ اے اللہ تیری مدد . . . جس کا تو نے وعدہ کیا ہے۔ اے اللہ آج انہیں اینٹھ کر رکھ دے۔"

نیز رسول اللہ ﷺ نے عتبہ بن ربیعہ کو اس کے ایک سرخ اونٹ پر دیکھ کر فرمایا: "اگر قوم میں سے کسی کے پاس خیر ہے تو سرخ اونٹ والے کے پاس ہے۔ اگر لوگوں نے اس کی بات مان لی تو صحیح راہ پائیں گے۔"

اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کی صفیں درست فرمائیں۔ صف کی درستگی کے

دوران ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔ آپؐ کے ہاتھ میں ایک تیر تھا جس کے ذریعے آپ صف سیدھی فرما رہے تھے کہ سواد بن عزیہ کے پیٹ پر، جو صف سے کچھ آگے نکلے ہوئے تھے، تیر کا دباؤ ڈالتے ہوئے فرمایا' سواد! برابر ہو جاؤ۔ سواد نے کہا اے اللہ کے رسولؐ! آپؐ نے مجھے تکلیف پہنچا دی بدلہ دیجیے۔ آپؐ نے اپنا پیٹ کھول دیا اور فرمایا' بدلہ لے لو۔ سواد آپؐ سے چمٹ گئے اور آپؐ کے پیٹ کا بوسہ لینے لگے۔ آپؐ نے فرمایا: سواد اس حرکت پر تمہیں کس بات نے آمادہ کیا؟ انہوں نے کہا' اے اللہ کے رسولؐ! جو کچھ درپیش ہے آپؐ دیکھ ہی رہے ہیں۔ میں نے چاہا کہ ایسے موقعے پر آپؐ سے آخری معاملہ یہ ہو کہ میری جلد آپؐ کی جلد سے چھو جائے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے دعا خیر فرمائی۔

پھر جب صفیں درست کی جا چکیں تو آپؐ نے لشکر کو ہدایت فرمائی کہ جب تک اسے آپ کے آخری احکام موصول نہ ہو جائیں جنگ شروع نہ کرے۔ اس کے بعد طریقہ جنگ کے بارے میں ایک خصوصی رہنمائی فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ جب مشرکین جمگھٹ کر کے تمہارے قریب آ جائیں تو ان پر تیر چلانا اور اپنے تیر بچانے کی کوشش کرنا[3] (یعنی پہلے ہی سے فضول تیر اندازی کر کے تیروں کو ضائع نہ کرنا۔) اور جب تک وہ تم پر چھا نہ جائیں تلوار نہ کھینچنا[4] اس کے بعد خاص آپؐ اور ابو بکر رضی اللہ عنہ چھپر کی طرف واپس گئے اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنا نگران دستہ لے کر چھپر کے دروازے پر تعینات ہو گئے۔

دوسری طرف مشرکین کی صورتِ حال یہ تھی کہ ابوجہل نے اللہ سے فیصلے کی دُعا کی۔ اس نے کہا: "اے اللہ! ہم میں سے جو فریق قرابت کو زیادہ کاٹنے والا اور غلط حرکتیں زیادہ کرنے والا ہے اُسے تو آج توڑ دے۔ اے اللہ! ہم میں سے جو فریق تیرے نزدیک زیادہ محبوب اور زیادہ پسندیدہ ہے آج اس کی مدد فرما۔" بعد میں اسی بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

إِن تَسْتَفْتِحُوا فَقَدْ جَاءَكُمُ الْفَتْحُ ۖ وَإِن تَنتَهُوا فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ وَإِن تَعُودُوا نَعُدْ ۚ وَلَن تُغْنِيَ عَنكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْئًا وَلَوْ كَثُرَتْ ۙ وَأَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُؤْمِنِينَ ○ (۱۹:۸)

"اگر تم فیصلہ چاہتے تو تمہارے پاس فیصلہ آ گیا، اور اگر تم باز آ جاؤ تو یہی تمہارے لیے

---

[3] صحیح بخاری ۲/۵۶۸ [4] سنن ابی داؤد باب فی سل السیوف عند اللقاء ۲/۱۳

بہتر ہے ؛ لیکن اگر تم (اپنی اس حرکت کی طرف) پلٹو گے تو ہم بھی (تمہاری سزا کی طرف) پلٹیں گے اور تمہاری جماعت اگرچہ وہ زیادہ ہی کیوں نہ ہو تمہارے کچھ کام نہ آسکے گی۔ (اور یاد رکھو کہ) اللہ مومنین کے ساتھ ہے۔"

نقطۂ صفر اور معرکے کا پہلا ایندھن

اس معرکے کا پہلا ایندھن اسود بن عبدالاسد مخزومی تھا۔ یہ شخص بڑا اڑیل اور بدخلق تھا۔ یہ کہتے ہوئے میدان میں نکلا کہ میں اللہ سے عہد کرتا ہوں کہ ان کے حوض کا پانی پی کر رہوں گا، ورنہ اسے ڈھا دوں گا یا اس کے لیے جان دے دوں گا۔ جب یہ اُدھر سے نکلا تو اِدھر سے حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب برآمد ہوئے۔ دونوں میں حوض سے پرے ہی مڈبھیڑ ہوئی۔ حضرت حمزہؓ نے ایسی تلوار ماری کہ اس کا پاؤں نصف پنڈلی سے کٹ کر اُڑ گیا اور وہ پیٹھ کے بل گر پڑا۔ اسکے پاؤں سے خون کا فوارہ نکل رہا تھا جس کا رُخ اس کے ساتھیوں کی طرف تھا لیکن اس کے باوجود وہ گھٹنوں کے بل گھسٹ کر حوض کی طرف بڑھا اور اس میں داخل ہوا ہی چاہتا تھا تاکہ اپنی قسم پوری کرے کہ اتنے میں حضرت حمزہؓ نے دوسری ضرب لگائی اور وہ حوض کے اندر ہی ڈھیر ہو گیا۔

مُبارَزت

یہ اس معرکے کا پہلا قتل تھا اور اس سے جنگ کی آگ بھڑک اٹھی؛ چنانچہ اس کے بعد قریش کے تین بہترین شہسوار نکلے جو سب کے سب ایک ہی خاندان کے تھے۔ ایک عُتبہ اور دوسرا اس کا بھائی شَیبہ جو دونوں ربیعہ کے بیٹے تھے اور تیسرا ولید جو عُتبہ کا بیٹا تھا۔ انہوں نے اپنی صف سے الگ ہوتے ہی دعوتِ مُبارزت دی۔ مقابلے کے لیے انصار کے تین جوان نکلے۔ ایک عَوفؓ، دوسرے مُعوّذؓ ۔۔۔ یہ دونوں حارث کے بیٹے تھے اور ان کی ماں کا نام عفراء تھا ۔۔۔ تیسرے عبداللہؓ بن رَواحہ۔ قریشیوں نے کہا، تم کون لوگ ہو؟ انہوں نے کہا، انصار کی ایک جماعت ہیں۔ قریشیوں نے کہا، آپ لوگ شریف مدِمقابل ہیں لیکن ہمیں آپ سے سروکار نہیں۔ ہم تو اپنے چچیرے بھائیوں کو چاہتے ہیں۔ پھر ان کے منادی نے آواز لگائی: محمدؐ ۔۔۔۔ ! ہمارے پاس ہماری قوم کے ہمسروں کو بھیجو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عبیدہؓ بن حارث! اٹھو۔ حمزہؓ! اٹھئے۔ علیؓ! اٹھو۔ جب یہ لوگ اُٹھے اور قریشیوں کے قریب پہنچے تو انہوں نے پوچھا، آپ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے اپنا تعارف کرایا۔ قریشیوں

نے کہا: ہاں آپ لوگ شریف مدِمقابل ہیں۔ اس کے بعد معرکہ آرائی ہوئی۔ حضرت عبیدہؓ نے۔ جوسب سے معمّر تھے ــــ عتبہ بن ربیعہ سے مقابلہ کیا۔ حضرت حمزہؓ نے شیبہ سے اور حضرت علیؓ نے ولید سے[۵]۔ حضرت حمزہؓ اور حضرت علیؓ نے تو اپنے اپنے مقابل کو جھٹ مار لیا لیکن حضرت عبیدہؓ اور ان کے مدِمقابل کے درمیان ایک ایک وار کا تبادلہ ہُوا اور دونوں میں سے ہر ایک نے دوسرے کو گہرا زخم لگایا۔ اتنے میں حضرت علیؓ اور حضرت حمزہؓ اپنے اپنے شکار سے فارغ ہو کر آگئے؛ آتے ہی عتبہ پر ٹوٹ پڑے، اس کا کام تمام کیا اور حضرت عبیدہ کو اٹھا لائے۔ ان کا پاؤں کٹ گیا تھا اور آواز بند ہو گئی تھی جو مسلسل بند ہی رہی یہاں تک کہ جنگ کے چوتھے یا پانچویں دن جب مسلمان مدینہ واپس ہوتے ہوئے وادی صفراء سے گذر رہے تھے ان کا انتقال ہو گیا۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ اللہ کی قسم کھا کر فرمایا کرتے تھے کہ یہ آیت ہمارے ہی بارے میں نازل ہُوئی۔

هٰذٰنِ خَصۡمٰنِ اخۡتَصَمُوۡا فِیۡ رَبِّهِمۡ (۲۲:۱۹)

"یہ دو فریق ہیں جنہوں نے اپنے رب کے بارے میں جھگڑا کیا ہے"

عام ہجوم

اس مبارزت کا انجام مشرکین کے لیے ایک بُرا آغاز تھا۔ وہ ایک ہی جَست میں اپنے تین بہترین شہ سواروں اور کمانڈروں سے ہاتھ دھو بیٹھے تھے اسلیئے انہوں نے غیظ و غضب سے بے قابو ہو کر ایک آدمی کی طرح یکبارگی حملہ کر دیا۔

دوسری طرف مسلمان اپنے رب سے نصرت اور مدد کی دعا کرنے اور اس کے حضور اخلاص و تضرُّع اپنانے کے بعد اپنی اپنی جگہوں پر جمے اور دفاعی موقف اختیار کیے مشرکین کے تابڑ توڑ حملوں کو روک رہے تھے اور انہیں خاصا نقصان پہنچا رہے تھے۔ زبان پر اَحد اَحد کا کلمہ تھا۔

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ کی دُعا

ادھر رسول اللہ ﷺ صفیں درست کر کے واپس آتے ہی اپنے پاک پروردگار سے نصرت و مدد کا وعدہ پورا کرنے کی دعاء مانگنے لگے۔ آپؐ کی دعا یہ تھی:

اَللّٰهُمَّ اَنۡجِزۡ لِیۡ مَا وَعَدۡتَنِیۡ ۔ اَللّٰهُمَّ اَنۡشُدُكَ عَهۡدَكَ وَوَعۡدَكَ۔

"اے اللہ! تو نے مجھ سے جو وعدہ کیا ہے اسے پُورا فرما دے۔ اے اللہ! مَیں تجھ

---

[۵] ابن ہشام۔ مسند احمد اور ابو داؤد کی روایت اس سے مختلف ہے۔ مشکوٰۃ ۲/۳۴۳

سے تیرا عہد اور تیرے وعدے کا سوال کر رہا ہوں۔"

پھر جب گھمسان کی جنگ شروع ہوگئی، نہایت زور کا رن پڑا اور لڑائی شباب پر آگئی تو آپؐ نے یہ دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ اِنْ تَھْلِکْ ھٰذِہِ الْعِصَابَۃُ الْیَوْمَ لَا تُعْبَدْ ، اَللّٰھُمَّ اِنْ شِئْتَ لَمْ تُعْبَدْ بَعْدَ الْیَوْمِ اَبَدًا۔

"اے اللہ! اگر آج یہ گروہ ہلاک ہوگیا تو تیری عبادت نہ کی جائے گی۔ اے اللہ! اگر تو چاہے تو آج کے بعد تیری عبادت کبھی نہ کی جائے۔"

آپؐ نے خوب تضرّع کے ساتھ دعا کی یہاں تک کہ دونوں کندھوں سے چادر گر گئی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے چادر درست کی اور عرض پرداز ہوئے: "اے اللہ کے رسولؐ! بس فرمایئے! آپؐ نے اپنے رب سے بڑے الحاح کے ساتھ دعا فرمالی۔" ادھر اللہ نے فرشتوں کو وحی کی کہ:

.. اَنِّیْ مَعَکُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ سَاُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ کَفَرُوا الرُّعْبَ.. (۸:۱۲)

"مَیں تمہارے ساتھ ہوں؛ تم اہلِ ایمان کے قدم جماؤ، مَیں کافروں کے دل میں رُعب ڈال دُوں گا۔"

اور رسول اللہ ﷺ کے پاس وحی بھیجی کہ:

.. اَنِّیْ مُمِدُّکُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ مُرْدِفِیْنَ ○ (۸:۹)

"مَیں ایک ہزار فرشتوں سے تمہاری مدد کروں گا جو آگے پیچھے آئیں گے۔"

فرشتوں کا نزول

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کو ایک جھپکی آئی۔ پھر آپؐ نے سر اٹھایا اور فرمایا: "ابوبکر خوش ہو جاؤ، یہ جبریلؑ ہیں، گرد و غبار میں اَٹے ہوئے۔" ابنِ اسحاق کی روایت میں یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "ابوبکر خوش ہو جاؤ، تمہارے پاس اللہ کی مدد آگئی۔ یہ جبریل علیہ السلام ہیں اپنے گھوڑے کی لگام تھامے اور اس کے آگے آگے چلتے ہوئے آرہے ہیں اور گرد و غبار میں اَٹے ہوئے ہیں۔"

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ چھپر کے دروازے سے باہر تشریف لائے۔ آپؐ نے زرہ پہن رکھی تھی۔ آپؐ پُرجوش طور پر آگے بڑھ رہے تھے اور فرماتے جارہے تھے:

سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ○ (۵۴:۴۵)

"عنقریب یہ جتھہ شکست کھا جائے گا اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گا۔"

اس کے بعد آپؐ نے ایک مٹھی کنکریلی مٹی لی اور قریش کی طرف رُخ کر کے فرمایا: شَاهَتِ الْوُجُوْهُ۔ چہرے بگڑ جائیں۔ اور ساتھ ہی مٹی ان کے چہروں کی طرف پھینک دی۔ پھر مشرکین میں سے کوئی بھی نہیں تھا جس کی دونوں آنکھوں، نتھنے اور منہ میں اس ایک مٹھی مٹی میں سے کچھ نہ کچھ گیا نہ ہو۔ اسی کی بابت اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ج (۸: ۱۷)

"جب آپؐ نے پھینکا تو درحقیقت آپؐ نے نہیں پھینکا بلکہ اللہ نے پھینکا۔"

جوابی حملہ

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے جوابی حملے کا حکم اور جنگ کی ترغیب دیتے ہوئے فرمایا: "شُدُّوْا۔ چڑھ دوڑو۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے ان سے جو آدمی بھی ڈٹ کر، ثواب سمجھ کر، آگے بڑھ کر اور پیچھے نہ ہٹ کر لڑے گا اور مارا جائے گا اللہ اسے ضرور جنت میں داخل کرے گا۔"

آپؐ نے قتال پر ابھارتے ہوئے یہ بھی فرمایا 'اس جنت کی طرف اٹھو جس کی پہنائیاں آسمانوں اور زمین کے برابر ہیں۔ (آپؐ کی یہ بات سن کر) عُمیرؓ بن حمام نے کہا 'بہت خوب بہت خوب' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تم بہت خوب، بہت خوب، کیوں کہہ رہے ہو؟ انہوں نے کہا، نہیں، خدا کی قسم اے اللہ کے رسولؐ! کوئی بات نہیں سوائے اس کے کہ مجھے توقع ہے کہ میں بھی اسی جنت والوں میں سے ہوں گا۔ آپؐ نے فرمایا تم بھی اسی جنت والوں میں سے ہو۔ اس کے بعد وہ اپنے توشہ دان سے کچھ کھجوریں نکال کر کھانے لگے۔ پھر بولے، اگر میں اتنی دیر تک زندہ رہا کہ اپنی یہ کھجوریں کھا لوں تو یہ تو لمبی زندگی ہو جائے گی چنانچہ ان کے پاس جو کھجوریں تھیں انہیں پھینک دیا۔ پھر مشرکین سے لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔[۱]

اسی طرح مشہور خاتون عَفراء کے صاحبزادے عوف بن حارث نے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسولؐ! پروردگار اپنے بندے کی کس بات سے (خوش ہو کر) مسکراتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: "اس بات سے کہ بندہ خالی جسم (بغیر حفاظتی ہتھیار پہنے) اپنا ہاتھ دشمن کے اندر ڈبو دے"۔ یہ سُن کر عوف نے اپنے بدن سے زرہ اتار پھینکی اور تلوار لے کر دشمن پر ٹوٹ پڑے اور لڑتے

---

[۱] مسلم ۲/ ۱۳۹ مشکوٰۃ ۲/ ۳۳۱

لڑتے شہید ہو گئے۔

جس وقت رسول اللہ ﷺ نے جوابی حملے کا حکم صادر فرمایا، دشمن کے حملوں کی تیزی جا چکی تھی اور ان کا جوش و خروش سرد پڑ رہا تھا۔ اس لیے یہ با حکمت منصوبہ مسلمانوں کی پوزیشن مضبوط کرنے میں بہت مؤثر ثابت ہوا، کیونکہ صحابہ کرامؓ کو جب حملہ آور ہونے کا حکم ملا اور ابھی ان کا جوشِ جہاد شباب پر تھا تو انہوں نے نہایت سخت تند اور صفایا کن حملہ کیا۔ وہ صفوں کی صفیں درہم برہم کرتے اور گردنیں کاٹتے آگے بڑھے۔ ان کے جوش و خروش میں یہ دیکھ کر مزید تیزی آگئی کہ رسول اللہ ﷺ بنفسِ نفیس زرہ پہنے تیز تیز چلتے تشریف لا رہے ہیں اور پورے یقین وصراحت کے ساتھ فرما رہے ہیں کہ "عنقریب یہ جتھہ شکست کھا جائے گا، اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گا۔" اس لیے مسلمانوں نے نہایت پُرجوش وپُرخروش لڑائی لڑی اور فرشتوں نے بھی ان کی مدد فرمائی۔ چنانچہ ابنِ سعد کی روایت میں حضرت عکرمہؓ سے مروی ہے کہ اس دن آدمی کا سر کٹ کر گرتا اور یہ پتا نہ چلتا کہ اسے کس نے مارا اور آدمی کا ہاتھ کٹ کر گرتا اور یہ پتا نہ چلتا کہ اسے کس نے کاٹا۔ ابنِ عباسؓ فرماتے ہیں کہ ایک مسلمان ایک مشرک کا تعاقب کر رہا تھا کہ اچانک اس مشرک کے اوپر کوڑے کی مار پڑنے کی آواز آئی اور ایک شہسوار کی آواز سنائی پڑی جو کہہ رہا تھا کہ حیزوم! آگے بڑھ۔ مسلمان نے مشرک کو اپنے آگے دیکھا کہ وہ چت گرا، لپک کر دیکھا تو اس کی ناک پر چوٹ کا نشان تھا، چہرہ پھٹا ہوا تھا جیسے کوڑے سے مارا گیا ہو اور یہ سب کا سب ہرا پڑ گیا تھا۔ اس انصاری مسلمان نے آکر رسول اللہ ﷺ سے یہ ماجرا بیان کیا تو آپؐ نے فرمایا: "تم سچ کہتے ہو، یہ تیسرے آسمان کی مدد تھی[1]"

ابو داؤد مازنی کہتے ہیں کہ میں ایک مشرک کو مارنے کے لیے دوڑ رہا تھا کہ اچانک اس کا سر میری تلوار پہنچنے سے پہلے ہی کٹ کر گر گیا۔ میں سمجھ گیا کہ اسے میرے بجائے کسی اور نے قتل کیا ہے۔

ایک انصاری حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کو قید کر کے لایا تو حضرت عباسؓ کہنے لگے: "واللہ! مجھے اس نے قید نہیں کیا ہے؛ مجھے تو ایک بے بال کے سر والے آدمی نے قید کیا ہے جو نہایت خوبرو تھا اور ایک چتکبرے گھوڑے پر سوار تھا۔ اب میں اسے لوگوں میں دیکھ نہیں رہا ہوں"۔ انصاری

---

[1] مسلم ۲/۹۳ وغیرہ

نے کہا: "اے اللہ کے رسول ﷺ! انہیں میں نے قید کیا ہے"۔ آپ ﷺ نے فرمایا، خاموش رہو۔ اللہ نے ایک بزرگ فرشتے سے تمہاری مدد فرمائی ہے۔

میدان سے ابلیس کا فرار

جیسا کہ ہم بتا چکے ہیں ابلیس لعین، سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی کی شکل میں آیا تھا اور مشرکین سے اب تک جدا نہیں ہوا تھا، لیکن جب اس نے مشرکین کے خلاف فرشتوں کی کارروائیاں دیکھیں تو اُلٹے پاؤں پلٹ کر بھاگنے لگا، مگر حارث بن ہشام نے اسے پکڑ لیا۔ وہ سمجھ رہا تھا کہ یہ واقعی سراقہ ہی ہے، لیکن ابلیس نے حارث کے سینے پر ایسا گھونسا مارا کہ وہ گر گیا اور ابلیس نکل بھاگا۔ مشرکین کہنے لگے، سراقہ کہاں جا رہے ہو؟ کیا تم نے یہ نہیں کہا تھا کہ تم ہمارے مددگار ہو، ہم سے جدا نہ ہوگے؟ اس نے کہا، میں وہ چیز دیکھ رہا ہوں جسے تم نہیں دیکھتے۔ مجھے اللہ سے ڈر لگتا ہے۔ اور اللہ بڑی سخت سزا والا ہے۔ اس کے بعد بھاگ کر سمندر میں جا رہا۔

شکستِ فاش

تھوڑی دیر بعد مشرکین کے لشکر میں ناکامی اور اضطراب کے آثار نمودار ہو گئے۔ ان کی صفیں مسلمانوں کے سخت اور تابڑ توڑ حملوں سے درہم برہم ہونے لگیں اور معرکہ اپنے انجام کے قریب جا پہنچا۔ پھر مشرکین کے جتھے بے ترتیبی کے ساتھ پیچھے ہٹے اور ان میں بھگدڑ مچ گئی۔ مسلمانوں نے مارتے کاٹتے اور پکڑتے باندھتے ان کا پیچھا کیا، یہاں تک کہ ان کو بھرپور شکست ہو گئی۔

ابوجہل کی اکڑ

لیکن طاغوتِ اکبر ابوجہل نے جب اپنی صفوں میں اضطراب کی ابتدائی علامتیں دیکھیں تو چاہا کہ اس سیلاب کے سامنے ڈٹ جائے۔ چنانچہ وہ اپنے لشکر کو للکارتا ہوا اکڑ اور تکبّر کے ساتھ کہتا جا رہا تھا کہ سراقہ کی کنارہ کشی سے تمہیں پست ہمّت نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ اس نے محمد (ﷺ) کے ساتھ پہلے سے سازباز کر رکھی تھی۔ تم پر عُتبہ، شَیبہ اور ولید کے قتل کا ہول بھی سوار نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ ان لوگوں نے جلدبازی سے کام لیا تھا۔ لات و عُزّیٰ کی قسم! ہم واپس نہ ہوں گے یہاں تک کہ انہیں رسیوں میں جکڑ لیں۔ دیکھو! تمہارا کوئی آدمی ان کے کسی آدمی کو قتل نہ کرے بلکہ انہیں پکڑو اور گرفتار کرو تاکہ ہم ان کی بُری حرکت کا انہیں مزہ چکھائیں۔

لیکن اسے اس غرور کی حقیقت کا بہت جلد پتا لگ گیا۔ کیونکہ چند ہی لمحے بعد مسلمانوں کے

جوابی حملے کی تُندی کے سامنے مشرکین کی صفیں پھٹنا شروع ہوگئیں؛ البتہ ابوجہل اب بھی اپنے گرد مشرکین کا ایک غول لیے جما ہُوا تھا۔ اس غول نے ابوجہل کے چاروں طرف تلواروں کی باڑھ اور نیزوں کا جنگل قائم کر رکھا تھا؛ لیکن اسلامی ہجوم کی آندھی نے اس باڑھ کو بھی بکھیر دیا اور اس جنگل کو بھی اکھیڑ دیا۔ اس کے بعد یہ طاغوتِ اکبر دکھائی پڑا۔ مسلمانوں نے دیکھا کہ وہ ایک گھوڑے پر چکر کاٹ رہا ہے۔ ادھر اس کی موت دو انصاری جوانوں کے ہاتھوں اس کا خون چوسنے کی منتظر تھی۔

ابوجہل کا قتل

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں جنگ بدر کے روز صف کے اندر تھا کہ اچانک مُڑا تو کیا دیکھتا ہوں کہ دائیں بائیں دو نوعمر جوان ہیں۔ گویا ان کی موجودگی سے میں حیران ہوگیا کہ اتنے میں ایک نے اپنے ساتھی سے چھپا کر مجھ سے کہا: "چچا جان! مجھے ابوجہل کو دکھلا دیجئے۔" میں نے کہا بھتیجے تم اسے کیا کرو گے؟ اس نے کہا: "مجھے بتایا گیا ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کو گالی دیتا ہے۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر میں نے اس کو دیکھ لیا تو میرا وجود اس کے وجود سے الگ نہ ہوگا یہاں تک کہ ہم میں جس کی موت پہلے لکھی ہے وہ مر جائے۔" وہ کہتے ہیں کہ مجھے اس پر تعجب ہُوا۔ اتنے میں دوسرے شخص نے مجھے اشارے سے متوجہ کرکے یہی بات کہی۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے چند ہی لمحوں بعد دیکھا کہ ابوجہل لوگوں کے درمیان چکر کاٹ رہا ہے۔ میں نے کہا: "ارے دیکھتے نہیں! یہ رہا تم دونوں کا شکار جس کے بارے میں تم پوچھ رہے تھے۔" ان کا بیان ہے کہ یہ سُنتے ہی وہ دونوں اپنی تلواریں لیے جھپٹ پڑے اور اسے مار کر قتل کر دیا۔ پھر پلٹ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے۔ آپؐ نے فرمایا: تم میں سے کس نے قتل کیا ہے؟ دونوں نے کہا: میں نے قتل کیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا، اپنی اپنی تلواریں پُونچھ چکے ہو؟ بولے نہیں۔ آپؐ نے دونوں کی تلواریں دیکھیں اور فرمایا: تم دونوں نے قتل کیا ہے۔ البتہ ابوجہل کا سامان معاذ بن عَمرو بن جموح کو دیا۔ دونوں حملہ آوروں کا نام معاذ بن عمرو بن جموح اور معاذ بن عَفراء ہے۔[۵]

---

[۵] صحیح بخاری ۱/۴۴۴، ۲/۵۶۸ مشکوٰۃ ۲/۳۵۲۔ بعض دوسری روایات میں دوسرا نام معوّذ بن عَفراء بتایا گیا ہے۔ (ابن ہشام ۱/۶۳۵) نیز ابوجہل کا سامان صرف ایک ہی آدمی کو اس لیے دیا گیا کہ بعد میں حضرت معاذ (معوذ) بن عفراء اسی جنگ میں شہید ہوگئے تھے۔ البتہ ابوجہل کی تلوار حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کو دی گئی کیونکہ انہی نے اس (ابوجہل) کا سر تن سے جدا کیا تھا۔ (دیکھئے سنن ابی داود باب من اجاز علی جریح الخ ۲/۳۷)

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ معاذ بن عمرو بن جموح نے بتلایا کہ میں نے مشرکین کو سنا وہ ابوجہل کے بارے میں جو گھنے درختوں جیسی ــــ نیزوں اور تلواروں کی ــــ باڑھ میں تھا کہہ رہے تھے ابوالحکم تک کسی کی رسائی نہ ہو۔ معاذ بن عمروؓ کہتے ہیں کہ جب میں نے یہ بات سنی تو اسے اپنے نشانے پر لے لیا اور اس کی سمت جما رہا۔ جب گنجائش ملی تو میں نے حملہ کر دیا اور ایسی ضرب لگائی کہ اس کا پاؤں نصف پنڈلی سے اُڑ گیا۔ واللہ جس وقت یہ پاؤں اُڑا ہے تو میں اس کی تشبیہ صرف اس گٹھلی سے دے سکتا ہوں جو موسل کی مار پڑنے پر جھٹک کر اُڑ جائے۔ ان کا بیان ہے کہ ادھر میں نے ابوجہل کو مارا اور ادھر اس کے بیٹے عکرمہ نے میرے کندھے پر تلوار چلائی جس سے میرا ہاتھ کٹ کر میرے بازو کے چمڑے سے لٹک گیا اور لڑائی میں مخل ہونے لگا۔ میں اسے اپنے ساتھ گھسیٹتے ہوئے سارا دن لڑا، لیکن جب وہ مجھے اذیت پہنچانے لگا تو میں نے اس پر اپنا پاؤں رکھا اور اُسے زور سے کھینچ کر الگ کر دیا[9] اس کے بعد ابوجہل کے پاس معوذ بن عفراءؓ پہنچے۔ وہ زخمی تھا۔ انہوں نے اُسے ایسی ضرب لگائی کہ وہ وہیں ڈھیر ہو گیا صرف سانس آتی جاتی رہی۔ اس کے بعد مُعَوِّذ بن عَفْراءؓ خود بھی لڑتے ہُوئے شہید ہو گئے۔

جب معرکہ ختم ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کون ہے جو دیکھے کہ ابوجہل کا انجام کیا ہُوا؟" اس پر صحابہؓ کرام اس کی تلاش میں بکھر گئے۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اسے اس حالت میں پایا کہ ابھی سانس آ جا رہی تھی۔ انہوں نے اس کی گردن پر پاؤں رکھا اور سر کاٹنے کے لیے داڑھی پکڑی اور فرمایا، او اللہ کے دشمن! آخر اللہ نے تجھے رُسوا کیا نا؟ اس نے کہا: "مجھے کاہے کو رسوا کیا؟ کیا جس شخص کو تم لوگوں نے قتل کیا ہے اس سے بھی بلند پایہ کوئی آدمی ہے؟" "یا جس کو تم لوگوں نے قتل کیا اس سے بھی اوپر کوئی آدمی ہے؟" پھر بولا: "کاش! مجھے کسانوں کے بجائے کسی اور نے قتل کیا ہوتا۔" اس کے بعد کہنے لگا: "مجھے بتاؤ آج فتح کس کی ہوئی؟" حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا، اللہ اور اس کے رسولؐ کی۔ اس کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود سے ــــ جو اس کی گردن پر پاؤں رکھ چکے تھے ــــ کہنے لگا: او بکری کے چرواہے! تو بڑی اونچی اور مشکل جگہ پر چڑھ گیا ــــ واضح رہے کہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مکے میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔

اس گفتگو کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کا سر کاٹ لیا اور رسول اللہ

---

[9] حضرت معاذ بن عمرو بن جموح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت تک زندہ رہے۔

ﷺ کی خدمت میں لا کر حاضر کرتے ہوئے عرض کیا: "یا رسول اللہ! یہ رہا اللہ کے دشمن ابوجہل کا سر۔" آپؐ نے تین بار فرمایا: "واقعی۔ اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔" اس کے بعد فرمایا،

اَللّٰہُ اَکْبَرُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ صَدَقَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ۔

"اللہ اکبر، تمام حمد اللہ کیلئے ہے جس نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا، اپنے بندے کی مدد فرمائی، اور تنہا سارے گروہوں کو شکست دی۔"

پھر فرمایا، چلو مجھے اس کی لاش دکھاؤ۔ ہم نے آپؐ کو لے جا کر لاش دکھائی۔ آپؐ نے فرمایا، یہ اس امّت کا فرعون ہے۔

ایمان کے تابناک نقوش

حضرت عُمیرؓ بن الحمام اور حضرت عوف بن حارث ابن عفراء کے ایمان افروز کارناموں کا ذکر پچھلے صفحات میں آچکا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس معرکے میں قدم قدم پر ایسے مناظر پیش آئے جن میں عقیدے کی قوت اور اصول کی پختگی نمایاں اور جلوہ گر تھی۔ اس معرکے میں باپ اور بیٹے میں بھائی اور بھائی میں صف آرائی ہوئی۔ اصولوں کے اختلاف پر تلواریں بے نیام ہوئیں اور مظلوم و مقہور نے ظالم و قاہر سے ٹکرا کر اپنے غصے کی آگ بجھائی۔

۱۔ ابن اسحاق نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا: "مجھے معلوم ہے کہ بنو ہاشم وغیرہ کے کچھ لوگ زبردستی میدانِ جنگ میں لائے گئے ہیں۔ انھیں ہماری جنگ سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ لہٰذا بنو ہاشم کا کوئی آدمی کسی کی زد میں آجائے تو وہ اسے قتل نہ کرے۔ اور ابوالبختری بن ہشام کسی کی زد میں آجائے تو وہ اُسے قتل نہ کرے۔ اور عباسؓ بن عبدالمطلب کسی کی زد میں آجائیں تو وہ بھی انہیں قتل نہ کرے کیونکہ وہ بالجبر لائے گئے ہیں۔" اس پر عُتبہ کے صاحبزادے حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا ہم اپنے باپ بیٹوں، بھائیوں اور کنبے قبیلے کے لوگوں کو قتل کریں گے اور عباس کو چھوڑ دیں گے خدا کی قسم! اگر اس سے میری مڈبھیڑ ہوگئی تو میں تو اسے تلوار کی لگام پہنا دوں گا۔" یہ خبر رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے فرمایا، کیا رسول اللہ ﷺ کے چچا کے چہرے پر تلوار ماری جائے گی! حضرت عمر رضی اللہ نے کہا: "یا رسولؐ اللہ! مجھے چھوڑیئے میں تلوار سے اِس

شخص کی گردن اُڑا دوں کیونکہ بخدا یہ شخص منافق ہو گیا ہے۔"

بعد میں ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے، اس دن میں نے جو بات کہہ دی تھی اس کی وجہ سے میں مطمئن نہیں ہوں۔ برابر خوف لگا رہتا ہے۔ صرف یہی صورت ہے کہ میری شہادت اس کا کفارہ بن جائے۔ اور بالآخر وہ یمامہ کی جنگ میں شہید ہو ہی گئے۔

۲۔ ابو البختری کو قتل کرنے سے اس لیے منع کیا گیا تھا کہ مکے میں یہ شخص سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی ایذا رسانی سے اپنا ہاتھ روکے ہوئے تھا۔ آپ کو کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچاتا تھا اور نہ اس کی طرف سے کوئی ناگوار بات سننے میں آتی تھی، اور یہ ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے بنی ہاشم اور بنی مطلب کے بائیکاٹ کا صحیفہ چاک کیا تھا۔

لیکن ان سب کے باوجود ابو البختری قتل کر دیا گیا۔ ہوا یہ کہ حضرت مجذرؓ بن زیاد بلوی سے اس کی مڈبھیڑ ہو گئی۔ اس کے ساتھ اس کا ایک اور ساتھی بھی تھا۔ دونوں ساتھ ساتھ لڑ رہے تھے۔ حضرت مجذرؓ نے کہا: "ابو البختری! رسول اللہ ﷺ نے ہمیں آپ کو قتل کرنے سے منع کیا ہے۔" اس نے کہا، اور میرا ساتھی؟ حضرت مجذرؓ نے کہا: نہیں، بخدا ہم آپ کے ساتھی کو نہیں چھوڑ سکتے۔ اس نے کہا، خدا کی قسم تب میں اور وہ دونوں مریں گے۔ اس کے بعد دونوں نے لڑائی شروع کر دی۔ مجذرؓ نے مجبوراً اسے بھی قتل کر دیا۔

۳۔ مکے کے اندر جاہلیت کے زمانے سے حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور اُمیّہ بن خلف میں باہم دوستی تھی۔ جنگِ بدر کے روز امیہ اپنے لڑکے علی کا ہاتھ پکڑے کھڑا تھا کہ اتنے میں ادھر سے حضرت عبد الرحمٰنؓ بن عوف کا گذر ہوا۔ وہ دشمن سے کچھ زِرہیں چھین کر لادے لیے جا رہے تھے۔ اُمیّہ نے انہیں دیکھ کر کہا: "کیا تمہیں میری ضرورت ہے؟ میں تمہاری ان زِرہوں سے بہتر ہوں۔ آج جیسا منظر تو میں نے دیکھا ہی نہیں۔ کیا تمہیں دودھ کی حاجت نہیں؟" ——— مطلب یہ تھا کہ جو مجھے قید کرے گا میں اُسے فدیے میں خوب دودھیل اونٹنیاں دوں گا ——— یہ سن کر عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے زِرہیں پھینک دیں اور دونوں کو گرفتار کر کے آگے بڑھے۔

حضرت عبد الرحمٰنؓ کہتے ہیں کہ میں اُمیّہ اور اس کے بیٹے کے درمیان چل رہا تھا کہ اُمیّہ نے پوچھا، آپ لوگوں میں وہ کونسا آدمی تھا جو اپنے سینے پر شتر مرغ کا پَر لگائے ہوئے تھا؟ میں نے کہا: وہ حضرت حمزہؓ بن عبد المطلب تھے۔ اُمیّہ نے کہا، یہی شخص ہے جس نے ہمارے اندر تباہی

مچا رکھی تھی۔

حضرت عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں کہ واللہ میں ان دونوں کو لیے جا رہا تھا کہ اچانک حضرت بلالؓ نے امیہ کو میرے ساتھ دیکھ لیا ـــــ یاد رہے کہ امیہ حضرت بلالؓ کو مکے میں ستایا کرتا تھا ـــــ حضرت بلالؓ نے کہا ' او ہو الکفار کا سرغنہ، اُمیہ بن خلف! اب یا تو میں بچوں گا یا یہ بچے گا۔ میں نے کہا ' اے بلالؓ! یہ میرا قیدی ہے۔ انہوں نے کہا، اب یا تو میں رہوں گا یا یہ رہے گا۔ پھر نہایت بلند آواز سے پکارا: "اے اللہ کے انصارو! یہ رہا کفار کا سرغنہ اُمیہ بن خلف، اب یا تو میں رہوں گا یا یہ رہے گا۔" حضرت عبدالرحمٰنؓ کہتے ہیں کہ اتنے میں لوگوں نے ہمیں کنگن کی طرح گھیرے میں لے لیا۔ میں ان کا بچاؤ کر رہا تھا مگر ایک آدمی نے تلوار سونت کر اس کے بیٹے کے پاؤں پر ضرب لگائی اور وہ تیورا کر گر گیا۔ اُدھر اُمیہ نے اتنے زور کی چیخ ماری کہ میں نے ویسی چیخ کبھی سُنی ہی نہ تھی۔ میں نے کہا نکل بھاگو۔ مگر آج بھاگنے کی گنجائش نہیں، خدا کی قسم! میں تمہارے کچھ کام نہیں آسکتا۔ حضرت عبدالرحمٰنؓ کا بیان ہے کہ لوگوں نے اپنی تلواروں سے ان دونوں کو کاٹ کر ان کا کام تمام کر دیا۔ اس کے بعد حضرت عبدالرحمٰنؓ کہا کرتے تھے: "اللہ بلالؓ پر رحم کرے میری زرہیں بھی گئیں اور میرے قیدی کے بارے میں مجھے تڑپا بھی دیا۔"

زاد المعاد میں علامہ ابن قیم نے لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے اُمیہ بن خلف سے کہا کہ گھٹنوں کے بل بیٹھ جاؤ۔ وہ بیٹھ گیا اور حضرت عبدالرحمٰنؓ نے اپنے آپ کو اس کے اوپر ڈال لیا۔ لیکن لوگوں نے نیچے سے تلوار مار کر اُمیہ کو قتل کر دیا۔ بعض تلواروں سے حضرت عبدالرحمٰنؓ بن عوف کا پاؤں بھی زخمی ہو گیا۔[1]

۴۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاص بن ہشام بن مغیرہ کو قتل کیا۔

۵۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کو ـــــ جو اس وقت مشرکین کے ہمراہ تھے ـــــ پکار کر کہا: او خبیث! میرا مال کہاں ہے؟ عبدالرحمٰن نے کہا:

لم یبق غیر شکة ویعبوب   وصارم یقتل ضلال الشیب

ہتھیار، تیز رو گھوڑے اور اس تلوار کے سوا کچھ باقی نہیں جو بڑھاپے کی گمراہی کا خاتمہ کرتی ہے۔

۶۔ جس وقت مسلمانوں نے مشرکین کی گرفتاری شروع کی رسول اللہ ﷺ چھپر میں تشریف فرما تھے اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ تلوار حمائل کئے دروازے پر پہرہ دے رہے تھے۔ رسول اللہ

ﷺ نے دیکھا کہ حضرت سعدؓ کے چہرے پر لوگوں کی اس حرکت کا ناگوار اثر پڑ رہا ہے۔ آپؐ نے فرمایا "اے سعد! بخدا، ایسا محسوس ہوتا ہے کہ تم کو مسلمانوں کا یہ کام ناگوار ہے"۔ انہوں نے کہا: "جی ہاں! خدا کی قسم اے اللہ کے رسولؐ! یہ اہلِ شرک کے ساتھ پہلا معرکہ ہے جس کا موقع اللہ نے ہمیں فراہم کیا ہے۔ اس لیے اہلِ شرک کو باقی چھوڑنے کے بجائے مجھے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ انہیں خوب قتل کیا جائے اور اچھی طرح کچل دیا جائے"۔

۷۔ اس جنگ میں حضرت عکاشہ بن محصن اسدی رضی اللہ عنہ کی تلوار ٹوٹ گئی۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے انہیں لکڑی کا ایک پھٹا تھما دیا اور فرمایا عکاشہؓ! اسی سے لڑائی کرو۔ عکاشہؓ نے اسے رسول اللہ ﷺ سے لے کر ہلایا تو وہ ایک لمبی، مضبوط اور چم چم کرتی ہوئی سفید تلوار میں تبدیل ہو گیا۔ پھر انہوں نے اسی سے لڑائی کی یہاں تک کہ اللہ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی۔ اس تلوار کا نام عون۔ یعنی مدد۔ رکھا گیا تھا۔ یہ تلوار مستقلاً حضرت عکاشہؓ کے پاس رہی اور وہ اسی کو لڑائیوں میں استعمال کرتے رہے یہاں تک کہ دَورِ صدیقی میں مرتدین کے خلاف جنگ کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ اس وقت بھی یہ تلوار اُن کے پاس ہی تھی۔

۸۔ خاتمۂ جنگ کے بعد حضرت مُصعَب بن عُمیر عَبدَری رضی اللہ عنہ اپنے بھائی ابوعزیز بن عُمیر عَبدَری کے پاس سے گذرے۔ ابوعزیز نے مسلمانوں کے خلاف جنگ لڑی تھی اور اس وقت ایک انصاری صحابی اس کا ہاتھ باندھ رہے تھے۔ حضرت مُصعَبؓ نے اس انصاری سے کہا: "اس شخص کے ذریعے اپنے ہاتھ مضبوط کرنا، اس کی ماں بڑی مالدار ہے وہ غالباً تمہیں اچھا فدیہ دے گی"۔ اس پر ابوعزیز نے اپنے بھائی مُصعَبؓ سے کہا: کیا میرے بارے میں تمہاری یہی وصیت ہے؟ حضرت مُصعَبؓ نے فرمایا۔ (ہاں!) تمہارے بجائے یہ۔ انصاری۔ میرا بھائی ہے۔

۹۔ جب مشرکین کی لاشوں کو کنوئیں میں ڈالنے کا حکم دیا گیا اور عتبہ بن ربیعہ کو کنوئیں کی طرف گھسیٹ کر لے جایا جانے لگا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کے صاحبزادے حضرت ابوحذیفہؓ کے چہرے پر نظر ڈالی، دیکھا تو غمزدہ تھے، چہرہ بدلا ہوا تھا۔ آپؐ نے فرمایا: "ابوحذیفہ! غالباً اپنے والد کے سلسلے میں تمہارے دل کے اندر کچھ احساسات ہیں"؟ انہوں نے کہا: "نہیں واللہ یارسول اللہ!

لے زاد المعاد ۲ / ۸۹، صحیح بخاری، کتاب الوکالہ ۱/ ۳۰۸ میں یہ واقعہ بعض مزید جزوی تفصیلات کے ساتھ مروی ہے۔

میرے اندر اپنے باپ کے بارے میں اور ان کے قتل کے بارے میں ذرا بھی لرزش نہیں؛ البتہ میں اپنے باپ کے متعلق جانتا تھا کہ ان میں سوجھ بوجھ ہے۔ دور اندیشی اور فضل و کمال ہے اس لیے میں آس لگائے بیٹھا تھا کہ یہ خوبیاں انہیں اسلام تک پہنچا دیں گی؛ لیکن اب ان کا انجام دیکھ کر اور اپنی توقع کے خلاف کفر پر ان کا خاتمہ دیکھ کر مجھے افسوس ہے۔" اس پر رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوحذیفہؓ کے حق میں دعائے خیر فرمائی اور ان سے بھلی بات کہی۔

فریقین کے مقتولین

یہ معرکہ، مشرکین کی شکستِ فاش اور مسلمانوں کی فتحِ مبین پر ختم ہوا اور اس میں چودہ مسلمان شہید ہوئے۔ چھ مہاجرین میں سے اور آٹھ انصار میں سے؛ لیکن مشرکین کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ ان کے ستر آدمی مارے گئے اور ستر قید کیے گئے جو عموماً قائد، سردار اور بڑے بڑے سربر آوردہ حضرات تھے۔

خاتمۂ جنگ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے مقتولین کے پاس کھڑے ہو کر فرمایا: "تم لوگ اپنے نبی کے لیے کتنا برا کنبہ اور قبیلہ تھے۔ تم نے مجھے جھٹلایا جبکہ اوروں نے میری تصدیق کی۔ تم نے مجھے بے یارو مددگار چھوڑا جبکہ اوروں نے میری تائید کی۔ تم نے مجھے نکالا جبکہ اوروں نے مجھے پناہ دی۔" اس کے بعد آپ نے حکم دیا اور انہیں گھسیٹ کر بدر کے ایک کنویں میں ڈال دیا گیا۔

حضرت ابوطلحہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کے حکم سے بدر کے روز قریش کے چوبیس بڑے بڑے سرداروں کی لاشیں بدر کے ایک گندے خبیث کنویں میں پھینک دی گئیں۔ آپؐ کا دستور تھا کہ آپ جب کسی قوم پر فتحیاب ہوتے تو تین دن میدانِ جنگ میں قیام فرماتے۔ چنانچہ جب بدر میں تیسرا دن آیا تو آپؐ کے حسب الحکم آپؐ کی سواری پر کجاوہ کسا گیا۔ اس کے بعد آپؐ پیدل چلے اور پیچھے پیچھے صحابہ کرامؓ بھی چلے یہاں تک کہ آپؐ کنویں کی بار پر کھڑے ہو گئے۔ پھر انہیں ان کا اور ان کے باپ کا نام لے لے کر پکارنا شروع کیا۔ اے فلاں بن فلاں اور اے فلاں بن فلاں! کیا تمہیں یہ بات خوش آتی ہے کہ تم نے اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کی ہوتی؟ کیونکہ ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا اسے ہم نے برحق پایا تو کیا تم سے تمہارے رب نے جو وعدہ کیا تھا اسے تم نے برحق پایا؟ حضرت عمر رضی اللہ نے عرض کی: یا رسولؐ اللہ آپ ایسے جسموں سے کیا باتیں کر رہے ہیں جن میں رُوح ہی نہیں؟ نبی ﷺ

نے فرمایا' اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اسے تم لوگ ان سے زیادہ نہیں سن رہے ہو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ تم لوگ ان سے زیادہ سننے والے نہیں لیکن یہ لوگ جواب نہیں دے سکتے۔[۱]

مکّے میں شکست کی خبر

مشرکین نے میدانِ بدر سے غیر منظم شکل میں بھاگتے ہوئے تتر بتر ہو کر گھبراہٹ کے عالم میں مکّے کا رُخ کیا۔ شرم و ندامت کے سبب ان کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کس طرح مکّے میں داخل ہوں۔

ابنِ اسحاق کہتے ہیں کہ سب سے پہلے جو شخص قریش کی شکست کی خبر لے کر مکّے وارد ہُوا وہ حَیْسمان بن عبداللہ خزاعی تھا۔ لوگوں نے اس سے دریافت کیا کہ پیچھے کی کیا خبر ہے؟ اس نے کہا: عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ابوالحکم بن ہشام، اُمیّہ بن خلف ـــــ اور مزید کچھ سرداروں کا نام لیتے ہوئے ـــــ یہ سب قتل کر دیئے گئے۔ جب اس نے مقتولین کی فہرست میں اشرافِ قریش کو گنانا شروع کیا تو صفوان بن اُمیّہ نے جو حطیم میں بیٹھا تھا کہا' خدا کی قسم! اگر یہ ہوش میں ہے تو اس سے میرے متعلق پوچھو۔ لوگوں نے پوچھا صفوان بن امیہ کا کیا ہُوا؟ اس نے کہا' وہ تو وہ دیکھو! حطیم میں بیٹھا ہُوا ہے۔ بخدا اس کے باپ اور اس کے بھائی کو قتل ہوتے ہوئے میں نے خود دیکھا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے مولیٰ ابو رافعؓ کا بیان ہے کہ میں ان دنوں حضرت عباسؓ کا غلام تھا۔ ہمارے گھر میں اسلام داخل ہو چکا تھا۔ حضرت عباسؓ مسلمان ہو چکے تھے، اُمّ الفضلؓ مسلمان ہو چکی تھیں، میں بھی مسلمان ہو چکا تھا؛ البتہ حضرت عباسؓ نے اپنا اسلام چھپا رکھا تھا۔ اِدھر ابولہب جنگ بدر میں حاضر نہ ہُوا تھا۔ جب اسے خبر ملی تو اللہ نے اس پر ذلّت و روسیاہی طاری کر دی اور ہمیں اپنے اندر قوت و عزّت محسوس ہوئی۔ میں کمزور آدمی تھا تیر بنایا کرتا تھا اور زمزم کے حجرے میں بیٹھا تیر کے دستے چھیلتا رہتا تھا۔ واللہ! اس وقت میں حجرے میں بیٹھا اپنے تیر چھیل رہا تھا۔ میرے پاس اُمّ الفضلؓ بیٹھی ہوئی تھیں اور جو خبر آئی تھی اس سے ہم شاداں و فرحاں تھے کہ اتنے میں ابولہب اپنے دونوں پاؤں بُری طرح گھسیٹتا ہُوا آپہنچا اور حجرے کے کنارے پر بیٹھ گیا۔ اس کی پیٹھ میری پیٹھ کی طرف تھی۔ ابھی وہ بیٹھا ہی ہُوا تھا کہ اچانک شور ہُوا: یہ ابوسفیان بن حارث بن عبد المطلب آگیا۔ ابولہب نے اس سے کہا' میرے پاس آؤ، میری عمر کی قسم تمہارے

---

[۱] متفق علیہ۔ مشکوٰۃ ۲ / ۳۴۵

پاس خبر ہے۔ وہ ابولہب کے پاس بیٹھ گیا۔ لوگ کھڑے تھے۔ ابولہب نے کہا، بھتیجے بتاؤ لوگوں کا کیا حال رہا؟ اس نے کہا، کچھ نہیں۔ بس لوگوں سے ہماری مڈبھیڑ ہوئی اور ہم نے اپنے کندھے ان کے حوالے کر دیئے۔ وہ ہمیں جیسے چاہتے تھے قتل کرتے تھے اور جیسے چاہتے تھے قید کرتے تھے، اور خدا کی قسم میں اس کے باوجود لوگوں کو ملامت نہیں کر سکتا۔ درحقیقت ہماری مڈبھیڑ کچھ ایسے گورے چٹے لوگوں سے ہوئی تھی جو آسمان و زمین کے درمیان چتکبرے گھوڑوں پر سوار تھے۔ خدا کی قسم نہ وہ کسی چیز کو چھوڑتے تھے اور نہ کوئی چیز ان کے مقابل ٹک پاتی تھی۔

ابو رافعؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے ہاتھ سے خیمے کا کنارہ اٹھایا، پھر کہا، وہ خدا کی قسم فرشتے تھے؟ یہ سن کر ابولہب نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور میرے چہرے پر زوردار تھپڑ رسید کیا۔ میں اس سے لڑ پڑا لیکن اس نے مجھے اٹھا کر زمین پر پٹک دیا۔ پھر میرے اوپر گھٹنے کے بل بیٹھ کر مجھے مارنے لگا۔ میں کمزور جو ٹھہرا۔ لیکن اتنے میں اُمّ الفضل نے اٹھ کر خیمے کا ایک کھمبا لیا اور اسے ایسی ضرب ماری کہ سر میں بُری طرح چوٹ آگئی اور ساتھ ہی بولیں، اس کا مالک نہیں ہے اس لیے اسے کمزور سمجھ رکھا ہے؟ ابولہب رسوا ہو کر اٹھا اور چلا گیا۔ اس کے بعد خدا کی قسم صرف سات راتیں گذری تھیں کہ اللہ نے اُسے عدسہ (ایک قسم کے طاعون) میں مبتلا کر دیا اور اس کا خاتمہ کر دیا۔ عدسہ کی گلٹی کو عرب بہت منحوس سمجھتے تھے؛ چنانچہ (مرنے کے بعد) اس کے بیٹوں نے بھی اسے یوں ہی چھوڑ دیا اور وہ تین روز تک بے گور و کفن پڑا رہا۔ کوئی اس کے قریب نہ جاتا تھا اور نہ اس کی تدفین کی کوشش کرتا تھا۔ جب اس کے بیٹوں کو خطرہ محسوس ہوا کہ اس طرح چھوڑنے پر لوگ انہیں ملامت کریں گے تو ایک گڑھا کھود کر اسی میں لکڑی سے اس کی لاش دھکیل دی اور دُور ہی سے پتھر پھینک پھینک کر چھپا دی۔

غرض اس طرح اہلِ مکہ کو میدانِ بدر کی شکستِ فاش کی خبر ملی اور ان کی طبیعت پر اس کا نہایت بُرا اثر پڑا حتیٰ کہ انھوں نے مقتولین پر نوحہ کرنے کی ممانعت کر دی تاکہ مسلمانوں کو ان کے غم پر خوش ہونے کا موقع نہ ملے۔

اس سلسلے کا ایک دلچسپ واقعہ یہ ہے کہ جنگ بدر میں اسود بن عبد المطلب کے تین بیٹے مارے گئے اس لیے وہ ان پر رونا چاہتا تھا۔ وہ اندھا آدمی تھا۔ ایک رات اس نے ایک نوحہ کرنے والی عورت کی آواز سنی۔ جھٹ اپنے غلام کو بھیجا اور کہا: "ذرا، دیکھو! کیا نوحہ کرنے کی اجازت

مل گئی ہے؟ کیا قریش اپنے مقتولین پر رو رہے ہیں تاکہ میں بھی ۔ اپنے بیٹے ۔۔۔ ابو حکیمہ پر روؤں، کیونکہ میرا سینہ جل رہا ہے"۔ غلام نے واپس آکر بتایا کہ یہ عورت تو اپنے ایک گم شدہ اُونٹ پر رو رہی ہے ۔اسود یہ سن کر اپنے آپ پر قابو نہ پا سکا اور بے اختیار کہہ پڑا:

اتبکی ان یضل لھا بعیر ویمنعھا من النوم السھود

فلا تبکی علی بکر ولکن علی بدر تقاصرت الجدود

علی بدر سراة بنی ھصیص ومخزوم و رھط ابی الولید

و بکی ان بکیت علی عقیل و بکی حارثا اسد الاسود

وبکیھم ولا تسمی جمیعا و ما لابی حکیمة من ندید

الا قد ساد بعدھم رجال ولو لا یوم بدر لم یسودوا

"کیا وہ اس بات پر روتی ہے کہ اس کا اونٹ غائب ہو گیا؟ اور اس پر بے خوابی نے اس کی نیند حرام کر رکھی ہے؟ تو اونٹ پر نہ رو بلکہ بدر پر رو جہاں قسمتیں پھوٹ گئیں۔ ہاں ہاں! بدر پر رو جہاں بنی ہصیص، بنی مخزوم اور ابو الولید کے قبیلے کے سربر آوردہ افراد ہیں۔ اگر رونا ہی ہے تو عقیل پر رو اور حارث پر رو جو شیروں کا شیر تھا۔ تو ان لوگوں پر رو اور سب کا نام نہ لے۔ اور ابو حکیمہ کا تو کوئی ہمسر ہی نہ تھا۔ دیکھو! ان کے بعد ایسے ایسے لوگ سردار ہو گئے کہ اگر بدر کا دن نہ ہوتا تو وہ سردار نہ ہو سکتے تھے۔"

مدینے میں فتح کی خوش خبری

ادھر مسلمانوں کی فتح مکمل ہو چکی تو رسول اللہ ﷺ نے اہلِ مدینہ کو جلد از جلد خوشخبری دینے کے لیے دو قاصد روانہ فرمائے۔ ایک حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ جنہیں عوالی (بالائی مدینہ) کے باشندوں کے پاس بھیجا گیا تھا اور دوسرے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جنہیں زیریں مدینہ کے باشندوں کے پاس بھیجا گیا تھا۔

اس دوران یہود اور منافقین نے جھوٹے پروپیگنڈے کر کر کے مدینے میں ہلچل بپا کر رکھی تھی یہاں تک کہ یہ خبر بھی اُڑا رکھی تھی کہ نبی ﷺ قتل کر دیئے گئے ہیں؛ چنانچہ جب ایک منافق نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کی اونٹنی قصواء پر سوار آتے دیکھا تو بول پڑا: "واقعی محمدؐ ﷺ قتل کر دیئے گئے ہیں۔ دیکھو! یہ تو انہیں کی اونٹنی ہے۔ ہم اسے

پہچانتے ہیں، اور یہ زید بن حارثہ ہے، شکست کھا کر بھاگا ہے اور اس قدر مرعوب ہے کہ اس کی سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کہے۔" بہر حال جب دونوں قاصد پہنچے تو مسلمانوں نے انہیں گھیر لیا اور ان سے تفصیلات سننے لگے حتیٰ کہ انہیں یقین آگیا کہ مسلمان فتح یاب ہوئے ہیں۔ اس کے بعد ہر طرف مسرّت و شادمانی کی لہر دَوڑ گئی اور مدینے کے دَر و بام تہلیل و تکبیر کے نعروں سے گونج اُٹھے اور جو سر برآوردہ مسلمان مدینے میں رہ گئے تھے وہ رسول اللہ ﷺ کو اس فتح مبین کی مبارک باد دینے کے لیے بدر کے راستے پر نکل پڑے۔

حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہمارے پاس اس وقت خبر پہنچی جب رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت رُقیہ رضی اللہ عنہا کو، جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عقد میں تھیں، دفن کر کے قبر پر مٹی برابر کر چکے تھے۔ ان کی تیمارداری کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ مجھے بھی رسول اللہ ﷺ نے مدینے ہی میں چھوڑ دیا تھا۔

مالِ غنیمت کا مسئلہ

رسول اللہ ﷺ نے معرکہ ختم ہونے کے بعد تین دن بدر میں قیام فرمایا، اور ابھی آپؐ نے میدانِ جنگ سے کوچ نہیں فرمایا تھا کہ مالِ غنیمت کے بارے میں لشکر کے اندر اختلاف پڑ گیا اور جب یہ اختلاف شدّت اختیار کر گیا تو رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ جس کے پاس جو کچھ ہے وہ آپؐ کے حوالے کر دے صحابہ کرامؓ نے اس حکم کی تعمیل کی اور اس کے بعد اللہ نے وحی کے ذریعے اس مسئلے کا حل نازل فرمایا۔

حضرت عُبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ نبی ﷺ کے ساتھ مدینے سے نکلے اور بدر میں پہنچے۔ لوگوں سے جنگ ہوئی اور اللہ نے دشمن کو شکست دی۔ پھر ایک گروہ ان کے تعاقب میں لگ گیا اور انہیں کھدیڑنے اور قتل کرنے لگا اور ایک گروہ مالِ غنیمت پر ٹوٹ پڑا اور اسے بٹورنے اور سمیٹنے لگا اور ایک گروہ نے رسول اللہ ﷺ کے گرد گھیرا ڈالے رکھا کہ مبادا دشمن دھوکے سے آپؐ کو کوئی اذیت پہنچا دے۔ جب رات آئی اور لوگ پلٹ پلٹ کر ایک دوسرے کے پاس پہنچے تو مالِ غنیمت جمع کرنے والوں نے کہا کہ ہم نے اسے جمع کیا ہے لہٰذا اس میں کسی اور کا کوئی حصہ نہیں۔ دشمن کا تعاقب کرنے والوں نے کہا: "تم لوگ ہم سے بڑھ کر اس کے حق دار نہیں کیونکہ اس مال سے دشمن کو بھگانے اور دُور رکھنے کا کام ہم نے کیا تھا" اور جو لوگ رسول اللہ ﷺ کی حفاظت فرما

رہے تھے انہوں نے کہا: "ہمیں یہ خطرہ تھا کہ دشمن آپ کو غفلت میں پا کر کوئی اذیت نہ پہنچا دے اس لیے ہم آپؐ کی حفاظت میں مشغول رہے"۔ اس پر اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِكُمْ ۪ وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ○ (۸:۱)

"لوگ آپؐ سے مالِ غنیمت کے متعلق پوچھتے ہیں۔ کہہ دو غنیمت اللہ اور رسولؐ کے لیے ہے۔ پس اللہ سے ڈرو، اور اپنے باہمی تعلقات کی اصلاح کر لو اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو اگر واقعی تم لوگ مومن ہو۔"

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اس مالِ غنیمت کو مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرما دیا۔[۱۲]

اسلامی لشکر مدینے کی راہ میں

رسول اللہ ﷺ تین روز بدر میں قیام فرما کر مدینے کے لیے چل پڑے۔ آپؐ کے ہمراہ مشرک قیدی بھی تھے اور مشرکین سے حاصل کیا ہوا مالِ غنیمت بھی۔ آپؐ نے حضرت عبداللہ بن کعب رضی اللہ عنہ کو اس کی نگرانی سونپی تھی۔ جب آپؐ وادی صَفْراء کے درّے سے باہر نکلے تو درّے اور نازیہ کے درمیان ایک ٹیلے پر پڑاؤ ڈالا اور وہیں خُمس (پانچواں حصہ) علیحدہ کر کے باقی مالِ غنیمت مُسلمانوں پر برابر برابر تقسیم کر دیا۔

اور وادی صَفْراء ہی میں آپؐ نے حکم صادر فرمایا کہ نضر بن حارث کو قتل کر دیا جائے۔ اس شخص نے جنگِ بدر میں مشرکین کا پرچم اُٹھا رکھا تھا اور یہ قریش کے اکابر مجرمین میں سے تھا۔ اسلام دشمنی اور رسول اللہ ﷺ کی ایذاء رسانی میں حد درجہ بڑھا ہوا تھا۔ آپؐ کے حکم پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کی گردن مار دی۔

اس کے بعد جب آپؐ عرق الظبیہ پہنچے تو عُقْبَہ بن ابی مُعَیط کے قتل کا حکم صادر فرمایا۔ یہ شخص جس طرح رسول اللہ ﷺ کو ایذا پہنچایا کرتا تھا اس کا کچھ ذکر پیچھے گذر چکا ہے یہی شخص ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کی پیٹھ پر نماز کی حالت میں اونٹ کی اوجھ ڈالی تھی اور اسی شخص نے آپؐ کی گردن پہ چادر لپیٹ کر آپؐ کو قتل کرنا چاہا تھا اور اگر ابوبکر رضی اللہ عنہ بروقت نہ گئے ہوتے تو اس نے (اپنی دانست میں تو)

---

[۱۲] مسند احمد ۵/۳۲۳، ۳۲۴ حاکم ۲/۳۲۶۔

آپؐ کا گلا گھونٹ کر مار ہی ڈالا تھا۔ جب نبی ﷺ نے اس کے قتل کا حکم صادر فرمایا تو کہنے لگا: "اے محمدؐ! بچّوں کے لیے کون ہے؟" آپؐ نے فرمایا، "آگ"[۱۳]۔ اس کے بعد حضرت عاصم بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ نے ــــ اور کہا جاتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ــــ اس کی گردن مار دی۔

جنگی نقطۂ نظر سے ان دونوں طاغوتوں کا قتل کیا جانا ضروری تھا کیونکہ یہ صرف جنگی قیدی نہ تھے بلکہ جدید اصطلاح کی رُو سے جنگی مجرم بھی تھے۔

تہنیت کے وفود

اس کے بعد جب آپؐ مقامِ رَوحاء پہنچے تو ان مسلمان سربراہوں سے ملاقات ہوئی جو دونوں قاصدوں سے فتح کی بشارت سُن کر آپؐ کا استقبال کرنے اور آپؐ کو فتح کی مبارک باد پیش کرنے کے لیے مدینے سے نکل پڑے تھے۔ جب انہوں نے مبارک باد پیش کی تو حضرت سلمہ بن سلامہ رضی اللہ عنہ نے کہا: "آپ لوگ ہمیں کاہے کی مبارک باد دے رہے ہیں ہمارا ٹکراؤ تو خدا کی قسم، گنجے سر کے بوڑھوں سے ہُوا تھا جو اونٹ جیسے تھے۔" اس پر رسول اللہ ﷺ نے مسکرا کر فرمایا، "بھتیجے! یہی لوگ سربرآوردگانِ قوم تھے۔"

اس کے بعد حضرت اُسَید بن حضیر رضی اللہ عنہ عرض پرداز ہوئے: "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم! اللہ کی حمد ہے کہ اس نے آپؐ کو کامیابی سے ہمکنار کیا اور آپؐ کی آنکھوں کو ٹھنڈک بخشی۔ بخدا! میں یہ سمجھتے ہوئے بدر سے پیچھے نہ رہا تھا کہ آپ کا ٹکراؤ دشمن سے ہوگا؛ میں تو سمجھ رہا تھا کہ بس قافلے کا معاملہ ہے، اور اگر میں یہ سمجھتا کہ دشمن سے سابقہ پڑے گا تو میں پیچھے نہ رہتا۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، "سچ کہتے ہو۔"

اس کے بعد آپ مدینہ منوّرہ میں اس طرح مظفر و منصور داخل ہوئے کہ شہر اور گرد و پیش کے سارے دشمنوں پر آپؐ کی دھاک بیٹھ چکی تھی۔ اس فتح کے اثر سے مدینے کے بہت سے لوگ حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے اور اسی موقع پر عبداللہ بن اُبَیّ اور اس کے ساتھیوں نے بھی دکھاوے کے لیے اسلام قبول کیا۔

آپؐ کی مدینہ تشریف آوری کے ایک دن بعد قیدیوں کی آمد ہوئی۔ آپؐ نے انہیں

---

[۱۳] یہ حدیث کتب صحاح میں مروی ہے، مثلاً دیکھئے سنن ابی داؤد مع شرح عون المعبود ۳/ ۱۲

صحابہ رضی اللہ عنہم کرام پر تقسیم فرما دیا اور ان کے ساتھ حسنِ سلوک کی وصیت فرمائی۔ اس وصیت کا نتیجہ یہ تھا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خود کھجور کھاتے تھے لیکن قیدیوں کو روٹی پیش کرتے تھے۔ (واضح رہے کہ مدینے میں کھجور بے حیثیت چیز تھی اور روٹی خاصی گراں قیمت)

قیدیوں کا قضیّہ

جب رسول اللہ ﷺ مدینہ پہنچ گئے تو آپؐ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے قیدیوں کے بارے میں مشورہ کیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: "یا رسول اللہ ﷺ! یہ لوگ چچیرے بھائی اور کُنبے قبیلے کے لوگ ہیں۔ میری رائے ہے کہ آپؐ ان سے فدیہ لے لیں۔ اس طرح جو کچھ ہم لیں گے وہ کفار کے خلاف ہماری قوت کا ذریعہ ہو گا۔ اور یہ بھی متوقع ہے کہ اللہ انہیں ہدایت دے دے اور وہ ہمارے بازو بن جائیں"۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابنِ خطاب تمہاری کیا رائے ہے؟ انھوں نے کہا: "واللہ میری وہ رائے نہیں ہے جو ابوبکرؓ کی ہے۔ میری رائے یہ ہے کہ آپؐ فلاں کو۔ (جو حضرت عمرؓ کا قریبی تھا) ــــ میرے حوالے کریں اور میں اس کی گردن مار دوں۔ عقیل بن ابی طالب کو علیؓ کے حوالے کریں اور وہ اس کی گردن ماریں اور فلاں کو جو حمزہؓ کا بھائی ہے حمزہؓ کے حوالے کریں اور وہ اس کی گردن مار دیں یہاں تک کہ اللہ کو معلوم ہو جائے کہ ہمارے دلوں میں مشرکین کے لیے نرم گوشہ نہیں ہے، اور یہ حضرات مشرکین کے صنادید وائمہ اور قائدین ہیں"۔

حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بات پسند فرمائی اور میری بات پسند نہیں فرمائی؛ چنانچہ قیدیوں سے فدیہ لینا طے کر لیا۔ اس کے بعد جب اگلا دن آیا تو میں صبح ہی صبح رسول اللہ ﷺ اور ابوبکرؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ دونوں رو رہے تھے۔ میں نے کہا: "اے اللہ کے رسولؐ! مجھے بتائیں آپؐ اور آپ کے ساتھی کیوں رو رہے ہیں؟ اگر مجھے بھی رونے کی وجہ ملی تو روؤں گا اور اگر نہ مل سکی تو آپ حضرات کے رونے کی وجہ سے روؤں گا"۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "فدیہ قبول کرنے کی وجہ سے تمہارے اصحاب پر جو چیز پیش کی گئی ہے۔ اسی کی وجہ سے رو رہا ہوں"۔ اور آپؐ نے ایک قریبی درخت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ مجھ پر ان کا عذاب اس درخت سے بھی زیادہ قریب پیش کیا گیا[1]

---

[1] تاریخ عمر بن الخطاب ابن جوزی۔ ص ۳۶

اور اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ۭ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ڰ وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ (۸ : ۶۷/۶۸)

"کسی نبی کے لیے درست نہیں کہ اس کے پاس قیدی ہوں یہاں تک کہ وہ زمین میں اچھی طرح خونریزی کر لے۔ تم لوگ دنیا کا سامان چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے؛ اور اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اگر اللہ کی طرف سے نوشتہ سبقت نہ کر چکا ہوتا تو تم لوگوں نے جو کچھ لیا ہے اس پر تم کو سخت عذاب پکڑ لیتا۔"

اور اللہ کی طرف سے جو نوشتہ سبقت کر چکا تھا وہ یہ تھا۔ فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً (۴۷ : ۴) یعنی "مشرکین کو جنگ میں قید کرنے کے بعد یا تو احسان کر دیا فدیہ لے لو۔"

چونکہ اس نوشتے میں قیدیوں سے فدیہ لینے کی اجازت دی گئی ہے اس لیے صحابہ کرامؓ کو قبولِ فدیہ پر سزا نہیں دی گئی بلکہ صرف سرزنش کی گئی اور یہ بھی اس لیے کہ انہوں نے کفار کو اچھی طرح کچلنے سے پہلے قیدی بنا لیا تھا؛ اور اس لیے بھی کہ انہوں نے ایسے ایسے مجرمینِ جنگ سے فدیہ لینا قبول کر لیا تھا جو صرف جنگی قیدی نہ تھے بلکہ جنگ کے ایسے اکابر مجرمین تھے جنہیں جدید قانون بھی مقدمہ چلائے بغیر نہیں چھوڑتا، اور جن کے متعلق مقدمہ کا فیصلہ عموماً سزائے موت یا عمر قید کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔

بہر حال چونکہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رائے کے مطابق معاملہ طے ہو چکا تھا اس لیے مشرکین سے فدیہ لیا گیا۔ فدیہ کی مقدار چار ہزار اور تین ہزار درہم سے لے کر ایک ہزار درہم تک تھی۔ اہلِ مکہ لکھنا پڑھنا بھی جانتے تھے جبکہ اہلِ مدینہ لکھنے پڑھنے سے واقف نہ تھے، اس لیے یہ بھی طے کیا گیا کہ جس کے پاس فدیہ نہ ہو وہ مدینے کے دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دے۔ جب یہ بچے اچھی طرح سیکھ جائیں تو یہی اس کا فدیہ ہوگا۔

رسول اللہ ﷺ نے کئی قیدیوں پر احسان بھی فرمایا اور انھیں فدیہ لیے بغیر رہا کر دیا۔ اس فہرست میں مطلب بن حنطب، صیفی بن ابی رفاعہ اور ابو عزہ جمحی کے نام آتے ہیں۔ آخر الذکر کو آئندہ جنگ احد میں قید اور قتل کیا گیا۔ (تفصیل آگے آ رہی ہے۔)

آپؐ نے اپنے داماد ابوالعاص کو بھی اس شرط پر بلا فدیہ چھوڑ دیا کہ وہ حضرت زینبؓ کی راہ نہ روکیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ حضرت زینبؓ نے ابوالعاص کے فدیے میں کچھ مال بھیجا تھا جس میں ایک ہار بھی تھا۔ یہ ہار درحقیقت حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا تھا اور جب انہوں نے حضرت زینبؓ کو ابوالعاص کے پاس رخصت کیا تھا تو یہ ہار انہیں دے دیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھا تو آپؐ پر بڑی رقت طاری ہوگئی اور آپؐ نے صحابہ کرامؓ سے اجازت چاہی کہ ابوالعاص کو چھوڑ دیں۔ صحابہ نے اسے بسروچشم قبول کر لیا اور رسول اللہ ﷺ نے ابوالعاص کو اس شرط پر چھوڑ دیا کہ وہ حضرت زینبؓ کی راہ چھوڑ دیں گے۔ چنانچہ حضرت ابوالعاص نے ان کا راستہ چھوڑ دیا اور حضرت زینبؓ نے ہجرت فرمائی۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زیدؓ بن حارثہ اور ایک انصاری صحابی کو بھیجدیا کہ تم دونوں بطن یاجج میں رہنا۔ جب زینبؓ تمہارے پاس سے گذریں تو ساتھ ہو لینا۔ یہ دونوں حضرات تشریف لے گئے اور حضرت زینبؓ کو ساتھ لے کر مدینہ واپس آئے۔ حضرت زینبؓ کی ہجرت کا واقعہ بڑا طویل اور المناک ہے۔

قیدیوں میں سُہیل بن عَمرو بھی تھا جو بڑا زبان آور خطیب تھا۔ حضرت عمرؓ نے کہا: "اے اللہ کے رسولؐ! سہیل بن عمرو کے اگلے دو دانت تڑوا دیجیے اس کی زبان لپٹ جایا کرے گی اور وہ کسی جگہ خطیب بن کر آپ کے خلاف کبھی کھڑا نہ ہوسکے گا"۔ لیکن رسول اللہ ﷺ نے ان کی یہ گذارش مسترد کر دی کیونکہ یہ مُثلے کے ضمن میں آتا ہے جس پر قیامت کے روز اللہ کی طرف سے پکڑ کا خطرہ تھا۔

حضرت سعد بن نعمان رضی اللہ عنہ عمرہ کرنے کے لیے نکلے تو انہیں ابوسفیان نے قید کر لیا۔ ابوسفیان کا بیٹا عَمرو بھی جنگِ بدر کے قیدیوں میں تھا۔ چنانچہ عمرو کو ابوسفیان کے حوالے کر دیا گیا اور اس نے حضرت سعدؓ کو چھوڑ دیا۔

قرآن کا تبصرہ

اسی غزوے کے تعلق سے سورۂ انفال نازل ہوئی جو درحقیقت اس غزوے پر ایک خدائی تبصرہ ہے — اگر یہ تعبیر صحیح ہو — اور یہ تبصرہ بادشاہوں اور کمانڈروں وغیرہ کے فاتحانہ تبصروں سے بالکل ہی جداگانہ ہے۔ اس تبصرے کی چند باتیں مختصراً یہ ہیں:

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے مسلمانوں کی نظر ان کوتاہیوں اور اخلاقی کمزوریوں کی طرف مبذول کرائی جو ان میں فی الجملہ باقی رہ گئی تھیں اور جن میں سے بعض بعض کا اظہار اس موقع پر ہو گیا تھا۔ اس توجہ دہانی کا مقصود یہ تھا کہ مسلمان اپنے آپ کو ان کمزوریوں سے پاک صاف کر کے کامل ترین بن جائیں۔

اس کے بعد اس فتح میں اللہ تعالیٰ کی جو تائید اور غیبی مدد شامل تھی، اس کا ذکر فرمایا۔ اس کا مقصود یہ تھا کہ مسلمان اپنی شجاعت و بسالت کے فریب میں نہ آجائیں۔ جس کے نتیجے میں مزاج و طبائع پر غرور و تکبّر کا تسلّط ہو جاتا ہے۔ بلکہ وہ اللہ تعالیٰ پر توکّل کریں اور اس کے اور پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اطاعت کیش رہیں۔

پھر ان بلند اغراض و مقاصد کا تذکرہ کیا گیا ہے جن کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خوفناک اور خونریز معرکے میں قدم رکھا تھا اور اسی ضمن میں ان اخلاق و اوصاف کی نشاندہی کی گئی ہے جو معرکوں میں فتح کا سبب بنتے ہیں۔

پھر مشرکین و منافقین کو اور یہود اور جنگی قیدیوں کو مخاطب کر کے فصیح و بلیغ نصیحت فرمائی گئی ہے تاکہ وہ حق کے سامنے جھک جائیں اور اس کے پابند بن جائیں۔

اس کے بعد مسلمانوں کو مالِ غنیمت کے معاملے میں مخاطب کرتے ہوئے انہیں اس مسئلے کے تمام بنیادی قواعد و اصول سمجھائے اور بتائے گئے ہیں۔

پھر اس مرحلے پر اسلامی دعوت کو جنگ و صلح کے جن قوانین کی ضرورت تھی ان کی توضیح اور مشروعیت ہے تاکہ مسلمانوں کی جنگ اور اہلِ جاہلیت کی جنگ میں امتیاز قائم ہو جائے، اور اخلاق و کردار کے میدان میں مسلمانوں کو برتری حاصل رہے، اور دنیا اچھی طرح جان لے کہ اسلام محض ایک نظریہ نہیں ہے بلکہ وہ جن اصولوں اور ضابطوں کا داعی ہے ان کے مطابق اپنے ماننے والوں کی عملی تربیت بھی کرتا ہے۔

پھر اسلامی حکومت کے قوانین کی کئی دفعات بیان کی گئی ہیں جن سے واضح ہوتا ہے کہ اسلامی حکومت کے دائرے میں بسنے والے مسلمانوں اور اس دائرے سے باہر رہنے والے مسلمانوں میں کیا فرق ہے۔

متفرق واقعات

۲ھ میں رمضان کا روزہ اور صدقہ فطر فرض کیا گیا اور زکوٰۃ کے مختلف نصابوں کی تفصیلاً تعیین کی گئی۔ صدقہ فطر کی فرضیت اور زکوٰۃ کے نصاب کی تعیین سے اس بوجھ اور مشقت میں بڑی کمی آگئی جس سے فقرائے مہاجرین کی ایک بڑی تعداد دوچار تھی، کیونکہ وہ طلب رزق کے لیے زمین میں دوڑ دھوپ کے امکانات سے محروم تھے۔

پھر نہایت نفیس موقع اور خوشگوار اتفاق یہ تھا کہ مسلمانوں نے اپنی زندگی میں پہلی عید جو منائی وہ شوال ۲ھ کی عید تھی جو جنگ بدر کی فتح مبین کے بعد پیش آئی۔ کتنی خوشگوار تھی یہ عید سعید جس کی سعادت اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے سر پر فتح و عزت کا تاج رکھنے کے بعد عطا فرمائی اور کتنا ایمان افروز تھا اس نماز عید کا منظر جسے مسلمانوں نے اپنے گھروں سے نکل کر تکبیر و توحید اور تحمید و تسبیح کی آوازیں بلند کرتے ہوئے میدان میں جا کر ادا کیا تھا۔ اس وقت حالت یہ تھی کہ مسلمانوں کے دل اللہ کی دی ہوئی نعمتوں اور اس کی کی ہوئی تائید کے سبب اس کی رحمت و رضوان کے شوق سے لبریز اور اس کی طرف رغبت کے جذبات سے معمور تھے اور ان کی پیشانیاں اس کے شکر و سپاس کی ادائیگی کے لیے جھکی ہوئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس نعمت کا ذکر اس آیت میں فرمایا ہے:

وَاذْكُرُوٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ (۸: ۲۶)

"اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے، زمین میں کمزور بنا کر رکھے گئے تھے، ڈرتے تھے کہ لوگ تمہیں اچک لے جائیں گے پس اس نے تمہیں ٹھکانا مرحمت فرمایا اور اپنی مدد کے ذریعے تمہاری تائید کی اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے روزی دی تاکہ تم لوگ اس کا شکر ادا کرو۔"

○

بدر کے بعد کی جنگی سرگرمیاں

بدر کا معرکہ مسلمانوں اور مشرکین کا سب سے پہلا مسلح ٹکراؤ اور فیصلہ کن معرکہ تھا جس میں مسلمانوں کو فتحِ مبین حاصل ہوئی اور سارے عرب نے اس کا مشاہدہ کیا۔ اس معرکے کے نتائج سے سب سے زیادہ وہی لوگ دل گرفتہ تھے جنہیں براہِ راست یہ نقصانِ عظیم برداشت کرنا پڑا تھا، یعنی مشرکین؛ یا وہ لوگ جو مسلمانوں کے غلبہ و سربلندی کو اپنے مذہبی اور اقتصادی وجود کے لیے خطرہ محسوس کرتے تھے، یعنی یہود۔ چنانچہ جب سے مسلمانوں نے بدر کا معرکہ سر کیا تھا یہ دونوں گروہ مسلمانوں کے خلاف غم و غصّہ اور رنج و الم سے جل بھن رہے تھے، جیسا کہ ارشاد ہے:

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ (۵ : ۸۲)

"تم اہلِ ایمان کا سب سے زبردست دشمن یہود کو پاؤ گے اور مشرکین کو۔"

مدینے میں کچھ لوگ ان دونوں گروہوں کے ہمراز و دمساز تھے۔ انہوں نے جب دیکھا کہ اپنا وقار برقرار رکھنے کی اب کوئی سبیل باقی نہیں رہ گئی ہے تو بظاہر اسلام میں داخل ہوگئے۔ یہ عبد اللہ بن اُبَی اور اس کے رُفقاء کا گروہ تھا۔ یہ بھی مسلمانوں کے خلاف یہود اور مشرکین سے کم غم و غصّہ نہ رکھتا تھا۔

ان کے علاوہ ایک چوتھا گروہ بھی تھا، یعنی وہ بدّو جو مدینے کے گرد و پیش بود و باش رکھتے تھے۔ انہیں کفر و اسلام سے کوئی دلچسپی نہ تھی؛ لیکن یہ لُٹیرے اور رہزن تھے، اس لیے بدر کی کامیابی سے انہیں بھی قلق و اضطراب تھا۔ انہیں خطرہ تھا کہ مدینے میں ایک طاقتور حکومت قائم ہوگئی تو ان کی لُوٹ کھسُوٹ کا راستہ بند ہو جائے گا، اس لیے ان کے دلوں میں بھی مسلمانوں کے خلاف کینہ جاگ اٹھا اور یہ بھی مسلم دشمن ہوگئے۔

اس طرح مسلمان چاروں طرف سے خطرے میں گھر گئے، لیکن مسلمانوں کے سلسلے میں ہر فریق کا طرزِ عمل دوسرے سے مختلف تھا۔ ہر فریق نے اپنے حسبِ حال ایسا طریقہ اپنایا تھا جو اس کے خیال میں اس کی غرض و غایت کی تکمیل کا کفیل تھا، چنانچہ اہلِ مدینہ نے اسلام کا اظہار کر کے درپردہ سازشوں

دسیسہ کاریوں اور باہم لڑانے بھڑانے کی راہ اپنائی۔ یہود کے ایک گروہ نے کھُلم کھلا رنج وعداوت اور غیظ وغضب کا مظاہرہ کیا۔ اہلِ مکّہ نے کمر توڑ ضرب کی دھمکیاں دینی شروع کیں اور بدلہ اور انتقام لینے کا کھُلا اعلان کیا۔ ان کی جنگی تیاریاں بھی کھُلے عام ہو رہی تھیں؛ گویا وہ زبانِ حال سے مسلمانوں کو یہ پیغام دے رہے تھے ؎

ولا بد من یوم اغرّ محجل بطول استماعی بعدہ للنوادب

ایک ایسا روشن اور تابناک دن ضروری ہے جس کے بعد عرصۂ دراز تک نوحہ کرنے والیوں کے نوحے سُنتا رہوں۔

اور سال بھر کے بعد وہ عملاً ایک ایسی معرکہ آرائی کے لیے مدینے کی چہار دیواری تک چڑھ آئے جو تاریخ میں غزوۂ احد کے نام سے معروف ہے اور جس کا مسلمانوں کی شہرت اور ساکھ پر بُرا اثر پڑا تھا۔

ان خطرات سے نمٹنے کے لیے مسلمانوں نے بڑے اہم اقدامات کیے جن سے نبی ﷺ کی قائدانہ عبقریت کا پتا چلتا ہے اور یہ واضح ہوتا ہے کہ مدینے کی قیادت گرد وپیش کے ان خطرات کے سلسلے میں کس قدر بیدار تھی اور ان سے نمٹنے کیلئے کتنے جامع منصوبے رکھتی تھی۔ اگلی سطور میں اسی کا ایک مختصر سا خاکہ پیش کیا جا رہا ہے۔

۱۔ غزوہ بنی سُلَیم بہ مقام کُدر

غزوۂ بدر کے بعد سب سے پہلی خبر جو مدینے کے شعبۂ اطلاعات نے فراہم کی وہ یہ تھی کہ قبیلہ غطفان کی شاخ بنو سُلَیم کے لوگ مدینے پر چڑھائی کے لیے فوج جمع کر رہے ہیں۔ اس کے جواب میں نبی ﷺ نے دو سو سواروں کے ساتھ ان پر خود ان کے اپنے علاقے میں اچانک دھاوا بول دیا اور مقام کُدر[1] میں ان کی منازل تک جا پہنچے۔ بنو سُلَیم میں اس اچانک حملے سے بھگدڑ مچ گئی اور وہ افراتفری کے عالم میں وادی کے اندر پانچ سو اونٹ چھوڑ کر بھاگ گئے جس پر لشکرِ مدینہ نے قبضہ کر لیا اور رسول اللہ ﷺ نے اس کا خمس نکال کر بقیہ مالِ غنیمت مجاہدین میں تقسیم کر دیا۔ ہر شخص کے حصے میں دو دو اونٹ آئے۔ اس غزوے میں یسار نامی ایک

---

[1] کُدر۔ ک پر پیش اور دال ساکن ہے۔ یہ دراصل مٹیالے رنگ کی ایک چڑیا ہوتی ہے لیکن یہاں بنو سُلَیم کا ایک چشمہ مراد ہے جو نجد میں مکے سے (براستہ نجد) شام جانے والی کاروانی شاہراہ پر واقع ہے۔

غلام ہاتھ آیا جسے آپؐ نے آزاد کر دیا ـــــ اس کے بعد آپؐ دیارِ بنی سُلَیم میں تین روز قیام فرما کر مدینہ پلٹ آئے۔

یہ غزوہ شوال ۲ھ میں بدر سے واپسی کے صرف سات دن بعد پیش آیا۔ اس غزوے کے دوران سباع بن عرفطہؓ کو اور کہا جاتا ہے کہ ابنِ اُمِ مکتومؓ کو مدینے کا انتظام سونپا گیا تھا۔[۱]

۲۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی سازش

جنگ بدر میں شکست کھا کر مشرکین غصّے سے بے قابو تھے اور پورا مکّہ نبی ﷺ کے خلاف ہانڈی کی طرح کھول رہا تھا۔ بالآخر مکّے کے دو بہادر جوانوں نے طے کیا کہ وہ ـــ اپنی دانست میں ـــ اس اختلاف و شقاق کی بُنیاد اور اس ذلّت و رُسوائی کی جڑ (نعوذ باللہ) یعنی نبی ﷺ کا خاتمہ کر دیں گے۔

چنانچہ جنگ بدر کے کچھ ہی دنوں بعد کا واقعہ ہے کہ عُمَیر بن وہب جُمَحی ـــ جو قریش کے شیطانوں میں سے تھا اور مکّے میں نبی ﷺ اور صحابہ کرامؓ کو اذیتیں پہنچایا کرتا تھا اور اب اس کا بیٹا وہب بن عمیر جنگ بدر میں گرفتار ہو کر مسلمانوں کی قید میں تھا۔ اس عمیر نے ایک دن صفوان بن امیہ کے ساتھ حطیم میں بیٹھ کر گفتگو کرتے ہوئے بدر کے کنویں میں پھینکے جانے والے مقتولوں کا ذکر کیا۔ اس پر صفوان نے کہا: "خدا کی قسم ان کے بعد جینے میں کوئی لطف نہیں۔" جواب میں عُمَیر نے کہا: "خدا کی قسم تم سچ کہتے ہو۔ دیکھو! خدا کی قسم اگر میرے اوپر قرض نہ ہوتا جس کی ادائیگی کے لیے میرے پاس کچھ نہیں، اور اہل و عیال نہ ہوتے، جن کے بارے میں اندیشہ ہے کہ میرے بعد ضائع ہو جائیں گے، تو میں سوار ہو کر محمدؐ کے پاس جاتا اور اُسے قتل کر ڈالتا؛ کیونکہ میرے لیے وہاں جانے کی ایک وجہ موجود ہے۔ میرا بیٹا اُن کے ہاں قید ہے۔"

صفوان نے اس صورتِ حال کو غنیمت سمجھتے ہوئے کہا: "اچھا چلو! تمہارا قرض میرے ذِمّے ہے میں اسے تمہاری جانب سے ادا کر دوں گا؛ اور تمہارے اہل و عیال میرے اہل و عیال ہیں۔ جب تک وہ موجود رہیں گے میں ان کی دیکھ بھال کرتا رہوں گا۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ میرے پاس کوئی چیز موجود ہو اور ان کو نہ ملے۔"

عُمَیر نے کہا: "اچھا تو اب میرے اور اپنے اس معاملے کو صیغۂ راز میں رکھنا۔ صفوان نے

---

[۱] زاد المعاد ۲/۹۰، ابن ہشام ۲/۴۳، ۴۴۔ مختصر السیرہ للشیخ عبد اللہ ص ۲۳۶

کہا ٹھیک ہے میں ایسا ہی کروں گا۔

اس کے بعد عُمیر نے اپنی تلوار پر سان رکھائی اور زہر آلود کرائی، پھر روانہ ہُوا اور مدینہ پہنچا؛ لیکن ابھی وہ مسجد کے دروازے پر اپنی اونٹنی بٹھا ہی رہا تھا کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی نگاہ اس پر پڑ گئی۔ وہ مسلمانوں کی ایک جماعت کے درمیان جنگِ بدر میں اللہ کے عطا کردہ اعزاز و اکرام کے متعلق باتیں کر رہے تھے ـــــ انھوں نے دیکھتے ہی کہا: "یہ کتا، اللہ کا دشمن عُمیر، کسی بُرے ہی ارادے سے آیا ہے"۔ پھر انھوں نے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا، اے اللہ کے نبیؐ! یہ اللہ کا دشمن عُمیر اپنی تلوار حمائل کئے آیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا، اسے میرے پاس لے آؤ۔ عمیر آیا تو حضرت عمرؓ نے اس کی تلوار کے پرتلے کو اس کے گلے کے پاس سے پکڑ لیا اور انصار کے چند افراد سے کہا کہ تم لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس جاؤ اور وہیں بیٹھ جاؤ اور آپؐ کے خلاف اس خبیث کے خطرے سے چوکنا رہو؛ کیونکہ یہ قابلِ اطمینان نہیں ہے۔ اس کے بعد وہ عُمیر کو اندر لے گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے جب یہ کیفیت دیکھی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کی گردن میں اس کی تلوار کا پرتلا لپیٹ کر پکڑے ہوئے ہیں تو فرمایا: "عمر! اسے چھوڑ دو۔ اور عُمیر! تم قریب آجاؤ"۔ اس نے قریب آ کر کہا، آپ لوگوں کی صبح بخیر ہو! نبی ﷺ نے فرمایا! اللہ تعالےٰ نے ہمیں ایک ایسے تحیّہ سے مشرّف کیا ہے جو تمہارے اس تحیّہ سے بہتر ہے، یعنی سلام سے، جو اہلِ جنّت کا تحیّہ ہے۔

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا، اے عُمیر! تم کیوں آئے ہو؟ اس نے کہا یہ قیدی جو آپ لوگوں کے قبضے میں ہے اسی کے لیے آیا ہوں۔ آپ لوگ اس کے بارے میں احسان فرما دیجئے۔

آپؐ نے فرمایا، پھر یہ تمہاری گردن میں تلوار کیوں ہے؟ اُس نے کہا، اللہ ان تلواروں کا بُرا کرے۔ کہ یہ ہمارے کچھ کام نہ آسکیں!

آپؐ نے فرمایا، سچ سچ بتاؤ کیوں آئے ہو؟ اس نے کہا، بس صرف اسی قیدی کے لیے آیا ہوں۔

آپؐ نے فرمایا "نہیں بلکہ تم اور صفوان بن امیہ حطیم میں بیٹھے۔ اور قریش کے جو مقتولین کنوئیں میں پھینکے گئے ہیں ان کا تذکرہ کیا، پھر تم نے کہا، اگر مجھ پر قرض نہ ہوتا اور میرے اہل و عیال نہ ہوتے تو میں یہاں سے جاتا اور محمدؐ کو قتل کر دیتا۔ اس پر صفوان نے تمہارے قرض اور اہل و عیال کی ذمّے داری لی بشرطیکہ تم مجھے قتل کر دو۔ لیکن یاد رکھو کہ اللہ میرے اور تمہارے

درمیان حائل ہے۔

عمیرؓ نے کہا "میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔ اے اللہ کے رسولؐ! آپ ہمارے پاس آسمان کی جو خبریں لاتے تھے، اور آپؐ پر جو وحی نازل ہوتی تھی، اسے ہم جھٹلا دیا کرتے تھے لیکن یہ تو ایسا معاملہ ہے جس میں میرے اور صفوان کے سوا کوئی موجود ہی نہ تھا۔ اس لیے واللہ مجھے یقین ہے کہ یہ بات اللہ کے سوا اور کسی نے آپؐ تک نہیں پہنچائی۔ پس اللہ کی حمد ہے جس نے مجھے اسلام کی ہدایت دی اور اس مقام تک ہانک کر پہنچایا۔" پھر عمیرؓ نے کلمۂ حق کی شہادت دی اور رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو مخاطب کرکے فرمایا: "اپنے بھائی کو دین سمجھاؤ، قرآن پڑھاؤ اور اس کے قیدی کو آزاد کردو۔"

ادھر صفوان لوگوں سے کہتا پھر رہا تھا کہ یہ خوشخبری سن لو کہ چند ہی دنوں میں ایک ایسا واقعہ پیش آئے گا جو بدر کے مصائب بھلوا دے گا۔ ساتھ ہی وہ آنے جانے والوں سے عمیرؓ کی بابت پوچھتا بھی رہتا تھا۔ بالآخر اسے ایک سوار نے بتایا کہ عمیرؓ مسلمان ہو چکا ہے۔ یہ سن کر صفوان نے قسم کھائی کہ اس سے کبھی بات نہ کرے گا اور نہ کبھی اسے نفع پہنچائے گا۔ ادھر عمیرؓ نے اسلام سیکھ کر مکے کی راہ لی اور وہیں مقیم رہ کر اسلام کی دعوت دینی شروع کی۔ ان کے ہاتھ پر بہت سے لوگ مسلمان ہوئے[1]

۳۔ غزوہ بنی قینقاع

رسول اللہ ﷺ نے مدینہ تشریف لانے کے بعد یہود کے ساتھ جو معاہدہ فرمایا تھا اس کی دفعات پچھلے صفحات میں ذکر کی جا چکی ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کی پوری کوشش اور خواہش تھی کہ اس معاہدے میں جو کچھ طے پا گیا ہے وہ نافذ رہے؛ چنانچہ مسلمانوں کی طرف سے کوئی ایسا قدم نہیں اٹھایا گیا جو اس معاہدے کی عبارت کے کسی ایک حرف کے بھی خلاف ہو۔ لیکن یہود جن کی تاریخ غدر و خیانت اور عہد شکنی سے پُر ہے وہ بہت جلد اپنے قدیم مزاج کی طرف پلٹ گئے اور مسلمانوں کی صفوں کے اندر دسیسہ کاری، سازش، لڑانے بھڑانے اور ہنگامے اور اضطراب بپا کرنے کی کوششیں شروع کر دیں۔ لگے ہاتھوں ایک مثال بھی سنتے چلیے۔

یہود کی عیّاری کا ایک نمونہ ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ ایک بُوڑھا یہودی

[1] ابن ہشام ۱/ ۶۶۱، ۶۶۲، ۶۶۳

شاش بن قیس ـــ جو قبر میں پاؤں لٹکائے ہوئے تھا، بڑا زبردست کافر تھا، اور مسلمانوں سے سخت عداوت و حسد رکھتا تھا ـــ ایک بار صحابۂ کرام کی ایک مجلس کے پاس سے گذرا، جس میں اوس و خزرج دونوں ہی قبیلے کے لوگ بیٹھے باہم گفتگو کر رہے تھے۔ اسے یہ دیکھ کر کہ اب ان کے اندر جاہلیت کی باہمی عداوت کی جگہ اسلام کی الفت و اجتماعیت نے لے لی ہے، اور ان کی دیرینہ شکر رنجی کا خاتمہ ہوگیا ہے، سخت رنج ہُوا۔ کہنے لگا: "اوہ اس دیار میں بنو قیلہ کے اشراف متحد ہو گئے ہیں! بخدا ان اشراف کے اتحاد کے بعد تو ہمارا یہاں گذر نہیں"۔ چنانچہ اس نے ایک نوجوان یہودی کو جو اس کے ساتھ تھا حکم دیا کہ ان کی مجالس میں جائے اور ان کے ساتھ بیٹھ کر پھر جنگِ بُعاث اور اس کے پہلے کے حالات کا ذکر کرے اور اس سلسلے میں دونوں جانب سے جو اشعار کہے گئے ہیں کچھ ان میں سے سنائے۔ اس یہودی نے ایسا ہی کیا۔ اس کے نتیجے میں اوس و خزرج میں تُو تُو مَیں مَیں شروع ہو گئی۔ لوگ جھگڑنے لگے اور ایک دوسرے پر فخر جتانے لگے حتیٰ کہ دونوں قبیلوں کے ایک ایک آدمی نے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر رَدّ و قَدح شروع کر دی؛ پھر ایک نے اپنے مدِّمقابل سے کہا" اگر چاہو تو ہم اس جنگ کو پھر جوان کر کے پلٹا دیں ـــ مقصد یہ تھا کہ ہم اس باہمی جنگ کے لیے پھر تیار ہیں جو اس سے پہلے لڑی جا چکی ہے۔ اس پر دونوں فریقوں کو تاؤ آ گیا اور بولے، چلو ہم تیار ہیں۔ حرّہ میں مقابلہ ہوگا ـــ ہتھیار۔۔۔! ہتھیار۔۔۔۔۔!

اور لوگ ہتھیار لے کر حَرّہ کی طرف نکل پڑے۔ قریب تھا کہ خونریز جنگ ہو جاتی لیکن رسول اللہ ﷺ کو اس کی خبر ہو گئی۔ آپؐ اپنے مہاجرین صحابہ کو ہمراہ لے کر جھٹ ان کے پاس پہنچے اور فرمایا:" اے مسلمانوں کی جماعت! اللہ۔ اللہ ـــ کیا میرے رہتے ہوئے جاہلیت کی پکار! اور وہ بھی اس کے بعد کہ اللہ تمہیں اسلام کی ہدایت سے سرفراز فرما چکا ہے اور اس کے ذریعے تم سے جاہلیت کا معاملہ کاٹ کر اور تمہیں کفر سے نجات دے کر تمہارے دلوں کو آپس میں جوڑ چکا ہے"! آپؐ کی نصیحت سن کر صحابہ کو احساس ہُوا کہ ان کی حرکت شیطان کا ایک جھٹکا اور دشمن کی ایک چال تھی؛ چنانچہ وہ رونے لگے اور اوس و خزرج کے لوگ ایک دوسرے سے گلے ملے۔ پھر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اطاعت شعار و فرمانبردار بن کر اس حالت میں واپس آئے کہ اللہ نے ان کے دشمن

شاس بن قیس کی عیّاری کی آگ بجھا دی تھی۔[4]

یہ ہے ایک نمونہ ان ہنگاموں اور اضطراب کا جنہیں یہود مسلمانوں کی صفوں میں بپا کرنے کی کوشش کرتے رہتے تھے اور یہ ہے ایک مثال اس روڑے کی جسے یہ یہود اسلامی دعوت کی راہ میں اٹکاتے رہتے تھے۔ اس کام کے لیے انہوں نے مختلف منصوبے بنا رکھے تھے۔ وہ جھوٹے پروپیگنڈے کرتے تھے۔ صبح مسلمان ہو کر شام کو پھر کافر ہو جاتے تھے تاکہ کمزور اور سادہ لوح قسم کے لوگوں کے دلوں میں شک و شبہے کے بیج بو سکیں۔ کسی کے ساتھ مالی تعلق ہوتا اور وہ مسلمان ہو جاتا تو اس پر معیشت کی راہیں تنگ کر دیتے؛ چنانچہ اگر اس کے ذمے کچھ بقایا ہوتا تو صبح و شام تقاضے کرتے۔ اور اگر خود اس مسلمان کا کچھ بقایا ان پر ہوتا تو اسے ادا نہ کرتے بلکہ باطل طریقے پر کھا جاتے اور کہتے کہ تمہارا قرض تو ہمارے اُوپر اُس وقت تھا جب تم اپنے آبائی دین پر تھے لیکن اب جبکہ تم نے اپنا دین بدل دیا ہے تو اب ہمارا اور تمہارا کوئی لین دین نہیں۔[5]

واضح رہے کہ یہود نے یہ ساری حرکتیں بدر سے پہلے ہی شروع کر دی تھیں، اور اس معاہدے کے علی الرغم شروع کر دی تھیں جو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے کر رکھا تھا۔ ادھر رسول اللہ ﷺ اور صحابۂ کرامؓ کا یہ حال تھا کہ وہ ان یہود کی ہدایت یابی کی امید میں ان ساری باتوں پر صبر کرتے جا رہے تھے۔ اس کے علاوہ یہ بھی مطلوب تھا کہ اس علاقے میں امن و سلامتی کا ماحول برقرار رہے۔

بنو قَینُقاع کی عہد شکنی

جب یہود نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے میدانِ بدر میں مسلمانوں کی زبردست مدد فرما کر انہیں عزت و شوکت سے سرفراز فرمایا ہے اور ان کا رعب و دبدبہ دُور و نزدیک ہر جگہ رہنے والوں کے دلوں پہ بیٹھ گیا ہے تو ان کی عداوت و حسد کی ہانڈی پھٹ پڑی۔ انہوں نے کھلم کھلا شرّ و عداوت کا مظاہرہ کیا اور علی الاعلان بغاوت و ایذا رسانی پر اُتر آئے۔

ان میں سب سے زیادہ کینہ توز اور سب سے بڑھ کر شریر کعب بن اشرف تھا جس کا ذکر

---

[4] ابنِ ہشام ۱/ ۵۵۵، ۵۵۶

[5] مفسرین نے سورہ آلِ عمران وغیرہ کی تفسیر میں ان کی اس قسم کی حرکات کے نمونے ذکر کیے ہیں۔

آگے آرہا ہے ؛ اسی طرح تینوں یہودی قبائل میں سب سے زیادہ بدمعاش بنو قینقاع کا قبیلہ تھا۔ یہ لوگ مدینے ہی کے اندر رہتے تھے اور ان کا محلہ انہی کے نام سے موسوم تھا۔ یہ لوگ پیشے کے لحاظ سے سونار، لوہار اور برتن ساز تھے۔ ان پیشوں کے سبب ان کے ہر آدمی کے پاس وافر مقدار میں سامانِ جنگ موجود تھا۔ ان کے مردانِ جنگی کی تعداد سات سو تھی اور وہ مدینے کے سب سے بہادر یہودی تھے۔ انہیں نے سب سے پہلے عہد شکنی کی۔ تفصیل یہ ہے :

جب اللہ تعالےٰ نے میدانِ بدر میں مسلمانوں کو فتح سے ہمکنار کیا تو ان کی سرکشی میں شدّت آگئی۔ انہوں نے اپنی شرارتوں، خباثتوں اور لڑانے بھڑانے کی حرکتوں میں وسعت اختیار کر لی اور خلفشار پیدا کرنا شروع کر دیا ؛ چنانچہ جو مسلمان ان کے بازار میں جاتا اس سے وہ مذاق و استہزاء کرتے اور اُسے اذیّت پہنچاتے حتّٰی کہ مسلمان عورتوں سے بھی چھیڑ چھاڑ شروع کر دی۔

اس طرح جب صورتِ حال زیادہ سنگین ہو گئی اور ان کی سرکشی خاصی بڑھ گئی تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں جمع فرما کر وعظ و نصیحت کی اور رشد و ہدایت کی دعوت دیتے ہوئے ظلم و بغاوت کے انجام سے ڈرایا۔ لیکن اس سے ان کی بدمعاشی اور غرور میں کچھ اور ہی اضافہ ہو گیا۔

چنانچہ امام ابوداؤدؒ وغیرہ نے حضرت ابنِ عبّاس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے قریش کو بدر کے دن شکست دیدی اور آپ مدینہ تشریف لائے تو بنو قینقاع کے بازار میں یہود کو جمع کیا اور فرمایا: "اے جماعتِ یہود! اس سے پہلے اسلام قبول کر لو کہ تم پر بھی ویسی ہی مار پڑے جیسی قریش پر پڑ چکی ہے۔" انہوں نے کہا: "اے محمدؐ! تمہیں اس بنا پر خود فریبی میں مبتلا نہیں ہونا چاہیئے کہ تمہاری مڈ بھیڑ قریش کے اناڑی اور ناآشنائے جنگ لوگوں سے ہوئی اور تم نے انہیں مار لیا۔ اگر تمہاری لڑائی ہم سے ہو گئی تو پتا چل جائے گا کہ ہم مرد ہیں اور ہمارے جیسے لوگوں سے تمہیں پالا نہ پڑا تھا۔" اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی :[۱]

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ○ قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِىْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ

---

[۱] سنن ابی داؤد مع عون المعبود ۳/۱۱۵، ابن ہشام ۱/۵۵۲

فِیۡ ذٰلِکَ لَعِبۡرَۃً لِّاُولِی الۡاَبۡصَارِ ○ (۳: ۱۲/ ۱۳)

"ان کافروں سے کہہ دو کہ عنقریب مغلوب کئے جاؤ گے اور جہنم کی طرف ہانکے جاؤ گے، اور وہ بُرا ٹھکانا ہے۔ جن دو گروہوں میں ٹکر ہوئی ان میں تمہارے لیے نشانی ہے۔ ایک گروہ اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا کافر تھا۔ یہ ان کو آنکھوں دیکھنے میں اپنے سے دوگنا دیکھ رہے تھے؛ اور اللہ اپنی مدد کے ذریعے جس کی تائید چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس کے اندر یقیناً نظر والوں کے لیے عبرت ہے۔"

بہرحال بنو قینقاع نے جو جواب دیا تھا اس کا مطلب صاف صاف اعلانِ جنگ تھا؛ لیکن نبی ﷺ نے اپنا غصہ پی لیا اور صبر کیا۔ مسلمانوں نے بھی صبر کیا اور آنے والے حالات کا انتظار کرنے لگے۔

ادھر اس نصیحت کے بعد یہود بنو قینقاع کی جرأتِ رندانہ اور بڑھ گئی؛ چنانچہ تھوڑے ہی دن گذرے تھے کہ انہوں نے مدینے میں بلوہ اور ہنگامہ بپا کر دیا جس کے نتیجے میں انہوں نے اپنے ہی ہاتھوں اپنی قبر کھود لی اور اپنے اوپر زندگی کی راہ بند کر لی۔

ابنِ ہشام نے ابوعون سے روایت کی ہے کہ ایک عرب عورت بنو قینقاع کے بازار میں کچھ سامان لے کر آئی اور بیچ کر (کسی ضرورت کے لیے) ایک سنار کے پاس، جو یہودی تھا، بیٹھ گئی۔ یہودیوں نے اس کا چہرہ کھلوانا چاہا مگر اس نے انکار کر دیا۔ اس پر اس سنار نے چپکے سے اس کے کپڑے کا نچلا کنارا پچھلی طرف باندھ دیا اور اسے کچھ خبر نہ ہوئی۔ جب وہ اٹھی تو اس سے بے پردہ ہو گئی تو یہودیوں نے قہقہہ لگایا۔ اِس پر اس عورت نے چیخ پکار مچائی جسے سن کر ایک مسلمان نے اس سنار پر حملہ کیا اور اُسے مار ڈالا۔ جواباً یہودیوں نے اس مسلمان پر حملہ کر کے اسے مار ڈالا۔ اس کے بعد مقتول مسلمان کے گھر والوں نے شور مچایا اور یہود کے خلاف مسلمانوں سے فریاد کی۔ نتیجہ یہ ہُوا کہ مسلمان اور بنی قینقاع کے یہودیوں میں بلوہ ہو گیا۔[۱]

محاصرہ، سپردگی اور جلاوطنی

اس واقعے کے بعد رسول اللہ ﷺ کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔ آپؐ نے مدینے کا انتظام ابولُبابہؓ بن عبدالمنذر کو سونپا اور خود، حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب کے ہاتھ میں مسلمانوں کا

---

[۱] ابن ہشام ۲/ ۴۷، ۴۸

پھر یرا دے کر اللہ کے لشکر کے ہمراہ بنو قینقاع کا رُخ کیا۔ انہوں نے آپؐ کو دیکھا تو گڑھیوں میں قلعہ بند ہو گئے۔ آپؐ نے ان کا سختی سے محاصرہ کر لیا۔ یہ جمعہ کا دن تھا اور شوال ۲ھ کی ۵ اتاریخ۔ پندرہ روز تک ـــــ یعنی ہلال ذی القعدہ کے نمودار ہونے تک ـــــ محاصرہ جاری رہا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا جس کی سنّت ہی یہ ہے کہ جب وہ کسی قوم کو شکست و ہزیمت سے دوچار کرنا چاہتا ہے تو ان کے دلوں میں رعب ڈال دیتا ہے؛ چنانچہ بنو قینقاع نے اس شرط پر ہتھیار ڈال دیئے کہ رسول اللہ ﷺ ان کی جان و مال، آل و اولاد اور عورتوں کے بارے میں جو فیصلہ کریں گے انہیں منظور ہوگا۔ اس کے بعد آپؐ کے حکم سے ان سب کو باندھ لیا گیا۔

لیکن یہی موقع تھا جب عبداللہ بن اُبَی نے اپنا منافقانہ کردار ادا کیا۔ اس نے رسول اللہ ﷺ سے سخت اصرار والحاح کیا کہ آپؐ ان کے بارے میں معافی کا حکم صادر فرمائیں۔ اُس نے کہا "اے محمدؐ! میرے معاہدین کے بارے میں احسان کیجئے" ـــــ واضح رہے کہ بنو قینقاع خزرج کے حلیف تھے ـــــ لیکن رسول اللہ ﷺ نے تاخیر کی۔ اس پر اس نے اپنی بات پھر دہرائی۔ مگر اب کی بار آپؐ نے اس سے اپنا رُخ پھیر لیا۔ لیکن اس شخص نے آپؐ کے گریبان میں اپنا ہاتھ ڈال دیا۔ آپؐ نے فرمایا "مجھے چھوڑ دو! اور ایسے غضبناک ہوئے کہ لوگوں نے غصّے کی پرچھائیاں آپؐ کے چہرے پر دیکھیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا: تجھ پر افسوس، مجھے چھوڑ۔ لیکن یہ منافق اپنے اصرار پر قائم رہا اور بولا "نہیں بخدا میں آپ کو نہیں چھوڑوں گا یہاں تک کہ آپؐ میرے معاہدین کے بارے میں احسان فرما دیں۔ چار سو کھلے جسم کے جوان اور تین سو زرہ پوش جنہوں نے مجھے سرخ و سیاہ سے بچایا تھا آپ انہیں ایک ہی صبح میں کاٹ کر رکھ دیں گے؟ واللہ! میں زمانے کی گردشوں کا خطرہ محسوس کر رہا ہوں۔"

بالآخر رسول اللہ ﷺ نے اس منافق کے ساتھ (جس کے اظہارِ اسلام پر ابھی کوئی ایک ہی مہینہ گذرا تھا) رعایت کا معاملہ کیا اور اس کی خاطر ان سب کی جان بخشی کر دی البتہ انہیں حکم دیا کہ وہ مدینے سے نکل جائیں اور آپؐ کے پڑوس میں نہ رہیں؛ چنانچہ یہ سب اذرعات شام کی طرف چلے گئے اور تھوڑے ہی دنوں بعد وہاں اکثر کی موت واقع ہوگئی۔

رسول اللہ ﷺ نے ان کے اموال ضبط کر لیے۔ جن میں سے تین کمانیں، دو زِرہیں،

تین تلواریں اور تین نیزے اپنے لیے منتخب فرماتے اور مالِ غنیمت میں سے خُمس بھی نکالا۔ غنائم جمع کرنے کا کام محمدؐ بن مسلمہ نے انجام دیا۔ ؎۵

۴۔ غزوۂ سَوِیق

ایک طرف صفوان بن امیہ، یہود اور منافقین اپنی اپنی سازشوں میں مصروف تھے تو دوسری طرف ابوسفیان بھی کوئی ایسی کارروائی انجام دینے کی ادھیڑبن میں تھا جس میں بار کم سے کم پڑے لیکن اثر نمایاں ہو۔ وہ ایسی کارروائی جلد از جلد انجام دے کر اپنی قوم کی آبرو کی حفاظت اور ان کی قوت کا اظہار کرنا چاہتا تھا۔ اس نے نذر مان رکھی تھی کہ جنابت کے سبب اس کے سر کو پانی نہ چھو سکے گا یہاں تک کہ محمد ﷺ سے لڑائی کرلے۔ چنانچہ وہ اپنی قسم پوری کرنے کے لیے دو سو سواروں کو لے کر روانہ ہُوا۔ اور وادی قناۃ کے سرے پر واقع نیب نامی ایک پہاڑی کے دامن میں خیمہ زن ہُوا مدینے سے اس کا فاصلہ کوئی بارہ میل ہے؛ لیکن چونکہ ابوسفیان کو مدینے پر کھلم کھلا حملے کی ہمّت نہ ہوئی اس لیے اُس نے ایک ایسی کارُروائی انجام دی جسے ڈاکہ زنی سے ملتی جلتی کارُروائی کہا جا سکتا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ وہ رات کی تاریکی میں اطرافِ مدینہ کے اندر داخل ہُوا اور حُیَیْ بن اخطب کے پاس جاکر اس کا دروازہ کھلوایا۔ حُیَیْ نے انجام کے خوف سے انکار کردیا۔ ابوسفیان پلٹ کر بُنُو نَضِیر کے ایک دوسرے سردار سلام بن مِشکم کے پاس پہنچا جو بُنُو نَضِیر کا خزانچی بھی تھا۔ ابوسفیان نے اندر آنے کی اجازت چاہی۔ اس نے اجازت بھی دی اور مہمان نوازی بھی کی۔ خوراک کے علاوہ شراب بھی پلائی اور لوگوں کے پس پردہ حالات سے آگاہ بھی کیا۔ رات کے پچھلے پہر ابوسفیان وہاں سے نکل کر اپنے ساتھیوں میں پہنچا اور ان کا ایک دستہ بھیج کر مدینے کے اطراف میں عریض نامی ایک مقام پر حملہ کرادیا۔ اس دستے نے وہاں کھجور کے کچھ درخت کاٹے اور جلائے اور ایک انصاری اور اس کے حلیف کو ان کے کھیت میں پا کر قتل کردیا اور تیزی سے مکہ واپس بھاگ نکلا۔

رسول اللہ ﷺ نے واردات کی خبر ملتے ہی تیز رفتاری سے ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں کا تعاقب کیا لیکن وہ اس سے بھی زیادہ تیز رفتاری سے بھاگے؛ چنانچہ وہ لوگ تو دستیاب نہ ہوئے لیکن انہوں نے بوجھ ہلکا کرنے کے لیے ستّو، توشے اور بہت سا ساز و سامان

؎۵ زاد المعاد ۲/۱۷، ۹۱، ابنِ ہشام ۲/۴۷، ۴۸، ۴۹

پھینک دیا تھا جو مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ رسول اللہ ﷺ نے کرکرۃ الکدر تک تعاقب کرکے واپسی کی راہ لی۔ مسلمان ستّو وغیرہ لاد پھاند کر واپس ہوئے اور اس مہم کا نام غزوۂ سَوِیْق رکھ دیا۔ (سَوِیْق عربی زبان میں ستو کو کہتے ہیں۔) یہ غزوہ، جنگِ بدر کے صرف دو ماہ بعد ذی الحجہ ۲ھ میں پیش آیا۔ اِس غزوے کے دوران مدینے کا انتظام ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ کو سونپا گیا تھا۔ [۹]

۵۔ غزوۂ ذی امر

معرکۂ بدر و احد کے درمیانی عرصے میں رسول اللہ ﷺ کے زیرِ قیادت یہ سب سے بڑی فوجی مہم تھی جو محرم ۳ھ میں پیش آئی۔

اس کا سبب یہ تھا کہ مدینے کے ذرائع اطلاعات نے رسول اللہ ﷺ کو یہ اطلاع فراہم کی کہ بنو ثعلبہ اور محارب کی بہت بڑی جمعیت مدینے پر چھاپہ مارنے کے لیے اکٹھی ہو رہی ہے۔ یہ اطلاع ملتے ہی رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو تیاری کا حکم دیا اور سوار و پیادہ پر مشتمل ساڑھے چار سو کی نفری لے کر روانہ ہوئے اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کو مدینے میں اپنا جانشین مقرر فرمایا۔

راستے میں صحابہ نے بنو ثعلبہ کے جبار نامی ایک شخص کو گرفتار کرکے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر کیا۔ آپ نے اُسے اسلام کی دعوت دی۔ اس نے اسلام قبول کر لیا۔ اس کے بعد آپ نے اُسے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی رفاقت میں دے دیا اور اس نے راہ شناس کی حیثیت سے مسلمانوں کو دشمن کی سرزمین تک راستہ بتایا۔

ادھر دشمن کو جیشِ مدینہ کی آمد کی خبر ہوئی تو وہ گردو پیش کی پہاڑیوں میں بکھر گئے لیکن نبی ﷺ نے پیش قدمی جاری رکھی اور لشکر کے ہمراہ اس مقام تک تشریف لے گئے جسے دشمن نے اپنی جمعیت کی فراہمی کے لیے منتخب کیا تھا۔ یہ درحقیقت ایک چشمہ تھا جو "ذی امر" کے نام سے معروف تھا۔ آپ نے وہاں بدوؤں پر رعب و دبدبہ قائم کرنے اور انہیں مسلمانوں کی طاقت کا احساس دلانے کے لیے صفر (۳ھ) کا پورا یا تقریباً پورا مہینہ گزار دیا اور اس کے بعد مدینہ تشریف لائے۔ [۱۰]

---

۹ زاد المعاد ۲/ ۹۰، ۹۱، ابنِ ہشام ۲/ ۴۴، ۴۵

۱۰ ابنِ ہشام ۲/ ۴۶، زاد المعاد ۲/ ۹۱ کہا جاتا ہے کہ دعثور یا غورث محاربی نے اسی غزوے میں نبی ﷺ کو قتل کرنے کی کوشش کی تھی لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ واقعہ ایک دوسرے غزوے میں پیش آیا دیکھئے صحیح بخاری ۲/ ۵۹۳

۶۔ کعب بن اشرف کا قتل

یہودیوں میں یہ وہ شخص تھا جسے اسلام اور اہلِ اسلام سے نہایت سخت عداوت اور جلن تھی۔ یہ نبی ﷺ کو اذیتیں پہنچایا کرتا تھا اور آپؐ کے خلاف جنگ کی کھلم کھلا دعوت دیتا پھرتا تھا۔

اس کا تعلق قبیلہ طی کی شاخ بنو نبہان سے تھا اور اس کی ماں قبیلہ بنی نضیر سے تھی۔ یہ بڑا مالدار اور سرمایہ دار تھا۔ عرب میں اس کے حُسن وجمال کا شہرہ تھا اور یہ ایک معروف شاعر بھی تھا۔ اس کا قلعہ مدینے کے جنوب میں بنو نضیر کی آبادی کے پیچھے واقع تھا۔

اسے جنگ بدر میں مسلمانوں کی فتح اور سردارانِ قریش کے قتل کی پہلی خبر ملی تو بے ساختہ بول اٹھا "کیا واقعۃً ایسا ہُوا ہے؟ یہ عرب کے اشراف اور لوگوں کے بادشاہ تھے۔ اگر محمدؐ نے ان کو مار لیا ہے تو روئے زمین کا شکم اس کی پشت سے بہتر ہے۔"

اور جب اسے یقینی طور پر اس خبر کا علم ہوگیا تو اللہ کا یہ دشمن، رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کی ہجو اور دشمنانِ اسلام کی مدح سرائی پر اتر آیا اور انہیں مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے لگا۔ اس سے بھی اس کے جذبات آسودہ نہ ہوئے تو سوار ہو کر قریش کے پاس پہنچا اور مطلب بن ابی وداعہ سہمی کا مہمان ہُوا۔ پھر مشرکین کی غیرت بھڑکانے، ان کی آتشِ انتقام تیز کرنے اور انہیں نبی ﷺ کے خلاف آمادۂ جنگ کرنے کے لیے اشعار کہہ کہہ کر ان سردارانِ قریش کا نوحہ وماتم شروع کر دیا جنہیں میدانِ بدر میں قتل کیے جانے کے بعد کنوئیں میں پھینک دیا گیا تھا۔ مکے میں اس کی موجودگی کے دوران ابوسفیان اور مشرکین نے اس سے دریافت کیا کہ ہمارا دین تمہارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے یا محمدؐ اور اس کے ساتھیوں کا؟ اور دونوں میں سے کون سا فریق زیادہ ہدایت یافتہ ہے؟ کعب بن اشرف نے کہا: "تم لوگ ان سے زیادہ ہدایت یافتہ اور افضل ہو۔" اسی سلسلے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُونَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ وَيَقُولُونَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا هَٰؤُلَاءِ أَهْدَىٰ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا سَبِيلًا ۝ (۵۱:۴)

"تم نے انہیں نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا ہے کہ وہ جبت اور طاغوت پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ لوگ مومنوں سے بڑھ کر ہدایت یافتہ ہیں۔"

کعب بن اشرف یہ سب کچھ کر کے مدینہ واپس آیا تو یہاں آکر صحابہ کرامؓ کی عورتوں کے

بارے میں واہیات اشعار کہنے شروع کیے اور اپنی زبان درازی و بدگوئی کے ذریعے سخت اذیت پہنچائی۔

یہی حالات تھے جن سے تنگ آکر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کون ہے جو کعب بن اشرف سے نمٹے؟ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسولؐ کو اذیت دی ہے۔"

اس کے جواب میں محمدؓ بن مسلمہ، عبادؓ بن بشر، ابو نائلہؓ ــــ جن کا نام سلکان بن سلامہ تھا اور جو کعب کے رضاعی بھائی تھے۔ ــــ حارثؓ بن اوس اور ابو عبسؓ بن جبر نے اپنی خدمات پیش کیں۔ اس مختصر سی کمپنی کے کمانڈر محمد بن مسلمہ تھے۔

کعب بن اشرف کے قتل کے بارے میں روایات کا حاصل یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا کہ کعب بن اشرف سے کون نمٹے گا؟ کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسولؐ کو اذیت دی ہے، تو محمدؓ بن مسلمہ نے اُٹھ کر عرض کیا: "یا رسولؐ اللہ میں حاضر ہوں کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کر دوں؟" آپؐ نے فرمایا "ہاں"۔ انھوں نے عرض کیا: "تو آپ مجھے کچھ کہنے کی اجازت عطا فرمائیں۔" آپؐ نے فرمایا، کہہ سکتے ہو۔

اس کے بعد محمدؓ بن مسلمہ، کعب بن اشرف کے پاس تشریف لے گئے اور بولے: "اس شخص نے ــــ اشارہ نبی ﷺ کی طرف تھا ــــ ہم سے صدقہ طلب کیا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ اس نے ہمیں مشقت میں ڈال رکھا ہے۔"

کعب نے کہا: "واللہ، ابھی تم لوگ اور بھی اکتا جاؤ گے۔"

محمدؓ بن مسلمہ نے کہا: "اب جبکہ ہم اس کے پیروکار بن ہی چکے ہیں تو مناسب نہیں معلوم ہوتا کہ اس کا ساتھ چھوڑ دیں جب تک یہ نہ دیکھ لیں کہ اس کا انجام کیا ہوتا ہے! اچھا ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں ایک وَسق یا دو وسق غلہ دے دیں۔"

کعب نے کہا: "میرے پاس کچھ رہن رکھو۔"

محمدؓ بن مسلمہ نے کہا: "آپ کون سی چیز پسند کریں گے؟"

کعب نے کہا: "اپنی عورتوں کو میرے پاس رہن رکھ دو۔"

محمدؓ بن مسلمہ نے کہا: "بھلا ہم اپنی عورتیں آپ کے پاس کیسے رہن رکھ دیں جبکہ آپ عرب کے سب سے خوبصورت انسان ہیں۔"

اُس نے کہا: "تو پھر اپنے بیٹوں ہی کو رہن رکھ دو۔"

محمدؓ بن مسلمہ نے کہا: "ہم اپنے بیٹوں کو کیسے رہن رکھ دیں؟ اگر ایسا ہو گیا تو انہیں گالی دی جائے گی کہ یہ ایک وسق یا دو وسق کے بدلے رہن رکھا گیا تھا۔ یہ ہمارے لیے عار کی بات ہے۔ البتہ ہم آپ کے پاس ہتھیار رہن رکھ سکتے ہیں۔"

اس کے بعد دونوں میں طے ہو گیا کہ محمدؓ بن مسلمہ (ہتھیار لے کر) اس کے پاس آئیں گے۔

ادھر ابوؓ نائلہ نے بھی اسی طرح کا اقدام کیا، یعنی کعب بن اشرف کے پاس آئے۔ کچھ دیر اِدھر اُدھر کے اشعار سنتے سناتے رہے پھر بولے: "بھئی ابن اشرف! میں ایک ضرورت سے آیا ہوں، اسے ذکر کرنا چاہتا ہوں؛ لیکن اسے آپ ذرا صیغہ راز ہی میں رکھیں گے۔"

کعب نے کہا: "ٹھیک ہے میں ایسا ہی کروں گا۔"

ابوؓ نائلہ نے کہا: "بھئی اس شخص ——— اشارہ نبی ﷺ کی طرف تھا ——— کی آمد تو ہمارے لیے آزمائش بن گئی ہے۔ سارا عرب ہمارا دشمن ہو گیا ہے۔ سب نے ہمارے خلاف اتحاد کر لیا ہے، ہماری راہیں بند ہو گئی ہیں۔ اہل و عیال برباد ہو رہے ہیں، جانوں پر بن آئی ہے۔ ہم اور ہمارے بال بچے مشقتوں سے چُور چُور ہیں۔" اس کے بعد انہوں نے بھی کچھ اسی ڈھنگ کی گفتگو کی جیسی محمدؓ بن مسلمہ نے کی تھی۔ دورانِ گفتگو ابو نائلہؓ نے یہ بھی کہا کہ میرے کچھ رفقاء ہیں جن کے خیالات بھی بالکل میرے ہی جیسے ہیں۔ میں انہیں بھی آپ کے پاس لانا چاہتا ہوں۔ آپ ان کے ہاتھ بھی کچھ بیچیں۔ اور ان پر احسان کریں۔

محمدؓ بن مسلمہ اور ابوؓ نائلہ اپنی اپنی گفتگو کے ذریعے اپنے مقصد میں کامیاب رہے کیونکہ اس گفتگو کے بعد ہتھیار اور رفقاء سمیت ان دونوں کی آمد پر کعب بن اشرف چونک نہیں سکتا تھا۔

اس ابتدائی مرحلے کو مکمل کر لینے کے بعد ۱۴ ربیع الاول ۳ھ ہجری کی چاندنی رات کو یہ مختصر سا دستہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جمع ہوا۔ آپؐ نے بقیع غرقد تک ان کی مشایعت فرمائی۔ پھر فرمایا، اللہ کا نام لے کر جاؤ۔ اللہ تمہاری مدد فرمائے۔ پھر آپؐ اپنے گھر پلٹ آئے اور نماز و مناجات میں مشغول ہو گئے۔

ادھر یہ دستہ کعب بن اشرف کے قلعے کے دامن میں پہنچا تو اسے ابوؓ نائلہ نے قدرے زور سے آواز دی۔ آواز سن کر وہ ان کے پاس آنے کے لیے اٹھا تو اس کی بیوی نے ———

جو ابھی نئی نویلی دُلہن تھی ـــــ کہا: "اس وقت کہاں جا رہے ہیں؟ میں ایسی آواز سن رہی ہوں جس سے گویا خون ٹپک رہا ہے۔"

کعب نے کہا: "یہ تو میرا بھائی محمدؓ بن مسلمہ اور میرا دودھ کا ساتھی ابو نائلہؓ ہے۔ کریم آدمی کو اگر نیزے کی مار کی طرف بلایا جائے تو اس پکار پر بھی وہ جاتا ہے۔ اس کے بعد وہ باہر آگیا۔ خوشبو میں بسا ہوا تھا اور سر سے خوشبو کی لہریں پھوٹ رہی تھیں۔

ابو نائلہؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہہ رکھا تھا کہ جب وہ آجائے گا تو میں اس کے بال پکڑ کر سونگھوں گا۔ جب تم دیکھنا کہ میں نے اس کا سر پکڑ کر اُسے قابو میں کر لیا ہے تو اس پر پل پڑنا.... اور اُسے مار ڈالنا۔ چنانچہ جب کعب آیا تو کچھ دیر باتیں ہوتی رہیں۔ پھر ابو نائلہؓ نے کہا: "ابن اشرف! کیوں نہ شعب عجوز تک چلیں۔ ذرا آج رات باتیں کی جائیں۔" اس نے کہا "اگر تم چاہتے ہو تو چلتے ہیں؟ اس پر سب لوگ چل پڑے۔ اثنار راہ میں ابو نائلہؓ نے کہا، آج جیسی عمدہ خوشبو تو میں نے کبھی دیکھی ہی نہیں۔ یہ سن کر کعب کا سینہ فخر سے تن گیا۔ کہنے لگا، میرے پاس عرب کی سب سے زیادہ خوشبو والی عورت ہے۔ ابو نائلہؓ نے کہا، اجازت ہو تو ذرا آپ کا سر سونگھ لوں؟ وہ بولا ہاں ہاں۔ ابو نائلہ نے اس کے سر میں اپنا ہاتھ ڈالا۔ پھر خود بھی سونگھا اور ساتھیوں کو بھی سونگھایا۔

کچھ اور چلے تو ابو نائلہؓ نے کہا، بھئی ایک بار اور۔ کعب نے کہا ہاں ہاں۔ ابو نائلہ نے پھر وہی حرکت کی یہاں تک کہ وہ مطمئن ہو گیا۔

اس کے بعد کچھ اور چلے تو ابو نائلہ نے پھر کہا، کہ بھئی ایک بار اور۔ اس نے کہا ٹھیک ہے۔ اب کی بار ابو نائلہؓ نے اس کے سر میں ہاتھ ڈال کر ذرا اچھی طرح پکڑ لیا تو بولے: "لے لو اللہ کے اس دشمن کو۔" اتنے میں اس پر کئی تلواریں پڑیں، لیکن کچھ کام نہ دے سکیں۔ یہ دیکھ کر محمدؓ بن مسلمہ نے جھٹ اپنی کدال لی اور اس کے پیڑو پر لگا کر چڑھ بیٹھے۔ کدال آر پار ہو گئی اور اللہ کا یہ دشمن وہیں ڈھیر ہو گیا۔ حملے کے دوران اس نے اتنی زبردست چیخ لگائی تھی کہ گرد و پیش میں ہلچل مچ گئی تھی اور کوئی ایسا قلعہ باقی نہ بچا تھا جس پر آگ روشن نہ کی گئی ہو (لیکن ہوا کچھ بھی نہیں۔)

کارروائی کے دوران حضرت حارثؓ بن اوس کو بعض ساتھیوں کی تلوار کی نوک لگ گئی تھی۔ جس سے وہ زخمی ہو گئے تھے اور ان کے جسم سے خون بہ رہا تھا؛ چنانچہ واپسی میں جب یہ دستہ حرۂ عریض پہنچا تو دیکھا کہ حارثؓ ساتھ نہیں ہیں اس لیے سب لوگ وہیں رک گئے۔ تھوڑی دیر

بعد حارث بھی ان کے نشانات قدم دیکھتے ہوئے آن پہنچے۔ وہاں سے لوگوں نے انہیں اٹھا لیا۔ اور بقیع غرقد پہنچ کر اس زور کا نعرہ لگایا کہ رسول اللہ ﷺ کو بھی سنائی پڑا۔ آپؐ سمجھ گئے کہ ان لوگوں نے اُسے مار لیا ہے؛ چنانچہ آپؐ نے بھی اللہ اکبر کہا۔ پھر جب یہ لوگ آپؐ کی خدمت میں پہنچے تو آپؐ نے فرمایا' افلحت الوجوہ۔ یہ چہرے کامیاب رہیں۔ ان لوگوں نے کہا' ووجھك یارسولؐ اللہ۔ آپؐ کا چہرہ بھی اے اللہ کے رسولؐ! اور اس کے ساتھ ہی اس طاغوت کا سر آپؐ کے سامنے رکھ دیا۔ آپؐ نے اس کے قتل پر اللہ کی حمد و ثنا کی اور حارث کے زخم پر لعاب دہن لگا دیا جس سے وہ شفایاب ہو گئے اور آئندہ کبھی تکلیف نہ ہوئی۔[1]

ادھر یہود کو جب اپنے طاغوت کعب بن اشرف کے قتل کا علم ہُوا تو ان کے ہٹ دھرم اور ضدی دلوں میں رعب کی لہر دوڑ گئی۔ ان کی سمجھ میں آ گیا کہ رسول اللہ ﷺ جب یہ محسوس کر لیں گے کہ امن و امان کے ساتھ کھیلنے والوں، ہنگامے اور اضطرابات بپا کرنے والوں اور عہد و پیمان کا احترام نہ کرنے والوں پر نصیحت کارگر نہیں ہو رہی ہے تو آپؐ طاقت کے استعمال سے بھی گریز نہ کریں گے' اس لیے انھوں نے اپنے اس طاغوت کے قتل پر چوں نہ کیا بلکہ ایک دم، دم سادھے پڑے رہے۔ ایفائے عہد کا مظاہرہ کیا اور ہمت ہار بیٹھے؛ یعنی سانپ تیزی کے ساتھ اپنی بلوں میں جا گھسے۔

اس طرح ایک مدت تک کے لیے رسول اللہ ﷺ بیرون مدینہ سے پیش آنے والے متوقع خطرات کا سامنا کرنے کے لیے فارغ ہو گئے اور مسلمان ان بہت سی اندرونی مشکلات کے بارِ گراں سے سبکدوش ہو گئے جن کا اندیشہ انہیں محسوس ہو رہا تھا اور جن کی بُو وقتاً فوقتاً وہ سُونگھتے رہتے تھے۔

۷۔ غزوۂ بحران

یہ ایک بڑی فوجی طلایہ گردی تھی جس کی تعداد تین سو تھی۔ اس فوج کو لے کر رسول اللہ ﷺ ماہ ربیع الآخر ۳ھ میں بحران نامی ایک علاقے کی طرف تشریف لے گئے تھے —— یہ حجاز کے اندر فرع کے اطراف میں ایک معدنیاتی مقام ہے —— اور ربیع الآخر اور جمادی الاولیٰ کے دو مہینے وہیں قیام فرما رہے۔

---

[1] اس واقعے کی تفصیل ابنِ ہشام ۲/۵۱-۵۷۔ صحیح بخاری ۱/۳۴۱، ۴۲۵، ۲/۵۷۷۔ سنن ابی داؤد مع عون المعبود ۲/۴۲، ۴۳۔ اور زاد المعاد ۲/۹۱ سے ماخوذ ہے۔

اس کے بعد مدینہ واپس تشریف لائے۔ کسی قسم کی لڑائی سے سابقہ پیش نہ آیا۔[۱۲]

۸۔ سریۂ زید بن حارثہ

جنگ احد سے پہلے مسلمانوں کی یہ آخری اور کامیاب ترین مہم تھی جو جمادی الآخرۃ ۳ھ میں پیش آئی۔

واقعے کی تفصیل یہ ہے کہ قریش جنگ بدر کے بعد سے قلق و اضطراب میں مبتلا تو تھے ہی مگر جب گرمی کا موسم آگیا اور ملکِ شام کے تجارتی سفر کا وقت آن پہنچا تو انہیں ایک اور فکر دامن گیر ہوئی۔ اس کی وضاحت اس سے ہوتی ہے کہ صفوان بن امیہ نے ــــ جسے قریش کی طرف سے اس سال ملکِ شام جانے والے تجارتی قافلے کا میر کارواں منتخب کیا گیا تھا ــ قریش سے کہا:

"محمدؐ اور اس کے ساتھیوں نے ہماری تجارتی شاہراہ ہمارے لیے پُر صعوبت بنا دی ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم اس کے ساتھیوں سے کیسے نمٹیں۔ وہ ساحل چھوڑ کر ہٹتے ہی نہیں اور باشندگانِ ساحل نے ان سے مصالحت کر لی ہے۔ عام لوگ بھی انہیں کے ساتھ ہوگئے ہیں۔ اب سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم کون سا راستہ اختیار کریں؟ اگر ہم گھروں ہی میں بیٹھ رہیں تو اپنا اصل مال بھی کھا جائیں گے اور کچھ باقی نہ بچے گا؛ کیونکہ مکے میں ہماری زندگی کا دارو مدار اس پر ہے کہ گرمی میں شام اور جاڑے میں حبشہ سے تجارت کریں۔"

صفوان کے اس سوال کے بعد اس موضوع پر غور و خوض شروع ہوگیا۔ آخر اسود بن عبد المطلب نے صفوان سے کہا: "تم ساحل کا راستہ چھوڑ کر عراق کے راستے سفر کرو۔" واضح رہے کہ یہ راستہ بہت لمبا ہے۔ نجد سے ہو کر شام جاتا ہے اور مدینہ کے مشرق میں خاصے فاصلے سے گذرتا ہے۔ قریش اس راستے سے بالکل ناواقف تھے اس لیے اسود بن عبد المطلب نے صفوان کو مشورہ دیا کہ وہ فرات بن حیان کو ــــ جو قبیلہ بکر بن وائل سے تعلق رکھتا تھا ــــ راستہ بتانے کے لیے راہنما رکھ لے۔ وہ اس سفر میں اس کی رہنمائی کر دے گا۔

اس انتظام کے بعد قریش کا کارواں صفوان بن امیہ کی قیادت میں نئے راستے سے روانہ

---

[۱۲] ابن ہشام ۲/ ۵۰، ۵۱ - زاد المعاد ۲/ ۹۱ - اس غزوے کے اسباب کی تعیین میں مآخذ مختلف ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مدینہ میں یہ خبر پہنچی کہ بنو سلیم مدینہ اور اطراف مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے بہت بڑے پیمانے پر جنگی تیاریاں کر رہے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ آپؐ قریش کے کسی قافلے کی تلاش میں نکلے تھے۔ ابن ہشام نے یہی سبب ذکر کیا ہے اور ابن قیم نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے۔ چنانچہ پہلا سبب سرے سے ذکر نہیں کیا ہے۔ یہی بات درست بھی معلوم ہوتی ہے کیونکہ بنو سلیم فرع کے اطراف میں آباد نہیں تھے بلکہ نجد میں آباد تھے جو فرع سے بہت زیادہ دور ہے۔

ہُوا مگر اس کارواں اور اس کے سفر کے پورے منصوبے کی خبر مدینہ پہنچ گئی۔ ہُوا یہ کہ سلیطؓ بن نعمان جو مسلمان ہو چکے تھے نعیم بن مسعود کے ساتھ جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے، بادہ نوشی کی ایک مجلس میں جمع ہوئے ۔۔۔ یہ شراب کی حرمت سے پہلے کا واقعہ ہے ۔۔۔ جب نعیم پر نشے کا غلبہ ہُوا تو انہوں نے قافلے اور اس کے سفر کے پورے منصوبے کی تفصیل بیان کر ڈالی۔ سلیطؓ پوری برق رفتاری کے ساتھ خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہوئے اور ساری تفصیل کہہ سنائی۔

رسول اللہ ﷺ نے فوراً حملے کی تیاری کی۔ اور سو سواروں کا ایک رسالہ حضرت زید بن حارثہ کلبی رضی اللہ عنہ کی کمان میں دے کر روانہ کر دیا۔ حضرت زیدؓ نے نہایت تیزی سے راستہ طے کیا اور ابھی قریش کا قافلہ بالکل بے خبری کے عالم میں قردہ نامی ایک چشمہ پر پڑاؤ ڈالنے کے لیے اُتر رہا تھا کہ اسے جا لیا اور اچانک یلغار کر کے پورے قافلے پر قبضہ کر لیا۔ صفوان بن امیہ اور دیگر محافظینِ کارواں کو بھاگنے کے سوا کوئی چارۂ کار نظر نہ آیا۔

مسلمانوں نے قافلے کے راہنما فرات بن حیان کو اور کہا جاتا ہے کہ مزید دو آدمیوں کو گرفتار کر لیا۔ ظروف اور چاندی کی بہت بڑی مقدار، جو قافلے کے پاس تھی، اور جس کا اندازہ ایک لاکھ درہم تھا، بطور غنیمت ہاتھ آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے خُمس نکال کر مالِ غنیمت رسالے کے افراد پر تقسیم کر دیا اور فرات بن حیان نے نبی ﷺ کے دستِ مبارک پر اسلام قبول کر لیا۔[۳۱]

بدر کے بعد قریش کے لیے یہ سب سے الم انگیز واقعہ تھا جس سے ان کے قلق و اضطراب اور غم و الم میں مزید اضافہ ہو گیا۔ اب ان کے سامنے دو ہی راستے تھے یا تو اپنا کبر و غرور چھوڑ کر مسلمانوں سے صلح کر لیں یا بھرپور جنگ کر کے اپنی عزتِ رفتہ اور مجدِ گذشتہ کو واپس لائیں اور مسلمانوں کی قوت کو اس طرح توڑ دیں کہ وہ دوبارہ سر نہ اٹھا سکیں۔ قریشِ مکہ نے اسی دوسرے راستے کا انتخاب کیا؛ چنانچہ اس واقعہ کے بعد قریش کا جوشِ انتقام کچھ اور بڑھ گیا اور اس نے مسلمانوں سے ٹکر لینے اور ان کے دیار میں گھس کر ان پر حملہ کرنے کے لیے بھرپور تیاری شروع کر دی۔ اس طرح پچھلے واقعات کے علاوہ یہ واقعہ بھی معرکۂ احد کا خاص عامل ہے۔

---

۳۱ ابنِ ہشام ۲/ ۵۰، ۵۱۔ رحمۃ للعالمین ۲/ ۲۱۹

غزوۂ اُحد

انتقامی جنگ کے لیے قریش کی تیاریاں

اہلِ مکہ کو معرکۂ بدر میں شکست و ہزیمت کی جو زک اور اپنے صَنادید و اَشراف کے قتل کا جو صدمہ برداشت کرنا پڑا تھا اس کے سبب وہ مسلمانوں کے خلاف غیظ و غضب سے کھول رہے تھے، حتیٰ کہ انہوں نے اپنے مقتولین پر آہ و فغاں کرنے سے بھی روک دیا تھا اور قیدیوں کے فدیے کی ادائیگی میں بھی جلد بازی کا مظاہرہ کرنے سے منع کر دیا تھا تاکہ مسلمان ان کے رنج وغم کی شدت کا اندازہ نہ کرسکیں۔ پھر انہوں نے جنگِ بدر کے بعد یہ متفقہ فیصلہ کیا کہ مسلمانوں سے ایک بھرپور جنگ لڑکر اپنا کلیجہ ٹھنڈا کریں اور اپنے جذبۂ غیظ وغضب کو تسکین دیں۔ اور اس کے ساتھ ہی اس طرح کی معرکہ آرائی کی تیاری بھی شروع کر دی۔ اس معاملے میں سردارانِ قریش میں سے عِکرمہ بن ابی جہل، صفوان بن اُمیّہ، ابوسفیان بن حرب، اور عبداللہ بن ربیعہ زیادہ پُرجوش اور سب سے پیش پیش تھے۔

ان لوگوں نے اس سلسلے میں پہلا کام یہ کیا کہ ابوسفیان کا وہ قافلہ جو جنگِ بدر کا باعث بنا تھا اور جسے ابوسفیان بچا کر نکال لے جانے میں کامیاب ہوگیا تھا، اس کا سارا مال جنگی اخراجات کے لیے روک لیا اور جن لوگوں کا مال تھا اُن سے کہا کہ: اے قریش کے لوگو! تمہیں محمدؐ نے سخت دھچکا لگایا ہے اور تمہارے منتخب سرداروں کو قتل کرڈالا ہے۔ لہذا ان سے جنگ کرنے کے لیے اس مال کے ذریعے مدد کرو، ممکن ہے کہ ہم بدلہ چکا لیں۔ قریش کے لوگوں نے اسے منظور کر لیا۔ چنانچہ یہ سارا مال جس کی مقدار ایک ہزار اونٹ اور پچاس ہزار دینار تھی، جنگ کی تیاری کے لیے بیچ ڈالا گیا۔ اسی بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ۬ؕ (۸:۳۶)

"جن لوگوں نے کفر کیا وہ اپنے اموال اللہ کی راہ سے روکنے کے لیے خرچ کریں گے۔ تو یہ

خرچ تو کریں گے لیکن پھر یہ ان کے لیے باعثِ حسرت ہوگا - پھر مغلوب کئے جائیں گے ۔"

پھر انہوں نے رضا کارانہ جنگی خدمت کا دروازہ کھول دیا کہ جو اُحابیش، کنانہ اور اہلِ تہامہ مسلمانوں کے خلاف جنگ میں شریک ہونا چاہیں وہ قریش کے جھنڈے تلے جمع ہوجائیں۔ انہوں نے اس مقصد کے لیے ترغیب و تحریص کی مختلف صورتیں بھی اختیار کیں، یہاں تک کہ ابوعزہ شاعر جو جنگ بدر میں قید ہُوا تھا اور جس کو رسول اللہ ﷺ نے یہ عہد لے کر کہ اب وہ آپؐ کے خلاف کبھی نہ اُٹھے گا ازراہِ احسان بلا فدیہ چھوڑ دیا تھا، اُسے صفوان بن اُمیہ نے اُبھارا کہ وہ قبائل کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکانے کا کام کرے اور اس سے یہ عہد کیا کہ اگر وہ لڑائی سے بچ کر زندہ و سلامت واپس آگیا تو اُسے مالا مال کر دے گا، ورنہ اس کی لڑکیوں کی کفالت کرے گا۔ چنانچہ ابوعزہ نے رسول اللہ ﷺ سے کئے ہوئے عہد و پیمان کو پسِ پشت ڈال کر جذباتِ غیرت و حمیت کو شعلہ زن کرنے والے اشعار کے ذریعے قبائل کو بھڑکانا شروع کر دیا۔ اسی طرح قریش نے ایک اور شاعر مسافع بن عبدِ مناف جمحی کو اس مہم کے لیے تیار کیا۔

ادھر ابوسفیان نے غزوۂ سَوِیق سے ناکام و نامراد بلکہ سامان رسد کی ایک بہت بڑی مقدار سے ہاتھ دھو کر واپس آنے کے بعد مسلمانوں کے خلاف لوگوں کو ابھارنے اور بھڑکانے میں کچھ زیادہ ہی سرگرمی دکھائی۔

پھر اخیر میں سَریہ زیدؓ بن حارثہ کے واقعے سے قریش کو جس سنگین اور اقتصادی طور پر کمر توڑ خسارہ سے دوچار ہونا پڑا اور انہیں جس قدر بے اندازہ رنج و الم پہنچا اس نے آگ پر تیل کا کام کیا اور اس کے بعد مسلمانوں سے ایک فیصلہ کن جنگ لڑنے کے لیے قریش کی تیاری کی رفتار میں بڑی تیزی آگئی۔

قریش کا لشکر، سامانِ جنگ اور کمان

چنانچہ سال پورا ہوتے ہوتے قریش کی تیاری مکمّل ہوگئی۔ ان کے اپنے افراد کے علاوہ ان کے حلیفوں اور احابیش کو ملا کر مجموعی طور پر کُل تین ہزار فوج تیار ہوئی۔ قائدین قریش کی رائے ہوئی کہ اپنے ساتھ عورتیں بھی لے چلیں تاکہ حرمت و ناموس کی حفاظت کا احساس کچھ زیادہ ہی جذبۂ جان سپاری کے ساتھ لڑنے کا سبب بنے۔ لہٰذا اس لشکر میں انکی عورتیں بھی شامل ہوئیں جن کی تعداد پندرہ تھی۔ سواری و باربرداری کے لیے تین ہزار اونٹ تھے اور رسالے کے

لیے دو سو گھوڑے[1] ان گھوڑوں کو تازہ دم رکھنے کے لیے انہیں پورے راستے بازو میں لے جایا گیا یعنی ان پر سواری نہیں کی گئی۔ حفاظتی ہتھیاروں میں سات سو زرہیں تھیں۔

ابو سفیان کو پورے لشکر کا سپہ سالار مقرر کیا گیا۔ رسالے کی کمان خالد بن ولید کو دی گئی اور عکرمہ بن ابی جہل کو ان کا معاون بنایا گیا۔ پرچم مقررہ دستور کے مطابق قبیلہ بنی عبد الدار کے ہاتھ میں دیا گیا۔

مکّی لشکر کی روانگی

اس بھرپور تیاری کے بعد مکّی لشکر نے اس حالت میں مدینے کا رُخ کیا کہ مسلمانوں کے خلاف غم و غصّہ اور انتقام کا جذبہ ان کے دلوں میں شعلہ بن کر بھڑک رہا تھا اور یہ جو عنقریب پیش آنے والی جنگ کی خونریزی اور شدّت کا پتا دے رہا تھا۔

مدینے میں اطلاع

حضرت عباس رضی اللہ عنہ قریش کی اس ساری نقل و حرکت اور جنگی تیاریوں کا بڑی چابکدستی اور گہرائی سے مطالعہ کر رہے تھے؛ چنانچہ جوں ہی یہ لشکر حرکت میں آیا، حضرت عباسؓ نے اس کی ساری تفصیلات پر مشتمل ایک خط فوراً نبی ﷺ کی خدمت میں روانہ فرمادیا۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا قاصد پیغام رسانی میں نہایت پھرتیلا ثابت ہوا۔ اس نے مکّے سے مدینے تک کوئی پانچ سو کیلومیٹر کی مسافت صرف تین دن میں طے کرکے ان کا خط نبی ﷺ کے حوالے کیا۔ اس وقت آپؐ مسجد قبا میں تشریف فرما تھے۔

یہ خط حضرت اُبَیّ بن کعب رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو پڑھ کر سنایا۔ آپؐ نے انہیں رازداری برتنے کی تاکید کی اور جھٹ مدینہ تشریف لاکر انصار و مہاجرین کے قائدین سے صلاح و مشورہ کیا۔

ہنگامی صورتِ حال کے مقابلے کی تیاری

اس کے بعد مدینے میں عام لام بندی کی کیفیت پیدا ہوگئی۔ لوگ کسی بھی اچانک صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت ہتھیار بند رہنے لگے؛ حتّٰی کہ نماز میں بھی ہتھیار جُدا نہیں کیا جاتا تھا۔

ادھر انصار کا ایک مختصر سا دستہ، جس میں سَعد بن معاذ، اُسَید بن حُضَیر اور سعد بن عبادہ

---

[1] زاد المعاد ۲/۹۲۔ یہی مشہور ہے۔ لیکن فتح الباری ۷/۳۴۶ میں گھوڑوں کی تعداد ایک سو بتائی گئی ہے۔

رضی اللہ عنہم تھے، رسول اللہ ﷺ کی نگرانی پر تعینات ہوگیا - یہ لوگ ہتھیار پہن کر ساری ساری رات رسول اللہ ﷺ کے دروازے پر گذار دیتے تھے۔

کچھ اور دستے اس خطرے کے پیش نظر کہ غفلت کی حالت میں اچانک کوئی حملہ نہ ہوجائے۔ مدینے میں داخلے کے مختلف راستوں پر تعینات ہو گئے۔

چند دیگر دستوں نے دشمن کی نقل وحرکت کا پتا لگانے کے لیے طلایہ گردی شروع کردی یہ دستے ان راستوں پر گشت کرتے رہتے تھے جن سے گذر کر مدینے پر چھاپہ مارا جاسکتا تھا۔

مکّی لشکر، مدینے کے دامن میں

ادھر مکّی لشکر معروف کاروانی شاہراہ پر چلتا رہا۔ جب اَبْوَاء پہنچا تو ابوسفیان کی بیوی ہند بنت عُتبہ نے یہ تجویز پیش کی کہ رسول اللہ ﷺ کی والدہ کی قبر اکھیڑ دی جائے۔

لیکن اس دروازے کو کھولنے کے جو سنگین نتائج نکل سکتے تھے اس کے خوف سے قائدینِ لشکر نے یہ تجویز منظور نہ کی۔

اس کے بعد لشکر نے اپنا سفر بدستور جاری رکھا یہاں تک کہ مدینے کے قریب پہنچ کر پہلے وادی عقیق سے گذرا پھر کسی قدر داہنے جانب کترا کر کوہ اُحد کے قریب عینین نامی ایک مقام پر جو مدینہ کے شمال میں وادیٔ قناۃ کے کنارے ایک بنجر زمین ہے پڑاؤ ڈال دیا۔ یہ جمعہ ۶ شوال ۳ھ کا واقعہ ہے۔

مدینے کی دفاعی حکمتِ عملی کے لیے مجلسِ شوریٰ کا اجلاس

مدینے کے ذرائع اطلاعات مکّی لشکر کی ایک ایک خبر مدینہ پہنچا رہے تھے، حتیٰ کہ اس کے پڑاؤ کی بابت آخری خبر بھی پہنچا دی۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ نے فوجی ہائی کمان کی مجلسِ شوریٰ منعقد فرمائی جس میں مناسب حکمتِ عملی اختیار کرنے کے لیے صلاح مشورہ کرنا تھا۔ آپ نے انہیں اپنا دیکھا ہوا ایک خواب بتلایا۔ آپ نے بتلایا کہ واللہ میں نے ایک بھلی چیز دیکھی۔ میں نے دیکھا کہ کچھ گائیں ذبح کی جا رہی ہیں اور میں نے دیکھا کہ میری تلوار کے سرے پر کچھ شکستگی ہے اور یہ بھی دیکھا کہ میں نے اپنا ہاتھ ایک محفوظ زِرہ میں داخل کیا ہے۔ پھر آپ نے گائے کی یہ تعبیر بتلائی کہ کچھ صحابہؓ قتل کیے جائیں گے۔ تلوار میں شکستگی کی یہ تعبیر بتلائی کہ آپ کے گھر کا کوئی آدمی شہید ہوگا اور محفوظ

زِرہ کی یہ تعبیر بتلائی کہ اس سے مراد شہر مدینہ ہے۔

پھر آپؐ نے صحابہ کرامؓ کے سامنے دفاعی حکمتِ عملی کے متعلق اپنی رائے پیش کی کہ مدینے سے باہر نہ نکلیں بلکہ شہر کے اندر ہی قلعہ بند ہو جائیں۔ اب اگر مشرکین اپنے کیمپ میں مقیم رہتے ہیں تو بے مقصد اور بُرا قیام ہوگا اور اگر مدینے میں داخل ہوتے ہیں تو مسلمان گلی کوچے کے ناکوں پر ان سے جنگ کریں گے اور عورتیں چھتوں کے اُوپر سے ان پر خشت باری کریں گی یہی صحیح رائے تھی اور اسی رائے سے عبداللہ بن اُبَیّ رأس المنافقین نے بھی اتفاق کیا جو اس مجلس میں خزرج کے ایک سرکردہ نمائندہ کی حیثیت سے شریک تھا لیکن اس کے اتفاق کی بنیاد یہ نہ تھی کہ جنگی نقطۂ نظر سے یہی صحیح موقف تھا بلکہ اس کا مقصد یہ تھا کہ وہ جنگ سے دُور بھی رہے اور کسی کو اس کا احساس بھی نہ ہو۔ لیکن اللہ کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ اس نے چاہا کہ یہ شخص اپنے رفقاء سمیت پہلی بار سرعام رسوا ہو جائے اور اُن کے کفر و نفاق پر جو پردہ پڑا ہُوا ہے وہ ہٹ جائے اور مسلمانوں کو اپنے مشکل ترین وقت میں معلوم ہو جائے کہ اُن کی آستین میں کتنے سانپ رینگ رہے ہیں۔

چنانچہ فضلاءِ صحابہؓ کی ایک جماعت نے جو بدر میں شرکت سے رہ گئی تھی، بڑھ کر نبی ﷺ کو مشورہ دیا کہ میدان میں تشریف لے چلیں اور انہوں نے اپنی اس رائے پر سخت اصرار کیا، حتیٰ کہ بعض صحابہؓ نے کہا: "اے اللہ کے رسولؐ! ہم تو اس دن کی تمنا کیا کرتے تھے اور اللہ سے اس کی دُعائیں مانگا کرتے تھے۔ اب اللہ نے یہ موقع فراہم کر دیا ہے اور میدان میں نکلنے کا وقت آ گیا ہے تو پھر آپؐ دشمن کے مدِمقابل ہی تشریف لے چلیں۔ وہ یہ نہ سمجھیں کہ ہم ڈر گئے ہیں۔"

ان گرم جوش حضرات میں خود رسول اللہ ﷺ کے چچا حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سرفہرست تھے جو معرکۂ بدر میں اپنی تلوار کا جوہر دکھلا چکے تھے۔ انہوں نے نبی ﷺ سے عرض کی کہ اس ذات کی قسم جس نے آپؐ پر کتاب نازل کی، میں کوئی غذا نہ چکھوں گا یہاں تک کہ مدینے سے باہر اپنی تلوار کے ذریعے ان سے دو دو ہاتھ کر لوں[1]

رسول اللہ ﷺ نے اکثریّت کے اصرار کے سامنے اپنی رائے ترک کر دی اور آخری

---

[1] سیرۃ حلبیہ ۱۴/۲

فیصلہ یہی ہوا کہ مدینے سے باہر نکل کر کھلے میدان میں معرکہ آرائی کی جائے۔

اسلامی لشکر کی ترتیب اور میدانِ جنگ کیلئے روانگی

اس کے بعد نبی ﷺ نے جمعہ کی نماز پڑھائی تو وعظ و نصیحت کی، جدوجہد کی ترغیب دی اور بتلایا کہ صبر اور ثابت قدمی ہی سے غلبہ حاصل ہو سکتا ہے۔ ساتھ ہی حکم دیا کہ دشمن سے مقابلے کے لیے تیار ہو جائیں۔ یہ سن کر لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

اس کے بعد جب آپؐ نے عصر کی نماز پڑھی تو اس وقت تک لوگ جمع ہو چکے تھے۔ عوالی کے باشندے بھی آ چکے تھے۔ نماز کے بعد آپؐ اندر تشریف لے گئے۔ ساتھ میں ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے۔ انہوں نے آپؐ کے سر پر عمامہ باندھا اور لباس پہنایا۔ آپؐ نے نیچے اُوپر دو زرہیں پہنیں، تلوار حمائل کی اور ہتھیار سے آراستہ ہو کر لوگوں کے سامنے تشریف لائے۔

لوگ آپؐ کی آمد کے منتظر تو تھے ہی لیکن اس دوران حضرت سعد بن معاذ اور اُسَیْد بن حُضَیْر رضی اللہ عنہما نے لوگوں سے کہا کہ آپ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو میدان میں نکلنے پر زبردستی آمادہ کیا ہے لہذا معاملہ آپؐ ہی کے حوالے کر دیجئے۔ یہ سُن کر سب لوگوں نے ندامت محسوس کی اور جب آپؐ باہر تشریف لائے تو آپؐ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہمیں آپؐ کی مخالفت نہیں کرنی چاہیئے تھی۔ آپؐ کو جو پسند ہو وہی کیجئے۔ اگر آپؐ کو یہ پسند ہے کہ مدینے میں رہیں تو آپؐ ایسا ہی کیجئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "کوئی نبی جب اپنا ہتھیار پہن لے تو مناسب نہیں کہ اُسے اتارے تا آنکہ اللہ اس کے درمیان اور اُس کے دشمن کے درمیان فیصلہ فرما دے۔"[۳۵]

اس کے بعد نبی ﷺ نے لشکر کو تین حصّوں میں تقسیم فرمایا۔

۱۔ مہاجرین کا دستہ: اس کا پرچم حضرت مُصْعَب بن عُمَیْر عَبْدَرِی رضی اللہ عنہ کو عطا کیا۔

۲۔ قبیلۂ اَوْس (انصار) کا دستہ: اس کا عَلَم حضرت اُسَیْد بن حُضَیْر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔

۳۔ قبیلہ خزرج (انصار) کا دستہ: اس کا عَلَم حباب بن مُنذِر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا۔

پورا لشکر ایک ہزار مردانِ جنگی پر مشتمل تھا جن میں ایک سو زِرہ پوش اور پچاس شہسوار

---

[۳۵] مسند احمد، نسائی، حاکم۔ ابن اسحاق

تھے[4] اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ شہسوار کوئی بھی نہ تھا۔

حضرت ابن اُمِّ مکتوم رضی اللہ عنہ کو اس کام پر مقرر فرمایا کہ وہ مدینے کے اندر رہ جانے والے لوگوں کو نماز پڑھائیں گے۔ اس کے بعد کوچ کا اعلان فرما دیا اور لشکر نے شمال کا رُخ کیا۔
حضرت سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما زرہ پہنے نبی ﷺ کے آگے آگے چل رہے تھے۔

ثَنِیَّۃ الوَدَاع سے آگے بڑھے تو ایک دستہ نظر آیا جو نہایت عمدہ ہتھیار پہنے ہوئے تھا اور پورے لشکر سے الگ تھلگ تھا۔ آپؐ نے دریافت کیا تو بتلایا گیا کہ خزرج کے حلیف یہود ہیں[5] جو مشرکین کے خلاف شریکِ جنگ ہونا چاہتے ہیں۔ آپؐ نے دریافت فرمایا۔ کیا یہ مسلمان ہو چکے ہیں؟ لوگوں نے کہا نہیں۔ اس پر آپؐ نے اہلِ شرک کے خلاف اہلِ کفر کی مدد لینے سے انکار کر دیا۔

لشکر کا معائنہ

پھر آپؐ نے "شیخان" نامی ایک مقام تک پہنچ کر لشکر کا معائنہ فرمایا۔ جو لوگ چھوٹے یا ناقابلِ جنگ نظر آئے انہیں واپس کر دیا۔ اُن کے نام یہ ہیں: حضرت عبد اللہ بن عمر، اُسامہ بن زید، اسید بن ظہیر، زید بن ثابت، زید بن ارقم، عرابہ بن اوس، عمرو بن حزم، ابو سعید خدری، زید بن حارثہ انصاری اور سعد بن حبہ رضی اللہ عنہم۔ اسی فہرست میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کا نام بھی ذکر کیا جاتا ہے لیکن صحیح بخاری میں ان کی جو روایت مذکور ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ وہ اُحد کے موقعے پر لڑائی میں شریک تھے۔

البتہ صِغرِسنی کے باوجود حضرت رافع بن خَدِیج اور سَمُرَہ بن جُندُب رضی اللہ عنہما کو جنگ میں شرکت کی اجازت مل گئی۔ اس کی وجہ یہ ہُوئی کہ حضرت رافع بن خَدِیج رضی اللہ عنہ بڑے ماہر تیر انداز تھے اس لیے اُنہیں اجازت مل گئی۔ جب اُنہیں اجازت مل گئی تو حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں تو رافع سے زیادہ طاقتور ہوں؛ میں اسے پچھاڑ

---

[4] یہ بات ابنِ قیم نے زاد المعاد ۲/ ۹۲ میں بیان کی ہے۔ حافظ ابنِ حجر کہتے ہیں کہ یہ فاش غلطی ہے موسیٰ بن عقبہ نے جزم کے ساتھ کہا ہے کہ مسلمانوں کے ساتھ جنگِ اُحد میں سرے سے کوئی گھوڑا تھا ہی نہیں۔ واقدی کا بیان ہے کہ صرف دو گھوڑے تھے، ایک رسول اللہ ﷺ کے پاس۔ اور ایک ابو بُردَہ رضی اللہ عنہ کے پاس (فتح الباری ۷/ ۳۵۰)

[5] یہ واقعہ ابنِ سعد نے روایت کیا ہے۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یہ بنو قَینُقَاع کے یہود تھے۔ (۲/ ۳۴) لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ بنو قینقاع کو جنگ بدر کے کچھ ہی دنوں بعد جلا وطن کر دیا گیا تھا۔

سکتا ہوں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپؐ نے اپنے سامنے دونوں سے کشتی لڑوائی اور واقعۃً سمرہؓ نے رافعؓ کو پچھاڑ دیا۔ لہٰذا انہیں بھی اجازت مل گئی۔

اُحُد اور مدینے کے درمیان شب گذاری

یہیں شام ہو چکی تھی۔ لہٰذا آپؐ نے یہیں مغرب اور پھر عشاء کی نماز پڑھی اور یہیں رات بھی گذارنے کا فیصلہ کیا۔ پہرے کے لیے پچاس صحابہؓ منتخب فرمائے جو کیمپ کے گردو پیش گشت لگاتے رہتے تھے۔ ان کے قائد محمد بن مسلمہ انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔ یہ وہی بزرگ ہیں جنہوں نے کعب بن اشرف کو ٹھکانے لگانے والی جماعت کی قیادت فرمائی تھی۔ ذکوانؓ بن عبداللہ بن قیس خاص نبی ﷺ کے پاس پہرہ دے رہے تھے۔

عبداللہ بن اُبَیّ اور اس کے ساتھیوں کی سرکشی

طلوعِ فجر سے کچھ پہلے آپ پھر چل پڑے اور مقام "شوط" پہنچ کر فجر کی نماز پڑھی۔ اب آپؐ دشمن کے بالکل قریب تھے اور دونوں ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔ یہیں پہنچ کر عبداللہ بن اُبَیّ منافق نے بغاوت کر دی اور کوئی ایک تہائی لشکر یعنی تین سو افراد کو لے کر یہ کہتا ہوا واپس چلا گیا کہ ہم نہیں سمجھتے کہ کیوں خواہ مخواہ اپنی جان دیں۔ اس نے اس بات پر بھی احتجاج کا مظاہرہ کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی بات نہیں مانی اور دوسروں کی بات مان لی۔

یقیناً اس علیحدگی کا سبب وہ نہیں تھا جو اس منافق نے ظاہر کیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی بات نہیں مانی، کیونکہ اس صورت میں جیشِ نبوی کے ساتھ یہاں تک اس کے آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ اسے لشکر کی روانگی کے پہلے ہی قدم پر الگ ہو جانا چاہیئے تھا۔ اس لیے حقیقت وہ نہیں جو اس نے ظاہر کی تھی بلکہ حقیقت یہ تھی کہ وہ اس نازک موڑ پر الگ ہو کر اسلامی لشکر میں ایسے وقت اضطراب اور کھلبلی مچانا چاہتا تھا جب دشمن اس کی ایک ایک نقل و حرکت دیکھ رہا ہو، تاکہ ایک طرف تو عام فوجی نبی ﷺ کا ساتھ چھوڑ دیں اور جو باقی رہ جائیں ان کے حوصلے ٹوٹ جائیں اور دوسری طرف اس منظر کو دیکھ کر دشمن کی ہمت بندھے اور اس کے حوصلے بلند ہوں۔ لہٰذا یہ کارروائی نبی ﷺ اور ان کے مخلص ساتھیوں کے خاتمے کی ایک مؤثر تدبیر تھی جس کے بعد اس منافق کو توقع تھی کہ اس کی اور اس کے رفقاء کی سرداری و سربراہی

کے لیے میدان صاف ہو جائے گا۔

قریب تھا کہ یہ منافق اپنے بعض مقاصد کی برآری میں کامیاب ہو جاتا، کیونکہ مزید دو جماعتوں یعنی قبیلہ اوس میں سے بنو حارثہ اور قبیلہ خزرج میں سے بنو سلمہ کے قدم بھی اکھڑ چکے تھے اور وہ واپسی کی سوچ رہے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی دستگیری کی اور یہ دونوں جماعتیں اضطراب اور ارادہ واپسی کے بعد جم گئیں۔ انہیں کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

إِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتَانِ مِنكُمْ أَن تَفْشَلَا وَاللَّهُ وَلِيُّهُمَا ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ (۳:۱۲۲)

"جب تم میں سے دو جماعتوں نے قصد کیا کہ بزدلی اختیار کریں، اور اللہ ان کا ولی ہے، اور مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسا کرنا چاہیے۔"

بہرحال منافقین نے واپسی کا فیصلہ کیا تو اس نازک ترین موقعے پر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد حضرت عبداللہ بن حرام رضی اللہ عنہ نے انہیں ان کا فرض یاد دلانا چاہا۔ چنانچہ موصوف انہیں ڈانٹتے ہوئے واپسی کی ترغیب دیتے ہوئے اور یہ کہتے ہوئے ان کے پیچھے پیچھے چلے کہ آؤ۔ اللہ کی راہ میں لڑو یا دفاع کرو۔ مگر انہوں نے جواب میں کہا، اگر ہم جانتے کہ آپ لوگ لڑائی کریں گے تو ہم واپس نہ ہوتے۔ یہ جواب سن کر حضرت عبداللہ بن حرامؓ یہ کہتے ہوئے واپس ہوئے کہ او اللہ کے دشمنو! تم پر اللہ کی مار۔ یاد رکھو! اللہ اپنے نبیؐ کو تم سے مستغنی کر دے گا۔

ان ہی منافقین کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوِ ادْفَعُوا ۖ قَالُوا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّاتَّبَعْنَاكُمْ ۗ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ ۚ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ۝ (۳:۱۶۷)

"اور تاکہ اللہ انہیں بھی جان لے جنہوں نے منافقت کی، اور اُن سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کی راہ میں لڑائی کرو یا دفاع کرو تو انہوں نے کہا کہ اگر ہم لڑائی جانتے تو یقیناً تمہاری پیروی کرتے۔ یہ لوگ آج ایمان کی بہ نسبت کفر کے زیادہ قریب ہیں۔ مُنہ سے ایسی بات کہتے ہیں جو دل میں نہیں ہے اور یہ جو کچھ چھپاتے ہیں اللہ اُسے جانتا ہے۔"

بقیہ اسلامی لشکر دامنِ اُحد میں

اس بغاوت اور واپسی کے بعد رسول اللہ ﷺ نے باقیماندہ لشکر کو لے کر، جس کی تعداد سات سو

تھی، دشمن کی طرف قدم بڑھایا۔ دشمن کا پڑاؤ آپ کے درمیان اور اُحد کے درمیان کئی سمت سے حائل تھا۔ اس لیے آپؐ نے دریافت کیا کہ کوئی آدمی ہے جو ہمیں دشمن کے پاس سے گذرے بغیر کسی قریبی راستے سے لے چلے۔

اس کے جواب میں ابو خَیثمہ نے عرض کیا: "یا رسول اللہ ﷺ میں اس خدمت کے لیے حاضر ہوں"۔ پھر انہوں نے ایک مختصر راستہ اختیار کیا جو مشرکین کے لشکر کو مغرب کی سمت چھوڑتا ہُوا بنی حارثہ کے حرہ اور کھیتوں سے گذرتا تھا۔

اس راستے سے جاتے ہوئے لشکر کا گذر مربع بن قیظی کے باغ سے ہوا۔ یہ شخص منافق بھی تھا اور نابینا بھی۔ اس نے لشکر کی آمد محسوس کی تو مسلمانوں کے چہروں پر دُھول پھینکنے لگا اور کہنے لگا کہ اگر آپؐ اللہ کے رسول ہیں تو یاد رکھیں کہ آپؐ کو میرے باغ میں آنے کی اجازت نہیں۔ لوگ اسے قتل کرنے کو لپکے لیکن آپؐ نے فرمایا: "اسے قتل نہ کرو۔ یہ دل اور آنکھ دونوں کا اندھا ہے۔"

پھر رسول اللہ ﷺ نے آگے بڑھ کر وادی کے آخری سرے پر واقع اُحد پہاڑ کی گھاٹی میں نزول فرمایا اور وہیں اپنے لشکر کا کیمپ لگوایا۔ سامنے مدینہ تھا اور پیچھے اُحد کا بلند و بالا پہاڑ؛ اس طرح دشمن کا لشکر مسلمانوں اور مدینے کے درمیان حدِ فاصل بن گیا۔

دفاعی منصوبہ | یہاں پہنچ کر رسول اللہ ﷺ نے لشکر کی ترتیب و تنظیم قائم کی اور جنگی نقطۂ نظر سے اسے کئی صفوں میں تقسیم فرمایا۔ ماہر تیر اندازوں کا ایک دستہ بھی منتخب کیا جو پچاس مردانِ جنگی پر مشتمل تھا۔ ان کی کمان حضرت عبد اللہ بن جبیر بن نعمان انصاری دَوسی بدری رضی اللہ عنہ کو سپرد کی اور انہیں وادی قناۃ کے جنوبی کنارے پر واقع ایک چھوٹی سی پہاڑی پر جو اسلامی لشکر کے کیمپ سے کوئی ڈیڑھ سو میٹر جنوب مشرق میں واقع ہے اور اب جبل رماۃ کے نام سے مشہور ہے، تعینات فرمایا۔ اس کا مقصد ان کلمات سے واضح ہے جو آپؐ نے ان تیر اندازوں کو ہدایات دیتے ہوئے ارشاد فرمائے۔ آپؐ نے ان کے کمانڈر کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: "شہسواروں کو تیر مار کر ہم سے دُور رکھو۔ وہ پیچھے سے ہم پر چڑھ نہ آئیں۔ ہم جیتیں یا ہاریں تم اپنی جگہ رہنا۔ تمہاری طرف سے ہم پر حملہ نہ ہونے پائے۔"[۱] پھر آپؐ نے تیر اندازوں کو مخاطب کرکے فرمایا:

---

[۱] ابنِ ہشام ۲/ ۶۵، ۶۶

"ہماری پُشت کی حفاظت کرنا۔ اگر دیکھو کہ ہم مارے جارہے ہیں تو ہماری مدد کو نہ آنا اور اگر دیکھو کہ ہم مالِ غنیمت سمیٹ رہے ہیں تو ہمارے ساتھ شریک نہ ہونا"۔[۷] اور صحیح بخاری کے الفاظ کے مطابق آپؐ نے یوں فرمایا: "اگر تم لوگ دیکھو کہ ہمیں پرندے اچک رہے ہیں تو بھی اپنی جگہ نہ چھوڑنا یہاں تک کہ میں بلا بھیجوں؛ اور اگر تم لوگ دیکھو کہ ہم نے قوم کو شکست دے دی ہے اور انہیں کچل دیا ہے، تو بھی اپنی جگہ نہ چھوڑنا یہاں تک کہ میں بلا بھیجوں"[۸]۔

ان سخت ترین فوجی احکامات و ہدایات کے ساتھ اس دستے کو اس پہاڑی پر متعین فرما کر رسول اللہ ﷺ نے وہ واحد شگاف بند فرمادیا جس سے نفوذ کرکے مشرکین کا رسالہ مسلمانوں کی صفوں کے پیچھے پہنچ سکتا تھا اور ان کو محاصرے اور نرغے میں لے سکتا تھا۔

باقی لشکر کی ترتیب یہ تھی کہ مَیمَنَہ پر حضرت مُنذِرؓ بن عمرو مقرر ہوئے اور مَیسَرہ پر حضرت زُبیرؓ بن عوام۔ اور ان کا معاون حضرت مقدادؓ بن اسود کو بنایا گیا ـــــ حضرت زُبیرؓ کو یہ مہم بھی سونپی گئی تھی کہ وہ خالد بن ولید کے شہسواروں کی راہ روکے رکھیں۔ اس ترتیب کے علاوہ صف کے اگلے حصے میں ایسے ممتاز اور منتخب بہادر مسلمان رکھے گئے جن کی جانبازی و دلیری کا شہرہ تھا اور جنہیں ہزاروں کے برابر مانا جاتا تھا۔

یہ منصوبہ بڑی باریکی اور حکمت پر مبنی تھا جس سے نبی ﷺ کی فوجی قیادت کی عبقریت کا پتا چلتا ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ کوئی کمانڈر خواہ کیسا ہی بالیاقت کیوں نہ ہو آپؐ سے زیادہ باریک اور باحکمت منصوبہ تیار نہیں کرسکتا۔ کیونکہ آپؐ باوجودیکہ دشمن کے بعد یہاں تشریف لائے تھے لیکن آپؐ نے اپنے لشکر کے لیے وہ مقام منتخب فرمایا جو جنگی نقطۂ نظر سے میدانِ جنگ کا سب سے بہترین مقام تھا؛ یعنی آپؐ نے پہاڑ کی بلندیوں کی اوٹ لے کر اپنی پُشت اور دایاں بازو محفوظ کرلیا اور بائیں بازو پر دورانِ جنگ جس واحد شگاف سے حملہ کرکے پُشت تک پہنچا جاسکتا تھا اسے تیراندازوں کے ذریعے بند کردیا۔ اور پڑاؤ کے لیے ایک اُونچی جگہ منتخب فرمائی کہ اگر خدانخواستہ شکست سے دوچار ہونا پڑے تو بھاگنے اور تعاقب کنندگان کی قید میں جانے کے بجائے کیمپ میں پناہ لی جاسکے اور اگر دشمن کیمپ پر قبضے کے

---

[۷] احمد، طبرانی، حاکم، عن ابن عباس۔ دیکھئے فتح الباری ۷/ ۳۵۰
[۸] صحیح بخاری کتاب الجہاد ۱/ ۴۲۶

لیے پیش قدمی کرے تو اسے نہایت سنگین نقصان سے دوچار ہونا پڑے۔ اس کے برعکس آپؐ نے دشمن کو اپنے کیمپ کے لیے ایک ایسا نشیبی مقام قبول کرنے پر مجبور کر دیا کہ اگر وہ غالب آجائے تو فتح کا کوئی خاص فائدہ نہ اُٹھا سکے اور اگر مسلمان غالب آجائیں تو تعاقب کرنے والوں کی گرفت سے بچ نہ سکے۔ اسی طرح آپؐ نے ممتاز بہادروں کی ایک جماعت منتخب کر کے فوجی تعداد کی کمی پوری کر دی۔ یہ تھی نبی ﷺ کے لشکر کی ترتیب و تنظیم جو ۷ شوال ۳ھ یوم سنیچر کی صبح عمل میں آئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لشکر میں شجاعت کی رُوح پھونکتے ہیں

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اعلان فرمایا کہ جب تک آپؐ حکم نہ دیں جنگ شروع نہ کی جائے۔ آپؐ نے نیچے اُوپر دو زِرہیں پہن رکھی تھیں۔ اب آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو جنگ کی ترغیب دیتے ہوئے تاکید فرمائی کہ جب دشمن سے ٹکراؤ ہو تو پامردی اور ثابت قدمی سے کام لیں۔ آپؐ نے ان میں دلیری اور بہادری کی رُوح پھونکتے ہُوئے ایک نہایت تیز تلوار بے نیام کی اور فرمایا کون ہے جو اس تلوار کو لے کر اس کا حق ادا کرے؟ اس پر کئی صحابہ تلوار لینے کے لیے لپک پڑے جن میں علیؓ بن ابی طالب، زبیرؓ بن عوام اور عمرؓ بن خطاب بھی تھے، لیکن ابو دُجانہ سماک بن خرشہ رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر عرض کی کہ یا رسولؐ اللہ! اس کا حق کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا "اس سے دشمن کے چہرے کو مارو یہاں تک کہ یہ ٹیڑھی ہو جائے۔" انہوں نے کہا "یا رسولؐ اللہ! میں اس تلوار کو لیکر اس کا حق ادا کرنا چاہتا ہوں۔" آپؐ نے تلوار انہیں دے دی۔

ابو دُجانہ رضی اللہ عنہ بڑے جانباز تھے۔ لڑائی کے وقت اکڑ کر چلتے تھے۔ ان کے پاس ایک سُرخ پٹی تھی۔ جب اُسے باندھ لیتے تو لوگ سمجھ جاتے کہ وہ اب موت تک لڑتے رہیں گے۔ چنانچہ جب انہوں نے تلوار لی تو سر پر پٹی بھی باندھ لی اور فریقین کی صفوں کے درمیان اکڑ کر چلنے لگے۔ یہی موقع تھا جب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ چال اللہ تعالےٰ کو ناپسند ہے، لیکن اس جیسے موقع پر نہیں۔

مکّی لشکر کی تنظیم

مُشرکین نے بھی صف بندی ہی کے اصول پر اپنے لشکر کو مرتب اور منظم کیا تھا۔ اُن کا سپہ سالار ابو سفیان تھا جس نے قلبِ لشکر

میں اپنا مرکز بنایا تھا۔ مَیمنہ پر خالد بن ولید تھے جو ابھی تک مشرک تھے۔ مَیسرہ پر عکرمہ بن ابی جہل تھا۔ پیدل فوج کی کمان صفوان بن امیہ کے پاس تھی اور تیر اندازوں پر عبد اللہ بن ربیعہ مقرر ہوئے۔

جھنڈا بنو عبد الدار کی ایک چھوٹی سی جماعت کے ہاتھ میں تھا۔ یہ منصب انہیں اسی وقت سے حاصل تھا جب بنو عبدِ مناف نے قُصیّ سے وراثت میں پائے ہوئے مناصب کو باہم تقسیم کیا تھا۔ جس کی تفصیل ابتدائے کتاب میں گذر چکی ہے۔ پھر باپ دادا سے جو دستور چلا آرہا تھا اس کے پیشِ نظر کوئی شخص اس منصب کے بارے میں ان سے نزاع بھی نہیں کر سکتا تھا۔ لیکن سپہ سالار ابو سفیان نے انہیں یاد دلایا کہ جنگِ بدر میں ان کا پرچم بردار نضر بن حارث گرفتار ہوا تو قریش کو کن حالات سے دوچار ہونا پڑا تھا۔ اور اس بات کو یاد دلانے کے ساتھ ہی ان کا غصّہ بھڑکانے کے لیے کہا: "اے بنی عبد الدار! بدر کے روز آپ لوگوں نے ہمارا جھنڈا لے رکھا تھا تو ہمیں جن حالات سے دوچار ہونا پڑا وہ آپ نے دیکھ ہی لیا ہے۔ درحقیقت فوج پر جھنڈے ہی کی جانب سے زد پڑتی ہے۔ جب جھنڈا گر پڑتا ہے تو فوج کے قدم اکھڑ جاتے ہیں۔ پس اب کی بار آپ لوگ یا تو ہمارا جھنڈا ٹھیک طور سے سنبھالیں یا ہمارے اور جھنڈے کے درمیان سے ہٹ جائیں۔ ہم اس کا انتظام خود کر لیں گے۔" اس گفتگو سے ابو سفیان کا جو مقصد تھا اس میں وہ کامیاب رہا۔ کیونکہ اس کی بات سُن کر بنی عبد الدار کو سخت تاؤ آیا۔ انہوں نے دھمکیاں دیں۔ معلوم ہوتا تھا کہ اس پر پِل پڑیں گے۔ کہنے لگے ہم اپنا جھنڈا تمہیں دیں گے؟ کل جب ٹکر ہوگی تو دیکھ لینا ہم کیا کرتے ہیں۔ اور واقعی جب جنگ شروع ہوئی تو وہ نہایت پامردی کے ساتھ جمے رہے یہاں تک کہ ان کا ایک ایک آدمی لقمۂ اجل بن گیا۔

قریش کی سیاسی چال بازی

آغازِ جنگ سے کچھ پہلے قریش نے مسلمانوں کی صف میں پھوٹ ڈالنے اور نزاع پیدا کرنے کی کوشش کی۔ اس مقصد کے لیے ابو سفیان نے انصار کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ آپ لوگ ہمارے اور ہمارے چچیرے بھائی (محمد ﷺ) کے بیچ سے ہٹ جائیں تو ہمارا رُخ بھی آپ کی طرف نہ ہوگا، کیونکہ ہمیں آپ لوگوں سے لڑنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ لیکن جس ایمان کے آگے پہاڑ بھی نہیں ٹھہر سکتے اس کے آگے یہ چال کیونکر کامیاب ہو سکتی تھی۔ چنانچہ انصار نے اسے نہایت سخت

جواب دیا اور کڑوی کسیلی سنائی۔

پھر وقت صفر قریب آگیا اور دونوں فوجیں ایک دوسرے کے قریب آگئیں تو قریش نے اس مقصد کے لیے ایک اور کوشش کی، یعنی ان کا ایک خیانت کوش آلہ کار ابو عامر فاسق مسلمانوں کے سامنے نمودار ہوا۔ اس شخص کا نام عبد عمرو بن صیفی تھا اور اسے راہب کہا جاتا تھا لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام فاسق رکھ دیا۔ یہ جاہلیت میں قبیلہ اوس کا سردار تھا لیکن جب اسلام کی آمد آمد ہوئی تو اسلام اس کے گلے کی پھانس بن گیا اور وہ رسول اللہ ﷺ کے خلاف کھل کر عداوت پر اُتر آیا۔ چنانچہ وہ مدینہ سے نکل کر قریش کے پاس پہنچا۔ اور انہیں آپؐ کے خلاف بھڑکا بھڑکا کر آمادۂ جنگ کیا اور یقین دلایا کہ میری قوم کے لوگ مجھے دیکھیں گے تو میری بات مان کر میرے ساتھ ہو جائیں گے۔ چنانچہ یہ پہلا شخص تھا جو میدانِ اُحد میں احابیش اور اہلِ مکہ کے غلاموں کے ہمراہ مسلمانوں کے سامنے آیا اور اپنی قوم کو پکار کر اپنا تعارف کراتے ہوئے کہا، قبیلہ اوس کے لوگو! میں ابو عامر ہوں۔ ان لوگوں نے کہا ' او فاسق! اللہ تیری آنکھ کو خوشی نصیب نہ کرے۔ اس نے یہ جواب سنا تو کہا' او ہو! میری قوم میرے بعد شر سے دوچار ہو گئی ہے۔ (پھر جب لڑائی شروع ہوئی تو اس شخص نے بڑی پُرزور جنگ کی اور مسلمانوں پر جم کر پتھر برسائے۔)

اس طرح قریش کی جانب سے اہلِ ایمان کی صفوں میں تفرقہ ڈالنے کی دوسری کوشش بھی ناکام رہی۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ تعداد کی کثرت اور ساز و سامان کی فراوانی کے باوجود مشرکین کے دلوں پر مسلمانوں کا کس قدر خوف اور ان کی کیسی ہیبت طاری تھی۔

جوش و ہمت دلانے کے لیے قریشی عورتوں کی تگ و تاز

ادھر قریشی عورتیں بھی جنگ میں اپنا حصہ ادا کرنے اٹھیں۔ ان کی قیادت ابو سفیان کی بیوی ہند بنت عتبہ کر رہی تھی۔ ان عورتوں نے صفوں میں گھوم گھوم کر اور دف پیٹ پیٹ کر لوگوں کو جوش دلایا۔ لڑائی کے لیے بھڑکایا، جانبازوں کو غیرت دلائی، اور نیزہ بازی و شمشیر زنی، مار دھاڑ اور تیر افگنی کے لیے جذبات کو برانگیختہ کیا۔ کبھی وہ علمبرداروں کو مخاطب کر کے یوں کہتیں:

ویہا بنی عبد الدار ویہا حُماة الادبار ضربا بکل بتار

دیکھو! بنی عبد الدار! دیکھو! پشت کے پاسدار خوب کرو شمشیر کا وار

اور کبھی اپنی قوم کو لڑائی کا جوش دلاتے ہوئے یوں کہتیں :

اِنْ تُقْبِلُوْا نُعَانِقْ وَنَفْرِشُ النَّمَارِقْ اَوْتُدْبِرُوْا نُفَارِقْ فِرَاقَ غَیْرِ وَامِقْ

اگر پیش قدمی کروگے تو ہم گلے لگائیں گی۔ اور قالینیں بچھائیں گی۔ اور اگر پیچھے ہٹوگے تو رُوٹھ جائیں گی اور الگ ہوجائیں گی۔

جنگ کا پہلا ایندھن

اس کے بعد دونوں فریق بالکل آمنے سامنے اور قریب آگئے اور لڑائی کا مرحلہ شروع ہوگیا۔ جنگ کا پہلا ایندھن مشرکین کا علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ عبْدَری بنا۔ یہ شخص قریش کا نہایت بہادر شہسوار تھا۔ اسے مسلمان کبش الکتیبہ (لشکر کا مینڈھا) کہتے تھے۔ یہ اونٹ پر سوار ہوکر نکلا اور مُبارزت کی دعوت دی۔ اس کی حد سے بڑھی ہوئی شجاعت کے سبب عام صحابہؓ مقابلے سے کترا گئے لیکن حضرت زبیرؓ آگے بڑھے اور ایک لمحہ کی مہلت دیئے بغیر شیر کی طرح جست لگا کر اونٹ پر جا چڑھے۔ پھر اسے اپنی گرفت میں لے کر زمین پر کُود گئے اور تلوار سے ذبح کردیا۔

نبی ﷺ نے یہ ولولہ انگیز منظر دیکھا تو فرطِ مسرت سے نعرۂ تکبیر بلند کیا مسلمانوں نے بھی نعرۂ تکبیر لگایا پھر آپؐ نے حضرت زبیرؓ کی تعریف کی اور فرمایا ہر نبی کا ایک حواری ہوتا ہے اور میرے حواری زبیرؓ ہیں۔[۹]

معرکہ کا مرکزِ ثقل اور علمبرداروں کا صفایا

اس کے بعد ہر طرف جنگ کے شعلے بھڑک اُٹھے اور پورے میدان میں پُر زور مار دھاڑ شروع ہوگئی۔ مشرکین کا پرچم معرکے کا مرکزِ ثقل تھا۔ بنو عبدالدار نے اپنے کمانڈر طلحہ بن ابی طلحہ کے قتل کے بعد یکے بعد دیگرے پرچم سنبھالا لیکن سب کے سب مارے گئے۔ سب سے پہلے طلحہ کے بھائی عثمان بن ابی طلحہ نے پرچم اٹھایا اور یہ کہتے ہوئے آگے بڑھا،

ان علی اھل اللوآء حقا ان تخضب الصعدة أوتندقا

"پرچم والوں کا فرض ہے کہ نیزہ (خون سے) رنگین ہوجائے یا ٹوٹ جائے۔"

اس شخص پر حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے حملہ کیا اور اس کے کندھے پر ایسی تلوار ماری کہ وہ ہاتھ سمیت کندھے کو کاٹتی اور جسم کو چیرتی ہوئی ناف تک جا پہنچی یہاں تک

---

[۹] اس کا ذکر صاحب سیرت حلبیہ نے کیا ہے۔ ورنہ احادیث میں یہ جملہ دوسرے موقعے پر مذکور ہے۔

کر پھیپھڑا دکھائی دینے لگا۔

اس کے بعد ابوسعد بن ابی طلحہ نے جھنڈا اٹھایا۔ اس پر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے تیر چلایا اور وہ ٹھیک اس کے گلے پر لگا جس سے اس کی زبان باہر نکل آئی اور وہ اسی وقت مر گیا ــــ لیکن بعض سیرت نگاروں کا کہنا ہے کہ ابوسعد نے باہر نکل کر دعوتِ مُبَارَزت دی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر مقابلہ کیا۔ دونوں نے ایک دوسرے پر تلوار کا ایک وار کیا۔ لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوسعد کو مار لیا۔

اس کے بعد مسافع بن طلحہ بن ابی طلحہ نے جھنڈا اٹھایا لیکن اسے عاصم بن ثابت بن ابی افلح رضی اللہ عنہ نے تیر مار کر قتل کر دیا۔ اس کے بعد اس کے بھائی کلاب بن طلحہ بن ابی طلحہ نے جھنڈا اٹھایا مگر اس پر حضرت زُبَیر بن عوام رضی اللہ عنہ ٹوٹ پڑے اور لڑ بھڑ کر اس کا کام تمام کر دیا۔ پھر ان دونوں کے بھائی جلاس بن طلحہ بن ابی طلحہ نے جھنڈا اٹھایا مگر اسے طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے نیزہ مار کر ختم کر دیا؛ اور کہا جاتا ہے کہ عاصم بن ثابت بن ابی افلح رضی اللہ عنہ نے تیر مار کر ختم کیا۔

یہ ایک ہی گھر کے چھ افراد تھے۔ یعنی سب کے سب ابوطلحہ عبداللہ بن عثمان بن عبدالدار کے بیٹے یا پوتے تھے جو مشرکین کے جھنڈے کی حفاظت کرتے ہوئے مارے گئے۔ اس کے بعد قبیلہ بنی عبدالدار کے ایک اور شخص اَرطَاۃ بن شُرَحْبِیل نے پرچم سنبھالا، لیکن اُسے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے، اور کہا جاتا ہے کہ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے قتل کر دیا۔ اس کے بعد شُریح بن قارظ نے جھنڈا اٹھایا مگر اُسے قزمان نے قتل کر دیا ــــ قُزمان منافق تھا اور اسلام کے بجائے قبائلی حمیت کے جوش میں مسلمانوں کے ہمراہ لڑنے آیا تھا ــــ شریح کے بعد ابو زید عمرو بن عبد مناف عبدری نے جھنڈا سنبھالا مگر اسے بھی قُزمان نے ٹھکانے لگا دیا۔ پھر شُرَحْبِیل بن ہاشم عبدری کے ایک لڑکے نے جھنڈا اٹھایا مگر وہ بھی قُزمان کے ہاتھوں مارا گیا۔

یہ بنو عبدالدار کے دس افراد ہوئے جنہوں نے مشرکین کا جھنڈا اٹھایا اور سب کے سب مارے گئے۔ اس کے بعد اس قبیلے کا کوئی آدمی باقی نہ بچا جو جھنڈا اٹھاتا لیکن اس موقعے پر ان کے ایک حبشی غلام نے ــــ جس کا نام صواب تھا ــــ لپک کر جھنڈا اٹھا لیا اور ایسی بہادری اور پامردی سے لڑا کہ اپنے سے پہلے جھنڈا اٹھانے والے اپنے آقاؤں سے بھی بازی

لے گیا یعنی یہ شخص مسلسل لڑتا رہا یہاں تک کہ اس کے دونوں ہاتھ یکے بعد دیگرے کاٹ دیئے گئے لیکن اس کے بعد بھی اس نے جھنڈا گرنے نہ دیا بلکہ گھٹنے کے بل بیٹھ کر سینے اور گردن کی مدد سے کھڑا کیۓ رکھا یہاں تک کہ جان سے مار ڈالا گیا اور اس وقت بھی یہ کہہ رہا تھا کہ یا اللہ! اب تو میں نے کوئی کسر باقی نہ چھوڑی؟

اس غلام (صواب) کے قتل کے بعد جھنڈا زمین پر گر گیا اور اسے کوئی اٹھانے والا باقی نہ بچا اس لیے وہ گرا ہی رہا۔

بقیہ حصّوں میں جنگ کی کیفیت

ایک طرف مشرکین کا جھنڈا معرکے کا مرکزِ ثقل تھا تو دوسری طرف میدان کے بقیہ حصّوں میں بھی شدید جنگ جاری تھی۔ مسلمانوں کی صفوں پر ایمان کی رُوح چھائی ہوئی تھی اس لیے وہ شرک و کفر کے لشکر پر اس سیلاب کی طرح ٹوٹے پڑ رہے تھے جس کے سامنے کوئی بند ٹھہر نہیں پاتا۔ مسلمان اس موقعے پر اَمِتْ اَمِتْ کہہ رہے تھے؛ اور اس جنگ میں یہی ان کا شعار تھا۔

ادھر ابو دُجانہ رضی اللہ عنہ نے اپنی سُرخ پٹی باندھے رسول اللہ ﷺ کی تلوار تھامے اور اس کے حق کی ادائیگی کا عزمِ مصمّم کیۓ پیش قدمی کی اور لڑتے ہوئے دُور تک جا گھسے۔ وہ جس کسی مشرک سے ٹکراتے اس کا صفایا کر دیتے۔ انہوں نے مشرکین کی صفوں کی صفیں اُلٹ دیں۔

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب میں نے رسول اللہ ﷺ سے تلوار مانگی اور آپؐ نے مجھے نہ دی تو میرے دل پر اس کا اثر ہُوا اور مَیں نے اپنے جی میں سوچا کہ میں آپؐ کی پھوپھی حضرت صفیہ کا بیٹا ہوں، قریشی ہوں اور میں نے آپؐ کے پاس جا کر ابو دُجانہؓ سے پہلے تلوار مانگی لیکن آپؐ نے مجھے نہ دی، اور انہیں دے دی اس لیے واللہ! میں دیکھوں گا کہ وہ اس سے کیا کام لیتے ہیں؟ چنانچہ میں ان کے پیچھے لگ گیا۔ انہوں نے یہ کیا کہ پہلے اپنی سُرخ پٹی نکالی اور سر پر باندھی۔ اس پر انصار نے کہا کہ ابو دُجانہ نے موت کی پٹی نکال لی ہے۔ پھر وہ یہ کہتے ہوئے میدان کی طرف بڑھے۔ ؎

انا الّذی عاھدنی خلیلی   ونحن بالسفح لذی النخیل

ان لا اقوم الدھر فی الکیول   اضرب بسیف اللہ والرّسول

"میں نے اس نخلستان کے دامن میں اپنے خلیل ﷺ سے عہد کیا ہے کہ کبھی صفوں کے پیچھے نہ رہوں گا (بلکہ آگے بڑھ کر) اللہ اور اس کے رسول ؐ کی تلوار چلاؤں گا۔"

اس کے بعد انہیں جو بھی مل جاتا اُسے قتل کر دیتے۔ ادھر مشرکین میں ایک شخص تھا جو ہمارے کسی بھی زخمی کو پا جاتا تو اس کا خاتمہ کر دیتا تھا۔ یہ دونوں رفتہ رفتہ قریب ہو رہے تھے۔ میں نے اللہ سے دُعا کی کہ دونوں میں ٹکر ہو جائے اور واقعۃً ٹکر ہو گئی۔ دونوں نے ایک دوسرے پر ایک ایک وار کیا۔ پہلے مشرک نے ابو دجانہؓ پر تلوار چلائی لیکن ابو دُجانہؓ نے یہ حملہ ڈھال پر روک لیا اور مشرک کی تلوار ڈھال میں پھنس کر رہ گئی۔ اس کے بعد ابو دُجانہؓ نے تلوار چلائی اور مشرک کو وہیں ڈھیر کر دیا۔[۱۰]

اس کے بعد ابو دجانہؓ صفوں پر صفیں درہم برہم کرتے ہوئے آگے بڑھے یہاں تک کہ قریشی عورتوں کی کمانڈر تک جا پہنچے۔ انہیں معلوم نہ تھا کہ یہ عورت ہے۔ چنانچہ ان کا بیان ہے کہ میں نے ایک انسان کو دیکھا وہ لوگوں کو بڑے زور و شور سے جوش و ولولہ دلا رہا ہے۔ اس لیے میں نے اس کو نشانے پر لے لیا۔ لیکن جب تلوار سے حملہ کرنا چاہا تو اس نے ہائے پکار مچائی اور پتا چلا کہ عورت ہے۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کی تلوار کو بٹہ نہ لگنے دیا کہ اس سے کسی عورت کو ماروں۔

یہ عورت ہند بنت عتبہ تھی۔ چنانچہ حضرت زُبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے ابو دُجانہ کو دیکھا انہوں نے ہند بنت عتبہ کے سر کے بیچوں بیچ تلوار بلند کی اور پھر ہٹا لی۔ میں نے سوچا اللہ اور اس کے رسول ؐ بہتر جانتے ہیں۔[۱۱]

ادھر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ بھی بپھرے ہوئے شیر کی طرح جنگ لڑ رہے تھے اور بے نظیر مار دھاڑ کے ساتھ قلب لشکر کی طرف بڑھے اور چڑھے جا رہے تھے۔ ان کے سامنے سے بڑے بڑے بہادر اس طرح بکھر جاتے تھے جیسے تیز آندھی میں پتے اُڑ رہے ہوں۔ انہوں نے مشرکین کے علمبرداروں کی تباہی میں نمایاں رول ادا کرنے کے علاوہ ان کے بڑے بڑے جانبازوں اور بہادروں کا بھی حال خراب کر رکھا تھا۔ لیکن صد حیف کہ اسی عالم میں ان کی شہادت واقع ہو گئی۔ مگر انہیں بہادروں کی طرح رُو در رُو لڑ کر شہید نہیں کیا گیا بلکہ بزدلوں

---

[۱۰] ابنِ ہشام ۲/ ۶۸، ۶۹ [۱۱] ابنِ ہشام ۲/ ۶۹

کی طرح چھپ چھپا کر بے خبری کے عالم میں مارا گیا۔

شیرِ خدا حضرت حمزہؓ کی شہادت

حضرت حمزہؓ کے قاتل کا نام وحشی بن حرب تھا۔ ہم ان کی شہادت کا واقعہ اسی کی زبانی نقل کرتے ہیں۔ اس کا بیان ہے کہ میں جُبَیر بن مُطعِم کا غلام تھا اور ان کا چچا طُعَیمہ بن عَدِی جنگِ بدر میں مارا گیا تھا۔ جب قریش جنگ اُحد پر روانہ ہونے لگے تو جبیر بن مطعم نے مجھ سے کہا: "اگر تم محمدؐ کے چچا حمزہؓ کو میرے چچا کے بدلے قتل کر دو تو تم آزاد ہو۔" وحشی کا بیان ہے کہ (اس پیش کش کے نتیجے میں) میں بھی لوگوں کے ساتھ روانہ ہُوا۔ میں حبشی آدمی تھا اور حبشیوں کی طرح نیزہ پھینکنے میں ماہر تھا۔ نشانہ کم ہی چُوکتا تھا۔ جب لوگوں میں جنگ چھڑ گئی تو میں نکل کر حمزہؓ کو دیکھنے لگا۔ میری نگاہیں اُن کی تلاش میں تھیں۔ بالآخر میں نے انہیں لوگوں کے ہجوم میں دیکھ لیا۔ وہ خاکستری اُونٹ کی طرح معلوم ہو رہے تھے۔ لوگوں کو درہم برہم کرتے جا رہے تھے۔ ان کے سامنے کوئی چیز ٹک نہیں پاتی تھی۔

واللہ! میں ابھی انکے قتل کے ارادے سے تیار ہی ہو رہا تھا اور ایک درخت یا پتّھر کی اوٹ میں چھُپ کر انہیں قریب آنے کا موقع دینا چاہتا تھا کہ اتنے میں سباع بن عبد العزی مجھ سے آگے بڑھ کر ان کے پاس جا پہنچا۔ حمزہؓ نے اسے للکارتے ہوئے کہا: "او! شرمگاہ کی چمڑی کاٹنے والی کے بیٹے! یہ لے۔" اور ساتھ ہی اس زور کی تلوار ماری کہ گویا اس کا سر تھا ہی نہیں۔

وحشی کا بیان ہے کہ اس کے ساتھ ہی میں نے اپنا نیزا تولا اور جب میری مرضی کے مطابق ہو گیا تو ان کی طرف اچھال دیا۔ نیزہ ناف کے نیچے لگا اور دونوں پاؤں کے بیچ سے پار ہو گیا۔ انہوں نے میری طرف اُٹھنا چاہا لیکن مغلوب ہو گئے۔ میں نے ان کو اسی حال میں چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ وہ فوت ہو گئے۔ اس کے بعد میں نے ان کے پاس جا کر اپنا نیزہ نکال لیا اور لشکر میں واپس جا کر بیٹھ گیا۔ (میرا کام ختم ہو چکا تھا) مجھے ان کے سوا کسی اور سے سروکار نہ تھا۔ میں نے انھیں محض اس لیے قتل کیا تھا کہ آزاد ہو جاؤں۔ چنانچہ جب مکہ آیا تو مجھے آزادی مل گئی۔[۱۲]

---

[۱۲] ابن ہشام ۲/ ۶۹-۷۲۔ صحیح بخاری ۲/ ۵۸۳۔ وحشی نے جنگ طائف کے بعد اسلام قبول کیا۔ اور اپنے اسی نیزے سے دَورِ صدیقی میں جنگِ یمامہ کے اندر مُسَیلمہ کذّاب کو قتل کیا۔ رومیوں کے خلاف جنگِ یرمُوک میں بھی شرکت کی۔

مسلمانوں کی بالادستی

شیرِ خدا اور شیرِ رسولؐ حضرت حمزہؓ کی شہادت کے نتیجے میں مسلمانوں کو جو سنگین خسارہ اور ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا اس کے باوجود جنگ میں مسلمانوں ہی کا پلّہ بھاری رہا۔ حضرت ابوبکر و عمر، علی و زبیر، مُصعَب بن عُمیرؓ، طلحہ بن عبید اللہ، عبد اللہ بن جحش، سعد بن معاذ، سعد بن عبادہ، سعد بن ربیع اور نضر بن انس وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین نے ایسی پامردی و جانبازی سے لڑائی لڑی کہ مشرکین کے چھکے چھوٹ گئے، حوصلے ٹوٹ گئے، اور ان کی قوتِ بازو جواب دے گئی۔

عورت کی آغوش سے تلوار کی دھار پر

اور آیئے! ذرا ادھر دیکھیں۔ انہیں جان فروش شہبازوں میں ایک اور بزرگ حضرت حَنظَلَۃُ الغَسِیل رضی اللہ عنہ نظر آرہے ہیں۔ جو آج ایک نرالی شان سے میدانِ جنگ میں تشریف لائے ہیں ـــ آپ اسی ابو عامر راہب کے بیٹے ہیں جسے بعد میں فاسق کے نام سے شہرت ملی اور جس کا ذکر ہم پچھلے صفحات میں کر چکے ہیں۔ حضرت حنظلہ نے ابھی نئی نئی شادی کی تھی۔ جنگ کی منادی ہوئی تو وہ بیوی سے ہم آغوش تھے۔ آواز سنتے ہی آغوش سے نکل کر جہاد کے لیے رواں دواں ہوگئے اور جب مشرکین کے ساتھ میدانِ کارزار گرم ہوا تو ان کی صفیں چیرتے پھاڑتے ان کے سپہ سالار ابوسفیان تک جا پہنچے اور قریب تھا کہ اس کا کام تمام کر دیتے۔ مگر اللہ نے خود ان کے لیے شہادت مقدر کر رکھی تھی۔ چنانچہ انھوں نے جوں ہی ابوسفیان کو نشانے پر لے کر تلوار بلند کی شدّاد بن اوس نے دیکھ لیا اور جھٹ حملہ کر دیا جس سے خود حضرت حنظلہؓ شہید ہوگئے۔

تیر اندازوں کا کارنامہ

جبل رماۃ پر جن تیر اندازوں کو رسول اللہ ﷺ نے متعین فرمایا تھا انھوں نے بھی جنگ کی رفتار مسلمانوں کے موافق چلانے میں بڑا اہم رول ادا کیا۔ مکّی شہسواروں نے خالد بن ولید کی قیادت میں اور ابو عامر فاسق کی مدد سے اسلامی فوج کا بایاں بازو توڑ کر مسلمانوں کی پشت تک پہنچنے اور ان کی صفوں میں کھلبلی مچا کر بھرپور شکست سے دوچار کرنے کے لیے تین بار پُر زور حملے کیے لیکن مسلمان تیر اندازوں نے انہیں اس طرح تیروں سے چھلنی کیا کہ ان کے تینوں حملے ناکام ہوگئے[۱۳]۔

---

[۱۳] دیکھئے فتح الباری ۷/۳۴۶

مشرکین کی شکست

کچھ دیر تک اسی طرح شدید جنگ ہوتی رہی اور چھوٹا سا اسلامی لشکر، رفتارِ جنگ پر پوری طرح مسلط رہا۔ بالآخر مشرکین کے حوصلے ٹوٹ گئے، اُن کی صفیں دائیں بائیں، آگے پیچھے سے بکھرنے لگیں۔ گویا تین ہزار مشرکین کو سات سو نہیں بلکہ تیس ہزار مسلمانوں کا سامنا ہے۔ ادھر مسلمان تھے کہ ایمان و یقین اور جانبازی و شجاعت کی نہایت بلند پایہ تصویر بنے شمشیر و سنان کے جوہر دکھلا رہے تھے۔

جب قریش نے مسلمانوں کے تابڑ توڑ حملے روکنے کے لیے اپنی انتہائی طاقت صَرف کرنے کے باوجُود مجبوری و بے بسی محسوس کی، اور ان کے حوصلے اس حد تک ٹوٹ گئے کہ صواب کے قتل کے بعد کسی کو جرأت نہ ہوئی کہ سلسلۂ جنگ جاری رکھنے کے لیے اپنے گرے ہوئے جھنڈے کے قریب جا کر اسے بلند کرے تو انھوں نے پسپا ہونا شروع کر دیا اور فرار کی راہ اختیار کی اور بدلہ و انتقام، بحالیٔ عزّ و وقار اور واپسیٔ مجد و شرف کی جو باتیں انہوں نے سوچ رکھی تھیں انہیں یکسر بھُول گئے۔

ابنِ اسحاق کہتے ہیں کہ اللہ نے مسلمانوں پر اپنی مدد نازل کی اور ان سے اپنا وعدہ پورا کیا؛ چنانچہ مسلمانوں نے تلواروں سے مشرکین کی ایسی کٹائی کی کہ وہ کیمپ سے بھی پرے بھاگ گئے اور بلاشبہ ان کو شکست فاش ہوئی۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ان کے والد نے فرمایا: "واللہ میں نے دیکھا کہ ہند بنت عتبہ اور اُس کی ساتھی عورتوں کی پنڈلیاں نظر آرہی ہیں۔ وہ کپڑے اُٹھائے بھاگی جا رہی ہیں۔ ان کی گرفتاری میں کوئی چیز بھی حائل نہیں تھی"۔ ...الخ[۱]

صحیح بخاری میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ جب مشرکین سے ہماری ٹکر ہوئی تو مشرکین میں بھگدڑ مچ گئی یہاں تک کہ میں نے عورتوں کو دیکھا کہ پنڈلیوں سے کپڑے اٹھائے پہاڑ میں تیزی سے بھاگ رہی تھیں۔ ان کی پازیبیں دکھائی پڑ رہی تھیں۔[۲] اور اس بھگدڑ کے عالم میں مسلمان مشرکین پر تلوار چلاتے اور مال سمیٹتے ہوئے ان کا تعاقب کر رہے تھے۔

تیر اندازوں کی خوفناک غلطی

لیکن عین اس وقت جبکہ یہ مختصر سا اسلامی لشکر اہلِ مکہ کے خلاف تاریخ کے اوراق پر ایک اور

---

[۱] ابنِ ہشام ۲/ ۷۷ [۲] صحیح بخاری ۲/ ۵۷۹

شاندار فتح ثبت کر رہا تھا جو اپنی تابناکی میں جنگِ بدر کی فتح سے کسی طرح کم نہ تھی تیراندازوں کی اکثریت نے ایک خوفناک غلطی کا ارتکاب کیا جس کی وجہ سے جنگ کا پانسہ پلٹ گیا مسلمانوں کو شدید نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔ اور خود نبی کریم ﷺ شہادت سے بال بال بچے؛ اور اس کی وجہ سے مسلمانوں کی وہ ساکھ اور وہ ہیبت جاتی رہی جو جنگِ بدر کے نتیجے میں انہیں حاصل ہوئی تھی۔

پچھلے صفحات میں گذر چکا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تیراندازوں کو فتح و شکست ہر حال میں اپنے پہاڑی مورچے پر ڈٹے رہنے کی کتنی سخت تاکید فرمائی تھی لیکن ان سارے تاکیدی احکامات کے باوجود جب انہوں نے دیکھا کہ مسلمان دشمن کا مالِ غنیمت لوٹ رہے ہیں تو ان پر حُبِّ دُنیا کا کچھ اثر غالب آ گیا؛ چنانچہ بعض نے بعض سے کہا غنیمت ..... ! غنیمت ..... ! تمہارے ساتھی جیت گئے ..... ! اب کاہے کا انتظار ہے ؟

اس آواز کے اُٹھتے ہی ان کے کمانڈر حضرت عبداللہؓ بن جبیر نے انہیں رسول اللہ ﷺ کے احکامات یاد دلائے اور فرمایا؛ کیا تم لوگ بھول گئے کہ رسول اللہ ﷺ نے تمہیں کیا حکم دیا تھا؟ لیکن ان کی غالب اکثریت نے اس یاد دہانی پہ کان نہ دھرا اور کہنے لگے، "خدا کی قسم ہم بھی لوگوں کے پاس ضرور جائیں گے اور کچھ مالِ غنیمت ضرور حاصل کریں گے۔"[16]

اس کے بعد چالیس تیراندازوں نے اپنے مورچے چھوڑ دیئے اور مالِ غنیمت سمیٹنے کے لیے عام لشکر میں جا شامل ہوئے۔ اس طرح مسلمانوں کی پشت خالی ہو گئی اور وہاں صرف عبداللہؓ بن جبیر اور ان کے نو ساتھی باقی رہ گئے جو اس عزم کے ساتھ اپنے مورچوں میں ڈٹے رہے کہ یا تو انہیں اجازت دی جائے گی یا وہ اپنی جان جان آفریں کے حوالے کر دیں گے۔

اسلامی لشکر مشرکین کے نرغے میں

حضرت خالد بن ولید، جو اس سے پہلے تین بار اس مورچے کو سر کرنے کی کوشش کر چکے تھے، اس زرّیں موقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نہایت تیزی سے چکر کاٹ کر اسلامی لشکر کی پشت پر جا پہنچے اور چند لمحوں میں عبداللہؓ بن جبیر اور ان کے ساتھیوں کا صفایا کر کے مسلمانوں پر پیچھے سے ٹوٹ پڑے۔ ان کے شہسواروں نے ایک نعرہ بلند کیا

---

[16] یہ بات صحیح بخاری میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ دیکھئے ۱/۴۲۶

جس سے شکست خوردہ مشرکین کو اس نئی تبدیلی کا علم ہو گیا اور وہ بھی مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے۔ ادھر قبیلہ بنو حارث کی ایک عورت عمرہ بنت علقمہ نے لپک کر زمین پر پڑا ہوا مشرکین کا جھنڈا اٹھا لیا۔ پھر کیا تھا، بکھرے ہوئے مشرکین اس کے گرد سمٹنے لگے اور ایک نے دوسرے کو آواز دی، جس کے نتیجے میں وہ مسلمانوں کے خلاف اکٹھے ہو گئے اور جم کر لڑائی شروع کر دی۔ اب مسلمان آگے اور پیچھے دونوں طرف سے گھیرے میں آ چکے تھے۔ گویا چکی کے دو پاٹوں کے بیچ میں پڑ گئے تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پُرخطر فیصلہ اور دلیرانہ اقدام

اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرف نو صحابہؓ کی ذرا سی نفری کے ہمراہ پیچھے[۱۷] تشریف فرما تھے اور مسلمانوں کی مار دھاڑ اور مشرکین کے کھدیڑے جانے کا منظر دیکھ رہے تھے کہ آپؐ کو ایک دم اچانک خالد بن ولید کے شہسوار دکھائی پڑے۔ اس کے بعد آپؐ کے سامنے دو ہی راستے تھے، یا تو آپؐ اپنے نو رفقاء سمیت تیزی سے بھاگ کر کسی محفوظ جگہ چلے جاتے اور اپنے لشکر کو جو اب نرغے میں آیا ہی چاہتا تھا اس کی قسمت پر چھوڑ دیتے یا اپنی جان خطرے میں ڈال کر اپنے صحابہؓ کو بلاتے اور ان کی ایک معتد بہ تعداد اپنے پاس جمع کر کے ایک مضبوط محاذ تشکیل دیتے اور اس کے ذریعے مشرکین کا گھیرا توڑ کر اپنے لشکر کے لیے احد کی بلندی کی طرف جانے کا راستہ بناتے۔

آزمائش کے اس نازک ترین موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عبقریت اور بے نظیر شجاعت نمایاں ہوئی کیونکہ آپؐ نے جان بچا کر بھاگنے کے بجائے اپنی جان خطرہ میں ڈال کر صحابہ کرامؓ کی جان بچانے کا فیصلہ کیا۔

چنانچہ آپؐ نے خالد بن ولید کے شہسواروں کو دیکھتے ہی نہایت بلند آواز سے صحابہ کرامؓ کو پکارا "اللہ کے بندو۔۔۔۔ ادھر۔۔۔۔" [۱۸] حالانکہ آپؐ جانتے تھے کہ یہ آواز مسلمانوں سے پہلے مشرکین تک پہنچ جائے گی اور یہی ہوا بھی؛ چنانچہ یہ آواز سن کر مشرکین کو معلوم ہو گیا کہ آپؐ یہیں موجود ہیں۔ لہٰذا ان کا ایک دستہ مسلمانوں سے پہلے آپؐ کے پاس پہنچ گیا اور باقی شہسواروں

---

۱۷ صحیح مسلم (۲/۱۰۷) میں روایت ہے۔ کہ آپؐ احد کے روز صرف سات انصار اور دو قرشی صحابہ کے درمیان رہ گئے تھے۔

۱۸ اس کی دلیل اللہ کا یہ ارشاد ہے والرسول یدعوکم فی اخراکم یعنی رسول تمہارے پیچھے سے تمہیں بلا رہے تھے

نے تیزی کے ساتھ مسلمانوں کو گھیرنا شروع کر دیا۔ اب ہم دونوں محاذوں کی تفصیلات الگ الگ ذکر کر رہے ہیں۔

مسلمانوں میں انتشار

جب مسلمان نرغے میں آگئے تو ایک گروہ تو ہوش کھو بیٹھا اُسے صرف اپنی جان کی پڑی تھی چنانچہ اس نے میدانِ جنگ چھوڑ کر فرار کی راہ اختیار کی۔ اسے کچھ خبر نہ تھی کہ پیچھے کیا ہو رہا ہے؟ ان میں سے کچھ تو بھاگ کر مدینے میں جا گھسے اور کچھ پہاڑ کے اُوپر چڑھ گئے۔ ایک اور گروہ پیچھے کی طرف پلٹا تو مشرکین کے ساتھ مخلوط ہو گیا۔ دونوں لشکر گڈمڈ ہو گئے اور ایک کو دوسرے کا پتا نہ چل سکا۔ اس کے نتیجے میں خود مسلمانوں کے ہاتھوں بعض مسلمان مار ڈالے گئے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ احد کے روز (پہلے) مشرکین کو شکستِ فاش ہوئی۔ اس کے بعد ابلیس نے آواز لگائی کہ اللہ کے بندو! پیچھے..... اس پر اگلی صف پلٹی اور پچھلی صف سے گتھ گئی۔ حذیفہؓ نے دیکھا کہ ان کے والد یمانؓ پر حملہ ہو رہا ہے۔ وہ بولے' اللہ کے بندو! میرے والد ہیں۔ لیکن خدا کی قسم لوگوں نے ان سے ہاتھ نہ روکا یہاں تک کہ انہیں مار ہی ڈالا۔ حذیفہؓ نے کہا' اللہ آپ لوگوں کی مغفرت کرے۔ حضرت عروہ کا بیان ہے کہ بخدا حضرت حذیفہؓ میں ہمیشہ خیر کا بقیہ رہا یہاں تک کہ وہ اللہ سے جا ملے۔[19]

غرض اس گروہ کی صفوں میں سخت انتشار اور بدنظمی پیدا ہو گئی تھی۔ بہت سے لوگ حیران و سرگرداں تھے۔ ان کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ کدھر جائیں۔ اسی دوران ایک پکارنے والے کی پکار سنائی پڑی کہ محمدؐ قتل کر دیئے گئے ہیں۔ اس سے رہا سہا ہوش بھی جاتا رہا۔ اکثر لوگوں کے حوصلے ٹوٹ گئے۔ بعض نے لڑائی سے ہاتھ روک لیا اور درماندہ ہو کر ہتھیار پھینک دیئے۔ کچھ اور لوگوں نے سوچا کہ رأس المنافقین عبداللہ بن اُبی سے مل کر کہا جائے کہ وہ ابوسفیان سے ان کے لیے امان طلب کر دے۔

چند لمحے بعد ان لوگوں کے پاس سے حضرت انس بن النضر رضی اللہ عنہ کا گذر ہوا۔ دیکھا کہ

---

[19] صحیح بخاری ۱/۵۳۹، ۲/۵۸۱ فتح الباری ۷/۳۵۱، ۳۶۲، ۳۶۳۔ بخاری کے علاوہ بعض روایات میں مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کی دیت دینی چاہی۔ لیکن حضرت حذیفہؓ نے کہا: میں نے ان کی دیت مسلمانوں پر صدقہ کر دی۔ اس کی وجہ سے نبی ﷺ کے نزدیک حضرت حذیفہؓ کے خیر میں مزید اضافہ ہو گیا۔ دیکھئے مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ النجدی ص ۲۴۶۔

ہاتھ پر ہاتھ دھرے پڑے ہیں۔ پوچھا کاہے کا انتظار ہے؟ جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ قتل کر دیئے گئے۔ حضرت انسؓ بن نضر نے کہا: تو اب آپؐ کے بعد تم لوگ زندہ رہ کر کیا کرو گے؟ اُٹھو! اور جس چیز پر رسول اللہ ﷺ نے جان دی اسی پر تم بھی جان دے دو۔ اس کے بعد کہا، اے اللہ! ان لوگوں نے ـــــ یعنی مسلمانوں نے ـــــ جو کچھ کیا ہے اس پر میں تیرے حضور معذرت کرتا ہوں؛ اور ان لوگوں نے ـــــ یعنی مشرکین نے ـــــ جو کچھ کیا ہے اس سے براءت اختیار کرتا ہوں؛ اور یہ کہہ کر آگے بڑھ گئے۔ آگے حضرت سعدؓ بن معاذ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے دریافت کیا، ابو عمرؓ! کہاں جا رہے ہو؟ حضرت انسؓ نے جواب دیا: آہا! جنت کی خوشبو کا کیا کہنا۔ اے سعد! میں اسے اُحد کے پرے محسوس کر رہا ہوں۔ اس کے بعد اور آگے بڑھے اور مشرکین سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ خاتمۂ جنگ کے بعد انہیں پہچانا نہ جا سکا حتیٰ کہ ان کی بہن نے انہیں محض انگلیوں کے پور سے پہچانا۔ ان کو نیزے، تلوار اور تیر کے اسی۸۰ سے زیادہ زخم آئے تھے۔[۲۰]

اسی طرح ثابت بن دَحداحؓ نے اپنی قوم کو پکار کر کہا: "اگر محمدؐ قتل کر دیئے گئے ہیں تو اللہ تو زندہ ہے۔ وہ تو نہیں مر سکتا۔ تم اپنے دین کے لیے لڑو۔ اللہ تمہیں فتح و مدد دے گا۔ اس پر انصار کی ایک جماعت اُٹھ پڑی اور حضرت ثابتؓ نے ان کی مدد سے خالد کے رسالے پر حملہ کر دیا اور لڑتے لڑتے حضرت خالد کے ہاتھوں نیزے سے شہید ہو گئے۔ انہیں کی طرح ان کے رفقاء نے بھی لڑتے لڑتے جامِ شہادت نوش کیا۔[۲۱]

ایک مہاجر صحابی ایک انصاری صحابی کے پاس سے گذرے جو خون میں لت پت تھے۔ مہاجر نے کہا، بھئی فلاں: آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ محمدؐ قتل کر دیئے گئے۔ انصاری نے کہا، اگر محمدؐ قتل کر دیئے گئے تو وہ اللہ کا دین پہنچا چکے ہیں۔ اب تمہارا کام ہے کہ اس دین کی حفاظت کے لیے لڑو۔[۲۲]

اس طرح کی حوصلہ افزا اور ولولہ انگیز باتوں سے اسلامی فوج کے حوصلے بحال ہو گئے۔ اور ان کے ہوش و حواس اپنی جگہ آ گئے۔ چنانچہ اب انہوں نے ہتھیار ڈالنے یا ابن اُبی سے مل کر طلبِ امان کی بات سوچنے کے بجائے ہتھیار اٹھا لیے اور مشرکین کے تند سیلاب سے

---

[۲۰] زاد المعاد ۲/۹۳، ۹۶۔ صحیح بخاری ۲/۵۷۹
[۲۱] السیرۃ الحلبیہ ۲/۲۲ [۲۲] زاد المعاد ۲/۹۶

ٹکرا کر ان کا گھیرا توڑنے اور مرکزِ قیادت تک راستہ بنانے کی کوشش میں مصروف ہوگئے۔ اسی دوران یہ بھی معلوم ہوگیا کہ رسول اللہ ﷺ کے قتل کی خبر محض جھوٹ اور گھڑنت ہے۔ اس سے ان کی قوّت اور بڑھ گئی اور ان کے حوصلوں اور ولولوں میں تازگی آگئی؛ چنانچہ وہ ایک سخت اور خونریز جنگ کے بعد گھیرا توڑ کر نرغے سے نکلنے اور ایک مضبوط مرکز کے گرد جمع ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

اسلامی لشکر کا ایک تیسرا گروہ وہ تھا جسے صرف رسول اللہ ﷺ کی فکر تھی۔ یہ گروہ گھیراؤ کی کارروائی کا علم ہوتے ہی رسول اللہ ﷺ کی طرف پلٹا۔ ان میں سرِفہرست ابوبکر صدیق، عمر بن الخطاب اور علی بن ابی طالب وغیرھم رضی اللہ عنہم تھے۔ یہ لوگ مقاتلین کی صفِ اوّل میں بھی سب سے آگے تھے لیکن جب نبی ﷺ کی ذات گرامی کے لیے خطرہ پیدا ہوا تو آپ کی حفاظت اور دفاع کرنے والوں میں بھی سب سے آگے آگئے۔

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے گرد خونریز معرکہ

عین اُس وقت جبکہ اسلامی لشکر نرغے میں آکر مشرکین کی چکّی کے دو پاٹوں کے درمیان پس رہا تھا رسول اللہ ﷺ کے گرد اگرد بھی خونریز معرکہ آرائی جاری تھی۔ ہم بتا چکے ہیں کہ مشرکین نے گھیراؤ کی کارروائی شروع کی تو رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ محض نو آدمی تھے اور جب آپؐ نے مسلمانوں کو یہ کہہ کر پکارا کہ میری طرف آؤ! میں اللہ کا رسول ہوں، تو آپؐ کی آواز مشرکین نے سن لی اور آپؐ کو پہچان لیا۔ (کیونکہ اس وقت وہ مسلمانوں سے بھی زیادہ آپؐ کے قریب تھے) چنانچہ انہوں نے جھپٹ کر آپؐ پر حملہ کر دیا اور کسی مسلمان کی آمد سے پہلے پہلے اپنا پورا بوجھ ڈال دیا۔ اس فوری حملے کے نتیجے میں ان مشرکین اور وہاں پر موجود نو صحّابہ کے درمیان نہایت سخت معرکہ آرائی شروع ہوگئی جس میں محبّت وجان سپاری اور شجاعت وجانبازی کے بڑے بڑے نادر واقعات پیش آئے۔

صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُحد کے روز رسول اللہ ﷺ سات انصار اور دو قریشی صحابہ کے ہمراہ الگ تھلگ رہ گئے تھے۔ جب حملہ آور آپؐ کے بالکل قریب پہنچ گئے تو آپؐ نے فرمایا: "کون ہے جو انہیں ہم سے دفع کرے اور اس

کے لیے جنّت ہے؟ یا ار یہ فرمایا کہ) وہ جنّت میں میرا رفیق ہوگا؟" اس کے بعد ایک انصاری صحابی آگے بڑھے اور لڑتے لڑتے شہید ہوگئے۔ اس کے بعد پھر مشرکین آپؐ کے بالکل قریب آگئے اور پھر یہی ہوا۔ اس طرح باری باری ساتوں انصاری صحابی شہید ہوگئے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے اپنے دو باقیماندہ ساتھیوں۔ یعنی قریشیوں ــــ سے فرمایا: "ہم نے اپنے ساتھیوں سے انصاف نہیں کیا۔"[۲۳]

ان ساتوں میں سے آخری صحابی حضرت عمارہؓ بن یزید بن السکن تھے۔ وہ لڑتے رہے لڑتے رہے یہاں تک کہ زخموں سے چور ہو کر گر پڑے۔[۲۴]

ابنؓ السکن کے گرنے کے بعد رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ صرف دونوں قریشی صحابی رہ گئے تھے۔ چنانچہ صحیحین میں ابو عثمان رضی اللہ عنہ کا بیان مروی ہے کہ جن ایام میں آپؐ نے معرکہ آرائیاں کیں ان میں سے ایک لڑائی میں آپؐ کے ساتھ طلحہؓ بن عبید اللہ اور سعدؓ بن ابی وقاص) کے سوا کوئی نہ رہ گیا تھا[۲۵] اور یہ لمحہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے لیے نہایت ہی نازک ترین لمحہ تھا جبکہ مشرکین کے لیے انتہائی سنہری موقع تھا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ مشرکین نے اس موقعے سے فائدہ اٹھانے میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔ انہوں نے اپنا تابڑ توڑ حملہ نبی ﷺ پر مرکوز رکھا اور چاہا کہ آپؐ کا کام تمام کر دیں۔ اسی حملے میں عُتبہ بن ابی وقاص نے آپؐ کو پتھر مارا جس سے آپؐ پہلو کے بل گر گئے۔ آپؐ کا داہنا نچلا رباعی[۲۶] دانت ٹوٹ گیا۔ اور آپؐ کا نچلا ہونٹ زخمی ہوگیا۔ عبد اللہ بن شہاب زہری نے آگے بڑھ کر آپؐ کی پیشانی زخمی کر دی۔ ایک اور اڑیل سوار عبد اللہ بن قمئہ نے لپک کر آپؐ کے کندھے پر ایسی سخت تلوار

---

[۲۳] صحیح مسلم باب غزوۂ احد ۲/۱۰۷

[۲۴] ایک لحظہ بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت آگئی۔ انہوں نے کفّار کو حضرت عمارہؓ سے پیچھے دھکیلا اور انہیں رسول اللہ ﷺ کے قریب لے آئے۔ آپؐ نے انہیں اپنے پاؤں پر ٹیک لیا اور انہوں نے اس حالت میں دم توڑ دیا کہ ان کا رخسار رسول اللہ ﷺ کے پاؤں پر تھا (ابن ہشام ۲/۸۱) گویا یہ آرزو حقیقت بن گئی کہ ؎

نکل جائے دم تیرے قدموں کے "اوپر" یہی دل کی حسرت یہی آرزو ہے

[۲۵] صحیح بخاری ۱/۵۲۷، ۲/۵۸۱

[۲۶] منہ کے بالکل بیچوں بیچ نیچے اوپر کے دو دو دانت ثنایا کہلاتے ہیں اور ان کے دائیں بائیں، نیچے اوپر کے ایک ایک دانت رباعی کہلاتے ہیں جو کچلی کے نوکیلے دانت سے پہلے ہوتے ہیں۔

ماری کہ آپؐ ایک مہینے سے زیادہ عرصے تک اس کی تکلیف محسوس کرتے رہے۔ البتہ آپؐ کی دوہری زرہ نہ کٹ سکی۔ اس کے بعد اس نے پہلے ہی کی طرح پھر ایک زوردار تلوار ماری۔ جو آنکھ سے نیچے کی اُبھری ہُوئی ہڈی پر لگی اور اس کی وجہ سے خود[۲۷] کی دو کڑیاں چہرے کے اندر دھنس گئیں ساتھ ہی اُس نے کہا: اسے لے! میں قمئہ (توڑنے والے) کا بیٹا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے چہرے سے خون پونچھتے ہوئے فرمایا: "اللہ تجھے توڑ ڈالے۔"[۲۸]

صحیح بخاری میں مروی ہے کہ آپؐ کا رباعی دانت توڑ دیا گیا اور سر زخمی کر دیا گیا۔ اس وقت آپؐ اپنے چہرے سے خون پُونچھتے جا رہے تھے اور کہتے جا رہے تھے: "وہ قوم کیسے کامیاب ہوسکتی ہے جس نے اپنے نبی کے چہرے کو زخمی کر دیا اور اس کا دانت توڑ دیا حالانکہ وہ انہیں اللہ کی طرف دعوت دے رہا تھا۔" اس پر اللہ عزّوجل نے یہ آیت نازل فرمائی:

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○
(۳ : ۱۲۸)

"آپ کو کوئی اختیار نہیں اللہ چاہے تو انہیں توبہ کی توفیق دے اور چاہے تو عذاب دے کہ وہ ظالم ہیں۔"[۲۹]

طبرانی کی روایت ہے کہ آپؐ نے اس روز فرمایا: "اس قوم پر اللہ کا سخت عذاب ہو جس نے اپنے پیغمبر کا چہرہ خون آلود کر دیا" پھر تھوڑی دیر رُک کر فرمایا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔[۳۰]

"اے اللہ میری قوم کو بخش دے۔ وہ نہیں جانتی۔"

صحیح مسلم کی روایت میں بھی یہی ہے کہ آپؐ بار بار کہہ رہے تھے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔[۳۱]

اے پروردگار! میری قوم کو بخش دے۔ وہ نہیں جانتی۔"

---

[۲۷] لوہے یا پیتل کی ٹوپی جسے جنگ میں سر اور چہرے کی حفاظت کے لیے اوڑھا جاتا ہے۔

[۲۸] اللہ نے آپؐ کی یہ دُعا سُن لی؛ چنانچہ ابن عائذ سے روایت ہے کہ ابن قمئہ جنگ سے گھر واپس جانے کے بعد اپنی بکریاں دیکھنے کے لیے نکلا تو یہ بکریاں پہاڑ کی چوٹی پر ملیں۔ یہ شخص وہاں پہنچا تو ایک پہاڑی بکرے نے حملہ کر دیا اور سینگ مار مار کر پہاڑ کی بلندی سے نیچے لڑھکا دیا۔ (فتح الباری ۷/۳۷۳) اور طبرانی کی روایت ہے کہ اللہ نے اس پر ایک پہاڑی بکرا مسلّط کر دیا جس نے سینگ مار مار کر اُسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا (فتح الباری ۷/۳۶۶) [۲۹] صحیح بخاری ۲/۵۸۲ - صحیح مسلم ۲/۱۰۸

[۳۰] فتح الباری ۷/۳۷۳ [۳۱] صحیح مسلم، باب غزوۂ احد ۲/۱۰۸

قاضی عیاض کی شفا میں یہ الفاظ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اھْدِ قَوْمِیْ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ [۳۲]

"اے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے۔ وہ نہیں جانتی۔"

اس میں شبہ نہیں کہ مشرکین آپؐ کا کام تمام کر دینا چاہتے تھے مگر دونوں قریشی صحابہ یعنی حضرت سعد بن ابی وقاص اور طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہما نے نادر الوجود جانبازی اور بے مثال بہادری سے کام لے کر صرف دو ہوتے ہوئے مشرکین کی کامیابی ناممکن بنا دی۔ یہ دونوں عرب کے ماہر ترین تیر انداز تھے۔ انہوں نے تیر مار مار کر مشرکین حملہ آوروں کو رسول اللہ ﷺ سے پرے رکھا۔

جہاں تک سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنے ترکش کے سارے تیر ان کے لیے بکھیر دیئے اور فرمایا: "چلاؤ، تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں" [۳۳] ان کی صلاحیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے سوا کسی اور کے لیے ماں باپ کے فدا ہونے کی بات نہیں کہی۔ [۳۴]

اور جہاں تک حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا تعلق ہے تو ان کے کارنامے کا اندازہ نسائی کی ایک روایت سے لگایا جا سکتا ہے جس میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ پر مشرکین کے اس وقت کے حملے کا ذکر کیا ہے جب آپؐ انصار کی ذرا سی نفری کے ہمراہ تشریف فرما تھے۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ مشرکین نے رسول اللہ ﷺ کو جالیا تو آپؐ نے فرمایا، کون ہے جو ان سے نمٹے؟ حضرت طلحہؓ نے کہا: میں۔ اس کے بعد حضرت جابرؓ نے انصار کے آگے بڑھنے اور ایک ایک کر کے شہید ہونے کی وہ تفصیل ذکر کی ہے جسے ہم صحیح مسلم کے حوالے سے بیان کر چکے ہیں۔ حضرت جابرؓ فرماتے ہیں کہ جب یہ سب شہید ہو گئے تو حضرت طلحہؓ آگے بڑھے اور گیارہ آدمیوں کے برابر تنہا لڑائی کی یہاں تک کہ ان کے ہاتھ پر تلوار کی ایک ایسی ضرب لگی جس سے ان کی انگلیاں کٹ گئیں۔ اس پر ان کے منہ سے آواز نکلی حس (سی)۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تم بسم اللہ کہتے تو تمہیں فرشتے اٹھا لیتے

---

[۳۲] کتاب الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ ۱/ ۸۱

[۳۳-۳۴] صحیح بخاری ۱/ ۴۰۷، ۲/ ۵۸۰، ۵۸۱

اور لوگ دیکھتے۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ پھر اللہ نے مشرکین کو پلٹا دیا۔[۳۵]

اکلیل میں حاکم کی روایت ہے کہ انہیں اُحد کے روز انتالیس یا پینتیس زخم آئے اور ان کی بچلی اور شہادت کی انگلیاں شل ہوگئیں۔[۳۶]

امام بخاریؒ نے قیسؒ بن ابی حازم سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا "میں نے حضرت طلحہؓ کا ہاتھ دیکھا کہ وہ شل تھا۔ اس سے اُحد کے دن انہوں نے نبی ﷺ کو بچایا تھا۔"[۳۷]

ترمذی کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارے میں اس روز فرمایا جو شخص کسی شہید کو روئے زمین پر چلتا ہُوا دیکھنا چاہے وہ طلحہؓ بن عبید اللہ کو دیکھ لے۔[۳۸]

اور ابو داؤد طیالسی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ جب جنگِ اُحد کا تذکرہ فرماتے تو کہتے کہ یہ جنگ کُل کی کُل طلحہؓ کے لیے تھی[۳۹] (یعنی اس میں نبی ﷺ کے تحفظ کا اصل کارنامہ انہیں نے انجام دیا تھا۔) حضرت ابوبکرؓ نے ان کے بارے میں یہ بھی کہا:

یا طلحة بن عبید اللہ قد وَجَبَتْ لك الجنان وبوأت المها العینا[۴۰]

اے طلحہ بن عبید اللہ تمہارے لیے جنتیں واجب ہوگئیں۔ اور تم نے اپنے یہاں حور عین کا ٹھکانا بنا لیا۔

اسی نازک ترین لمحے اور مشکل ترین وقت میں اللہ نے غیب سے اپنی مدد نازل فرمائی؛ چنانچہ صحیحین میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اُحد کے روز دیکھا آپؐ کے ساتھ دو آدمی تھے، سفید کپڑے پہنے ہوئے۔ یہ دونوں آپؐ کی طرف سے انتہائی زوردار لڑائی لڑ رہے تھے۔ میں نے اس سے پہلے اور اس کے بعد ان دونوں کو کبھی نہیں دیکھا۔ ایک اور روایت میں ہے کہ یہ دونوں حضرت جبریلؑ و حضرت میکائیلؑ تھے۔[۴۱]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صحابہ کے اکٹھا ہونے کی ابتداء

یہ سارا حادثہ چند لمحات

---

۳۵ فتح الباری ۷/ ۳۶۱ - سنن نسائی ۲/ ۵۲، ۵۳
۳۶ فتح الباری ۷/ ۳۶۱ ۳۷ صحیح بخاری ۱/ ۵۲۷، ۵۸۱
۳۸ مشکوۃ ۲/ ۵۶۶، ابن ہشام ۲/ ۸۶ ۳۹ فتح الباری ۷/ ۳۶۱
۴۰ مختصر تاریخ دمشق ۷/ ۸۲ - بحوالہ حاشیہ شرح شذور الذہب ص ۱۱۴)
۴۱ صحیح بخاری ۲/ ۵۸۰

کے اندر اندر بالکل اچانک اور نہایت تیز رفتاری سے پیش آگیا۔ ورنہ نبی ﷺ کے منتخب صحابہ کرام جو لڑائی کے دوران صفِ اوّل میں تھے، جنگ کی صورتِ حال بدلتے ہی یا نبی ﷺ کی آواز سُنتے ہی آپؐ کی طرف بے تحاشا دوڑ کر آئے کہ کہیں آپؐ کو کوئی ناگوار حادثہ پیش نہ آجائے۔ مگر یہ لوگ پہنچے تو رسول اللہ ﷺ زخمی ہو چکے تھے، چھ انصاری شہید ہو چکے تھے، ساتویں زخمی ہو کر گر چکے تھے اور حضرت سعدؓ اور حضرت طلحہؓ جان توڑ کر مدافعت کر رہے تھے۔ ان لوگوں نے پہنچتے ہی اپنے جسموں اور ہتھیاروں سے نبیؐ کے گرد ایک باڑھ تیار کر دی اور دشمن کے تابڑ توڑ حملے روکنے میں انتہائی بہادری سے کام لیا۔ لڑائی کی صف سے آپؐ کے پاس پلٹ کر آنے والے سب سے پہلے صحابی آپؐ کے یارِ غار حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔

ابنِ حبّان نے اپنی صحیح میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اُحد کے دن سارے لوگ نبی ﷺ سے پلٹ گئے تھے (یعنی محافظین کے سوا تمام صحابہ آپؐ کو آپ کی قیام گاہ میں چھوڑ کر لڑائی کے لیے اگلی صفوں میں چلے گئے تھے۔ پھر گھیراؤ کے حادثے کے بعد) میں پہلا شخص تھا جو نبی ﷺ کے پاس پلٹ کر آیا۔ دیکھا تو آپ کے سامنے ایک آدمی تھا جو آپؐ کی طرف سے لڑ رہا تھا اور آپؐ کو بچا رہا تھا۔ میں نے (جی ہی جی میں) کہا، تم طلحہؓ ہوؤ۔ تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔ تم طلحہ ہوؤ۔ تم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔ اتنے میں ابو عبیدہ بن جراح میرے پاس آگئے۔ وہ اس طرح دوڑ رہے تھے گویا چڑیا (اُڑ رہی) ہے یہاں تک کہ مجھ سے آملے۔ اب ہم دونوں نبی ﷺ کی طرف دوڑے۔ دیکھا تو آپ کے آگے طلحہ بچھے پڑے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا، اپنے بھائی کو سنبھالو اس نے (جنّت) واجب کر لی۔" حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ (ہم پہنچے تو) نبی ﷺ کا چہرہ مبارک زخمی ہو چکا تھا اور خُود کی دو کڑیاں آنکھ کے نیچے رخسار میں دھنس چکی تھیں۔ میں نے انہیں نکالنا چاہا تو ابو عُبَیدہ نے کہا، خدا کا واسطہ دیتا ہوں مجھے نکالنے دیجئے۔ اس کے بعد انھوں نے منہ سے ایک کڑی پکڑی اور آہستہ آہستہ نکالنی شروع کی تاکہ رسول اللہ ﷺ کو اذیّت نہ پہنچے، اور بالآخر ایک کڑی اپنے مُنہ سے کھینچ کر نکال دی۔ لیکن (اس کوشش میں) اُن کا ایک نچلا دانت گر گیا۔ اب دوسری میں نے کھینچنی چاہی تو ابو عبیدہ نے پھر کہا، ابوبکر!

خدا کا واسطہ دیتا ہوں مجھے کھینچنے دیجئے! اس کے بعد دوسری بھی آہستہ آہستہ کھینچی۔ لیکن ان کا دوسرا نچلا دانت بھی گر گیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اپنے بھائی طلحہ رضؓ کو سنبھالو۔ (اس نے جنت) واجب کرلی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اب ہم طلحہ کی طرف متوجہ ہوئے اور انہیں سنبھالا۔ ان کو دس سے زیادہ زخم آچکے تھے۔[۴۲] (اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت طلحہؓ نے اس دن دفاع وقتال میں کیسی جانبازی اور بے جگری سے کام لیا تھا۔)

پھر ان ہی نازک ترین لمحات کے دوران رسول اللہ ﷺ کے گرد جانباز صحابہؓ کی ایک جماعت بھی آن پہنچی جن کے نام یہ ہیں۔ ابودجانہ[۱]۔ مصعبؓ[۲] بن عُمیرؓ۔ علیؓ[۳] بن ابی طالب۔ سَہلؓ[۴] بن حُنیف۔ مالکؓ[۵] بن سنان۔ (ابوسعید خدری کے والد) ام عمارہؓ[۶] نُسیبہ بنتِ کعب مازنیہ۔ قتادہؓ[۷] بن نعمان۔ عمرؓ[۸] بن الخطاب۔ حاطبؓ[۹] بن ابی بلتعہ اور ابوطلحہؓ[۱۰] رضی اللہ عنہم اجمعین۔

مشرکین کے دباؤ میں اضافہ

ادھر مشرکین کی تعداد بھی لمحہ بہ لمحہ بڑھتی جارہی تھی جس کے نتیجے میں ان کے حملے سخت ہوتے جارہے تھے اور ان کا دباؤ بڑھتا جارہا تھا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ ان چند گڑھوں میں سے ایک گڑھے میں جا گرے جنہیں ابوعامر فاسق نے اسی قسم کی شرارت کے لیے کھود رکھا تھا اور اس کے نتیجے میں آپؐ کا گھٹنہ موچ کھا گیا۔ چنانچہ حضرت علیؓ نے آپؐ کا ہاتھ تھاما اور طلحہؓ بن عبیداللہ نے (جو خود بھی زخموں سے چُور تھے۔) آپؐ کو آغوش میں لیا۔ تب آپؐ برابر کھڑے ہوسکے۔

نافعؓ بن جبیر کہتے ہیں "میں نے ایک مہاجر صحابی کو سنا فرمارہے تھے، میں جنگ اُحد میں حاضر تھا۔ میں نے دیکھا کہ ہر جانب سے رسول اللہ ﷺ پر تیر برس رہے ہیں اور آپؐ تیروں کے بیچ میں ہیں لیکن سارے تیر آپؐ سے پھیر دیئے جاتے ہیں (یعنی آگے گھیرا ڈالے ہوئے صحابہ انہیں روک لیتے تھے۔) اور میں نے دیکھا کہ عبداللہ بن شہاب زہری کہہ رہا تھا، مجھے بتاؤ محمدؐ کہاں ہے؟ اب یا تو میں رہوں گا یا وہ رہے گا۔ حالانکہ رسول اللہ

---

[۴۲] زاد المعاد ۲/۹۵

ﷺ اس کے قریب تھے۔ آپؐ کے ساتھ کوئی بھی نہ تھا۔ پھر وہ آپؐ سے آگے نکل گیا۔ اس پر صفوان نے اسے ملامت کی۔ جواب میں اُس نے کہا: "واللہ میں نے اُسے دیکھا ہی نہیں۔ خدا کی قسم وہ ہم سے محفوظ کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہم چار آدمی یہ عہد و پیمان کر کے نکلے کہ انہیں قتل کر دیں گے لیکن ان تک پہنچ نہ سکے۔"[۴۳]

نادرۂ روزگار جانبازی

بہر حال اس موقع پر مسلمانوں نے ایسی بے مثال جانبازی اور تابناک قربانیوں کا مظاہرہ کیا جس کی نظیر تاریخ میں نہیں ملتی چنانچہ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے آگے سپر بنا لیا۔ وہ اپنا سینہ سامنے کر دیا کرتے تھے تاکہ آپؐ کو دشمن کے تیروں سے محفوظ رکھ سکیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اُحد کے روز لوگ (یعنی عام مسلمان) شکست کھا کر رسول اللہ ﷺ کے پاس (آنے کے بجائے اِدھر اُدھر) بھاگ گئے اور ابو طلحہؓ آپؐ کے آگے اپنی ایک ڈھال لے کر سپر بن گئے۔ وہ ماہر تیر انداز تھے۔ بہت کھینچ کر تیر چلاتے تھے؛ چنانچہ اس دن دو یا تین کمانیں توڑ ڈالیں۔ نبی ﷺ کے پاس سے کوئی آدمی تیروں کا ترکش لیے گزرتا تو آپؐ فرماتے کہ انہیں ابو طلحہ کے لیے بکھیر دو اور نبی ﷺ قوم کی طرف سر اُٹھا کر دیکھتے تو ابو طلحہ کہتے: "میرے ماں باپ آپ پر قربان، آپؐ سر اٹھا کر نہ جھانکیں۔ آپ کو قوم کا کوئی تیر نہ لگ جائے۔ میرا سینہ آپ کے سینہ کے آگے ہے۔"[۴۴]

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ بھی مروی ہے کہ حضرت ابو طلحہؓ اپنا اور نبی ﷺ کا ایک ہی ڈھال سے بچاؤ کر رہے تھے اور ابو طلحہؓ بہت اچھے تیر انداز تھے۔ جب وہ تیر چلاتے تو نبی ﷺ گردن اٹھا کر دیکھتے کہ ان کا تیر کہاں گرا۔[۴۵]

حضرت ابو دجانہؓ نبی ﷺ کے آگے کھڑے ہو گئے اور اپنی پیٹھ کو آپؐ کے لیے ڈھال بنا دیا۔ ان پر تیر پڑ رہے تھے لیکن وہ ہلتے نہ تھے۔

حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ نے عتبہ بن ابی وقاص کا پیچھا کیا جس نے نبی ﷺ کا دندان مبارک شہید کیا تھا اور اسے اس زور کی تلوار ماری کہ اس کا سر چھٹک گیا۔ پھر اس کے

---

[۴۳] زاد المعاد ۲/ ۹۷

[۴۴] صحیح بخاری ۲/ ۵۸۱ [۴۵] ایضاً ۱/ ۴۰۶

گھوڑے اور تلوار پر قبضہ کر لیا۔ حضرت سعدؓ بن ابی وقاص بہت زیادہ خواہاں تھے کہ اپنے اس بھائی ـــ عتبہ ـــ کو قتل کریں مگر وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ بلکہ یہ سعادت حضرت حاطبؓ کی قسمت میں تھی۔

حضرت سہلؓ بن حُنیف بھی بڑے جانباز تیر انداز تھے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے موت پر بیعت کی اور اس کے بعد مشرکین کو نہایت زور شور سے دفع کیا۔

رسول اللہ ﷺ خود بھی تیر چلا رہے تھے۔ چنانچہ حضرت قتادہ بن نعمانؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی کمان سے اتنے تیر چلائے کہ اس کا کنارہ ٹوٹ گیا۔ پھر اس کمان کو حضرت قتادہؓ بن نعمان نے لے لیا اور وہ انھیں کے پاس رہی۔ اس روز یہ واقعہ بھی ہُوا کہ حضرت قتادہؓ کی آنکھ چوٹ کھا کر چہرے پر ڈھلک آئی۔ نبی ﷺ نے اسے اپنے ہاتھ سے پپوٹے کے اندر داخل کر دیا۔ اس کے بعد ان کی دونوں آنکھوں میں یہی زیادہ خوبصورت لگتی تھی اور اسی کی بینائی زیادہ تیز تھی۔

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے لڑتے لڑتے منہ پر چوٹ کھائی جس سے اُن کا سامنے کا دانت ٹوٹ گیا اور انہیں بیس یا بیس سے زیادہ زخم آئے جن میں سے بعض زخم پاؤں میں لگے۔ اور وہ لنگڑے ہو گئے۔

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے والد مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے سے خون چوس کر صاف کیا۔ آپؐ نے فرمایا، اسے تھوک دو۔ انہوں نے کہا، واللہ اسے تو میں ہرگز نہ تھوکوں گا۔ اس کے بعد پلٹ کر لڑنے لگے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جو شخص کسی جنّتی آدمی کو دیکھنا چاہتا ہو وہ انہیں دیکھے۔ اس کے بعد وہ لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔

ایک نادر کارنامہ خاتون صحابیہ حضرت امّ عمارہ نسیبہ بنت کعب رضی اللہ عنہا نے انجام دیا۔ وہ چند مسلمانوں کے درمیان لڑتی ہُوئی ابنِ قمئہ کے سامنے آ گئیں۔ ابن قمئہ نے ان کے کندھے پر ایسی تلوار ماری کہ گہرا زخم ہو گیا۔ انہوں نے بھی ابنِ قمئہ کو اپنی تلوار کی کئی ضربیں لگائیں لیکن کمبخت دو زِرہیں پہنے ہوئے تھا۔ اس لیے بچ گیا۔ حضرت امّ عمارہ رضی اللہ عنہا نے لڑتے بھڑتے بارہ زخم کھائے۔

حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ نے بھی انتہائی پامردی و جانبازی سے جنگ کی۔

وہ رسول اللہ ﷺ سے ابنِ قمئہ اور اس کے ساتھیوں کے پے در پے حملوں کا دفاع کر رہے تھے۔ انہیں کے ہاتھ میں اسلامی لشکر کا پھریرا تھا۔ ظالموں نے ان کے داہنے ہاتھ پر اس زور کی تلوار ماری کہ ہاتھ کٹ گیا۔ اس کے بعد انہوں نے بائیں ہاتھ میں جھنڈا پکڑ لیا اور کفّار کے مقابلہ میں ڈٹے رہے۔ بالآخر اُن کا بایاں ہاتھ بھی کاٹ دیا گیا۔ اس کے بعد انہوں نے جھنڈے پر گھٹنے ٹیک کر اسے سینے اور گردن کے سہارے لہراتے رکھا۔ اور اسی حالت میں جامِ شہادت نوش فرمایا۔ ان کا قاتل ابنِ قمئہ تھا۔ وہ سمجھ رہا تھا کہ یہ محمدؐ ہیں کیونکہ حضرت مصعبؓ بن عمیر آپؐ کے ہم شکل تھے۔ چنانچہ وہ حضرت مصعبؓ کو شہید کر کے مشرکین کی طرف واپس چلا گیا اور چلّا چلّا کر اعلان کیا کہ محمدؐ قتل کر دیئے گئے۔[۴۶]

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادت کی خبر اور معرکہ پر اس کا اثر

اس کے اس اعلان سے نبی ﷺ کی شہادت کی خبر مسلمانوں اور مشرکین دونوں میں پھیل گئی اور یہی وہ نازک ترین لمحہ تھا جس میں رسول اللہ ﷺ سے الگ تھلگ نرغے کے اندر آئے ہوئے بہت سے صحابہؓ کرام کے حوصلے ٹوٹ گئے اُن کے عزائم سرد پڑ گئے اور ان کی صفیں اتھل پتھل اور بدنظمی و انتشار کا شکار ہو گئیں۔ مگر آپؐ کی شہادت کی یہی خبر اس حیثیت سے مفید ثابت ہوئی کہ اس کے بعد مشرکین کے پُرجوش حملوں میں کسی قدر کمی آ گئی کیونکہ وہ محسوس کر رہے تھے کہ ان کا آخری مقصد پورا ہو چکا ہے چنانچہ اب بہت سے مشرکین نے حملہ بند کر کے مسلمان شہداء کی لاشوں کا مُثلہ کرنا شروع کر دیا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیہم معرکہ آرائی اور حالات پر قابو

حضرت مُصعب بن عُمیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے جھنڈا حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو دیا۔ انہوں نے جم کر لڑائی کی۔ وہاں پر موجود باقی صحابہ کرام نے بھی بے مثال جانبازی و سرفروشی کے ساتھ دفاع اور حملہ کیا جس سے بالآخر اس بات کا امکان پیدا ہو گیا کہ رسول اللہ ﷺ مشرکین کی صفیں چیر کر نرغے میں آئے ہوئے صحابہؓ کرام کی جانب راستہ بنائیں۔ چنانچہ آپؐ نے

---

[۴۶] دیکھئے ابنِ ہشام ۲/۷۳، ۸۰ - ۸۳ - زاد المعاد ۲/۹۷

قدم آگے بڑھایا اور صحابہ کرام کی جانب تشریف لائے۔ سب سے پہلے حضرت کعبؓ بن مالک نے آپؐ کو پہچانا۔ خوشی سے چیخ پڑے، مُسلمانو! خوش ہو جاؤ۔ یہ ہیں رسول اللہ ﷺ! آپؐ نے اشارہ فرمایا کہ خاموش رہو ــــ تاکہ مشرکین کو آپؐ کی موجودگی اور مقام موجودگی کا پتا نہ لگ سکے ــــ مگر ان کی آواز مسلمانوں کے کان تک پہنچ چکی تھی۔ چنانچہ مسلمان آپؐ کی پناہ میں آنا شروع ہو گئے اور رفتہ رفتہ تقریباً تیس صحابہ جمع ہو گئے۔

جب اتنی تعداد جمع ہو گئی تو رسول اللہ ﷺ نے پہاڑ کی گھاٹی یعنی کیمپ کی طرف ہٹنا شروع کیا۔ مگر چونکہ اس واپسی کے معنی یہ تھے کہ مشرکین نے مسلمانوں کو نرغے میں لینے کی جو کارروائی کی تھی وہ بے نتیجہ رہ جائے اس لیے مشرکین نے اس واپسی کو ناکام بنانے کے لیے اپنے تابڑ توڑ حملے جاری رکھے۔ مگر آپؐ نے ان حملہ آوروں کا ہجوم چیر کر راستہ بنا ہی لیا اور شیرانِ اسلام کی شجاعت و شہ زوری کے سامنے ان کی ایک نہ چلی۔ اسی اثناء میں مشرکین کا ایک اڑیل شہسوار عثمان بن عبداللہ بن مغیرہ یہ کہتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کی جانب بڑھا کہ یا تو میں رہوں گا یا وہ رہے گا۔ ادھر رسول اللہ ﷺ بھی دو دو ہاتھ کرنے کے لیے ٹھہر گئے مگر مقابلے کی نوبت نہ آئی؛ کیونکہ اس کا گھوڑا ایک گڑھے میں گر گیا اور اتنے میں حارثؓ بن صمہ نے اس کے پاس پہنچ کر اُسے للکارا اور اس کے پاؤں پر اس زور کی تلوار ماری کہ وہیں بٹھا دیا۔ پھر اس کا کام تمام کر کے اس کا ہتھیار لے لیا اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آ گئے؛ مگر اتنے میں مکّی فوج کے ایک دوسرے سوار عبداللہ بن جابر نے پلٹ کر حضرت حارثؓ بن صمہ پر حملہ کر دیا اور ان کے کندھے پر تلوار مار کر زخمی کر دیا، مگر مسلمانوں نے لپک کر انہیں اٹھا لیا۔ اُدھر خطرات سے کھیلنے والے مردِ مجاہد حضرت ابو دجانہؓ نے جنہوں نے آج سُرخ پٹی باندھ رکھی تھی، عبداللہ بن جابر پر ٹوٹ پڑے اور اُسے ایسی تلوار ماری کہ اُس کا سَر اڑ گیا۔

کرشمۂ قدرت دیکھئے کہ اسی خونریز مار دھاڑ کے دوران مسلمانوں کو نیند کی جھپکیاں بھی آ رہی تھیں اور جیسا کہ قرآن نے بتلایا ہے، یہ اللہ کی طرف سے امن و طمانینت تھی۔ ابوطلحہؓ کا بیان ہے کہ مَیں بھی ان لوگوں میں تھا جن پر اُحد کے روز نیند چھا رہی تھی۔ یہاں تک کہ میرے ہاتھ سے کئی بار تلوار گر گئی۔ حالت یہ تھی کہ وہ گرتی تھی اور میں پکڑتا تھا پھر گرتی تھی اور پھر پکڑتا تھا۔[1]

---

[1] صحیح بخاری ۲/ ۵۸۲

خلاصہ یہ کہ اس طرح کی جانبازی و جان سپاری کے ساتھ یہ دستہ منظم طور سے پیچھے ہٹتا ہوا پہاڑ کی گھاٹی میں واقع کیمپ تک جا پہنچا اور بقیہ لشکر کے لیے بھی اس محفوظ مقام تک پہنچنے کا راستہ بنا دیا۔ چنانچہ باقیماندہ لشکر بھی اب آپؐ کے پاس آگیا اور حضرت خالد کی فوجی عبقریت رسول اللہ ﷺ کی فوجی عبقریت کے سامنے ناکام ہوگئی۔

اُبی بن خلف کا قتل

ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ گھاٹی میں تشریف لا چکے تو اُبیّ بن خلف یہ کہتا ہوا آیا کہ محمدؐ کہاں ہے؟ یا تو میں رہوں گا یا وہ رہے گا۔ صحابہؓ نے کہا" یا رسولؐ اللہ! ہم میں سے کوئی اس پر حملہ کرے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" اسے آنے دو۔ جب قریب آیا تو رسول اللہ ﷺ نے حارثؓ بن صمہ سے ایک چھوٹا سا نیزہ لیا اور لینے کے بعد جھٹکا دیا تو اس طرح لوگ ادھر ادھر اُڑ گئے جیسے اُونٹ اپنے بدن کو جھٹکا دیتا ہے تو مکھیاں اُڑ جاتی ہیں۔ اس کے بعد آپؐ اس کے سامنے آپہنچے۔ اس کی خود اور زِرہ کے درمیان حلق کے پاس تھوڑی سی جگہ کھلی دکھائی پڑی۔ آپؐ نے اسی پر ٹکا کر ایسا نیزہ مارا کہ وہ گھوڑے سے کئی بار لڑھک لڑھک گیا۔ جب قریش کے پاس گیا —— درآں حالیکہ گردن میں کوئی بڑی خراش نہ تھی البتہ خون بند تھا اور بہتا نہ تھا تو کہنے لگا" مجھے واللہ محمدؐ نے قتل کر دیا۔ لوگوں نے کہا" خدا کی قسم تم نے دل چھوڑ دیا ہے ورنہ تمہیں واللہ کوئی خاص چوٹ نہیں ہے۔ اس نے کہا! وہ مکے میں مجھ سے کہہ چکا تھا کہ میں تمہیں قتل کروں گا[۴۸]۔ اس لیے خدا کی قسم اگر وہ مجھ پر تھوک دیتا تو بھی میری جان چلی جاتی۔ بالآخر اللہ کا یہ دشمن مکہ واپس ہوتے ہوئے مقام سرف پہنچ کر مر گیا[۴۹]۔ ابوالاسود نے حضرت عروہؓ سے روایت کی ہے کہ یہ بیل کی طرح آواز نکالتا تھا اور کہتا تھا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جو تکلیف مجھے ہے اگر وہ ذی المجاز کے سارے باشندوں کو ہوتی تو وہ سب کے سب مر جاتے۔[۵۰]

حضرت طلحہؓ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اُٹھاتے ہیں

پہاڑ کی طرف نبی ﷺ

---

۴۸ اس کا واقعہ یہ ہے کہ جب مکے میں اُبیّ کی ملاقات رسول اللہ ﷺ سے ہوتی تو وہ آپ سے کہتا اے محمدؐ! میرے پاس عود نامی ایک گھوڑا ہے۔ میں اسے روزانہ تین صاع (۷½ کیلو) دانہ کھلاتا ہوں۔ اسی پر بیٹھ کر تمہیں قتل کروں گا۔ جواب میں رسول اللہ ﷺ فرماتے بلکہ ان شاء اللہ میں تمہیں قتل کروں گا۔

۴۹ ابنِ ہشام ۲/۸۴۔ زاد المعاد ۲/۹۷ ۵۰ مختصر سیرۃ الرسول للشیخ عبد اللہ ص ۲۵۰

کی واپسی کے دوران ایک چٹان آگئی۔ آپؐ نے اس پر چڑھنے کی کوشش کی مگر چڑھ نہ سکے کیونکہ ایک تو آپ کا بدن بھاری ہو چکا تھا دوسرے آپؐ نے دوہری زرہ پہن رکھی تھی اور پھر آپؐ کو سخت چوٹیں بھی آئی تھیں لہذا حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ نیچے بیٹھ گئے اور آپؐ کو کندھوں پر اُٹھا کر کھڑے ہو گئے۔ اس طرح آپؐ چٹان پر پہنچ گئے۔ آپؐ نے فرمایا طلحہؓ نے (جنت) واجب کر لی۔[۵۱]

مشرکین کا آخری حملہ

جب رسول اللہ ﷺ گھاٹی کے اندر اپنی قیادت گاہ میں پہنچ گئے تو مشرکین نے مسلمانوں کو زک پہنچانے کی آخری کوشش کی۔ ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ اس اثنا میں کہ رسول اللہ ﷺ گھاٹی کے اندر تشریف فرما تھے ابوسفیان اور خالد بن ولید کی قیادت میں مشرکین کا ایک دستہ چڑھ آیا رسول اللہ ﷺ نے دُعا فرمائی کہ اے اللہ! یہ ہم سے اُوپر نہ جانے پائیں۔ پھر حضرت عمرؓ بن خطاب اور مہاجرین کی ایک جماعت نے لڑ کر اُنہیں پہاڑ سے نیچے اُترنے پر مجبور کر دیا۔[۵۲]

مغازی اموی کا بیان ہے کہ مشرکین پہاڑ پر چڑھ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعدؓ سے فرمایا! ان کے حوصلے پست کرو یعنی انہیں پیچھے دھکیل دو۔ انہوں نے کہا میں تنہا ان کے حوصلے کیسے پست کروں؟ اس پر آپؐ نے تین بار یہی بات دُہرائی۔ بالآخر حضرت سعدؓ نے اپنے ترکش سے ایک تیر نکالا اور ایک شخص کو مارا تو وہ وہیں ڈھیر ہو گیا۔ حضرت سعدؓ کہتے ہیں کہ میں نے پھر وہی تیر لیا۔ اسے پہچانتا تھا اور اس سے دوسرے کو مارا تو اس کا بھی کام تمام ہو گیا۔ اس کے بعد پھر تیر لیا۔ اسے پہچانتا تھا اور اس سے ایک تیسرے کو مارا تو اس کی بھی جان جاتی رہی۔ اس کے بعد مشرکین نیچے اُتر گئے۔ میں نے کہا: یہ مبارک تیر ہے۔ پھر میں نے اسے اپنے ترکش میں رکھ لیا۔ یہ تیر زندگی بھر حضرت سعدؓ کے پاس رہا اور ان کے بعد ان کی اولاد کے پاس رہا۔[۵۳]

شہداء کا مُثلہ

یہ آخری حملہ تھا جو مشرکین نے نبی ﷺ کے خلاف کیا تھا چونکہ انہیں آپؐ کے انجام کا صحیح علم نہ تھا بلکہ آپؐ کی شہادت کا تقریباً یقین تھا! اس لیے انہوں نے اپنے کیمپ کی طرف پلٹ کر مکہ واپسی کی تیاری شروع کر دی۔

---

[۵۱] ابنِ ہشام ۲/۸۶ [۵۲] ابنِ ہشام ۲/۸۶ [۵۳] زاد المعاد ۲/۹۵

کچھ مُشرک مرد اور عورتیں مسلمان شہداء کے مُثلہ میں مشغول ہوگئیں؛ یعنی شہیدوں کی شرمگاہیں اور کان، ناک وغیرہ کاٹ لیے۔ پیٹ چیر دیئے۔ ہند بنت عتبہ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ چاک کردیا۔ اور مُنہ میں ڈال کر چبایا اور نگلنا چاہا۔ لیکن نگل نہ سکی تو تھوک دیا۔ اور کٹے ہوئے کانوں اور ناکوں کا پازیب اور ہار بنایا۔[۵۴]

آخر تک جنگ لڑنے کے لیے مُسلمانوں کی مستعدی

پھر اس آخری وقت میں دو ایسے واقعات پیش آئے جن سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ جانباز و سرفروش مسلمان اخیر تک جنگ لڑنے کے لیے کس قدر مستعد تھے۔ اور اللہ کی راہ میں جان دینے کا کیسا ولولہ خیز جذبہ رکھتے تھے۔

۱۔ حضرت کعبؓ بن مالک کا بیان ہے کہ میں ان مسلمانوں میں تھا جو گھاٹی سے باہر آئے تھے۔ میں نے دیکھا کہ مشرکین کے ہاتھوں مسلمان شہداء کا مُثلہ کیا جا رہا ہے تو رک گیا۔ پھر آگے بڑھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ ایک مشرک جو بھاری بھرکم زِرہ میں ملبوس تھا شہیدوں کے درمیان سے گذر رہا ہے۔ اور کہتا جا رہا ہے کہ کٹی ہوئی بکریوں کی طرح ڈھیر ہوگئے۔ اور ایک مسلمان اس کی راہ تک رہا ہے۔ وہ بھی زرہ پہنے ہوئے ہے۔ میں چند قدم اور بڑھ کر اس کے پیچھے ہولیا۔ پھر کھڑے ہو کر آنکھوں ہی آنکھوں میں مُسلم اور کافر کو تولنے لگا۔ محسوس ہُوا کہ کافر اپنے ڈیل ڈول اور ساز و سامان دونوں لحاظ سے بہتر ہے۔ اب میں دونوں کا انتظار کرنے لگا۔ بالآخر دونوں میں ٹکر ہوگئی اور مسلمان نے کافر کو ایسی تلوار ماری کہ وہ پاؤں تک کاٹتی چلی گئی۔ مشرک دو ٹکڑے ہو کر گرا۔ پھر مسلمان نے اپنا چہرا کھولا اور کہا: او کعبؓ! کیسی رہی؟ میں ابُو دُجانہؓ ہوں۔[۵۵]

۲۔ خاتمۂ جنگ پر کچھ مومن عورتیں میدانِ جہاد میں پہنچیں۔ چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے۔ کہ میں نے حضرت عائشہ بنت ابی بکرؓ اور اُمِّ سُلیمؓ کو دیکھا کہ پنڈلی کی پازیب تک کپڑے چڑھائے پیٹھ پر پانی کے مشکیزے لا رہی تھیں اور زخمیوں کے مُنہ میں انڈیل رہی تھیں۔[۵۶] حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ اُحد کے روز حضرت اُمِّ سلیطؓ ہمارے لیے مشکیزے بھر بھر کر لا رہی تھیں۔[۵۷]

---

۵۴ ابنِ ہشام ۲/۹۰ ۵۵ البدایۃ والنہایۃ ۴/۱۷

۵۶ صحیح بخاری ۱/۴۰۳، ۲/۵۸۱ ۵۷ ایضاً ۱/۴۰۳

ان ہی عورتوں میں حضرت اُمّ ایمن بھی تھیں۔ انہوں نے جب شکست خوردہ مسلمانوں کو دیکھا کہ مدینے میں گھسنا چاہتے ہیں تو ان کے چہروں پر مٹی پھینکنے لگیں اور کہنے لگیں یہ سوت کاتنے کا تکلا لو اور ہمیں تلوار دو[58] اس کے بعد تیزی سے میدان جنگ پہنچیں اور زخمیوں کو پانی پلانے لگیں۔ ان پر حبان بن عرقہ نے تیر چلایا۔ وہ گر پڑیں اور پردہ کھل گیا۔ اس پر اللہ کے اس دشمن نے بھرپور قہقہہ لگایا۔ رسول اللہ ﷺ پر یہ بات گراں گذری اور آپؐ نے حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کو ایک بغیرانی کے تیر دے کر فرمایا اسے چلاؤ۔ حضرت سعدؓ نے چلایا تو وہ تیر حبان کے حلق پر لگا اور وہ چت گرا اور اس کا پردہ کھل گیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ اس طرح ہنسے کہ جڑکے دانت دکھائی دینے لگے۔ فرمایا سعدؓ نے اُمّ ایمن کا بدلہ چکا لیا، اللہ ان کی دُعا قبول کرے[59]

گھاٹی میں قرار یابی کے بعد

جب رسول اللہ ﷺ نے گھاٹی کے اندر اپنی قیام گاہ میں ذرا قرار پایا تو حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ مہراس سے اپنی ڈھال میں پانی بھر لائے ـــــ کہا جاتا ہے مہراس پتھر میں بنا ہُوا وہ گڑھا ہوتا ہے جس میں زیادہ سا پانی آسکتا ہو؛ اور کہا جاتا ہے کہ یہ اُحد میں ایک چشمے کا نام تھا۔ بہرحال حضرت علیؓ نے وہ پانی نبی ﷺ کی خدمت میں پینے کے لیے پیش کیا۔ آپؐ نے قدرے ناگوار بو محسوس کی اس لیے اسے پیا تو نہیں البتہ اس سے چہرے کا خون دھولیا اور سر پر بھی ڈال لیا۔ اس حالت میں آپؐ فرما رہے تھے: "اس شخص پر اللہ کا سخت غضب ہو جس نے اس کے نبیؐ کے چہرے کو خون آلود کیا[60]"

حضرت سہلؓ فرماتے ہیں مجھے معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا زخم کس نے دھویا؟ پانی کس نے بہایا؟ اور علاج کس چیز سے کیا گیا؟ آپؐ کی لختِ جگر حضرت فاطمہؓ آپؐ کا زخم دھو رہی تھیں اور حضرت علیؓ ڈھال سے پانی بہا رہے تھے۔ جب حضرت فاطمہؓ نے دیکھا کہ پانی کے سبب خون بڑھتا ہی جا رہا ہے تو چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا اور اسے جلا کر چپکا دیا جس سے خون رُک گیا۔[61]

---

[58] سُوت کاتنا عرب عورتوں کا خاص کام تھا۔ اس لیے سُوت کاتنے کا تکلا یعنی پھرکی عورتوں کا ویسا ہی مخصوص سامان تھا جیسے ہمارے ملک میں چوڑی۔ اس موقعے پر مذکورہ محاورہ کا ٹھیک وہی مطلب ہے جو ہماری زبان کے اس کا محاورے کا ہے کہ "چوڑی لو اور تلوار دو۔"

[59] السیرۃ الحلبیہ ۲/۲۲ [60] ابن ہشام ۲/۸۵ [61] صحیح بخاری ۲/۵۸۴

ادھر حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ شیریں اور خوش ذائقہ پانی لائے۔ نبی ﷺ نے نوش فرمایا اور دعائے خیر دی[۶۲] زخم کے اثر سے نبی ﷺ نے ظہر کی نماز بیٹھے بیٹھے پڑھی۔ اور صحابہ کرام نے بھی آپؐ کے پیچھے بیٹھ ہی کر نماز ادا کی۔[۶۳]

ابوسفیان کی شماتت اور حضرت عمرؓ سے دو دو باتیں

مشرکین نے واپسی کی تیاری مکمل کر لی تو ابوسفیان جبلِ اُحد پر نمودار ہوا اور بآوازِ بلند بولا "کیا تم میں محمدؐ ہیں؟ لوگوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ اس نے پھر کہا "کیا تم میں ابو قحافہ کے بیٹے (ابوبکرؓ) ہیں؟ لوگوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ اس نے پھر سوال کیا "کیا تم میں عمرؓ بن خطاب ہیں؟ لوگوں نے اب کی مرتبہ بھی جواب نہ دیا۔ کیونکہ نبی ﷺ نے صحابہ کرام کو اس کا جواب دینے سے منع فرما دیا تھا ـــــ ابوسفیان نے ان تین کے سوا کسی اور کے بارے میں نہ پوچھا کیونکہ اسے اور اس کی قوم کو معلوم تھا کہ اسلام کا قیام ان ہی تینوں کے ذریعے ہے۔ بہرحال جب کوئی جواب نہ ملا تو اُس نے کہا: چلو ان تینوں سے فرصت ہوئی۔ یہ سُن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ بے قابو ہو گئے اور بولے "او اللہ کے دشمن! جن کا تو نے نام لیا ہے وہ سب زندہ ہیں اور ابھی اللہ نے تیری رسوائی کا سامان باقی رکھا ہے۔

اس کے بعد ابوسفیان نے کہا" تمہارے مقتولین کا مُثلہ ہوا ہے لیکن میں نے نہ اس کا حکم دیا تھا اور نہ اس کا بُرا ہی منایا ہے۔" پھر نعرہ لگایا: اُعْلُ ھُبَل۔ ھُبل بلند ہو۔

نبی ﷺ نے فرمایا، تم لوگ جواب کیوں نہیں دیتے؟ صحابہ نے عرض کیا کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو: اَللہُ اَعْلٰی وَ اَجَلّ۔ اللہ اعلیٰ اور برتر ہے۔"

پھر ابوسفیان نے نعرہ لگایا" لَنَا عُزّٰی وَلَا عُزّٰی لَکُمْ۔ ہمارے لیے عزّیٰ ہے۔ اور تمہارے لیے عزّیٰ نہیں۔"

نبی ﷺ نے فرمایا" جواب کیوں نہیں دیتے: صحابہؓ نے دریافت کیا: کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا" کہو اَللہُ مَوْلَانَا وَلَا مَوْلٰی لَکُمْ۔" اللہ ہمارا مولیٰ ہے اور تمہارا کوئی مولیٰ نہیں۔"

اس کے بعد ابوسفیان نے کہا" کتنا اچھا کارنامہ رہا۔ آج کا دن جنگِ بدر کے دن کا

---

[۶۲] السیرۃ الحلبیہ ۲/۳۰۔ [۶۳] ابن ہشام ۲/۸۷
[۶۴] یعنی کبھی ایک فریق غالب آتا ہے اور کبھی دُوسرا، جیسے ڈول کبھی کوئی کھینچتا ہے کبھی کوئی۔
[۶۵] ابنِ ہشام ۲/۹۳، ۹۴۔ زاد المعاد ۲/۹۴۔ صحیح بخاری ۲/۵۷۹

بدلہ ہے اور لڑائی ڈول ہے"[۶۴]

حضرت عمرؓ نے جواب میں کہا: "برابر نہیں ہمارے مقتولین جنّت میں ہیں اور تمہارے مقتولین جہنّم میں"۔

اس کے بعد ابوسفیان نے کہا "عمر! میرے قریب آؤ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "جاؤ۔ دیکھو کیا کہتا ہے؟ وہ قریب آئے تو ابوسفیان نے کہا "عمر! میں خدا کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کیا ہم نے محمدؐ کو قتل کر دیا ہے؟ حضرت عمرؓ نے کہا "واللہ! نہیں۔ بلکہ اس وقت وہ تمہاری باتیں سن رہے ہیں۔ ابوسفیان نے کہا "تم میرے نزدیک ابن قمئہ سے زیادہ سچّے اور راست باز ہو"[۶۵]

بدر میں ایک اور جنگ لڑنے کا عہد و پیمان

ابن اسحاق کا بیان ہے کہ ابوسفیان اور اس کے رُفقاء واپس ہونے لگے تو ابوسفیان نے کہا: "آئندہ سال بدر میں پھر لڑنے کا وعدہ ہے۔" رسول اللہ ﷺ نے ایک صحابی سے فرمایا: کہہ دو ٹھیک ہے۔ اب یہ بات ہمارے اور تمہارے درمیان طے رہی"۔[۶۶]

مشرکین کے موقف کی تحقیق

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو روانہ کیا اور فرمایا "قوم (مشرکین) کے پیچھے پیچھے جاؤ اور دیکھو وہ کیا کر رہے ہیں اور ان کا ارادہ کیا ہے؟ اگر انہوں نے گھوڑے پہلو میں رکھے ہوں اور اونٹوں پر سوار ہوں تو ان کا ارادہ مکّہ کا ہے اور اگر گھوڑوں پر سوار ہوں اور اونٹ ہانک کرلے جائیں تو مدینے کا ارادہ ہے۔" پھر فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ اگر انہوں نے مدینے کا ارادہ کیا تو میں مدینے جا کر ان سے دو دو ہاتھ کروں گا۔" حضرت علیؓ کا بیان ہے کہ اس کے بعد میں ان کے پیچھے نکلا تو دیکھا کہ انہوں نے گھوڑے پہلو میں کر رکھے ہیں اونٹوں پر سوار ہیں اور مکّے کا رُخ ہے۔[۶۷]

---

[۶۶] ابن ہشام ۲/۹۴

[۶۷] ابن ہشام ۲/۹۴ حافظ ابن حجر نے فتح الباری (۷/۳۴۷) میں لکھا ہے کہ مشرکین کے عزائم کا پتا لگانے کے لیے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ تشریف لے گئے تھے۔

شہیدوں اور زخمیوں کی خبر گیری

قریش کی واپسی کے بعد مسلمان اپنے شہیدوں اور زخمیوں کی کھوج خبر لینے کے لیے فارغ ہو گئے۔ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اُحد کے روز رسول اللہ ﷺ نے مجھے بھیجا کہ میں سعدؓ بن الربیع کو تلاش کروں اور فرمایا کہ اگر وہ دکھائی پڑ جائیں تو انہیں میرا اسلام کہنا اور یہ کہنا کہ رسول اللہ ﷺ دریافت کر رہے ہیں کہ تم اپنے آپ کو کیسا پا رہے ہو؟ حضرت زیدؓ کہتے ہیں کہ مَیں مقتولین کے درمیان چکر لگاتے ہوئے ان کے پاس پہنچا تو وہ آخری سانس لے رہے تھے۔ انہیں نیزے، تلوار اور تیر کے ستّر سے زیادہ زخم آئے تھے۔ مَیں نے کہا: "اے سعد! اللہ کے رسولؐ آپ کو سلام کہتے ہیں اور دریافت فرما رہے ہیں کہ مجھے بتاؤ اپنے آپ کو کیسا پا رہے ہو۔" انہوں نے کہا: "رسول اللہ ﷺ کو سلام۔ آپ سے عرض کرو کہ یا رسولؐ اللہ! جنّت کی خوشبو پا رہا ہوں اور میری قوم انصار سے کہو کہ اگر تم میں سے ایک آنکھ بھی ہلتی رہی اور دشمن رسول اللہ ﷺ تک پہنچ گیا تو تمہارے لیے اللہ کے نزدیک کوئی عذر نہ ہو گا ــــــ اور اسی وقت ان کی رُوح پرواز کر گئی۔[۶۸]

لوگوں نے زخمیوں میں اُصَیرِمؓ کو بھی پایا جن کا نام عمروؓ بن ثابت تھا۔ ان میں تھوڑی سی رمق باقی تھی۔ اس سے قبل انہیں اسلام کی دعوت دی جاتی تھی مگر وہ قبول نہیں کرتے تھے اس لیے لوگوں نے (حیرت سے) کہا کہ یہ اصیرم کیسے آیا ہے؟ اسے تو ہم نے اس حالت میں چھوڑا تھا کہ وہ اس دین کا انکاری تھا۔ چنانچہ ان سے پوچھا گیا کہ تمہیں یہاں کیا چیز لے آئی؟ قوم کی حمایت کا جوش یا اسلام کی رغبت؟ انہوں نے کہا: "اسلام کی رغبت۔ درحقیقت میں اللہ اور اُس کے رسولؐ پر ایمان لے آیا اور اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کی حمایت میں شریکِ جنگ ہُوا یہاں تک کہ اب اس حالت سے دوچار ہوں جو آپ لوگوں کی آنکھوں کے سامنے ہے۔" اور اسی وقت اُن کا انتقال ہو گیا۔ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا: "وہ جنّتیوں میں سے ہے۔" ابو ہریرہؓ کہتے ہیں کہ ــــ حالانکہ اُس نے اللہ کے لیے ایک وقت کی بھی نماز نہیں پڑھی تھی۔[۶۹]

---

[۶۸] زاد المعاد ۲/۹۶ [۶۹] ایضاً ۲/۹۴، ابنِ ہشام ۲/۹۰

(کیونکہ اسلام لانے کے بعد ابھی کسی نماز کا وقت آیا ہی نہ تھا کہ شہید ہو گئے۔)

ان ہی زخمیوں میں قُزمان بھی ملا۔ اس نے اس جنگ میں خوب خوب دادِ شجاعت دی تھی اور تنہا سات یا آٹھ مشرکین کو تہ تیغ کیا تھا۔ وہ جب ملا تو زخموں سے چُور تھا۔ لوگ اسے اٹھا کر بنو ظفر کے محلے میں لے گئے اور مسلمانوں نے اُسے خوشخبری سُنائی۔ کہنے لگا: واللہ میری جنگ تو محض اپنی قوم کے ناموس کے لیے تھی اور اگر یہ بات نہ ہوتی تو میں لڑائی ہی نہ کرتا۔ اس کے بعد جب اس کے زخموں نے شدّت اختیار کی تو اس نے اپنے آپ کو ذبح کر کے خودکشی کر لی۔ ادھر رسول اللہ ﷺ سے اس کا جب بھی ذکر کیا جاتا تھا تو فرماتے تھے کہ وہ جہنمی ہے[۱۰] (اور اس واقعے نے آپؐ کی پیشین گوئی پر مہر تصدیق ثبت کر دی۔) حقیقت یہ ہے کہ اِعلاءِ کلمۃُ اللہ کے بجائے وطنیت یا کسی بھی دوسری راہ میں لڑنے والوں کا انجام یہی ہے۔ چاہے وہ اسلام کے جھنڈے تلے بلکہ رسُول اور صحابہؓ کے لشکر ہی میں شریک ہو کر کیوں نہ لڑ رہے ہوں۔

اس کے بالکل برعکس مقتولین میں بنو ثعلبہ کا ایک یہودی تھا۔ اس نے اس وقت جبکہ جنگ کے بادل منڈلا رہے تھے، اپنی قوم سے کہا: "اے جماعتِ یہود! خدا کی قسم تم! جانتے ہو کہ محمدؐ کی مدد تم پر فرض ہے۔" یہود نے کہا، مگر آج سَبْت (سنیچر) کا دن ہے۔ اس نے کہا، تمہارے لیے کوئی سَبْت نہیں۔ پھر اُس نے اپنی تلوار لی، سازوسامان اٹھایا اور بولا اگر میں مارا جاؤں تو میرا مال محمدؐ کے لیے ہے وہ اس میں جو چاہیں گے کریں گے۔ اس کے بعد میدانِ جنگ میں گیا اور لڑتے بھڑتے مارا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مُخَیرِیْق بہترین یہودی تھا"[۱۱]

اس موقعے پر رسول اللہ ﷺ نے خود بھی شہداء کا معائنہ فرمایا اور فرمایا کہ میں ان لوگوں کے حق میں گواہ رہوں گا۔ حقیقت یہ ہے کہ جو شخص اللہ کی راہ میں زخمی کیا جاتا ہے اسے اللہ قیامت کے روز اس حالت میں اٹھائے گا کہ اس کے زخم سے خون بہ رہا ہوگا؛ رنگ تو خون ہی کا ہوگا لیکن خوشبو مشک کی ہوگی۔[۱۲]

کچھ صحابہؓ نے اپنے شہداء کو مدینہ منتقل کر لیا تھا۔ آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ اپنے شہیدوں کو واپس لا کر ان کی شہادت گاہوں میں دفن کریں نیز شہداء کے ہتھیار اور پوستین کے لباس اتار لیے جائیں پھر انہیں

۱۰؎ زاد المعاد ۲/ ۹۷، ۹۸۔ ابن ہشام ۲/ ۸۸

۱۱؎ ابنِ ہشام ۲/ ۸۸، ۸۹ ۱۲؎ ایضاً ۲/ ۹۸

غسل دیئے بغیر جس حالت میں ہوں اسی حالت میں دفن کر دیا جائے۔ آپؐ دو دو تین تین شہیدوں کو ایک ہی قبر میں دفن فرما رہے تھے اور دو دو آدمیوں کو ایک ہی کپڑے میں اکٹھا لپیٹ دیتے تھے اور دریافت فرماتے تھے کہ ان میں سے کس کو قرآن زیادہ یاد ہے۔ لوگ جس کی طرف اشارہ کرتے اسے لحد میں آگے کرتے اور فرماتے کہ میں قیامت کے روز ان لوگوں کے بارے میں گواہی دوں گا۔ عبداللہؓ بن عمرو بن حرام اور عمروؓ بن جموحؓ ایک ہی قبر میں دفن کئے گئے کیونکہ ان دونوں میں دوستی تھی[۷۳]

حضرت حنظلہؓ کی لاش غائب تھی۔ تلاش کے بعد ایک جگہ اس حالت میں ملی کہ زمین پر پڑی تھی اور اس سے پانی ٹپک رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو بتلایا کہ فرشتے انہیں غسل دے رہے ہیں۔ پھر فرمایا ان کی بیوی سے پوچھو کیا معاملہ ہے؟ ان کی بیوی سے دریافت کیا گیا تو انہوں نے واقعہ بتلایا۔ یہیں سے حضرت حنظلہؓ کا نام غسیل الملائکہ (فرشتوں کے غسل دیئے ہوئے) پڑ گیا[۷۴]

رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا حضرت حمزہؓ کا حال دیکھا تو سخت غمگین ہوئے۔ آپ کی پھوپھی حضرت صفیہؓ تشریف لائیں، وہ بھی اپنے بھائی حضرت حمزہؓ کو دیکھنا چاہتی تھیں۔ لیکن رسول اللہ ﷺ نے ان کے صاحبزادے حضرت زبیرؓ سے کہا کہ انہیں واپس لے جائیں۔ وہ اپنے بھائی کا حال دیکھ نہ لیں۔ مگر حضرت صفیہؓ نے کہا: آخر ایسا کیوں؟ مجھے معلوم ہو چکا ہے کہ میرے بھائی کا مُثلہ کیا گیا ہے۔ لیکن یہ اللہ کی راہ میں ہے اس لیے جو کچھ ہوا ہم اس پر پوری طرح راضی ہیں۔ میں ثواب سمجھتے ہوئے ان شاء اللہ ضرور صبر کروں گی۔ اس کے بعد وہ حضرت حمزہ کے پاس آئیں انہیں دیکھا، ان کے لیے دعا کی، اناللہ پڑھی اور اللہ سے مغفرت مانگی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ انہیں حضرت عبداللہؓ بن جحش کے ساتھ دفن کر دیا جائے۔ وہ حضرت حمزہؓ کے بھانجے بھی تھے اور رضاعی بھائی بھی۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب پر جس طرح روتے اس سے بڑھ کر روتے ہوئے ہم نے آپؐ کو کبھی نہیں دیکھا۔ آپؐ نے انہیں قبلے کی طرف رکھا پھر ان کے جنازے پر کھڑے ہوئے اور اس طرح روئے کہ آواز بلند ہو گئی[۷۵]

درحقیقت شہداء کا منظر تھا ہی بڑا دلدوز اور زہرہ گداز، چنانچہ حضرت خبابؓ بن ارت کا بیان ہے کہ حضرت حمزہؓ کے لیے ایک سیاہ دھاریوں والی چادر کے سوا کوئی کفن نہ مل سکا۔ یہ چادر سر پر ڈالی جاتی

---

[۷۳] زاد المعاد ۲/۹۸ صحیح بخاری ۲/۵۸۴ [۷۴] زاد المعاد ۲/۹۴

[۷۵] یہ ابن شاذان کی روایت ہے۔ دیکھئے مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۲۵۵۔

تو پاؤں کھل جاتے اور پاؤں پہ ڈالی جاتی تو سر کھل جاتا۔ بالآخر چادر سے سر ڈھک دیا گیا اور پاؤں پر اِذخر گھاس ڈال دی گئی [۱]

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا بیان ہے کہ مُصعبؓ بن عُمیرؓ کی شہادت واقع ہوئی ـــــ اور وہ مجھ سے بہتر تھے ـــــ تو انہیں ایک چادر کے اندر کفنایا گیا۔ حالت یہ تھی کہ اگر ان کا سر ڈھانکا جاتا تو پاؤں کھل جاتے اور پاؤں ڈھانکے جاتے تو سر کھل جاتا تھا۔ ان کی یہی کیفیت حضرت خبابؓ نے بھی بیان کی ہے اور اتنا مزید اضافہ فرمایا ہے کہ ـــــ (اس کیفیت کو دیکھ کر) نبی ﷺ نے ہم سے فرمایا کہ چادر سے ان کا سر ڈھانک دو اور پاؤں پر اذخر ڈال دو [۲]

رسُول اللہ ﷺ اللہ عزوجل کی حمد وثنا کرتے اور اس سے دعا فرماتے ہیں

امام احمد کی روایت ہے کہ اُحد کے روز جب مشرکین واپس چلے گئے تو رسُول اللہ ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے فرمایا: برابر ہو جاؤ؛ ذرا میں اپنے رب عزّوجل کی ثناء کروں۔ اس حکم پر صحابہ کرامؓ نے آپؐ کے پیچھے صفیں باندھ لیں۔ اور آپؐ نے یوں فرمایا:

"اے اللہ! تیرے ہی لیے ساری حمد ہے۔ اے اللہ! جس چیز کو تو کشادہ کر دے اسے کوئی تنگ نہیں کر سکتا اور جس چیز کو تو تنگ کر دے اسے کوئی کشادہ نہیں کر سکتا۔ جس شخص کو تو گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا اور جس شخص کو تو ہدایت دیدے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا۔ جس چیز کو تو روک دے اسے کوئی دے نہیں سکتا اور جو چیز تو دیدے اسے کوئی روک نہیں سکتا۔ جس چیز کو تو دور کر دے اسے کوئی قریب نہیں کر سکتا اور جس چیز کو تو قریب کر دے اسے کوئی دور نہیں کر سکتا۔ اے اللہ! ہمارے اوپر اپنی برکتیں رحمتیں اور فضل ورزق پھیلا دے۔

اے اللہ! میں تجھ سے برقرار رہنے والی نعمت کا سوال کرتا ہوں جو نہ ٹلے اور نہ ختم ہو۔ اے اللہ! میں تجھ سے فقر کے دن مدد کا اور خوف کے دن امن کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! جو کچھ تو نے ہمیں دیا ہے اس کے شر سے اور جو کچھ نہیں دیا ہے اس کے بھی شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے اللہ ہمارے نزدیک ایمان کو محبوب کر دے اور اسے ہمارے دلوں میں خوشنما بنا دے اور کفر، فسق اور نافرمانی کو ناگوار بنا دے اور ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں میں کر دے۔ اے اللہ! ہمیں مسلمان رکھتے ہوئے وفات

---

[۱] یہ بالکل موج کے ہم شکل ایک خوشبودار گھاس ہوتی ہے بہت سے مقامات پر چائے میں ڈال کر پکائی بھی جاتی ہے۔ عرب میں اس کا پودا ہاتھ ڈیڑھ ہاتھ سے لمبا نہیں ہوتا جبکہ ہندوستان میں ایک میٹر سے بھی لمبا ہوتا ہے۔

[۲] مسند احمد، مشکوٰۃ ۱/۱۴۰ [۳] صحیح بخاری ۲/۵۷۹، ۵۸۴

دے اور مسلمان ہی رکھتے ہوئے زندہ رکھ اور رسوائی اور فتنے سے دوچار کیے بغیر صالحین میں شامل فرما۔ اے اللہ! تو ان کافروں کو مار اور ان پر سختی اور عذاب کر جو تیرے پیغمبروں کو جھٹلاتے اور تیری راہ سے روکتے ہیں۔ اے اللہ! ان کافروں کو بھی مار جنہیں کتاب دی گئی۔ یا الٰہ الحق![۷۹]

مدینے کو واپسی اور محبت و جاں سپاری کے نادر واقعات

شہدا کی تدفین اور اللہ عزوجل کی ثنا، و دعا سے فارغ ہو کر رسول اللہ ﷺ نے مدینے کا رُخ فرمایا جس طرح دورانِ کارزار اہلِ ایمان صحابہ سے محبت و جاں سپاری کے نادر واقعات کا ظہور ہوا تھا اسی طرح اثنا، راہ میں اہلِ ایمان صحابیات سے صدق و جاں سپاری کے عجیب عجیب واقعات ظہور میں آئے۔

چنانچہ راستے میں آنحضورؐ کی ملاقات حضرت حَمنہؓ بنت جَحش سے ہوئی۔ انہیں ان کے بھائی عبداللہؓ بن جحش کی شہادت کی خبر دی گئی۔ انہوں نے اِنَّا لِلّٰہِ پڑھی اور دعائے مغفرت کی۔ پھر ان کے ماموں حضرت حمزہؓ بن عبدالمطلب کی شہادت کی خبر دی گئی۔ انہوں نے پھر اِنَّا لِلّٰہِ پڑھی اور دعائے مغفرت کی۔ اس کے بعد ان کے شوہر حضرت مُصعبؓ بن عُمیرؓ کی شہادت کی خبر دی گئی تو تڑپ کر چیخ اٹھیں اور دھاڑ مار کر رونے لگیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عورت کا شوہر اس کے یہاں ایک خصوصی درجہ رکھتا ہے"[۸۰]

اسی طرح آپؐ کا گذر بنو دینار کی ایک خاتون کے پاس سے ہوا جس کے شوہر، بھائی، اور والد تینوں خلعتِ شہادت سے سرفراز ہو چکے تھے۔ جب انہیں ان لوگوں کی شہادت کی خبر دی گئی تو کہنے لگیں کہ رسول اللہ ﷺ کا کیا ہوا؟ لوگوں نے کہا: اُمِ فلاں! حضورؐ بخیر ہیں اور بحمداللہ جیسا تم چاہتی ویسے ہی ہیں۔ خاتون نے کہا ذرا مجھے دکھلا دو۔ میں بھی آپؐ کا وجود مبارک دیکھ لوں۔ لوگوں نے انہیں اشارے سے بتلایا۔ جب ان کی نظر آپؐ پر پڑی تو بے ساختہ پکار اٹھیں: "كُلُّ مُصِيبَةٍ بَعْدَكَ جَلَلٌ" آپؐ کے بعد ہر مصیبت ہیچ ہے"[۸۱]

اثنا، راہ ہی میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی والدہ آپ کے پاس دوڑتی ہوئی آئیں۔ اس وقت حضرت سعد بن معاذ رسول اللہ ﷺ کے گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے تھے۔ کہنے لگے: "یا رسول اللہ ﷺ میری والدہ ہیں"۔ آپؐ نے فرمایا: "انہیں مرحبا ہو"۔ اس کے بعد ان کے استقبال کے لیے رُک گئے۔ جب وہ قریب آگئیں تو آپؐ نے ان کے صاحبزادے عمروؓ بن معاذ کی شہادت

---

۷۹ بخاری، الادب المفرد، مسند احمد ۳/۴۲۴ ۸۰ ابن ہشام ۲/۹۸ ۸۱ ایضاً ۲/۹۹

پر کلماتِ تعزیت کہتے ہوئے انہیں تسلی دی اور صبر کی تلقین فرمائی۔ کہنے لگیں جب میں نے آپؐ کو بہ سلامت دیکھ لیا تو میرے لیے ہر مصیبت ہیچ ہے۔ پھر رسُول اللہ ﷺ نے شہداء اُحد کے لیے دعا فرمائی اور فرمایا: "اے اُمِّ سعدؓ تم خوش ہو جاؤ، اور شہداء کے گھر والوں کو خوش خبری سنا دو کہ ان کے شہداء سب کے سب ایک ساتھ جنت میں ہیں اور اپنے گھر والوں کے بارے میں ان سب کی شفاعت قبول کر لی گئی ہے۔"

کہنے لگیں: "اے اللہ کے رسُول! ان کے پسماندگان کے لیے بھی دعا فرما دیجیے۔" آپؐ نے فرمایا: "اے اللہ! ان کے دلوں کا غم دور کر، ان کی مصیبت کا بدل عطا فرما اور باقی ماندگان کی بہترین دیکھ بھال فرما۔"[۸۲]

رسُول اللہ ﷺ مدینے میں

اسی روز ـــــ شنبہ، شوال ۳ھ کو سرِ شام رسول اللہ ﷺ مدینہ پہنچے۔ گھر پہنچ کر اپنی تلوار حضرت فاطمہؓ کو دی اور فرمایا "بیٹی اس کا خون دھو دو، خدا کی قسم یہ آج میرے لیے بہت صحیح ثابت ہوئی۔ پھر حضرت علیؓ نے بھی تلوار لپکائی اور فرمایا "اس کا بھی خون دھو دو۔ واللہ یہ بھی آج بہت صحیح ثابت ہوئی۔ اس پر رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اگر تم نے بے لاگ جنگ کی ہے تو تمہارے ساتھ سہل بن حُنیف اور ابُو دُجانہؓ نے بھی بے لاگ جنگ کی ہے"[۸۳]

بیشتر روایتیں متفق ہیں کہ مسلمان شہداء کی تعداد ستر تھی جن میں بھاری اکثریت انصار کی تھی یعنی ان کے ۶۵ آدمی شہید ہوئے تھے، ۴۱ خزرج سے اور ۲۴ اوس سے ایک آدمی یہود سے قتل ہوا تھا اور مہاجرین شہداء کی تعداد صرف چار تھی۔

باقی رہے قریش کے مقتولین تو ابنِ اسحاق کے بیان کے مطابق ان کی تعداد ۲۲ تھی لیکن اصحاب مغازی اور اہل سِیَر نے اس معرکے کی جو تفصیلات ذکر کی ہیں اور جن میں ضمناً جنگ کے مختلف مرحلوں میں قتل ہونے والے مشرکین کا تذکرہ آیا ہے ان پر گہری نظر رکھتے ہوئے دقت پسندی کے ساتھ حساب لگایا جائے تو یہ تعداد ۲۲ نہیں بلکہ ۳۷ ہوتی ہے۔ واللہ اعلم[۸۴]

مدینے میں ہنگامی حالت

مسلمانوں نے معرکہ اُحد سے واپس آکر (۸ شوال ۳ھ شنبہ و یک شنبہ کی درمیانی) رات ہنگامی حالت میں گزاری۔ جنگ نے انہیں چور چور

---

۸۲ السیرۃ الحلبیہ ۲/۴۷   ۸۳ ابنِ ہشام ۲/۱۰۰

۸۴ دیکھئے ابن ہشام ۲/۱۲۲ تا ۱۲۹ فتح الباری ۷/۳۵۱ اور غزوۂ اُحد تصنیف محمد احمد باشمیل ص ۲۷۸، ۲۷۹، ۲۸۰۔

کر رکھا تھا۔ اس کے باوجود وہ رات بھر مدینے کے راستوں اور گذرگاہوں پر پہرہ دیتے رہے اور اپنے سپہ سالارِ اعظم رسول ﷺ کی خصوصی حفاظت پر تعینات رہے کیونکہ انہیں ہر طرف سے خدشات لاحق تھے

غزوۂ حمراء الاسد

ادھر رسول اللہ ﷺ نے پوری رات جنگ سے پیدا شدہ صورت حال پر غور کرتے ہوئے گذاری۔ آپؐ کو اندیشہ تھا کہ اگر مشرکین نے سوچا کہ میدانِ جنگ میں اپنا پلہ بھاری رہتے ہوئے بھی ہم نے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا تو انہیں یقیناً ندامت ہوگی اور وہ راستے سے پلٹ کر مدینے پر دوبارہ حملہ کریں گے اس لیے آپ نے فیصلہ کیا کہ بہر حال مکی لشکر کا تعاقب کیا جانا چاہیئے۔

چنانچہ اہل سیر کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے معرکۂ اُحد کے دوسرے دن یعنی یک شنبہ ۸ شوال ۳ھ کو علی الصباح اعلان فرمایا کہ دشمن کے مقابلے کے لیے چلنا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی اعلان فرمایا کہ ہمارے ساتھ صرف وہی آدمی چل سکتا ہے جو معرکۂ اُحد میں موجود تھا۔ تاہم عبداللہ بن اُبَیّ نے اجازت چاہی کہ آپؐ کا ہمرکاب ہو مگر آپؐ نے اجازت نہ دی۔ ادھر جتنے مسلمان تھے اگرچہ زخموں سے چور، غم سے نڈھال، اور اندیشہ وخوف سے دوچار تھے، لیکن سب نے بلاتردّد سرِ اطاعت خم کر دیا۔ حضرت جابرؓ بن عبداللہ نے بھی اجازت چاہی جو جنگ اُحد میں شریک نہ تھے۔ حاضر خدمت ہوکر عرض پرداز ہوئے: "یارسول اللہ ﷺ میں چاہتا ہوں کہ آپؐ جس کسی جنگ میں تشریف لے جائیں میں بھی حاضر خدمت رہوں اور چونکہ (اس جنگ میں) میرے والد نے مجھے اپنی بچیوں کی دیکھ بھال کے لیے گھر پر روک دیا تھا لہٰذا آپؐ مجھے اجازت دیدیں کہ میں بھی آپ کے ساتھ چلوں" اس پر آپ نے انہیں اجازت دے دی۔

پروگرام کے مطابق رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کو ہمراہ لے کر روانہ ہوئے اور مدینے سے آٹھ میل دور حمراء الاسد پہنچ کر خیمہ زن ہوئے۔

اثناء قیام میں مَعبَد بن ابی مَعبَد خزاعی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوکر حلقہ بگوش اسلام ہوا ــــ اور کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے شرک ہی پر قائم تھا لیکن رسول اللہ ﷺ کا خیر خواہ تھا ـــ کیونکہ خزاعہ اور بنو ہاشم کے درمیان حلف (یعنی دوستی وتعاون کا عہد) تھا۔ بہرکیف اس نے کہا: "اے محمدؐ! آپؐ کو اور آپؐ کے رفقاء کو جو زک پہنچی ہے وہ واللہ ہم پر سخت گراں گذری ہے۔ ہماری آرزو تھی کہ اللہ آپؐ کو بعافیت رکھتا" ـــ اس اظہارِ ہمدردی پر رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا کہ ابوسفیان کے پاس جائے اور اس کی حوصلہ شکنی کرے۔

ادھر رسول اللہ ﷺ نے جو اندیشہ محسوس کیا تھا کہ مشرکین مدینے کی طرف پلٹنے کی بات سوچیں گے وہ بالکل برحق تھا۔ چنانچہ مشرکین نے مدینے سے ۳۶ میل دور مقام رَوحاء پر پہنچ کر جب پڑاؤ ڈالا تو آپس میں ایک دوسرے کو ملامت کی۔ کہنے لگے "تم لوگوں نے کچھ نہیں کیا۔ ان کی شوکت وقوت توڑ کر انہیں یوں ہی چھوڑ دیا حالانکہ ابھی ان کے اتنے سر باقی ہیں کہ وہ تمہارے لیے پھر دردِ سر بن سکتے ہیں، لہٰذا واپس چلو اور انہیں جڑ سے صاف کر دو۔"

لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ سطحی رائے تھی جو ان لوگوں کی طرف سے پیش کی گئی تھی جنہیں فریقین کی قوت اور ان کے حوصلوں کا صحیح اندازہ نہ تھا اسی لیے ایک ذمہ دار افسر صفوان بن امیہ نے اس رائے کی مخالفت کی اور کہا: "لوگو! ایسا نہ کرو۔ مجھے خطرہ ہے کہ جو (مسلمان غزوہ احد میں) نہیں آئے تھے وہ بھی اب تمہارے خلاف جمع ہو جائیں گے لہٰذا اس حالت میں واپس چلے چلو کہ فتح تمہاری ہے؛ ورنہ مجھے خطرہ ہے کہ مدینے پر پھر چڑھائی کرو گے تو گردش میں پڑ جاؤ گے۔" لیکن بھاری اکثریت نے یہ رائے قبول نہ کی اور فیصلہ کیا کہ مدینے واپس چلیں گے۔ لیکن ابھی پڑاؤ چھوڑ کر ابوسفیان اور اس کے فوجی ہلے بھی نہ تھے کہ معبد بن ابی معبد خزاعی پہنچ گیا۔ ابوسفیان کو معلوم نہ تھا کہ یہ مسلمان ہو گیا ہے اس نے پوچھا! معبد! پیچھے کی کیا خبر ہے؟ معبد نے —— پروپیگنڈے کا سخت اعصابی حملہ کرتے ہوئے —— کہا: "محمدؐ اپنے ساتھیوں کو لے کر تمہارے تعاقب میں نکل چکے ہیں۔ ان کی جمعیۃ اتنی بڑی ہے کہ میں نے ویسی جمعیۃ کبھی دیکھی ہی نہیں۔ سارے لوگ تمہارے خلاف غصے سے کباب ہوئے جا رہے ہیں۔ اُحد میں پیچھے رہ جانے والے بھی آ گئے ہیں۔ وہ جو کچھ ضائع کر چکے اس پر سخت نادم ہیں اور تمہارے خلاف اس قدر بھڑکے ہوئے ہیں کہ میں نے اس کی مثال دیکھی ہی نہیں۔"

ابوسفیان نے کہا: "ارے بھائی یہ کیا کہہ رہے ہو؟"

معبد نے کہا: "واللہ میرا خیال ہے کہ تم کوچ کرنے سے پہلے پہلے گھوڑوں کی پیشانیاں دیکھ لو گے یا لشکر کا ہراول دستہ اس ٹیلے کے پیچھے نمودار ہو جائے گا۔"

ابوسفیان نے کہا: "واللہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ ان پر پلٹ کر پھر حملہ کریں اور ان کی جڑ کاٹ کر رکھ دیں۔"

معبد نے کہا: "ایسا نہ کرنا۔ میں تمہاری خیر خواہی کی بات کر رہا ہوں۔"

یہ باتیں سن کر مکی لشکر کے حوصلے ٹوٹ گئے۔ ان پر گھبراہٹ اور رعب طاری ہو گیا اور انہیں اسی میں عافیت نظر آئی کہ مکے کی جانب اپنی واپسی جاری رکھیں۔ البتہ ابوسفیان نے اسلامی لشکر کو تعاقب

سے باز رکھنے اور اس طرح دوبارہ مسلح ٹکراؤ سے بچنے کے لیے پروپیگنڈے کا ایک جوابی اعصابی حملہ کیا جس کی صورت یہ ہوئی کہ ابوسفیان کے پاس سے قبیلہ عبدالقیس کا ایک قافلہ گذرا۔ ابوسفیان نے کہا: "کیا آپ لوگ میرا ایک پیغام محمدؐ کو پہنچا دیں گے؟ میرا وعدہ ہے کہ اس کے بدلے جب آپ لوگ مکہ آئیں گے تو عکاظ کے بازار میں آپ لوگوں کو اتنی کشمش دوں گا جتنی آپ کی یہ اونٹنی اٹھا سکے گی۔"

ان لوگوں نے کہا: "جی ہاں۔"

ابوسفیان نے کہا: "محمدؐ کو یہ خبر پہنچا دیں کہ ہم نے ان کی اور ان کے رفقاء کی جڑ کاٹ دینے کے لیے دوبارہ پلٹ کر حملہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔"

اس کے بعد جب یہ قافلہ حمراء الاسد میں رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے پاس سے گذرا تو ان سے ابوسفیان کا پیغام کہہ سنایا اور کہا کہ لوگ تمہارے خلاف جمع ہیں، ان سے ڈرو۔ مگر ان کی باتیں سن کر مسلمانوں کے ایمان میں اور اضافہ ہوگیا اور انہوں نے کہا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ۔ اللہ ہمارے لئے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔ (اس ایمانی قوت کی بدولت) وہ لوگ اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹے۔ انہیں کسی برائی نے نہ چھوا اور انہوں نے اللہ کی رضامندی کی، پیروی کی اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

رسول اللہ ﷺ اتوار کے دن حمراء الاسد تشریف لے گئے تھے۔ دوشنبہ، منگل اور بدھ یعنی ۹۔۱۰۔۱۱ شوال ۳ھ تک وہیں مقیم رہے اس کے بعد مدینہ واپس آئے۔ مدینہ واپسی سے پہلے ابوعزہ جمحی آپ کی گرفت میں آگیا۔ یہ وہی شخص ہے جسے بدر میں گرفتار کئے جانے کے بعد اس کے فقر اور لڑکیوں کی کثرت کے سبب اس شرط پر بلا عوض چھوڑ دیا گیا تھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے خلاف کسی سے تعاون نہیں کرے گا لیکن اس شخص نے وعدہ خلافی اور عہد شکنی کی اور اپنے اشعار کے ذریعہ نبی ﷺ اور صحابہ کرامؓ کے خلاف لوگوں کے جذبات کو برانگیختہ کیا — جس کا ذکر پچھلے صفحات میں آچکا ہے — پھر مسلمانوں سے لڑنے کے لیے خود بھی جنگ احد میں آیا۔ جب یہ گرفتار کرکے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تو کہنے لگا: "محمدؐ! میری لغزش سے درگزر کرو۔ مجھ پر احسان کردو اور میری بچیوں کی خاطر مجھے چھوڑ دو۔ میں عہد کرتا ہوں کہ اب دوبارہ ایسی حرکت نہیں کروں گا۔" نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اب یہ نہیں ہوسکتا کہ تم مکے جاکر اپنے رخسار پر ہاتھ پھیرو اور کہو کہ میں نے محمدؐ کو دو مرتبہ دھوکہ دیا۔ مومن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاسکتا۔ اس کے بعد حضرت زبیرؓ

یا حضرت عاصمؓ بن ثابت کو حکم دیا اور انہوں نے اس کی گردن مار دی۔

اسی طرح مکے کا ایک جاسوس بھی مارا گیا۔ اس کا نام معاویہ بن مغیرہ بن ابی العاص تھا اور یہ عبدالملک بن مروان کا نانا تھا۔ یہ شخص اس طرح زد میں آیا کہ جب احد کے روز مشرکین واپس چلے گئے تو یہ اپنے چچیرے بھائی حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے ملنے آیا۔ حضرت عثمان نے اس کے لیے رسول اللہ ﷺ سے امان طلب کی۔ آپ نے اس شرط پہ امان دیدی کہ اگر وہ تین روز کے بعد پایا گیا تو قتل کر دیا جائے گا؛ لیکن جب مدینہ اسلامی لشکر سے خالی ہو گیا تو یہ شخص قریش کی جاسوسی کے لیے تین دن سے زیادہ ٹھہر گیا اور جب لشکر واپس آیا تو بھاگنے کی کوشش کی۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ اور حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو حکم دیا اور انہوں نے اس شخص کا تعاقب کر کے اسے تہ تیغ کر دیا۔[۵۵]

غزوہ حمراء الاسد کا ذکر اگرچہ ایک مستقل نام سے کیا جاتا ہے مگر یہ درحقیقت کوئی مستقل غزوہ نہ تھا بلکہ غزوہ اُحد ہی کا جزو و تتمہ اور اسی کے صفحات میں سے ایک صفحہ تھا۔

جنگِ اُحد میں فتح و شکست کا ایک تجزیہ

یہ ہے غزوہ اُحد، اپنے تمام مراحل اور جملہ تفصیلات سمیت۔ اس غزوے کے انجام کے بارے میں بڑی طول طویل بحثیں کی گئی ہیں کہ آیا اسے مسلمانوں کی شکست سے تعبیر کیا جائے یا نہیں؟ جہاں تک حقائق کا تعلق ہے تو اس میں شبہ نہیں کہ جنگ کے دوسرے راؤنڈ میں مشرکین کو برتری حاصل تھی اور میدان جنگ انہیں کے ہاتھ تھا۔ جانی نقصان بھی مسلمانوں ہی کا زیادہ ہُوا اور زیادہ خوفناک شکل میں ہوا اور مسلمانوں کا کم از کم ایک گروہ یقیناً شکست کھا کر بھاگا اور جنگ کی رفتار مکی لشکر کے حق میں رہی، لیکن ان سب کے باوجود بعض امور ایسے ہیں جنکی بناء پر ہم اسے مشرکین کی فتح سے تعبیر نہیں کر سکتے۔

ایک تو یہی بات قطعی طور پر معلوم ہے کہ مکی لشکر مسلمانوں کے کیمپ پر قابض نہیں ہو سکا تھا اور مدنی لشکر کے بڑے حصے نے سخت اتھل پتھل اور بدنظمی کے باوجود فرار نہیں اختیار کیا تھا؛ بلکہ انتہائی دلیری سے لڑتے ہُوئے اپنے سپہ سالار کے پاس جمع ہو گیا تھا۔ نیز مسلمانوں کا پلہ اس حد تک ہلکا

---

[۵۵] غزوہ احد اور غزوہ حمراء الاسد کی تفصیلات ابن ہشام ۲/۶۰ تا ۱۲۹، زاد المعاد ۲/۹۱ تا ۱۰۸، فتح الباری مع صحیح البخاری ۷/۳۴۵ تا ۳۷۷، مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۲۴۲ تا ۲۷۵ سے جمع کی گئی ہیں اور دوسرے مصادر کے حوالے متعلقہ مقامات ہی پہ دے دیئے گئے ہیں۔

نہیں ہوا تھا کہ مکی لشکر ان کا تعاقب کرتا۔ علاوہ ازیں کوئی ایک بھی مسلمان کافروں کی قید میں نہیں گیا نہ کفار نے کوئی مالِ غنیمت حاصل کیا۔ پھر کفار جنگ کے تیسرے راؤنڈ کے لیے تیار نہیں ہوتے حالانکہ اسلامی لشکر ابھی اپنے کیمپ ہی میں تھا علاوہ ازیں کفار نے میدانِ جنگ میں ایک یا دو دن یا تین دن قیام نہیں کیا حالانکہ اس زمانے میں فاتحین کا یہی دستور تھا اور فتح کی یہ ایک نہایت ضروری علامت تھی، مگر کفار نے فوراً واپسی کی راہ اختیار کی اور مسلمانوں سے پہلے ہی میدان جنگ خالی کر دیا۔ نیز انہیں بچے قید کرنے اور مال لوٹنے کے لیے مدینے میں داخل ہونے کی جرأت نہ ہوئی۔ حالانکہ یہ شہر چند ہی قدم کے فاصلے پر تھا اور فوج سے مکمل طور پر خالی اور ایک دم کھلا پڑا تھا اور راستے میں کوئی رکاوٹ نہ تھی۔

ان ساری باتوں کا ماحصل یہ ہے کہ قریش کو زیادہ سے زیادہ صرف یہ حاصل ہوا کہ انہوں نے ایک وقتی موقعے سے فائدہ اٹھا کر مسلمانوں کو ذرا سخت قسم کی زک پہنچا دی ورنہ اسلامی لشکر کو نرغے میں لینے کے بعد اسے کلی طور پر قتل یا قید کر لینے کا جو فائدہ انہیں جنگی نقطہ نظر سے لازماً حاصل ہونا چاہیئے تھا اس میں وہ ناکام رہے اور اسلامی لشکر قدرے بڑے خسارے کے باوجود نرغہ توڑ کر نکل گیا؛ اور اس طرح کا خسارہ تو بہت سی دفعہ خود فاتحین کو برداشت کرنا پڑتا ہے اس لیے اس معاملے کو مشرکین کی فتح سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا۔

بلکہ واپسی کے لیے ابوسفیان کی عجلت اس بات کی غماز ہے کہ اسے خطرہ تھا کہ اگر جنگ کا تیسرا دور شروع ہو گیا تو اس کا لشکر سخت تباہی اور شکست سے دوچار ہو جائے گا۔ اس بات کی مزید تائید ابوسفیان کے اس موقف سے ہوتی ہے جو اس نے غزوہ حمراء الاسد کے تئیں اختیار کیا تھا۔

ایسی صورت میں ہم اس غزوے کو کسی ایک فریق کی فتح اور دوسرے کی شکست سے تعبیر کرنے کے بجائے غیر فیصلہ کن جنگ کہہ سکتے ہیں جس میں ہر فریق نے کامیابی اور خسارے سے اپنا اپنا حصہ حاصل کیا۔ پھر میدان جنگ سے بھاگے بغیر اور اپنے کیمپ کو دشمن کے قبضہ کے لیے چھوڑے بغیر لڑائی سے دامن کشی اختیار کر لی اور غیر فیصلہ کن جنگ کہتے ہی اسی کو ہیں۔ اسی جانب اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد سے بھی اشارہ نکلتا ہے:

وَلَا تَهِنُوا فِي ابْتِغَاءِ الْقَوْمِ ۖ إِن تَكُونُوا تَأْلَمُونَ فَإِنَّهُمْ يَأْلَمُونَ كَمَا تَأْلَمُونَ ۖ وَتَرْجُونَ مِنَ اللَّهِ مَا لَا يَرْجُونَ ۗ (۴:۱۰۴)

"قوم (مشرکین) کے تعاقب میں ڈھیلے نہ پڑو۔ اگر تم اَلَم محسوس کر رہے ہو تو تمہاری ہی طرح وہ بھی اَلَم محسوس کر رہے ہیں اور تم لوگ اللہ سے اس چیز کی امید رکھتے ہو جس کی وہ اُمید نہیں رکھتے۔"

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ضرر پہنچانے اور ضرر محسوس کرنے میں ایک لشکر کو دوسرے لشکر سے تشبیہ دی ہے

جسکا مفاد یہ ہے کہ دونوں فریق کے موقف متماثل تھے اور دونوں فریق اس حالت میں واپس ہوئے تھے کہ کوئی بھی غالب نہ تھا۔

اس غزوے پر قرآن کا تبصرہ

بعد میں قرآن مجید نازل ہوا تو اس میں اس معرکے کے ایک ایک مرحلے پر روشنی ڈالی گئی اور تبصرہ کرتے ہوئے ان اسباب کی نشاندہی کی گئی جن کے نتیجے میں مسلمانوں کو اس عظیم خسارے سے دوچار ہونا پڑا تھا اور بتلایا گیا کہ اس طرح کے فیصلہ کن مواقع پر اہلِ ایمان اور یہ امت جسے دوسروں کے مقابل خیرِ اُمّت ہونے کا امتیاز حاصل ہے۔) جن اونچے اور اہم مقاصد کے حصول کے لیے وجود میں لائی گئی ہے ان کے لحاظ سے ابھی اہلِ ایمان کے مختلف گروہوں میں کیا کیا کمزوریاں رہ گئی ہیں۔

اسی طرح قرآن مجید نے منافقین کے موقف کا ذکر کرتے ہوئے ان کی حقیقت بے نقاب کی۔ ان کے سینوں میں خدا اور رسول کے خلاف چھپی ہوئی عداوت کا پردہ فاش کیا اور سادہ لوح مسلمانوں میں ان منافقین اور ان کے بھائی یہود نے جو وسوسے پھیلا رکھے تھے ان کا ازالہ فرمایا اور ان قابلِ ستائش حکمتوں اور مقاصد کی طرف اشارہ فرمایا جو اس معرکے کا حاصل تھیں۔

اس معرکے کے متعلق سورہ آلِ عمران کی ساٹھ آیتیں نازل ہوئیں۔ سب سے پہلے معرکے کے ابتدائی مرحلے کا ذکر کیا گیا' ارشاد ہوا :

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ط (۳: ۱۲۱)

"یاد کرو جب تم اپنے گھر سے نکل کر (میدانِ اُحد میں گئے اور وہاں) مؤمنین کو قتال کے لیے جابجا مقرر کر رہے تھے۔"

پھر اخیر میں اس معرکے کے نتائج اور حکمت پر ایک جامع روشنی ڈالی گئی، ارشاد ہوا :

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ط وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِىْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ص فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ج وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ○ (۳: ۱۷۹)

"ایسا نہیں ہوسکتا کہ اللہ مؤمنین کو اسی حالت پر چھوڑ دے جس پر تم لوگ ہو، یہاں تک کہ خبیث کو پاکیزہ سے الگ کر دے، اور ایسا نہیں ہوسکتا کہ اللہ تمہیں غیب پر مطلع کرے، لیکن وہ اپنے پیغمبروں میں سے جسے چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے۔ پس اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اگر تم ایمان لائے اور تقویٰ اختیار کیا تو تمہارے لیے بڑا اجر ہے۔"

غزوے میں کارفرما خدائی مقاصد اور حکمتیں

علامہ ابن قیم نے اس عنوان پر بہت تفصیل سے لکھا ہے[۵۶] حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

۵۶ـ دیکھئے زاد المعاد ۲/۹۹ تا ۱۰۸

علماء نے کہا ہے کہ غزوہ احد اور اس کے اندر مسلمانوں کو پیش آنے والی زک میں بڑی عظیم ربّانی حکمتیں اور فوائد تھے۔ مثلاً مسلمانوں کو معصیّت کے بُرے انجام اور ارتکاب نہی کی نحوست سے آگاہ کرنا۔ کیونکہ تیراندازوں کو اپنے مرکز پر ڈٹے رہنے کا جو حکم رسُول اللہ ﷺ نے دیا تھا انہوں نے اس کی خلاف ورزی کرتے ہُوئے مرکز چھوڑ دیا تھا (اور اسی وجہ سے زک اٹھانی پڑی تھی) ایک حکمت پیغمبروں کی اس سُنّت کا اظہار تھا کہ پہلے وہ ابتلاء میں ڈالے جاتے ہیں پھر انجام کار انہیں کو کامیابی ملتی ہے؛ اور اس میں یہ حکمت پوشیدہ ہے کہ اگر انہیں ہمیشہ کامیابی ہی کامیابی حاصل ہو تو اہلِ ایمان کی صفوں میں وہ لوگ بھی گھُس آئیں گے جو صاحبِ ایمان نہیں ہیں۔ پھر صادق و کاذب میں تمیز نہ ہو سکے گی۔ اور اگر ہمیشہ شکست ہی شکست سے دوچار ہوں تو ان کی بعثت کا مقصد ہی پورا نہ ہو سکے گا۔ اس لیے حکمت کا تقاضا یہی ہے کہ دونوں صورتیں پیش آئیں تاکہ صادق و کاذب میں تمیز ہو جائے۔ کیونکہ منافقین کا نفاق مسلمانوں سے پوشیدہ تھا۔ جب یہ واقعہ پیش آیا اور اہلِ نفاق نے اپنے قول و فعل کا اظہار کیا تو اشارہ صراحت میں بدل گیا اور مسلمانوں کو معلوم ہو گیا کہ خود ان کے اپنے گھروں کے اندر بھی ان کے دشمن موجود ہیں؛ اس لیے مسلمان ان سے نمٹنے کے لیے مستعد اور ان کی طرف سے محتاط ہو گئے۔

ایک حکمت یہ بھی تھی کہ بعض مقامات پر مدد کی آمد میں تاخیر سے خاکساری پیدا ہوتی ہے اور نفس کا غرور ٹوٹتا ہے۔ چنانچہ جب اہلِ ایمان ابتلاء سے دوچار ہُوئے تو انہوں نے صبر سے کام لیا؛ البتہ منافقین میں آہ وزاری مچ گئی۔

ایک حکمت یہ بھی تھی کہ اللہ نے اہلِ ایمان کے لیے اپنے اعزاز کے گھر (یعنی جنت) میں کچھ ایسے درجات تیار کر رکھے ہیں جہاں تک ان کے اعمال کی رسائی نہیں ہوتی۔ لہٰذا ابتلاء و محن کے بھی کچھ اسباب مقرر فرما رکھے ہیں تاکہ ان کی وجہ سے ان درجات تک اہلِ ایمان کی رسائی ہو جائے۔

اور ایک حکمت یہ بھی تھی کہ شہادت، اولیاء کرام کا اعلیٰ ترین مرتبہ ہے، لہٰذا یہ مرتبہ ان کیلیے مہیا فرما دیا گیا۔

اور ایک حکمت یہ بھی تھی کہ اللہ اپنے دشمنوں کو ہلاک کرنا چاہتا تھا۔ لہٰذا ان کے لیے اس کے اسباب بھی فراہم کر دیئے؛ یعنی کفر و ظلم اور اولیاء اللہ کی ایذا رسانی میں حد سے بڑھی ہوئی سرکشی۔ (پھر ان کے اسی عمل کے نتیجے میں) اہلِ ایمان کو گناہوں سے پاک و صاف کر دیا اور کافرین کو ہلاک و برباد کیا[۸۷]

۸۷ے فتح الباری ۷/۳۴۷

ابتداء میں مسلمانوں نے مشرکین کو شکستِ فاش دی اور ان کے کیمپ پر دھاوا بول دیا۔ مگر عین اُسی وقت جبل عینین (جبل رماۃ) پر متعین تیر اندازوں نے اپنا مورچہ چھوڑ دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ خالد بن ولید فوراً چکر کاٹ کر مسلمانوں کی پشت پر پہنچ گئے اور اُنہیں نرغہ میں لے کر جنگ کا پانسہ پلٹ دیا۔

اُحد کے بعد کی فوجی مہمات

مسلمانوں کی شہرت اور ساکھ پر احد کی ناکامی کا بہت برا اثر پڑا۔ ان کی ہوا اکھڑ گئی اور مخالفین کے دلوں سے ان کی ہیبت جاتی رہی۔ اس کے نتیجے میں اہلِ ایمان کی داخلی اور خارجی مشکلات میں اضافہ ہو گیا۔ مدینے پر ہر جانب سے خطرات منڈلانے لگے۔ یہود، منافقین اور بدّوؤں نے کھُل کر عداوت کا مظاہرہ کیا اور ہر گروہ نے مسلمانوں کو زِک پہنچانے کی کوشش کی؛ بلکہ یہ توقع باندھ لی کہ وہ مسلمانوں کا کام تمام کر سکتا ہے اور انہیں بیخ و بن سے اکھاڑ سکتا ہے۔ چنانچہ اس غزوے کو ابھی دو مہینے بھی نہیں گزرے تھے کہ بنو اَسد نے مدینے پر چھاپہ مارنے کی تیاری کی۔ پھر صفر ۴ھ میں عضل اور قارہ کے قبائل نے ایک ایسی مکارانہ چال چلی کہ دس صحابہ کرامؓ کو جامِ شہادت نوش کرنا پڑا؛ اور ٹھیک اسی مہینے میں رئیس بنو عامر نے اسی طرح کی ایک دغابازی کے ذریعے ستّر صحابہ کرامؓ کو شہادت سے ہمکنار کرایا۔ یہ حادثہ بئر معونہ کے نام سے معروف ہے۔ اس دوران بنو نضیر بھی کھُلی عداوت کا مظاہرہ شروع کر چکے تھے یہاں تک کہ انہوں نے ربیع الاوّل ۴ھ میں خود نبی کریم ﷺ کو شہید کرنے کی کوشش کی۔ ادھر بنو غطفان کی جرأت اس قدر بڑھ گئی تھی کہ انہوں نے جمادی الاولیٰ ۴ھ میں مدینے پر حملہ کا پروگرام بنایا۔

غرض مسلمانوں کی جو ساکھ غزوہ احد میں اُکھڑ گئی تھی اس کے نتیجے میں مسلمان ایک مُدّت تک پیہم خطرات سے دوچار رہے۔ لیکن وہ تو نبی کریم ﷺ کی حکمت بالغہ تھی جس نے سارے خطرات کا رُخ پھیر کر مسلمانوں کی ہیبتِ رفتہ واپس دلادی اور انہیں دوبارہ مجد و عزت کے مقامِ بلند تک پہنچا دیا۔ اس سلسلے میں آپؐ کا سب سے پہلا قدم حمراء الاسد تک مشرکین کے تعاقب کا تھا۔ اس کارروائی سے آپؐ کے لشکر کی آبرو بڑی حد تک برقرار رہ گئی کیونکہ یہ ایسا پُروقار اور شجاعت پر مبنی جنگی اقدام تھا کہ مخالفین خصوصاً منافقین اور یہود کا منہ حیرت سے کھُلے کا کھلا رہ گیا۔ پھر آپؐ نے مسلسل ایسی جنگی کارروائیاں کیں کہ ان سے مسلمانوں کی صرف سابقہ ہیبت ہی بحال نہیں ہوئی بلکہ اس میں مزید اضافہ بھی ہو گیا۔ اگلے صفحات میں انہیں کا کچھ تذکرہ کیا جا رہا ہے۔

۱۔ سریّہ ابو سلمہؓ جنگِ اُحد کے بعد مسلمانوں کے خلاف سب سے پہلے بنو اسد بن خزیمہ کا قبیلہ اٹھا۔ اس کے متعلق مدینے میں یہ اطلاع پہنچی کہ خُوَیلِد کے دو بیٹے طلحہ اور

سلمہ اپنی قوم اور اپنے اطاعت شعاروں کو لے کر بنو اسد کو رسول اللہ ﷺ پر حملے کی دعوت دیتے پھر رہے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے جھٹ ڈیڑھ سو انصار و مہاجرین کا ایک دستہ تیار فرمایا اور حضرت ابو سلمہؓ کو اس کا علَم دے کر سپہ سالار بنا کر روانہ فرما دیا۔ حضرت ابو سلمہؓ نے بنو اسد کے حرکت میں آنے سے پہلے ہی ان پر اس قدر اچانک حملہ کیا کہ وہ بھاگ کر ادھر اُدھر بکھر گئے۔ مسلمانوں نے ان کے اونٹ اور بکریوں پر قبضہ کر لیا اور سالم و غانم مدینہ واپس آگئے۔ انہیں دو بدو جنگ بھی نہیں لڑنی پڑی۔

یہ سریہ محرم ۴ھ کا چاند نمودار ہونے پر روانہ کیا گیا تھا۔ واپسی کے بعد حضرت ابو سلمہؓ کا ایک زخم جو انہیں اُحد میں لگا تھا، پھوٹ پڑا اور اس کی وجہ سے وہ جلد ہی وفات پا گئے۔[1]

۲۔ عبداللہ بن اُنیسؓ کی مہم اسی ماہ محرم ۴ھ کی ۵ تاریخ کو یہ خبر ملی کہ خالد بن سفیان ہُذلی مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے فوج جمع کر رہا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے خلاف کارروائی کے لیے عبداللہ بن اُنیس رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا۔

عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ مدینہ سے ۱۸ روز باہر رہ کر ۲۳ محرم کو واپس تشریف لائے۔ وہ خالد کو قتل کر کے اس کا سر بھی ہمراہ لاتے تھے۔ جب خدمت نبویؐ میں حاضر ہو کر انہوں نے یہ سر آپؐ کے سامنے پیش کیا تو آپؐ نے انہیں ایک عصا مرحمت فرمایا اور فرمایا کہ یہ میرے اور تمہارے درمیان قیامت کے روز نشانی رہے گا۔ چنانچہ جب ان کی وفات کا وقت آیا تو انہوں نے وصیت کی کہ یہ عصا بھی ان کے ساتھ ان کے کفن میں لپیٹ دیا جائے۔[2]

۳۔ رجیع کا حادثہ اسی سال ۴ھ کے ماہ صفر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس عضل اور قارہ کے کچھ لوگ حاضر ہوئے اور ذکر کیا کہ ان کے اندر اسلام کا کچھ چرچا ہے لہٰذا آپؐ ان کے ہمراہ کچھ لوگوں کو دین سکھانے اور قرآن پڑھانے کے لیے روانہ فرما دیں۔ آپؐ نے ابن اسحاق کے بقول چھ افراد کو اور صحیح بخاری کی روایت کے مطابق دس افراد کو روانہ فرمایا، اور ابن اسحاق کے بقول مرثد بن ابی مرثد غنوی کو اور صحیح بخاری کی روایت کے مطابق عاصمؓ بن عمر بن خطاب کے نانا حضرت عاصمؓ بن ثابت کو ان کا امیر مقرر فرمایا۔ جب یہ لوگ رابغ اور جدہ کے درمیان قبیلہ ہُذیل کے رجیع نامی ایک چشمے پر پہنچے تو ان پر عضل اور قارہ کے مذکورہ افراد نے قبیلہ ہذیل کی ایک شاخ بنو لحیان کو چڑھا دیا اور بنو لحیان کے کوئی ایک سو تیر انداز ان کے پیچھے لگ گئے اور نشاناتِ قدم

---

[1] زاد المعاد ۲/۱۰۸ [2] ایضاً ۲/۱۰۹، ابن ہشام ۲/۶۱۹، ۶۲۰

دیکھ دیکھ کر انہیں جالیا۔ یہ صحابہ کرام ایک ٹیلے پر پناہ گیر ہو گئے۔ بنولحیان نے انہیں گھیر لیا اور کہا؛ "تمہارے لیے عہد و پیمان ہے کہ اگر ہمارے پاس اتر آؤ تو ہم تمہارے کسی آدمی کو قتل نہیں کریں گے۔" حضرت عاصمؓ نے اترنے سے انکار کر دیا اور اپنے رفقاء سمیت ان سے جنگ شروع کر دی۔ بالآخر تیروں کی بوچھاڑ سے سات افراد شہید ہو گئے اور صرف تین آدمی حضرت خبیبؓ، زیدؓ بن دثنہ اور ایک اور صحابی باقی بچے۔ اب پھر بنولحیان نے اپنا عہد و پیمان دہرایا اور اس پر تینوں صحابی ان کے پاس اتر آئے لیکن انہوں نے قابو پاتے ہی بدعہدی کی اور انہیں اپنی کمانوں کی تانت سے باندھ لیا۔ اس پر تیسرے صحابی نے یہ کہتے ہوئے کہ یہ پہلی بدعہدی ہے ان کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کھینچ گھسیٹ کر ساتھ لے جانے کی کوشش کی لیکن کامیاب نہ ہوئے تو انہیں قتل کر دیا اور حضرت خبیب اور زید رضی اللہ عنہما کو مکہ لیجا کر بیچ دیا۔ ان دونوں صحابہ نے بدر کے روز اہل مکہ کے سرداروں کو قتل کیا تھا۔

حضرت خبیبؓ کچھ عرصہ اہل مکہ کی قید میں رہے، پھر مکے والوں نے ان کے قتل کا ارادہ کیا اور انہیں حرم سے باہر تنعیم لے گئے۔ جب سولی پر چڑھانا چاہا تو انہوں نے فرمایا؛ "مجھے چھوڑ دو ذرا دو رکعت نماز پڑھ لوں۔" مشرکین نے چھوڑ دیا اور آپ نے دو رکعت نماز پڑھی۔ جب سلام پھیر چکے تو فرمایا؛ "بخدا اگر تم لوگ یہ نہ کہتے کہ میں جو کچھ کر رہا ہوں گھبراہٹ کی وجہ سے کر رہا ہوں تو میں کچھ اور طول دیتا۔" اس کے بعد فرمایا؛ "اے اللہ! انہیں ایک ایک کر کے گن لے پھر انہیں بکھیر کر مارنا اور ان میں سے کسی ایک کو باقی نہ چھوڑنا۔" پھر یہ اشعار کہے :

لقد اجمع الاحزاب حولی والبوا	قبائلهم واستجمعوا كل مجمع
وقد قربوا ابناءهم ونساءهم	وقربت من جزع طويل ممنع
الى الله اشكو غربتی بعد كربتی	وماجمع الاحزاب لی عند مضجعی
فذا العرش صبرنی علی مایراد بی	فقد بضعوا لحمی وقد بؤس مطعمی
وقد خيرونی الكفر والموت دونه	فقد ذرفت عيناى من غير مدمع
ولست ابالی حين اقتل مسلما	علی ای شق كان لله مضجعی
وذلك فی ذات الاله وان يشا	يبارك علی اوصال شلو ممزع

"لوگ میرے گرد گروہ در گروہ جمع ہو گئے ہیں، اپنے قبائل کو چڑھا لائے ہیں اور سارا مجمع جمع

کر لیا ہے اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بھی قریب لے آئے ہیں اور مجھے ایک لمبے مضبوط تنے کے قریب کر دیا گیا ہے میں اپنی بے وطنی و بیکسی کا شکوہ اور اپنی قتل گاہ کے پاس گروہوں کی جمع کردہ آفات کی فریاد اللہ ہی سے کر رہا ہوں۔ اے عرش والے! میرے خلاف دشمنوں کے جو ارادے ہیں اس پر مجھے صبر دے۔ انہوں نے مجھے بوٹی بوٹی کر دیا ہے اور میری خوراک بُری ہو گئی ہے۔ انہوں نے مجھے کفر کا اختیار دیا ہے حالانکہ موت اس سے کمتر اور آسان ہے۔ میری آنکھیں آنسو کے بغیر امنڈ آئیں۔ میں مسلمان مارا جاؤں تو مجھے پروا نہیں کہ اللہ کی راہ میں کس پہلو پر قتل ہوں گا۔ یہ تو اللہ کی ذات کے لیے ہے اور وہ چاہے تو بوٹی بوٹی کیے ہوئے اعضاء کے جوڑ جوڑ میں برکت دے۔"

اس کے بعد ابوسفیان نے حضرت خبیبؓ سے کہا: کیا تمہیں یہ بات پسند آئے گی کہ (تمہارے بدلے) محمدؐ ہمارے پاس ہوتے ہم ان کی گردن مارتے اور تم اپنے اہل و عیال میں رہتے؟ انہوں نے کہا "نہیں۔ واللہ مجھے تو یہ بھی گوارا نہیں کہ میں اپنے اہل و عیال میں رہوں اور (اس کے بدلے) محمد ﷺ کو جہاں آپ ہیں وہیں رہتے ہوئے، کانٹا چبھ جاتے، اور وہ آپ کو تکلیف دے۔"

اس کے بعد مشرکین نے انہیں سولی پر لٹکا دیا اور ان کی لاش کی نگرانی کے لیے آدمی مقرر کر دیے، لیکن حضرت عمرو بن اُمیّہ ضمری رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور رات میں جھانسہ دے کر لاش اٹھا لے گئے اور اسے دفن کر دیا۔ حضرت خُبَیبؓ کا قاتل عُقبہ بن حارث تھا۔ حضرت خبیبؓ نے اس کے باپ حارث کو جنگِ بدر میں قتل کیا تھا۔

صحیح بخاری میں مروی ہے کہ حضرت خُبَیبؓ پہلے بزرگ ہیں جنہوں نے قتل کے موقع پر دو رکعت نماز پڑھنے کا طریقہ مشروع کیا۔ انہیں قید میں دیکھا گیا کہ وہ انگور کے گچھے کھا رہے تھے حالانکہ ان دنوں مکّے میں کھجور بھی نہیں ملتی تھی۔

دوسرے صحابی جو اس واقعے میں گرفتار ہوئے تھے، یعنی حضرت زیدؓ بن دثنہ، انہیں صفوان بن اُمیّہ نے خرید کر اپنے باپ کے بدلے قتل کر دیا۔

قریش نے اس مقصد کے لیے بھی آدمی بھیجے کہ حضرت عاصمؓ کے جسم کا کوئی ٹکڑا لائیں جس سے انہیں پہچانا جا سکے کیونکہ انہوں نے جنگِ بدر میں قریش کے کسی عظیم آدمی کو قتل کیا تھا لیکن اللہ نے ان پر بھڑوں کا جھنڈ بھیج دیا جس نے قریش کے آدمیوں سے ان کی لاش کی حفاظت کی اور یہ لوگ ان کا کوئی حصہ حاصل کرنے پر قدرت نہ پا سکے۔ درحقیقت حضرت عاصمؓ نے اللہ سے یہ عہد و پیمان

کر رکھا تھا کہ نہ انہیں کوئی مُشرک چھُوئے گا نہ وہ کسی مشرک کو چھوئیں گے۔ بعد میں جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس واقعے کی خبر ہوئی تو فرمایا کرتے تھے کہ اللہ مومن بندے کی حفاظت اس کی وفات کے بعد بھی کرتا ہے جیسے اس کی زندگی میں کرتا ہے۔[۳]

۴۔ بئر معونہ کا المیہ جس مہینے رجیع کا حادثہ پیش آیا ٹھیک اسی مہینے بئر معونہ کا المیہ بھی پیش آیا، جو رجیع کے حادثہ سے کہیں زیادہ سنگین تھا۔

اس واقعے کا خلاصہ یہ ہے کہ ابو برا۔ عامر بن مالک، جو مُلاَعِبُ الأسنّۃ (نیزوں سے کھیلنے والا) کے لقب سے مشہور تھا، مدینہ میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہُوا۔ آپؐ نے اسے اسلام کی دعوت دی۔ اس نے اسلام تو قبول نہیں کیا لیکن دُوری بھی اختیار نہیں کی۔ اس نے کہا: "اے اللہ کے رسُولؐ! اگر آپ اپنے اصحاب کو دعوتِ دین کے لیے اہلِ نجد کے پاس بھیجیں تو مجھے اُمید ہے کہ وہ لوگ آپکی دعوت قبول کر لیں گے"۔ آپؐ نے فرمایا: "مجھے اپنے صحابہ کے متعلق اہلِ نجد سے خطرہ ہے"۔ ابو برا نے کہا: وہ میری پناہ میں ہوں گے"۔ اس پر نبی ﷺ نے ابنِ اسحاق کے بقول چالیس اور صحیح بخاری کی روایت کے مطابق ستر آدمیوں کو اس کے ہمراہ بھیج دیا۔ ستر ہی کی روایت درست ہے، اور مُنذر بن عمرو کو جو بنو ساعدہ سے تعلق رکھتے تھے اور "مُعْنِقْ للموت"، (موت کے لیے آزاد کردہ) کے لقب سے مشہور تھے، ان کا امیر بنا دیا۔ یہ لوگ فضلاء، قراء اور سادات و اخیارِ صحابہ تھے۔ دن میں لکڑیاں کاٹ کر اس کے عوض اہلِ صُفّہ کے لیے غلہ خریدتے اور قرآن پڑھتے پڑھاتے تھے اور رات میں خُدا کے حضور مناجات و نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے تھے۔ اس طرح چلتے چلاتے معونہ کے کنوئیں پر جا پہنچے۔ یہ کنواں بنو عامر اور حرہ بنی سُلیم کے درمیان ایک زمین میں واقع ہے۔ وہاں پڑاؤ ڈالنے کے بعد ان صحابہؓ کرام نے اُمِ سُلیم کے بھائی حَرام بن ملحان کو رسُول اللہ ﷺ کا خط دے کر دشمنِ خُدا عامر بن طفیل کے پاس روانہ کیا؛ لیکن اس نے خط کو دیکھا تک نہیں اور ایک آدمی کو اشارہ کر دیا جس نے حضرت حَرامؓ کو پیچھے سے اس زور کا نیزہ مارا کہ وہ نیزہ آر پار ہو گیا۔ خون دیکھ کر حضرت حرامؓ نے فرمایا: "اللہُ اکبر! ربِ کعبہ کی قسم میں کامیاب ہو گیا"۔

اس کے بعد فوراً ہی اس دشمنِ خُدا عامر نے باقی صحابہؓ پر حملہ کرنے کے لیے اپنے قبیلہ بنی عامر کو آواز دی۔ مگر انہوں نے ابو براء کی پناہ کے پیشِ نظر اس کی آواز پر کان نہ دھرے۔ ادھر سے

---

[۳] ابنِ ہشام ۲/۱۶۹ تا ۱۷۹، زاد المعاد ۲/۱۰۹، صحیح بخاری ۲/۵۶۸، ۵۶۹، ۵۸۵

مایوس ہو کر اس شخص نے بنو سُلیم کو آواز دی۔ بنو سُلیم کے تین قبیلوں عصیہ، رعل اور ذکوان نے اس پر لبیک کہا اور جھٹ آکر ان صحابہ کرام کا محاصرہ کر لیا۔ جواباً صحابہ کرامؓ نے بھی لڑائی کی مگر سب کے سب شہید ہو گئے۔ صرف حضرت کعب بن زید بن نجار رضی اللہ عنہ زندہ بچے۔ انہیں شہداء کے درمیان سے زخمی حالت میں اٹھا لایا گیا اور وہ جنگ خندق تک حیات رہے۔ ان کے علاوہ مزید دو صحابہ حضرت عمروؓ بن اُمیہ ضمری اور حضرت مُنذرؓ بن عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما اونٹ چرا رہے تھے۔ انہوں نے جائے واردات پر چڑیوں کو منڈلاتے دیکھا تو سیدھے جائے واردات پر پہنچے۔ پھر حضرت منذر تو اپنے رفقاء کے ساتھ مل کر مشرکین سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے اور حضرت عمروؓ بن اُمیہ ضمری کو قید کر لیا گیا۔ لیکن جب بتایا گیا کہ ان کا تعلق قبیلہ مُضر سے ہے تو عامر نے ان کی پیشانی کے بال کٹوا کر اپنی ماں کی طرف سے ــــ جس پر ایک گردن آزاد کرنے کی نذر تھی ــــ آزاد کر دیا۔

حضرت عمروؓ بن اُمیہ ضمری رضی اللہ عنہ اس دردناک المیے کی خبر لے کر مدینہ پہنچے۔ ان ستر افاضل مُسلمین کی شہادت کے المیے نے جنگِ اُحد کا چرکہ تازہ کر دیا۔ اور یہ اس لحاظ سے زیادہ المناک تھا کہ شہداءِ احد تو ایک کھُلی ہُوئی اور دو بدو جنگ میں مارے گئے تھے مگر یہ بیچارے ایک شرمناک غداری کی نذر ہو گئے۔

حضرت عمروؓ بن اُمیہ ضمری واپسی میں وادی قناۃ کے سرے پر واقع مقام قرقرہ پہنچے تو ایک درخت کے سائے میں اتر پڑے۔ وہیں بنو کلاب کے دو آدمی بھی آکر اتر رہے۔ جب وہ دونوں بے خبر سو گئے تو حضرت عمروؓ بن امیہؓ نے ان دونوں کا صفایا کر دیا۔ ان کا خیال تھا کہ اپنے ساتھیوں کا بدلہ لے رہے ہیں حالانکہ ان دونوں کے پاس رسول اللہ ﷺ کی طرف سے عہد تھا مگر حضرت عمرو جانتے نہ تھے۔ چنانچہ جب مدینہ آکر انہوں نے رسُول اللہ ﷺ کو اپنی اس کارروائی کی خبر دی تو آپؐ نے فرمایا کہ تم نے ایسے دو آدمیوں کو قتل کیا ہے جن کی دیت مجھے لازماً ادا کرنی ہے۔ اس کے بعد آپؐ مسلمان اور انکے حلفاء یہود سے دیت جمع کرنے میں مشغول ہو گئے[۴] اور یہی واقعہ غزوہ بنی نضیر کا سبب بنا۔ جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کو معونہ اور رجیع کے ان المناک واقعات سے جو چند ہی دن آگے پیچھے پیش آئے تھے،[۵] اس قدر رنج پہنچا اور آپؐ اس قدر غمگین و دلفگار ہُوئے[۶] کہ جن قوموں اور

---

۴ دیکھئے ابن ہشام ۲/۱۸۳ تا ۱۸۸، زاد المعاد ۲/۱۰۹، ۱۱۰، صحیح بخاری ۲/۵۸۴، ۵۸۶

۵ واقدی نے لکھا ہے کہ رجیع اور معونہ دونوں حادثوں کی خبر رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ہی رات میں ملی تھی۔

۶ ابن سعد نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ سلم جس قدر اہل بئرِ معونہ پر (باقی اگلے صفحہ پر)

قبیلوں نے ان صحابہ کرام کے ساتھ غدر و قتل کا یہ سلوک کیا تھا آپ نے ان پر ایک مہینے تک بد دعا فرمائی۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جن لوگوں نے آپ کے صحابہ کو بئر معونہ پر شہید کیا تھا آپ نے ان پر تیس روز تک بد دعا کی۔ آپ نماز فجر میں رعل، ذکوان، لحیان اور عُصَیَّہ پر بد دعا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ عصیہ نے اللہ اور اس کے رسُول کی معصیت کی۔ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں اپنے نبی پر وحی نازل کی، جو بعد میں منسوخ ہو گئی۔ وہ وحی یہ تھی: "ہماری قوم کو یہ بتلا دو کہ ہم اپنے رب سے ملے تو وہ ہم سے راضی ہے اور ہم اس سے راضی ہیں"۔ اس کے بعد رسُول اللہ ﷺ نے اپنا یہ قنوت ترک فرما دیا[۷]

۵۔ غزوۂ بنی نَضِیر

ہم بتا چکے ہیں کہ یہود اسلام اور مسلمانوں سے جلتے بھُنتے تھے مگر چونکہ وہ مردِ میدان نہ تھے، سازشی اور دسیسہ کار تھے، اس لیے جنگ کے بجائے کینے اور عداوت کا مظاہرہ کرتے تھے اور مسلمانوں کو عہد و پیمان کے باوجود اذیت دینے کے لیے طرح طرح کے حیلے اور تدبیریں کرتے تھے۔ البتہ بنو قَیْنُقاع کی جلا وطنی اور کعب بن اشرف کے قتل کا واقعہ پیش آیا تو ان کے حوصلے ٹوٹ گئے اور انہوں نے خوفزدہ ہو کر خاموشی اور سکون اختیار کر لیا، لیکن غزوۂ احد کے بعد ان کی جرأت پھر پلٹ آئی۔ انہوں نے کھلم کھلا عداوت و بدعہدی کی۔ مدینہ کے منافقین اور مکے کے مشرکین سے پس پردہ ساز باز کی اور مسلمانوں کے خلاف مشرکین کی حمایت میں کام کیا[۸]

نبی ﷺ نے سب کچھ جانتے ہوئے صبر سے کام لیا لیکن رجیع اور معونہ کے حادثات کے بعد یہود کی جرأت و جسارت حد سے بڑھ گئی اور انہوں نے نبی ﷺ ہی کے خاتمے کا پروگرام بنا لیا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ اپنے چند صحابہ کے ہمراہ یہود کے پاس تشریف لے گئے اور ان سے بنو کلاب کے ان دونوں مقتولین کی دیت میں اعانت کے لیے بات چیت کی ـــ (جنہیں حضرت عمرو بن اُمیہ ضمری نے غلطی سے قتل کر دیا تھا ـــ) ان پر معاہدے کی رُو سے یہ اعانت واجب تھی۔ انہوں

(بقیہ نوٹ گذشتہ صفحہ) غمگین ہوئے ہیں تے کسی اور پر آپ کو اتنا زیادہ غمگین ہوتے نہیں دیکھا۔ مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۲۶۰)

۷ے صحیح بخاری ۲/ ۵۸۶، ۵۸۷، ۵۸۸

۸ے سنن ابی داؤد باب خبر النضیر کی روایت سے یہ بات مستفاد ہے دیکھئے سنن ابی داؤد مع شرح عون المعبود ۳/ ۱۱۶، ۱۱۷،

نے کہا: "ابوالقاسم! ہم ایسا ہی کریں گے۔ آپ یہاں تشریف رکھئے ہم آپ کی ضرورت پوری کئے دیتے ہیں"۔ آپ ان کے ایک گھر کی دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھ گئے اور ان کے وعدے کی تکمیل کا انتظار کرنے لگے۔ آپؐ کے ساتھ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ اور صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت بھی تشریف فرما تھی۔

ادھر یہود تنہائی میں جمع ہوئے تو ان پر شیطان سوار ہوگیا اور جو بدبختی ان کا نوشتہ تقدیر بن چکی تھی اسے شیطان نے خوشنما بنا کر پیش کیا۔ یعنی ان یہود نے باہم مشورہ کیا کہ کیوں نہ نبی ﷺ ہی کو قتل کر دیا جائے۔ چنانچہ انہوں نے کہا: "کون ہے جو اس چکی کو لے کر اوپر جائے اور آپ کے سر پر گرا کر آپ کو کچل دے"۔ اس پر ایک بدبخت یہودی عمرو بن جحاش نے کہا، میں . . . ان لوگوں سے سلام بن مشکم نے کہا بھی کہ ایسا نہ کرو کیونکہ خدا کی قسم انہیں تمہارے ارادوں کی خبر دیدی جائے گی اور پھر ہمارے اور ان کے درمیان جو عہد و پیمان ہے یہ اس کی خلاف ورزی بھی ہے، لیکن انہوں نے ایک نہ سُنی اور اپنے منصوبے کو رُوبہ عمل لانے کے عزم پر برقرار رہے۔

ادھر ربّ العالمین کی طرف سے رسُول اللہ ﷺ کے پاس حضرت جبریلؑ تشریف لائے اور آپؐ کو یہود کے ارادے سے باخبر کیا۔ آپؐ تیزی سے اُٹھے اور مدینے کے لیے چل پڑے۔ بعد میں صحابہ کرام بھی آپ سے آن ملے اور کہنے لگے: آپؐ اُٹھ آئے اور ہم سمجھ نہ سکے۔ آپؐ نے بتلایا کہ یہود کا کیا ارادہ تھا۔

مدینہ واپس آکر آپؐ نے فوراً ہی محمدؓ بن مسلمہ کو بنی نَضیر کے پاس روانہ فرمایا اور انہیں یہ نوٹس دیا کہ تم لوگ مدینے سے نکل جاؤ۔ اب یہاں میرے ساتھ نہیں رہ سکتے۔ تمہیں دس دن کی مہلت دی جاتی ہے اس کے بعد جو شخص پایا جائے گا اس کی گردن مار دی جائے گی۔ اس نوٹس کے بعد یہود کو جلاوطنی کے سوا کوئی چارہ کار سمجھ میں نہیں آیا۔ چنانچہ وہ چند دن تک سفر کی تیاریاں کرتے رہے۔ لیکن اسی دوران عبداللہ بن اُبَیّ رئیس المنافقین نے کہلا بھیجا کہ اپنی جگہ برقرار رہو، ڈٹ جاؤ؛ اور گھر بار نہ چھوڑو، میرے پاس دو ہزار مردانِ جنگی ہیں جو تمہارے ساتھ تمہارے قلعے میں داخل ہو کر تمہاری حفاظت میں جان دے دیں گے اور اگر تمہیں نکالا ہی گیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ نکل جائیں گے اور تمہارے بارے میں کسی سے ہرگز نہیں دبیں گے؛ اور اگر تم سے جنگ کی گئی تو ہم تمہاری مدد کریں گے اور بنو قُرَیظہ اور بنو غَطفان جو تمہارے حلیف ہیں وہ بھی تمہاری مدد کریں گے۔

یہ پیغام سُن کر یہود کی خود اعتمادی پلٹ آئی اور انہوں نے طے کر لیا کہ جلا وطن ہونے کے بجائے ٹکر لی جائے گی۔ ان کے سردار حُیَی بن اخطب کو توقع تھی کہ راس المنافقین نے جو کچھ کہا ہے وہ پورا کرے گا اس لیے اس نے رسول اللہ ﷺ کے پاس جوابی پیغام بھیج دیا کہ ہم اپنے دیار سے نہیں نکلتے آپؐ کو جو کرنا ہو کر لیں۔

اس میں شبہہ نہیں کہ مسلمانوں کے لحاظ سے یہ صورت حال نازک تھی، کیونکہ ان کے لیے اپنی تاریخ کے اس نازک اور پیچیدہ موڑ پر دشمنوں سے ٹکراؤ کچھ زیادہ مفید و مناسب نہ تھا۔ انجام خطرناک ہو سکتا تھا۔ آپؐ دیکھ ہی رہے ہیں کہ سارا عرب مسلمانوں کے خلاف تھا اور مسلمانوں کے دو تبلیغی وفود نہایت بے دردی سے تہ تیغ کیے جا چکے تھے۔ پھر بنی نَضِیر کے یہود اتنے طاقتور تھے کہ ان کا ہتھیار ڈالنا آسان نہ تھا اور ان سے جنگ مول لینے میں طرح طرح کے خدشات تھے۔ مگر بئر معونہ کے المیے سے پہلے اور اس کے بعد کے حالات نے جو نئی کروٹ لی تھی اس کی وجہ سے مسلمان قتل اور بدعہدی جیسے جرائم کے سلسلے میں زیادہ حساس ہو گئے تھے اور ان جرائم کا ارتکاب کرنے والوں کے خلاف مسلمانوں کا جذبۂ انتقام فزوں تر ہو گیا تھا۔ لہٰذا انہوں نے طے کر لیا کہ چونکہ بنو نَضِیر نے رسول اللہ ﷺ کے قتل کا پروگرام بنایا تھا اس لیے ان سے بہر حال لڑنا ہے۔ خواہ اس کے نتائج جو بھی ہوں۔

چنانچہ جب رسُول اللہ ﷺ کو حیی بن اخطب کا جوابی پیغام ملا تو آپؐ نے اور صحابہ کرامؓ نے کہا: اللہُ اکبر! اور پھر لڑائی کے لیے اٹھ کھڑے ہُوئے اور حضرت ابن اُمِّ مکتوم کو مدینہ کا انتظام سونپ کر بنو نضیر کے علاقے کی طرف روانہ ہو گئے۔ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں عَلَم تھا بنو نضیر کے علاقے میں پہنچ کر ان کا محاصرہ کر لیا گیا۔

ادھر بنو نضیر نے اپنے قلعوں اور گڑھیوں میں پناہ لی اور قلعہ بند رہ کر فَصِیل سے تیر اور پتھر برساتے رہے۔ چونکہ کھجور کے باغات ان کے لیے سپر کا کام دے رہے تھے اس لیے آپؐ نے حکم دیا کہ ان درختوں کو کاٹ کر جلا دیا جائے۔ بعد میں اسی کی طرف اشارہ کر کے حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا:

وَھَانَ عَلٰی سَرَاۃِ بنی لؤی حَرِیْقٌ بِالْبُوَیْرَۃِ مُسْتَطِیْرٗ

بنی لوی کے سرداروں کے لیے یہ معمولی بات تھی کہ بُوَیْرَہ میں آگ کے شعلے بلند ہوں (بویرہ! بنو نضیر کے نخلستان کا نام تھا) اور اسی کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد بھی نازل ہُوا:

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ○ (۵:۵۹)

"تم نے کھجور کے جو درخت کاٹے یا جنہیں اپنے تنوں پر کھڑا رہنے دیا وہ سب اللہ ہی کے اذن سے تھا۔ اور ایسا اس لیے کیا گیا تاکہ اللہ ان فاسقوں کو رسوا کرے۔"

بہرحال جب ان کا محاصرہ کر لیا گیا تو بنو قُریظہ ان سے الگ تھلگ رہے۔ عبداللہ بن اُبَیّ نے بھی خیانت کی اور ان کے حلیف غطفان بھی مدد کو نہ آئے۔ غرض کوئی بھی انہیں مدد دینے یا ان کی مصیبت ٹالنے پر آمادہ نہ ہُوا اسی لیے اللہ تعالیٰ نے ان کے واقعے کی مثال یوں بیان فرمائی:

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ .. (۱۶:۵۹)

"جیسے شیطان انسان سے کہتا ہے کفر کرو اور جب وہ کفر کر بیٹھتا ہے تو شیطان کہتا ہے میں تم سے بری ہوں۔"

محاصرے نے کچھ زیادہ طول نہیں پکڑا بلکہ صرف چھ رات۔ یا بقول بعض پندرہ رات۔ جاری رہا کہ اس دوران اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔ ان کے حوصلے ٹوٹ گئے، وہ ہتھیار ڈالنے پر آمادہ ہو گئے اور رسُول اللہ ﷺ کو کہلوا بھیجا کہ ہم مدینے سے نکلنے کو تیار ہیں۔ آپ نے ان کی جلا وطنی کی پیش کش منظور فرمالی اور یہ بھی منظور فرمالیا کہ وہ اسلحہ کے سوا باقی جتنا ساز و سامان اونٹوں پر لاد سکتے ہوں سب لے کر بال بچوں سمیت چلے جائیں۔

بنو نضیر نے اس منظوری کے بعد ہتھیار ڈال دیئے اور اپنے ہاتھوں اپنے مکانات اجاڑ ڈالے تاکہ دروازے اور کھڑکیاں بھی لاد لے جائیں۔ بلکہ بعض بعض نے تو چھت کی کڑیاں اور دیواروں کی کھونٹیاں بھی لادلیں۔ پھر عورتوں اور بچوں کو سوار کیا اور چھ سو اونٹوں پر لد لدا کر روانہ ہو گئے۔ بیشتر یہود اور ان کے اکابر مثلاً حُیَی بن اَخطَب اور سلام بن ابی الحُقَیق نے خَیبر کا رُخ کیا۔ ایک جماعت ملک شام روانہ ہوئی۔ صرف دو آدمیوں یعنی یامین بن عمرو اور ابو سعید بن وہب نے اسلام قبول کیا۔ لہٰذا ان کے مال کو ہاتھ نہیں لگایا گیا۔

رسُول اللہ ﷺ نے شرط کے مطابق بنو نَضِیر کے ہتھیار، زمین، گھر اور باغات اپنے قبضے میں لے لیے۔ ہتھیاروں میں پچاس زرہیں، پچاس خُود اور تین سو چالیس تلواریں تھیں۔

بنو نضیر کے یہ باغات، زمین اور مکانات خالص رسُول اللہ ﷺ کا حق تھا۔ آپ کو اختیار تھا

کہ آپؐ اسے اپنے لیے محفوظ رکھیں یا جسے چاہیں دیں۔ چنانچہ آپ نے (مالِ غنیمت کی طرح) ان اموال کا خُمس (پانچواں حصہ) نہیں نکالا کیونکہ اسے اللہ نے آپ کو بطور فَئ دیا تھا۔ مسلمانوں نے اس پر گھوڑے اور اونٹ دوڑا کر اسے (بزورِ شمشیر) فتح نہیں کیا تھا لہٰذا آپؐ نے اپنے اس اختیارِ خصوصی کے تحت اس پورے مال کو صرف مہاجرینِ اولین پر تقسیم فرمایا۔ البتہ دو انصاری صحابہ یعنی ابو دُجانہؓ اور سہلؓ بن حُنَیْف رضی اللہ عنہما کو ان کے فقر کے سبب اس میں سے کچھ عطا فرمایا۔ اس کے علاوہ آپ نے (ایک چھوٹا سا ٹکڑا اپنے لیے محفوظ رکھا جس میں سے آپ) اپنی ازواجِ مطہرات کا سال بھر کا خرچ نکالتے تھے اور اس کے بعد جو کچھ بچتا تھا اسے جہاد کی تیاری کے لیے ہتھیار اور گھوڑوں کی فراہمی میں صرف فرما دیتے تھے۔

غزوہ بنی نضیر ربیع الاول ۴ھ، اگست ۶۲۵ء میں پیش آیا اور اللہ تعالیٰ نے اس تعلق سے پوری سورہ حشر نازل فرمائی جس میں یہود کی جلاوطنی کا نقشہ کھینچتے ہوئے منافقین کے طرزِ عمل کا پردہ فاش کیا گیا ہے اور مالِ فَئ کے احکام بیان فرماتے ہوئے مہاجرین و انصار کی مدح وستائش کی گئی ہے اور یہ بھی بتایا گیا ہے کہ جنگی مصالح کے پیشِ نظر دشمن کے درخت کاٹے جا سکتے ہیں اور ان میں آگ لگائی جا سکتی ہے۔ ایسا کرنا فساد فی الارض نہیں ہے۔ پھر اہلِ ایمان کو تقویٰ کے التزام اور آخرت کی تیاری کی تاکید کی گئی ہے۔ ان سب کے بعد اللہ تعالیٰ نے اپنی حمد وثنا فرماتے ہوئے اور اپنے اسماء وصفات کو بیان کرتے ہوئے سورۃ ختم فرما دی ہے۔

ابنِ عباس رضی اللہ عنہ اس سورۃ (حشر) کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ اسے سورہ بنی النضیر کہو۔[9]

۶۔ غزوہ نجد

غزوہ بنی نضیر میں کسی قربانی کے بغیر مسلمانوں کو شاندار کامیابی حاصل ہوئی۔ اس سے مدینے میں قائم مسلمانوں کا اقتدار مضبوط ہو گیا اور منافقین پر بددلی چھا گئی۔ اب انہیں کھل کر کچھ کرنے کی جرأت نہیں ہو رہی تھی۔ اس طرح رسول اللہ ﷺ ان بدوؤں کی خبر لینے کے لیے یکسو ہو گئے جنہوں نے اُحد کے بعد ہی سے مسلمانوں کو سخت مشکلات میں الجھا رکھا تھا اور نہایت ظالمانہ طریقے سے داعیانِ اسلام پر حملے کر کر کے انہیں موت کے گھاٹ اتار چکے تھے اور اب ان کی جرأت اس حد تک بڑھ چکی تھی کہ وہ مدینے پر چڑھائی کی سوچ رہے تھے۔

---

[9] ابنِ ہشام ۲/۱۹۰، ۱۹۱، ۱۹۲، زاد المعاد ۲/ ۷۱، ۱۱۰، صحیح بخاری ۲/۵۷۴، ۵۷۵

چنانچہ غزوۂ بنو نضیر سے فارغ ہو کر رسُول اللہ ﷺ ابھی ان بد عہدوں کی تادیب کیلئے اُٹھے بھی نہ تھے کہ آپؐ کو اطلاع ملی کہ بنی غَطْفَان کے دو قبیلے بنو محارب اور بنو ثعلبہ لڑائی کے لیے بدوؤں اور اعرابیوں کی نفری فراہم کر رہے ہیں۔ اس خبر کے ملتے ہی نبی ﷺ نے نجد پر یلغار کا فیصلہ کیا اور صحرائے نجد میں دُور تک گھُستے چلے گئے۔ جس کا مقصد یہ تھا کہ ان سنگ دل بدوؤں پر خوف طاری ہو جائے اور وہ دوبارہ مسلمانوں کے خلاف پہلے جیسی سنگین کارروائیوں کے اعادے کی جرأت نہ کریں۔

ادھر سرکش بدو، جو لوٹ مار کی تیاریاں کر رہے تھے مسلمانوں کی اس اچانک یلغار کی خبر سنتے ہی خوف زدہ ہو کر بھاگ کھڑے ہُوئے اور پہاڑوں کی چوٹیوں میں جا دبکے۔ مسلمانوں نے لٹیرے قبائل پر اپنا رعب و دبدبہ قائم کرنے کے بعد امن و امان کے ساتھ واپس مدینے کی راہ لی۔

اہلِ سِیَر نے اس سلسلے میں ایک معیّن غزوے کا نام لیا ہے جو ربیع الآخر یا جمادی الاولیٰ ۴ھ میں سرزمینِ نجد کے اندر پیش آیا تھا اور وہ اسی غزوہ کو غزوۂ ذات الرّقاع قرار دیتے ہیں۔ جہاں تک حقائق اور ثبوت کا تعلق ہے تو اس میں شبہ نہیں کہ ان ایام میں نجد کے اندر ایک غزوہ پیش آیا تھا کیونکہ مدینے کے حالات ہی کچھ ایسے تھے۔ ابو سفیان نے غزوۂ اُحد سے واپسی کے وقت آئندہ سال میدان بدر میں جس غزوے کے لیے للکارا تھا اور جسے مسلمانوں نے منظور کر لیا تھا اب اس کا وقت قریب آ رہا تھا۔ اور جنگی نقطۂ نظر سے یہ بات کسی طرح مناسب نہ تھی کہ بدوؤں اور اعراب کو ان کی سرکشی اور بغاوت پر قائم چھوڑ کر بدر جیسی زوردار جنگ میں جانے کے لیے مدینہ خالی کر دیا جائے؛ بلکہ ضروری تھا کہ میدانِ بدر میں جس ہولناک جنگ کی توقع تھی اس کے لیے نکلنے سے پہلے ان بدوؤں کی شوکت پر ایسی ضرب لگائی جائے کہ انہیں مدینے کا رُخ کرنے کی جرأت نہ ہو۔

باقی رہی یہ بات کہ یہی غزوہ جو ربیع الآخر یا جمادی الاولیٰ ۴ھ میں پیش آیا تھا غزوۂ ذات الرقاع تھا ہماری تحقیق کے مطابق صحیح نہیں۔ کیونکہ غزوۂ ذات الرقاع میں حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما موجود تھے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جنگ خیبر سے صرف چند دن پہلے اسلام لائے تھے۔ اسی طرح حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ مسلمان ہو کر یمن سے روانہ ہُوئے تو ان کی کشتی ساحلِ حبشہ سے جا لگی تھی؛ اور وہ حبشہ سے اس وقت واپس آئے تھے جب نبی ﷺ

خیبر میں تشریف فرما تھے۔ اس طرح وہ پہلی بار) خیبر ہی کے اندر خدمت نبوی میں حاضر ہو سکے تھے۔ پس ضروری ہے کہ غزوۂ ذات الرقاع غزوۂ خیبر کے بعد پیش آیا ہو۔

سنہ ۴ھ کے ایک عرصے بعد غزوۂ ذات الرقاع کے پیش آنے کی ایک علامت یہ بھی ہے کہ نبی ﷺ نے غزوۂ ذات الرقاع میں صلوٰۃِ خوف[۱] پڑھی تھی اور صلوٰۃِ خوف پہلے پہل غزوۂ عسفان میں پڑھی گئی اور اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ غزوۂ عسفان کا زمانہ غزوۂ خندق کے بھی بعد کا ہے جبکہ غزوۂ خندق کا زمانہ سنہ ۵ھ کے اخیر کا ہے۔ درحقیقت غزوۂ عسفان سفرِ حدیبیہ کا ایک ضمنی واقعہ تھا اور سفرِ حدیبیہ سنہ ۶ھ کے اخیر میں پیش آیا تھا جس سے واپس آکر رسول اللہ ﷺ نے خیبر کی راہ لی تھی اس لیے اس اعتبار سے بھی غزوۂ ذاتِ الرقاع کا زمانہ خیبر کے بعد ہی ثابت ہوتا ہے۔

۷۔ غزوۂ بدر دوم اعراب کی شوکت توڑ دینے اور بدوؤں کے شر سے مطمئن ہو جانے کے بعد مسلمانوں نے اپنے بڑے دشمن (قریش) سے جنگ کی تیاری شروع کر دی۔ کیونکہ سال تیزی سے ختم ہو رہا تھا اور احد کے موقع پہ طے کیا ہوا وقت قریب آتا جا رہا تھا اور محمد ﷺ اور صحابہ کرامؓ کا فرض تھا کہ میدان کارزار میں ابوسفیان اور اس کی قوم سے دو دو ہاتھ کرنے کے لیے نکلیں اور جنگ کی چکی اس حکمت کے ساتھ چلائیں کہ جو فریق زیادہ ہدایت یافتہ اور پائدار بقاء کا مستحق ہو حالات کا رُخ پوری طرح اس کے حق میں ہو جائے۔

چنانچہ شعبان سنہ ۴ھ جنوری سنہ ۶۲۶ء میں رسول اللہ ﷺ نے مدینے کا انتظام حضرت عبد اللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کو سونپ کر اس طے شدہ جنگ کیلئے بدر کا رُخ فرمایا۔ آپؐ کے ہمراہ ڈیڑھ ہزار کی جمعیت اور دس گھوڑے تھے۔ آپؐ نے فوج کا عَلَم حضرت علیؓ کو دیا اور بدر پہنچ کر مشرکین کے انتظار میں خیمہ زن ہو گئے۔

دوسری طرف ابوسفیان بھی پچاس سواروں سمیت دو ہزار مشرکین کی جمعیت لے کر روانہ ہوا اور

---

[۱] حالت جنگ کی نماز کو صلوٰۃِ خوف کہتے ہیں جس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ آدھی فوج ہتھیار بند ہو کر امام کے پیچھے نماز پڑھے باقی آدھی فوج ہتھیار باندھے دشمن پر نظر رکھے۔ ایک رکعت کے بعد یہ فوج امام کے پیچھے آجائے اور پہلی فوج دشمن پر نظر رکھنے چلی جائے۔ امام دوسری رکعت پوری کر لے تو باری باری فوج کے دونوں حصے اپنی اپنی نماز پوری کریں۔ اس نماز کے اس سے ملتے جلتے اور بھی متعدد طریقے ہیں جو موقع جنگ کی مناسبت سے اختیار کیے جاتے ہیں۔ تفصیلات کتب احادیث میں موجود ہیں۔

مکے سے ایک مرحلہ دور وادی مَرا لظّہران پہنچ کر مجنہ نام کے مشہور چشمے پر خیمہ زن ہوا لیکن وہ مکہ ہی سے بوجھل اور بد دل تھا۔ بار بار مسلمانوں کے ساتھ ہونے والی جنگ کا انجام سوچتا تھا اور رعب وہیبت سے لرز اٹھتا تھا۔ مَرا لظّہران پہنچ کر اس کی ہمت جواب دے گئی اور وہ واپسی کے بہانے سوچنے لگا۔ بالآخر اپنے ساتھیوں سے کہا: "قریش کے لوگو! جنگ اس وقت موزوں ہوتی ہے جب شادابی اور ہریالی ہو کہ جانور بھی چر سکیں اور تم بھی دودھ پی سکو۔ اس وقت خشک سالی ہے، لہذا میں واپس جا رہا ہوں، تم بھی واپس چلے چلو۔"

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سارے ہی لشکر کے اعصاب پر خوف وہیبت سوار تھی کیونکہ ابوسفیان کے اس مشورہ پر کسی قسم کی مخالفت کے بغیر سب نے واپسی کی راہ لی اور کسی نے بھی سفر جاری رکھنے اور مسلمانوں سے جنگ لڑنے کی رائے نہ دی۔

ادھر مسلمانوں نے بدر میں آٹھ روز تک ٹھہر کر دشمن کا انتظار کیا اور اس دوران اپنا سامانِ تجارت بیچ کر ایک درہم کے دو درہم بناتے رہے۔ اس کے بعد اس شان سے مدینہ واپس آئے کہ جنگ میں پیش قدمی ان کے ہاتھ آ چکی تھی، دلوں پر ان کی دھاک بیٹھ چکی تھی اور ماحول پر ان کی گرفت مضبوط ہو چکی تھی۔ یہ غزوہ بدر موعد، بدر ثانیہ، بدر آخرہ اور بدر صغریٰ کے ناموں سے معروف ہے[۱۱۱]

غزوۂ دُومۃ الجندل

رسُول اللہ ﷺ بدر سے واپس ہوئے تو ہر طرف امن وامان قائم ہو چکا تھا اور پوری اسلامی قلمرو میں اطمینان کی بادِ بہاری چل رہی تھی۔ اب آپؐ عرب کی آخری حدود تک توجہ فرمانے کے لیے فارغ ہو چکے تھے اور اس کی ضرورت بھی تھی تاکہ حالات پر مسلمانوں کا غلبہ اور کنٹرول رہے اور دوست و دشمن سبھی اس کو محسوس اور تسلیم کریں۔

چنانچہ بدر صغریٰ کے بعد چھ ماہ تک آپؐ نے اطمینان سے مدینے میں قیام فرمایا۔ اس کے بعد آپ کو اطلاعات ملیں کہ شام کے قریب دُومۃ الجندل کے گرد آباد قبائل آنے جانے والے قافلوں پر ڈاکے ڈال رہے ہیں اور وہاں سے گذرنے والی اشیاء لوٹ لیتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ انہوں نے مدینے پر حملہ کرنے کے لیے ایک بڑی جمعیت فراہم کر لی ہے۔ ان اطلاعات کے پیشِ نظر رسُول اللہ

---

۱۱۱ اس غزوے کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو ابن ہشام ۲/۲۰۹، ۲۱۰ زاد المعاد ۲/۱۱۲

ﷺ نے سباع بن عرفطہ غفاری رضی اللہ عنہ کو مدینے میں اپنا جانشین مقرر فرما کر ایک ہزار مسلمانوں کی نفری کے ساتھ کوچ فرمایا۔ یہ ۲۵ ربیع الاوّل ۵ھ کا واقعہ ہے۔ راستہ بتانے کے لیے بنو عذرہ کا ایک آدمی رکھ لیا گیا تھا جسکا نام مذکور تھا۔

اس غزوے میں آپؐ کا معمول تھا کہ آپؐ رات میں سفر فرماتے اور دن میں چھپے رہتے تھے تاکہ دشمن پر بالکل اچانک اور بے خبری میں ٹوٹ پڑیں۔ قریب پہنچے تو معلوم ہوا کہ وہ لوگ باہر نکل گئے ہیں؛ لہٰذا ان کے مویشیوں اور چرواہوں پر ہلّہ بول دیا کچھ ہاتھ آئے کچھ نکل بھاگے۔

جہاں تک دُومۃ الجندل کے باشندوں کا تعلق ہے تو جس کا جدھر سینگ سمایا بھاگ نکلا جب مسلمان دُومَۃ کے میدان میں اترے تو کوئی نہ ملا۔ آپ نے چند دن قیام فرما کر اِدھر اُدھر متعدد دستے روانہ کئے لیکن کوئی بھی ہاتھ نہ آیا۔ بالآخر آپ مدینہ پلٹ آئے اس غزوے میں عُیَیْنَہ بن حصن[1] سے مصالحت بھی ہُوئی۔

دُوْمَہ —— دال کو پیش —— یہ سرحد شام میں ایک شہر ہے۔ یہاں سے دمشق کا فاصلہ پانچ رات اور مدینے کا پندرہ رات ہے۔

ان اچانک اور فیصلہ کن اقدامات اور حکیمانہ حزم و تدبر پر مبنی منصوبوں کے ذریعے نبی ﷺ نے قلمرو اسلام میں امن و امان بحال کرنے اور صورت حال پر قابو پانے میں کامیابی حاصل کی اور وقت کی رفتار کا رُخ مسلمانوں کے حق میں موڑ لیا اور ان اندرونی اور بیرونی مشکلاتِ پیہم کی شدت کم کی جو ہر جانب سے انہیں گھیرے ہُوئے تھیں۔ چنانچہ منافقین خاموش اور مایوس ہو کر بیٹھ گئے۔ یہود کا ایک قبیلہ جلا وطن کر دیا گیا۔ دوسرے قبائل نے حق ہمسائگی اور عہد و پیمان کے ایفاء کا مظاہرہ کیا۔ بدو اور اعراب ڈھیلے پڑ گئے اور قریش نے مسلمانوں کے ساتھ ٹکرانے سے گریز کیا اور مسلمانوں کو اسلام پھیلانے اور رب العالمین کے پیغام کی تبلیغ کرنے کے مواقع میسر آئے۔

○

---

[1] قبیلہ فزارہ کے سردار

غزوۂ احزاب (جنگِ خندق)

ایک سال سے زیادہ عرصے کی پیہم فوجی مہمات اور کارروائیوں کے بعد جزیرۃ العرب پر سکون چھا گیا تھا اور ہر طرف امن وامان اور آشتی وسلامتی کا دور دورہ ہو گیا تھا؛ مگر یہود کو جو اپنی خباثتوں، سازشوں اور دسیسہ کاریوں کے نتیجے میں طرح طرح کی ذلت ورسوائی کا مزہ چکھ چکے تھے، اب بھی ہوش نہیں آیا تھا۔ انہوں نے غدر وخیانت اور مکر وسازش کے مکروہ نتائج سے کوئی سبق نہیں سیکھا تھا۔ چنانچہ خیبر منتقل ہونے کے بعد پہلے تو انہوں نے یہ انتظار کیا کہ دیکھیں مسلمانوں اور بُت پرستوں کے درمیان جو فوجی کشاکش چل رہی ہے اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے لیکن جب دیکھا کہ حالات مسلمانوں کے لیے سازگار ہو گئے ہیں، گردشِ لیل ونہار نے ان کے اثر و نفوذ کو مزید وسعت دے دی ہے، اور دُور دُور تک ان کی حکمرانی کا سکہ بیٹھ گیا ہے تو انہیں سخت جلن ہوئی۔ انہوں نے نئے سرے سے سازش شروع کی اور مسلمانوں پر ایک ایسی آخری کاری ضرب لگانے کی تیاری میں مصروف ہو گئے جس کے نتیجے میں ان کا چراغ حیات ہی گل ہو جائے۔ لیکن چونکہ انہیں براہ راست مسلمانوں سے ٹکرانے کی جرأت نہ تھی اس لیے اس مقصد کی خاطر ایک نہایت خوفناک پلان تیار کیا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ بنو نضیر کے بیس سردار اور رہنما مکے میں قریش کے پاس حاضر ہوئے اور انہیں رسول اللہ ﷺ کے خلاف آمادۂ جنگ کرتے ہوئے اپنی مدد کا یقین دلایا۔ قریش نے ان کی بات مان لی۔ چونکہ وہ احد کے روز میدانِ بدر میں مسلمانوں سے صف آرائی کا عہد وپیمان کر کے اس کی خلاف ورزی کر چکے تھے اس لیے ان کا خیال تھا کہ اب اس مجوزہ جنگی اقدام کے ذریعے وہ اپنی شہرت بھی بحال کر لیں گے اور اپنی کہی ہوئی بات بھی پوری کر دیں گے۔

اس کے بعد یہود کا یہ وفد بنو غطفان کے پاس گیا اور قریش ہی کی طرح انہیں بھی آمادۂ جنگ کیا۔ وہ بھی تیار ہو گئے۔ پھر اس وفد نے بقیہ قبائل عرب میں گھوم گھوم کر لوگوں کو جنگ کی ترغیب دی اور ان قبائل کے بھی بہت سے افراد تیار ہو گئے۔ غرض اس طرح یہودی سیاست کاروں

نے پوری کامیابی کے ساتھ کفر کے تمام بڑے بڑے گروہوں اور جتھوں کو نبی ﷺ اور آپؐ کی دعوت اور مسلمانوں کے خلاف بھڑکا کر جنگ کے لیے تیار کر لیا۔

اس کے بعد طے شدہ پروگرام کے مطابق جنوب سے قریش، کنانہ، اور تہامہ میں آباد دوسرے حلیف قبائل نے مدینے کی جانب کوچ کیا ان سب کا سپہ سالارِ اعلیٰ ابوسفیان تھا اور ان کی تعداد چار ہزار تھی۔ یہ لشکر مرّ الظہران پہنچا تو بنو سُلیم بھی اس میں آشامل ہوئے۔ ادھر اسی وقت مشرق کی طرف سے غطفانی قبائل فزارہ، مرہ اور اشجع نے کوچ کیا۔ فزارہ کا سپہ سالار عُیَیْنَہ بن حصن تھا۔ بنو مرہ کا حارث بن عوف اور بنو اشجع کا مسعر بن رخیلہ۔ انہیں کے ضمن میں بنو اسد اور دیگر قبائل کے بہت سے افراد بھی آئے تھے۔

ان سارے قبائل نے ایک مقررہ وقت اور مقررہ پروگرام کے مطابق مدینے کا رخ کیا تھا اس لیے چند دن کے اندر اندر مدینے کے پاس دس ہزار سپاہ کا ایک زبردست لشکر جمع ہوگیا۔ یہ اتنا بڑا لشکر تھا کہ غالباً مدینے کی پوری آبادی (عورتوں بچوں بوڑھوں اور جوانوں کو ملا کر بھی) اس کے برابر نہ تھی۔ اگر حملہ آوروں کا یہ ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر مدینے کی چہار دیواری تک اچانک پہنچ جاتا تو مسلمانوں کے لیے سخت خطرناک ثابت ہوتا۔ کچھ عجب نہیں کہ ان کی جڑ کٹ جاتی اور ان کا مکمل صفایا ہو جاتا لیکن مدینے کی قیادت نہایت بیدار مغز اور چوکس قیادت تھی۔ اس کی انگلیاں ہمیشہ حالات کی نبض پر رہتی تھیں اور وہ حالات کا تجزیہ کر کے آنے والے واقعات کا ٹھیک ٹھیک اندازہ بھی لگاتی تھی اور ان سے نمٹنے کے لیے مناسب ترین قدم بھی اٹھاتی تھی۔ چنانچہ کفار کا لشکرِ عظیم جُوں ہی اپنی جگہ سے حرکت میں آیا مدینے کے مخبرین نے اپنی قیادت کو اس کی اطلاع فراہم کر دی۔

اطلاع پاتے ہی رسول اللہ ﷺ نے ہائی کمان کی مجلسِ شورٰی منعقد کی اور دفاعی منصوبے پر صلاح مشورہ کیا ــــــ اہلِ شورٰی نے غور و خوض کے بعد حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی ایک تجویز متفقہ طور پر منظور کی۔ یہ تجویز حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے ان لفظوں میں پیش کی تھی کہ اے اللہ کے رسول! ﷺ فارس میں جب ہمارا محاصرہ کیا جاتا تھا تو ہم اپنے گرد خندق کھود لیتے تھے۔

یہ بڑی باحکمت دفاعی تجویز تھی۔ اہلِ عرب اس سے واقف نہ تھے۔ رسول اللہ ﷺ

نے اس تجویز پہ فوراً عمل درآمد شروع فرماتے ہوئے ہر دس آدمی کو چالیس ہاتھ خندق کھودنے کا کام سونپ دیا اور مسلمانوں نے پوری محنت اور دلجمعی سے خندق کھودنی شروع کر دی۔ رسُول اللہ ﷺ اس کام کی ترغیب بھی دیتے تھے اور عملاً اس میں پوری طرح شریک بھی رہتے تھے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خندق میں تھے۔ لوگ کھدائی کر رہے تھے اور ہم کندھوں پہ مٹی ڈھو رہے تھے کہ (اسی اثناء میں) رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اللّٰھم لاعیش الاعیش الاٰخرۃ فاغفر للمھاجرین والانصار[1]

"اے اللہ! زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے۔ پس مہاجرین اور انصار کو بخش دے۔"

ایک دوسری روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسُول اللہ ﷺ خندق کی طرف تشریف لائے تو دیکھا کہ مہاجرین وانصار ایک ٹھنڈی صبح میں کھودنے کا کام کر رہے ہیں۔ ان کے پاس غلام نہ تھے کہ ان کے بجائے غلام یہ کام کر دیتے۔ آپؐ نے ان کی مشقت اور بھوک دیکھ کر فرمایا:

اللّٰھم ان العیش عیش الاٰخرۃ فاغفر للانصار والمھاجرۃ

"اے اللہ! یقیناً زندگی تو آخرت کی زندگی ہے پس انصار و مہاجرین کو بخش دے۔"

انصار و مہاجرین نے اس کے جواب میں کہا۔

نحن الذین بایعوا محمدا علی الجھاد مابقینا ابداً[2]

"ہم وہ ہیں کہ ہم نے ہمیشہ کے لیے جب تک کہ باقی رہیں محمد ﷺ سے جہاد پہ بیعت کی ہے۔"

صحیح بخاری ہی میں ایک روایت حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسُول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ خندق سے مٹی ڈھو رہے تھے یہاں تک کہ غبار نے آپؐ کے شکم کی جلد ڈھانک دی تھی۔ آپؐ کے بال بہت زیادہ تھے۔ میں نے (اسی حالت میں) آپؐ کو عبداللہ بن رواحہؓ کے رجزیہ کلمات کہتے ہوئے سُنا۔ آپؐ مٹی ڈھوتے جاتے تھے اور یہ کہتے جاتے تھے:

اَللّٰھُمَّ لولا انت مَا اھْتَدَیْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا

---

[1] صحیح بخاری باب غزوۃ الخندق ۲ر۵۸۸۔ [2] صحیح بخاری ار۳۹۷، ۲ر۵۸۸۔

فَاَنْزِلَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَیْنَا
اِنَّ الْاُوْلٰی رَغِبُوْا عَلَیْنَا وَاِنْ اَرَادُوْا فِتْنَۃً اَبَیْنَا

"اے اللہ! اگر تو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے۔ نہ صدقہ دیتے نہ نماز پڑھتے۔ پس ہم پر سکینت نازل فرما۔ اور اگر ٹکراؤ ہو جائے تو ہمارے قدم ثابت رکھ۔ انہوں نے ہمارے خلاف لوگوں کو بھڑکایا ہے۔ اگر انہوں نے کوئی فتنہ چاہا تو ہم ہرگز سر نہیں جھکائیں گے"

حضرت براءؓ فرماتے ہیں کہ آپؐ آخری الفاظ کھینچ کر کہتے تھے۔ ایک روایت میں آخری شعر اس طرح ہے۔

اِنَّ الْاُوْلٰی قَدْ بَغَوْا عَلَیْنَا وَاِنْ اَرَادُوْا فِتْنَۃً اَبَیْنَا[۳]

"یعنی انہوں نے ہم پر ظلم کیا ہے۔ اور اگر وہ ہمیں فتنے میں ڈالنا چاہیں گے تو ہم ہرگز سرنگوں نہ ہونگے"

مسلمان ایک طرف اس گرمجوشی کے ساتھ کام کر رہے تھے تو دوسری طرف اتنی شدّت کی بھوک برداشت کر رہے تھے کہ اس کے تصوّر سے کلیجہ شق ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ (اہلِ خندق) کے پاس دو مٹھی جو لایا جاتا تھا اور بو دیتی ہوئی چکنائی کے ساتھ بنا کر لوگوں کے سامنے رکھ دیا جاتا تھا۔ لوگ بھوکے ہوتے تھے اور اس کا ذائقہ حلق کے لیے ناخوشگوار ہوتا تھا۔ اس سے بدبو اٹھ رہی ہوتی تھی۔[۴]

ابوطلحہؓ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بھوک کا شکوہ کیا اور اپنے شکم کھول کر ایک ایک پتھر دکھلایا تو رسول ﷺ نے اپنا شکم کھول کر دو پتھر دکھلائے[۵]

خندق کی کھدائی کے دوران نبوت کی کئی نشانیاں بھی جلوہ فگن ہوئیں۔ صحیح بخاری کی روایت ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے اندر سخت بھوک کے آثار دیکھے تو بکری کا ایک بچہ ذبح کیا اور ان کی بیوی نے ایک صاع (تقریباً ڈھائی کیلو) جو پیسا، پھر رسول اللہ ﷺ سے رازداری کے ساتھ گذارش کی کہ اپنے چند رفقاء کے ہمراہ تشریف لائیں۔ لیکن نبی ﷺ تمام اہلِ خندق کو جن کی تعداد ایک ہزار تھی، ہمراہ لے کر چل پڑے۔ اور سب لوگوں نے اسی ذرا سے کھانے سے شکم سیر ہو کر کھایا۔ پھر بھی گوشت کی ہانڈی اپنی حالت پر برقرار رہی اور بھری کی بھری جوش مارتی رہی اور گوندھا ہوا آٹا اپنی حالت پر برقرار رہا۔ اس سے

---

[۳] صحیح بخاری ۲/۵۸۹ [۴] ایضاً ۲/۵۸۸ [۵] جامع ترمذی، مشکوٰۃ المصابیح ۲/۴۴۸

روٹی پکائی باقی رہی ہے[6]

حضرت نعمانؓ بن بشیر کی بہن خندق کے پاس دو مٹھی کھجور لے کر آئیں کہ ان کے بھائی اور ماموں کھالیں گے لیکن رسول اللہ ﷺ کے پاس سے گذریں تو آپؐ نے ان سے وہ کھجوریں لے لیں اور ایک کپڑے کے اوپر بکھیر دیں۔ پھر اہلِ خندق کو دعوت دی۔ اہلِ خندق انہیں کھاتے گئے اور وہ بڑھتی گئیں۔ یہاں تک کہ سارے اہلِ خندق کھا کھا کر چلے گئے اور کھجوریں تھیں کہ کپڑے کے کناروں سے باہر گر رہی تھیں ہے[7]

انہی ایام میں ان دونوں واقعات سے کہیں بڑھ کر ایک اور واقعہ پیش آیا جسے امام بخاری نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ ہم لوگ خندق کھود رہے تھے کہ ایک چٹان نما ٹکڑا آڑے آگیا۔ لوگ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ یہ چٹان نما ٹکڑا خندق میں حائل ہو گیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: "میں اتر رہا ہوں۔ اس کے بعد آپؐ اٹھے آپؐ کے شکم پر پتھر بندھا ہوا تھا — ہم نے تین روز سے کچھ چکھا نہ تھا — پھر نبی ﷺ نے کدال لے کر مارا تو وہ چٹان نما ٹکڑا بھر بھرے تودے میں تبدیل ہو گیا ہے[8]

حضرت براء رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جنگِ خندق کے موقع پر کھدائی کے دوران ایک سخت چٹان آپڑی جس سے کدال اچٹ جاتی تھی کچھ ٹوٹتا ہی نہ تھا۔ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا شکوہ کیا۔ آپؐ تشریف لائے، کدال لی اور بسم اللہ کہہ کر ایک ضرب لگائی (تو ایک ٹکڑا ٹوٹ گیا) اور فرمایا: "اللہ اکبر! مجھے ملک شام کی کنجیاں دی گئی ہیں۔ واللہ! میں اس وقت وہاں کے سرخ محلوں کو دیکھ رہا ہوں"۔ پھر دوسری ضرب لگائی تو ایک دوسرا ٹکڑا کٹ گیا، اور فرمایا: "اللہ اکبر! مجھے فارس دیا گیا ہے۔ واللہ! میں اس وقت مدائن کا سفید محل دیکھ رہا ہوں"۔ پھر تیسری ضرب لگائی اور فرمایا: "بسم اللہ"۔ تو باقی ماندہ چٹان بھی کٹ گئی۔ پھر فرمایا: "اللہ اکبر! مجھے یمن کی کنجیاں دی گئی ہیں۔ واللہ! میں اس وقت اپنی اس جگہ سے صنعاء کے پھاٹک دیکھ رہا ہوں"[9]

ابنِ اسحاق نے ایسی ہی روایت حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے ذکر کی ہے[10]

---

[6] یہ واقعہ صحیح بخاری میں مروی ہے دیکھئے ۲/ ۵۸۸، ۵۸۹

[7] ابنِ ہشام ۲/ ۲۱۸۔ [8] صحیح بخاری ۲/ ۵۸۸

[9] سنن نسائی ۲/ ۵۶، مسند احمد، یہ الفاظ نسائی کے نہیں ہیں۔ اور نسائی میں عن رجل من الصحابہ ہے۔

[10] ابنِ ہشام ۲/ ۲۱۹

چونکہ مدینہ شمال کے علاوہ باقی اطراف سے حرّے (لاوے کی چٹانوں)، پہاڑوں اور کھجور کے باغات سے گھرا ہوا ہے اور نبی ﷺ ایک ماہر اور تجربہ کار فوجی کی حیثیت سے یہ جانتے تھے کہ مدینے پر اتنے بڑے لشکر کی یورش صرف شمال ہی کی جہت سے ہو سکتی ہے اس لیے آپؐ نے صرف اسی جانب خندق کھدوائی۔

مسلمانوں نے خندق کھودنے کا کام مسلسل جاری رکھا۔ دن بھر کھدائی کرتے اور شام کو گھر پلٹ آتے یہاں تک کہ مدینے کی دیواروں تک کفار کے لشکر جرار کے پہنچنے سے پہلے مقررہ پروگرام کے مطابق خندق تیار ہو گئی[۱]

ادھر قریش اپنا چار ہزار کا لشکر لے کر مدینہ پہنچے تو رومہ، جرف اور زغابہ کے درمیان مجمع الاسیال میں خیمہ زن ہوئے؛ اور دوسری طرف سے غطفان اور ان کے نجدی ہمسفر چھ ہزار کی نفری لے کر آئے تو احد کے مشرقی کنارے ذنب نقمی میں خیمہ زن ہوئے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں مذکور ہے:

وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ۝ (۳۳:۲۲)

"اور جب اہل ایمان نے ان جتھوں کو دیکھا تو کہا یہ تو وہی چیز ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ ہی فرمایا تھا۔ اور اس (حالت) نے ان کے ایمان اور جذبۂ اطاعت کو اور بڑھا دیا۔"

لیکن منافقین اور کمزور نفس لوگوں کی نظر اس لشکر پر پڑی تو ان کے دل دہل گئے:۔

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ (۳۳:۱۲)

"اور جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہہ رہے تھے کہ اللہ اور اس کے رسُول نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا وہ محض فریب تھا۔"

بہرحال اس لشکر سے مقابلے کے لیے رسُول اللہ ﷺ بھی تین ہزار مسلمانوں کی نفری لے کر تشریف لائے اور کوہ سلع کی طرف پشت کر کے قلعہ بندی کی شکل اختیار کر لی۔ سامنے خندق تھی جو مسلمانوں اور کفار کے درمیان حائل تھی۔ مسلمانوں کا شعار (کوڈ لفظ) تھا حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ۔ (حٰمٓ ان

---

[۱] ابن ہشام ۲/ ۲۲۰، ۲۲۱

کی مدد نہ کی جائے۔ مدینے کا انتظام حضرت ابنؓ اُمِّ مکتوم کے حوالے کیا گیا تھا اور عورتوں اور بچوں کو مدینے کے قلعوں اور گڑھیوں میں محفوظ کر دیا گیا تھا۔

جب مشرکین حملے کی نیت سے مدینے کی طرف بڑھے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک چوڑی سی خندق ان کے اور مدینے کے درمیان حائل ہے۔ مجبوراً انہیں محاصرہ کرنا پڑا، حالانکہ وہ گھروں سے چلتے وقت اس کیلئے تیار ہو کر نہیں آئے تھے۔ کیونکہ دفاع کا یہ منصوبہ ــــ خود ان کے بقول ــــ ایک ایسی چال تھی جس سے عرب واقف ہی نہ تھے۔ لہٰذا انہوں نے اس معاملے کو سرے سے اپنے حساب میں داخل ہی نہ کیا تھا۔

مشرکین خندق کے پاس پہنچ کر غیظ و غضب سے چکر کاٹنے لگے۔ انہیں ایسے کمزور نقطے کی تلاش تھی جہاں سے وہ اتر سکیں۔ ادھر مسلمان ان کی گردش پر پوری پوری نظر رکھے ہوئے تھے اور ان پر تیر برساتے رہتے تھے تاکہ انہیں خندق کے قریب آنے کی جرأت نہ ہو۔ وہ اس میں نہ کود سکیں اور نہ مٹی ڈال کر عبور کرنے کے لیے راستہ بنا سکیں۔

ادھر قریش کے شہسواروں کو گوارا نہ تھا کہ خندق کے پاس محاصرے کے نتائج کے انتظار میں بے فائدہ پڑے رہیں۔ یہ ان کی عادت اور شان کے خلاف بات تھی۔ چنانچہ ان کی ایک جماعت نے جن میں عَمْرو بن عبدِوُدّ، عکرمہ بن ابی جہل اور ضرار بن خطاب وغیرہ تھے ایک تنگ مقام سے خندق پار کر لی اور ان کے گھوڑے خندق اور سلع کے درمیان میں چکر کاٹنے لگے۔ ادھر سے حضرت علیؓ چند مسلمانوں کے ہمراہ نکلے اور جس مقام سے انہوں نے گھوڑے کدائے تھے اسے قبضے میں لیکر ان کی واپسی کا راستہ بند کر دیا۔ اس پر عَمْرو بن عبدِوُدّ نے مبارزت کے لیے للکارا۔ حضرت علیؓ دو دو ہاتھ کرنے کے لیے مقابلہ میں آ گئے۔ اور ایک ایسا فقرہ چست کیا کہ وہ طیش میں آکر گھوڑے سے کود پڑا۔ اس کی کوچیں کاٹیں، اس کے چہرے کو مارا اور حضرت علیؓ کے دو بدو آ گیا۔ بڑا بہادر اور شہ زور تھا۔ دونوں میں پُر زور ٹکر ہوئی ہر ایک نے دوسرے پر بڑھ بڑھ کر وار کیے۔ بالآخر حضرت علیؓ نے اس کا کام تمام کر دیا۔ باقی مشرکین بھاگ کر خندق پار چلے گئے۔ وہ اس قدر مرعوب تھے کہ عکرمہ نے بھاگتے ہوئے اپنا نیزہ بھی چھوڑ دیا۔

مشرکین نے کسی کسی دن خندق پار کرنے یا اسے پاٹ کر راستہ بنانے کی بڑی زبردست کوشش کی لیکن مسلمانوں نے بڑی عمدگی سے انہیں دور رکھا اور انہیں اس طرح تیروں سے چھلنی کیا اور ایسی پامردی سے اُن کی تیر اندازی کا مقابلہ کیا کہ ان کی ہر کوشش ناکام ہو گئی۔

اسی طرح کے پُر زور مقابلوں کے دوران رسُول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کی بعض نمازیں بھی فوت ہوگئی تھیں۔ چنانچہ صحیحین میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ خندق کے روز آئے اور کفار کو سخت سست کہتے ہُوئے کہنے لگے کہ یا رسُول اللہ! ﷺ آج میں بمشکل سُورج ڈوبتے ڈوبتے نماز پڑھ سکا۔ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا اور میں نے تو واللہ ابھی نماز پڑھی ہی نہیں ہے۔ اس کے بعد ہم لوگ نبی ﷺ کے ساتھ بُطحان میں اترے۔ آپؐ نے نماز کے لیے وضوء فرمایا اور ہم نے بھی وضو کیا۔ پھر آپؐ نے عصر کی نماز پڑھی۔ یہ سورج ڈوب چکنے کے بعد کی بات ہے۔ اس کے بعد مغرب کی نماز پڑھی[۱۲]

نبی ﷺ کو اس نماز کے فوت ہونے کا اس قدر ملال تھا کہ آپؐ نے مشرکین پہ بد دعا فرمادی۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے خندق کے روز فرمایا: "اللہ ان مشرکین کے لیے ان کے گھروں اور قبروں کو آگ سے بھر دے جس طرح انہوں نے ہم کو نماز وُسطیٰ (کی ادائیگی) سے مشغول رکھا یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا"[۱۳]

مسند احمد اور مسند شافعیؒ میں مروی ہے کہ مشرکین نے آپؐ کو ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازوں کی ادائیگی سے مصروف رکھا چنانچہ آپؐ نے یہ ساری نمازیں یکجا پڑھیں۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ ان روایتوں کے درمیان تطبیق کی صورت یہ ہے کہ جنگِ خندق کا سلسلہ کئی روز تک جاری رہا۔ پس کسی دن ایک صورت پیش آئی اور کسی دن دوسری[۱۴]

یہیں سے یہ بات بھی اخذ ہوتی ہے کہ مشرکین کی طرف سے خندق عبور کرنے کی کوشش اور مسلمانوں کی طرف سے پیہم دفاع کئی روز تک جاری رہا؛ مگر چونکہ دونوں فوجوں کے درمیان خندق حائل تھی اس لیے دست بدست اور خونریز جنگ کی نوبت نہ آسکی۔ بلکہ صرف تیراندازی ہوتی رہی۔

اسی تیراندازی میں فریقین کے چند افراد مارے بھی گئے... لیکن انہیں انگلیوں پر گنا جا سکتا ہے یعنی چھ مسلمان اور دس مشرک جن میں سے ایک یا دو آدمی تلوار سے قتل کیے گئے تھے۔

اسی تیراندازی کے دوران حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو بھی ایک تیر لگا جس سے انکے بازو کی بڑی رگ کٹ گئی۔ انہیں حبان بن عرقہ نامی ایک قریشی مشرک کا تیر لگا تھا۔ حضرت

---

۱۲ صحیح بخاری ۲/۵۹۰ ۱۳ ایضاً

۱۴ مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۲۸۷ شرح مسلم للنووی ۱/۲۲۷

سعد نے زخمی ہونے کے بعد) دعا کی کہ اے اللہ! تو جانتا ہے کہ جس قوم نے تیرے رسُول کی تکذیب کی اور انہیں نکال باہر کیا ان سے تیری راہ میں جہاد کرنا مجھے جس قدر محبوب ہے اتنا کسی اور قوم سے نہیں ہے۔ اے اللہ! میں سمجھتا ہوں کہ اب تو نے ہماری اور انکی جنگ کو آخری مرحلے تک پہنچا دیا ہے۔ پس اگر قریش کی جنگ کچھ باقی رہ گئی ہو تو مجھے ان کے لیے باقی رکھ کہ میں ان سے تیری راہ میں جہاد کروں اور اگر تو نے لڑائی ختم کر دی ہے تو اسی زخم کو جاری کر کے اسے میری موت کا سبب بنا دے[۱۵] ان کی اس دعا کا آخری ٹکڑا یہ تھا کہ (لیکن) مجھے موت نہ دے یہاں تک کہ بنو قریظہ کے معاملے میں میری آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہو جائے[۱۶] بہرکیف ایک طرف مسلمان محاذ جنگ پر ان مشکلات سے دوچار تھے تو دوسری طرف سازش اور دسیسہ کاری کے سانپ اپنے بلوں میں حرکت کر رہے تھے اور اس کوشش میں تھے کہ مسلمانوں کے جسم میں اپنا زہر اتار دیں۔ چنانچہ بنو نضیر کا مجرم اکبر حُیَیّ بن اَخطب۔ بنو قُرَیْظَہ کے دیار میں آیا اور ان کے سردار کعب بن اسد قرظی کے پاس حاضر ہوا۔ یہ کعب بن اسد وہی شخص ہے جو بنو قریظہ کی طرف سے عہد و پیمان کرنے کا مُجاز و مُختار تھا اور جس نے رسول اللہ ﷺ سے یہ معاہدہ کیا تھا کہ جنگ کے مواقع پر آپ کی مدد کرے گا۔ (جیسا کہ پچھلے صفحات میں گذر چکا ہے۔) حُیَیّ نے آکر اس کے دروازے پر دستک دی تو اس نے دروازہ اندر سے بند کر لیا؛ مگر حُیَیّ اس سے ایسی ایسی باتیں کرتا رہا کہ آخر کار اس نے دروازہ کھول ہی دیا۔ حیی نے کہا: "اے کعب! میں تمہارے پاس ہمیشہ کی عزّت اور (فوجوں کا) بحرِ بے کراں لے کر آیا ہوں میں نے قریش کو اس کے سرداروں اور قائدین سمیت لا کر رومہ کے مجمع الاسیال میں اتار دیا ہے اور بنو غطفان کو ان کے قائدین اور سرداروں سمیت اُحد کے پاس ذنب نقمی میں خیمہ زن کر دیا ہے۔ ان لوگوں نے مجھ سے عہد و پیمان کیا ہے کہ وہ محمدؐ اور اس کے ساتھیوں کا مکمل صفایا کیے بغیر یہاں سے نہ ٹلیں گے۔"

کعب نے کہا: "خدا کی قسم تم میرے پاس ہمیشہ کی ذلت اور (فوجوں کا) برسا ہوا بادل لے کر آئے ہو جو صرف گرج چمک رہا ہے، مگر اس میں کچھ رہ نہیں گیا ہے۔ حیی! تجھ پر افسوس! مجھے میرے حال پر چھوڑ دے۔ میں نے محمدؐ میں صدق و وفا کے سوا کچھ نہیں دیکھا ہے۔"

مگر حُیَیّ اس کو فریب دہی سے اپنی بات منوانے کی کوشش کرتا رہا۔ یہاں تک کہ اسے رام کر ہی لیا۔

---

[۱۵] صحیح بخاری ۲/۵۹۱ [۱۶] ابن ہشام ۲/۲۲۷

البتہ اسے اس مقصد کیلئے یہ عہد و پیمان کرنا پڑا کہ اگر قریش نے محمد کو ختم کئے بغیر واپسی کی راہ لی تو میں بھی تمہارے ساتھ تمہارے قلعے میں داخل ہو جاؤں گا۔ پھر جو انجام تمہارا ہوگا وہی میرا بھی ہوگا۔ حیی کے اس پیمانِ وفا کے بعد کعب بن اسد نے رسول اللہ ﷺ سے کیا ہوا عہد توڑ دیا اور مسلمانوں کے ساتھ طے کی ہوئی ذمّے داریوں سے بری ہو کر ان کے خلاف مشرکین کی جانب سے جنگ میں شریک ہو گیا۔[۱۷]

اس کے بعد قُریظہ کے یہود عملی طور پر جنگی کارروائیوں میں مصروف ہو گئے۔ ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ حضرت صَفیہؓ بنت عبدالمطلب رضی اللہ عنہا حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ کے فارع نامی قلعے کے اندر تھیں۔ حضرت حسانؓ عورتوں اور بچوں کے ساتھ وہیں تھے۔ حضرت صفیہؓ کہتی ہیں کہ ہمارے پاس سے ایک یہودی گذرا اور قلعے کا چکر کاٹنے لگا۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب بنو قُریظہ رسول اللہ ﷺ سے کیا ہوا عہد و پیمان توڑ کر آپؐ سے برسرِپیکار ہو چکے تھے اور ہمارے اور ان کے درمیان کوئی نہ تھا جو ہمارا دفاع کرتا ۔ ۔ ۔ ۔ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں سمیت دشمن کے بالمقابل پھنسے ہوئے تھے۔ اگر ہم پر کوئی حملہ آور ہو جاتا تو آپ انہیں چھوڑ کر آ نہیں سکتے تھے اس لیے میں نے کہا "اے حسانؓ! یہ یہودی ــــ جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں، قلعے کا چکر لگا رہا ہے اور مجھے خدا کی قسم اندیشہ ہے کہ یہ باقی یہود کو بھی ہماری کمزوری سے آگاہ کر دے گا۔ ادھر رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ اس طرح پھنسے ہوئے ہیں کہ ہماری مدد کو نہیں آ سکتے لہذا آپ جائیے اور اسے قتل کر دیجیے"۔ حضرت حسانؓ نے کہا واللہ آپ جانتی ہیں کہ میں اس کام کا آدمی نہیں۔ حضرت صفیہؓ کہتی ہیں اب میں نے خود اپنی کمر باندھی پھر ستون کی ایک لکڑی لی۔ اور اس کے بعد قلعے سے اتر کر اس یہودی کے پاس پہنچی اور لکڑی سے مار مار کر اس کا خاتمہ کر دیا۔ اس کے بعد قلعے میں واپس آئی اور حسانؓ سے کہا "جائیے اس کے ہتھیار اور اسباب اتار لیجئے۔ چونکہ وہ مرد ہے اس لیے میں نے اُس کے ہتھیار نہیں اتارے حسانؓ نے کہا، مجھے اس کے ہتھیار اور سامان کی کوئی ضرورت نہیں۔[۱۸]

حقیقت یہ ہے کہ مسلمان بچوں اور عورتوں کی حفاظت پر رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی کے اس جانبازانہ کارنامے کا بڑا گہرا اور اچھا اثر پڑا۔ اس کارروائی سے غالباً یہود نے سمجھا کہ

---

[۱۷] ابن ہشام ۲/ ۲۲۰۔۲۲۱ [۱۸] ابن ہشام ۲/ ۲۲۸

ان قلعوں اور گڑھیوں میں بھی مسلمانوں کا حفاظتی لشکر موجود ہے ــــ حالانکہ وہاں کوئی لشکر نہ تھا ــــ اسی لیے یہود کو دوبارہ اس قسم کی جرأت نہ ہوئی۔ البتہ وہ بُت پرست حملہ آوروں کے ساتھ اپنے اتحاد اور انضمام کا عملی ثبوت پیش کرنے کے لیے انہیں مسلسل رسد پہنچاتے رہے حتیٰ کہ مسلمانوں نے ان کی رسد کے بیس اونٹوں پر قبضہ بھی کر لیا۔

بہرحال یہود کی عہد شکنی کی خبر رسُول اللہ ﷺ کو معلوم ہوئی تو آپؐ نے فوراً اس کی تحقیق کی طرف توجہ فرمائی تاکہ بنو قُریظہ کا موقف واضح ہو جائے اور اس کی روشنی میں فوجی نقطۂ نظر سے جو اقدام مناسب ہو اختیار کیا جائے۔ چنانچہ آپؐ نے اس خبر کی تحقیق کے لیے حضرت سعد بن معاذ، سعد بن عبادہ، عبداللہ بن رواحہ اور خوات بن جبیر رضی اللہ عنہم کو روانہ فرمایا اور ہدایت کی کہ جاؤ! دیکھو! بنی قریظہ کے بارے میں جو کچھ معلوم ہوا ہے وہ واقعی صحیح ہے یا نہیں؟ اگر صحیح ہے تو واپس آکر صرف مجھے بتا دینا اور وہ بھی اشاروں اشاروں میں۔ تاکہ لوگوں کے حوصلے پست نہ ہوں۔ اور اگر وہ عہد و پیمان پر قائم ہیں تو پھر لوگوں کے درمیان علانیہ اس کا ذکر کر دینا۔ جب یہ لوگ بنو قریظہ کے قریب پہنچے تو انہیں انتہائی خباثت پر آمادہ پایا۔ انہوں نے اعلانیہ گالیاں بکیں، دشمنی کی باتیں کیں، اور رسُول اللہ ﷺ کی اہانت کی۔ کہنے لگے: "اللہ کا رسُول کون...؟ ہمارے اور محمد کے درمیان کوئی عہد ہے نہ پیمان" یہ سُن کر وہ لوگ واپس آ گئے اور رسُول اللہ ﷺ کی خدمت میں پہنچ کر صورت حال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے صرف اتنا کہا، عضل اور قارہ۔ مقصود یہ تھا کہ جس طرح عضل اور قارہ نے اصحاب رجیع کے ساتھ بدعہدی کی تھی اسی طرح یہود بھی بدعہدی پر تُلے ہوئے ہیں۔

باوجودیکہ ان صحابہ کرامؓ نے اخفائے حقیقت کی کوشش کی لیکن عام لوگوں کو صورتحال کا علم ہو گیا اور اس طرح ایک خوفناک خطرہ ان کے سامنے مجسم ہو گیا۔

درحقیقت اس وقت مسلمان نہایت نازک صورت حال سے دوچار تھے۔ پیچھے بنو قُریظہ تھے جن کا حملہ روکنے کے لیے ان کے اور مسلمانوں کے درمیان کوئی نہ تھا؛ آگے مشرکین کا لشکرِ جرّار تھا جنہیں چھوڑ کر ہٹنا ممکن نہ تھا۔ پھر مسلمان عورتیں اور بچے تھے جو کسی حفاظتی انتظام کے بغیر بدعہد یہودیوں کے قریب ہی تھے اس لیے لوگوں میں سخت اضطراب برپا ہوا جس کی کیفیت اس آیت میں بیان کی گئی ہے:

وَاِذۡ زَاغَتِ الۡاَبۡصَارُ وَبَلَغَتِ الۡقُلُوۡبُ الۡحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوۡنَا ○ هُنَالِكَ ابۡتُلِيَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَزُلۡزِلُوۡا زِلۡزَالًا شَدِيۡدًا ○ (۳۳:۱۰/۱۱)

"اور جب نگاہیں کج ہوگئیں، دل حلق میں آگئے، اور تم لوگ اللہ کے ساتھ طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔ اس وقت مومنوں کی آزمائش کی گئی اور انہیں شدّت سے جھنجھوڑ دیا گیا۔"

پھر اسی موقع پر بعض منافقین کے نفاق نے بھی سر نکالا؛ چنانچہ وہ کہنے لگے کہ محمّد تو ہم سے وعدے کرتے تھے کہ ہم قیصر و کسریٰ کے خزانے پائیں گے اور یہاں یہ حالت ہے کہ پیشاب پاخانے کے لیے نکلنے میں بھی جان کی خیر نہیں۔ بعض اور منافقین نے اپنی قوم کے اشراف کے سامنے یہاں تک کہا کہ ہمارے گھر دشمن کے سامنے کھلے پڑے ہیں۔ ہمیں اجازت دیجئے کہ ہم اپنے گھروں کو واپس چلے جائیں کیونکہ ہمارے گھر شہر سے باہر ہیں۔ نوبت یہاں تک پہنچ چکی تھی کہ بنوسلمہ کے قدم اکھڑ رہے تھے اور وہ پسپائی کی سوچ رہے تھے۔ ان ہی لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے

وَاِذۡ يَقُوۡلُ الۡمُنٰفِقُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ فِيۡ قُلُوۡبِهِمۡ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗۤ اِلَّا غُرُوۡرًا ○ وَاِذۡ قَالَتۡ طَّآئِفَةٌ مِّنۡهُمۡ يٰۤاَهۡلَ يَثۡرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمۡ فَارۡجِعُوۡا ۚ وَيَسۡتَاۡذِنُ فَرِيۡقٌ مِّنۡهُمُ النَّبِيَّ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّ بُيُوۡتَنَا عَوۡرَةٌ ۛؕ وَمَا هِيَ بِعَوۡرَةٍ ۛۚ اِنۡ يُّرِيۡدُوۡنَ اِلَّا فِرَارًا ○ (۳۳:۱۲/۱۳)

"اور جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہہ رہے تھے کہ ہم سے اللہ اور اس کے رسُول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو وعدہ کیا ہے وہ فریب کے سوا کچھ نہیں۔ اور جب ان کی ایک جماعت نے کہا کہ اے اہلِ یثرب! تمہارے لیے ٹھہرنے کی گنجائش نہیں لہٰذا واپس چلو۔ اور ان کا ایک فریق نبی سے اجازت مانگ رہا تھا۔ کہتا تھا' ہمارے گھر خالی پڑے ہیں۔ حالانکہ وہ خالی نہیں پڑے تھے۔ یہ لوگ محض فرار چاہتے تھے۔"

ایک طرف لشکر کا یہ حال تھا۔ دوسری طرف رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت تھی کہ آپؐ نے بنو قریظہ کی بدعہدی کی خبر سن کر اپنا سر اور چہرہ کپڑے سے ڈھک لیا اور دیر تک چت لیٹے رہے۔ اس کیفیت کو دیکھ کر لوگوں کا اضطراب اور زیادہ بڑھ گیا؛ لیکن اس کے بعد آپؐ پر اُمید کی روح غالب آگئی اور آپؐ اللہ اکبر کہتے ہُوئے کھڑے ہوئے اور فرمایا' مسلمانو! اللہ کی

مدد اور فتح کی خوشخبری سن لو! اس کے بعد آپ نے پیش آمدہ حالات سے نمٹنے کا پروگرام بنایا اور اسی پروگرام کے ایک جزو کے طور پہ مدینے کی نگرانی کے لیے فوج میں سے کچھ محافظ بھیجتے رہے تاکہ مسلمانوں کو غافل دیکھ کر یہود کی طرف سے عورتوں اور بچوں پہ اچانک کوئی حملہ نہ ہو جائے۔ لیکن اس موقع پہ ایک فیصلہ کن اقدام کی ضرورت تھی جس کے ذریعے دشمن کے مختلف گروہوں کو ایک دوسرے سے بے تعلق کر دیا جائے۔ اس مقصد کے لیے آپ نے سوچا کہ بنو غطفان کے دونوں سرداروں عُیَیْنَہ بن حصن اور حارث بن عوف سے مدینے کی ایک تہائی پیداوار پہ مصالحت کر لیں تاکہ یہ دونوں سردار اپنے اپنے قبیلے لے کر واپس چلے جائیں اور مسلمان تنہا قریش پہ جنگی طاقت کا بار بار اندازہ لگایا جا چکا تھا، ضرب کاری لگانے کے لیے فارغ ہو جائیں۔ اس تجویز پر کچھ گفت وشنید بھی ہوئی مگر جب آپؐ نے حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما سے اس تجویز کے بارے میں مشورہ کیا تو ان دونوں نے بیک زبان عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! اگر اللہ نے آپؐ کو اس کا حکم دیا ہے تب تو بلا چون وچرا تسلیم ہے اور اگر محض آپؐ ہماری خاطر ایسا کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس کی ضرورت نہیں۔ جب ہم لوگ اور یہ لوگ دونوں شرک و بُت پرستی پر تھے تب تو یہ لوگ میزبانی یا خرید و فروخت کے سوا کسی اور صورت سے ایک دانے کی بھی طمع نہیں کر سکتے تھے تو بھلا اب جبکہ اللہ نے ہمیں ہدایتِ اسلام سے سرفراز فرمایا ہے اور آپؐ کے ذریعے عزت بخشی ہے، ہم انہیں اپنا مال دیں گے؟ واللہ ہم تو انہیں صرف اپنی تلوار دیں گے۔ آپؐ نے ان دونوں کی رائے کو درست قرار دیا اور فرمایا کہ جب میں نے دیکھا کہ سارا عرب ایک کمان کھینچ کر تم پر پل پڑا ہے تو محض تمہاری خاطر میں نے یہ کام کرنا چاہا تھا۔

پھر ــــ الحمد للہ ــــ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ دشمن ذلیل ہو گئے۔ ان کی جمعیت شکست کھا گئی اور ان کی قوت ٹوٹ گئی۔ ہوا یہ کہ بنو غطفان کے ایک صاحب جن کا نام نُعَیم بن مسعود بن عامر اشجعی تھا رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! میں مسلمان ہو گیا ہوں لیکن میری قوم کو میرے اسلام لانے کا علم نہیں لہٰذا آپؐ مجھے کوئی حکم فرمائیے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم فقط ایک آدمی ہو (لہٰذا کوئی فوجی اقدام تو نہیں کر سکتے) البتہ جس قدر ممکن ہو ان کی حوصلہ شکنی کرو کیوں کہ جنگ تو حکمتِ عملی کا نام ہے۔ اس پر حضرت نُعَیم فوراً ہی بنو قُرَیْظَہ کے ہاں پہنچے۔ جاہلیت میں ان سے ان کا بڑا

میل جول تھا۔ وہاں پہنچ کر انہوں نے کہا، آپ لوگ جانتے ہیں کہ مجھے آپ لوگوں سے محبت اور خصوصی تعلق ہے۔ انہوں نے کہا، جی ہاں۔ نعیم نے کہا، اچھا تو سنئے کہ قریش کا معاملہ آپ لوگوں سے مختلف ہے۔ یہ علاقہ آپ کا اپنا علاقہ ہے۔ یہاں آپ کا گھر بار ہے، مال و دولت ہے، بال بچے ہیں۔ آپ اسے چھوڑ کر کہیں اور نہیں جا سکتے مگر جب قریش و غطفان محمدؐ سے جنگ کرنے آئے تو آپ نے محمدؐ کے خلاف ان کا ساتھ دیا۔ ظاہر ہے ان کا یہاں نہ گھر بار ہے نہ مال و دولت ہے نہ بال بچے ہیں اس لیے انہیں موقع ملا تو کوئی قدم اٹھائیں گے ورنہ بوریا بستر باندھ کر رخصت ہو جائیں گے۔ پھر آپ لوگ ہوں گے اور محمدؐ ہوں گے۔ لہٰذا وہ جیسے چاہیں گے آپ سے انتقام لیں گے، اس پر بنو قُرَیْظَہ چونکے اور بولے نعیم! بتایئے اب کیا کیا جا سکتا ہے؟ انہوں نے کہا، دیکھئے! قریش جب تک آپ لوگوں کو اپنے کچھ آدمی یرغمال کے طور پر نہ دیں، آپ ان کے ساتھ جنگ میں شریک نہ ہوں۔ قریظہ نے کہا، آپ نے بہت مناسب رائے دی ہے۔

اس کے بعد حضرت نعیمؓ سیدھے قریش کے پاس پہنچے اور بولے: "آپ لوگوں سے مجھے جو محبت اور جذبۂ خیر خواہی ہے اسے تو آپ جانتے ہی ہیں؟" انہوں نے کہا "جی ہاں"! حضرتِ نُعیمؓ نے کہا: "اچھا تو سنئے کہ یہود نے محمدؐ اور ان کے رفقاء سے جو عہد شکنی کی تھی اس پر وہ نادم ہیں اور اب ان میں یہ مراسلت ہوئی ہے کہ وہ (یہود) آپ لوگوں سے کچھ یرغمال حاصل کر کے ان (محمدؐ) کے حوالے کر دیں گے اور پھر آپ لوگوں کے خلاف محمدؐ سے اپنا معاملہ استوار کر لیں گے۔ لہٰذا اگر وہ یرغمال طلب کریں تو آپ ہرگز نہ دیں۔" اس کے بعد غطفان کے پاس بھی جا کر یہی بات دہرائی۔ (اور ان کے بھی کان کھڑے ہو گئے۔)

اس کے بعد جمعہ اور سنیچر کی درمیانی رات کو قریش نے یہود کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ ہمارا قیام کسی سازگار اور موزوں جگہ پر نہیں ہے۔ گھوڑے اور اونٹ مر رہے ہیں لہٰذا اِدھر سے آپ لوگ اور اُدھر سے ہم لوگ اٹھیں اور محمدؐ پر حملہ کر دیں۔ لیکن یہود نے جواب میں کہلایا کہ آج سنیچر کا دن ہے اور آپ جانتے ہیں کہ ہم سے پہلے جن لوگوں نے اس دن کے بارے میں حکمِ شریعت کی خلاف ورزی کی تھی انہیں کیسے عذاب سے دوچار ہونا پڑا تھا۔ علاوہ ازیں آپ لوگ جب تک اپنے کچھ آدمی ہمیں بطور یرغمال نہ دے دیں ہم لڑائی میں شریک نہ ہوں گے۔ قاصد جب یہ جواب

لے کر واپس آئے تو قریش اور غطفان نے کہا: "واللہ نعیمؓ نے سچ ہی کہا تھا" چنانچہ انہوں نے یہود کو کہلا بھیجا کہ خدا کی قسم! ہم آپ کو کوئی آدمی نہ دیں گے، بس آپ لوگ ہمارے ساتھ ہی نکل پڑیں اور (دونوں طرف سے) محمدؐ پہ ہلہ بول دیا جائے۔ یہ سُن کر قریظہ نے باہم کہا 'واللہ نعیمؓ نے ہم سے سچ ہی کہا تھا' اس طرح دونوں فریق کا اعتماد ایک دوسرے سے اُٹھ گیا۔ ان کی صفوں میں پھوٹ پڑ گئی اور ان کے حوصلے ٹوٹ گئے۔

اس دوران مسلمان اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کر رہے تھے: اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا: "اے اللہ ہماری پردہ پوشی فرما اور ہمیں خطرات سے مامون کر دے" اور رسُول اللہ ﷺ یہ دعا فرما رہے تھے:

اَللّٰھُمَّ مُنْزِلَ الْکِتَابِ سَرِیْعَ الْحِسَابِ اِھْزِمِ الْاَحْزَابَ اَللّٰھُمَّ اِھْزِمْھُمْ وَزَلْزِلْھُمْ۔ [19]

"اے اللہ! کتاب اتارنے والے اور جلد حساب لینے والے! ان لشکروں کو شکست دے۔ اے اللہ! انہیں شکست دے اور جھنجھوڑ کر رکھ دے"

بالآخر اللہ نے اپنے رسُول ﷺ اور مسلمانوں کی دعائیں سن لیں۔ چنانچہ مشرکین کی صفوں میں پھُوٹ پڑ جانے اور بد دلی و پست ہمتی سرایت کر جانے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان پر تند ہواؤں کا طوفان بھیج دیا جس نے ان کے خیمے اکھیڑ دیئے، ہانڈیاں الٹ دیں، طنابوں کی کھونٹیاں اکھاڑ دیں، کسی چیز کو قرار نہ رہا اور اس کے ساتھ ہی فرشتوں کا لشکر بھیج دیا جس نے انہیں ہلا ڈالا اور ان کے دلوں میں رُعب اور خوف ڈال دیا۔

اسی سرد اور کڑکڑاتی ہوئی رات میں رسُول اللہ ﷺ نے حضرت حُذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کو کفار کی خبر لانے کے لیے بھیجا۔ موصوف ان کے محاذ میں پہنچے تو وہاں ٹھیک یہی حالت بپا تھی اور مشرکین واپسی کے لیے تیار ہو چکے تھے۔ حضرت حذیفہؓ نے خدمت نبویؐ میں واپس آکر ان کی روانگی کی اطلاع دی۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے صبح کی تو دیکھا کہ میدان صاف ہے، اللہ نے دشمن کو کسی خیر کے حصول کا موقع دیئے بغیر اس کے غیظ و غضب سمیت واپس کر دیا ہے اور ان سے جنگ کے لیے رسولؐ کو کافی ہو گیا ہے۔ الغرض اس طرح اللہ

---

[19] صحیح بخاری کتاب الجہاد ۱/۴۱۱ کتاب المغازی ۲/۵۹۰

نے اپنا وعدہ پورا کیا، اپنے لشکر کو عزت بخشی، اپنے بندے کی مدد کی، اور اکیلے ہی سارے لشکروں کو شکست دی۔ چنانچہ اس کے بعد آپؐ مدینہ واپس آگئے۔

غزوۂ خندق صحیح ترین قول کے مطابق شوال ۵ھ میں پیش آیا تھا اور مشرکین نے ایک ماہ یا تقریباً ایک ماہ تک رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کا محاصرہ جاری رکھا تھا۔ تمام مآخذ پر مجموعی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ محاصرے کا آغاز شوال میں ہوا تھا اور خاتمہ ذی قعدہ میں۔ ابنِ سعد کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ جس روز خندق سے واپس ہوئے بدھ کا دن تھا اور ذی قعدہ کے ختم ہونے میں صرف سات دن باقی تھے۔

جنگِ احزاب درحقیقت نقصانِ جان و مال کی جنگ نہ تھی بلکہ اعصاب کی جنگ تھی۔ اس میں کوئی خونریز معرکہ پیش نہیں آیا لیکن پھر بھی یہ اسلامی تاریخ کی ایک فیصلہ کن جنگ تھی۔ چنانچہ اس کے نتیجے میں مشرکین کے حوصلے ٹوٹ گئے اور یہ واضح ہوگیا کہ عرب کی کوئی بھی قوت مسلمانوں کی اس چھوٹی سی طاقت کو جو مدینے میں نشو نما پارہی ہے ختم نہیں کرسکتی۔ کیونکہ جنگِ احزاب میں جتنی بڑی طاقت فراہم ہوگئی تھی اس سے بڑی طاقت فراہم کرنا عربوں کے بس کی بات نہ تھی اس لیے رسول اللہ ﷺ نے احزاب کی واپسی کے بعد فرمایا:

"اَلْآنَ نَغْزُوْهُمْ وَلَا يَغْزُوْنَا، نَحْنُ نَسِيْرُ إِلَيْهِمْ (صحیح بخاری ۲/۵۹۰)

"اب ہم ان پر چڑھائی کریں گے وہ ہم پر چڑھائی نہ کریں گے اب ہمارا لشکر ان کی طرف جائے گا۔"

نقشہ جنگِ خندق
شمال
مشرق
مغرب
جنوب
زغابہ
مجمع الاسیال
جبل ثور
جبل احد
بئر رومہ
جرف
ذنب نقمی
وادی قناۃ
جبل رماۃ
قریش کا حملہ
دیار بنی حارثہ
جبل سلع
شیخین
مدینہ
وادی عقیق
دیار بنی ظفر
دیار بنی قریظہ
باغات
عوالی
قبا
دیار بنی نضیر
جہاں اب
مسلمان آباد تھے
قلعہ کعب بن اشرف
جبل عیر
ذو الحلیفہ

غزوۂ بنو قریظہ

جس روز رسُول اللہ ﷺ خندق سے واپس تشریف لاتے اسی روز ظہر کے وقت جبکہ آپ حضرت اُمِ سلمہ رضی اللہ عنہا کے مکان میں غسل فرما رہے تھے حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا: "کیا آپؐ نے ہتھیار رکھ دیئے حالانکہ ابھی فرشتوں نے ہتھیار نہیں رکھے اور میں بھی قریش کا تعاقب کر کے بس واپس چلا آرہا ہوں۔ اُٹھئے! اور اپنے رفقاء کو لے کر بنو قریظہ کا رُخ کیجئے۔ میں آگے آگے جا رہا ہوں۔ ان کے قلعوں میں زلزلہ برپا کروں گا اور ان کے دلوں میں رعب و دہشت ڈالوں گا۔" یہ کہہ کر حضرت جبریلؑ فرشتوں کے جلو میں روانہ ہو گئے۔

ادھر رسُول اللہ ﷺ نے ایک صحابی سے منادی کروائی کہ جو شخص سمع و طاعت پر قائم ہے وہ عصر کی نماز بنو قریظہ ہی میں پڑھے۔ اس کے بعد مدینے کا انتظام حضرت ابنِ اُمِ مکتومؓ کو سونپا اور حضرت علیؓ کو جنگ کا پھریرا دے کر آگے روانہ فرما دیا۔ وہ بنو قریظہ کے قلعوں کے قریب پہنچے تو بنو قریظہ نے رسُول اللہ ﷺ پر گالیوں کی بوچھاڑ کر دی۔

اتنے میں رسُول اللہ ﷺ بھی مہاجرین و انصار کے جلو میں روانہ ہو چکے تھے۔ آپؐ نے بنو قُریظہ کے دیار میں پہنچ کر "انا" نامی ایک کنویں پر نزول فرمایا۔ عام مسلمانوں نے بھی لڑائی کا اعلان سن کر فوراً دیارِ بنی قریظہ کا رُخ کیا۔ راستے میں عصر کی نماز کا وقت آگیا تو بعض نے کہا ہم ــــ جیسا کہ ہمیں حکم دیا گیا ہے ــــ بنو قریظہ پہنچ کر ہی عصر کی نماز پڑھیں گے۔ حتیٰ کہ بعض نے عصر کی نماز عشاء کے بعد پڑھی۔ لیکن کچھ دوسرے صحابہؓ نے کہا آپؐ کا مقصود یہ نہیں تھا بلکہ یہ تھا کہ ہم جلد از جلد روانہ ہو جائیں۔ اس لیے انہوں نے راستے ہی میں نماز پڑھ لی البتہ (جب رسُول اللہ ﷺ کے سامنے یہ قضیہ پیش ہوا تو) آپؐ نے کسی بھی فریق کو سخت سُست نہیں کہا۔

بہر کیف مختلف ٹکڑیوں میں بٹ کر اسلامی لشکر دیارِ بنو قریظہ میں پہنچا اور نبی ﷺ کے ساتھ

جا شامل ہوا۔ پھر بنو قریظہ کے قلعوں کا محاصرہ کر لیا۔ اس لشکر کی کل تعداد تین ہزار تھی اور اس میں تیس گھوڑے تھے۔

جب محاصرہ سخت ہو گیا تو یہود کے سردار کعب بن اسد نے یہود کے سامنے تین متبادل تجویزیں پیش کیں۔

۱۔ یا تو اسلام قبول کر لیں اور محمد ﷺ کے دین میں داخل ہو کر اپنی جان، مال اور بال بچوں کو محفوظ کر لیں ـــ کعب بن اسد نے اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ واللہ تم لوگوں پہ یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ وہ واقعی نبی اور رسول ہیں اور وہ وہی ہیں جنہیں تم اپنی کتاب میں پاتے ہو۔

۲۔ یا اپنے بیوی بچوں کو خود اپنے ہاتھوں قتل کر دیں۔ پھر تلوار سونت کر نبی ﷺ کی طرف نکل پڑیں، اور پوری قوت سے ٹکرا جائیں۔ اس کے بعد یا تو فتح پائیں یا سب کے سب مارے جائیں۔

۳۔ یا پھر رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام پر دھوکے سے سنیچر کے دن پل پڑیں، کیونکہ انہیں اطمینان ہو گا کہ آج لڑائی نہیں ہو گی۔

لیکن یہود نے ان تینوں میں سے کوئی بھی تجویز منظور نہ کی جس پر ان کے سردار کعب بن اسد نے (جھلا کر) کہا: "تم میں سے کسی نے ماں کی کوکھ سے جنم لینے کے بعد ایک رات بھی ہوشمندی کے ساتھ نہیں گذاری۔"

ان تینوں تجاویز کو رد کر دینے کے بعد بنو قریظہ کے سامنے صرف ایک ہی راستہ رہ جاتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے ہتھیار ڈال دیں، اور اپنی قسمت کا فیصلہ آپ پر چھوڑ دیں، لیکن انہوں نے چاہا کہ ہتھیار ڈالنے سے پہلے اپنے بعض مسلمان حلیفوں سے رابطہ قائم کر لیں۔ ممکن ہے پتا لگ جائے کہ ہتھیار ڈالنے کا نتیجہ کیا ہو گا۔ چنانچہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس پیغام بھیجا کہ آپ ابو لبابہؓ کو ہمارے پاس بھیج دیں۔ ہم ان سے مشورہ کرنا چاہتے ہیں۔ ابو لبابہؓ ان کے حلیف تھے اور ان کے باغات اور آل اولاد بھی اسی علاقے میں تھے۔ جب ابو لبابہؓ وہاں پہنچے تو مرد حضرات انہیں دیکھ کر ان کی طرف دوڑ پڑے اور عورتیں اور بچے ان کے سامنے دھاڑیں مار مار کر رونے لگے۔ اس کیفیت کو دیکھ کر حضرت ابو لبابہ رضی اللہ عنہ پر رقت طاری ہو گئی۔ یہود نے کہا: "ابو لبابہؓ! کیا آپ مناسب سمجھتے ہیں کہ ہم محمد ﷺ کے فیصلے پر ہتھیار ڈال دیں؟"

انہوں نے فرمایا، ہاں! لیکن ساتھ ہی ہاتھ سے حلق کی طرف اشارہ بھی کر دیا جس کا مطلب یہ تھا کہ ذبح کر دیئے جاؤ گے۔ لیکن انہیں فوراً احساس ہوا کہ یہ اللہ اور اس کے رسُول کے ساتھ خیانت ہے چنانچہ وہ رسُول اللہ ﷺ کے پاس واپس آنے کے بجائے سیدھے مسجد نبوی پہنچے اور اپنے آپ کو مسجد کے ایک کھمبے سے باندھ لیا اور قسم کھائی کہ اب انہیں رسُول اللہ ﷺ ہی اپنے دست مُبارک سے کھولیں گے اور وہ آئندہ بنو قریظہ کی سرزمین میں کبھی داخل نہ ہوں گے۔ ادھر رسُول اللہ ﷺ محسوس کر رہے تھے کہ ان کی واپسی میں دیر ہو رہی ہے۔ پھر جب تفصیلات کا علم ہُوا تو فرمایا اگر وہ میرے پاس آگئے ہوتے تو میں ان کے لیے بخشش کی دُعا کر دیتا۔ لیکن جب وہ وہی کام کر بیٹھے ہیں تو اب میں بھی انہیں ان کی جگہ سے کھول نہیں سکتا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرمالے۔

ادھر ابولبابہؓ کے اشارے کے باوجود بنو قریظہ نے یہی طے کیا کہ رسُول اللہ ﷺ کے سامنے ہتھیار ڈال دیں اور وہ جو فیصلہ مناسب سمجھیں کریں۔ حالانکہ بنو قریظہ ایک طویل عرصے تک محاصرہ برداشت کر سکتے تھے کیونکہ ایک طرف ان کے پاس وافر مقدار میں سامان خورد و نوش تھا، پانی کے چشمے اور کنوئیں تھے۔ مضبوط اور محفوظ قلعے تھے اور دوسری طرف مسلمان کھُلے میدان میں خون منجمد کر دینے والے جاڑے اور بھُوک کی سختیاں سہہ رہے تھے اور آغازِ جنگِ خندق کے بھی پہلے سے مسلسل جنگی مصروفیات کے سبب تکان سے چُور چُور تھے۔ لیکن جنگ بنی قریظہ درحقیقت ایک اعصابی جنگ تھی۔ اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا تھا اور ان کے حوصلے ٹوٹتے جا رہے تھے۔ پھر حوصلوں کی یہ شکستگی اس وقت انتہا کو پہنچ گئی جب حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے پیش قدمی فرمائی اور حضرت علیؓ نے گرج کر یہ اعلان کیا کہ ایمان کے فوجیو! خدا کی قسم اب میں بھی یا تو وہی چکھوں گا جو حمزہؓ نے چکھا یا ان کا قلعہ فتح کر کے رہوں گا۔

چنانچہ حضرت علیؓ کا یہ عزم سن کر بنو قریظہ نے جلدی سے اپنے آپ کو رسُول اللہ ﷺ کے حوالے کر دیا کہ آپ جو فیصلہ مناسب سمجھیں کریں۔ رسُول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ مردوں کو باندھ دیا جائے۔ چنانچہ محمد بن مسلمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے زیر نگرانی ان سب کے ہاتھ باندھ دیئے گئے اور عورتوں اور بچوں کو مردوں سے الگ کر دیا گیا۔ قبیلہ اوس کے لوگ رسُول اللہ ﷺ

سے عرض پرداز ہوئے کہ آپ نے بنو قینقاع کے ساتھ جو سلوک فرمایا تھا وہ آپ کو یاد ہی ہے بنو قینقاع ہمارے بھائی خزرج کے حلیف تھے اور یہ لوگ ہمارے حلیف ہیں لہٰذا ان پر احسان فرمائیں۔ آپؐ نے فرمایا: کیا آپ لوگ اس پر راضی نہیں کہ ان کے متعلق آپ ہی کا ایک ایک آدمی فیصلہ کرے؟ انہوں نے کہا: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: تو یہ معاملہ سعدؓ بن معاذ کے حوالے ہے۔ اوس کے لوگوں نے کہا: ہم اس پر راضی ہیں۔

اس کے بعد آپ نے حضرت سعدؓ بن معاذ کو بلا بھیجا۔ وہ مدینہ میں تھے۔ لشکر کے ہمراہ تشریف نہیں لائے تھے کیونکہ جنگِ خندق کے دوران بازو کی رگ کٹنے کے سبب زخمی تھے۔ انہیں ایک گدھے پر سوار کر کے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا۔ جب قریب پہنچے تو ان کے قبیلے کے لوگوں نے انہیں دونوں جانب سے گھیر لیا اور کہنے لگے: سعدؓ اپنے حلیفوں کے بارے میں اچھائی اور احسان سے کام لیجئے گا۔۔ رسول اللہ ﷺ نے آپ کو اسی لیے حَکَم بنایا ہے کہ آپ ان سے حسن سلوک کریں۔ مگر وہ چپ چاپ تھے کوئی جواب نہ دے رہے تھے۔ جب لوگوں نے گذارش کی بھرمار کر دی تو بولے اب وقت آگیا ہے کہ سعد کو اللہ کے بارے میں کسی ملامت گر کی پروا نہ ہو۔ یہ سن کر بعض لوگ اسی وقت مدینہ آگئے اور قیدیوں کی موت کی خبر پھیلا دی۔

اس کے بعد جب حضرت سعد نبی ﷺ کے پاس پہنچے تو آپؐ نے فرمایا" اپنے سردار کے استقبال کے لیے اُٹھ کر جاؤ"! ۔لوگوں نے جب انہیں سواری سے اُتار لیا تو آپؐ نے فرمایا" اے سعد! یہ لوگ تمہارے فیصلے پر اترے ہیں۔ حضرت سعد نے کہا" کیا میرا فیصلہ ان پر نافذ ہوگا؟ لوگوں نے کہا" جی ہاں۔ انہوں نے کہا" مسلمانوں پر بھی؟ لوگوں نے کہا" جی ہاں! انہوں نے پھر کہا" اور جو یہاں ہیں ان پر بھی؟ ان کا اشارہ رسول اللہ ﷺ کی فرودگاہ کی طرف تھا، مگر اجلال و تعظیم کے سبب چہرہ دوسری طرف کر رکھا تھا۔ آپؐ نے فرمایا" جی ہاں۔ مجھ پر بھی۔ حضرت سعد نے کہا:" تو ان کے متعلق میرا فیصلہ یہ ہے کہ مردوں کو قتل کر دیا جائے، عورتوں اور بچوں کو قیدی بنا لیا جائے اور اموال تقسیم کر دیئے جائیں"۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے ان کے بارے میں وہی فیصلہ کیا ہے جو سات آسمانوں کے اوپر سے اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہے۔

حضرت سعدؓ کا یہ فیصلہ انتہائی عدل و انصاف پر مبنی تھا کیونکہ بنو قریظہ نے مسلمانوں کی

موت وحیات کے نازک ترین لمحات میں جو خطرناک بدعہدی کی تھی وہ تو تھی ہی اس کے علاوہ انہوں نے مسلمانوں کے خاتمے کے لیے ڈیڑھ ہزار تلواریں، دو ہزار نیزے، تین سو زِرہیں اور پانچ سو ڈھالیں مہیا کر رکھی تھیں۔ جن پر فتح کے بعد مسلمانوں نے قبضہ کیا۔

اس فیصلے کے بعد رسُول اللہ ﷺ کے حکم پر بنو قریظہ کو مدینہ لاکر بنو نجار کی ایک عورت ـــــ جو حارثؓ کی صاحبزادی تھیں ـــــ کے گھر میں قید کر دیا گیا اور مدینہ کے بازار میں خندقیں کھود دی گئیں۔ پھر انہیں ایک ایک جماعت کر کے لے جایا گیا اور ان خندقوں میں ان کی گردنیں مار دی گئیں۔ کارروائی شروع ہونے کے تھوڑی دیر بعد باقی ماندہ قیدیوں نے اپنے سردار کعب بن اسد سے دریافت کیا کہ آپ کا کیا اندازہ ہے؟ ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ اس نے کہا: "کیا تم لوگ کسی بھی جگہ سمجھ بوجھ نہیں رکھتے؟ دیکھتے نہیں کہ پکارنے والا رُک نہیں رہا ہے اور جانے والا پلٹ نہیں رہا ہے، یہ خدا کی قسم قتل ہے۔" بہرکیف ان سب کی (جن کی تعداد چھ اور سات سو کے درمیان تھی) گردنیں مار دی گئیں۔

اس کارروائی کے ذریعے غدر و خیانت کے ان سانپوں کا مکمل طور پر خاتمہ ہو گیا جنہوں نے پختہ عہد و پیمان توڑا تھا۔ مسلمانوں کے خاتمے کے لیے ان کی زندگی کے نہایت سنگین اور نازک ترین لمحات میں دشمن کو مدد دے کر جنگ کے اکابر مجرمین کا کردار ادا کیا تھا اور اب وہ واقعۃً مقدمے اور پھانسی کے مستحق ہو چکے تھے۔

بنو قریظہ کی اس تباہی کے ساتھ ہی بنو نضیر کا شیطان اور جنگِ احزاب کا ایک بڑا مجرم حُیی بن اخطب بھی اپنے کیفرِ کردار کو پہنچ گیا۔ یہ شخص اُمّ المومنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا باپ تھا۔ قریش و غطفان کی واپسی کے بعد جب بنو قریظہ کا محاصرہ کیا گیا اور انہوں نے قلعہ بندی اختیار کی تو یہ بھی ان کے ہمراہ قلعہ بند ہو گیا تھا کیونکہ غزوۂ احزاب کے ایام میں یہ شخص جب کعب بن اسد کو غدر و خیانت پر آمادہ کرنے کے لیے آیا تھا تو اس کا وعدہ کر رکھا تھا اور اب اسی وعدے کو نباہ رہا تھا۔ اسے جس وقت خدمت نبویؐ میں لایا گیا تو ایک جوڑا زیب تن کئے ہوئے تھا جسے خود ہی ہر جانب سے ایک ایک انگل پھاڑ رکھا تھا تاکہ اسے مال غنیمت میں نہ رکھوا لیا جائے۔ اس کے دونوں ہاتھ گردن کے پیچھے رسّی سے یکجا بندھے ہوئے تھے۔ اس نے رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کر کے کہا: "سُنیے! میں نے آپؐ کی عداوت پر اپنے آپ کو ملامت نہیں کی؛

لیکن جو اللہ سے لڑتا ہے مغلوب ہو جاتا ہے"۔ پھر لوگوں کو مخاطب کر کے کہا" لوگو! اللہ کے فیصلے میں کوئی حرج نہیں۔ یہ تو نوشتۂ تقدیر ہے اور ایک بڑا قتل ہے جو اللہ نے بنی اسرائیل پر لکھ دیا تھا"۔ اس کے بعد وہ بیٹھا اور اس کی گردن مار دی گئی۔

اس واقعہ میں بنو قریظہ کی ایک عورت بھی قتل کی گئی۔ اس نے حضرت خلّاد بن سُوَیْد رضی اللہ عنہ پر چکّی کا پاٹ پھینک کر انہیں قتل کر دیا تھا، اسی کے بدلے اسے قتل کیا گیا۔

رسُول اللہ ﷺ کا حکم تھا کہ جس کے زیر ناف بال آ چکے ہوں اسے قتل کر دیا جائے۔ چونکہ حضرت عطیہ قرظی کو ابھی بال نہیں آئے تھے لہٰذا انہیں زندہ چھوڑ دیا گیا۔ چنانچہ وہ مسلمان ہو کر شرفِ صحابیت سے مشرف ہُوئے۔

حضرت ثابتؓ بن قیس نے گذارش کی کہ زبیر بن باطا اور اس کے اہل و عیال کو ان کے لیے ہبہ کر دیا جائے ——— اس کی وجہ یہ تھی کہ زبیرؓ نے ثابت پر کچھ احسانات کئے تھے ——— ان کی گذارش منظور کر لی گئی۔ اس کے بعد ثابتؓ بن قیس نے زبیر سے کہا کہ رسُول اللہ ﷺ نے تم کو اور تمہارے اہل و عیال کو میرے لیے ہبہ کر دیا ہے اور میں ان سب کو تمہارے حوالے کرتا ہوں۔ (یعنی تم بال بچوں سمیت آزاد ہو۔) لیکن جب زبیر بن باطا کو معلوم ہوا کہ اس کی قوم قتل کر دی گئی ہے تو اس نے کہا: ثابت! تم پر میں نے جو احسان کیا تھا اس کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ مجھے بھی دوستوں تک پہنچا دو۔ چنانچہ اس کی بھی گردن مار کر اسے اس کے یہودی دوستوں تک پہنچا دیا گیا۔ البتہ حضرت ثابتؓ نے زبیر بن باطا کے لڑکے عبدالرحمٰنؓ کو زندہ رکھا، چنانچہ وہ اسلام لا کر شرفِ صحابیت سے مشرف ہُوئے۔ اسی طرح بنو نجّار کی ایک خاتون حضرت اُمّ المنذرؓ سلمیٰ بنت قیس نے گذارش کی کہ سموأل قرظی کے لڑکے رفاعہ کو ان کے لیے ہبہ کر دیا جائے۔ ان کی بھی گذارش منظور ہُوئی اور رفاعہ کو ان کے حوالے کر دیا گیا۔ انہوں نے رفاعہ کو زندہ رکھا اور وہ بھی اسلام لا کر شرفِ صحبت سے مُشرف ہُوئے۔

چند اور افراد نے بھی اسی رات ہتھیار ڈالنے کی کارروائی سے پہلے اسلام قبول کر لیا تھا لہٰذا ان کی بھی جان و مال اور ذریت محفوظ رہی۔ اسی رات عَمْرو نامی ایک اور شخص ——— جس نے بنو قریظہ کی بدعہدی میں شرکت نہ کی تھی ——— باہر نکلا۔ اسے پہرہ داروں کے کمانڈر محمدؓ بن مسلمہ نے دیکھا لیکن پہچان کر چھوڑ دیا۔ پھر معلوم نہیں وہ کہاں گیا ———

بنو قریظہ کے اموال کو رسول اللہ ﷺ نے خمس نکال کر تقسیم فرما دیا۔ شہسوار کو تین حصے دیئے: ایک حصہ اس کا اپنا اور دو حصے گھوڑے کے اور پیدل کو ایک حصہ دیا۔ قیدیوں اور بچوں کو حضرت سعد بن زید انصاری رضی اللہ عنہ کی نگرانی میں نجد بھیج کر ان کے عوض گھوڑے اور ہتھیار خرید لیے۔

رسول اللہ ﷺ نے اپنے لیے بنو قریظہ کی عورتوں میں سے حضرت ریحانہ بنت عمرو بن خنافہ کو منتخب کیا۔ یہ ابن اسحاق کے بقول آپؐ کی وفات تک آپؐ کی ملکیت میں رہیں؛[1] لیکن کلبی کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے انہیں ۶ھ میں آزاد کر کے شادی کر لی تھی۔ پھر جب آپؐ حجۃ الوداع سے واپس تشریف لائے تو ان کا انتقال ہو گیا اور آپؐ نے انہیں بقیع میں دفن فرما دیا۔[2]

جب بنو قریظہ کا کام تمام ہو چکا تو بندۂ صالح حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی اس دعا کی قبولیت کے ظہور کا وقت آگیا جس کا ذکر غزوہ احزاب کے دوران آ چکا ہے؛ چنانچہ ان کا زخم پھوٹ گیا۔ اس وقت وہ مسجد نبوی میں تھے۔ نبی ﷺ نے ان کے لیے وہیں خیمہ لگوا دیا تھا تاکہ قریب ہی سے ان کی عیادت کر لیا کریں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ ان کے سینے کا زخم پھوٹ کر بہا۔ مسجد میں بنو غفار کے بھی چند خیمے تھے۔ وہ یہ دیکھ کر چونکے کہ ان کی جانب خون بہ کر آ رہا ہے۔ انہوں نے کہا: "خیمے والو! یہ کیا ہے جو تمہاری طرف سے ہماری طرف آ رہا ہے؟" دیکھا تو حضرت سعد کے زخم سے خون کی دھار رواں تھی۔ پھر اسی سے ان کی موت واقع ہو گئی۔[3]

صحیحین میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی موت سے رحمان کا عرش ہل گیا۔[4] امام ترمذی نے حضرت انس سے ایک حدیث روایت کی ہے اور اسے صحیح بھی قرار دیا ہے کہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ اٹھایا گیا تو منافقین نے کہا: ان کا جنازہ کس قدر ہلکا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اسے فرشتے اٹھائے ہوئے تھے۔"[5]

بنو قریظہ کے محاصرے کے دوران صرف ایک ہی مسلمان شہید ہوئے جن کا نام خلادؓ بن سوید

---

[1] ابن ہشام ۲/۲۴۵ — [2] تلقیح الفہوم ص ۱۲ — [3] صحیح بخاری ۲/۵۹۱

[4] ایضاً ۱/۵۳۶، صحیح مسلم ۲/۲۹۴، جامع ترمذی ۲/۲۲۵ — [5] جامع ترمذی ۲/۲۲۵

ہے۔ یہ وہی صحابی ہیں جن پر بنو قریظہ کی ایک عورت نے چکی کا پاٹ پھینک مارا تھا۔ ان کے علاوہ حضرت عکاشہ کے بھائی ابوسنان بن محصن نے محاصرے کے دوران وفات پائی۔

جہاں تک حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کا معاملہ ہے تو وہ چھ رات مسلسل ستون سے بندھے رہے۔ ان کی بیوی ہر نماز کے وقت آکر کھول دیتی تھیں اور وہ نماز سے فارغ ہوکر پھر اسی ستون میں بندھ جاتے تھے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ پر صبح دم ان کی توبہ نازل ہوئی۔ اس وقت آپ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے مکان میں تشریف فرما تھے۔ حضرت ابولبابہ کا بیان ہے کہ حضرت اُمّ سلمہؓ نے اپنے حجرے کے دروازے پر کھڑے ہوکر مجھ سے کہا، اے ابولبابہ خوش ہو جاؤ! اللہ نے تمہاری توبہ قبول کر لی۔ یہ سُن کر صحابہ انہیں کھولنے کے لیے اچھل پڑے لیکن انہوں نے انکار کر دیا کہ انہیں رسول اللہ ﷺ کے بجائے کوئی اور نہ کھولے گا۔ چنانچہ جب نبی ﷺ نماز فجر کے لیے نکلے اور وہاں سے گذرے تو انہیں کھول دیا۔

یہ غزوہ ذی قعدہ میں پیش آیا، پچیس روز تک محاصرہ قائم رہا[۵۶] اللہ نے اس غزوہ اور غزوۂ خندق کے متعلق سورۂ احزاب میں بہت سی آیات نازل فرمائیں اور دونوں غزووں کی اہم جزئیات پر تبصرہ فرمایا، مومنین و منافقین کے حالات بیان فرمائے، دشمن کے مختلف گروہوں میں پھوٹ اور پست ہمتی کا ذکر فرمایا اور اہل کتاب کی بدعہدی کے نتائج پر روشنی ڈالی۔

○

[۵۶] ابنِ ہشام ۲/۲۳۷، ۲۳۸ غزوے کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو ابنِ ہشام ۲/۲۳۳ تا ۲۷۳، صحیح بخاری ۲/۵۹۰، ۵۹۱، زاد المعاد ۲/۷۲، ۷۳، ۷۴، مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۲۸۷، ۲۸۸، ۲۸۹، ۲۹۰۔

غزوۂ احزاب و قریظہ کے بعد کی جنگی مہمّات

۱۔ سلام بن ابی الحُقَیق کا قتل

سلام بن ابی الحُقَیق — جس کی کُنیت ابورافع تھی — یہود کے ان اکابر مجرمین میں تھا، جنہوں نے مسلمانوں کے خلاف مشرکین کو ورغلانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا اور مال اور رسد سے ان کی امداد کی تھی[۱] اس کے علاوہ وہ رسُول اللہ ﷺ کو ایذا بھی پہنچاتا تھا؛ اس لیے جب مسلمان بنو قریظہ سے فارغ ہو چکے تو قبیلہ خزرج کے لوگوں نے رسُول اللہ ﷺ سے اس کے قتل کی اجازت چاہی چونکہ اس سے پہلے کعب بن اشرف کا قتل قبیلۂ اوس کے چند صحابہ کے ہاتھوں ہو چکا تھا اس لیے قبیلہ خزرج کی خواہش تھی کہ ایسا ہی کوئی کارنامہ ہم بھی انجام دیں؛ اس لیے انہوں نے اجازت مانگنے میں جلدی کی۔

رسُول اللہ ﷺ نے انہیں اجازت تو دے دی لیکن تاکید فرما دی کہ عورتوں اور بچوں کو قتل نہ کیا جائے۔ اس کے بعد ایک مختصر سا دستہ جو پانچ آدمیوں پر مشتمل تھا اس مہم پر روانہ ہُوا۔ یہ سب کے سب قبیلۂ خزرج کی شاخ بنو سلمہ سے تعلق رکھتے تھے اور ان کے کمانڈر حضرت عبداللہؓ بن عتیک تھے۔

اس جماعت نے سیدھے خیبر کا رُخ کیا کیونکہ ابو رافع کا قلعہ وہیں تھا۔ جب قریب پہنچے تو سُورج غروب ہو چکا تھا اور لوگ اپنے ڈھور ڈنگر لے کر واپس ہو چکے تھے۔ عبداللہؓ بن عتیک نے کہا تم لوگ یہیں ٹھہرو، میں جاتا ہوں اور دروازے کے پہرے دار کے ساتھ کوئی لطیف حیلہ اختیار کرتا ہوں؛ ممکن ہے اندر داخل ہو جاؤں۔ اس کے بعد وہ تشریف لے گئے اور دروازے کے قریب جا کر سر پر کپڑا ڈال کر یوں بیٹھ گئے گویا قضائے حاجت کر رہے ہیں۔ پہرے دار نے زور سے پکار کر کہا: "او اللہ کے بندے! اگر اندر آتا ہے تو آجاؤ ورنہ میں دروازہ بند کر کے جا رہا ہوں۔"

۱۔ دیکھئے فتح الباری ۷/۳۴۳

عبد اللہؓ بن عتیک کہتے ہیں کہ میں اندر گھس گیا اور چھپ گیا۔ جب سب لوگ اندر آ گئے تو پہرے دار نے دروازہ بند کر کے ایک کھونٹی پر چابیاں لٹکا دیں۔ (دیر بعد جب ہر طرف سکون ہو گیا تو) میں نے اٹھ کر چابیاں لیں اور دروازہ کھول دیا۔ ابو رافع بالا خانے میں رہتا تھا اور وہاں مجلس ہوا کرتی تھی۔ جب اہل مجلس چلے گئے تو میں اس کے بالا خانے کی طرف چڑھا۔ میں جو کوئی دروازہ بھی کھولتا تھا اسے اندر کی جانب سے بند کر لیتا تھا۔ میں نے سوچا کہ اگر لوگوں کو میرا پتا لگ بھی گیا تو اپنے پاس ان کے پہنچنے سے پہلے پہلے ابو رافع کو قتل کر لوں گا۔ اس طرح میں اس کے پاس پہنچ تو گیا (لیکن) وہ اپنے بال بچوں کے درمیان ایک تاریک کمرے میں تھا اور مجھے معلوم نہ تھا کہ وہ اس کمرے میں کس جگہ ہے اس لیے میں نے کہا 'ابو رافع! اس نے کہا یہ کون ہے؟ میں نے جھٹ آواز کی طرف لپک کر اس پر تلوار کی ایک ضرب لگائی لیکن میں اس وقت ہڑبڑایا ہوا تھا اس لیے کچھ نہ کر سکا۔ ادھر اس نے زور کی چیخ ماری لہٰذا میں جھٹ کمرے سے باہر نکل گیا اور ذرا دور ٹھہر کر پھر آ گیا اور (آواز بدل کر) بولا' ابو رافع! یہ کیسی آواز تھی؟ اس نے کہا تیری ماں برباد ہو، ایک آدمی نے ابھی مجھے اس کمرے میں تلوار ماری ہے۔ عبد اللہؓ بن عتیک کہتے ہیں کہ اب میں نے ایک زور دار ضرب لگائی جس سے وہ خون میں لت پت ہو گیا لیکن اب بھی میں اسے قتل نہ کر سکا تھا اس لیے میں نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر دبا دی اور وہ اس کی پیٹھ تک جا رہی۔ میں سمجھ گیا کہ میں نے اسے قتل کر لیا ہے اس لیے اب میں ایک ایک دروازہ کھولتا ہوا واپس ہوا اور ایک سیڑھی کے پاس پہنچ کر یہ سمجھتے ہوئے کہ زمین تک پہنچ چکا ہوں پاؤں رکھا تو نیچے گر پڑا۔ چاندنی رات تھی، پنڈلی سرک گئی؛ میں نے پگڑی سے اسے کس کر باندھا اور دروازے پر آ کر بیٹھ گیا اور جی ہی جی میں کہا کہ آج جب تک کہ یہ معلوم نہ ہو جائے کہ میں نے اسے قتل کر لیا ہے یہاں سے نہیں نکلوں گا۔ چنانچہ جب مرغ نے بانگ دی تو موت کی خبر دینے والا قلعے کی فصیل پر چڑھا اور بلند آواز سے پکارا کہ میں اہلِ حجاز کے تاجر ابو رافع کی موت کی اطلاع دے رہا ہوں۔ اب میں اپنے ساتھیوں کے پاس پہنچا اور کہا بھاگ چلو۔ اللہ نے ابو رافع کو کیفرِ کردار تک پہنچا دیا۔ چنانچہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ سے واقعہ بیان کیا تو آپؐ نے فرمایا' اپنا پاؤں پھیلاؤ۔ میں نے اپنا پاؤں پھیلایا۔ آپؐ نے اس پر اپنا دستِ مبارک پھیرا اور ایسا لگا گویا کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔[۲]

(حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

یہ صحیح بخاری کی روایت ہے۔ ابنِ اسحاق کی روایت یہ ہے کہ ابو رافع کے گھر میں پانچوں صحابہ کرامؓ گھسے تھے اور سب نے اس کے قتل میں شرکت کی تھی اور جس صحابی نے اس کے اوپر تلوار کا بوجھ ڈال کر قتل کیا تھا وہ حضرت عبداللہؓ بن انیس تھے۔ اس روایت میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ان لوگوں نے جب رات میں ابو رافع کو قتل کر لیا اور عبداللہؓ بن عتیک کی پنڈلی ٹوٹ گئی تو انہیں اٹھا لائے اور قلعہ کی دیوار کے آر پار ایک جگہ چشمے کی نہر گئی ہوئی تھی اسی میں گھس گئے۔ ادھر یہود نے آگ جلائی اور ہر طرف دوڑ دوڑ کر دیکھا۔ جب مایوس ہو گئے تو مقتول کے پاس واپس آ گئے۔ صحابہ کرامؓ واپس ہوئے تو حضرت عبداللہؓ بن عتیک کو لاد کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لے آئے۔[3]

اس سریّہ کی روانگی ذی قعدہ یا ذی الحجہ ۵ھ میں زیرِ عمل آئی تھی۔[4]

جب رسول اللہ ﷺ احزاب اور قریظہ کی جنگوں سے فارغ ہو گئے اور جنگی مجرمین سے نمٹ چکے تو ان قبائل اور اعراب کے خلاف تادیبی حملے شروع کئے جو امن و سلامتی کی راہ میں سنگِ گراں بنے ہوئے تھے اور قوتِ قاہرہ کے بغیر پُرسکون نہیں رہ سکتے تھے۔ ذیل میں اس سلسلے کے سرایا اور غزوات کا اجمالی ذکر کیا جا رہا ہے۔

۱۔ سریّہ محمد بن مسلمہؓ

احزاب و قریظہ کی جنگوں سے فراغت کے بعد یہ پہلا سریہ ہے جس کی روانگی عمل میں آئی۔ یہ تیس آدمیوں کی مختصر سی نفری پر مشتمل تھا۔

اس سریہ کو نجد کے اندر بکرات کے علاقہ میں ضریہ کے آس پاس قرطاء نامی مقام پر بھیجا گیا تھا۔ ضریہ اور مدینہ کے درمیان سات رات کا فاصلہ ہے۔ روانگی ۱۰ محرم ۶ھ کو عمل میں آئی تھی اور نشانہ بنو بکر بن کلاب کی ایک شاخ تھی۔ مسلمانوں نے چھاپہ مارا تو دشمن کے سارے افراد بھاگ نکلے۔ مسلمانوں نے چوپائے اور بکریاں ہانک لیں اور محرم میں ایک دن باقی تھا کہ مدینہ آ گئے۔ یہ لوگ بنو حنیفہ کے سردار ثمامہ بن اثال حنفی کو بھی گرفتار کر لائے تھے۔ وہ مسیلمہ کذاب کے

---

[2] (گذشتہ سے پیوستہ) صحیح بخاری ۲/۵۷۷ [3] ابن ہشام ۲/۲۷۴، ۲۷۵
[4] رحمۃ للعالمین ۲/۲۲۳ اور غزوہ احزاب میں مذکور دوسرے مآخذ۔

حکم سے بھیس بدل کر نبی ﷺ کو قتل کرنے نکلے تھے[۵] لیکن مسلمانوں نے انہیں گرفتار کر لیا اور مدینہ لا کر مسجد نبوی کے ایک کھمبے سے باندھ دیا۔ نبی ﷺ تشریف لائے تو دریافت فرمایا "ثمامہ تمہارے نزدیک کیا ہے"؟ انہوں نے کہا: "اے محمدؐ! میرے نزدیک خیر ہے۔ اگر تم قتل کرو تو ایک خون والے کو قتل کرو گے اور اگر احسان کرو تو ایک قدر دان پر احسان کرو گے اور اگر مال چاہتے ہو تو جو چاہو مانگ لو۔" اس کے بعد آپؐ نے انہیں اسی حال میں چھوڑ دیا۔ پھر آپ دوبارہ گذرے تو پھر وہی سوال کیا اور ثمامہ نے پھر وہی جواب دیا۔ اس کے بعد آپؐ تیسری بار گذرے تو پھر وہی سوال وجواب ہُوا۔ اس کے بعد آپؐ نے صحابہ سے فرمایا کہ ثمامہ کو آزاد کر دو۔ انہوں نے آزاد کر دیا۔ ثمامہ مسجد نبوی کے قریب کھجور کے ایک باغ میں گئے۔ غسل کیا اور آپؐ کے پاس واپس آکر مشرف باسلام ہو گئے۔ پھر کہا: "خدا کی قسم! روئے زمین پر کوئی چہرہ میرے نزدیک آپؐ کے چہرے سے زیادہ مبغوض نہ تھا لیکن اب آپؐ کا چہرہ دوسرے تمام چہروں سے زیادہ محبوب ہو گیا ہے۔ اور خدا کی قسم روئے زمین پر کوئی دین میرے نزدیک آپ کے دین سے زیادہ مبغوض نہ تھا مگر اب آپؐ کا دین دوسرے تمام ادیان سے زیادہ محبوب ہو گیا ہے۔ آپؐ کے سواروں نے مجھے اس حالت میں گرفتار کیا تھا کہ میں عمرہ کا ارادہ کر رہا تھا۔" رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا "خوش رہو! اور حکم دیا کہ عمرہ کر لیں۔ جب وہ دیارِ قریش میں پہنچے تو انہوں نے کہا کہ ثمامہ! تم بد دین ہو گئے ہو؟ ثمامہ نے کہا: نہیں! بلکہ میں محمد ﷺ کے ہاتھ پر مسلمان ہو گیا ہوں؛ اور سنو! خدا کی قسم تمہارے پاس یمامہ سے گیہوں کا ایک دانہ نہیں آسکتا جب تک کہ رسُول اللہ ﷺ اس کی اجازت نہ دے دیں۔ یمامہ اہلِ مکہ کے لیے کھیت کی حیثیت رکھتا تھا۔ حضرت ثمامہؓ نے وطن واپس جا کر مکہ کے لیے غلہ کی روانگی بند کر دی جس سے قریش سخت مشکلات میں پڑ گئے اور رسُول اللہ ﷺ کو قرابت کا واسطہ دیتے ہُوئے لکھا کہ ثمامہؓ کو لکھ دیں کہ وہ غلّے کی روانگی بند نہ کریں۔ رسُول اللہ ﷺ نے ایسا ہی کیا[۶]

۳۔ غزوۂ بنو لحیان

بنو لحیان وہی ہیں جنہوں نے مقام رجیع میں دس صحابہ کرامؓ کو دھوکے سے گھیر کر آٹھ کو قتل کر دیا تھا اور دوؓ کو اہلِ مکہ کے ہاتھوں فروخت

---

۵ سیرتِ حلبیہ ۲/۲۹۷ ۶ زاد المعاد ۲/۱۱۹ مختصر السیرۃ للشیخ عبداللہ ص ۲۹۲، ۲۹۳

کر دیا تھا جہاں وہ بے دردی سے قتل کر دیئے گئے تھے۔ لیکن چونکہ ان کا علاقہ حجاز کے اندر بہت دور حدودِ مکہ سے قریب واقع تھا، اور اس وقت مسلمانوں اور قریش واعراب کے درمیان سخت کشاکش برپا تھی اس لیے رسول اللہ ﷺ اس علاقے میں بہت اندر تک گھس کر "بڑے دشمن" کے قریب چلے جانا مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ لیکن جب کفار کے مختلف گروہوں کے درمیان پھوٹ پڑ گئی، ان کے عزائم کمزور پڑ گئے اور انہوں نے حالات کے سامنے بڑی حد تک گھٹنے ٹیک دیئے تو آپؐ نے محسوس کیا کہ اب بنو لحیان سے رجیع کے مقتولین کا بدلہ لینے کا وقت آگیا ہے۔ چنانچہ آپ نے ربیع الاول یا جمادی الاولیٰ ۶ھ میں دو سو صحابہؓ کی معیت میں ان کا رُخ کیا، مدینے میں حضرت ابن اُمِ مکتومؓ کو اپنا جانشین بنایا اور ظاہر کیا کہ آپؐ ملک شام کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس کے بعد آپؐ یلغار کرتے ہوئے امج اور عسفان کے درمیان بطن غران نامی ایک وادی میں ـــــ جہاں آپ کے صحابہ کرامؓ کو شہید کیا گیا تھا ـــــ پہنچے اور ان کے لیے رحمت کی دعائیں کیں۔ ادھر بنو لحیان کو آپؐ کی آمد کی خبر ہو گئی تھی، اس لیے وہ پہاڑ کی چوٹیوں پر نکل بھاگے اور ان کا کوئی بھی آدمی گرفت میں نہ آسکا۔ آپؐ نے ان کی سرزمین میں دو روز قیام فرمایا۔ اس دوران سریے بھی بھیجے لیکن بنو لحیان نہ مل سکے۔ اس کے بعد آپؐ نے عسفان کا قصد کیا اور وہاں سے دس شہسوار کراع الغمیم بھیجے تاکہ قریش کو بھی آپ کی آمد کی خبر ہو جائے۔ اس کے بعد آپ کُل چودہ دن مدینے سے باہر گذار کر مدینہ واپس آگئے۔

اس مہم سے فارغ ہو کر رسول اللہ ﷺ نے پے درپے فوجی مہمات اور سریّے روانہ فرمائے۔ ذیل میں ان کا مختصراً ذکر کیا جارہا ہے۔

۴۔ سریۂ غمر

ربیع الاوّل یا ربیع الآخر ۶ھ میں حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کو چالیس افراد کی کمان دے کر مقام غمر کی جانب روانہ کیا گیا۔ یہ بنو اسد کے ایک چشمے کا نام ہے۔ مسلمانوں کی آمد سن کر دشمن بھاگ گیا اور مسلمان ان کے دو سو اونٹ مدینہ ہانک لائے۔

۵۔ سریۂ ذوالقصہ (۱)

اسی ربیع الاوّل یا ربیع الآخر ۶ھ میں حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کی سربراہی میں دس افراد کا ایک دستہ ذوالقصہ کی جانب روانہ کیا گیا۔ یہ مقام بنو ثعلبہ کے دیار میں واقع تھا۔ دشمن جس کی تعداد ایک سو تھی کمین گاہ میں چھپ گیا اور

جب صحابہ کرامؓ سو گئے تو اچانک حملہ کر کے انہیں قتل کر دیا۔ صرف محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ بچ نکلنے میں کامیاب ہو سکے اور وہ بھی زخمی ہو کر۔

۶۔ سریّۂ ذو القصہ (۲) محمدؓ بن مسلمہ کے رفقاء کی شہادت کے بعد ربیع الآخر ۶ھ ہی میں نبی ﷺ نے حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کو ذو القصہ کی جانب روانہ فرمایا۔ انہوں نے چالیس افراد کی نفری لے کر مذکورہ صحابہؓ کرام کی شہادت گاہ کا رُخ کیا اور رات بھر پیدل سفر کر کے علی الصباح بنو ثعلبہ کے دیار میں پہنچتے ہی چھاپہ مار دیا۔ لیکن بنو ثعلبہ اس تیزی سے پہاڑوں میں بھاگے کہ مسلمانوں کی گرفت میں نہ آ سکے۔ صرف ایک آدمی پکڑا گیا اور وہ مسلمان ہو گیا۔ البتہ مویشی اور بکریاں ہاتھ آئیں۔

۷۔ سریّۂ جموم یہ سریہ زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے زیر قیادت ربیع الآخر ۶ھ میں جموم کی جانب روانہ کیا گیا۔ جموم، مرّ الظہران (موجودہ وادی فاطمہ) میں بنو سُلیم کے ایک چشمے کا نام ہے۔ حضرت زیدؓ وہاں پہنچے تو قبیلہ مُزینہ کی ایک عورت جس کا نام حلیمہ تھا گرفت میں آ گئی۔ اس نے بنو سُلیم کے ایک مقام کا پتا بتایا جہاں سے بہت مویشی، بکریاں اور قیدی ہاتھ آئے۔ حضرت زیدؓ یہ سب لے کر مدینہ واپس آئے۔ رسُول اللہ ﷺ نے اس مُزنی عورت کو آزاد کر کے اس کی شادی کر دی۔

۸۔ سریّۂ عیص یہ سریہ ایک سو ستّر سواروں پر مشتمل تھا اور اسے بھی حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے زیر قیادت جمادی الاولیٰ ۶ھ میں عیص کی جانب روانہ کیا گیا تھا۔ اس مہم میں قریش کے ایک قافلے کا مال ہاتھ آیا جو رسُول اللہ ﷺ کے داماد حضرت ابو العاص کی قیادت میں سفر کر رہا تھا۔ ابو العاص اس وقت تک مسلمان نہ ہُوئے تھے۔ وہ گرفتار تو نہ ہو سکے لیکن بھاگ کر سیدھے مدینہ پہنچے اور حضرت زینبؓ کی پناہ لے کر ان سے کہا کہ وہ رسُول اللہ ﷺ سے کہہ کر قافلے کا مال واپس دلا دیں۔ حضرت زینبؓ نے رسُول اللہ ﷺ کے سامنے یہ بات پیش کی تو آپؐ نے کسی طرح کا دباؤ ڈالے بغیر صحابہؓ کرام سے اشارہ کیا کہ مال واپس کر دیں۔ صحابہ کرامؓ نے تھوڑا زیادہ اور چھوٹا بڑا جو کچھ تھا سب واپس کر دیا۔ ابو العاصؓ سارا مال لے کر مکہ پہنچے امانتیں ان کے مالکوں کے حوالے کیں، پھر مسلمان ہو کر مدینہ تشریف لائے۔ رسُول اللہ ﷺ نے پہلے ہی نکاح کی بنیاد پر حضرت زینبؓ کو ان کے حوالہ کر دیا، جیسا کہ صحیح حدیث سے ثابت ہے۔[۵]

---

۵ دیکھئے سنن ابی داؤد مع شرح عون المعبود، باب الی متی ترد علیہ امرأتہ اذا اسلم بعدہا

آپؐ نے پہلے ہی نکاح کی بنیاد پر اس لیے حوالہ کر دیا تھا کہ اس وقت تک کفار پر مسلمان عورتوں کے حرام کیے جانے کا حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ اور ایک حدیث میں یہ جو آیا ہے کہ آپؐ نے نکاح جدید کے ساتھ رخصت کیا تھا یا یہ کہ چھ برس کے بعد رخصت کیا تھا تو یہ نہ معنیً صحیح ہے نہ سنداً[۸] بلکہ دونوں لحاظ سے ضعیف ہے۔ اور جو لوگ اسی ضعیف حدیث کے قائل ہیں وہ ایک عجیب متضاد بات کہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ابوالعاص ۸ھ کے اواخر میں فتح مکہ سے کچھ پہلے مسلمان ہوئے تھے۔ پھر یہ بھی کہتے ہیں کہ ۸ھ کے اوائل میں حضرت زینبؓ کا انتقال ہو گیا تھا حالانکہ اگر یہ دونوں باتیں صحیح مان لی جائیں تو تضاد بالکل واضح ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایسی صورت میں ابوالعاص کے اسلام لانے اور ہجرت کر کے مدینہ پہنچنے کے وقت حضرت زینبؓ زندہ ہی کہاں تھیں کہ انہیں ان کے پاس نکاحِ جدید یا نکاحِ قدیم کی بنیاد پر ابوالعاصؓ کے حوالے کیا جاتا۔ ہم نے اس موضوع پر بلوغ المرام کی تعلیق میں بسط سے گفتگو کی ہے۔

مشہور صاحب مغازی موسیٰ بن عقبہ کا رجحان اس طرف ہے کہ یہ واقعہ ۷ھ میں ابوبصیر اور ان کے رفقاء کے ہاتھوں پیش آیا تھا لیکن یہ نہ حدیث صحیح کے موافق ہے نہ حدیث ضعیف کے۔

۹۔ سریۂ طرف یا طرق

یہ سریّہ بھی حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی قیادت میں جمادی الآخرہ میں طرف یا طرق نامی مقام کی طرف روانہ کیا گیا۔ یہ مقام بنو ثعلبہ کے علاقہ میں تھا۔ حضرت زیدؓ کے ساتھ صرف پندرہ آدمی تھے لیکن بدوؤں نے خبر پاتے ہی راہ فرار اختیار کی۔ انہیں خطرہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ حضرت زید کو چار اونٹ ہاتھ لگے اور وہ چار روز بعد واپس آئے۔

۱۰۔ سریۂ وادی القریٰ

یہ سریّہ بارہ آدمیوں پر مشتمل تھا اور اس کے کمانڈر بھی حضرت زیدؓ ہی تھے۔ وہ رجب ۶ھ میں وادی القریٰ کی جانب روانہ ہوئے۔ مقصد دشمن کی نقل و حرکت کا پتا لگانا تھا مگر وادی القریٰ کے باشندوں نے ان پر حملہ کر کے نو صحابہ کو شہید کر دیا اور صرف تین بچ سکے جن میں ایک خود حضرت زید رضی اللہ عنہ تھے[۹]۔

۱۱۔ سریۂ خبط

اس سریّہ کا زمانہ رجب ۸ھ بتایا جاتا ہے مگر سیاق بتاتا ہے کہ یہ حدیبیہ

---

۸ دونوں حدیثوں پر کلام کے لیے ملاحظہ ہو تحفۃ الاحوذی ۲/ ۱۹۵، ۱۹۶

۹ رحمۃ للعالمین ۲/ ۲۲۶، ان سرایا کی تفصیلات رحمۃ للعالمین، زاد المعاد ۲/ ۱۲۰، ۱۲۱، ۱۲۲ اور تلقیح فہوم اہل الاثر کے حواشی ص ۲۸، ۲۹ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

سے پہلے کا واقعہ ہے۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے ہمارے تین سو سواروں کی جمعیت روانہ فرمائی۔ ہمارے امیر ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ تھے۔ قریش کے ایک قافلہ کا پتا لگانا تھا۔ ہم اس مہم کے دوران سخت بھوک سے دوچار ہوئے یہاں تک کہ پتے جھاڑ جھاڑ کر کھانا پڑے۔ اسی لیے اس کا نام جیش خبط پڑ گیا (خبط جھاڑے جانے والے پتوں کو کہتے ہیں۔) آخر ایک آدمی نے تین اونٹ ذبح کیے، پھر تین اونٹ ذبح کیے، پھر تین اونٹ ذبح کیے، لیکن اس کے بعد ابو عبیدہؓ نے اسے منع کر دیا۔ پھر اس کے بعد ہی سمندر نے عنبر نامی ایک مچھلی پھینک دی جس سے ہم آدھے مہینے تک کھاتے رہے اور اس کا تیل بھی لگاتے رہے، یہاں تک کہ ہمارے جسم پہلی حالت پر پلٹ آئے اور تندرست ہو گئے۔ ابو عبیدہؓ نے اس کی پسلی کا ایک کانٹا لیا اور لشکر کے اندر سب سے لمبے آدمی اور سب سے لمبے اونٹ کو دیکھ کر آدمی کو اس پر سوار کیا اور وہ (سوار ہو کر) کانٹے کے نیچے سے گذر گیا۔ ہم نے اس کے گوشت کے کچھ ٹکڑے توشہ کے طور پر رکھ لیے اور جب مدینہ پہنچے تو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا تذکرہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا: "یہ ایک رزق ہے، جو اللہ نے تمہارے لیے برآمد کیا تھا۔ اس کا گوشت تمہارے پاس ہو تو ہمیں بھی کھلاؤ۔" ہم نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں کچھ گوشت بھیج دیا۔[۲۱] واقعہ کی تفصیل ختم ہوئی۔

اُوپر جو یہ کہا گیا ہے کہ اس واقعے کا سیاق بتاتا ہے کہ یہ حدیبیہ سے پہلے کا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ صلح حدیبیہ کے بعد مسلمان قریش کے کسی قافلے سے تعرض نہیں کرتے تھے۔

○

---

۲۱ صحیح بخاری ۲/۶۲۵، ۶۲۶ صحیح مسلم ۲/۱۴۵، ۱۴۶

غزوۂ بنی المصطلق یا غزوۂ مُریسیع (۵ یا ۶ سنہ ھ)

یہ غزوہ جنگی نقطۂ نظر سے کوئی بھاری بھرکم غزوہ نہیں ہے مگر اس حیثیت سے اس کی بڑی اہمیت ہے کہ اس میں چند واقعات ایسے رُونما ہوئے جن کی وجہ سے اسلامی معاشرے میں اضطراب اور ہلچل مچ گئی اور جس کے نتیجے میں ایک طرف منافقین کا پردہ فاش ہوا تو دوسری طرف ایسے تعزیری قوانین نازل ہُوئے جن سے اسلامی معاشرے کو شرف و عظمت اور پاکیزگی نفس کی ایک خاص شکل عطا ہوئی۔ ہم پہلے غزوے کا ذکر کریں گے اس کے بعد ان واقعات کی تفصیل پیش کریں گے۔

یہ غزوہ ــــ اہل سیر کے بقول شعبان ۵ھ یا ۶ھ[1] میں پیش آیا۔ اس کی وجہ یہ ہُوئی کہ نبی ﷺ کو یہ اطلاع ملی کہ بنو المصطلق کا سردار حارث بن ابی ضرار آپؐ سے جنگ کے لیے

---

[1] اس کی دلیل یہ دی جاتی ہے کہ اسی غزوہ سے واپسی میں افک (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر جھوٹی تہمت لگائے جانے) کا واقعہ پیش آیا۔ اور معلوم ہے کہ یہ واقعہ حضرت زینبؓ سے نبی ﷺ کی شادی اور مسلمان عورتوں کے لیے پردے کا حکم نازل ہو چکنے کے بعد پیش آیا تھا۔ چونکہ حضرت زینبؓ کی شادی ۵ھ کے بالکل اخیر میں یعنی ذی قعدہ یا ذی الحجہ ۵ھ میں ہوئی تھی اور اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ یہ غزوہ شعبان ہی کے مہینے میں پیش آیا تھا اس لیے یہ ۵ھ کا شعبان نہیں بلکہ ۶ھ ہی کا شعبان ہو سکتا ہے۔ دوسری طرف جو لوگ اس غزوہ کا زمانہ شعبان ۵ھ بتاتے ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ حدیثِ افک کے اندر اصحابِ افک کے سلسلے میں حضرت سعد بن معاذ اور سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما کے درمیان سخت کلامی کا ذکر موجود ہے۔ اور معلوم ہے کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ۵ھ کے اخیر میں غزوۂ بنو قریظہ کے بعد انتقال کر گئے تھے اس لیے واقعہ افک کے وقت ان کی موجودگی اس بات کی دلیل ہے کہ یہ واقعہ ــــ اور یہ غزوہ ــــ ۶ھ میں نہیں بلکہ ۵ھ میں پیش آیا۔

اس کا جواب فریقِ اوّل نے یہ دیا ہے کہ حدیث افک میں حضرت سعد بن معاذؓ کا ذکر راوی کا وہم ہے کیونکہ یہی حدیث حضرت عائشہؓ سے ابن اسحاقؒ نے بہ سند زہری عن عبد اللہ بن عتبہ عن عائشہؓ روایت کی ہے تو اس میں سعدؓ بن معاذ کے بجائے اسید بن حضیرؓ کا ذکر ہے۔ چنانچہ امام ابو محمد بن حزم فرماتے ہیں کہ بلاشبہ یہی صحیح ہے اور سعدؓ بن معاذ کا ذکر وہم ہے۔ (دیکھئے زاد المعاد ۲/۱۱۵)

راقم عرض پرداز ہے کہ گو فریق اول کا استدلال خاصا وزن رکھتا ہے (اور اسی لیے ابتداءً ہمیں بھی اسی سے اتفاق تھا۔) (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو)

اپنے قبیلے اور کچھ دوسرے عربوں کو ساتھ لے کر آرہا ہے۔ آپؐ نے بریدہ بن حصیب اسلمی رضی اللہ عنہ کو تحقیق حال کیلئے روانہ فرمایا۔ انہوں نے اس قبیلے میں جا کر حارث بن ابی ضرار سے ملاقات اور بات چیت کی اور واپس آکر رسول اللہ ﷺ کو حالات سے باخبر کیا۔

جب آپؐ کو خبر کی صحت کا اچھی طرح یقین آگیا تو آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو تیاری کا حکم دیا اور بہت جلد روانہ ہوگئے۔ روانگی ۲؍ شعبان کو ہوئی۔ اس غزوے میں آپؐ کے ہمراہ منافقین کی بھی ایک جماعت تھی جو اس سے پہلے کسی غزوے میں نہیں گئی تھی۔ آپؐ نے مدینہ کا انتظام حضرت زیدؓ بن حارثہ کو (اور کہا جاتا ہے کہ حضرت ابوذرؓ کو، اور کہا جاتا ہے کہ نمیلہؓ بن عبداللہ لیثی کو) سونپا تھا۔ حارث بن ابی ضرار نے اسلامی لشکر کی خبر لانے کے لیے ایک جاسوس بھیجا تھا لیکن مسلمانوں نے اسے گرفتار کرکے قتل کر دیا۔

جب حارث بن ابی ضرار اور اسکے رفقاء کو رسول اللہ ﷺ کی روانگی اور اپنے جاسوس کے قتل کیے جانے کا علم ہوا تو وہ سخت خوفزدہ ہوئے اور جو عرب ان کے ساتھ تھے وہ سب بکھر گئے۔ رسول اللہ ﷺ چشمہ مریسیع[2] تک پہنچے تو بنو مصطلق آمادۂ جنگ ہوگئے۔ رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ نے بھی صف بندی کر لی۔ پورے اسلامی لشکر کے علمبردار حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے اور خاص انصار کا پھریرا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں تھا۔ کچھ دیر فریقین میں تیروں کا تبادلہ ہوا، اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کے حکم سے صحابہ کرامؓ نے یکبارگی حملہ کیا، اور فتح یاب ہوگئے۔ مشرکین نے شکست کھائی، کچھ مارے گئے، عورتوں اور بچوں کو قید کر لیا گیا، مویشی اور بکریاں بھی ہاتھ آئیں۔ مسلمانوں کا صرف ایک آدمی مارا گیا جسے ایک انصاری نے دشمن کا آدمی سمجھ کر مار دیا تھا۔

اس غزوے کے متعلق اہلِ سیر کا بیان یہی ہے لیکن علامہ ابنِ قیم نے لکھا ہے کہ یہ وہم ہے،

(نوٹ گذشتہ سے پیوستہ) ـــــ لیکن غور کیجئے تو معلوم ہوگا کہ اس استدلال کا مرکزی نقطہ یہ ہے کہ نبی ﷺ سے حضرت زینبؓ کی شادی ۵ھ کے اخیر میں ہوئی تھی درآنحالیکہ اس پر بعض قرائن کے سوا کوئی ٹھوس شہادت موجود نہیں ہے۔ جبکہ واقعۂ افک میں اور اس کے بعد حضرت سعدؓ بن معاذ (متوفی ۵ھ) کی موجودگی متعدد صحیح روایات سے ثابت ہے جنہیں وہم قرار دینا مشکل ہے۔ اس لیے ایسا کیوں نہیں ہوسکتا کہ حضرت زینبؓ کی شادی ۵ھ کے اوائل میں ہوئی ہو اور واقعہ افک ـــــ اور غزوۂ بنی المصطلق ـــــ شعبان ۵ھ میں پیش آیا ہو۔

[2] مُرَیْسِیع۔ م پر پیش۔ اور ر پر زبر۔ قدید کے اطراف میں ساحل سمندر کے قریب بنو مصطلق کے ایک چشمے کا نام تھا۔

کیونکہ اس غزوے میں لڑائی نہیں ہوئی تھی بلکہ آپ نے چشمے کے پاس ان پر چھاپہ مار کر عورتوں بچوں اور مال مویشی پر قبضہ کر لیا تھا جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بنو المصطلق پر چھاپہ مارا اور وہ غافل تھے۔ الی آخر الحدیث[۳]

قیدیوں میں حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں جو بنو المصطلق کے سردار حارث بن ابی ضرار کی بیٹی تھیں۔ وہ ثابت بن قیس کے حصے میں آئیں۔ ثابت نے انہیں مکاتب[۴] بنا لیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ان کی جانب سے مقررہ رقم ادا کر کے ان سے شادی کر لی۔ اس شادی کی وجہ سے مسلمانوں نے بنو المصطلق کے ایک سو گھرانوں کو جو مسلمان ہو چکے تھے آزاد کر دیا۔ کہنے لگے کہ یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے سسرال کے لوگ ہیں[۵]

یہ ہے اس غزوے کی رُوداد۔ باقی رہے وہ واقعات جو اس غزوے میں پیش آئے تو چونکہ ان کی بنیاد عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین اور اس کے رفقاء تھے اس لئے بیجا نہ ہوگا کہ پہلے اسلامی معاشرے کے اندر ان کے کردار اور رویے کی ایک جھلک پیش کر دی جائے اور بعد میں واقعات کی تفصیل دی جائے۔

غزوہ بنی المصطلق سے پہلے منافقین کا رویہ

ہم کئی بار ذکر کر چکے ہیں کہ عبداللہ بن ابی کو اسلام اور مسلمانوں سے عموماً اور رسول اللہ ﷺ سے خصوصاً بڑی کد تھی چونکہ اوس وخزرج اس کی قیادت پر متفق ہو چکے تھے اور اس کی تاجپوشی کے لیے مونگوں کا تاج بنایا جا رہا تھا کہ اتنے میں مدینہ کے اندر اسلام کی شعاعیں پہنچ گئیں اور لوگوں کی توجہ ابنِ اُبَیّ سے ہٹ گئی اس لیے اسے احساس تھا کہ رسُول اللہ ﷺ نے اس کی بادشاہت چھین لی ہے۔

اس کی یہ کد اور جلن ابتدائے ہجرت ہی سے واضح تھی جبکہ ابھی اس نے اسلام کا اظہار بھی نہیں کیا تھا۔ پھر اسلام کا اظہار کرنے کے بعد بھی اس کی یہی روش رہی۔ چنانچہ اس کے اظہار اسلام سے پہلے ایک بار رسول اللہ ﷺ گدھے پر سوار حضرت سعدؓ بن عبادہ کی عیادت کے لیے تشریف لے جا رہے

---

[۳] دیکھئے صحیح بخاری کتاب العتق ۱/۳۴۵ فتح الباری ۷/۴۳۱

[۴] مکاتب اس غلام یا لونڈی کو کہتے ہیں جو اپنے مالک سے یہ طے کر لے کہ وہ ایک مقررہ رقم مالک کو ادا کر کے آزاد ہو جائیگا۔

[۵] زاد المعاد ۲/۱۱۲، ۱۱۳، ابنِ ہشام ۲/۲۸۹، ۲۹۰، ۲۹۴، ۲۹۵،

تھے کہ راستے میں ایک مجلس سے گذر ہوا جس میں عبداللہ بن اُبی بھی تھا۔ اس نے اپنی ناک ڈھک لی اور بولا، ہم پر غبار نہ اڑاؤ۔ پھر جب رسُول اللہ ﷺ نے اہل مجلس پر قرآن کی تلاوت فرمائی تو کہنے لگا: "آپ اپنے گھر میں بیٹھئے، ہماری مجلس میں قرآن سُنا سُنا کر ہمیں تنگ نہ کیجئے۔"[۶]

یہ اظہارِ اسلام سے پہلے کی بات ہے، لیکن جنگِ بدر کے بعد جب اس نے ہوا کا رُخ دیکھ کر اسلام کا اظہار کیا تب بھی وہ اللہ، اس کے رسُول اور اہل ایمان کا دشمن ہی رہا اور اسلامی معاشرے میں انتشار برپا کرنے اور اسلام کی آواز کمزور کرنے کی مسلسل تدبیریں سوچتا رہا۔ وہ اعدائے اسلام سے بڑا مخلصانہ ربط رکھتا تھا چنانچہ بنو قینقاع کے معاملے میں نہایت نامعقول طریقے سے دخل اندازہوا تھا۔ (جس کا ذکر پچھلے صفحات میں آچکا ہے) اسی طرح اس نے غزوۂ اُحُد میں بھی شر، بدعہدی مسلمانوں میں تفریق اور ان کی صفوں میں بے چینی و انتشار اور کھلبلی پیدا کرنے کی کوششیں کی تھیں۔ (اس کا بھی ذکر گذر چکا ہے)

اس منافق کے مکروفریب کا یہ عالم تھا کہ یہ اپنے اظہارِ اسلام کے بعد ہر جمعہ کو جب رسُول اللہ ﷺ خطبہ دینے کے لیے تشریف لاتے تو پہلے خود کھڑا ہو جاتا اور کہتا: "لوگو! یہ تمہارے درمیان اللہ کے رسول ہیں۔ اللہ نے ان کے ذریعے تمہیں عزت و احترام بخشا ہے لہٰذا ان کی مدد کرو، انہیں قوت پہنچاؤ اور ان کی بات سنو اور مانو۔" اس کے بعد بیٹھ جاتا اور رسُول اللہ ﷺ اُٹھ کر خطبہ دیتے۔ پھر اس کی ڈھٹائی اور بے حیائی اس وقت انتہا کو پہنچ گئی جب جنگِ اُحد کے بعد پہلا جمعہ آیا کیونکہ — یہ شخص اس جنگ میں اپنی بدترین دغا بازی کے باوجود خطبہ سے پہلے — پھر کھڑا ہو گیا اور وہی باتیں دہرانی شروع کیں جو اس سے پہلے کہا کرتا تھا، لیکن اب کی بار مسلمانوں نے مختلف اطراف سے اس کے کپڑوں کو پکڑ کر کہا: "او اللہ کے دشمن بیٹھ جا۔ تو نے جو جو حرکتیں کی ہیں اس کے بعد اب تو اس لائق نہیں رہ گیا ہے۔" اس پر وہ لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا اور یہ بڑبڑاتا ہوا باہر نکل گیا کہ میں ان صاحب کی تائید کے لیے اٹھا تو معلوم ہوتا ہے کہ میں نے کوئی مجرمانہ بات کہہ دی۔ اتفاق سے دروازے پر ایک انصاری سے ملاقات ہو گئی۔ انہوں نے کہا تیری بربادی ہو واپس چل! رسُول اللہ ﷺ تیرے لیے دُعاءِ مغفرت کر دیں گے۔ اس نے کہا خدا کی قسم میں نہیں چاہتا کہ وہ میرے لیے دعاءِ مغفرت کریں۔[۷]

---

[۶] ابنِ ہشام ۱/۵۸۴، ۵۸۷ صحیح بخاری ۲/۹۲۴ صحیح مسلم ۲/۱۰۹ [۷] ابن ہشام ۲/۱۰۵

علاوہ ازیں ابن اُبَیّ نے بنونضیر سے بھی رابطہ قائم کر رکھا تھا اور ان سے مل کر مسلمانوں کے خلاف درپردہ سازشیں کیا کرتا تھا۔

اسی طرح ابن اُبَیّ اور اس کے رفقاء نے جنگ خندق میں مسلمانوں کے اندر اضطراب اور کھلبلی مچانے اور انہیں مرعوب و دہشت زدہ کرنے کے لیے طرح طرح کے جتن کیے تھے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورہ احزاب کی حسب ذیل آیات میں کیا ہے:

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ○ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ○ وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ○ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ۭ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ○ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ○ قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۭ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ○ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ○ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۖ فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِيْ يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ○ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِي الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا قَلِيْلًا ○ (۳۳: ۱۲ تا ۲۰)

"اور جب منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے کہہ رہے تھے کہ ہم سے اللہ اور اسکے رسول نے جو وعدہ کیا تھا وہ محض فریب تھا، اور جب ان میں سے ایک گروہ کہہ رہا تھا کہ اے یثرب والو! اب تمہارے لیے ٹھہرنے کی گنجائش نہیں لہٰذا پلٹ چلو۔ اور ان کا ایک فریق یہ کہہ کر نبی سے اجازت طلب کر رہا تھا کہ ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں (یعنی ان کی حفاظت کا انتظام نہیں) حالانکہ وہ کھلے پڑے نہ تھے، یہ لوگ محض بھاگنا چاہتے تھے۔ اور اگر شہر کے اطراف سے ان پر دھاوا بول دیا گیا ہوتا اور ان سے فتنے (میں شرکت) کا سوال کیا گیا ہوتا تو یہ اس میں جا پڑتے اور بمشکل ہی کچھ رکتے۔ انہوں نے اس سے پہلے اللہ سے عہد کیا تھا کہ پیٹھ نہ

پھیریں گے اور اللہ سے کیے ہوئے عہد کی باز پرس ہو کر رہنی ہے۔ آپ کہہ دیجئے کہ تم موت یا قتل سے بھاگو گے تو یہ بھگدڑ تمہیں نفع نہ دے گی، اور ایسی صورت میں تمتع کا تھوڑا ہی موقع دیا جائے گا۔ آپ کہہ دیں کہ کون ہے جو تمہیں اللہ سے بچا سکتا ہے اگر وہ تمہارے لیے برا ارادہ کرے یا تم پر مہربانی کرنا چاہے اور یہ لوگ اللہ کے سوا کسی اور کو حامی و مددگار نہیں پائیں گے۔ اللہ تم میں سے ان لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہے جو روڑے اٹکاتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں کہ ہماری طرف آؤ، اور جو لڑائی میں محض تھوڑا سا حصہ لیتے ہیں جو تمہارا ساتھ دینے میں انتہائی بخیل ہیں۔ جب خطرہ آ پڑے تو آپ دیکھیں گے کہ آپ کی طرف اس طرح دیدے پھرا پھرا کر دیکھتے ہیں جیسے مرنے والے پر موت طاری ہو رہی ہے اور جب خطرہ ٹل جائے تو مال و دولت کی حرص میں تمہارا استقبال تیزی کے ساتھ چلتی ہوئی زبانوں سے کرتے ہیں۔ یہ لوگ درحقیقت ایمان ہی نہیں لائے ہیں اس لیے اللہ نے ان کے اعمال اکارت کر دیئے اور اللہ پر یہ بات آسان ہے۔ یہ سمجھتے ہیں کہ حملہ آور گروہ ابھی گئے نہیں ہیں؛ اور اگر وہ (پھر پلٹ کر) آجائیں تو یہ چاہیں گے کہ بدوؤں کے درمیان بیٹھے تمہاری خبر پوچھتے رہیں۔ اور اگر یہ تمہارے درمیان رہیں بھی تو کم ہی لڑائی میں حصہ لیں گے۔"

ان آیات میں موقع کی مناسبت سے منافقین کے اندازِ فکر، طرزِ عمل، نفسیات اور خود غرضی و موقع پرستی کا ایک جامع نقشہ کھینچ دیا گیا ہے۔

ان سب کے باوجود یہود منافقین اور مشرکین غرض سارے ہی اعدائے اسلام کو یہ بات اچھی طرح معلوم تھی کہ اسلام کے غلبے کا سبب مادی تفوق یعنی اسلحے لشکر اور تعداد کی کثرت نہیں ہے بلکہ اس کا سبب وہ خدا پرستی اور اخلاقی قدریں ہیں جن سے پورا اسلامی معاشرہ اور دینِ اسلام سے تعلق رکھنے والا ہر فرد سرفراز و بہرہ مند ہے۔ ان اعدائے اسلام کو یہ بھی معلوم تھا کہ اس فیض کا سرچشمہ رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی ہے جو ان اخلاقی قدروں کا معجزے کی حد تک سب سے بلند نمونہ ہے۔

اسی طرح یہ اعدائے اسلام چار پانچ سال تک برسرِ پیکار رہ کر یہ بھی سمجھ چکے تھے کہ اس دین اور اس کے حاملین کو ہتھیاروں کے بل پر نیست و نابود کرنا ممکن نہیں اس لیے انہوں نے غالباً یہ طے کیا کہ اخلاقی پہلو کو بنیاد بنا کر اس دین کے خلاف وسیع پیمانے پر پروپیگنڈے کی جنگ چھیڑ دی جائے اور اس کا پہلا نشانہ خاص رسول اللہ ﷺ کی شخصیت کو بنایا جائے چونکہ

منافقین مسلمانوں کی صف میں پانچواں کالم تھے اور مدینہ ہی کے اندر رہتے تھے مسلمانوں سے بلا تردُّد مل جل سکتے تھے اور ان کے احساسات کو کسی بھی "مناسب" موقع پر بآسانی بھڑکا سکتے تھے اس لیے اس پروپیگنڈے کی ذمہ داری ان منافقین نے اپنے سر لی، یا ان کے سر ڈالی گئی اور عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین نے اس کی قیادت کا بیڑا اٹھایا۔

ان کا یہ پروگرام اس وقت ذرا زیادہ کھل کر سامنے آیا جب حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے حضرت زینبؓ کو طلاق دی اور نبی ﷺ نے ان سے شادی کی چونکہ عرب کا دستور یہ چلا آرہا تھا کہ وہ مُتبَنّیٰ (منہ بولے بیٹے) کو اپنے حقیقی لڑکے کا درجہ دیتے تھے اور اس کی بیوی کو حقیقی بیٹے کی بیوی کی طرح حرام سمجھتے تھے اس لیے جب نبی ﷺ نے حضرت زینبؓ سے شادی کی تو منافقین کو نبی ﷺ کے خلاف شور و شغب برپا کرنے کے لیے اپنی دانست میں دو کمزور پہلو ہاتھ آئے !

ایک یہ کہ حضرت زینبؓ آپ کی پانچویں بیوی تھیں جبکہ قرآن نے چار سے زیادہ بیویاں رکھنے کی اجازت نہیں دی ہے، اس لیے یہ شادی کیونکر درست ہوسکتی ہے ؟

دوسرے یہ کہ زینبؓ آپ کے بیٹے —— یعنی منہ بولے بیٹے —— کی بیوی تھیں اس لیے عرب دستور کے مطابق ان سے شادی کرنا نہایت سنگین جرم اور زبردست گناہ تھا۔ چنانچہ اس سلسلے میں خوب پروپیگنڈہ کیا گیا اور طرح طرح کے افسانے گھڑے گئے۔ کہنے والوں نے یہاں تک کہا کہ محمد نے زینبؓ کو اچانک دیکھا اور ان کے حُسن سے اس قدر متاثر ہوئے کہ نقدِ دل دے بیٹھے، اور جب ان کے صاحبزادے زیدؓ کو اس کا علم ہُوا تو انہوں نے زینبؓ کا راستہ محمد کیلیے خالی کر دیا۔

منافقین نے اس افسانے کا اتنی قوت سے پروپیگنڈہ کیا کہ اس کے اثرات کتب احادیث و تفاسیر میں اب تک چلے آرہے ہیں۔ اس وقت یہ سارا پروپیگنڈہ کمزور اور سادہ لوح مسلمانوں کے اندر اتنا مؤثر ثابت ہوا کہ بالآخر قرآن مجید میں اس کی بابت واضح آیات نازل ہوئیں جن کے اندر شکوکِ پنہاں کی بیماری کا پورا پورا علاج تھا۔ اس پروپیگنڈے کی وُسعت کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ سورۂ احزاب کا آغاز ہی اس آیت کریمہ سے ہوا :

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○ (۳۳ : ۱)

"اے نبیؐ اللہ سے ڈرو اور کافرین و منافقین سے نہ دبو بے شک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے"

یہ منافقین کی حرکتوں اور کارروائیوں کی طرف ایک طائرانہ اشارہ اور ان کا ایک مختصر سا خاکہ ہے۔

نبی ﷺ یہ ساری حرکتیں صبر، نرمی اور تلطّف کے ساتھ برداشت کر رہے تھے اور عام مسلمان بھی ان کے شر سے دامن بچا کر صبر و برداشت کے ساتھ رہ رہے تھے کیونکہ انہیں تجربہ تھا کہ منافقین قدرت کی طرف سے رہ رہ کر رسوا کیے جاتے رہیں گے۔ چنانچہ ارشاد ہے:

اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِىْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○ (۹:۱۲۶)

وہ دیکھتے نہیں کہ انہیں ہر سال ایک یا دو بار فتنے میں ڈالا جاتا ہے پھر وہ نہ تو توبہ کرتے ہیں اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں۔"

غزوہ بنو المصطلق میں منافقین کا کردار

جب غزوہ بنی المصطلق پیش آیا اور منافقین بھی اس میں شریک ہوئے تو انہوں نے ٹھیک وہی کیا جو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا ہے:

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاَ اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ (۹:۴۷)

"اگر وہ تمہارے اندر نکلتے تو تمہیں مزید فساد ہی سے دوچار کرتے اور فتنے کی تلاش میں تمہارے اندر تگ و دو کرتے۔"

چنانچہ اس غزوے میں انہیں بھڑاس نکالنے کے دو مواقع ہاتھ آئے جس سے فائدہ اٹھا کر انہوں نے مسلمانوں کی صفوں میں خاصا اضطراب و انتشار مچایا اور نبی ﷺ کے خلاف بدترین پروپیگنڈہ کیا۔ ان دونوں مواقع کی کسی قدر تفصیلات یہ ہیں:

۱- مدینہ سے ذلیل ترین آدمی کو نکالنے کی بات

رسول اللہ ﷺ غزوہ بنی المصطلق سے فارغ ہو کر ابھی چشمہ مُریسیع پر قیام فرما ہی تھے کہ کچھ لوگ پانی لینے گئے۔ ان ہی میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا ایک مزدور بھی تھا جس کا نام جہجاہ غفاری تھا۔ پانی پر ایک اور شخص سنان بن وبر جُہنی سے اس کی دھکم دھکا ہو گئی اور دونوں لڑ پڑے۔ پھر جُہنی نے پکارا: یامعشر الانصار (انصار کے لوگو! مدد کو پہنچو) اور جہجاہ نے آواز دی: یامعشر المہاجرین! (مہاجرین! مدد کو آؤ!) رسول اللہ ﷺ (خبر پاتے ہی وہاں تشریف لے گئے اور) فرمایا: "میں تمہارے اندر موجود ہوں اور جاہلیت کی پکار پکاری جا رہی ہے؟ اسے چھوڑو یہ بدبودار ہے۔"

اس واقعے کی خبر عبداللہ بن اُبَی ابن سُلُول کو ہوئی تو غصّے سے بھڑک اٹھا اور بولا: "کیا ان لوگوں نے ایسی حرکت کی ہے؟ یہ ہمارے علاقے میں آکر اب ہمارے ہی حریف اور مدِمقابل ہو گئے ہیں! خدا کی قسم ہماری اور ان کی حالت پر تو وہی مثل صادق آتی ہے جو پہلوں نے کہی ہے کہ اپنے کتے کو پال پوس کر موٹا تازہ کرو تاکہ وہ تمہیں کو پھاڑ کھائے۔ سنو! خدا کی قسم! اگر ہم مدینہ واپس ہوئے تو ہم میں کا معزز ترین آدمی ذلیل ترین آدمی کو نکال باہر کرے گا۔" پھر حاضرین کی طرف متوجہ ہو کر بولا: "یہ مصیبت تم نے خود مول لی ہے۔ تم نے انہیں اپنے شہر میں اتارا اور اپنے اموال بانٹ کر دیئے۔ دیکھو! تمہارے ہاتھوں میں جو کچھ ہے اگر اسے دینا بند کر دو تو یہ تمہارا شہر چھوڑ کر کہیں اور چلتے بنیں گے۔"

اس وقت مجلس میں ایک نوجوان صحابی حضرت زیدؓ بن ارقم بھی موجود تھے۔ انہوں نے آکر اپنے چچا کو پوری بات کہہ سنائی۔ ان کے چچا نے رسول اللہ ﷺ کو اطلاع دی۔ اس وقت حضرت عمرؓ بھی موجود تھے۔ بولے حضور! عبّادؓ بن بشر سے کہیئے کہ اسے قتل کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا: عُمرؓ! یہ کیسے مناسب رہے گا لوگ کہیں گے کہ محمدؐ اپنے ساتھیوں کو قتل کر رہا ہے۔ نہیں بلکہ تم کوچ کا اعلان کر دو۔ یہ ایسا وقت تھا جس میں آپؐ کوچ نہیں فرمایا کرتے تھے۔ لوگ چل پڑے تو حضرت اُسَید بن حُضَیر رضی اللہ عنہ حاضر خدمت ہوئے اور سلام کر کے عرض کیا کہ آج آپؐ نے بے وقت کوچ فرمایا ہے؟ آپ نے فرمایا، کیا تمہارے صاحب (یعنی ابن اُبَی) نے جو کچھ کہا ہے تمہیں اس کی خبر نہیں ہوئی؟ انہوں نے دریافت کیا کہ اس نے کیا کہا ہے؟ آپؐ نے فرمایا اس کا خیال ہے کہ اگر وہ مدینہ واپس ہوا تو معزز ترین آدمی ذلیل ترین آدمی کو مدینہ سے نکال باہر کرے گا۔ انہوں نے کہا: "یارسول اللہ! آپؐ اگر چاہیں تو اُسے مدینے سے نکال باہر کریں۔ خدا کی قسم وہ ذلیل ہے اور آپؐ باعزت ہیں۔" اس کے بعد انہوں نے کہا: "اے اللہ کے رسولؐ! اس کے ساتھ نرمی برتیئے کیونکہ بخدا، اللہ تعالیٰ آپ کو ہمارے پاس اس وقت لے آیا جب اس کی قوم اس کی تاجپوشی کیلئے مونگوں کا تاج تیار کر رہی تھی اس لیے اب وہ سمجھتا ہے کہ آپ نے اس سے اس کی بادشاہت چھین لی ہے۔"

پھر آپ شام تک پورا دن اور صبح تک پوری رات چلتے رہے بلکہ اگلے دن کے ابتدائی اوقات میں اتنی دیر تک سفر جاری رکھا کہ دھوپ سے تکلیف ہونے لگی۔ اس کے بعد اتر کر پڑاؤ ڈالا گیا تو لوگ زمین پر جسم رکھتے ہی بے خبر ہو گئے۔ آپؐ کا مقصد بھی یہی تھا کہ لوگوں کو سکون سے بیٹھ کر گپ لڑانے کا موقع نہ ملے۔

ادھر عبداللہ بن ابی کو جب پتا چلا کہ زیدؓ بن ارقم نے بھانڈا پھوڑ دیا ہے تو وہ رسول اللہ

ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اللہ کی قسم کھا کر کہنے لگا کہ اس نے جو بات آپ کو بتائی ہے وہ بات میں نے نہیں کہی ہے اور نہ اسے زبان پر لایا ہوں۔ اس وقت وہاں انصار کے جو لوگ موجود تھے انہوں نے بھی کہا "یا رسول اللہ! ابھی وہ لڑکا ہے۔ ممکن ہے اسے وہم ہو گیا ہو اور اس شخص نے جو کچھ کہا تھا اسے ٹھیک ٹھیک یاد نہ رکھ سکا ہو۔" اس لیے آپؐ نے ابن ابی کی بات سچ مان لی۔ حضرت زیدؓ کا بیان ہے کہ اس پر مجھے ایسا غم لاحق ہوا کہ ویسے غم سے میں کبھی دوچار نہیں ہوا تھا۔ میں صدمے سے اپنے گھر میں بیٹھ رہا یہاں تک اللہ تعالیٰ نے سورۂ منافقین نازل فرمائی جس میں دونوں باتیں مذکور ہیں۔

هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا ۭ (۶۳ : ۷)

"یہ منافقین وہی ہیں جو کہتے ہیں کہ جو لوگ رسول اللہ کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو یہاں تک کہ وہ چلتے بنیں۔"

يَقُوْلُوْنَ لَىِٕنْ رَّجَعْنَآ اِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ۭ (۶۳ : ۸)

"یہ منافقین کہتے ہیں کہ اگر ہم مدینہ واپس ہوئے تو اس سے عزت والا ذلت والے کو نکال باہر کریگا۔"

حضرت زیدؓ کہتے ہیں کہ (اس کے بعد) رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلوایا اور یہ آیتیں پڑھ کر سنائیں، پھر فرمایا: اللہ نے تمہاری تصدیق کر دی[۸]

اس منافق کے صاحبزادے جن کا نام عبداللہؓ ہی تھا، اس کے بالکل برعکس نہایت نیک طینت انسان اور خیارِ صحابہؓ میں سے تھے۔ انہوں نے اپنے باپ سے برأت اختیار کر لی اور مدینہ کے دروازے پر تلوار سونت کر کھڑے ہو گئے۔ جب ان کا باپ عبداللہ بن اُبیّ وہاں پہنچا تو اس سے بولے: خدا کی قسم آپ یہاں سے آگے نہیں بڑھ سکتے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ اجازت دے دیں، کیونکہ حضور عزیز ہیں اور آپ ذلیل ہیں۔ اس کے بعد جب نبی ﷺ وہاں تشریف لائے تو آپ نے اس کو مدینہ میں داخل ہونے کی اجازت دی اور تب صاحبزادے نے باپ کا راستہ چھوڑا۔ عبداللہ بن اُبی کے ان ہی صاحبزادے حضرت عبداللہؓ نے آپ سے یہ بھی عرض کی تھی کہ اے اللہ کے رسول! آپ اسے قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو مجھے فرمائیے خدا کی قسم میں اسکا سر آپ کی خدمت میں حاضر کر دونگا۔[۹]

---

۸ دیکھئے صحیح بخاری ۱/۴۹۹، ۲/۷۲۷، ۷۲۸، ۷۲۹، ابن ہشام ۲/۲۹۰، ۲۹۱، ۲۹۲

۹ ابنِ ہشام ایضاً، مختصر السیرة للشیخ عبداللہ ص۲۷۷۔

۲۔ واقعۂ اِفک اس غزوے کا دوسرا اہم واقعہ اِفک کا واقعہ ہے۔اس واقعے کا ماحصل یہ ہے کہ رسُول اللہ ﷺ کا دستور تھا کہ سفر میں جاتے ہُوئے ازواجِ مطہرات کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے۔جس کا قرعہ نکل آتا اُسے ہمراہ لے جاتے۔اس غزوہ میں قرعہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نام نکلا اور آپؐ انہیں ساتھ لے گئے۔غزوے سے واپسی میں ایک جگہ پڑاؤ ڈالا گیا۔حضرت عائشہؓ اپنی حاجت کے لیے گئیں اور اپنی بہن کا ہار جسے عاریۃً لے گئی تھیں کھو بیٹھیں۔احساس ہوتے ہی فوراً اس جگہ واپس گئیں جہاں ہار غائب ہوا تھا۔اسی دوران وہ لوگ آئے جو آپ کا ہودج اونٹ پر لادا کرتے تھے۔انہوں نے سمجھا آپ ہودج کے اندر تشریف فرما ہیں اس لیے اسے اونٹ پر لاد دیا اور ہودج کے ہلکے پن پر نہ چونکے۔کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ابھی نوعمر تھیں۔بدن موٹا اور بوجھل نہ تھا۔نیز چونکہ کئی آدمیوں نے مل کر ہودج اٹھایا تھا اس لیے بھی ہلکے پن پر تعجب نہ ہوا۔اگر صرف ایک یا دو آدمی اٹھاتے تو انہیں ضرور محسوس ہو جاتا۔

بہر حال حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہار ڈھونڈھ کر قیام گاہ پہنچیں تو پورا لشکر جا چکا تھا اور میدان بالکل خالی پڑا تھا نہ کوئی پکارنے والا تھا نہ جواب دینے والا۔وہ اس خیال سے وہیں بیٹھ گئیں کہ لوگ انہیں نہ پائیں گے تو پلٹ کر وہیں تلاش کرنے آئیں گے لیکن اللہ اپنے امر پہ غالب ہے وہ بالائے عرش سے جو تدبیر چاہتا ہے کرتا ہے۔چنانچہ حضرت عائشہؓ کی آنکھ لگ گئی اور وہ سو گئیں۔پھر صفوان بن معطل رضی اللہ عنہ کی یہ آواز سُن کر بیدار ہوئیں کہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ رسُول اللہ ﷺ کی بیوی ......؟ وہ پچھلی رات کو چلا آ رہا تھا۔صبح کو اس جگہ پہنچا جہاں آپؓ موجود تھیں۔انہوں نے جب حضرت عائشہؓ کو دیکھا تو پہچان لیا؛ کیونکہ وہ پردے کا حکم نازل ہونے سے پہلے بھی انہیں دیکھ چکے تھے۔انہوں نے اِنَّا لِلّٰہِ پڑھی اور اپنی سواری بٹھا کر حضرت عائشہؓ کے قریب کر دی۔حضرت عائشہؓ اس پر سوار ہو گئیں۔حضرت صفوان نے اِنَّا لِلّٰہِ کے سوا زبان سے ایک لفظ نہ نکالا۔چُپ چاپ سواری کی نکیل تھامی اور پیدل چلتے ہُوئے لشکر میں آ گئے۔یہ ٹھیک دوپہر کا وقت تھا اور لشکر پڑاؤ ڈال چکا تھا۔انہیں اس کیفیت کے ساتھ آتا دیکھ کر مختلف لوگوں نے اپنے اپنے انداز پر تبصرہ کیا اور اللہ کے دشمن خبیث عبداللہ بن ابی کو بھڑاس نکالنے کا ایک اور موقع مل گیا۔چنانچہ اس کے پہلو میں نفاق اور حسد کی جو چنگاری سلگ رہی تھی اس نے اس کے کربِ پنہاں کو عیاں اور نمایاں کیا، یعنی بدکاری کی تہمت تراش کر واقعات کے تانے بانے بننا تہمت کے

خاکے میں رنگ بھرنا، اور اسے پھیلانا بڑھانا اور اُدھیڑنا اور بُننا شروع کیا۔ اس کے ساتھی بھی اسی بات کو بنیاد بنا کر اس کا تقرب حاصل کرنے لگے اور جب مدینہ آئے تو ان تہمت تراشوں نے خوب جم کر پروپیگنڈہ کیا۔ ادھر رسول اللہ ﷺ خاموش تھے، کچھ بول نہیں رہے تھے؛ لیکن جب لمبے عرصے تک وحی نہ آئی تو آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے علیحدگی کے متعلق اپنے خاص صحابہؓ سے مشورہ کیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے صراحت کیے بغیر اشاروں اشاروں میں مشورہ دیا کہ آپ ان سے علیحدگی اختیار کر کے کسی اور سے شادی کر لیں لیکن حضرت اسامہؓ وغیرہ نے مشورہ دیا کہ آپؐ انہیں اپنی زوجیت میں برقرار رکھیں، اور دشمنوں کی بات پر کان نہ دھریں۔ اس کے بعد آپؐ نے منبر پر کھڑے ہو کر عبداللہ بن ابی کی ایذا رسانیوں سے نجات دلانے کی طرف توجہ دلائی۔ اس پر حضرت سعد بن معاذؓ اور اسید بن حضیرؓ نے اسکے قتل کی اجازت چاہی لیکن حضرت سعدؓ بن عبادہ پر جو عبداللہ بن ابی کے قبیلہ خزرج کے سردار تھے، قبائلی حمیت غالب آگئی اور دونوں حضرات میں ترش کلامی ہو گئی جس کے نتیجے میں دونوں قبیلے بھڑک اُٹھے۔ رسول اللہ ﷺ نے خاصی مشکل سے انہیں خاموش کیا، پھر خود بھی خاموش ہو گئے۔

ادھر حضرت عائشہؓ کا حال یہ تھا کہ وہ غزوے سے واپس آتے ہی بیمار پڑ گئیں اور ایک مہینے تک مسلسل بیمار رہیں۔ انہیں اس تہمت کے بارے میں کچھ بھی معلوم نہ تھا۔ البتہ انہیں یہ بات کھٹکتی رہتی تھی کہ بیماری کی حالت میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے جو لطف و عنایت ہوا کرتی تھی اب وہ نظر نہیں آ رہی تھی۔ بیماری ختم ہوئی تو وہ ایک رات اُمّ مسطحؓ کے ہمراہ قضائے حاجت کے لیے میدان میں گئیں۔ اتفاق سے اُمّ مسطحؓ اپنی چادر میں پھنس کر پھسل گئیں اور اس پر انہوں نے اپنے بیٹے کو بد دعا دی۔ حضرت عائشہؓ نے اس حرکت پر انہیں ٹوکا تو انہوں نے حضرت عائشہؓ کو یہ بتلانے کے لیے کہ میرا بیٹا بھی پروپیگنڈے کے جرم میں شریک ہے تہمت کا واقعہ کہہ سنایا۔ حضرت عائشہؓ نے واپس آ کر اس خبر کا ٹھیک پتا لگانے کی غرض سے رسول اللہ ﷺ سے والدین کے پاس جانے کی اجازت چاہی؛ پھر اجازت پا کر والدین کے پاس تشریف لے گئیں اور صورتِ حال کا یقینی طور پر علم ہو گیا تو بے اختیار رونے لگیں اور پھر دو راتیں اور ایک دن روتے روتے گذر گیا۔ اس دوران نہ نیند کا سرمہ لگایا نہ آنسو کی جھڑی رکی۔ وہ محسوس کرتی تھیں کہ روتے روتے کلیجہ شق ہو جائے گا۔ اسی حالت میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ کلمۂ شہادت پر مشتمل خطبہ پڑھا اور

اما بعد کہہ کر فرمایا: "اے عائشہؓ مجھے تمہارے متعلق ایسی اور ایسی بات کا پتا لگا ہے۔ اگر تم اس سے بری ہو تو اللہ تعالیٰ عنقریب تمہاری براءت ظاہر فرما دے گا اور اگر خدانخواستہ تم سے کوئی گناہ سرزد ہو گیا ہے تو تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت مانگو اور توبہ کرو کیونکہ بندہ جب اپنے گناہ کا اقرار کر کے اللہ کے حضور توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے۔"

اس وقت حضرت عائشہؓ کے آنسو ایک دم تھم گئے اور اب انہیں آنسو کا ایک قطرہ بھی محسوس نہ ہو رہا تھا۔ انہوں نے اپنے والدین سے کہا کہ وہ آپؐ کو جواب دیں لیکن ان کی سمجھ میں نہ آیا کہ کیا جواب دیں۔ اس کے بعد حضرت عائشہؓ نے خود ہی کہا: "واللہ میں جانتی ہوں کہ یہ بات سنتے سنتے آپ لوگوں کے دلوں میں اچھی طرح بیٹھ گئی ہے اور آپ لوگوں نے اسے بالکل سچ سمجھ لیا ہے اس لیے اب اگر میں یہ کہوں کہ میں بری ہوں ___ اور اللہ خوب جانتا ہے کہ میں بری ہوں ___ تو آپ لوگ میری بات سچ نہ سمجھیں گے اور اگر میں کسی بات کا اعتراف کر لوں ___ حالانکہ اللہ خوب جانتا ہے کہ میں اس سے بری ہوں ___ تو آپ لوگ صحیح مان لیں گے۔ ایسی صورت میں واللہ میرے لیے اور آپ لوگوں کے لیے وہی مثل ہے جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے کہا تھا کہ:

فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ۝ (۱۲: ۱۸)

"صبر ہی بہتر ہے۔ اور تم لوگ جو کچھ کہتے ہو اس پر اللہ کی مدد مطلوب ہے۔"

اس کے بعد حضرت عائشہؓ دوسری طرف جا کر لیٹ گئیں اور اسی وقت رسول اللہ ﷺ پر وحی کا نزول شروع ہو گیا۔ پھر جب آپؐ سے نزولِ وحی کی شدّت و کیفیت ختم ہوئی تو آپؐ مسکرا رہے تھے اور آپؐ نے پہلی بات جو فرمائی وہ یہ تھی کہ اے عائشہؓ اللہ نے تمہیں بری کر دیا۔ اس پر (خوشی سے) ان کی ماں بولیں (عائشہ!) حضورؐ کی جانب اٹھو (شکریہ ادا کرو)۔ انہوں نے اپنے دامن کی براءت اور رسول اللہ ﷺ کی محبت پر اعتماد و وثوق کے سبب قدرے ناز کے انداز میں کہا: "واللہ میں تو ان کی طرف نہ اٹھوں گی اور صرف اللہ کی حمد کروں گی۔"

اس موقع پر واقعہ افک سے متعلق جو آیات اللہ نے نازل فرمائیں وہ سورہ نور کی دس آیات ہیں جو ان الذین جاءو بالافك عصبة منكم سے شروع ہوتی ہیں۔

اس کے بعد تہمت تراشی کے جرم میں مسطح بن اثاثہ، حسّان بن ثابت اور حمنہ بنت جحش

رضی اللہ عنہم کو اسی اسی کوڑے مارے گئے[۱۰] البتہ خبیث عبداللہ بن ابی کی پیٹھ اس سزا سے بچ گئی حالانکہ تہمت تراشوں میں وہی سرفہرست تھا اور اسی نے اس معاملے میں سب سے اہم رول ادا کیا تھا۔ اسے سزا نہ دینے کی وجہ یا تو یہ تھی کہ جن لوگوں پہ حدود قائم کر دی جاتی ہیں وہ ان کے لیے اخروی عذاب کی تخفیف اور گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔ اور عبداللہ بن ابی کو اللہ تعالیٰ نے آخرت میں عذاب عظیم دینے کا اعلان فرما دیا تھا۔ یا پھر وہی مصلحت کارفرما تھی جسکی وجہ سے اس کی اسلام دشمنی کے باوجود اسے قتل نہیں کیا گیا[۱۱]۔ حافظ ابن حجرؒ نے امام حاکم کی ایک روایت نقل کی ہے کہ عبداللہ بن ابی کو بھی حد لگائی گئی تھی۔

اس طرح ایک مہینے کے بعد مدینہ کی فضا شک وشبہے اور قلق و اضطراب کے بادلوں سے صاف ہو گئی اور عبداللہ بن ابی اس طرح رسوا ہوا کہ دوبارہ سر نہ اٹھا سکا۔ ابن اسحاق کہتے ہیں کہ اس کے بعد جب وہ کوئی گڑبڑ کرتا تو خود اس کی قوم کے لوگ اسے عتاب کرتے، اس کی گرفت کرتے اور اسے سخت سُست کہتے۔ اس کیفیت کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ سے کہا: "اے عمر! کیا خیال ہے؟ دیکھو! واللہ اگر تم نے اس شخص کو اس دن قتل کر دیا ہوتا جس دن تم نے مجھ سے اسے قتل کرنے کی بات کہی تھی تو اس کے بہت سے ہمدرد اٹھ کھڑے ہوتے لیکن اگر آج انہیں ہمدردوں کو اس کے قتل کا حکم دیا جائے تو وہ اسے قتل کر دیں گے۔" حضرت عمر نے کہا: "واللہ میری سمجھ میں خوب آگیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا معاملہ میرے معاملے سے زیادہ بابرکت ہے"[۱۲]

○

---

[۱۰] اسلامی قانون یہی ہے کہ جو شخص کسی پہ زنا کی تہمت لگائے اور ثبوت نہ پیش کرے اسے (یعنی اس تہمت لگانے والے کو) اسی اسی کوڑے مارے جائیں۔

[۱۱] صحیح بخاری ۱/۳۶۴، ۲/۶۹۶، ۶۹۷، ۶۹۸، زاد المعاد ۲/۱۱۳، ۱۱۴، ۱۱۵، ابن ہشام ۲/۲۹۷ تا ۳۰۷

[۱۲] ابن ہشام ۲/۲۹۳

غزوۂ مُریسیع کے بعد کی فوجی مہمّات

۱۔ سرِیّہ دیار بنی کلب۔ علاقہ دُومۃ الجَندَل

یہ سریّہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی قیادت میں شعبان ۶ھ میں بھیجا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنے سامنے بٹھا کر خود اپنے دستِ مبارک سے پگڑی باندھی اور لڑائی میں سب سے اچھی صورت اختیار کرنے کی وصیّت فرمائی اور فرمایا کہ اگر وہ لوگ تمہاری اطاعت کرلیں تو تم ان کے بادشاہ کی لڑکی سے شادی کر لینا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے وہاں پہنچ کر تین روز پیہم اسلام کی دعوت دی۔ بالآخر قوم نے اسلام قبول کرلیا۔ پھر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے تماضر بنت اصبغ سے شادی کی یہی حضرت عبدالرحمٰن کے صاحبزادے ابوسلمہ کی ماں ہیں۔ اس خاتون کے والد اپنی قوم کے سردار اور بادشاہ تھے۔

۲۔ سرِیّہ دیار بنی سعد۔ علاقہ فدک

یہ سریّہ شعبان ۶ھ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں روانہ کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ رسول اللہ ﷺ کو معلوم ہوا کہ بنو سعد کی ایک جمعیت یہود کو کمک پہنچانا چاہتی ہے لہٰذا آپ نے حضرت علی رض کو دو سو آدمی دے کر روانہ فرمایا۔ یہ لوگ رات میں سفر کرتے اور دن میں چھپے رہتے تھے۔ آخر ایک جاسُوس گرفت میں آیا اور اس نے اقرار کیا کہ ان لوگوں نے خیبر کی کھجوروں کے عوض امداد فراہم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ جاسُوس نے یہ بھی بتلایا کہ بنو سعد نے کس جگہ جتھہ بندی کی ہے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُن پر شبخون مار کر پانچ سو اونٹ اور دو ہزار بکریوں پہ قبضہ کرلیا۔ البتہ بنو سعد اپنی عورتوں بچوں سمیت بھاگ نکلے۔ ان کا سردار وبر بن علیم تھا۔

۳۔ سرِیّہ وادی القریٰ

یہ سریّہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ یا حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے زیرِ قیادت رمضان ۶ھ میں روانہ کیا گیا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ بنو فزارہ کی ایک شاخ نے دھوکے سے رسول اللہ ﷺ کو قتل کرنے کا پروگرام بنایا تھا لہٰذا آپ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اس سریّہ میں مَیں بھی آپ

کے ساتھ تھا۔ جب ہم صبح کی نماز پڑھ چکے تو آپ کے حکم سے ہم لوگوں نے چھاپہ مارا اور چشمے پر دھاوا بول دیا۔ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کچھ لوگوں کو قتل کیا۔ میں نے ایک گروہ کو دیکھا جس میں عورتیں اور بچے بھی تھے۔ مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں یہ لوگ مجھ سے پہلے پہاڑ پر نہ پہنچ جائیں میں نے ان کو پکڑنے کی کوشش کی اور ان کے اور پہاڑ کے درمیان ایک تیر پھینکا تیر دیکھ کر یہ لوگ ٹھہر گئے۔ ان میں اُمّ قرفہ نامی ایک عورت تھی جو ایک پرانی پوستین اوڑھے ہوئے تھی۔ اس کے ساتھ اس کی بیٹی بھی تھی جو عرب کی خوبصورت ترین عورتوں میں سے تھی۔ میں ان سب کو کھینچتا ہوا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس لے آیا۔ انھوں نے وہ لڑکی مجھے عطا کی۔ میں نے اس کا کپڑا تک نہ کھولا تھا کہ بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ لڑکی مجھ (سلمہؓ بن اکوع) سے لے کر مکہ بھیج دی اور اس کے عوض وہاں کے متعدد مسلمان قیدیوں کو رہا کرایا۔[1]

اُمّ قرفہ ایک شیطان صفت عورت تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کی تدبیریں کیا کرتی تھی اور اس مقصد کے لیے اس نے اپنے خاندان کے تیس شہسوار بھی تیار کیے تھے لہٰذا اسے ٹھیک بدلہ مل گیا اور اس کے تیسوں سوار مارے گئے۔

۴۔ سریّہ عُرنیّین

یہ سریّہ شوال ۶ھ میں حضرت کرز بن جابر فہری رضی اللہ عنہ[2] کی قیادت میں روانہ کیا گیا۔ اس کا سبب یہ ہوا کہ عُکل اور عُرینہ کے چند افراد نے مدینہ آکر اسلام کا اظہار کیا اور مدینہ ہی میں قیام کیا۔ لیکن ان کے لیے مدینہ کی آب و ہوا راس نہ آئی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انھیں چند اونٹوں کے ساتھ چراگاہ بھیج دیا اور حکم دیا کہ اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پئیں۔ جب یہ لوگ تندرست ہوگئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے راعی کو قتل کر دیا، اونٹوں کو ہانک لے گئے اور اظہارِ اسلام کے بعد اب پھر کفر اختیار کیا؛ لہٰذا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تلاش کے لیے کرز بن جابر فہری کو بیس صحابہ کی معیّت میں روانہ فرمایا اور یہ دعا فرمائی کہ اے اللہ عُرنیوں پر راستہ اندھا کر دے اور کنگن سے بھی زیادہ تنگ بنا دے۔ اللہ نے یہ دعا قبول فرمائی۔ ان پر راستہ اندھا کر دیا۔ چنانچہ وہ پکڑ لیے گئے اور انھوں نے مسلمان چرواہوں کے ساتھ جو کچھ کیا تھا اس کے قصاص اور بدلے کے طور پر ان کے ہاتھ پاؤں کاٹ دیے گئے۔ آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیری گئیں اور انھیں حرّہ کے ایک گوشے میں چھوڑ دیا گیا جہاں وہ زمین پر تڑپتے تڑپتے اپنے کیفر کردار کو پہنچ گئے۔[3] ان کا واقعہ صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔[4]

---

[1] دیکھئے صحیح مسلم ۲/۸۹۔ کہا جاتا ہے کہ یہ سریہ ۷ھ میں پیش آیا۔ [2] یہ وہی حضرت کرز بن جابر فہری ہیں جنہوں نے غزوہ بدر سے پہلے غزوہ سفوان میں مدینہ کے چوپایوں پر چھاپہ مارا تھا۔ بعد میں انھوں نے اسلام قبول کیا اور فتح مکہ کے موقع پر خلعتِ شہادت سے سرفراز ہوئے۔

[3] زاد المعاد ۲/۱۲۲ مع بعض اضافات [4] صحیح بخاری ۲/۶۰۲ وغیرہ

اہلِ سیر اس کے بعد ایک اور سریّہ کا ذکر کرتے ہیں جسے حضرت عمروؓ بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ نے حضرت سلمہؓ بن ابی سلمہ کی رفاقت میں شوال ۶ھ میں سر کیا تھا۔ اس کی تفصیل یہ بتائی گئی ہے کہ حضرت عمروؓ بن اُمیہ ضمری ابوسفیان کو قتل کرنے کے لیے مکہ تشریف لے گئے تھے کیونکہ ابوسفیان نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے لیے ایک اعرابی کو مدینہ بھیجا تھا۔ البتہ فریقین میں سے کوئی بھی اپنی مہم میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اہلِ سیر یہ بھی کہتے ہیں کہ اسی سفر میں حضرت عمروؓ بن اُمیہ ضمری نے تین کافروں کو قتل کیا تھا اور حضرت خبیب رضی اللہ عنہ کی لاش اٹھائی تھی حالانکہ حضرت خبیب کی شہادت کا واقعہ رجیع کے چند دن یا چند مہینے بعد کا ہے اور رجیع کا واقعہ صفر ۴ھ کا ہے اسلیئے میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ آیا یہ دونوں دو الگ الگ سفر کے واقعات تھے جو اہلِ سیر پر مختلط اور گڈمڈ ہو گئے اور انہوں نے دونوں کو ایک ہی سفر میں ذکر کر دیا یا یہ کہ واقعتاً دونوں واقعے ایک ہی سفر میں پیش آئے لیکن اہلِ سیر سے سنہ کی تعیین میں غلطی ہو گئی اور انہوں نے اسے ۴ھ کے بجائے ۶ھ میں ذکر کر دیا۔ حضرت علامہ منصور پوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس واقعے کو جنگی مہم یا سریّہ تسلیم کرنے سے انکار کیا ہے۔ واللہ اعلم

یہ ہیں وہ سرایا اور غزوات جو جنگِ احزاب و بنی قُریظہ کے بعد پیش آئے۔ ان میں سے کسی بھی سریّے یا غزوے میں کوئی سخت جنگ نہیں ہوئی صرف بعض بعض میں معمولی قسم کی جھڑپیں ہوئیں۔ لہٰذا ان مہموں کو جنگ کے بجائے طلایہ گردی، فوجی گشت اور تادیبی نقل و حرکت کہا جا سکتا ہے جس کا مقصد ڈھیٹ بدوؤں اور اکڑتے ہوئے دشمنوں کو خوفزدہ کرنا تھا۔ حالات پر غور کرنے سے واضح ہوتا ہے کہ غزوۂ احزاب کے بعد صورتِ حال میں تبدیلی شروع ہو گئی تھی اور اعدائے اسلام کے حوصلے ٹوٹتے جا رہے تھے۔ اب انہیں یہ امید باقی نہیں رہ گئی تھی کہ دعوتِ اسلام کو توڑا اور اس کی شوکت کو پامال کیا جا سکتا ہے؛ مگر یہ تبدیلی ذرا اچھی طرح کھل کر اس وقت رونما ہوئی جب مسلمان صلح حدیبیہ سے فارغ ہو چکے۔ یہ صلح دراصل اسلامی قوت کا اعتراف اور اس بات پر مہرِ تصدیق تھی کہ اب اس قوت کو جزیرہ نمائے عرب میں باقی اور برقرار رہنے سے کوئی طاقت روک نہیں سکتی۔

صلح حدیبیہ (ذی قعدہ ۶ھ)

عمرۂ حدیبیہ کا سبب

جب جزیرۂ نمائے عرب میں حالات بڑی حد تک مسلمانوں کے موافق ہو گئے تو اسلامی دعوت کی کامیابی اور فتح اعظم کے آثار رفتہ رفتہ نمایاں ہونا شروع ہوئے اور مسجد حرام میں جس کا دروازہ مشرکین نے مسلمانوں پر چھ برس سے بند کر رکھا تھا مسلمانوں کے لیے عبادت کا حق تسلیم کیے جانے کی تمہیدات شروع ہو گئیں۔

رسول اللہ ﷺ کو مدینہ کے اندر یہ خواب دکھلایا گیا کہ آپؐ اور آپؐ کے صحابہ کرام مسجد حرام میں داخل ہوئے، آپؐ نے خانہ کعبہ کی کنجی لی اور صحابہؓ سمیت بیت اللہ کا طواف اور عمرہ کیا۔ پھر کچھ لوگوں نے سر کے بال منڈائے اور کچھ نے کٹوانے پر اکتفا کی۔ آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو اس خواب کی اطلاع دی تو انہیں بڑی مسرت ہوئی۔ اور انہوں نے یہ سمجھا کہ اس سال مکہ میں داخلہ نصیب ہو گا۔ آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو یہ بھی بتلایا کہ آپؐ عمرہ ادا فرمائیں گے لہٰذا صحابہ کرامؓ بھی سفر کے لیے تیار ہو گئے۔

مسلمانوں میں روانگی کا اعلان

آپؐ نے مدینہ اور گرد و پیش کی آبادیوں میں اعلان فرما دیا کہ لوگ آپؐ کے ہمراہ روانہ ہوں لیکن بیشتر اعراب نے تاخیر کی۔ ادھر آپؐ نے دھلے کپڑے پہنے مدینہ پر ابن ام مکتومؓ یا نمیلہ لیثیؓ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا اور اپنی قصواء نامی اونٹنی پر سوار ہو کر یکم ذی قعدہ ۶ھ روز دوشنبہ کو روانہ ہو گئے۔ آپؐ کے ہمراہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ چودہ سو (اور کہا جاتا ہے کہ پندرہ سو) صحابہ کرامؓ ہمرکاب تھے۔ آپؐ نے مسافرانہ ہتھیار یعنی میان کے اندر بند تلواروں کے سوا اور کسی قسم کا ہتھیار نہیں لیا تھا۔

مکہ کی جانب مسلمانوں کی حرکت

آپؐ کا رخ مکہ کی جانب تھا۔ ذوالحلیفہ پہنچ کر آپ نے ہدی[1] کو قلادے پہنائے۔ کوہان چیر کر نشان بنایا اور عمرہ کا احرام باندھا

---

[1] ہدی ــــ وہ جانور جسے حج وعمرہ کرنے والے مکہ یا منیٰ میں ذبح کرتے ہیں۔ دور جاہلیت میں عرب میں دستور تھا کہ ہدی کا جانور اگر بھیڑ بکری ہے تو علامت کے طور پر گلے میں قلادہ ڈال دیا جاتا تھا اور اگر اونٹ ہے تو کوہان چیر کر خون پوت دیا جاتا تھا۔ ایسے جانور سے کوئی شخص تعرض نہ کرتا تھا۔ شریعت نے اس دستور کو برقرار رکھا۔

تاکہ لوگوں کو اطمینان رہے کہ آپؐ جنگ نہیں کریں گے۔ آگے آگے قبیلہ خزاعہ کا ایک جاسوس بھیج دیا تاکہ وہ قریش کے عزائم کی خبر لائے۔ عسفان کے قریب پہنچے تو اس جاسوس نے آکر اطلاع دی کہ میں کعب بن لؤی (قبیلہ) کو اس حالت میں چھوڑ کر آرہا ہوں کہ انھوں نے آپؐ سے مقابلہ کرنے کے لیے احابیش (حلیف قبائل) کو جمع کر رکھا ہے؛ اور بھی جمعیتیں فراہم کی ہیں اور وہ آپؐ سے لڑنے اور آپؐ کو بیت اللہ سے روکنے کا تہیہ کیے ہوئے ہیں۔ اس اطلاع کے بعد نبی ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا اور فرمایا: "کیا آپ لوگوں کی یہ رائے ہے کہ یہ لوگ جو قریش کی اعانت پر کمر بستہ ہیں ہم ان کے اہل وعیال پر ٹوٹ پڑیں اور قبضہ کرلیں؟ اس کے بعد اگر وہ خاموش بیٹھتے ہیں تو اس حالت میں خاموش بیٹھتے ہیں کہ جنگ کی مار اور غم و الم سے دوچار ہوچکے ہیں اور آتے ہیں تو وہ بھی اس حالت میں کہ اللہ ان کی گردن توڑ چکا ہوگا؛ یا آپ لوگوں کی یہ رائے ہے کہ ہم خانہ کعبہ کا رُخ کریں اور جو راہ میں حائل ہو اس سے لڑائی کریں؟" اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں۔ مگر ہم عمرہ ادا کرنے آئے ہیں، کسی سے لڑنے نہیں آئے ہیں۔ البتہ جو ہمارے اور بیت اللہ کے درمیان حائل ہوگا اس سے لڑائی کریں گے۔ نبی ﷺ نے فرمایا 'اچھا تب چلو۔ چنانچہ لوگوں نے سفر جاری رکھا۔

بیت اللہ سے مسلمانوں کو روکنے کی کوشش

ادھر قریش کو رسول اللہ ﷺ کی روانگی کا علم ہوا تو انھوں نے ایک مجلس شوریٰ منعقد کی اور طے کیا کہ جیسے بھی ممکن ہو مسلمانوں کو بیت اللہ سے دور رکھا جائے؛ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے جب احابیش سے کترا کر اپنا سفر جاری رکھا تو بنی کعب کے ایک آدمی نے آکر آپؐ کو اطلاع دی کہ قریش نے مقام ذی طویٰ میں پڑاؤ ڈال رکھا ہے اور خالد بن ولید دو سو سواروں کا دستہ لے کر کُراع الغمیم میں تیار کھڑے ہیں (کُراع الغمیم، مکہ جانے والی مرکزی اور کاروانی شاہراہ پر واقع ہے) خالد نے مسلمانوں کو روکنے کی بھی کوشش کی چنانچہ انھوں نے اپنے سواروں کو ایسی جگہ تعینات کیا جہاں سے دونوں فریق ایک دوسرے کو دیکھ رہے تھے۔ خالد نے ظہر کی نماز میں جب یہ دیکھا کہ مسلمان رکوع اور سجدے کر رہے ہیں تو کہنے لگے کہ یہ لوگ غافل تھے ہم نے حملہ کر دیا ہوتا تو انھیں مار لیا ہوتا۔ اس کے بعد طے کیا کہ عصر کی نماز میں مسلمانوں پر اچانک ٹوٹ پڑیں گے، لیکن اللہ نے اسی دوران صلوٰۃ خوف (حالت جنگ کی مخصوص نماز) کا حکم نازل کردیا اور خالد کے ہاتھ سے موقع جاتا رہا۔

خونریز ٹکراؤ سے بچنے کی کوشش اور راستے کی تبدیلی

ادھر رسول اللہ ﷺ نے کُراع الغمیم کا مرکزی راستہ چھوڑ کر ایک

دوسرا پُرپیچ راستہ اختیار کیا جو پہاڑی گھاٹیوں کے درمیان سے ہو کر گزرتا تھا۔ یعنی آپؐ داہنے جانب کترا کر حمش کے درمیان سے گزرتے ہوئے ایک ایسے راستے پر چلے جو ثنیۃ المرار پر نکلتا تھا۔ ثنیۃ المرار سے حدیبیہ میں اترتے ہیں اور حدیبیہ مکہ کے زیریں علاقہ میں واقع ہے۔ اس راستے کو اختیار کرنے کا فائدہ یہ ہوا کہ کُراعُ الغَمیم کا وہ مرکزی راستہ جو تنعیم سے گذر کر حرم تک جاتا تھا، اور جس پر خالد بن ولید کا رسالہ تعینات تھا وہ بائیں جانب چھوٹ گیا۔ خالد نے مسلمانوں کے گرد و غبار کو دیکھ کر جب یہ محسوس کیا کہ انہوں نے راستہ تبدیل کر دیا ہے تو گھوڑے کو ایڑ لگائی اور قریش کو اس نئی صورتِ حال کے خطرے سے آگاہ کرنے کیلئے بھاگم بھاگ پہنچے۔

ادھر رسول اللہ ﷺ نے اپنا سفر بدستور جاری رکھا۔ جب ثنیۃ المرار پہنچے تو اونٹنی بیٹھ گئی۔ لوگوں نے کہا، حل حل۔ لیکن وہ بیٹھی ہی رہی۔ لوگوں نے کہا، قصواء اڑ گئی ہے۔ آپ نے فرمایا، قصواء اڑی نہیں ہے اور نہ اس کی یہ عادت ہے بلکہ اسے اس ہستی نے روک رکھا ہے جس نے ہاتھی کو روک دیا تھا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: "اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے یہ لوگ کسی بھی ایسے معاملے کا مطالبہ نہیں کریں گے جس میں اللہ کی حرمتوں کی تعظیم کر رہے ہوں لیکن میں اسے ضرور تسلیم کر لوں گا۔" اس کے بعد آپؐ نے اونٹنی کو ڈانٹا تو وہ اچھل کر کھڑی ہو گئی۔ پھر آپؐ نے راستہ میں تھوڑی سی تبدیلی کی اور اقصائے حدیبیہ میں ایک چشمہ پر نزول فرمایا جس میں تھوڑا سا پانی تھا اور اسے لوگ ذرا ذرا سا لے رہے تھے؛ چنانچہ چند ہی لمحوں میں سارا پانی ختم ہو گیا۔ اب لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے پیاس کی شکایت کی۔ آپؐ نے ترکش سے ایک تیر نکالا اور حکم دیا کہ چشمے میں ڈال دیں۔ لوگوں نے ایسا ہی کیا۔ اس کے بعد واللہ اس چشمے سے مسلسل پانی ابلتا رہا یہاں تک کہ تمام لوگ آسودہ ہو کر واپس ہو گئے۔

بُدَیل بن وَرقاء کا توسط

رسول اللہ ﷺ مطمئن ہو چکے تو بُدَیل بن ورقاء خزاعی اپنے قبیلہ خزاعہ کے چند افراد کی معیت میں حاضر ہوا۔ تہامہ کے باشندوں میں یہی قبیلہ (خزاعہ) رسول اللہ ﷺ کا خیر خواہ تھا۔ بدیل نے کہا: "میں کعب بن لؤی کو دیکھ کر آرہا ہوں کہ وہ حدیبیہ کے فراواں پانی کے پاس پڑاؤ ڈالے ہوئے ہیں۔ ان کے ہمراہ عورتیں اور بچے بھی ہیں۔ وہ آپؐ سے لڑنے اور آپؐ کو بیت اللہ سے روکنے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے ہیں۔ قریش کو لڑائیوں نے تھکا دیا ہے اور سخت ضرر پہنچایا ہے اسلیے اگر وہ چاہیں تو ان سے ایک مدت طے کر لوں اور وہ میرے اور لوگوں کے درمیان سے ہٹ جائیں؛ پھر میرے غلبے کی صورت میں جس چیز (میری اطاعت) میں لوگ داخل ہونگے اس میں وہ بھی داخل ہو سکتے ہیں۔ ورنہ مدت کے اختتام تک وہ تازہ دم تو ہو ہی چکے ہوں گے۔

اور اگر انہیں لڑائی کے سوا کچھ منظور نہیں تو اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں اپنے دین کے معاملے میں ان سے اس وقت تک لڑتا رہوں گا جب تک کہ میری گردن جدا نہ ہو جائے یا جب تک اللہ اپنا امر نافذ نہ کر دے"۔

بدیل نے کہا: "آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں میں اسے قریش تک پہنچا دوں گا۔ اس کے بعد وہ قریش کے پاس پہنچا اور بولا میں ان صاحب کے پاس سے آرہا ہوں میں نے ان سے ایک بات سنی ہے اگر چاہو تو پیش کر دوں۔ اس پر بیوقوفوں نے کہا ہمیں کوئی ضرورت نہیں کہ تم ہم سے ان کی کوئی بات بیان کرو، لیکن جو لوگ سوجھ بوجھ رکھتے تھے انہوں نے کہا، لاؤ سناؤ تم نے کیا سنا ہے؟ بدیل نے کہا، میں نے انہیں یہ اور یہ بات کہتے سنا ہے۔ اس پر قریش نے مکرز بن حفص کو بھیجا۔ اسے دیکھ کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، یہ بدعہد آدمی ہے؛ چنانچہ جب اس نے آپؐ کے پاس آکر گفتگو کی تو آپؐ نے اس سے وہی بات کہی جو بدیل اور اس کے رفقاء سے کہی تھی۔ اس نے واپس جا کر قریش کو پوری بات سے باخبر کیا۔

قریش کے ایلچی اس کے بعد حلیس بن علقمہ نامی بنو کنانہ کے ایک آدمی نے کہا، مجھے ان کے پاس جانے دو۔ لوگوں نے کہا، جاؤ۔ جب وہ نمودار ہوا تو نبی ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا: "یہ فلاں شخص ہے۔ یہ ایسی قوم سے تعلق رکھتا ہے جو ہدی کے جانوروں کا بہت احترام کرتی ہے لہٰذا جانوروں کو کھڑا کر دو" صحابہ نے جانوروں کو کھڑا کر دیا اور خود بھی لبیک پکارتے ہوئے اس کا استقبال کیا۔ اس شخص نے یہ کیفیت دیکھی تو کہا، سبحان اللہ! ان لوگوں کو بیت اللہ سے روکنا ہرگز مناسب نہیں۔ اور وہیں سے اپنے ساتھیوں کے پاس واپس چلا گیا اور بولا: "میں نے ہدی کے جانور دیکھے ہیں جن کے گلوں میں قلادے ہیں اور جن کے کوہان چیرے ہوئے ہیں۔ اس لیے میں مناسب نہیں سمجھتا کہ انہیں بیت اللہ سے روکا جائے۔" اس پر قریش اور اس شخص میں کچھ ایسی باتیں ہوئیں کہ وہ تاؤ میں آگیا۔

اس موقع پر عروہ بن مسعود ثقفی نے مداخلت کی اور بولا: اس شخص (محمد ﷺ) نے تمہارے سامنے ایک اچھی تجویز پیش کی ہے لہٰذا اسے قبول کر لو۔ اور مجھے ان کے پاس جانے دو۔ لوگوں نے کہا، جاؤ۔ چنانچہ وہ آپؐ کے پاس حاضر ہوا اور گفتگو شروع کی۔ نبی ﷺ نے اس سے بھی وہی بات کہی جو بدیل سے کہی تھی۔ اس پر عروہ نے کہا: "اے محمد! یہ بتائیے کہ اگر آپؐ نے اپنی قوم کا صفایا بھی کر دیا تو کیا اپنے آپ سے پہلے کسی عرب کے متعلق سنا ہے کہ اس نے اپنی قوم کا صفایا کر دیا ہو؛ اور اگر دوسری صورت حال پیش آئی تو خدا کی قسم میں ایسے چہرے اور ایسے اوباش لوگوں کو دیکھ رہا ہوں جو اسی لائق ہیں کہ آپؐ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں"۔

اس پر حضرت ابوبکرؓ نے غصے میں آکر کہا' جا! لات کی شرمگاہ کو چوس! ہم حضورؐ کو چھوڑ کر بھاگیں گے! عروہ نے کہا' یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا ابوبکرؓ ہیں۔ اس نے حضرت ابوبکرؓ کو مخاطب کر کے کہا: "دیکھو اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر ایسی بات نہ ہوتی کہ تم نے مجھ پر ایک احسان کیا تھا اور میں نے اس کا بدلہ نہیں دیا ہے تو میں یقیناً تمہاری اس بات کا جواب دیتا۔"

اس کے بعد عروہ پھر نبی ﷺ سے گفتگو کرنے لگا۔ وہ جب گفتگو کرتا تو آپ کی ڈاڑھی پکڑ لیتا۔ مغیرہؓ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے سر کے پاس ہی کھڑے تھے۔ ہاتھ میں تلوار تھی اور سر پر خود۔ عروہ جب نبی ﷺ کی داڑھی پر ہاتھ بڑھاتا تو وہ تلوار کا دستہ اس کے ہاتھ پر مارتے اور کہتے کہ اپنا ہاتھ نبی ﷺ کی داڑھی سے پرے رکھ۔ آخر عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور بولا' یہ کون ہے؟ لوگوں نے کہا: مغیرہؓ بن شعبہ ہیں۔ اس پر اس نے کہا۔۔۔ او۔۔۔ بدعہد۔۔۔! کیا میں تیری بدعہدی کے سلسلے میں دوڑ دھوپ نہیں کر رہا ہوں؟ (واقعہ یہ پیش آیا تھا کہ جاہلیت میں حضرت مغیرہؓ کچھ لوگوں کے ساتھ تھے پھر انہیں قتل کر کے ان کا مال لے بھاگے تھے اور آکر مسلمان ہو گئے تھے۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا تھا کہ میں اسلام تو قبول کر لیتا ہوں لیکن مال سے میرا کوئی واسطہ نہیں (اس معاملے میں عروہ کے دوڑ دھوپ کی وجہ یہ تھی کہ حضرت مغیرہ اس کے بھتیجے تھے۔)

اس کے بعد عروہ نبی ﷺ کے ساتھ صحابہ کرامؓ کے تعلقِ خاطر کا منظر دیکھنے لگا۔ پھر اپنے رفقاء کے پاس واپس آیا اور بولا: "اے قوم! بخدا میں قیصر و کسریٰ اور نجاشی جیسے بادشاہوں کے پاس جا چکا ہوں۔ بخدا میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا کہ اسکے ساتھی اُسکی اتنی تعظیم کرتے ہوں جتنی محمد کے ساتھی محمد کی تعظیم کرتے ہیں۔ خدا کی قسم! وہ کھنکار بھی تھوکتے تھے تو کسی نہ کسی آدمی کے ہاتھ پر پڑتا تھا اور وہ شخص اسے اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا تھا۔ اور جب وہ کوئی حکم دیتے تھے تو اس کی بجاآوری کے لیے سب دوڑ پڑتے تھے؛ اور جب وضو کرتے تھے تو معلوم ہوتا تھا کہ اس کے وضو کے پانی کے لیے لوگ لڑ پڑیں گے؛ اور جب کوئی بات بولتے تھے تو سب اپنی آوازیں پست کر لیتے تھے اور فرطِ تعظیم کے سبب انہیں بھرپور نظر سے نہ دیکھتے تھے؛ اور انہوں نے تم پر ایک اچھی تجویز پیش کی ہے لہٰذا اسے قبول کر لو۔"

وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے روکے

جب قریش کے پُرجوش اور جنگ باز نوجوانوں نے دیکھا کہ ان کے سربرآوردہ حضرات صلح کے جویا ہیں تو انہوں نے صلح میں ایک رخنہ اندازی کا پروگرام بنایا اور یہ طے کیا کہ رات کو یہاں سے

نکل کر چپکے سے مسلمانوں کے کیمپ میں گھس جائیں اور ایسا ہنگامہ برپا کر دیں کہ جنگ کی آگ بھڑک اُٹھے۔ پھر انہوں نے اس منصوبے پر عمل کے لیے کوشش بھی کی۔ چنانچہ رات کی تاریکی میں ستر یا اسّی نوجوانوں نے جبلِ تنعیم سے اتر کر مسلمانوں کے کیمپ میں چپکے سے گھسنے کی کوشش کی لیکن اسلامی پہرے داروں کے کمانڈر محمدؓ بن مسلمہ نے ان سب کو گرفتار کر لیا، پھر نبی ﷺ نے صلح کی خاطر ان سب کو معاف کرتے ہوئے آزاد کر دیا۔ اسی کے بارے میں اللہ کا یہ ارشاد نازل ہوا:

وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُم بِبَطْنِ مَكَّةَ مِن بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ۚ (۴۸: ۲۴)

"وہی ہے جس نے بطنِ مکہ میں ان کے ہاتھ تم سے روکے اور تمہارے ہاتھ ان سے روکے؛ اس کے بعد کہ تم کو ان پر قابو دے چکا تھا۔"

حضرت عثمانؓ کی سفارت

اب رسول اللہ ﷺ نے سوچا کہ ایک سفیر روانہ فرمائیں جو قریش کے سامنے مؤکد طریقے پر آپؐ کے موجودہ سفر کے مقصید و مؤقف کی وضاحت کر دے۔ اس کام کے لیے آپؐ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ لیکن انہوں نے یہ کہتے ہوئے معذرت کی کہ اے اللہ کے رسول! اگر مجھے اذیت دی گئی تو مکہ میں بنی کعب کا ایک فرد بھی ایسا نہیں جو میری حمایت میں بگڑ سکتا ہو۔ آپؐ حضرت عثمان بن عفان کو بھیج دیں۔ ان کا کنبہ قبیلہ مکہ ہی میں ہے۔ وہ آپؐ کا پیغام اچھی طرح پہنچا دیں گے۔ آپؐ نے حضرت عثمانؓ کو بلایا اور قریش کے پاس روانگی کا حکم دیتے ہوئے فرمایا: "انہیں بتلا دو کہ ہم لڑنے نہیں آئے ہیں، عمرہ کرنے آئے ہیں۔ انہیں اسلام کی دعوت بھی دو۔" آپؐ نے حضرت عثمانؓ کو یہ حکم بھی دیا کہ وہ مکہ میں اہلِ ایمان مردوں اور عورتوں کے پاس جا کر انہیں فتح کی بشارت سُنا دیں اور یہ بتلا دیں کہ اللہ عزّ وجلّ اب اپنے دین کو مکہ میں ظاہر و غالب کرنے والا ہے یہاں تک کہ ایمان کی وجہ سے کسی کو یہاں رُوپوش ہونے کی ضرورت نہ ہو گی۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آپ کا پیغام لے کر روانہ ہوئے۔ مقام بلدح میں قریش کے پاس سے گزرے تو انہوں نے پوچھا، کہاں کا ارادہ ہے؟ فرمایا مجھے رسول اللہ ﷺ نے یہ اور یہ پیغام دے کر بھیجا ہے۔ قریش نے کہا ہم نے آپؓ کی بات سُن لی۔ آپ اپنے کام پر جائیے۔ ادھر سعید بن عاص نے اُٹھ کر حضرت عثمانؓ کو مرحبا کہا اور اپنے گھوڑے پر زین کس کر آپؓ کو سوار کیا اور ساتھ بٹھا کر اپنی پناہ میں مکہ لے گیا۔ وہاں جا کر حضرت عثمانؓ نے سربراہانِ قریش کو رسول اللہ ﷺ کا پیغام سنایا۔ اس سے فارغ ہو چکے

توقریش نے پیشکش کی کہ آپؓ بیت اللہ کا طواف کر لیں مگر آپؓ نے یہ پیش کش مسترد کر دی اور یہ گوارا نہ کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے طواف کرنے سے پہلے خود طواف کر لیں۔

حضرت عثمانؓ کی شہادت کی افواہ اور بیعتِ رضوان

حضرت عثمانؓ اپنی سفارت کی مہم پوری کر چکے تھے لیکن قریش نے انہیں اپنے پاس روک لیا۔ غالباً وہ چاہتے تھے کہ پیش آمدہ صورتِ حال پر باہم مشورہ کر کے کوئی قطعی فیصلہ کر لیں اور حضرت عثمانؓ کو ان کے لائے ہوئے پیغام کا جواب دے کر واپس کریں۔ مگر حضرت عثمانؓ کے دیر تک رُکے رہنے کی وجہ سے مسلمانوں میں یہ افواہ پھیل گئی کہ انہیں قتل کر دیا گیا ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے فرمایا "ہم اس جگہ سے ٹل نہیں سکتے یہاں تک کہ لوگوں سے معرکہ آرائی کر لیں۔ پھر آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو بیعت کی دعوت دی۔ صحابہ کرامؓ ٹوٹ پڑے اور اس بات پر بیعت کی کہ میدانِ جنگ چھوڑ کر بھاگ نہیں سکتے۔ ایک جماعت نے موت پر بیعت کی؛ یعنی مرجائیں گے مگر میدانِ جنگ نہ چھوڑیں گے۔ سب سے پہلے ابو سنانؓ اسدی نے بیعت کی۔ حضرت سلمہؓ بن اکوع نے تین بار بیعت کی۔ شروع میں، درمیان میں اور اخیر میں۔ رسول اللہ ﷺ نے خود اپنا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: یہ عثمانؓ کا ہاتھ ہے۔ پھر جب بیعت مکمل ہو چکی تو حضرت عثمانؓ بھی آگئے اور انہوں نے بھی بیعت کی۔ اس بیعت میں صرف ایک آدمی نے جو منافق تھا شرکت نہیں کی، اس کا نام جد بن قیس تھا۔

رسول اللہ ﷺ نے یہ بیعت ایک درخت کے نیچے لی۔ حضرت عمرؓ دست مبارک تھامے ہوئے تھے اور حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ نے درخت کی بعض ٹہنیاں پکڑ کر رسول اللہ ﷺ کے اوپر سے ہٹا رکھی تھیں۔ اسی بیعت کا نام بیعتِ رضوان ہے اور اسی کے بارے میں اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی ہے:

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (۱۸:۴۸)

"اللہ مومنین سے راضی ہوا جب کہ وہ آپ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے"۔

صلح اور دفعاتِ صلح

بہر حال قریش نے صورتِ حال کی نزاکت محسوس کر لی، لہٰذا جھٹ سُہیل بن عمرو کو معاملاتِ صلح طے کرنے کے لیے روانہ کیا اور یہ تاکید کر دی کہ صلح میں لازماً یہ بات طے کی جائے کہ آپؐ اس سال واپس چلے جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ عرب یہ کہیں کہ آپؐ ہمارے شہر میں جبراً داخل ہو گئے۔ ان ہدایات کو لے کر سہیل بن عمرو آپ کے پاس حاضر ہوا۔ نبی ﷺ نے اسے آتا دیکھ کر صحابہ کرامؓ سے فرمایا: "تمہارا کام تمہارے لیے سہل کر دیا گیا۔ اس شخص کو بھیجنے کا مطلب ہی یہ ہے کہ قریش صلح چاہتے ہیں"۔ سُہیل نے آپ کے پاس پہنچ کر دیر تک گفتگو کی اور بالآخر طرفین میں صلح کی دفعات طے ہو گئیں

جو یہ تھیں :

۱۔ رسول اللہ ﷺ اس سال مکہ میں داخل ہوئے بغیر واپس جائیں گے۔ اگلے سال مسلمان مکہ آئیں گے اور تین روز قیام کریں گے۔ ان کے ساتھ سوار کا ہتھیار ہو گا۔ میانوں میں تلواریں ہوں گی اور ان سے کسی قسم کا تعرّض نہیں کیا جائے گا۔

۲۔ دس سال تک فریقین جنگ بند رکھیں گے۔ اس عرصے میں لوگ مامون رہیں گے، کوئی کسی پر ہاتھ نہیں اُٹھائے گا۔

۳۔ جو محمدؐ کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہے داخل ہو سکے گا اور جو قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہے داخل ہو سکے گا۔ جو قبیلہ جس فریق میں شامل ہو گا اس فریق کا ایک جزو سمجھا جائے گا لہٰذا ایسے کسی قبیلے پر زیادتی ہوئی تو خود اس فریق پر زیادتی متصور ہو گی۔

۴۔ قریش کا جو آدمی اپنے سرپرست کی اجازت کے بغیر ___ یعنی بھاگ کر ___ محمدؐ کے پاس جائے گا محمدؐ اسے واپس کر دیں گے لیکن محمدؐ کے ساتھیوں میں سے جو شخص ___ پناہ کی غرض سے بھاگ کر ___ قریش کے پاس آئے گا قریش اسے واپس نہ کریں گے۔

اس کے بعد آپؐ نے حضرت علیؓ کو بلایا کہ تحریر لکھ دیں اور یہ املا کرایا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اس پر سہیل نے کہا، ہم نہیں جانتے رحمٰن کیا ہے؟ آپ یوں لکھیے بِاسْمِکَ اللّٰھُمَّ (اے اللہ تیرے نام سے)، نبی ﷺ نے حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ یہی لکھو۔ اس کے بعد آپؐ نے یہ املا کرایا، یہ وہ بات ہے جس پر محمد رسول اللہ نے مصالحت کی۔ اس پر سہیل نے کہا، اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو پھر ہم نہ تو آپؐ کو بیت اللہ سے روکتے اور نہ جنگ کرتے لہٰذا آپ محمد بن عبداللہ لکھوائیے۔ آپؐ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم لوگ جھٹلاؤ۔ پھر حضرت علیؓ کو حکم دیا کہ محمد بن عبداللہ لکھیں اور لفظ "رسول اللہ" مٹا دیں۔ لیکن حضرت علیؓ نے گوارا نہ کیا کہ اس لفظ کو مٹائیں لہٰذا نبی ﷺ نے خود اپنے ہاتھ سے مٹا دیا۔ اس کے بعد پوری دستاویز لکھی گئی۔

پھر جب صلح مکمل ہو چکی تو بنو خُزاعہ رسول اللہ ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہو گئے۔ یہ لوگ درحقیقت عبدالمطلب کے زمانے ہی سے بنو ہاشم کے حلیف تھے جیسا کہ آغاز کتاب میں گذر چکا ہے اس لیے اس عہد و پیمان میں داخلہ درحقیقت اسی قدیم حلف کی تاکید اور پختگی تھی۔ دوسری طرف بنو بکر قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہو گئے۔

ابو جندلؓ کی واپسی

نوشتۂ صلح ابھی لکھا ہی جا رہا تھا کہ سہیل کے بیٹے ابو جندلؓ اپنی بیڑیاں گھسیٹتے آپہنچے۔ وہ زیریں مکہ سے نکل کر آئے تھے۔ انہوں نے یہاں پہنچ کر اپنے آپ کو مسلمانوں کے درمیان ڈال دیا۔ سہیل نے کہا' یہ پہلا شخص ہے جس کے متعلق میں آپؐ سے معاملہ کرتا ہوں کہ آپؐ اسے واپس کردیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا' ابھی تو ہم نے نوشتہ مکمل نہیں کیا ہے۔ اس نے کہا' تب میں آپؐ سے کسی بات پر صلح کا کوئی معاملہ ہی نہ کروں گا۔ نبی ﷺ نے فرمایا' اچھا تو تم اس کو میری خاطر چھوڑ دو۔ اس نے کہا' میں آپؐ کی خاطر بھی نہیں چھوڑ سکتا۔ آپؐ نے فرمایا' نہیں نہیں اتنا تو کر ہی دو۔ اس نے کہا نہیں میں نہیں کر سکتا۔ پھر سہیل نے ابو جندلؓ کے چہرے پر چانٹا رسید کیا۔ اور مشرکین کی طرف واپس کرنے کے لیے ان کے کرتے کا گلا پکڑ کر گھسیٹا۔ ابو جندلؓ زور زور سے چیخ کر کہنے لگے: مسلمانو! کیا میں مشرکین کی طرف واپس کیا جاؤں گا کہ وہ مجھے میرے دین کے متعلق فتنے میں ڈالیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ابو جندلؓ! صبر کرو اور اسے باعثِ ثواب سمجھو۔ اللہ تمہارے لیے اور تمہارے ساتھ جو دوسرے کمزور مسلمان ہیں ان سب کے لیے کشادگی اور پناہ کی جگہ بنائے گا۔ ہم نے قریش سے صلح کرلی ہے اور ہم نے ان کو اور انہوں نے ہم کو اس پر اللہ کا عہد دے رکھا ہے اس لیے ہم بدعہدی نہیں کر سکتے۔"

اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ اچھل کر ابو جندلؓ کے پاس پہنچے۔ وہ ان کے پہلو میں چلتے جا رہے تھے اور کہتے جا رہے تھے: ابو جندلؓ! صبر کرو۔ یہ لوگ مشرک ہیں۔ ان کا خون تو بس کتے کا خون ہے؛ اور ساتھ ہی ساتھ اپنی تلوار کا دستہ بھی ان کے قریب کرتے جا رہے تھے۔ حضرت عمرؓ کا بیان ہے کہ مجھے امید تھی کہ وہ تلوار لے کر اپنے باپ (سہیل) کو اڑا دیں گے لیکن انہوں نے اپنے باپ کے بارے میں بخل سے کام لیا اور معاہدۂ صلح نافذ ہوگیا۔

عمرہ سے حلال ہونے کے لیے قربانی اور بالوں کی کٹائی

رسول اللہ ﷺ معاہدۂ صلح لکھوا کر فارغ ہو چکے تو فرمایا' اٹھو! اور اپنے اپنے جانور قربان کردو۔ لیکن واللہ کوئی بھی نہ اٹھا' حتیٰ کہ آپ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی مگر پھر بھی کوئی نہ اٹھا تو آپ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور لوگوں کے اس پیش آمدہ طرزِ عمل کا ذکر کیا۔ ام المومنینؓ نے کہا: "یا رسولؐ اللہ اگر آپ ایسا چاہتے ہیں؟ تو پھر آپؐ تشریف لے جائیے اور کسی سے کچھ کہے بغیر چپ چاپ اپنا جانور ذبح کردیجئے اور اپنے حجام کو بلا کر سر منڈا لیجئے۔" اسکے بعد رسول اللہ ﷺ باہر تشریف

لائے اور کسی سے کچھ کہے بغیر یہی کیا۔ یعنی اپنا ہدی کا جانور ذبح کر دیا اور حجام کو بلا کر سر منڈا لیا۔ جب لوگوں نے دیکھا تو خود بھی اٹھ کر اپنے اپنے جانور ذبح کر دیے اور اس کے بعد باہم ایک دوسرے کا سر مونڈنے لگے۔ کیفیت یہ تھی کہ معلوم ہوتا تھا فرطِ غم کے سبب ایک دوسرے کو قتل کر دینگے۔ اس موقعہ پر گائے اور اونٹ سات سات آدمیوں کی طرف سے ذبح کئے گئے۔ آپؐ نے وہ اُونٹ ذبح کیا جو کسی زمانے میں ابوجہل کے پاس تھا۔ اُسکی ناک میں چاندی کا ایک حلقہ تھا۔ اِس کا مقصد یہ تھا کہ مشرکین جل بھن کر رہ جائیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے سر منڈانے والوں کے لیے تین بار مغفرت کی دعا کی اور قینچی سے کٹانے والوں کے لیے ایک بار۔ اسی سفر میں اللہ تعالےٰ نے حضرت کعبؓ بن عجرہ کے سلسلے میں یہ حکم بھی نازل فرمایا کہ جو شخص اذیت کے سبب اپنا سر (حالتِ احرام میں) منڈا لے وہ روزے یا صدقے یا ذبیحے کی شکل میں فدیہ دے۔

مہاجرہ عورتوں کی واپسی سے اِنکار

اس کے بعد کچھ مومنہ عورتیں آگئیں۔ ان کے اولیائنے مطالبہ کیا کہ حدیبیہ میں جو صلح مکمل ہو چکی ہے اس کی رُو سے اُنہیں واپس کیا جائے لیکن آپؐ نے یہ مطالبہ اس دلیل کی بنا پر مسترد کر دیا کہ اس دفعہ کے متعلق معاہدے میں جو لفظ لکھا گیا تھا وہ یہ تھا:

وعلى ان لا ياتيك منا رجل وان كان على دينك الا رددته علينا[1]

"اور (یہ معاہدہ اس شرط پر کیا جا رہا ہے کہ) ہمارا جو آدمی آپ کے پاس جائے گا آپ اسے لازماً واپس کر دیں گے خواہ وہ آپ ہی کے دین پر کیوں نہ ہو۔"

لہٰذا عورتیں اس معاہدے میں سرے سے داخل ہی نہ تھیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسی سلسلے میں یہ آیت بھی نازل فرمائی:

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا جَآءَكُمُ ٱلۡمُؤۡمِنَٰتُ مُهَٰجِرَٰتٖ فَٱمۡتَحِنُوهُنَّۖ ٱللَّهُ أَعۡلَمُ بِإِيمَٰنِهِنَّۖ فَإِنۡ عَلِمۡتُمُوهُنَّ مُؤۡمِنَٰتٖ فَلَا تَرۡجِعُوهُنَّ إِلَى ٱلۡكُفَّارِۖ لَا هُنَّ حِلّٞ لَّهُمۡ وَلَا هُمۡ يَحِلُّونَ لَهُنَّۖ وَءَاتُوهُم مَّآ أَنفَقُواْۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيۡكُمۡ أَن تَنكِحُوهُنَّ إِذَآ ءَاتَيۡتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّۚ وَلَا تُمۡسِكُواْ بِعِصَمِ ٱلۡكَوَافِرِ...(۶۰:۱۰)

"اے اہلِ ایمان جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو ان کا امتحان لو، اللہ ان کے ایمان کو بہتر جانتا ہے، پس اگر انہیں مومنہ جانو تو کفار کی طرف نہ پلٹاؤ۔ نہ وہ کفار کے لیے حلال ہیں اور نہ کفار ان کے لیے حلال ہیں۔ البتہ ان کے کافر شوہروں نے جو مہر ان کو دیے تھے اسے واپس دے دو اور پھر تم پر کوئی حرج نہیں کہ ان سے نکاح کر لو جب کہ انہیں ان کے مہر ادا کر دو۔ اور کافرہ عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ رکھو۔"

---

[1] صحیح بخاری ۱/۳۸۰

اس آیت کے نازل ہونے کے بعد جب کوئی مومنہ عورت ہجرت کر کے آتی تو رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی روشنی میں اس کا امتحان لیتے کہ :

إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَن لَّا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (۶۰:۱۲)

(اے نبیؐ! جب تمہارے پاس مومن عورتیں آئیں اور اس بات پر بیعت کریں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں گی، چوری نہ کریں گی، زنا نہ کریں گی، اپنی اولاد کو قتل نہ کریں گی، اپنے ہاتھ پاؤں کے درمیان سے کوئی بہتان گھڑ کر نہ لائیں گی اور کسی معروف بات میں تمہاری نافرمانی نہ کریں گی تو ان سے بیعت لے لو اور ان کے لیے اللہ سے دعائے مغفرت کرو، یقیناً اللہ غفور رحیم ہے۔"

چنانچہ جو عورتیں اس آیت میں ذکر کی ہوئی شرائط کی پابندی کا عہد کرتیں۔ آپ ان سے فرماتے کہ میں نے تم سے بیعت لے لی۔ پھر انہیں واپس نہ کرتے۔

اس حکم کے مطابق مسلمانوں نے اپنی کافرہ بیویوں کو طلاق دے دی۔ اس وقت حضرت عمرؓ کی زوجیت میں دو عورتیں تھیں جو شرک پر قائم تھیں۔ آپؓ نے ان دونوں کو طلاق دے دی۔ پھر ایک سے معاویہ نے شادی کر لی اور دوسری سے صفوان بن امیہ نے۔

اس معاہدے کی دفعات کا حاصل

یہ ہے صلح حدیبیہ۔ جو شخص اس کی دفعات کا ان کے پس منظر سمیت جائزہ لے گا اسے کوئی شبہ نہ رہے گا کہ یہ مسلمانوں کی فتح عظیم تھی، کیونکہ قریش نے اب تک مسلمانوں کا وجود تسلیم نہیں کیا تھا اور انہیں نیست و نابود کرنے کا تہیہ کیے بیٹھے تھے۔ انہیں انتظار تھا کہ ایک نہ ایک دن یہ قوت دم توڑ دے گی۔ اس کے علاوہ قریش جزیرۃ العرب کے دینی پیشوا اور دنیاوی صدر نشین ہونے کی حیثیت سے اسلامی دعوت اور عام لوگوں کے درمیان پوری قوت کے ساتھ حائل رہنے کے لیے کوشاں رہتے تھے۔ اس پس منظر میں دیکھئے تو صلح کی جانب محض جھک جانا ہی مسلمانوں کی قوت کا اعتراف اور اس بات کا اعلان تھا کہ اب قریش اس قوت کو کچلنے کی طاقت نہیں رکھتے۔ پھر تیسری دفعہ کے پیچھے صاف طور پر یہ نفسیاتی کیفیت کارفرما نظر آتی ہے کہ قریش کو دنیاوی صدر نشینی اور دینی پیشوائی کا جو منصب حاصل تھا اسے انہوں نے بالکل بھلا دیا تھا اور اب انہیں صرف اپنی پڑی تھی۔ ان کو اس سے کوئی سروکار نہ تھا کہ بقیہ لوگوں کا کیا بنتا ہے۔ یعنی اگر سارے

کا سارا جزیرۃ العرب حلقہ بگوشِ اسلام ہو جائے تو قریش کو اس کی کوئی پروا نہیں اور وہ اس میں کسی طرح کی مداخلت نہ کریں گے۔ کیا قریش کے عزائم اور مقاصد کے لحاظ سے یہ ان کی شکستِ فاش نہیں ہے؟ اور مسلمانوں کے مقاصد کے لحاظ سے یہ فتحِ مبین نہیں ہے؟ آخر اہل اسلام اور اعدائے اسلام کے درمیان جو خونریز جنگیں پیش آئی تھیں ان کا منشا اور مقصد اس کے سوا کیا تھا کہ عقیدے اور دین کے بارے میں لوگوں کو مکمل آزادی اور خود مختاری حاصل ہو جائے۔ یعنی اپنی آزاد مرضی سے جو شخص چاہے مسلمان ہو اور جو چاہے کافر رہے، کوئی طاقت ان کی مرضی اور ارادے کے سامنے روڑا بن کر کھڑی نہ ہو۔ مسلمانوں کا یہ مقصد تو ہرگز نہ تھا کہ دشمن کے مال ضبط کیے جائیں، انہیں موت کے گھاٹ اتارا جائے، اور انہیں زبردستی مسلمان بنایا جائے۔ یعنی مسلمانوں کا مقصود صرف وہی تھا جسے علامہ اقبال نے یوں بیان کیا ہے ؎

شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن   نہ مالِ غنیمت نہ کشور کشائی!

آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اس صلح کے ذریعے مسلمانوں کا مذکورہ مقصد اپنے تمام اجزا اور لوازم سمیت حاصل ہو گیا اور اس طرح حاصل ہو گیا کہ بسا اوقات جنگ میں فتحِ مبین سے ہمکنار ہونے کے باوجود حاصل نہیں ہو پاتا۔ پھر اس آزادی کی وجہ سے مسلمانوں نے دعوت و تبلیغ کے میدان میں نہایت زبردست کامیابی حاصل کی چنانچہ مسلمان افواج کی تعداد جو اس صلح سے پہلے تین ہزار سے زائد کبھی نہ ہو سکی تھی وہ محض دو سال کے اندر فتح مکہ کے موقع پر دس ہزار ہو گئی۔

دفعہ ۲ بھی درحقیقت اس فتحِ مبین کا ایک جزو ہے کیونکہ جنگ کی ابتدا مسلمانوں نے نہیں بلکہ مشرکین نے کی تھی۔ اللہ کا ارشاد ہے:

وَهُم بَدَءُوكُم أَوَّلَ مَرَّةٍ

"یعنی پہلی بار ان ہی لوگوں نے تم لوگوں سے ابتدا کی۔"

جہاں تک مسلمانوں کی طلایہ گردیوں اور فوجی گشتوں کا تعلق ہے تو مسلمانوں کا مقصود ان سے صرف یہ تھا کہ قریش اپنے احمقانہ غرور اور اللہ کی راہ روکنے سے باز آجائیں اور مساویانہ بنیاد پر معاملہ کریں، یعنی ہر فریق اپنی اپنی ڈگر پر گامزن رہنے کے لیے آزاد رہے۔ اب غور کیجئے کہ دس سالہ جنگ بند رکھنے کا معاہدہ آخر اس غرور اور اللہ کی راہ میں رکاوٹ سے باز آنے ہی کا تو عہد ہے، جو اس بات کی دلیل ہے کہ جنگ کا آغاز کرنے والا کمزور اور بے دست و پا ہو کر اپنے مقصد میں ناکام ہو گیا۔

جہاں تک پہلی دفعہ کا تعلق ہے تو یہ بھی درحقیقت مسلمانوں کی ناکامی کے بجائے کامیابی کی علامت ہے۔

کیونکہ یہ دفعہ درحقیقت اس پابندی کے خاتمے کا اعلان ہے جسے قریش نے مسلمانوں پر مسجد حرام میں داخلے سے متعلق عائد کر رکھی تھی۔ البتہ اس دفعہ میں قریش کے لیے بھی تشفی کی اتنی سی بات تھی کہ وہ اس ایک سال مسلمانوں کو روکنے میں کامیاب رہے، مگر ظاہر ہے کہ یہ وقتی اور بے حیثیت فائدہ تھا۔

اس کے بعد اس صلح کے سلسلے میں یہ پہلو بھی قابلِ غور ہے کہ قریش نے مسلمانوں کو یہ تین رعائتیں دیکر صرف ایک رعایت حاصل کی جو دفعہ ۳ میں مذکور ہے، لیکن یہ رعایت حد درجہ معمولی اور بے وقعت تھی اور اس میں مسلمانوں کا کوئی نقصان نہ تھا۔ کیونکہ یہ معلوم تھا کہ جب تک مسلمان مسلمان رہے گا اللہ، رسول اور مدینۃ الاسلام سے بھاگ نہیں سکتا۔ اس کے بھاگنے کی صرف ایک ہی صورت ہوسکتی ہے کہ وہ مرتد ہوجائے، خواہ ظاہراً خواہ درپردہ؛ اور ظاہر ہے کہ جب مُرتد ہوجائے تو مسلمانوں کو اس کی ضرورت نہیں بلکہ اسلامی معاشرے میں اس کی موجودگی سے کہیں بہتر ہے کہ وہ الگ ہوجائے اور یہی وہ نکتہ ہے جس کی طرف رسول اللہ ﷺ نے اپنے اس ارشاد میں اشارہ فرمایا تھا:

انَّهُ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا اِلَيْهِمْ فَاَبْعَدَهُ اللهُ [۱]

"جو ہمیں چھوڑ کر ان مشرکین کی طرف بھاگا اسے اللہ نے دُور (یا برباد) کردیا۔"

باقی رہے مکّے کے وہ باشندے جو مسلمان ہوچکے تھے یا مسلمان ہونے والے تھے تو ان کے لیے اگرچہ اس معاہدے کی رُو سے مدینہ میں پناہ گزین ہونے کی گنجائش نہ تھی لیکن اللہ کی زمین تو بہرحال کشادہ تھی۔ کیا حبشہ کی زمین نے ایسے نازک وقت میں مسلمانوں کے لیے اپنی آغوش وا نہیں کردی تھی، جب مدینہ کے باشندے اسلام کا نام بھی نہ جانتے تھے؟ اسی طرح آج بھی زمین کا کوئی ٹکڑا مسلمانوں کے لیے اپنی آغوش کھول سکتا تھا اور یہی بات تھی جس کی طرف رسول اللہ ﷺ نے اپنے اس ارشاد میں اشارہ فرمایا تھا:

وَمَنْ جَاءَنَا مِنْهُمْ سَيَجْعَلُ اللهُ لَهُ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا (ایضاً صحیح مسلم ۲/۱۰۵)

"ان کا جو آدمی ہمارے پاس آئے گا۔ اللہ اس کیلئے کشادگی اور نکلنے کی جگہ بنا دے گا"

پھر اس قسم کے تحفظات سے اگرچہ بظاہر قریش نے عزّ و وقار حاصل کیا تھا مگر یہ درحقیقت قریش کی سخت نفسیاتی گھبراہٹ، پریشانی، اعصابی دباؤ اور شکستگی کی علامت ہے۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ انہیں اپنے بُت پرست سماج کے بارے میں سخت خوف لاحق تھا اور وہ محسوس کر رہے تھے کہ ان کا یہ سماجی گھروندا

---

[۱] صحیح مسلم باب صلح الحدیبیہ ۲/۱۰۵

ایک کھائی کے ایسے کھوکھلے اور اندر سے کٹے ہوئے کنارے پر کھڑا ہے جو کسی بھی دم ٹوٹ گرنے والا ہے؛ لہٰذا اس کی حفاظت کے لیے اس طرح کے تحفظات حاصل کر لینا ضروری ہیں۔ دوسری طرف رسول اللہ ﷺ نے جس فراخدلی کے ساتھ یہ شرط منظور کی کہ قریش کے یہاں پناہ لینے والے کسی مسلمان کو واپس نہ طلب کریں گے وہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ کو اپنے سماج کی ثابت قدمی اور پختگی پر پورا پورا اعتماد تھا اور اس قسم کی شرط آپ کے لیے قطعاً کسی اندیشے کا سبب نہ تھی۔

مسلمانوں کا غم اور حضرت عمرؓ کا مناقشہ

یہ ہے معاہدۂ صلح کی دفعات کی حقیقت لیکن ان دفعات میں دو باتیں بظاہر اس قسم کی تھیں کہ ان کی وجہ سے مُسلمانوں کو سخت غم والم لاحق ہوا۔ ایک یہ کہ آپؐ نے بتایا تھا کہ آپ بیت اللہ تشریف لے جائیں گے۔ اور اس کا طواف کریں گے لیکن آپؐ طواف کیے بغیر واپس ہو رہے تھے۔ دوسرے یہ کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں اور حق پر ہیں اور اللہ نے اپنے دین کو غالب کرنے کا وعدہ کیا ہے، پھر کیا وجہ ہے کہ آپؐ نے قریش کا دباؤ قبول کیا۔ اور دب کر صلح کی؟ یہ دونوں باتیں طرح طرح کے شکوک وشبہات اور گمان ووسوسے پیدا کر رہی تھیں۔ ادھر مسلمانوں کے احساسات اس قدر مجروح تھے کہ وہ صلح کی دفعات کی گہرائیوں اور مآل پر غور کرنے کے بجائے حزن وغم سے نڈھال تھے اور غالباً سب سے زیادہ غم حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو تھا۔ چنانچہ انہوں نے خدمتِ نبوی میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسُول! کیا ہم لوگ حق پر اور وہ لوگ باطل پر نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا، کیوں نہیں! انہوں نے کہا، کیا ہمارے مقتولین جنّت میں اور ان کے مقتولین جہنم میں نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا، کیوں نہیں۔ انہوں نے کہا! تو پھر کیوں ہم اپنے دین کے بارے میں دباؤ قبول کریں اور ایسی حالت میں پلٹیں کہ ابھی اللہ نے ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ نہیں کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: "خطّاب کے صاحبزادے! میں اللہ کا رسول ہوں اور اس کی نافرمانی نہیں کر سکتا۔ وہ میری مدد کرے گا اور مجھے ہرگز ضائع نہ کرے گا۔" انہوں نے کہا، کیا آپؐ نے ہم سے یہ بیان نہیں کیا تھا کہ ہم بیت اللہ کی زیارت کریں گے اور اس کا طواف کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا، کیوں نہیں، لیکن کیا میں نے یہ بھی کہا تھا کہ ہم اسی سال کریں گے؟ انہوں نے کہا، نہیں۔ آپؐ نے فرمایا تو بہرحال تم بیت اللہ تک پہنچو گے اور اس کا طواف کرو گے۔

اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ غصے سے بھرے ہوئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اور ان سے وہی باتیں کہیں جو رسول اللہ ﷺ سے کہی تھیں اور انہوں نے بھی ٹھیک وہی

جواب دیا جو رسول اللہ ﷺ نے دیا تھا اور اخیر میں اتنا اور اضافہ کیا کہ آپ ﷺ کی رکاب تھامے رہو یہاں تک کہ موت آجائے کیونکہ خدا کی قسم آپ حق پر ہیں۔

اس کے بعد اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا کی آیات نازل ہوئیں جس میں اس صلح کو فتح مبین قرار دیا گیا ہے۔ اس کا نزول ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو بلایا اور پڑھ کر سنایا۔ وہ کہنے لگے، یا رسول اللہ! یہ فتح ہے؟ فرمایا، ہاں۔ اس سے ان کے دل کو سکون ہوگیا اور واپس چلے گئے۔

بعد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اپنی تقصیر کا احساس ہوا تو سخت نادم ہوئے۔ خود ان کا بیان ہے کہ میں نے اُس روز جو غلطی کی تھی اور جو بات کہہ دی تھی اس سے ڈر کر میں نے بہت سے اعمال کیے۔ برابر صدقہ و خیرات کرتا رہا۔ روزے رکھتا اور نماز پڑھتا رہا اور غلام آزاد کرتا رہا یہاں تک کہ اب مجھے خیر کی امید ہے[۳]۔

کمزور مُسلمانوں کا مسئلہ حل ہوگیا

رسول اللہ ﷺ مدینہ واپس تشریف لاکر مطمئن ہو چکے تو ایک مسلمان جسے مکہ میں اذیتیں دی جارہی تھیں چھوٹ کر بھاگ آیا۔ ان کا نام ابو بَصیر رضی اللہ عنہ تھا۔ وہ قبیلہ ثقیف سے تعلق رکھتے تھے اور قریش کے حلیف تھے۔ قریش نے ان کی واپسی کے لیے دو آدمی بھیجے اور یہ کہلوایا کہ ہمارے اور آپ کے درمیان جو عہد و پیمان ہے اس کی تعمیل کیجیے۔ نبی ﷺ نے ابو بصیر کو ان دونوں کے حوالے کردیا۔ یہ دونوں انہیں ہمراہ لے کر روانہ ہوئے اور ذوالحُلیفہ پہنچ کر اترے، اور کھجور کھانے لگے۔ ابو بَصیر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے کہا، اے فلاں! خدا کی قسم میں دیکھتا ہوں کہ تمہاری یہ تلوار بڑی عمدہ ہے۔ اس شخص نے اسے نیام سے نکال کر کہا، ہاں ہاں! واللہ یہ بہت عمدہ ہے۔ مَیں نے اس کا بارہا تجربہ کیا ہے۔ ابو بصیر نے کہا، ذرا مجھے دکھلاؤ، میں بھی دیکھوں۔ اس شخص نے ابو بَصیر رضی اللہ عنہ کو تلوار دے دی اور ابو بَصیر رضی اللہ عنہ نے تلوار لیتے ہی اسے مار کر ڈھیر کر دیا۔

دوسرا شخص بھاگ کر مدینہ آیا اور دوڑتا ہوا مسجد نبوی میں گھس گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے دیکھ کر فرمایا یہ خوفزدہ نظر آتا ہے۔ وہ شخص نبی ﷺ کے پاس پہنچ کر بولا: میرا ساتھی خدا کی قسم قتل کر دیا گیا۔ اور مَیں بھی قتل ہی کیا جانے والا ہوں۔ اتنے میں ابو بَصیر رضی اللہ عنہ آگئے اور بولے: "یا رسول اللہ! اللہ نے آپ کا عہد پورا کر دیا۔ آپ نے مجھے ان کی طرف پلٹا دیا، پھر اللہ نے مجھے ان سے نجات دے دی۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اس کی ماں کی بربادی ہو، اسے کوئی ساتھی مل جائے تو یہ تو جنگ کی آگ بھڑکا

---

[۳] صلح حدیبیہ کی تفصیلات کے مآخذ یہ ہیں۔ فتح الباری ۷/ ۴۳۹ تا ۴۵۸، صحیح بخاری ۱/ ۳۷۸ تا ۳۸۱، ۲/ ۵۹۸، ۶۰۰، ۷۱۷، صحیح مسلم ۲/ ۱۰۴/ ۱۰۵، ۱۰۶۔ ابن ہشام ۲/ ۳۰۸ تا ۳۲۲ زاد المعاد ۲/ ۱۲۲ تا ۱۲۷، مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۲۰۷ تا ۳۰۵ تاریخ عمر بن الخطاب لابن الجوزی ص ۳۹، ۴۰۔

دے گا"۔ یہ بات سُن کر ابوبصیرؓ سمجھ گئے کہ اب انہیں پھر کافروں کے حوالے کیا جائے گا اس لیے وہ مدینہ سے نکل کر ساحلِ سمندر پر آ گئے۔ ادھر ابوجندلؓ بن سہیل بھی چھوٹ بھاگے اور ابوبصیرؓ سے آملے۔ اب قریش کا جو آدمی بھی اسلام لا کر بھاگتا وہ ابوبصیرؓ سے آملتا یہاں تک کہ ان کی ایک جماعت اکٹھی ہوگئی۔ اس کے بعد ان لوگوں کو ملک شام آنے جانے والے کسی بھی قریشی قافلے کا پتا چلتا تو وہ اس سے ضرور چھیڑ چھاڑ کرتے اور قافلے والوں کو مار کر ان کا مال لوٹ لیتے۔ قریش نے تنگ آکر نبی ﷺ کو اللہ اور قرابت کا واسطہ دیتے ہوئے یہ پیغام دیا کہ آپ انہیں اپنے پاس بلالیں اور اب جو بھی آپ کے پاس جائے گا مامون رہے گا۔ اس کے بعد نبی ﷺ نے انھیں بلوالیا اور وہ مدینہ آگئے۔[4]

برادرانِ قریش کا قبولِ اسلام

اس معاہدۂ صلح کے بعد ۸ھ کے اوائل میں حضرت عمروؓ بن عاص، خالد بن ولید اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم مسلمان ہوگئے۔ جب یہ لوگ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: "مکہ نے اپنے جگر گوشوں کو ہمارے حوالے کر دیا ہے۔[5]"

---

[4] سابقہ مآخذ

[5] اس بارے میں سخت اختلاف ہے کہ یہ صحابۂ کرام کس سنہ میں اسلام لائے۔ اسماء الرجال کی عام کتابوں میں اسے ۸ھ کا واقعہ بتایا گیا ہے۔ لیکن نجاشی کے پاس حضرت عمروؓ بن عاص رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا واقعہ معروف ہے جو ۸ھ کا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہے کہ حضرت خالدؓ اور عثمانؓ بن طلحہ اس وقت مسلمان ہوئے تھے جب حضرت عمروؓ بن عاص حبشہ سے واپس آئے تھے کیونکہ انہوں نے حبشہ سے واپس آکر مدینہ کا قصد کیا تو راستے میں ان دونوں سے ملاقات ہوئی۔ اور تینوں حضرات نے ایک ساتھ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوکر اسلام قبول کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ سبھی حضرات ۸ھ کے اوائل میں مسلمان ہوئے۔ واللہ اعلم۔

دوسرا مرحلہ :

نئی تبدیلی

صلح حدیبیہ درحقیقت اسلام اور مسلمانوں کی زندگی میں ایک نئی تبدیلی کا آغاز تھا چونکہ اسلام کی عداوت و دشمنی میں قریش سب سے زیادہ مضبوط ، ہٹ دھرم اور لڑاکا قوم کی حیثیت رکھتے تھے اس لیے جب جنگ کے میدان میں پسپا ہوکر امن و سلامتی کی طرف آگئے تو احزاب کے تین بازوؤں قریش، غطفان اور یہود میں سے سب سے مضبوط بازو ٹوٹ گیا؛ اور چونکہ قریش ہی پورے جزیرۃ العرب میں بت پرستی کے نمائندے اور سربراہ تھے اس لیے میدانِ جنگ سے ان کے ہٹتے ہی بت پرستوں کے جذبات سرد پڑ گئے اور ان کی دشمنانہ روش میں بڑی حد تک تبدیلی آگئی۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس صلح کے بعد غطفان کی طرف سے بھی کسی بڑی تگ و دو اور شور وشر کا مظاہرہ نہیں ہوا، بلکہ انہوں نے کچھ کیا بھی تو یہود کے بھڑکانے پر۔

جہاں تک یہود کا تعلق ہے تو وہ یثرب سے جلاوطنی کے بعد خیبر کو اپنی دسیسہ کاریوں اور سازشوں کا اڈہ بنا چکے تھے وہاں ان کے شیطان انڈے بچے دے رہے تھے اور فتنے کی آگ بھڑکانے میں مصروف تھے۔ وہ مدینہ کے گرد و پیش آباد بدوؤں کو بھڑکاتے رہتے تھے اور نبی ﷺ اور مسلمانوں کے خاتمے یا یا کم ازکم انہیں بڑے پیمانے پر زک پہنچانے کی تدبیریں سوچتے رہتے تھے۔ اس لیے صلح حدیبیہ کے بعد نبی ﷺ نے سب سے پہلا اور فیصلہ کن راست اقدام اسی مرکز شر و فساد کے خلاف کیا۔

بہر حال امن کے اس مرحلے پر جو صلح حدیبیہ کے بعد شروع ہوا تھا مسلمانوں کو اسلامی دعوت پھیلانے اور تبلیغ کرنے کا اہم موقع ہاتھ آگیا تھا اس لیے اس میدان میں ان کی سرگرمیاں تیز تر ہوگئیں جو جنگی سرگرمیوں پر غالب رہیں لہٰذا مناسب ہوگا کہ اس دور کی دو قسمیں کر دی جائیں۔

(۱) تبلیغی سرگرمیاں، اور بادشاہوں اور سربراہوں کے نام خطوط (۲) جنگی سرگرمیاں۔

پھر بے جا نہ ہوگا کہ اس مرحلے کی جنگی سرگرمیاں پیش کرنے سے پہلے بادشاہوں اور سربراہوں کے نام خطوط کی تفصیلات پیش کر دی جائیں کیونکہ طبعی طور پر اسلامی دعوت مقدم ہے بلکہ یہی وہ اصل مقصد ہے جس کے لیے مسلمانوں نے طرح طرح کی مشکلات و مصائب، جنگ اور فتنے، ہنگامے اور اضطرابات برداشت کیے تھے۔

بادشاہوں اور اُمرائے کے نام خُطُوط

سنہ ۶ھ کے اخیر میں جب رسول اللہ ﷺ حدیبیہ سے واپس تشریف لائے تو آپ نے مختلف بادشاہوں کے نام خطوط لکھ کر انہیں اسلام کی دعوت دی۔

آپ نے ان خطوط کے لکھنے کا ارادہ فرمایا تو آپ سے کہا گیا کہ بادشاہ اسی صورت میں خطوط قبول کریں گے جب ان پر مہر لگی ہو اس لیے نبی ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس پر محمد رسول اللہ نقش تھا۔ یہ نقش تین سطروں میں تھا محمد ایک سطر میں، رسول ایک سطر میں، اور اللہ ایک سطر میں شکل یہ تھی: محمد رسول اللہ [1]

پھر آپ نے معلومات رکھنے والے تجربہ کار صحابہ کرام کو بطور قاصد منتخب فرمایا اور انہیں بادشاہوں کے پاس خطوط دے کر روانہ فرمایا۔ علامہ منصور پوری نے وثوق کے ساتھ بیان کیا ہے کہ آپ نے یہ قاصد اپنی خیبر روانگی سے چند دن پہلے یکم محرم ۷ھ کو روانہ فرمائے تھے[2]۔ اگلی سطور میں وہ خطوط اور ان پر مرتب ہونے والے کچھ اثرات پیش کیے جارہے ہیں:

۱۔ نجاشی شاہ حبش کے نام خط

اس نجاشی کا نام اَصحمہ بن اَبجر تھا نبی ﷺ نے اس کے نام جو خط لکھا اسے عمرو بن اُمیہ ضمری کے بدست ۶ھ کے اخیر یا ۷ھ کے شروع میں روانہ فرمایا۔ طبری نے اس خط کی عبارت ذکر کی ہے لیکن اسے بنظرِ غائر دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ وہ خط نہیں ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے صلح حدیبیہ کے بعد لکھا تھا بلکہ یہ غالباً اس خط کی عبارت ہے جسے آپ نے مکی دور میں حضرت جعفر کو ان کی ہجرتِ حبشہ کے وقت دیا تھا۔ کیوں کہ خط کے اخیر میں ان مہاجرین کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا گیا ہے:

وقد بعثت اليكم ابن عمى جعفرا ومعه نفر من المسلمين، فاذا جاءك فاقرهم ودع التجبر.

"میں نے تمہارے پاس اپنے چچیرے بھائی جعفر کو مسلمانوں کی ایک جماعت کے ساتھ روانہ کیا ہے جب

---

[1] صحیح بخاری ۸۷۲/۲، ۸۷۳۔ [2] رحمۃ للعالمین ۱۷۱/۱

وہ تمہارے پاس پہنچیں تو انہیں اپنے پاس ٹھہرانا اور جبر اختیار نہ کرنا۔"

بیہقی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ایک اور خط کی عبارت روایت کی ہے جسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کے پاس روانہ کیا تھا۔ اس کا ترجمہ یہ ہے :

"یہ خط ہے محمد نبی کی طرف سے نجاشی اصحم شاہ حبش کے نام،

اس پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے۔ اور اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، اس نے نہ کوئی بیوی اختیار کی نہ لڑکا؛ اور (میں) اسکی بھی شہادت دیتا ہوں کہ، محمدؐ اس کا بندہ اور رسول ہے، اور میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں کیوں کہ میں اس کا رسول ہوں، لہٰذا اسلام لاؤ سلامت رہو گے۔" اے اہل کتاب ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کریں، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے بعض بعض کو اللہ کے بجائے رب نہ بنائے۔ پس اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دو کہ گواہ رہو ہم مسلمان ہیں۔" اگر تم نے (یہ دعوت) قبول نہ کی تو تم پر اپنی قوم کے نصاریٰ کا گناہ ہے۔"

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب (پارس) نے ایک اور خط کی عبارت درج فرمائی ہے جو ماضی قریب میں دستیاب ہوا ہے اور صرف ایک لفظ کے اختلاف کے ساتھ یہی خط علاّمہ ابنِ قیم کی کتاب زاد المعاد میں بھی موجود ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے اس خط کی عبارت کی تحقیق میں بڑی عرق ریزی سے کام لیا ہے۔ دُورِ جدید کے انکشافات سے بہت کچھ استفادہ کیا ہے اور اس خط کا فوٹو کتاب کے اندر ثبت فرمایا ہے۔

اس خط کا ترجمہ یہ ہے :

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم"

محمد رسول اللہ کی جانب سے نجاشی عظیم حبشہ کے نام

اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے۔ امابعد میں تمہاری طرف اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جو قدوس اور سلام ہے۔ امن دینے والا محافظ و نگران ہے اور میں شہادت دیتا ہوں کہ عیسیٰ ابن مریم اللہ کی روح اور اس کا کلمہ ہیں۔ اللہ نے انہیں پاکیزہ اور پاکدامن مریمؑ بتول کی طرف ڈال دیا۔ اور اس کی رُوح اور پھونک سے مریم عیسیٰؑ کے لیے حاملہ ہوئیں۔ جیسے اللہ نے آدمؑ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا۔ میں اللہ وحدہٗ لاشریک لہٗ کی جانب اور اس کی اطاعت پر ایک دوسرے کی مدد کی جانب دعوت دیتا ہوں اور اس بات کی طرف (بلاتا ہوں)، کہ تم میری پیروی کرو اور جو کچھ میرے پاس آیا ہے اس پر ایمان لاؤ کیونکہ میں اللہ

کا رسول (ﷺ) ہوں اور میں تمہیں اور تمہارے لشکر کو اللہ عزوجل کی طرف بلاتا ہوں، اور میں نے تبلیغ ونصیحت کر دی لہٰذا میری نصیحت قبول کرو، اور اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے[۱]"

ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے بڑے یقینی انداز میں کہا ہے کہ یہی وہ خط ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے حدیبیہ کے بعد نجاشی کے پاس روانہ فرمایا تھا۔ جہاں تک اس خط کی استنادی حیثیت کا تعلق ہے تو دلائل پر نظر ڈالنے کے بعد اس کی صحت میں کوئی شبہ نہیں رہتا لیکن اس بات کی کوئی دلیل نہیں کہ نبی ﷺ نے حدیبیہ کے بعد یہی خط روانہ فرمایا تھا' بلکہ بیہقی نے جو خط ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت سے نقل کیا ہے اس کا انداز ان خطوط سے زیادہ ملتا جلتا ہے جنہیں نبی ﷺ نے حدیبیہ کے بعد عیسائی بادشاہوں اور اُمراء کے پاس روانہ فرمایا تھا کیونکہ جس طرح آپؐ نے ان خطوط میں آیت کریمہ یٰأ اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء۔ الآیۃ درج فرمائی تھی، اسی طرح بیہقی کے روایت کردہ خط میں بھی یہ آیت درج ہے۔ علاوہ ازیں اس خط میں صراحتاً اصحمہ کا نام بھی موجود ہے جبکہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کے نقل کردہ خط میں کسی کا نام نہیں ہے؛ اس لیے میرا گمان غالب یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کا نقل کردہ خط درحقیقت وہ خط ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے اصحمہ کی وفات کے بعد اس کے جانشین کے نام لکھا تھا اور غالباً یہی سبب ہے کہ اس میں کوئی نام درج نہیں۔

اس ترتیب کی میرے پاس کوئی دلیل نہیں ہے بلکہ اس کی بنیاد صرف وہ اندرونی شہادتیں ہیں جو ان خطوط کی عبارتوں سے حاصل ہوتی ہیں۔ البتہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب پر تعجب ہے کہ موصوف نے ادھر ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت سے بیہقی کے نقل کردہ خط کو پورے یقین کے ساتھ نبی ﷺ کا وہ خط قرار دیا ہے جو آپؐ نے اصحمہ کی وفات کے بعد اس کے جانشین کے نام لکھا تھا حالانکہ اس خط میں صراحت کے ساتھ اصحمہ کا نام موجود ہے۔ والعلم عند اللہ[۲]

بہر حال جب عمرو بن اُمیہ ضمری رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کا خط نجاشی کے حوالے کیا تو نجاشی نے اسے لے کر آنکھ پر رکھا اور تخت سے زمین پر اتر آیا اور حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور نبی ﷺ کی طرف اس بارے میں خط لکھا جو یہ ہے۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم"

محمدؐ رسول اللہ کی خدمت میں نجاشی اصحمہ کی طرف سے

---

[۱] دیکھئے رسولِ اکرم کی سیاسی زندگی' مؤلفہ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب' ص ۱۰۸، ۱۰۹، ۱۲۲، ۱۲۳، ۱۲۴، ۱۲۵، زاد المعاد میں آخری فقرہ والسلام علیٰ مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی کے بجائے اَسْلِمْ اَنْتَ ہے۔ دیکھئے زاد المعاد ۳/۶۰

[۲] دیکھئے ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی کتاب "حضورِ اکرمؐ کی سیاسی زندگی از ص ۱۰۸ تا ۱۱۴ و از ص ۱۲۱ تا ۱۳۱۔

اے اللہ کے نبی آپؐ پر اللہ کی طرف سے سلام اور اس کی رحمت اور برکت ہو۔ وہ اللہ جس کے سوا کوئی لائقِ عبادت نہیں۔ امابعد:

اے اللہ کے رسُول! مجھے آپ کا گرامی نامہ ملا جس میں آپ نے عیسیٰؑ کا معاملہ ذکر کیا ہے۔ خدائے آسمان و زمین کی قسم آپ نے جو کچھ ذکر فرمایا ہے حضرت عیسیٰؑ اس سے ایک تنکا بڑھ کر نہ تھے۔ وہ ویسے ہی ہیں جیسے آپؐ نے ذکر فرمایا ہے[۵] پھر آپؐ نے جو کچھ ہمارے پاس بھیجا ہے ہم نے اسے جانا اور آپ کے چچیرے بھائی اور آپؐ کے صحابہؓ کی مہمان نوازی کی، اور میں شہادت دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے سچے اور پکے رسُول ہیں۔ اور میں نے آپؐ سے بیعت کی اور آپؐ کے چچیرے بھائی سے بیعت کی، اور ان کے ہاتھ پر اللہ رب العٰلمین کے لیے اِسلام قبول کیا[۶]

نبی ﷺ نے نجاشی سے یہ بھی طلب کیا تھا کہ وہ حضرت جعفرؓ اور دوسرے مہاجرین حبشہ کو روانہ کر دے۔ چنانچہ اس نے حضرت عمروؓ بن امیہ ضمری کے ساتھ دو کشتیوں میں ان کی روانگی کا انتظام کر دیا۔ ایک کشتی کے سوار جس میں حضرت جعفر اور حضرت ابوموسیٰ اشعری اور کچھ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم تھے، براہِ راست خیبر پہنچ کر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور دوسری کشتی کے سوار جن میں زیادہ تر بال بچے تھے سیدھے مدینہ پہنچے[۷]

مذکورہ نجاشی نے غزوہ تبوک کے بعد رجب ۹ھ میں وفات پائی۔ نبی ﷺ نے اس کی وفات ہی کے دن صحابہ کرامؓ کو اس کی موت کی اطلاع دی اور اس پر غائبانہ نماز جنازہ پڑھی۔ اس کی وفات کے بعد دوسرا بادشاہ اس کا جانشین ہو کر سریر آرائے سلطنت ہوا تو نبی ﷺ نے اس کے پاس بھی ایک خط روانہ فرمایا لیکن یہ نہ معلوم ہو سکا کہ اس نے اسلام قبول کیا یا نہیں[۸]

۲۔ مُقوقِس شاہِ مصر کے نام خط

نبی ﷺ نے ایک گرامی نامہ جریج بن متّی[۹] کے نام روانہ فرمایا جس کا لقب مقوقس تھا اور جو مصر و اسکندریہ کا بادشاہ تھا۔ نامۂ گرامی یہ ہے:

---

[۵] حضرت عیسیٰؑ کے متعلق یہ فقرے ڈاکٹر حمید اللہ صاحب کی اس رائے کی تائید کرتے ہیں کہ ان کا ذکر کردہ خط اصحمہ کے نام تھا۔ واللہ اعلم۔

[۶] زاد المعاد ۳/۶۱

[۷] ابنِ ہشام ۲/۳۵۹ وغیرہ

[۸] یہ بات کسی قدر صحیح مسلم کی روایت سے اخذ کی جاسکتی ہے جو حضرت انس سے مروی ہے۔ ۲/۹۹

[۹] یہ نام علامہ منصور پوری نے رحمۃ للعالمین ۱/۱۷۸ میں ذکر فرمایا ہے۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس کا نام بنیامین بتلایا ہے۔ دیکھئے رسول اکرم کی سیاسی زندگی، ص ۱۴۱

"بسم اللہ الرحمن الرحیم"

اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمد کی طرف سے مقوقس عظیم قبط کی جانب ۔

اس پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے ۔ اما بعد :

میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں ۔ اسلام لاؤ سلامت رہو گے اور اسلام لاؤ اللہ تمہیں دوہرا اجر دے گا، لیکن اگر تم نے منہ موڑا تو تم پر اہلِ قبط کا بھی گناہ ہوگا۔" اے اہلِ قبط ! ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں ۔ اور ہم میں سے بعض، بعض کو اللہ کے بجائے رب نہ بنائیں ۔ پس اگر وہ منہ موڑیں تو کہہ دو کہ گواہ رہو ہم مسلمان ہیں[۱۰]"

اس خط کو پہنچانے کے لیے حضرت حاطبؓ بن ابی بلتعہ کا انتخاب فرمایا گیا۔ وہ مقوقس کے دربار میں پہنچے تو فرمایا "(اس زمین پر) تم سے پہلے ایک شخص گذرا ہے جو اپنے آپ کو ربِّ اعلیٰ سمجھتا تھا۔ اللہ نے اسے آخر و اول کے لیے عبرت بنا دیا۔ پہلے تو اس کے ذریعے لوگوں سے انتقام لیا پھر خود اس کو انتقام کا نشانہ بنایا لہٰذا دوسرے سے عبرت پکڑو، ایسا نہ ہو کہ دوسرے تم سے عبرت پکڑیں ۔"

مقوقس نے کہا: ہمارا ایک دین ہے جسے ہم چھوڑ نہیں سکتے جب تک کہ اس سے بہتر دین نہ مل جائے۔

حضرت حاطب نے فرمایا: "ہم تمہیں اسلام کی دعوت دیتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے تمام ماسوا (ادیان) کے بدلے کافی بنا دیا ہے ۔ دیکھو! اس نبی نے لوگوں کو (اسلام کی) دعوت دی تو اس کے خلاف قریش سب سے زیادہ سخت ثابت ہوئے؛ یہود نے سب سے بڑھ کر دشمنی کی اور نصاریٰ سب سے زیادہ قریب رہے ۔ میری عمر کی قسم! جس طرح حضرت موسیٰ نے حضرت عیسیٰ کے لیے بشارت دی تھی، اسی طرح حضرت عیسیٰ نے محمد ﷺ کے لیے بشارت دی ہے، اور ہم تمہیں قرآن مجید کی دعوت اسی طرح دیتے ہیں جیسے تم اہلِ تورات کو انجیل کی دعوت دیتے ہو ۔ جو نبی جس قوم کو پا جاتا ہے وہ قوم اس کی امت ہو جاتی ہے، اور اس پر لازم ہو جاتا ہے کہ وہ اس نبی کی اطاعت کرے اور تم نے اس نبی کا عہد پا لیا ہے؛ اور پھر ہم تمہیں دینِ مسیح سے روکتے نہیں ہیں بلکہ ہم تو اسی کا حکم دیتے ہیں ۔"

---

[۱۰] زاد المعاد لابن قیم ۳/۶۱ ماضی قریب میں یہ خط دستیاب ہوا ہے ۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس کا جو فوٹو شائع کیا ہے اس میں اور زاد المعاد کی عبارت میں صرف دو حرف کا فرق ہے ۔ زاد المعاد میں ہے اسلم تسلم ۔ اسلم یوتک اللہ الخ اور خط میں ہے فاسلم تسلم یوتک اللہ، اسی طرح زاد المعاد میں ہے اثم اہل القبط اور خط میں ہے اثم القبط ۔ دیکھئے رسول اکرم کی سیاسی زندگی ص ۱۳۶/۱۳۷

مقوقس نے کہا: "میں نے اس نبی کے معاملے پر غور کیا تو میں نے پایا کہ وہ کسی ناپسندیدہ بات کا حکم نہیں دیتے اور کسی پسندیدہ بات سے منع نہیں کرتے۔ وہ نہ گمراہ جادوگر ہیں نہ جھوٹے کاہن، بلکہ میں دیکھتا ہوں کہ ان کے ساتھ نبوت کی یہ نشانی ہے کہ وہ پوشیدہ کو نکالتے اور سرگوشی کی خبر دیتے ہیں میں مزید غور کروں گا۔"

مقوقس نے نبی ﷺ کا خط لے کر (احترام کے ساتھ) ہاتھی دانت کی ایک ڈبیہ میں رکھ دیا اور مہر لگا کر اپنی ایک لونڈی کے حوالے کر دیا۔ پھر عربی لکھنے والے ایک کاتب کو بلا کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حسب ذیل خط لکھوایا۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد بن عبد اللہ کے لیے مقوقس عظیم قبط کی طرف سے۔

آپ پر سلام، اما بعد میں نے آپ کا خط پڑھا اور اس میں آپ کی ذکر کی ہوئی بات اور دعوت کو سمجھا، مجھے معلوم ہے کہ ابھی ایک نبی کی آمد باقی ہے۔ میں سمجھتا تھا کہ وہ شام سے نمودار ہوگا۔ میں نے آپ کے قاصد کا اعزاز و اکرام کیا۔ آپ کی خدمت میں دو لونڈیاں بھیج رہا ہوں جنہیں قبطیوں میں بڑا مرتبہ حاصل ہے۔ اور کپڑے بھیج رہا ہوں اور آپ کی سواری کے لیے ایک خچر بھی ہدیہ کر رہا ہوں؛ اور آپ پر سلام۔"

مقوقس نے اس پر کوئی اضافہ نہیں کیا۔ اور اسلام نہیں لایا۔ دونوں لونڈیاں ماریہ اور سیرین تھیں۔ خچر کا نام دُلدل تھا جو حضرت معاویہؓ کے زمانے تک باقی رہا۔[1] نبی ﷺ نے ماریہؓ کو اپنے پاس رکھا، اور انہیں کے بطن سے نبی ﷺ کے صاحبزادے ابراہیم پیدا ہوئے اور سیرینؓ کو حضرت حسانؓ بن ثابت انصاری کے حوالے کر دیا۔

۳۔ شاہ فارس خسرو پرویز کے نام خط

نبی ﷺ نے ایک خط بادشاہِ فارس کسریٰ (خسرو) کے پاس روانہ کیا جو یہ تھا۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم"

محمد رسول اللہ کی طرف سے کسریٰ عظیم فارس کی جانب

اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے اور اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمدؐ اس کے بندے اور رسول ہیں۔ میں تمہیں اللہ کی طرف بلاتا ہوں، کیونکہ میں تمام انسانوں کی جانب اللہ کا فرستادہ ہوں تاکہ جو شخص زندہ

[1] زاد المعاد ۳/۶۱

ہے اسے انجام بد سے ڈرایا جائے اور کافرین پر حق بات ثابت ہو جائے (یعنی حجت تمام ہو جائے) پس تم اسلام لاؤ سالم رہو گے اور اگر اس سے انکار کیا تو تم پر مجوس کا بھی بارِ گناہ ہوگا۔"

اس خط کو لے جانے کیلئے آپ نے حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ کو منتخب فرمایا۔ انہوں نے یہ خط سربراہ بحرین کے حوالے کیا۔ اب یہ معلوم نہیں کہ سربراہ بحرین نے یہ خط اپنے کسی آدمی کے ذریعہ کسریٰ کے پاس بھیجا یا خود حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی کو روانہ کیا۔ بہرحال جب یہ خط کسریٰ کو پڑھ کر سنایا گیا تو اس نے چاک کر دیا اور نہایت متکبرانہ انداز میں بولا: میری رعایا میں سے ایک حقیر غلام اپنا نام مجھ سے پہلے لکھتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو اس واقعے کی جب خبر ہوئی تو آپ نے فرمایا " اللہ اس کی بادشاہت کو پارہ پارہ کرے "، اور پھر وہی ہوا جو آپ نے فرمایا تھا۔ چنانچہ اس کے بعد کسریٰ نے اپنے یمن کے گورنر باذان کو لکھا کہ یہ شخص جو حجاز میں ہے اس کے یہاں اپنے دو توانا اور مضبوط آدمی بھیجدو کہ وہ اسے میرے پاس حاضر کریں۔ باذان نے اس کی تعمیل کرتے ہوئے دو آدمی منتخب کیے اور انھیں ایک خط دے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس روانہ کیا جس میں آپ کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ ان کے ساتھ کسریٰ کے پاس حاضر ہو جائیں۔ جب وہ مدینہ پہنچے اور نبی ﷺ کے روبرو حاضر ہوئے تو ایک نے کہا "شہنشاہ کسریٰ نے شاہ باذان کو ایک مکتوب کے ذریعہ حکم دیا ہے کہ وہ آپ کے پاس ایک آدمی بھیج کر آپ کو کسریٰ کے روبرو حاضر کرے اور باذان نے اس کام کے لیے مجھے آپکے پاس بھیجا ہے کہ آپ میرے ساتھ چلیں۔ ساتھ ہی دونوں نے دھمکی آمیز باتیں بھی کہیں۔ آپ نے انہیں حکم دیا کہ کل ملاقات کریں۔"

ادھر عین اسی وقت جبکہ مدینہ میں یہ دلچسپ "مہم" درپیش تھی خود خسرو پرویز کے گھرانے کے اندر اس کے خلاف ایک زبردست بغاوت کا شعلہ بھڑک رہا تھا جس کے نتیجے میں قیصر کی فوج کے ہاتھوں فارسی فوجوں کی پے در پے شکست کے بعد اب خسرو کا بیٹا شیرویہ اپنے باپ کو قتل کر کے خود بادشاہ بن بیٹھا تھا۔ یہ منگل کی رات۔ ۱جمادی الاولیٰ سنہ ۷ھ کا واقعہ ہے[1]۔ رسول اللہ ﷺ کو اس واقعہ کا علم وحی کے ذریعہ ہوا۔ چنانچہ جب صبح ہوئی اور دونوں فارسی نمائندے حاضر ہوئے تو آپ نے انہیں اس واقعے کی خبر دی۔ ان دونوں نے کہا۔ کچھ ہوش ہے آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ ہم نے آپ کی اس سے بہت معمولی بات بھی قابلِ اعتراض شمار کی ہے۔ تو کیا آپ کی یہ بات ہم بادشاہ کو لکھ بھیجیں؟ آپ نے فرمایا ہاں۔ اسے میری اس بات کی خبر کر دو۔ اور اس سے یہ بھی کہہ دو کہ میرا دین اور میری حکومت وہاں تک پہنچ کر رہے گی جہاں تک

---

[1] فتح الباری ۱۲۷/۸

کسریٰ پہنچ چکا ہے بلکہ اس سے بھی آگے بڑھتے ہوئے اس جگہ جا کر رُکے گی جس سے آگے اونٹ اور گھوڑے کے قدم جا ہی نہیں سکتے۔ تم دونوں اُس سے یہ بھی کہہ دینا کہ اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو جو کچھ تمہارے زیرِ اقتدار ہے وہ سب میں تمہیں دے دوں گا۔ اور تمہیں تمہاری قوم ابناء کا بادشاہ بنا دوں گا۔ اس کے بعد وہ دونوں مدینہ سے روانہ ہو کر باذان کے پاس پہنچے اور اسے ساری تفصیلات سے آگاہ کیا۔ تھوڑے عرصہ بعد ایک خط آیا کہ شیرویہ نے اپنے باپ کو قتل کر دیا ہے۔ شیرویہ نے اپنے اس خط میں یہ بھی ہدایت کی تھی کہ جس شخص کے بارے میں میرے والد نے تمہیں لکھا تھا اسے تا حکمِ ثانی برانگیختہ نہ کرنا۔

اس واقعہ کی وجہ سے باذان اور اس کے فارسی رفقاء (جو یمن میں موجود تھے) مسلمان ہو گئے۔[۱۳]

۴۔ قیصر شاہ روم کے نام خط

صحیح بخاری میں ایک طویل حدیث کے ضمن میں اس گرامی نامہ کی نص مروی ہے، جسے رسول اللہ ﷺ نے ہرقل شاہ روم کے پاس روانہ فرمایا تھا۔ وہ مکتوب یہ ہے:

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم"

اللہ کے بندے اور اس کے رسول محمدؐ کی جانب سے ہرقل عظیم روم کی طرف

اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے۔ تم اسلام لاؤ سالم رہو گے۔ اسلام لاؤ اللہ تمہیں تمہارا اجر دوبارہ دے گا۔ اور اگر تم نے رُوگردانی کی تو تم پر اَریسیوں (رعایا) کا (بھی) گناہ ہو گا۔ اے اہلِ کتاب ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی اور کو نہ پوجیں، اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں اور اللہ کے بجائے ہمارا بعض بعض کو رب نہ بنائے۔ پس اگر لوگ رُخ پھیریں تو کہہ دو کہ تم لوگ گواہ رہو ہم مسلمان ہیں۔[۱۴]

اس گرامی نامہ کو پہنچانے کے لیے دِحیہؓ بن خلیفہ کلبی کا انتخاب ہوا۔ آپ نے انہیں حکم دیا کہ وہ یہ خط سربراہ بصریٰ کے حوالے کر دیں اور وہ اسے قیصر کے پاس پہنچا دے گا۔ اس کے بعد جو کچھ پیش آیا اس کی تفصیل صحیح بخاری میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ ان کا ارشاد ہے کہ ابوسفیان بن حرب نے ان سے بیان کیا کہ ہرقل نے اس کو قریش کی ایک جماعت سمیت بلوایا۔ یہ جماعت صلح حدیبیہ کے تحت رسول اللہ ﷺ اور کفار قریش کے درمیان طے شدہ عرصۂ امن میں ملک شام تجارت کے لیے گئی ہوئی تھی۔ یہ لوگ ایلیاء

---

[۱۳] محاضرات خضری ۱/۱۴۷، فتح الباری ۸/۱۲۷، ۱۲۸، نیز دیکھئے رحمۃ للعالمین

[۱۴] صحیح بخاری ۱/۴، ۵

(بیت المقدس) میں اس کے پاس حاضر ہوئے[۵]۔ ہرقل نے انھیں اپنے دربار میں بلایا۔ اس وقت اس کے گرداگرد روم کے بڑے بڑے لوگ تھے۔ پھر اس نے ان کو اور اپنے ترجمان کو بلا کر کہا کہ یہ شخص جو اپنے آپ کو نبی سمجھتا ہے اس سے تمہارا کونسا آدمی سب سے زیادہ قریبی نسبی تعلق رکھتا ہے؟ ابوسفیان کا بیان ہے کہ میں نے کہا' میں اس کا سب سے زیادہ قریب النسب ہوں۔ ہرقل نے کہا' اسے میرے قریب کر دو اور اس کے ساتھیوں کو بھی قریب کر کے اس کی پُشت کے پاس بٹھا دو۔ اس کے بعد ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا کہ میں اس شخص سے اُس آدمی (نبی ﷺ) کے متعلق سوالات کروں گا۔ اگر یہ جھوٹ بولے تو تم لوگ اسے جھٹلا دینا۔ ابوسفیان کہتے ہیں کہ خدا کی قسم اگر جھوٹ بولنے کی بدنامی کا خوف نہ ہوتا تو میں آپؐ کے متعلق یقیناً جُھوٹ بولتا۔

ابوسفیان کہتے ہیں اس کے بعد پہلا سوال جو ہرقل نے مجھ سے آپ کے بارے میں کیا وہ یہ تھا کہ تم لوگوں میں اُس کا نسب کیسا ہے۔

میں نے کہا: وہ اونچے نسب والا ہے۔

ہرقل نے کہا: تو کیا یہ بات اس سے پہلے بھی تم میں سے کسی نے کہی تھی؟

میں نے کہا: نہیں۔

ہرقل نے کہا: کیا اس کے باپ دادا میں سے کوئی بادشاہ گذرا ہے؟

میں نے کہا: نہیں۔

ہرقل نے کہا: اچھا تو بڑے لوگوں نے اس کی پیروی کی ہے یا کمزوروں نے؟

میں نے کہا: بلکہ کمزوروں نے۔

ہرقل نے کہا: یہ لوگ بڑھ رہے ہیں یا گھٹ رہے ہیں؟

میں نے کہا: بلکہ بڑھ رہے ہیں۔

ہرقل نے کہا: کیا اس دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص اس دین سے برگشتہ ہو کر مرتد بھی ہو جاتا ہے؟

میں نے کہا: نہیں۔

---

[۵] اس وقت قیصر اس بات پر اللہ کا شکر بجالانے کے لیے حمص سے ایلیاء (بیت المقدس) گیا ہوا تھا کہ اللہ نے اس کے ہاتھوں اہلِ فارس کو شکست فاش دی۔ (دیکھیے صحیح مسلم ۹۹/۲) اس کی تفصیل یہ ہے کہ فارسیوں نے خسرو پرویز کو قتل کرنے کے بعد رومیوں سے انکے مقبوضہ علاقوں کی واپسی کی شرط پر صلح کر لی اور وہ صلیب بھی واپس کر دی جس کے متعلق نصاریٰ کا عقیدہ ہے کہ اسی پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پھانسی دی گئی تھی قیصر اس صلح کے بعد صلیب کو اصل جگہ نصب کرنے اور اس فتح مبین پر اللہ کا شکر بجالانے کیلئے ۶۲۹ء یعنی ۷ھ میں ایلیاء (بیت المقدس) گیا تھا۔

ہرقل نے کہا: اس نے جو بات کہی ہے کیا اسے کہنے سے پہلے تم لوگ اس کو جھوٹ سے مُتّہم کرتے تھے؟

مَیں نے کہا: نہیں۔

ہرقل نے کہا: کیا وہ بدعہدی بھی کرتا ہے؟

مَیں نے کہا: نہیں۔ البتہ ہم لوگ اس وقت اس کے ساتھ صلح کی ایک مدت گزار رہے ہیں معلوم نہیں اس میں وہ کیا کرے گا۔ ابوسفیان کہتے ہیں کہ اس فقرے کے سوا مجھے اور کہیں کچھ گھُسیڑنے کا موقع نہ ملا۔

ہرقل نے کہا: کیا تم لوگوں نے اس سے جنگ کی ہے؟

میں نے کہا: جی ہاں۔

ہرقل نے کہا تو تمہاری اور اس کی جنگ کیسی رہی؟

میں نے کہا جنگ ہم دونوں کے درمیان برابر کی چوٹ ہے۔ وہ ہمیں زک پہنچالیتا ہے اور ہم اسے زک پہنچالیتے ہیں۔

ہرقل نے کہا: وہ تمہیں کن باتوں کا حکم دیتا ہے؟

میں نے کہا: وہ کہتا ہے صرف اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کرو۔ تمہارے باپ دادا جو کچھ کہتے تھے اسے چھوڑ دو۔ اور وہ ہمیں نماز، سچائی، پرہیز، پاک دامنی اور قرابت داروں کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم دیتا ہے۔

اس کے بعد ہرقل نے اپنے ترجمان سے کہا "تم اس شخص (ابوسفیان) سے کہو کہ مَیں نے تم سے اس شخص (نبی ﷺ) کا نسب پوچھا تو تم نے بتایا کہ وہ اونچے نسب کا ہے، اور دستور یہی ہے کہ پیغمبر اپنی قوم کے اونچے نسب میں بھیجے جاتے ہیں۔

اور میں نے دریافت کیا کہ کیا یہ بات اس سے پہلے بھی تم میں سے کسی نے کہی تھی؛ تم نے بتلایا کہ نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر یہ بات اس سے پہلے کسی اور نے کہی ہوتی تو میں یہ کہتا کہ یہ شخص ایک ایسی بات کی نقالی کر رہا ہے جو اس سے پہلے کہی جا چکی ہے۔

اور میں نے دریافت کیا کہ کیا اسکے باپ دادوں میں کوئی بادشاہ گذرا ہے؟ تم نے بتلایا کہ نہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اسکے باپ دادوں میں کوئی بادشاہ گذرا ہوتا تو میں کہتا کہ یہ شخص اپنے باپ کی بادشاہت کا طالب ہے۔

اور مَیں نے یہ دریافت کیا کہ کیا جو بات اس نے کہی ہے اسے کہنے سے پہلے تم لوگ اسے جھوٹ سے

مُتّہم کرتے تھے؟ تو تم نے بتایا کہ نہیں، اور میں اچھی طرح جانتا ہوں کہ ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ لوگوں پر تو جھوٹ نہ بولے اور اللہ پر جھوٹ بولے۔

میں نے یہ بھی دریافت کیا کہ بڑے لوگ اس کی پیروی کر رہے ہیں یا کمزور؟ تو تم نے بتایا کہ کمزوروں نے اس کی پیروی کی ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ یہی لوگ پیغمبروں کے پیروکار ہوتے ہیں۔

مَیں نے پوچھا کہ کیا اس دین میں داخل ہونے کے بعد کوئی شخص برگشتہ ہو کر مرتد بھی ہوتا ہے؟ تو تم نے تبلایا کہ نہیں، اور حقیقت یہ ہے کہ ایمان کی بشاشت جب دلوں میں گھس جاتی ہے تو ایسا ہی ہوتا ہے۔

اور مَیں نے دریافت کیا کہ کیا وہ بدعہدی بھی کرتا ہے؟ تو تم نے تبلایا کہ نہیں اور پیغمبر ایسے ہی ہوتے ہیں۔ وہ بدعہدی نہیں کرتے۔

میں نے یہ بھی پوچھا کہ وہ کن باتوں کا حکم دیتا ہے؟ تو تم نے بتایا کہ وہ تمہیں اللہ کی عبادت کرنے اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرانے کا حکم دیتا ہے، بُت پرستی سے منع کرتا ہے، اور نماز، سچائی اور پرہیزگاری و پاکدامنی کا حکم دیتا ہے۔

تو جو کچھ تم نے بتایا ہے اگر وہ صحیح ہے تو یہ شخص بہت جلد میرے ان دونوں قدموں کی جگہ کا مالک ہو جائیگا۔ میں جانتا تھا کہ یہ نبی آنے والا ہے لیکن میرا یہ گمان نہ تھا کہ وہ تم میں سے ہوگا۔ اگر مجھے یقین ہوتا کہ میں اس کے پاس پہنچ سکوں گا تو اس سے ملاقات کی زحمت اٹھاتا، اور اگر اس کے پاس ہوتا تو اس کے دونوں پاؤں دھوتا۔"

اس کے بعد ہرقل نے رسول اللہ ﷺ کا خط منگا کر پڑھا۔ جب خط پڑھ کر فارغ ہوا تو وہاں آوازیں بلند ہوئیں اور بڑا شور مچا۔ ہرقل نے ہمارے بارے میں حکم دیا اور ہم باہر کر دیے گئے۔ جب ہم لوگ باہر لائے گئے تو مَیں نے اپنے ساتھیوں سے کہا، ابو کبشہ[1] کے بیٹے کا معاملہ بڑا زور پکڑ گیا۔ اس سے تو بنو اَصفر (رومیوں[2]) کا بادشاہ ڈرتا ہے۔ اس کے بعد مجھے برابر یقین رہا کہ رسول اللہ ﷺ کا دین غالب آکر رہے گا یہاں تک کہ اللہ نے میرے اندر اسلام کو جاگزیں کر دیا۔

یہ قیصر پر نبی ﷺ کے نامۂ مبارک کا وہ اثر تھا جس کا مشاہدہ ابوسفیان نے کیا۔ اس نامۂ مبارک

---

[1] ابو کبشہ کے بیٹے سے مراد نبی ﷺ کی ذات گرامی ہے۔ ابو کبشہ آپ کے دادا یا نانا میں سے کسی کی کنیت تھی، اور کہا جاتا ہے کہ یہ آپ کے رضاعی باپ (حلیمہ سعدیہ کے شوہر) کی کنیت تھی۔ بہرحال ابو کبشہ غیر معروف شخص ہے۔ اور عرب کا دستور تھا کہ جب کسی کی تنقیص کرنی ہوتی تو اسے اس کے آباء و اجداد میں سے کسی غیر معروف شخص کی طرف منسوب کر دیتے۔

[2] بنو الاصفر (اصفر کی اولاد۔ اور اصفر کے معنی زرد، یعنی پیلا) رومیوں کو بنو الاصفر کہا جاتا ہے۔ کیونکہ روم کے جس بیٹے سے رومیوں کی نسل چلی تھی وہ کسی وجہ سے اصفر (پیلے) کے لقب سے مشہور ہو گیا تھا۔

کا ایک اثر یہ بھی ہوا کہ قیصر نے رسول اللہ ﷺ کے اس نامۂ مبارک کو پہنچانے والے یعنی دِحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو مال اور پارچہ جات سے نوازا۔ لیکن حضرت دِحیہؓ یہ تحائف لے کر واپس ہوئے تو حُسمیٰ میں قبیلہ جذام کے کچھ لوگوں نے ان پر ڈاکہ ڈال کر سب کچھ لوٹ لیا۔ حضرت دِحیہؓ مدینہ پہنچے تو اپنے گھر کے بجائے سیدھے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ تفصیل سن کر رسول اللہ ﷺ نے حضرت زیدؓ بن حارثہ کی سرکردگی میں پانچ سو صحابہ کرام کی ایک جماعت حُسمیٰ روانہ فرمائی۔ حضرت زیدؓ نے قبیلہ جذام پر شبخون مار کران کی خاصی تعداد کو قتل کردیا اوران کے چوپایوں اور عورتوں کو ہانک لائے۔ چوپایوں میں ایک ہزار اونٹ اور پانچ ہزار بکریاں تھیں اور قیدیوں میں ایک سو عورتیں اور بچے تھے۔

چونکہ نبی ﷺ اور قبیلہ جذام میں پہلے سے مصالحت کا عہد چلا آرہا تھا اس لیے اس قبیلے کے ایک سردار زیدؓ بن رفاعہ جذامی نے جھٹ نبی ﷺ کی خدمت میں احتجاج وفریاد کی۔ زیدؓ بن رفاعہ اس قبیلے کے کچھ مزید افراد سمیت پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے اور جب حضرت دِحیہؓ پر ڈاکہ پڑا تھا توان کی مدد بھی کی تھی، اس لیے نبی ﷺ نے ان کا احتجاج قبول کرتے ہوئے مالِ غنیمت اور قیدی واپس کردیے۔

عام اہلِ مغازی نے اس واقعہ کو صلح حدیبیہ سے پہلے بتلایا ہے مگر یہ فاش غلطی ہے کیونکہ قیصر کے پاس نامہ مبارک کی روانگی صلح حدیبیہ کے بعد عمل میں آئی تھی اسی لیے علامہ ابنِ قیم نے لکھا ہے کہ یہ واقعہ بلاشبہ حدیبیہ کے بعد کا ہے[۱]

۵۔ مُنذِر بن ساوی کے نام خط

نبی ﷺ نے ایک خط منذر بن ساوی حاکم بحرین کے پاس لکھ کراسے بھی اسلام کی دعوت دی اوراس خط کو حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں روانہ فرمایا۔ جواب میں منذر نے رسول اللہ ﷺ کو لکھا:۔ "امابعد! اے اللہ کے رسول! مَیں نے آپ کا خط اہلِ بحرین کو پڑھ کر سنا دیا۔ بعض لوگوں نے اسلام کو محبت اور پاکیزگی کی نظر سے دیکھا اوراس کے حلقہ بگوش ہو گئے اور بعض نے پسند نہیں کیا۔ اور میری زمین میں یہود اور مجوس بھی ہیں لہٰذا آپ اس بارے میں اپنا حکم صادر فرمائیے"۔ اس کے جواب میں رسول اللہ ﷺ نے یہ خط لکھا۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد رسول اللہ کی جانب سے منذر بن ساوی کی طرف

تم پر سلام ہو۔ میں تمہارے ساتھ اللہ کی حمد کرتا ہوں جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور مَیں شہادت

---

[۱] دیکھئے زاد المعاد ۲/۱۲۲ حاشیہ تلقیح الفہوم ص ۲۹

دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے بندے اور رسُول ہیں۔"

" اما بعد! میں تمہیں اللہ عزوجل کی یاد دلاتا ہُوں۔ یاد رہے کہ جو شخص بھلائی اور خیر خواہی کرے گا وہ اپنے ہی لیے بھلائی کرے گا اور جو شخص میرے قاصدوں کی اطاعت اور ان کے حکم کی پیروی کرے اس نے میری اطاعت کی اور جو ان کے ساتھ خیر خواہی کرے اس نے میرے ساتھ خیر خواہی کی اور میرے قاصدوں نے تمہاری اچھی تعریف کی ہے اور میں نے تمہاری قوم کے بارے میں تمہاری سفارش قبول کر لی ہے؛ لہٰذا مسلمان جس حال پہ ایمان لائے ہیں انھیں اس پر چھوڑ دو۔ اور مَیں نے خطا کاروں کو معاف کر دیا ہے لہٰذا ان سے قبول کر لو اور جب تک تم اصلاح کی راہ اختیار کیے رہو گے ہم تمہیں تمہارے عمل سے معزول نہ کریں گے اور جو یہودیت یا مجوسیت پر قائم رہے اس پر جزیہ ہے[۱۹]"

۶۔ ہوذہ بن علی صاحب یمامہ کے نام خط

نبی ﷺ نے ہوذہ بن علی حاکم یمامہ کے نام حسب ذیل خط لکھا:

" بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد رسول اللہ کی طرف سے ہوذہ بن علی کی جانب

اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے۔ تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ میرا دین اونٹوں اور گھوڑوں کی رسائی کی آخری حد تک غالب آکر رہے گا لہٰذا اسلام لاؤ سالم رہو گے اور تمہارے ماتحت جو کچھ ہے اسے تمہارے لیے برقرار رکھوں گا۔"

اس خط کو پہنچانے کے لیے بحیثیت قاصد سلیطؓ بن عمرو عامری کا انتخاب فرمایا گیا۔ حضرت سلیطؓ اس مہر لگے ہوئے خط کو لے کر ہوذہ کے پاس تشریف لے گئے تو اس نے آپؓ کو مہمان بنایا اور مبارکباد دی۔ حضرت سلیطؓ نے اسے خط پڑھ کر سنایا تو اس نے درمیانی قسم کا جواب دیا اور نبی ﷺ کی خدمت میں یہ لکھا: آپؐ جس چیز کی دعوت دیتے ہیں اس کی بہتری اور عمدگی کا کیا پوچھنا۔ اور عرب پر میری ہیبت بیٹھی ہوئی ہے۔ اس لیے کچھ کار پردازی میرے ذمہ کر دیں میں آپؐ کی پیروی کروں گا۔ اس نے حضرت سلیطؓ کو تحائف بھی دیے اور ہجر کا بنا ہُوا کپڑا بھی دیا۔ حضرت سلیطؓ یہ تحائف لے کر خدمت نبوی میں واپس آئے اور ساری تفصیلات گوش گذار کیں۔ نبی ﷺ نے اس کا خط پڑھ کر فرمایا: "اگر وہ زمین کا ایک ٹکڑا بھی مجھ سے طلب کرے گا

---

[۱۹] زاد المعاد ۳/۶۱، ۶۲ یہ خط ماضی قریب میں دستیاب ہوا ہے اور ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے اس کا فوٹو شائع کیا ہے۔ زاد المعاد کی عبارت اور اس فوٹو والی عبارت میں صرف ایک لفظ کا فرق (یعنی فوٹو میں) ہے لا الہ الا ھو کے بجائے لا الہ غیرہ ہے۔

تو میں اسے نہ دوں گا۔ وہ خود بھی تباہ ہوگا، اور جو کچھ اس کے ہاتھ میں ہے وہ بھی تباہ ہوگا" پھر جب رسول اللہ ﷺ فتح مکہ سے واپس تشریف لائے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے یہ خبر دی کہ ہوذہ کا انتقال ہو چکا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "سنو! یمامہ میں ایک کذاب نمودار ہونے والا ہے جو میرے بعد قتل کیا جائیگا۔ ایک کہنے والے نے کہا" یارسول اللہ! اسے کون قتل کرے گا؟ آپؐ نے فرمایا تم اور تمہارے ساتھی، اور واقعۃً ایسا ہی ہوا"[1]

۷۔ حارث بن ابی شمر غسانی حاکم دمشق کے نام خط

نبی ﷺ نے اس کے پاس ذیل کا خط رقم فرمایا۔

" بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمدؐ رسول اللہ کی طرف سے حارث بن ابی شمر کی طرف

اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے، اور ایمان لائے اور تصدیق کرے۔ اور میں تمہیں دعوت دیتا ہوں کہ اللہ پر ایمان لاؤ جو تنہا ہے، اور جس کا کوئی شریک نہیں۔ اور تمہارے لیے تمہاری بادشاہت باقی رہے گی۔"

یہ خط قبیلہ اسد بن خزیمہ سے تعلق رکھنے والے ایک صحابی حضرت شجاعؓ بن وہب کے بدست روانہ کیا گیا۔ جب انہوں نے یہ خط حارث کے حوالے کیا تو اس نے کہا: "مجھ سے میری بادشاہت کون چھین سکتا ہے؟ میں اس پر یلغار کرنے ہی والا ہوں۔" اور اسلام نہ لایا۔

۸۔ شاہِ عمان کے نام خط

نبی ﷺ نے ایک خط شاہِ عمان جیفر اور اس کے بھائی عبد کے نام لکھا۔ ان دونوں کے والد کا نام جلندی تھا۔ خط کا مضمون یہ تھا۔

" بسم اللہ الرحمن الرحیم"

محمدؐ بن عبداللہ کی جانب سے جلندی کے دونوں صاحبزادوں جیفر اور عبد کے نام"

اس شخص پر سلام جو ہدایت کی پیروی کرے۔ امابعد، میں تم دونوں کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں، اسلام لاؤ، سلامت رہو گے۔ کیونکہ میں تمام انسانوں کی جانب اللہ کا رسول ہوں؛ تاکہ جو زندہ ہے اسے انجام کے خطرہ سے آگاہ کر دوں اور کافرین پر قول برحق ہو جائے۔ اگر تم دونوں اسلام کا اقرار کر لو گے تو تم ہی دونوں کو والی اور حاکم بناؤں گا۔ اور اگر تم دونوں نے اسلام کا اقرار کرنے سے گریز کیا تو تمہاری بادشاہت ختم ہو جائے

---

[1] زاد المعاد ۳/۶۳

گی۔ تمہاری زمین پر گھوڑوں کی یلغار ہوگی اور تمہاری بادشاہت پر میری نبوت غالب آجائے گی۔"

اس خط کو لے جانے کے لیے ایلچی کی حیثیت سے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا انتخاب عمل میں آیا۔ ان کا بیان ہے کہ میں روانہ ہو کر عمان پہنچا اور عبد سے ملاقات کی۔ دونوں بھائیوں میں یہ زیادہ دُور اندیش اور نرم خو تھا۔ میں نے کہا، میں تمہارے پاس اور تمہارے بھائی کے پاس رسول اللہ ﷺ کا ایلچی بن کر آیا ہوں۔ اس نے کہا، میرا بھائی عمر اور بادشاہت دونوں میں مجھ سے بڑا اور مجھ پر مقدم ہے اس لیے میں تم کو اس کے پاس پہنچا دیتا ہوں کہ وہ تمہارا خط پڑھ لے۔ اس کے بعد اس نے کہا: اچھا! تم دعوت کس بات کی دیتے ہو؟

میں نے کہا: "ہم ایک اللہ کی طرف بلاتے ہیں، جو تنہا ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، اور ہم کہتے ہیں کہ اس کے علاوہ جس کی پوجا کی جاتی ہے اسے چھوڑ دو اور یہ گواہی دو کہ محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں"

عبد نے کہا: "اے عمرو! تم اپنی قوم کے سردار کے صاحبزادے ہو۔ بتاؤ تمہارے والد نے کیا کیا؟ کیونکہ ہمارے لیے اس کا طرزِ عمل، لائق اتباع ہوگا۔"

میں نے کہا: "وہ تو محمد ﷺ پر ایمان لائے بغیر وفات پا گئے لیکن مجھے حسرت ہے کہ کاش انہوں نے اسلام قبول کیا ہوتا اور آپؐ کی تصدیق کی ہوتی۔ میں خود بھی انہیں کی رائے پر تھا لیکن اللہ نے مجھے اسلام کی ہدایت دے دی۔"

عبد نے کہا: تم نے کب ان کی پیروی کی؟

مَیں نے کہا: ابھی جلد ہی۔

اس نے دریافت کیا: تم کس جگہ اسلام لائے۔

مَیں نے کہا: نجاشی کے پاس اور بتلایا کہ نجاشی بھی مسلمان ہو چکا ہے۔

عبد نے پوچھا: اس کی قوم نے اس کی بادشاہت کا کیا کیا؟

میں نے کہا: اسے برقرار رکھا اور اس کی پیروی کی۔

اس نے کہا: اسقفوں اور راہبوں نے بھی اس کی پیروی کی؟

میں نے کہا: ہاں!۔

عبد نے کہا: اے عمروؓ! دیکھو کیا کہہ رہے ہو کیونکہ آدمی کی کوئی بھی خصلت جھوٹ سے زیادہ رسوا کن نہیں۔

میں نے کہا: میں جھوٹ نہیں کہہ رہا ہوں اور نہ ہم اسے حلال سمجھتے ہیں۔

عبد نے کہا: میں سمجھتا ہوں، ہرقل کو نجاشی کے اسلام لانے کا علم نہیں۔

میں نے کہا: کیوں نہیں۔

عبد نے کہا: تمہیں یہ بات کیسے معلوم؟

میں نے کہا: نجاشی ہرقل کو خراج ادا کیا کرتا تھا لیکن جب اس نے اسلام قبول کیا' اور محمد ﷺ کی تصدیق کی تو بولا: خدا کی قسم اب اگر وہ مجھ سے ایک درہم بھی مانگے گا تو میں نہ دوں گا۔ اور جب اس کی اطلاع ہرقل کو ہوئی تو اس کے بھائی یناق نے کہا' کیا تم اپنے غلام کو چھوڑ دو گے کہ وہ تمہیں خراج نہ دے اور تمہارے بجائے ایک دوسرے شخص کا نیا دین اختیار کر لے؟ ہرقل نے کہا: یہ ایک آدمی ہے جس نے ایک دین کو پسند کیا اور اسے اپنے لیے اختیار کر لیا۔ اب میں اس کا کیا کر سکتا ہوں؟ خدا کی قسم! اگر مجھے اپنی بادشاہت کی حرص نہ ہوتی تو میں بھی وہی کرتا جو اس نے کیا ہے۔

عبد نے کہا: عمرو! دیکھو کیا کہہ رہے ہو؟

میں نے کہا: واللہ میں تم سے سچ کہہ رہا ہوں۔

عبد نے کہا: اچھا مجھے بتاؤ وہ کس بات کا حکم دیتے ہیں اور کس چیز سے منع کرتے ہیں؟

میں نے کہا: اللہ عزوجل کی اطاعت کا حکم دیتے ہیں اور اس کی نافرمانی سے منع کرتے ہیں نیکی وصلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں اور ظلم وزیادتی، زناکاری، شراب نوشی اور پتھر، بت اور صلیب کی عبادت سے منع کرتے ہیں۔

عبد نے کہا: یہ کتنی اچھی بات ہے جس کی طرف بلاتے ہیں۔ اگر میرا بھائی بھی اس بات پر میری متابعت کرتا تو ہم لوگ سوار ہو کر (چل پڑتے) یہاں تک کہ محمد ﷺ پر ایمان لاتے اور ان کی تصدیق کرتے۔ لیکن میرا بھائی اپنی بادشاہت کا اس سے کہیں زیادہ حریص ہے کہ اسے چھوڑ کر کسی کا تابع فرمان بن جائے۔

میں نے کہا: اگر وہ اسلام قبول کر لے تو رسول اللہ ﷺ اس کی قوم پر اس کی بادشاہت برقرار رکھیں گے۔ البتہ ان کے مالداروں سے صدقہ لے کر فقیروں پر تقسیم کر دیں گے۔

عبد نے کہا: یہ تو بڑی اچھی بات ہے۔ اچھا بتاؤ صدقہ کیا ہے؟

جواب میں میں نے مختلف اموال کے اندر رسول اللہ ﷺ کے مقرر کیے ہوئے صدقات کی تفصیل بتائی۔ جب اونٹ کی باری آئی تو وہ بولا: اے عمروؓ! ہمارے ان مویشیوں میں سے بھی صدقہ لیا جائے گا

جو خود ہی درخت سے چن لیتے ہیں ۔

میں نے کہا : ہاں !

عبد نے کہا : واللہ میں نہیں سمجھتا کہ میری قوم اپنے ملک کی وسعت اور تعداد کی کثرت کے باوجود اس کو مان لے گی ۔

حضرت عمروؓ بن عاص کا بیان ہے کہ میں اس کی ڈیوڑھی میں چند دن ٹھہرا رہا ۔ وہ اپنے بھائی کے پاس جا کر میری ساری باتیں بتاتا رہتا تھا ۔ پھر ایک دن اس نے مجھے بلایا اور میں اندر داخل ہوا ۔ چوبداروں نے میرے بازو پکڑ لیے ۔ اس نے کہا چھوڑ دو اور مجھے چھوڑ دیا گیا ۔ میں نے بیٹھنا چاہا تو چوبداروں نے مجھے بیٹھنے نہ دیا ۔ میں نے بادشاہ کی طرف دیکھا تو اس نے کہا اپنی بات کہو' میں نے سربمہر خط اس کے حوالے کر دیا ۔ اس نے مہر توڑ کر خط پڑھا ۔ جب پورا خط پڑھ چکا تو اپنے بھائی کے حوالہ کر دیا ۔ بھائی نے بھی اسی طرح پڑھا ۔ مگر میں نے دیکھا کہ اس کا بھائی اس سے زیادہ نرم دل ہے ۔

بادشاہ نے پوچھا : مجھے بتاؤ قریش نے کیا روش اختیار کی ہے ؟

میں نے کہا : سب ان کے اطاعت گذار ہو گئے ہیں ۔ کوئی دین سے رغبت کی بنا پر اور کوئی تلوار سے خوف زدہ ہو کر ۔

بادشاہ نے پوچھا : ان کے ساتھ کون لوگ ہیں ؟

میں نے کہا سارے لوگ ہیں ۔ انہوں نے اسلام کو برضا و رغبت قبول کر لیا ہے اور اسے تمام دوسری چیزوں پر ترجیح دی ہے ۔ انہیں اللہ کی ہدایت اور اپنی عقل کی رہنمائی سے یہ بات معلوم ہو گئی ہے کہ وہ گمراہ تھے ۔ اب اس علاقہ میں میں نہیں جانتا کہ تمہارے سوا کوئی اور باقی رہ گیا ہے ۔ اور اگر تم نے اسلام قبول نہ کیا اور محمد ﷺ کی پیروی نہ کی تو تمہیں سوار روند ڈالیں گے اور تمہاری ہریالی کا صفایا کر دیں گے ۔ اس لیے اسلام قبول کر لو، سلامت رہو گے اور رسول اللہ ﷺ تم کو تمہاری قوم کا حکمران بنا دیں گے ۔ تم پر نہ سوار داخل ہوں گے نہ پیادے ۔

بادشاہ نے کہا : مجھے آج چھوڑ دو اور کل پھر آؤ ۔

اس کے بعد میں اس کے بھائی کے پاس واپس آ گیا ۔

اس نے کہا : عمروؓ ! مجھے امید ہے کہ اگر بادشاہت کی حرص غالب نہ آئی تو وہ اسلام قبول کر لے گا ۔

دوسرے دن پھر بادشاہ کے پاس گیا لیکن اس نے اجازت دینے سے انکار کر دیا ۔ اس لیے میں اس کے

بھائی کے پاس واپس آگیا اور بتلایا کہ بادشاہ تک میری رسائی نہ ہو سکی۔ بھائی نے مجھے اس کے یہاں پہنچا دیا۔ اس نے کہا: "میں نے تمہاری دعوت پر غور کیا۔ اگر میں بادشاہت ایک ایسے آدمی کے حوالے کر دوں جس کے شہسوار یہاں پہنچے بھی نہیں تو میں عرب میں سب سے کمزور سمجھا جاؤں گا اور اگر اس کے شہسوار یہاں پہنچ آئے تو ایسا رن پڑے گا کہ انہیں کبھی اس سے سابقہ نہ پڑا ہو گا۔"

میں نے کہا: اچھا تو میں کل واپس جا رہا ہوں۔

جب اسے میری واپسی کا یقین ہو گیا تو اس نے بھائی سے خلوت میں بات کی اور بولا: "یہ پیغمبر جن پر غالب آچکا ہے ان کے مقابل ہماری کوئی حیثیت نہیں اور اس نے جس کسی کے پاس بھی پیغام بھیجا ہے اس نے دعوت قبول کر لی ہے، لہٰذا دوسرے دن صبح ہی مجھے بلوایا گیا اور بادشاہ اور اس کے بھائی دونوں نے اسلام قبول کر لیا اور نبی ﷺ کی تصدیق کی اور صدقہ وصول کرنے اور لوگوں کے درمیان فیصلے کرنے کے لیے مجھے آزاد چھوڑ دیا اور جس کسی نے میری مخالفت کی اس کے خلاف میرے مددگار ثابت ہوئے۔"[۱]

اس واقعے کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ بقیہ بادشاہوں کی بہ نسبت ان دونوں کے پاس خط کی روانگی خاصی تاخیر سے عمل میں آئی تھی۔ غالباً یہ فتح مکہ کے بعد کا واقعہ ہے۔

ان خطوط کے ذریعے نبی ﷺ نے اپنی دعوت روئے زمین کے بیشتر بادشاہوں تک پہنچا دی۔ اس کے جواب میں کوئی ایمان لایا تو کسی نے کفر کیا، لیکن اتنا ضرور ہوا کہ کفر کرنے والوں کی توجہ بھی اس جانب مبذول ہو گئی اور ان کے نزدیک آپ کا دین اور آپ کا نام ایک جانی پہچانی چیز بن گیا۔

○

[۱] زاد المعاد ۳/ ۶۲، ۶۳

صلح حدیبیہ کے بعد کی فوجی سرگرمیاں

غزوۂ غابہ یا غزوۂ ذی قَرَد

یہ غزوہ درحقیقت بنو فزارہ کی ایک ٹکڑی کے خلاف جس نے رسول اللہ ﷺ کے مویشیوں پر ڈاکہ ڈالا تھا تعاقب سے عبارت ہے۔ حدیبیہ کے بعد اور خیبر سے پہلے یہ پہلا اور واحد غزوہ ہے جو رسول اللہ ﷺ کو پیش آیا۔ امام بخاری نے اس کا باب منعقد کرتے ہوئے بتایا ہے کہ یہ خیبر سے صرف تین روز پہلے پیش آیا تھا اور یہی بات اس غزوے کے خصوصی کارپرداز حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔ ان کی روایت صحیح مسلم میں دیکھی جاسکتی ہے۔ جمہور اہلِ مغازی کہتے ہیں کہ یہ واقعہ صلح حدیبیہ سے پہلے کا ہے لیکن جو بات صحیح میں بیان کی گئی ہے اہلِ مغازی کے بیان کے مقابل وہی زیادہ صحیح ہے[1]

اس غزوہ کے ہیرو حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے جو روایات مروی ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی دودھیل اُونٹنیاں اپنے غلام رباحؓ اور ایک چرواہے کے ہمراہ چرنے کے لیے بھیجی تھیں اور میں بھی ابوطلحہؓ کا گھوڑا لیے ان کے ساتھ تھا کہ اچانک صبح دم عبدالرحمٰن فزاری نے اُونٹنیوں پر چھاپہ مارا اور ان سب کو ہانک لے گیا اور چرواہے کو قتل کر دیا۔ میں نے کہا : رباحؓ ! یہ گھوڑا لو۔ اسے ابوطلحہؓ تک پہنچا دو اور رسول اللہ ﷺ کو خبر کر دو۔ اور خود میں نے ایک ٹیلے پر کھڑے ہو کر مدینہ کی طرف رُخ کیا اور تین بار پکار لگائی : یَا صَبَاحَاہ ! ہائے صبح کا حملہ۔ پھر میں حملہ آوروں کے پیچھے چل نکلا۔ ان پر تیر برساتا جاتا تھا اور یہ رجز پڑھتا جاتا تھا۔

أَنَا ابْنُ الأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کا دن دودھ پینے والے کا دن ہے (یعنی آج پتہ لگ جائے گا کہ کس نے اپنی ماں کا دُودھ پیا ہے۔)

سلمہؓ بن اکوع کہتے ہیں کہ بخدا میں انھیں مسلسل تیروں سے چھلنی کرتا رہا۔ جب کوئی سوار میری طرف پلٹ کر

---

[1] دیکھئے صحیح بخاری باب غزوہ ذات قرد ۲/۶۰۳ صحیح مسلم باب غزوہ ذی قرد وغیرہا ۲/۱۱۳، ۱۱۴، ۱۱۵ فتح الباری ۷/۴۶۰، ۴۶۱، ۴۶۲، زاد المعاد ۲/۱۲۰

آتا تو میں کسی درخت کی اوٹ میں بیٹھ جاتا۔ پھر اسے تیر مار کر زخمی کر دیتا۔ یہاں تک کہ جب یہ لوگ پہاڑ کے تنگ راستے میں داخل ہوئے تو میں پہاڑ پر چڑھ گیا اور پتھروں سے ان کی خبر لینے لگا۔ اس طرح میں نے مسلسل ان کا پیچھا کئے رکھا، یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کی جتنی بھی اونٹنیاں تھیں میں ان سب کو اپنے پیچھے چھوڑ گیا اور ان لوگوں نے میرے لیے ان سب کو آزاد چھوڑ دیا۔ لیکن میں نے پھر بھی ان کا پیچھا جاری رکھا اور ان پر تیر برساتا رہا یہاں تک کہ بوجھ کم کرنے کے لیے انہوں نے تیس سے زیادہ چادریں اور تیس سے زیادہ نیزے پھینک دیے۔ وہ لوگ جو کچھ بھی پھینکتے تھے میں اس پر (بطور نشان) تھوڑے سے پتھر ڈال دیتا تھا تاکہ رسول اللہ ﷺ اور ان کے رفقاء پہچان لیں (کہ یہ دشمن سے چھینا ہوا مال ہے۔) اس کے بعد وہ لوگ ایک گھاٹی کے تنگ موڑ پر بیٹھ کر دوپہر کا کھانا کھانے لگے۔ میں بھی ایک چوٹی پر جا بیٹھا۔ یہ دیکھ کر ان کے چار آدمی پہاڑ پر چڑھ کر میری طرف آئے (جب اتنے قریب آگئے کہ بات سن سکیں تو) میں نے کہا، تم لوگ مجھے پہچانتے ہو؟ میں سلمہ بن اکوع ہوں، تم میں سے جس کسی کے پیچھے دوڑوں گا بے دھڑک پالوں گا اور جو کوئی میرے پیچھے دوڑے گا ہرگز نہ پا سکے گا۔ میری یہ بات سن کر چاروں واپس چلے گئے اور میں اپنی جگہ جما رہا یہاں تک کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے سواروں کو دیکھا کہ درختوں کے درمیان سے چلے آرہے ہیں۔ سب سے آگے اخرم رضؓ تھے، ان کے پیچھے ابو قتادہ رضؓ اور ان کے پیچھے مقداد رضؓ بن اسود۔ (محاذ پر پہنچ کر) عبدالرحمٰن اور حضرت اخرم رضؓ میں ٹکر ہوئی۔ حضرت اخرم رضؓ نے عبدالرحمٰن کے گھوڑے کو زخمی کر دیا لیکن عبدالرحمٰن نے نیزہ مار کر حضرت اخرم رضؓ کو قتل کر دیا اور ان کے گھوڑے پر جا بیٹھا مگر اتنے میں حضرت ابو قتادہ رضؓ، عبدالرحمٰن کے سر پر جا پہنچے اور اسے نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ بقیہ حملہ آور پیٹھ پھیر کر بھاگے اور ہم نے انہیں کھدیڑنا شروع کیا۔ میں ان کے پیچھے پیدل دوڑ رہا تھا۔ سورج ڈوبنے سے کچھ پہلے ان لوگوں نے اپنا رخ ایک گھاٹی کی طرف موڑا جس میں ذی قرد نام کا ایک چشمہ تھا۔ یہ لوگ پیاسے تھے اور وہاں پانی پینا چاہتے تھے لیکن میں نے انہیں چشمے سے پرے ہی رکھا اور وہ ایک قطرہ بھی نہ چکھ سکے۔ رسول اللہ ﷺ اور شہسوار صحابہ رضؓ دن ڈوبنے کے بعد میرے پاس پہنچے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ سب پیاسے تھے۔ اگر آپ مجھے سو آدمی دے دیں تو میں زین سمیت ان کے تمام گھوڑے چھین لوں اور ان کی گردنیں پکڑ کر حاضر خدمت کر دوں۔ آپؐ نے فرمایا: اکوع کے بیٹے تم قابو پا گئے ہو تو اب ذرا نرمی برتو۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ اس وقت بنو غطفان میں ان کی مہمان نوازی کی جا رہی ہے۔

(اس غزوے پر) رسول اللہ ﷺ نے تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا: آج ہمارے سب سے بہتر شہسوار ابو قتادہ رضؓ اور سب سے بہتر پیادہ سلمہ رضؓ ہیں۔ اور آپؐ نے مجھے دو حصے دیے ایک پیادہ کا حصہ اور

ایک شہسوار کا حصہ۔ اور مدینہ واپس ہوتے ہوئے مجھے (یہ شرف بخشا کہ) اپنی عضبار نامی اونٹنی پر اپنے پیچھے سوار فرمالیا۔

اس غزوے کے دوران رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کا انتظام حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کو سونپا تھا اور اس غزوے کا پرچم حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا تھا۔[۲]

---

[۲] سابقہ ماخذ

غزوۂ خیبر اور غزوۂ وادی القریٰ (محرم ۷ھ)

غیبر، مدینہ کے شمال میں تقریباً ایک سو میل کے فاصلے پر ایک بڑا شہر تھا۔ یہاں قلعے بھی تھے اور کھیتیاں بھی۔ اب یہ ایک بستی رہ گئی ہے۔ اس کی آب وہوا قدرے غیر صحت مند ہے۔

جب رسول اللہ ﷺ صلح حدیبیہ کے نتیجہ میں جنگِ احزاب کے تین بازوؤں میں سے سب سے مضبوط بازو (قریش) کی طرف سے پوری طرح مطمئن اور مامون ہو گئے تو آپؐ نے چاہا کہ بقیہ دو بازوؤں۔ یہود اور قبائل نجد ــ سے بھی حساب کتاب چکالیں تاکہ ہر جانب سے مکمل امن وسلامتی حاصل ہو جائے اور پورے علاقے میں سکون کا دور دورہ ہو اور مسلمان ایک پیہم خونریز کشمکش سے نجات پا کر اللہ کی پیغام رسانی اور اس کی دعوت کے لیے فارغ ہو جائیں۔

چونکہ خیبر سازشوں اور دسیسہ کاریوں کا گڑھ، فوجی انگیخت کا مرکز اور لڑانے بھڑانے اور جنگ کی آگ بھڑکانے کی کان تھا اس لیے سب سے پہلے یہی مقام مسلمانوں کی نگہِ التفات کا مستحق تھا۔

رہا یہ سوال کہ خیبر واقعتہً ایسا تھا یا نہیں تو اس سلسلے میں ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیئے کہ وہ اہلِ خیبر ہی تھے جو جنگِ خندق میں مشرکین کے تمام گروہوں کو مسلمانوں پر چڑھا لائے تھے۔ پھر یہی تھے جنہوں نے بنو قریظہ کو غدر وخیانت پر آمادہ کیا تھا۔ نیز یہی تھے جنہوں نے اسلامی معاشرے کے پانچویں کالم منافقین سے اور جنگِ احزاب کے تیسرے بازو ــ بنو غطفان اور بدوؤں ــ سے رابطہ پیہم قائم کر رکھا تھا اور خود بھی جنگ کی تیاریاں کر رہے تھے اور اپنی ان کارروائیوں کے ذریعے مسلمانوں کو آزمائشوں میں ڈال رکھا تھا یہاں تک کہ نبی ﷺ کو بھی شہید کرنے کا پروگرام بنا لیا تھا۔ ان حالات سے مجبور ہو کر مسلمانوں کو بار بار فوجی مہمیں بھیجنی پڑی تھیں اور ان دسیسہ کاروں اور سازشیوں کے سربراہوں مثلاً سلام بن ابی الحُقیق اور اسیر بن زارم کا صفایا کرنا پڑا تھا۔ لیکن ان یہود کے متعلق مسلمانوں کا فرض درحقیقت اس سے بھی کہیں بڑا تھا۔ البتہ مسلمانوں نے اس فرض کی ادائیگی میں قدرے تاخیر سے اس لیے کام کیا تھا کہ ابھی ایک قوت ــ یعنی قریش ــ جو ان یہود سے زیادہ بڑی، طاقتور، جنگجو اور سرکش تھی مسلمانوں کے مدِ مقابل تھی؛ اس لیے مسلمان اسے نظرانداز کر کے یہود کا رُخ نہیں کر سکتے تھے۔ لیکن جونہی قریش کے ساتھ اس محاذ آرائی کا خاتمہ ہوا ان مجرم یہودیوں کے محاسبہ کے لیے فضا صاف ہو گئی اور ان

کا یوم الحساب قریب آگیا۔

خیبر کو روانگی ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حدیبیہ سے واپس آکر ذی الحجہ کا پورا مہینہ اور محرّم کے چند دن مدینے میں قیام فرمایا۔ پھر محرّم کے باقی ماندہ ایام میں خیبر کے لیے روانہ ہو گئے۔

مفسرین کا بیان ہے کہ خیبر اللہ تعالیٰ کا وعدہ تھا جو اس نے اپنے ارشاد کے ذریعہ فرمایا تھا:

وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَأْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ (۴۸: ۲۰)

"اللہ نے تم سے بہت سے اموالِ غنیمت کا وعدہ کیا ہے جسے تم حاصل کرو گے تو اسکو تمہارے لیے فوری طور پر عطا کر دیا"

"جس کو فوری طور پر ادا کر دیا" اس سے مراد صلح حدیبیہ ہے اور "بہت سے اموال غنیمت" سے مراد خیبر ہے۔

اسلامی لشکر کی تعداد چونکہ منافقین اور کمزور ایمان کے لوگ سفر حدیبیہ میں رسُول اللہ ﷺ کی رفاقت اختیار کرنے کے بجائے اپنے گھروں میں بیٹھ رہے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو ان کے بارے میں حکم دیتے ہوئے فرمایا:

سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ۭ بَلْ كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ (۴۸: ۱۵)

"جب تم اموال غنیمت حاصل کرنے کے لیے جانے لگو گے تو یہ پیچھے چھوڑے گئے لوگ کہیں گے کہ ہمیں بھی اپنے ساتھ چلنے دو۔ یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کی بات بدل دیں۔ ان سے کہہ دینا کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے۔ اللہ نے پہلے ہی سے یہ بات کہہ دی ہے (اس پر) یہ لوگ کہیں گے کہ (نہیں) بلکہ تم لوگ ہم سے حسد کرتے ہو۔ (حالانکہ حقیقت یہ ہے) کہ یہ لوگ کم ہی سمجھتے ہیں"

چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ نے خیبر کی روانگی کا ارادہ فرمایا تو اعلان فرما دیا کہ آپؐ کے ساتھ صرف وہی آدمی روانہ ہو سکتا ہے جسے واقعۃً جہاد کی رغبت اور خواہش ہے۔ اس اعلان کے نتیجہ میں آپؐ کے ساتھ صرف وہی لوگ جا سکے جنہوں نے حدیبیہ میں درخت کے نیچے بیعتِ رضوان کی تھی اور ان کی تعداد صرف چودہ سو (۱۴۰۰) تھی۔

اس غزوے کے دوران مدینہ کا انتظام حضرت سباعؓ بن عرفطہ غفاری کو ــــ اور ابنِ اسحاق کے بقول ــــ نُمیلہؓ بن عبداللہ لیثی کو سونپا گیا تھا۔ محققین کے نزدیک پہلی بات زیادہ صحیح ہے۔[1] (حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اسی موقع پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بھی مسلمان ہو کر مدینہ تشریف لائے تھے۔ اس وقت حضرت سباع بن عرفطہ رضی فجر کی نماز پڑھا رہے تھے۔ نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت ابو ہریرہ رضی انکی خدمت میں پہنچے انہوں نے توشہ فراہم کر دیا اور حضرت ابو ہریرہ رضی خدمتِ نبوی میں حاضری کے لیے خیبر کی جانب چل پڑے جب خدمتِ نبوی میں پہنچے تو (خیبر فتح ہو چکا تھا) رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں سے گفتگو کر کے حضرت ابو ہریرہ رضی اور ان کے رفقاء کو بھی مالِ غنیمت میں شریک کر لیا۔

یہود کے لیے منافقین کی سرگرمیاں

اس موقع پر یہود کی حمایت میں منافقین نے بھی خاصی تگ و دو کی۔ چنانچہ رأس المنافقین عبداللہ بن اُبَیّ نے یہودِ خیبر کو یہ پیغام بھیجا کہ اب محمدؐ نے تمہاری طرف رُخ کیا ہے لہٰذا چوکنا ہو جاؤ، تیاری کر لو اور دیکھو ڈرنا نہیں کیونکہ تمہاری تعداد اور تمہارا ساز و سامان زیادہ ہے اور محمدؐ کے رفقاء بہت تھوڑے اور تہی دست ہیں اور ان کے پاس ہتھیار بھی بس تھوڑے ہی سے ہیں۔

جب اہلِ خیبر کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے کنانہ بن ابی الحُقَیق اور ہوذہ بن قیس کو حصولِ مدد کے لیے بنو غطفان کے پاس روانہ کیا، کیونکہ وہ خیبر کے یہودیوں کے حلیف اور مسلمانوں کے خلاف ان کے مددگار تھے۔ یہود نے یہ پیشکش بھی کی کہ اگر انہیں مسلمانوں پر غلبہ حاصل ہو گیا تو خیبر کی نصف پیداوار انہیں دی جائے گی۔

خیبر کا راستہ

رسول اللہ ﷺ نے خیبر جاتے ہوئے جبلِ عصر کو عبور کیا۔ عصر کے عین کو زیر ہے اور ص ساکن ہے۔ اور کہا جاتا ہے کہ دونوں پر زبر ہے — پھر وادی صہباء سے گذرے۔ اس کے بعد ایک اور وادی میں پہنچے جس کا نام رجیع ہے۔ (مگر یہ وہ رجیع نہیں ہے جہاں عضل و قارہ کی غداری سے بنو لحیان کے ہاتھوں آٹھ صحابہ کرام کی شہادت اور حضرت زید و خبیب کی گرفتاری اور پھر مکہ میں شہادت کا واقعہ پیش آیا تھا۔)

رجیع سے بنو غطفان کی آبادی صرف ایک دن اور ایک رات کی دوری پر واقع تھی اور بنو غطفان نے تیار ہو کر یہود کی امداد کے لیے خیبر کی راہ لے لی تھی۔ لیکن اثناءِ راہ میں انھیں اپنے پیچھے کچھ شور و شغب سنائی پڑا تو انہوں نے سمجھا کہ مسلمانوں نے ان کے بال بچوں اور مویشیوں پر حملہ کر دیا ہے اس لیے وہ واپس پلٹ گئے اور خیبر کو مسلمانوں کے لیے آزاد چھوڑ دیا۔

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں ماہرینِ راہ کو بلایا جو لشکر کو راستہ بتانے پر مامور تھے۔

(حاشیہ صفحہ گزشتہ) [1] دیکھئے فتح الباری ۷/۴۶۵، زاد المعاد ۲/۱۳۳

ان میں سے ایک کا نام حسیل تھا۔ ان دونوں سے آپؐ نے ایسا مناسب ترین راستہ معلوم کرنا چاہا جسے اختیار کر کے خیبر میں شمال کی جانب سے یعنی مدینہ کے بجائے شام کی جانب سے داخل ہو سکیں تاکہ اس حکمتِ عملی کے ذریعے ایک طرف تو یہود کے شام بھاگنے کا راستہ بند کر دیں اور دوسری طرف بنو غطفان اور یہود کے درمیان حائل ہو کر ان کی طرف سے کسی مدد کی رسائی کے امکانات ختم کر دیں۔

ایک راہنما نے کہا "اے اللہ کے رسول! میں آپ کو ایسے راستہ سے لے چلوں گا" چنانچہ وہ آگے آگے چلا۔ ایک مقام پر پہنچ کر جہاں متعدد راستے پھوٹتے تھے عرض کیا: یا رسول اللہ! ان سب راستوں سے آپ منزل مقصود تک پہنچ سکتے ہیں"۔ آپؐ نے فرمایا کہ وہ ہر ایک کا نام بتائے۔ اس نے بتایا کہ ایک نام حزن (سخت اور کھردرا) ہے۔ آپؐ نے اس پر چلنا منظور نہ کیا۔ اس نے بتایا" دوسرے کا نام شاش (تفرق و اضطراب والا) ہے۔ آپؐ نے اسے بھی منظور نہ کیا۔ اس نے بتایا تیسرے کا نام حاطب (لکڑ ہارا) ہے۔ آپ نے اس پر بھی چلنے سے انکار کر دیا۔ حُسَیل نے کہا" اب ایک ہی راستہ باقی رہ گیا ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اس کا نام کیا ہے؟ حُسَیل نے کہا، مرحب (کشادگی) نبی ﷺ نے اسی پر چلنا پسند فرمایا۔

راستے کے بعض واقعات

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ نبی ﷺ کے ہمراہ خیبر روانہ ہوئے۔ رات میں سفر طے ہو رہا تھا۔ ایک آدمی نے عامر سے کہا: اے عامر! کیوں نہ ہمیں اپنے کچھ نوادرات سناؤ؟ — عامر شاعر تھے — سواری سے اترے اور قوم کی حدی خوانی کرنے لگے۔ اشعار یہ تھے:

اَللّٰھُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اھْتَدَیْنَا　　وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّیْنَا

فَاغْفِرْ فِدَاءً لَکَ مَا اتَّقَیْنَا　　وَ ثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَیْنَا

وَ اَلْقِیَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا　　اِنَّا اِذَا صِیْحَ بِنَا اَبَیْنَا

وَ بِالصِّیَاحِ عَوَّلُوْا عَلَیْنَا

"اے اللہ! اگر تو نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے۔ نہ صدقہ کرتے نہ نماز پڑھتے۔ ہم تجھ پر قربان! تو ہمیں بخش دے، جب تک ہم تقویٰ اختیار کریں اور اگر ہم ٹکرائیں تو ہمیں ثابت قدم رکھ اور ہم پر سکینت نازل فرما۔ جب ہمیں للکارا جاتا ہے تو ہم اکڑ جاتے ہیں۔ اور للکار میں ہم پر لوگوں نے اعتماد کیا ہے"۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ کون حدی خوان ہے؟ لوگوں نے کہا: عامر بن اکوع۔ آپ نے فرمایا" اللہ اس پر رحم کرے۔ قوم کے ایک آدمی نے کہا" اب تو (ان کی شہادت) واجب ہو گئی۔ آپؐ نے ان

کے وجود سے ہمیں بہرہ ور کیوں نہ فرمایا۔[۱]

صحابہ کرام کو معلوم تھا کہ (جنگ کے موقع پر) رسول اللہ ﷺ کسی انسان کے لیے خصوصیت سے دعائے مغفرت کریں تو وہ شہید ہو جاتا ہے[۲] اور یہی واقعہ جنگ خیبر میں (حضرت عامرؓ کے ساتھ) پیش آیا۔ (اسی لیے انہوں نے یہ عرض کی تھی کہ کیوں نہ ان کے لیے درازیٔ عمر کی دعا کی گئی کہ ان کے وجود سے ہم مزید بہرہ ور ہوتے۔)

۲۔ خیبر کے بالکل قریب وادیٔ صہبا میں آپؐ نے عصر کی نماز پڑھی۔ پھر توشے منگوائے تو صرف ستو لائے گئے۔ آپؐ کے حکم سے ملائے گئے۔ پھر آپؐ نے کھائے اور صحابہ نے بھی کھائے۔ اس کے بعد آپ نماز مغرب کے لیے اُٹھے تو صرف کلی کی۔ صحابہ نے بھی کلی کی۔ پھر آپ نے نماز پڑھی اور وضو نہیں فرمایا[۳] (پچھلے ہی وضو پر اکتفا کیا۔) پھر آپؐ نے عشاء کی نماز ادا فرمائی[۴]۔

اسلامی لشکر خیبر کے دامن میں

مسلمانوں نے آخری رات جس کی صبح جنگ شروع ہوئی خیبر کے قریب گذاری لیکن یہود کو کانوں کان خبر نہ ہوئی۔

نبی ﷺ کا دستور تھا کہ جب رات کے وقت کسی قوم کے پاس پہنچتے تو صبح ہوئے بغیر ان کے قریب نہ جاتے۔ چنانچہ اس رات جب صبح ہوئی تو آپؐ نے غلس (اندھیرے) میں فجر کی نماز ادا فرمائی۔ اس کے بعد مسلمان سوار ہو کر خیبر کی طرف بڑھے۔ ادھر اہلِ خیبر بے خبری میں اپنے پھاوڑے اور کھانچی وغیرہ لے کر اپنی کھیتی باڑی کے لیے نکلے تو اچانک لشکر دیکھ کر چیختے ہوئے شہر کی طرف بھاگے کہ خدا کی قسم محمدؐ لشکر سمیت آگئے ہیں۔ نبی ﷺ نے یہ منظر دیکھ کر فرمایا: "اللہ اکبر، خیبر تباہ ہوا۔ اللہ اکبر خیبر تباہ ہوا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اتر پڑتے ہیں تو ان ڈرائے ہوئے لوگوں کی صبح بُری ہو جاتی ہے[۵]۔"

نبی ﷺ نے لشکر کے پڑاؤ کے لیے ایک جگہ کا انتخاب فرمایا۔ اس پر حباب بن منذر رضی اللہ عنہ نے آکر عرض کیا "یا رسول اللہ! یہ بتلایئے کہ اس مقام پر اللہ نے آپ کو پڑاؤ ڈالنے کا حکم دیا ہے یا یہ محض آپ کی جنگی تدبیر اور رائے ہے؟ آپؐ نے فرمایا "نہیں یہ محض ایک رائے اور تدبیر ہے۔ انہوں نے کہا: "اے اللہ کے رسول! یہ مقام قلعۂ نطاۃ سے بہت ہی قریب ہے اور خیبر کے سارے جنگ جُو افراد اسی قلعے میں ہیں۔ انہیں ہمارے حالات کا پورا پورا علم رہے گا اور ہمیں ان کے حالات کی خبر نہ ہوگی۔ ان کے تیر ہم تک پہنچ جائیں گے اور ہمارے تیر ان تک نہ پہنچ سکیں گے۔ ہم ان کے شبخون سے بھی محفوظ نہ رہیں

---

[۱] صحیح بخاری باب غزوہ خیبر ۲/۶۰۳، صحیح مسلم باب غزوۂ ذی قرد وغیرہا ۲/۱۱۵ [۲] صحیح مسلم ۲/۱۱۵
[۳] ایضاً صحیح بخاری ۲/۶۰۳ [۴] مغازی الواقدی (غزوہ خیبر ص ۱۱۲) [۵] صحیح بخاری باب غزوہ خیبر ۲/۶۰۳، ۶۰۴

گے۔ پھر یہ مقام کھجوروں کے درمیان ہے، پستی میں واقع ہے اور یہاں کی زمین بھی وبائی ہے، اس لیے مناسب ہوگا کہ آپ کسی ایسی جگہ پڑاؤ ڈالنے کا حکم فرمائیں جو ان مفاسد سے خالی ہو، اور ہم اسی جگہ منتقل ہو کر پڑاؤ ڈالیں۔" رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "تم نے جو رائے دی بالکل درست ہے۔ اس کے بعد آپؐ دوسری جگہ منتقل ہو گئے۔

نیز جب آپؐ خیبر کے اتنے قریب پہنچ گئے کہ شہر دکھائی پڑنے لگا تو آپ نے فرمایا ٹھہر جاؤ۔ لشکر ٹھہر گیا۔ اور آپ نے یہ دعا فرمائی۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّیَاطِیْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ فَاِنَّا نَسْأَلُكَ خَیْرَ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ وَخَیْرَ اَھْلِھَا وَخَیْرَ مَا فِیْھَا وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الْقَرْیَۃِ وَشَرِّ اَھْلِھَا وَشَرِّ مَا فِیْھَا۔

"اے اللہ! ساتوں آسمان اور جن پر وہ سایہ فگن ہیں، ان کے پروردگار! اور ساتوں زمین، اور جنکو وہ اٹھائے ہوئے ہیں، ان کے پروردگار! اور شیاطین، اور جن کو انہوں نے گمراہ کیا، ان کے پروردگار! ہم تجھ سے اس بستی کی بھلائی اس کے باشندوں کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں؛ اور اس بستی کے شر سے اور اس کے باشندوں کے شر سے، اور اس میں جو کچھ ہے اس کے شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔"

(اس کے بعد فرمایا: چلو، اللہ کے نام سے آگے بڑھو۔[۱]

جنگ کی تیاری اور خیبر کے قلعے

جس رات خیبر کی حدود میں رسول اللہ ﷺ داخل ہوئے فرمایا: "میں کل جھنڈا ایک ایسے آدمی کو دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے۔ اور جس سے اللہ اور اس کے رسولؐ محبت کرتے ہیں۔" صبح ہوئی تو صحابہ کرام نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہر ایک یہی آرزو باندھے اور آس لگائے تھا کہ جھنڈا اسے مل جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، علیؓ بن ابی طالب کہاں ہیں؟ صحابہؓ نے کہا یا رسول اللہ! ان کی تو آنکھ آئی ہوئی ہے[۲]۔ فرمایا "انہیں بلا لاؤ۔ وہ لائے گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا اور دعا فرمائی۔ وہ شفایاب ہو گئے۔ گویا انہیں کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ پھر انہیں جھنڈا عطا فرمایا۔ انہوں نے عرض کیا "یا رسول اللہ! میں ان سے اس وقت تک لڑوں کہ وہ ہمارے جیسے ہو جائیں؟" آپؐ نے فرمایا: "اطمینان سے جاؤ یہاں تک کہ ان کے میدان میں اترو؛ پھر انہیں اسلام کی دعوت دو اور اسلام میں

---

[۱] ابن ہشام ۲/۳۲۹ [۲] اسی بیماری کی وجہ سے پہلے پہل آپؐ پیچھے رہ گئے تھے۔ پھر لشکر سے جا ملے۔

اللہ کے جو حقوق ان پر واجب ہوتے ہیں ان سے آگاہ کرو۔ بخدا تمہارے ذریعہ اللہ تعالیٰ ایک آدمی کو بھی ہدایت دیدے تو یہ تمہارے لیے سُرخ اونٹوں سے بہتر ہے۔"[۹]

خیبر کی آبادی دو منطقوں میں بٹی ہوئی تھی۔ ایک منطقے میں حسب ذیل پانچ قلعے تھے۔

۱۔حصن ناعم۔ ۲۔حصن صعب بن معاذ۔ ۳۔حصن قلعہ زبیر۔ ۴۔حصن اُبی۔ ۵۔حصن نزار۔

ان میں سے مشہور تین قلعوں پر مشتمل علاقہ نطاۃ کہلاتا تھا اور بقیہ دو قلعوں پر مشتمل علاقہ شق کے نام سے مشہور تھا۔

خیبر کی آبادی کا دوسرا منطقہ کَتیبہ کہلاتا تھا۔ اس میں صرف تین قلعے تھے:

۱۔حصن قموص (یہ قبیلہ بنو نضیر کے خاندان ابو الحقیق کا قلعہ تھا) ۲۔حصن وطیح ۳۔حصن سلالم۔

ان آٹھ قلعوں کے علاوہ خیبر میں مزید قلعے اور گڑھیاں بھی تھیں مگر وہ چھوٹی تھیں اور قوت وحفاظت میں ان قلعوں کے ہم پلہ نہ تھیں۔

جہاں تک جنگ کا تعلق ہے تو وہ صرف پہلے منطقے میں ہوئی۔ دوسرے منطقے کے تینوں قلعے لڑنے والوں کی کثرت کے باوجود جنگ کے بغیر ہی مسلمانوں کے حوالے کر دیے گئے۔

معرکے کا آغاز اور قلعہ ناعم کی فتح

مذکورہ بالا آٹھ قلعوں میں سے سب سے پہلے قلعہ ناعم پر حملہ ہوا۔ کیونکہ یہ قلعہ اپنے محلِ وقوع کی نزاکت اور اسٹراٹیجی کے لحاظ سے یہود کی پہلی دفاعی لائن کی حیثیت رکھتا تھا اور یہی قلعہ مَرحَب نامی اس شہ زور اور جانباز یہودی کا قلعہ تھا جسے ایک ہزار مردوں کے برابر مانا جاتا تھا۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ مسلمانوں کی فوج لے کر اس قلعے کے سامنے پہنچے اور یہود کو اسلام کی دعوت دی تو انہوں نے یہ دعوت مسترد کر دی اور اپنے بادشاہ مرحب کی کمان میں مسلمانوں کے مقابل آکھڑے ہوئے۔ میدان جنگ میں اتر کر پہلے مرحب نے دعوتِ مبارزت دی جس کی کیفیت سَلَمہ بن اکوع نے یوں بیان کی ہے کہ جب ہم لوگ خیبر پہنچے تو ان کا بادشاہ مرحب اپنی تلوار لے کر نازو تکبر کے ساتھ اٹھلاتا اور یہ کہتا ہوا نمودار ہوا۔

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّيْ مَرْحَبُ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ

اِذَا الْحُرُوْبُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

خیبر کو معلوم ہے کہ میں مرحب ہوں۔ ہتھیار پوش، بہادر اور تجربہ کار! جب جنگ و پیکار شعلہ زن ہو۔

۹۔ صحیح بخاری باب غزوہ خیبر ۲/ ۶۰۵، ۶۰۶ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ خیبر کے ایک قلعے کی فتح میں متعدد کوششوں کی ناکامی کے بعد حضرت علی کو جھنڈا دیا گیا تھا لیکن محققین کے نزدیک راجح وہی ہے جس کا اوپر ذکر کیا گیا۔

اس کے مقابل میرے چچا عامرؓ نمودار ہوئے اور فرمایا۔

قد علمت خیبر انی عامر   شاکی السلاح بطل معامر

"خیبر جانتا ہے کہ میں عامر ہوں۔ ہتھیار پوش، شہ زور اور جنگجو"

پھر دونوں نے ایک دوسرے پر وار کیا۔ مرحب کی تلوار میرے چچا عامرؓ کی ڈھال میں جا چھپی اور عامرؓ نے اسے نیچے سے مارنا چاہا لیکن ان کی تلوار چھوٹی تھی۔ انہوں نے یہودی کی پنڈلی پر وار کیا تو تلوار کا سرا پلٹ کر ان کے گھٹنے پر آ لگا اور بالآخر اسی زخم سے ان کی موت واقع ہو گئی۔ نبی ﷺ نے اپنی دو انگلیاں اکٹھی کر کے ان کے بارے میں فرمایا کہ ان کے لیے دوہرا اجر ہے۔ وہ بڑے جانباز مجاہد تھے۔ کم ہی ان جیسا کوئی عرب روئے زمین پر ہوا ہو گا۔[1]

بہر حال حضرت عامرؓ کے زخمی ہو جانے کے بعد مرحب کے مقابلے کے لیے حضرت علیؓ تشریف لے گئے۔ حضرت سلمہؓ بن اکوع کا بیان ہے کہ اس وقت حضرت علی نے یہ اشعار کہے:

أَنَا الَّذِي سَمَّتْنِي أُمِّي حَيْدَرَه   كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيهِ الْمَنْظَرَه

أُوفِيهِمْ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَه

"میں وہ شخص ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر (شیر) رکھا ہے۔ جنگل کے شیر کی طرح خوفناک۔ میں انہیں صاع کے بدلے نیزے کی ناپ پوری کروں گا۔"

اس کے بعد مرحب کے سر پر ایسی تلوار ماری کہ وہ ڈھیر ہو گیا۔ پھر حضرت علیؓ ہی کے ہاتھوں فتح حاصل ہوئی۔[2]

جنگ کے دوران حضرت علی رضی اللہ عنہ یہود کے قلعہ کے قریب پہنچے تو قلعہ کی چوٹی سے ایک یہودی نے جھانک کر پوچھا تم کون ہو؟ حضرت علیؓ نے کہا: میں علی بن ابی طالب ہوں۔ یہودی نے کہا: اس کتاب کی قسم جو موسیٰ علیہ السلام پر نازل کی گئی، تم لوگ بلند ہوئے۔ اس کے بعد مرحب کا بھائی یاسر یہ کہتے ہوئے نکلا کہ کون ہے جو میرا مقابلہ کرے گا۔ اس کے اس چیلنج پر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ میدان میں اترے۔ اس پر ان کی ماں حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے کہا "یارسول اللہ! کیا میرا بیٹا قتل کیا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: نہیں، بلکہ تمہارا بیٹا اسے قتل کرے گا۔ چنانچہ حضرت زبیرؓ نے یاسر کو قتل کر دیا۔

اس کے بعد حصن ناعم کے پاس زوردار جنگ ہوئی جس میں کئی سرآوردہ یہودی مارے گئے اور بقیہ یہود

---

[1] صحیح مسلم، باب غزوہ خیبر ۲/۱۲۲ باب غزوہ ذی قرد وغیرہ ۲/۱۱۵۔ صحیح بخاری باب غزوہ خیبر ۲/۶۰۳

[2] مرحب کے قاتل کے بارے میں مآخذ کے اندر بڑا اختلاف ہے اور اس میں بھی سخت اختلاف ہے کس دن وہ مارا گیا اور کس دن یہ قلعہ فتح ہوا۔ صحیحین کی روایت کے سیاق میں بھی کسی قدر اس اختلاف کی علامت موجود ہے۔ ہم نے اوپر جو ترتیب ذکر کی ہے وہ صحیح بخاری کی روایت کے سیاق کو ترجیح دیتے ہوئے قائم کی گئی ہے۔

میں تابِ مقاومت نہ رہی۔ چنانچہ وہ مسلمانوں کا حملہ نہ روک سکے۔ بعض مآخذ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جنگ کئی دن جاری رہی اور اس میں مسلمانوں کو شدید مقاومت کا سامنا کرنا پڑا۔ تاہم یہود، مسلمانوں کو زیر کرنے سے مایوس ہو چکے تھے اس لیے چپکے چپکے اس قلعے سے منتقل ہو کر قلعہ صعب میں چلے گئے اور مسلمانوں نے قلعہ ناعم پر قبضہ کر لیا۔

قلعہ صعب بن معاذ کی فتح

قلعہ ناعم کے بعد، قلعہ صعب قوت وحفاظت کے لحاظ سے دوسرا سب سے بڑا مضبوط قلعہ تھا مسلمانوں نے حضرت حُباب بن منذر انصاری رضی اللہ عنہ کی کمان میں اس قلعہ پر حملہ کیا اور تین روز تک اسے گھیرے میں لیے رکھا۔ تیسرے دن رسول اللہ ﷺ نے اس قلعہ کی فتح کے لیے خصوصی دعا فرمائی۔

ابن اسحاق کا بیان ہے کہ قبیلہ اسلم کی شاخ بنو سہم کے لوگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ہم لوگ چور ہو چکے ہیں.. اور ہمارے پاس کچھ نہیں ہے۔ آپؐ نے فرمایا: "یا اللہ! تجھے ان کا حال معلوم ہے۔ تو جانتا ہے کہ ان کے اندر قوت نہیں اور میرے پاس بھی کچھ نہیں کہ میں انہیں دوں۔ لہٰذا انہیں یہود کے ایسے قلعے کی فتح سے سرفراز فرما جو سب سے زیادہ کارآمد ہو اور جہاں سب سے زیادہ خوراک اور چربی دستیاب ہو۔" اور جب دُعا فرمانے کے بعد نبی ﷺ نے مُسلمانوں کو اس قلعے پر حملے کی دعوت دی تو حملہ کرنے میں بنو اسلم ہی پیش پیش تھے۔ اس حملے میں بھی قلعے کے سامنے مبارزت اور مار کاٹ ہُوئی۔ اللہ عزّوجل نے سورج ڈوبنے سے پہلے پہلے قلعہ صعب بن معاذ کی فتح عطا فرمائی۔ خیبر میں کوئی قلعہ ایسا نہ تھا جہاں اس قلعے سے زیادہ خوراک اور چربی موجود ہو[۱]۔ مُسلمانوں نے اس قلعے میں بعض منجنیقیں اور دبابے[۲] بھی پائے۔

ابنِ اسحاق کی اس روایت میں جس شدید بُھوک کا تذکرہ کیا گیا ہے اسی کا یہ نتیجہ تھا کہ لوگوں نے فتح حاصل ہوتے ہی گدھے ذبح کر دیے اور چولھوں پہ ہنڈیاں چڑھا دیں لیکن جب رسول اللہ ﷺ کو اس کا علم ہوا تو آپؐ نے گھریلو گدھے کے گوشت سے منع فرما دیا۔

قلعہ زبیر کی فتح

قلعہ ناعم اور قلعہ صعب کی فتح کے بعد یہود نطاۃ کے سارے قلعوں سے نکل کر قلعہ زبیر میں جمع ہو گئے۔ یہ ایک محفوظ قلعہ تھا۔ اور پہاڑ کی چوٹی پہ واقع تھا۔ راستہ اتنا پُر پیچ

---

[۱] ابن ہشام ۲/۳۳۲

[۲] لکڑی کا ایک محفوظ اور بند گاڑی نما ڈبہ بنایا جاتا تھا جس میں نیچے سے کئی آدمی گھس کر قلعے کی فصیل کو جا پہنچتے تھے اور دشمن کی زد سے محفوظ رہتے ہوئے فصیل میں شگاف کرتے تھے۔ یہی دبابہ کہلاتا تھا۔ اب ٹینک کو دبابہ کہا جاتا ہے۔

اور مشکل تھا کہ یہاں نہ سواروں کی رسائی ہو سکتی تھی نہ پیادوں کی اس لیے رسول اللہ ﷺ نے اس کے گرد محاصرہ قائم کیا اور تین روز تک محاصرہ کیے پڑے رہے۔ اس کے بعد ایک یہودی نے آ کر کہا: "اے ابو القاسم! اگر آپ ایک مہینہ تک محاصرہ جاری رکھیں تو بھی انہیں کوئی پروا نہ ہو گی۔ البتہ ان کے پینے کا پانی اور چشمے زمین کے نیچے ہیں۔ یہ رات میں نکلتے ہیں پانی پی لیتے اور لے لیتے ہیں پھر قلعے میں واپس چلے جاتے ہیں اور آپ سے محفوظ رہتے ہیں۔ اگر آپ ان کا پانی بند کر دیں تو یہ گھٹنے ٹیک دیں گے۔" اس اطلاع پر آپؐ نے ان کا پانی بند کر دیا۔ اس کے بعد یہود نے باہر آ کر زبردست جنگ کی جس میں کئی مسلمان مارے گئے اور تقریباً دس یہودی بھی کام آئے لیکن قلعہ فتح ہو گیا۔

قلعہ ابی کی فتح

قلعہ زبیر سے شکست کھانے کے بعد یہود، حصن ابی میں قلعہ بند ہو گئے۔ مسلمانوں نے اس کا بھی محاصرہ کر لیا۔ اب کی بار دو شہ زور جانباز یہودی یکے بعد دیگرے دعوتِ مبارزت دیتے ہوئے میدان میں اترے اور دونوں ہی مسلمان جانبازوں کے ہاتھوں مارے گئے۔ دوسرے یہودی کے قاتل سُرخ پٹی والے مشہور جانفروش حضرت ابو دجانہ سماک بن خرشہ انصاری رضی اللہ عنہ تھے۔ وہ دوسرے یہودی کو قتل کر کے نہایت تیزی سے قلعے میں جا گھسے اور ان کے ساتھ ہی اسلامی لشکر بھی قلعے میں جا گھسا۔ قلعے کے اندر کچھ دیر تک تو زوردار جنگ ہوئی لیکن اس کے بعد یہودیوں نے قلعے سے کھسکنا شروع کر دیا اور بالآخر سب کے سب بھاگ کر قلعہ نزار میں پہنچ گئے، جو خیبر کے نصف اول (یعنی پہلے منطقے) کا آخری قلعہ تھا۔

قلعہ نزار کی فتح

یہ قلعہ علاقے کا سب سے مضبوط قلعہ تھا اور یہود کو تقریباً یقین تھا کہ مسلمان اپنی انتہائی کوشش صرف کر دینے کے باوجود اس قلعہ میں داخل نہیں ہو سکتے اس لیے اس قلعے میں انہوں نے عورتوں اور بچوں سمیت قیام کیا جبکہ سابقہ چار قلعوں میں عورتوں اور بچوں کو نہیں رکھا گیا تھا۔

مسلمانوں نے اس قلعے کا سختی سے محاصرہ کیا اور یہود پر سخت دباؤ ڈالا لیکن قلعہ چونکہ ایک بلند اور محفوظ پہاڑی پر واقع تھا اس لیے اس میں داخل ہونے کی کوئی صورت بن نہیں پڑ رہی تھی۔ ادھر یہود قلعے سے باہر نکل کر مسلمانوں سے ٹکرانے کی جرأت نہیں کر رہے تھے۔ البتہ تیر برسا برسا کر اور پتھر پھینک پھینک کر سخت مقابلہ کر رہے تھے۔

جب اس قلعہ (نزار) کی فتح مسلمانوں کے لیے زیادہ دشوار محسوس ہونے لگی تو رسول اللہ ﷺ نے منجنیق کے آلات نصب کرنے کا حکم فرمایا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں نے چند گولے پھینکے بھی جس سے قلعے کی دیواروں میں شگاف پڑ گیا اور مسلمان اندر گھس گئے۔ اس کے بعد قلعے کے اندر سخت جنگ ہوئی اور

یہود نے فاش اور بدترین شکست کھائی۔ وہ بقیہ قلعوں کی طرح اس قلعے سے چپکے چپکے کھسک کر نہ نکل سکے بلکہ اس طرح بے محابا بھاگے کہ اپنی عورتوں اور بچوں کو بھی ساتھ نہ لے جا سکے اور انہیں مسلمانوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔

اس مضبوط قلعے کی فتح کے بعد خیبر کا نصف اول یعنی نطاۃ اور شق کا علاقہ فتح ہو گیا۔ اس علاقے میں چھوٹے چھوٹے کچھ مزید قلعے بھی تھے لیکن اس قلعے کے فتح ہوتے ہی یہودیوں نے ان باقیماندہ قلعوں کو بھی خالی کر دیا اور شہر خیبر کے دوسرے منطقے یعنی کتیبہ کی طرف بھاگ گئے۔

خیبر کے نصف ثانی کی فتح

نطاۃ اور شق کا علاقہ فتح ہو چکا تو رسول اللہ ﷺ نے کتیبہ، وطیح اور سلالم کے علاقے کا رُخ کیا۔ سلالم بنو نضیر کے ایک مشہور یہودی ابو الحقیق کا قلعہ تھا۔ ادھر نطاۃ اور شق کے علاقے سے شکست کھا کر بھاگنے والے سارے یہودی بھی یہیں پہنچے تھے۔ اور نہایت ٹھوس قلعہ بندی کر لی تھی۔

اہلِ مغازی کے درمیان اختلاف ہے کہ یہاں کے تینوں قلعوں میں سے کسی قلعے پر جنگ ہوئی یا نہیں؟ ابن اسحاق کے بیان میں یہ صراحت ہے کہ قلعہ قموص کو فتح کرنے کے لیے جنگ لڑی گئی بلکہ اس کے سیاق سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ قلعہ محض جنگ کے ذریعے فتح کیا گیا اور یہودیوں کی طرف سے خود سپردگی کے لیے یہاں کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔[۱۴]

لیکن واقدی نے دو ٹوک لفظوں میں صراحت کی ہے کہ اس علاقے کے تینوں قلعے بات چیت کے ذریعے مسلمانوں کے حوالے کیے گئے۔ ممکن ہے قلعہ قموص کی حوالگی کے لیے کسی قدر جنگ کے بعد گفت و شنید ہوئی ہو۔ البتہ باقی دونوں قلعے کسی جنگ کے بغیر مسلمانوں کے حوالے کیے گئے۔

جب رسول اللہ ﷺ اس علاقے۔ کتیبہ۔ میں تشریف لائے تو وہاں کے باشندوں کا سختی سے محاصرہ کیا۔ یہ محاصرہ چودہ روز جاری رہا۔ یہود اپنے قلعوں سے نکل ہی نہیں رہے تھے۔ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے قصد فرمایا کہ منجنیق نصب فرمائیں۔ جب یہود کو تباہی کا یقین ہو گیا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے صلح کے لیے سلسلہ جنبانی کی۔

صلح کی بات چیت

پہلے ابن ابی الحقیق نے رسول اللہ ﷺ کے پاس پیغام بھیجا کہ کیا میں آپ کے پاس آ کر بات چیت کر سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا "ہاں!" اور جب یہ جواب

---

[۱۴] دیکھئے ابن ہشام ۲/ ۳۳۱، ۳۳۶، ۳۳۷

ملا تو اس نے آپ کے پاس حاضر ہو کر اس شرط پر صلح کر لی کہ قلعے میں جو فوج ہے اس کی جان بخشی کر دی جائیگی اور ان کے بال بچے انہیں کے پاس رہیں گے (یعنی انہیں لونڈی اور غلام نہیں بنایا جائے گا) بلکہ وہ اپنے بال بچوں کو لے کر خیبر کی سرزمین سے نکل جائیں گے اور اپنے اموال، باغات، زمینیں، سونے، چاندی، گھوڑے زرہیں، رسول اللہ ﷺ کے حوالے کر دیں گے، صرف اتنا کپڑا لے جائیں گے جتنا ایک انسان کی پشت اٹھا سکے۔[۱۵] رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اور اگر تم لوگوں نے مجھ سے کچھ چھپایا تو پھر اللہ اور اس کے رسول بری الذمہ ہوں گے۔" یہود نے یہ شرط منظور کر لی اور مصالحت ہو گئی۔[۱۶] اس مصالحت کے بعد تینوں قلعے مسلمانوں کے حوالے کر دیے گئے اور اس طرح خیبر کی فتح مکمل ہو گئی۔

ابو الحقیق کے دونوں بیٹوں کی بد عہدی اور ان کا قتل

اس معاہدے کے علی الرغم ابو الحقیق کے دونوں بیٹوں نے بہت سا مال غائب کر دیا۔ ایک کھال غائب کر دی جس میں مال اور حیی بن اخطب کے زیورات تھے۔ اسے حیی بن اخطب مدینہ سے بنو نضیر کی جلاوطنی کے وقت اپنے ہمراہ لایا تھا۔

ابن اسحٰق کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کنانہ بن ابی الحقیق لایا گیا۔ اس کے پاس بنو نضیر کا خزانہ تھا۔ لیکن آپ نے دریافت کیا تو اس نے یہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کہ اسے خزانے کی جگہ کے بارے میں کوئی علم ہے۔ اس کے بعد ایک یہودی نے آکر بتایا کہ میں کنانہ کو روزانہ اس ویرانے کا چکر لگاتے ہوئے دیکھتا تھا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے کنانہ سے فرمایا: "یہ بتاؤ کہ اگر یہ خزانہ ہم نے تمہارے پاس سے برآمد کر لیا تو پھر تو ہم تمہیں قتل کر دیں گے نا؟" اس نے کہا جی ہاں! آپ نے ویرانہ کھودنے کا حکم دیا اور اس سے کچھ خزانہ برآمد ہوا۔ پھر باقیماندہ خزانہ کے متعلق آپ نے دریافت کیا تو اس نے پھر ادائیگی سے انکار کر دیا۔ اس پر آپ نے اسے حضرت زبیرؓ کے حوالے کر دیا اور فرمایا: اسے سزا دو، یہاں تک کہ اس کے پاس جو کچھ ہے وہ سب کا سب ہمیں حاصل ہو جائے۔ حضرت زبیر نے اس کے سینے پر چقماق کی ٹھوکریں ماریں یہاں تک کہ اس کی جان پر بن آئی۔ پھر اُسے رسول اللہ ﷺ نے محمدؓ بن مسلمہ کے حوالے کر دیا۔ اور انہوں نے محمودؓ بن مسلمہ کے بدلے اس کی گردن مار دی (محمود سایہ حاصل کرنے کے لیے قلعہ ناعم کی دیوار کے نیچے بیٹھے تھے کہ اس شخص نے ان پر چکی کا پاٹ گرا کر انہیں قتل کر دیا تھا۔)

---

۱۵ لیکن سنن ابو داؤد میں یہ صراحت ہے کہ آپ نے اس شرط پر معاہدہ کیا تھا کہ مسلمانوں کی طرف سے یہود کو اجازت ہو گی کہ خیبر سے جلاوطن ہوتے ہوئے اپنی سواریوں پر جتنا مال لاد سکیں لے جائیں (دیکھئے ابوداؤد باب ما جاء فی حکم ارض خیبر ۲/۷۶)

۱۶ زاد المعاد ۲/۱۳۶

ابنِ قیم کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابوالحقیق کے دونوں بیٹوں کو قتل کرا دیا تھا اور ان دونوں کے خلاف مال چھپانے کی گواہی کنانہ کے چچیرے بھائی نے دی تھی۔

اس کے بعد آپؐ نے حُیَیّ بن اخطب کی صاحبزادی حضرت صفیہؓ کو قیدیوں میں شامل کر لیا۔ وہ کنانہ بن ابی الحقیق کی بیوی تھیں اور ابھی دُلہن تھیں۔ ان کی حال ہی میں رخصتی ہوئی تھی۔

اموالِ غنیمت کی تقسیم

رسول اللہ ﷺ نے یہود کو خیبر سے جلاوطن کرنے کا ارادہ فرمایا تھا اور معاہدہ میں یہی طے بھی ہوا تھا مگر یہود نے کہا: "اے محمد! ہمیں اسی سرزمین میں رہنے دیجئے۔ ہم اس کی دیکھ ریکھ کریں گے۔ کیونکہ ہمیں آپ لوگوں سے زیادہ اس کی معلومات ہیں۔" ادھر رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کے پاس اتنے غلام نہ تھے جو اس زمین کی دیکھ ریکھ اور جوتنے بونے کا کام کر سکتے اور نہ خود صحابہ کرام کو اتنی فرصت تھی کہ یہ کام سرانجام دے سکتے۔ اس لیے آپؐ نے خیبر کی زمین اس شرط پر یہود کے حوالے کر دی کہ ساری کھیتی اور تمام پھلوں کی پیداوار کا آدھا یہود کو دیا جائے گا اور جب تک رسول اللہ ﷺ کی مرضی ہوگی اس پر برقرار رکھیں گے (اور جب چاہیں گے جلاوطن کر دیں گے) اس کے بعد حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ خیبر کی پیداوار کا تخمینہ لگایا کرتے تھے۔

خیبر کی تقسیم اس طرح کی گئی کہ اسے ۳۶ حصوں میں بانٹ دیا گیا۔ ہر حصہ ایک سو حصوں کا جامع تھا۔ اس طرح کل تین ہزار چھ سو (۳۶۰۰) حصے ہوئے۔ اس میں سے نصف یعنی اٹھارہ سو حصے رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کے تھے۔ عام مسلمانوں کی طرح رسول اللہ ﷺ کا بھی صرف ایک ہی حصہ تھا۔ باقی یعنی اٹھارہ سو حصوں پر مشتمل دوسرا نصف، رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کی اجتماعی ضروریات وحوادث کے لیے الگ کر لیا تھا۔ اٹھارہ سو حصوں پر خیبر کی تقسیم اس لیے کی گئی کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اہلِ حدیبیہ کے لیے ایک عطیہ تھا، جو موجود تھے ان کے لیے بھی اور جو موجود نہ تھے ان کے لیے بھی، اور اہلِ حدیبیہ کی تعداد چودہ سو تھی۔ جو خیبر آتے ہوئے اپنے ساتھ دو سو گھوڑے لائے تھے۔ چونکہ سوار کے علاوہ خود گھوڑے کو بھی حصہ ملتا ہے اور گھوڑے کا حصہ ڈبل یعنی دو فوجیوں کے برابر ہوتا ہے اس لیے خیبر کو اٹھارہ سو حصوں پر تقسیم کیا گیا تو دو سو شہ سواروں کو تین تین حصے کے حساب سے چھ سو ملے تھے اور بارہ سو پیدل فوج کو ایک ایک حصے کے حساب سے بارہ سو حصے ملے[۱]

خیبر کے اموالِ غنیمت کی کثرت کا اندازہ صحیح بخاری میں مروی ابن عمر رضی اللہ عنہ کی اس روایت سے ہوتا ہے کہ انہوں نے فرمایا: "ہم لوگ آسودہ نہ ہوئے یہاں تک کہ ہم نے خیبر فتح کیا۔" اسی طرح حضرت عائشہ رضی اللہ

عنہا کی اس روایت سے ہوتا ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب خیبر فتح ہوا تو ہم نے کہا اب ہمیں پیٹ بھر کر کھجور ملے گی[۱۸]۔ نیز جب رسول اللہ ﷺ مدینہ واپس تشریف لائے تو مہاجرین نے انصار کو کھجوروں کے وہ درخت واپس کر دیے جو انصار نے امداد کے طور پر انہیں دے رکھے تھے کیونکہ اب ان کے لیے خیبر میں مال اور کھجور کے درخت ہو چکے تھے[۱۹]۔

حضرت جعفر بن ابی طالب اور اشعری صحابہ کی آمد

اسی غزوے میں حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ خدمت نبوی میں حاضر ہوئے۔

ان کے ساتھ اشعری مسلمان یعنی حضرت ابو موسیٰ اور ان کے رفقاء بھی تھے رضی اللہ عنہم۔

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ یمن میں ہمیں رسول اللہ ﷺ کے ظہور کا علم ہوا تو ہم لوگ یعنی میں اور میرے دو بھائی اپنی قوم کے پچاس آدمیوں سمیت اپنے وطن سے ہجرت کر کے ایک کشتی پر سوار آپؐ کی خدمت میں روانہ ہوئے لیکن ہماری کشتی نے ہمیں نجاشی کے ملک حبشہ میں پھینک دیا۔ وہاں حضرت جعفرؓ اور ان کے رفقاء سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بھیجا ہے اور یہیں ٹھہرے رہنے کا حکم دیا ہے اور آپ لوگ بھی ہمارے ساتھ ٹھہر جائیے۔ چنانچہ ہم لوگ بھی ان کے ساتھ ٹھہر گئے اور خدمتِ نبوی میں اس وقت پہنچ سکے جب آپؐ خیبر فتح کر چکے تھے۔ آپؐ نے ہمارا بھی حصہ لگایا لیکن ہمارے علاوہ کسی بھی شخص کا جو فتح خیبر میں موجود نہ تھا، کوئی حصہ نہیں لگایا صرف شرکاءِ جنگ ہی کا حصہ لگایا۔ البتہ حضرت جعفرؓ اور ان کے رفقاء کے ساتھ ہماری کشتی والوں کا بھی حصہ لگایا اور ان کے لیے بھی مالِ غنیمت تقسیم کیا[۲۰]۔

اور جب حضرت جعفرؓ نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچے تو آپؐ نے ان کا استقبال کیا اور انھیں بوسہ دیکر فرمایا: واللہ میں نہیں جانتا کہ مجھے کس بات کی خوشی زیادہ ہے؟ خیبر کی فتح کی یا جعفر کی آمد کی[۲۱]۔

یاد رہے کہ ان لوگوں کو بلانے کے لیے رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرو بن اُمیہ ضمری کو نجاشی کے پاس بھیجا تھا اور اس سے کہلوایا تھا کہ وہ ان لوگوں کو آپؐ کے پاس روانہ کر دے۔ چنانچہ نجاشی نے دو کشتیوں پر سوار کر کے انہیں روانہ کر دیا۔ یہ کل سولہ آدمی تھے اور ان کے ساتھ ان کے باقیماندہ بچے اور عورتیں بھی تھیں۔ بقیہ لوگ اس سے پہلے مدینہ آ چکے تھے[۲۲]۔

---

[۱۷] زاد المعاد ۲/۱۳۷، ۱۳۸، مع توضیح [۱۸] صحیح البخاری ۳/۶۰۹ [۱۹] زاد المعاد ۲/۱۴۸ صحیح مسلم ۲/۹۶

[۲۰] صحیح بخاری ۱/۴۴۳ نیز دیکھئے فتح الباری ۷/۴۸۴ تا ۴۸۷ [۲۱] زاد المعاد ۲/۱۳۹

حضرت صفیہؓ سے شادی

ہم بتا چکے ہیں کہ جب حضرت صفیہ کا شوہر کنانہ بن ابی الحقیق اپنی بدعہدی کے سبب قتل کر دیا گیا تو حضرت صفیہ قیدی عورتوں میں شامل کر لی گئیں۔

اس کے بعد جب یہ قیدی عورتیں جمع کی گئیں تو حضرت دِحیہ بن خلیفہ کلبی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی خدمت میں آکر عرض کیا، اے اللہ کے نبیؐ! مجھے قیدی عورتوں میں سے ایک لونڈی دے دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا۔ جاؤ اور ایک لونڈی لے لو۔ انہوں نے جا کر حضرت صفیہ بنت حُیی کو منتخب کر لیا۔ اس پر ایک آدمی نے آپ کے پاس آکر عرض کیا کہ اے اللہ کے نبیؐ! آپؐ نے بنی قُرَیظہ اور بنی نضیر کی سیّدہ صفیہ کو دِحیہ کے حوالے کر دیا حالانکہ وہ صرف آپؐ کے شایانِ شان ہے۔ آپؐ نے فرمایا؛ دِحیہ کو صفیہ سمیت بلاؤ۔ حضرت دِحیہؓ ان کو ساتھ لیے ہوئے حاضر ہوئے۔ آپ نے انہیں دیکھ کر حضرت دِحیہ سے فرمایا کہ قیدیوں میں سے کوئی دوسری لونڈی لے لو۔ پھر آپؐ نے حضرت صفیہ پر اسلام پیش کیا۔ انہوں نے اسلام قبول کر لیا۔ اس کے بعد آپؐ نے انھیں آزاد کر کے ان سے شادی کر لی اور ان کی آزادی ہی کو ان کا مہر قرار دیا۔ مدینہ واپسی میں سدِ صہبا پہنچ کر حیض سے پاک ہوگئیں۔ اس کے بعد حضرت اُم سُلَیم رضی اللہ عنہا نے انھیں آپ کے لیے آراستہ کیا اور رات کو آپؐ کے پاس بھیج دیا۔ آپؐ نے دولہے کی حیثیت سے ان کے ہمراہ صبح کی اور کھجور، گھی اور ستّو ملا کر ولیمہ کھلایا۔ اور راستہ میں تین روز شبہائے عروسی کے طور پر ان کے پاس قیام فرمایا[۱۲۲] اس موقع پر آپؐ نے ان کے چہرے پر سبز نشان دیکھا' دریافت فرمایا" یہ کیا ہے"؟ کہنے لگیں یا رسُول اللہ! آپؐ کے خیبر آنے سے پہلے میں نے خواب دیکھا تھا کہ چاند اپنی جگہ سے ٹوٹ کر میری آغوش میں آگرا ہے۔ بخدا، مجھے آپؐ کے معاملے کا کوئی تصوّر بھی نہ تھا، لیکن میں نے یہ خواب اپنے شوہر سے بیان کیا تو اس نے میرے چہرے پر تھپڑ رسید کرتے ہوئے کہا، "یہ بادشاہ جو مدینہ میں ہے تم اس کی آرزو کر رہی ہو"[۱۲۳]

زہر آلود بکری کا واقعہ

خیبر کی فتح کے بعد جب رسول اللہ ﷺ مطمئن اور یکسو ہو چکے تو سلام بن مشکم کی بیوی زینب بنتِ حارث نے آپؐ کے پاس بھُنی ہوئی بکری کا ہدیہ بھیجا۔ اس نے پوچھ رکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کون سا عضو زیادہ پسند کرتے ہیں، اور اسے بتایا گیا تھا کہ دستہ؛ اس لیے اس نے دستے میں خوب زہر ملا دیا تھا اور اس کے بعد بقیہ حصہ بھی زہر آلود کر دیا تھا، پھر اسے لے کر وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی اور آپؐ کے سامنے رکھا تو آپؐ نے دستہ اُٹھا کر

---

[۱۲۲] تاریخ خضری ۱/۱۲۸ [۱۲۳] صحیح بخاری ۱/۵۴، ۲/۶۰۴، ۶۰۶ زاد المعاد ۲/۱۳۷۔
[۱۲۴] ایضاً زاد المعاد ۲/۱۳۷۔ ابن ہشام ۲/۳۳۶

اس کا ایک ٹکڑا چبایا لیکن نگلنے کے بجائے تھوک دیا۔ پھر فرمایا کہ یہ ہڈی مجھے بتلا رہی ہے کہ اس میں زہر ملایا گیا ہے۔ اس کے بعد آپؐ نے زینب کو بلایا تو اس نے اقرار کر لیا۔ آپؐ نے پوچھا کہ تم نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے کہا میں نے سوچا کہ اگر یہ بادشاہ ہے تو ہمیں اس سے راحت مل جائے گی اور اگر نبی ہے تو اسے خبر دے دی جائے گی۔ اس پر آپؐ نے اسے معاف کر دیا۔

اس موقع پر آپؐ کے ساتھ حضرت بشر بن براء بن معرور رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ انہوں نے ایک لقمہ نگل لیا تھا جس کی وجہ سے ان کی موت واقع ہو گئی۔

روایات میں اختلاف ہے کہ آپؐ نے اس عورت کو معاف کر دیا تھا یا قتل کر دیا تھا۔ تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ پہلے تو آپؐ نے معاف کر دیا تھا لیکن جب حضرت بِشر رضی اللہ عنہ کی موت واقع ہو گئی تو پھر قصاص کے طور پر قتل کر دیا۔[۲۵]

جنگِ خیبر میں فریقین کے مقتولین

خیبر کے مختلف معرکوں میں کُل مسلمان جو شہید ہوئے اُن کی تعداد سولہ ہے۔ چار قریش سے، ایک قبیلہ اشجع سے، ایک قبیلہ اسلم سے، ایک اہلِ خیبر سے، اور بقیہ انصار سے۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ ان معرکوں میں کل ۱۸ مسلمان شہید ہوئے۔ علاّمہ منصور پوری نے ۱۹ لکھا ہے۔ پھر وہ لکھتے ہیں: "اہل سیر نے شہدائے خیبر کی تعداد پندرہ لکھی ہے۔ مجھے تلاش کرتے ہوئے ۲۳ نام ملے... زنیفؓ بن وائلہ کا نام صرف واقدی نے اور زنیفؓ بن حبیب کا نام صرف طبری نے لیا ہے۔ بشرؓ بن براء بن معرور کا انتقال خاتمہ جنگ کے بعد زہر آلود گوشت کھانے سے ہوا جو نبی ﷺ کے لیے زینب یہودیہ نے بھیجا تھا۔ بشرؓ بن عبدالمنذر کے بارے میں دو روایات ہیں (۱) بدر میں شہید ہوئے۔ (۲) جنگِ خیبر میں شہید ہوئے۔ میرے نزدیک روایتِ اوّل قوی ہے[۲۶]۔"

دوسرے فریق یعنی یہود کے مقتولین کی تعداد ۹۳ ہے۔

فدک

رسول اللہ ﷺ نے خیبر پہنچ کر مُحیّصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے فدک کے یہود کے پاس بھیج دیا تھا لیکن اہلِ فدک نے اسلام قبول کرنے میں دیر کی۔ مگر جب اللہ نے خیبر فتح فرما دیا تو ان کے دلوں میں رعب پڑ گیا اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس آدمی بھیج کر

---

[۲۵] دیکھئے زاد المعاد ۲/۱۳۹، ۱۴۰، فتح الباری ۷/۴۹۷، اصل واقعہ صحیح البخاری میں مطولاً اور مختصراً دونوں طرح مروی ہے۔ دیکھئے ۱/۴۴۹-۲/۶۱۰، ۸۶۰، نیز ابنِ ہشام ۲/۳۳۷، ۳۳۸۔

[۲۶] رحمۃ للعالمین ۲/۲۶۸، ۲۶۹، ۲۷۰۔

اہلِ خیبر کے معاملہ کے مطابق فدک کی نصف پیداوار دینے کی شرائط پر مصالحت کی پیشکش کی۔ آپ نے پیشکش قبول کرلی اور اس طرح فدک کی سرزمین خالص رسول اللہ ﷺ کے لیے ہوئی کیونکہ مسلمانوں نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے[۲۷] (یعنی اسے بزورِ شمشیر فتح نہیں کیا تھا۔)

وادی القرٰی

رسول اللہ ﷺ خیبر سے فارغ ہوئے تو وادی القرٰی تشریف لے گئے۔ وہاں بھی یہود کی ایک جماعت تھی اور ان کے ساتھ عرب کی ایک جماعت بھی شامل ہوگئی تھی

جب مسلمان وہاں اترے تو یہود نے تیروں سے استقبال کیا۔ وہ پہلے سے صف بندی کیے ہوئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ کا ایک غلام مارا گیا۔ لوگوں نے کہا اس کے لیے جنّت مبارک ہو نبی ﷺ نے فرمایا: ہرگز نہیں۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس نے جنگِ خیبر میں مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے اس میں سے جو چادر چرائی تھی وہ آگ بن کر اس پر بھڑک رہی ہے۔ لوگوں نے نبی ﷺ کا یہ ارشاد سُنا تو ایک آدمی ایک تسمہ یا دو تسمے لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا نبی ﷺ نے فرمایا: یہ ایک تسمہ یا دو تسمے آگ کے ہیں[۲۸]

اس کے بعد نبی ﷺ نے جنگ کے لیے صحابہ کرامؓ کی ترتیب اور صف بندی کی۔ پورے لشکر کا عَلَم حضرت سعدؓ بن عُبادہ کے حوالے کیا۔ ایک پرچم حُبابؓ بن مُنذر کو دیا اور تیسرا پرچم عُبادہ بن بِشر کو دیا اس کے بعد آپؐ نے یہود کو اسلام کی دعوت دی۔ انہوں نے قبول نہ کیا اور ان کا ایک آدمی میدانِ جنگ میں اترا۔ ادھر سے حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے اور اس کا کام تمام کر دیا۔ پھر دوسرا آدمی نکلا۔ حضرت زبیرؓ نے اسے بھی قتل کر دیا۔ اس کے بعد ایک اور آدمی میدان میں آیا۔ اس کے مقابلے کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ نکلے اور اسے قتل کر دیا۔ اس طرح رفتہ رفتہ ان کے گیارہ آدمی مارے گئے۔ جب ایک آدمی مارا جاتا تو نبی ﷺ باقی یہودیوں کو اسلام کی دعوت دیتے۔

اس دن جب نماز کا وقت ہوتا تو آپؐ صحابہ کرامؓ کو نماز پڑھاتے۔ اور پھر پلٹ کر یہود کے بالمقابل چلے جاتے اور انہیں اسلام، اللہ اور اس کے رسولؐ کی دعوت دیتے۔ اس طرح لڑتے لڑتے شام ہوگئی۔ دوسرے دن صبح آپ پھر تشریف لے گئے۔ لیکن ابھی سورج نیزہ برابر بھی بلند نہ ہوا ہوگا کہ ان کے ہاتھ میں جو کچھ تھا اسے آپؐ کے حوالے کر دیا۔ یعنی آپؐ نے بزورِ قوت فتح حاصل کی اور اللہ نے ان کے اموال آپؐ کو غنیمت میں دیے صحابہؓ کرام کو بہت سارا سازوسامان ہاتھ آیا۔

---

[۲۷] ابنِ ہشام ۲/۳۳۷، ۳۵۳ [۲۸] صحیح بخاری ۲/۶۰۸

رسول اللہ ﷺ نے وادی القریٰ میں چار روز قیام فرمایا اور جو مالِ غنیمت ہاتھ آیا اسے صحابہ کرام پر تقسیم فرما دیا۔ البتہ زمین اور کھجور کے باغات کو یہود کے ہاتھ میں رہنے دیا اور اس کے متعلق ان سے بھی (اہلِ خیبر جیسا) معاملہ طے کر لیا۔[۲۹]

تیماء تیماء کے یہودیوں کو جب خیبر، فدک اور وادی القریٰ کے باشندوں کے سپر انداز ہونے کی اطلاع ملی تو انہوں نے مسلمانوں کے خلاف کسی قسم کی محاذ آرائی کا مظاہرہ کرنے کے بجائے ازخود آدمی بھیج کر صلح کی پیش کش کی۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی پیشکش قبول فرمالی اور یہ یہود اپنے مال و متاع میں مقیم رہے۔[۳۰] اس کے متعلق آپ نے ایک تحریر بھی عنایت فرما دی تھی جو یہ تھی :

"یہ تحریر ہے محمدؐ رسول اللہ کی طرف سے بنوعادیا کے لیے۔ ان کے لیے ذمّہ ہے اور ان پر جزیہ ہے۔ ان پر نہ زیادتی ہوگی نہ انہیں جلاوطن کیا جائے گا۔ رات معاون ہوگی اور دن پختگی بخش (یعنی یہ معاہدہ دائمی ہوگا) اور یہ تحریر خالدؓ بن سعید نے لکھی۔[۳۱]

مدینہ کو واپسی اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے مدینہ واپسی کی راہ لی۔ واپسی کے دوران لوگ ایک وادی کے قریب پہنچے تو بلند آواز سے اللہ اکبر اللہ اکبر لآ الٰہ الا اللہ کہنے لگے۔ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اپنے آپ پر نرمی کرو، تم لوگ کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے ہو۔ بلکہ اس ہستی کو پکار رہے ہو جو سننے والی اور قریب ہے"۔[۳۲]

نیز اثنائے راہ میں ایک بار رات بھر سفر جاری رکھنے کے بعد آپؐ نے اخیر رات میں راستے میں کسی جگہ پڑاؤ ڈالا اور حضرت بلالؓ کو یہ تاکید کر کے سو رہے کہ ہمارے لیے رات پر نظر رکھنا (یعنی صبح ہوتے ہی نماز کے لیے بیدار کر دینا) لیکن حضرت بلالؓ کی بھی آنکھ لگ گئی۔ وہ (پورب کی طرف منہ کر کے) اپنی سواری کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھے تھے کہ سو گئے۔ پھر کوئی بھی بیدار نہ ہُوا یہاں تک کہ لوگوں پر دھوپ آگئی۔ اسکے بعد سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ بیدار ہوئے۔ پھر (لوگوں کو بیدار کیا گیا) اور آپ اس وادی سے نکل کر کچھ آگے تشریف لے گئے۔ پھر لوگوں کو فجر کی نماز پڑھائی۔ کہا جاتا ہے کہ یہ واقعہ کسی دوسرے سفر میں پیش آیا تھا۔[۳۳]

خیبر کے معرکوں کی تفصیلات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ کی واپسی یا تو (۷ھ کے) صفر کے اخیر میں ہوئی تھی یا پھر ربیع الاوّل کے مہینے میں۔

---

[۲۹] زادالمعاد ۲/۱۴۶/۱۴۷ [۳۰] زادالمعاد ۲/۱۴۷ [۳۱] ابن سعد ۱/۲۷۹ [۳۲] صحیح بخاری ۲/۶۰۵
[۳۳] ابن ہشام ۲/۳۴۰ یہ واقعہ خاصا مشہور اور عام کتبِ حدیث میں مروی ہے۔ نیز دیکھئے زادالمعاد ۲/۱۴۷

سریۂ اَبان بن سعید

نبی ﷺ سارے سپہ سالاروں سے زیادہ اچھی طرح یہ بات جانتے تھے کہ حرام مہینوں کے خاتمے کے بعد مدینہ کو مکمل طور پر خالی چھوڑ دینا تدبر اور دُور اندیشی کے بالکل خلاف ہے، درآں حالیکہ مدینہ کے گرد و پیش ایسے بدو مقیم ہیں جو لوٹ مار اور ڈاکہ زنی کے لیے مسلمانوں کی غفلت کے منتظر رہتے ہیں۔ اسی لیے جن ایام میں آپؐ خیبر تشریف لے گئے تھے ان ہی ایام میں آپؐ نے بدوؤں کو خوف زدہ کرنے کے لیے اَبان بن سعید رضی اللہ عنہ کی کمان میں نجد کی جانب ایک سریّہ بھیج دیا تھا۔ اَبانؓ بن سعید اپنا فرض ادا کر کے واپس آئے تو نبی ﷺ سے خیبر میں ملاقات ہوئی۔ اس وقت آپؐ خیبر فتح فرما چکے تھے۔

اغلب یہ ہے کہ یہ سریّہ صفر ۷ھ میں بھیجا گیا تھا۔ اس کا ذکر صحیح بخاری میں آیا ہے[۴۴]۔ حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں کہ مجھے اس سریّہ کا حال معلوم نہ ہو سکا[۴۵]۔

---

[۴۴] دیکھئے صحیح بخاری باب غزوۂ خیبر ۲/۶۰۸، ۶۰۹ [۴۵] فتح الباری ۷/۴۹۱

غزوۂ ذات الرّقاع (۷ھ)

جب رسول اللہ ﷺ احزاب کے تین بازوؤں میں سے دو مضبوط بازوؤں کو توڑ کر فارغ ہو گئے تو تیسرے بازو کی طرف توجہ کا بھرپور موقع مل گیا۔ تیسرا بازو وہ بُدّو تھے جو نجد کے صحرا میں خیمہ زن تھے اور رہ رہ کر لوٹ مار کی کارروائیاں کرتے رہتے تھے۔

چونکہ یہ بدّو کسی آبادی یا شہر کے باشندے نہ تھے اور ان کا قیام مکانات اور قلعوں کے اندر نہ تھا اس لیے اہلِ مکہ اور باشندگانِ خیبر کی بہ نسبت ان پر پوری طرح قابو پالینا اور ان کے شر و فساد کی آگ مکمل طور پر بجھادینا سخت دشوار تھا۔ لہٰذا ان کے حق میں صرف خوف زدہ کرنے والی تادیبی کارروائیاں ہی مفید ہوسکتی تھیں۔

چنانچہ ان بدوؤں پر رعب و دبدبہ قائم کرنے کی غرض سے ـــــ اور بقول دیگر مدینہ کے اطراف میں چھاپہ مارنے کے ارادے سے جمع ہونے والے بدوؤں کو پراگندہ کرنے کی غرض سے ـــــ نبی ﷺ نے ایک تادیبی حملہ فرمایا جو غزوہ ذات الرقاع کے نام سے معروف ہے۔

عام اہلِ مغازی نے اس غزوہ کا تذکرہ ۴ھ میں کیا ہے لیکن امام بخاری نے اس کا زمانۂ وقوع ۷ھ بتایا ہے۔ چونکہ اس غزوے میں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما نے شرکت کی تھی، لہٰذا یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ غزوہ، غزوۂ خیبر کے بعد پیش آیا تھا۔ (مہینہ غالباً ربیع الاول کا تھا۔) کیونکہ حضرت ابوہریرہؓ اس وقت مدینہ پہنچ کر حلقہ بگوش اسلام ہوئے تھے جب رسول اللہ ﷺ خیبر کے لیے مدینہ سے جاچکے تھے۔ پھر حضرت ابوہریرہؓ مسلمان ہو کر سیدھے خدمت نبوی ﷺ میں خیبر پہنچے اور جب پہنچے تو خیبر فتح ہوچکا تھا۔ اسی طرح حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ حبش سے اس وقت خدمتِ نبویؐ میں پہنچے تھے جب خیبر فتح ہوچکا تھا۔ لہٰذا غزوہ ذات الرقاع میں ان دونوں صحابہؓ کی شرکت اس بات کی دلیل ہے کہ یہ غزوہ خیبر کے بعد ہی کسی وقت پیش آیا تھا۔

اہلِ سِیَر نے اس غزوے کے متعلق جو کچھ ذکر کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے قبیلہ اَنمار یا بنو غطفان کی دو شاخوں بنی ثعلبہ اور بنی محارب کے اجتماع کی خبر سُن کر مدینہ کا انتظام

حضرت ابوذر یا حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہما کے حوالے کیا اور جھٹ چار سو یا سات سو صحابہ کرامؓ کی معیت میں بلادِ نجد کا رُخ کیا۔ پھر مدینہ سے دو دن کے فاصلے پر مقام نخل پہنچ کر بنو غطفان کی ایک جمعیت سے سامنا ہوا لیکن جنگ نہیں ہوئی۔ البتہ آپؐ نے اس موقع پر صلوٰۃِ خوف (حالتِ جنگ والی نماز) پڑھائی۔

صحیح بخاری میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ نکلے۔ ہم چھ آدمی تھے اور ایک ہی اونٹ تھا جس پر باری باری سوار ہوتے تھے۔ اس سے ہمارے قدم چھلنی ہو گئے۔ میرے بھی دونوں پاؤں زخمی ہو گئے اور ناخن جھڑ گیا۔ چنانچہ ہم لوگ اپنے پاؤں پر چیتھڑے لپیٹے رہتے تھے۔ اسی لیے اس کا نام ذات الرقاع (چیتھڑوں والا) پڑ گیا۔ کیونکہ ہم نے اس غزوے میں اپنے پاؤں پر چیتھڑے اور پٹیاں باندھ اور لپیٹ رکھی تھیں[1]۔

اور صحیح بخاری ہی میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت ہے کہ ہم لوگ ذات الرقاع میں نبی ﷺ کے ہمراہ تھے۔ (دستور یہ تھا کہ) جب ہم کسی سایہ دار درخت پر پہنچتے تو اسے نبی ﷺ کے لیے چھوڑ دیتے تھے۔ (ایک بار) نبی ﷺ نے پڑاؤ ڈالا اور لوگ درخت کا سایہ حاصل کرنے کے لیے اِدھر اُدھر کانٹے دار درختوں کے درمیان بکھر گئے۔ رسول اللہ ﷺ بھی ایک درخت کے نیچے اُترے اور اسی درخت سے تلوار لٹکا کر سو گئے۔ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ ہمیں بس ذرا سی نیند آئی تھی کہ اتنے میں ایک مشرک نے آکر رسول اللہ ﷺ کی تلوار سونت لی اور بولا: "تم مجھ سے ڈرتے ہو؟" آپؐ نے فرمایا، "نہیں۔" اس نے کہا: "تب تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟" آپؐ نے فرمایا، "اللہ" ــــــ

حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ ہمیں اچانک رسول اللہ ﷺ پکار رہے تھے۔ ہم پہنچے تو دیکھا کہ ایک اَعرابی آپؐ کے پاس بیٹھا ہے۔ آپؐ نے فرمایا: "میں سویا تھا اور اس نے میری تلوار سونت لی۔ اتنے میں میں جاگ گیا اور سونتی ہوئی تلوار اس کے ہاتھ میں تھی۔ اس نے مجھ سے کہا: "تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟" میں نے کہا: "اللہ۔" تو اب یہ وہی شخص بیٹھا ہوا ہے۔" پھر آپؐ نے اس سے اظہارِ غصّہ نہ کیا۔

ابو عوانہؒ کی روایت میں اتنی تفصیل اور ہے کہ (جب آپؐ نے اس کے سوال کے جواب میں اللہ کہا تو) تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی۔ پھر وہ تلوار رسول اللہ ﷺ نے اُٹھالی اور فرمایا: "اب تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟" اس نے کہا آپؐ اچھے پکڑنے والے ہو جایئے (یعنی احسان کیجئے) آپؐ نے فرمایا: "تم

---

[1] صحیح بخاری: باب غزوۃ ذات الرقاع ۲/۵۹۲، صحیح مسلم: باب غزوۃ ذات الرقاع ۲/۱۱۸

شہادت دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں"۔ اس نے کہا" میں آپ سے عہد کرتا ہوں کہ آپ سے لڑائی نہیں کروں گا اور نہ آپؐ سے لڑائی کرنے والوں کا ساتھ دوں گا"۔ حضرت جابرؓ کا بیان ہے کہ اس کے بعد آپؐ نے اس کی راہ چھوڑ دی اور اس نے اپنی قوم میں جا کر کہا" میں تمہارے یہاں سب سے اچھے انسان کے پاس سے آ رہا ہوں"[2]۔

صحیح بخاری کی ایک روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ نماز کی اقامت کہی گئی اور آپؐ نے ایک گروہ کو دو رکعت نماز پڑھائی۔ پھر وہ لوگ پیچھے چلے گئے اور آپؐ نے دوسرے گروہ کو دو رکعت نماز پڑھائی۔ اس طرح نبی ﷺ کی چار رکعتیں ہوئیں اور صحابہ کرام کی دو دو رکعتیں[3]۔ اس روایت کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے یہ نماز مذکورہ واقعہ کے بعد ہی پڑھی گئی تھی۔

صحیح بخاری کی روایت میں جسے مسدد نے ابو عوانہؓ سے اور انہوں نے ابو بشرؓ سے روایت کیا ہے بتایا گیا ہے کہ اس آدمی کا نام غورث بن حارث تھا[4]۔ ابن حجر کہتے ہیں کہ واقدی کے نزدیک اس واقعے کی تفصیلات میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس اعرابی کا نام دعثور تھا اور اس نے اسلام قبول کر لیا تھا لیکن واقدی کے کلام سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ یہ الگ الگ دو واقعات تھے، جو دو الگ الگ غزووں میں پیش آئے تھے[5]۔ واللہ اعلم

اس غزوہ سے واپسی میں صحابہ کرامؓ نے ایک مشرک عورت کو گرفتار کر لیا۔ اس پر اس کے شوہر نے نذر مانی کہ وہ اصحابِ محمد ﷺ کے اندر ایک خون بہا کر رہے گا۔ چنانچہ وہ رات کے وقت آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے دشمن سے مسلمانوں کی حفاظت کے لیے دو آدمیوں یعنی عباد بن بشر اور عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو پہرے پر مامور کر رکھا تھا۔ جس وقت وہ آیا حضرت عبادؓ کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ اس نے اسی حالت میں ان کو تیر مارا، انہوں نے نماز توڑے بغیر تیر نکال کر جھٹک دیا۔ اس نے دوسرا اور تیسرا تیر مارا، لیکن انہوں نے نماز نہ توڑی اور سلام پھیر کر ہی فارغ ہوئے۔ پھر اپنے ساتھی کو جگایا۔ ساتھی نے (حالات جان کر) کہا: "سبحان اللہ! آپ نے مجھے جگا کیوں نہ دیا؟" انہوں نے کہا: "میں ایک سورہ پڑھ رہا تھا۔ گوارا نہ کیا کہ اسے درمیان میں چھوڑ دوں"[6]۔

سنگ دل اعراب کو مرعوب اور خوفزدہ کرنے میں اس غزوے کا بڑا اثر رہا۔ ہم اس غزوے کے بعد پیش

---

[2] مختصر السیرۃ شیخ عبداللہ نجدی ص ۲۶۴، نیز دیکھئے فتح الباری ۷/۴۱۶

[3] صحیح بخاری ۱/۴۰۷، ۴۰۸، ۲/۵۹۳ [4] صحیح بخاری ۲/۵۹۳ [5] فتح الباری ۷/۴۲۸

آنے والے سرایا کی تفصیلات پر نظر ڈالتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ غطفان کے ان قبائل نے اس غزوے کے بعد سر اٹھانے کی جرأت نہ کی بلکہ ڈھیلے پڑتے پڑتے سپر انداز ہوگئے اور بالآخر اسلام قبول کرلیا۔ حتیٰ کہ ان اعراب کے کئی قبائل ہم کو فتح مکہ اور غزوۂ حنین میں مسلمانوں کے ساتھ نظر آتے ہیں اور انہیں غزوۂ حنین کے مالِ غنیمت سے حصہ دیا جاتا ہے۔ پھر فتح مکہ سے واپسی کے بعد ان کے پاس صدقات وصول کرنے کے لیے اسلامی حکومت کے عمال بھیجے جاتے ہیں اور وہ باقاعدہ اپنے صدقات ادا کرتے ہیں۔ غرض اس حکمت عملی سے وہ تینوں بازو ٹوٹ گئے جو جنگِ خندق میں مدینہ پر حملہ آور ہوئے تھے اور اس کی وجہ سے پورے علاقے میں امن وسلامتی کا دور دورہ ہوگیا۔ اس کے بعد بعض قبائل نے بعض علاقوں میں جو شور وغوغا کیا اس پر مسلمانوں نے بڑی آسانی سے قابو پالیا؛ بلکہ اسی غزوے کے بعد بڑے بڑے شہروں اور ممالک کی فتوحات کا راستہ ہموار ہونا شروع ہوا کیونکہ اس غزوے کے بعد اندرون ملک حالات پوری طرح اسلام اور مسلمانوں کے لیے سازگار ہوچکے تھے۔

۷ھ کے چند سرایا

اس غزوے سے واپس آکر رسول اللہ ﷺ نے شوال ۷ھ تک مدینہ میں قیام فرمایا اور اس دوران متعدد سرایا روانہ کئے۔ بعض کی تفصیل یہ ہے:

۱۔ سریۂ قدید (صفر یا ربیع الاول ۷ھ) یہ سریہ غالب بن عبداللہ لیثی رضی اللہ عنہ کی کمان میں قدید کی جانب قبیلہ بنی ملوح کی تادیب کے لیے روانہ کیا گیا۔ وجہ یہ تھی کہ بنو ملوح نے بشر بن سُوَید کے رفقاء کو قتل کر دیا تھا اور اسی کے انتقام کے لیے اس سریہ کی روانگی عمل میں آئی تھی۔ اس سریہ نے رات کو چھاپہ مار کر بہت سے افراد کو قتل کر دیا اور ڈھور ڈنگر ہانک لائے۔ پھر ان کا دشمن نے ایک بڑے لشکر کے ساتھ تعاقب کیا لیکن جب مسلمانوں کے قریب پہنچے تو بارش ہونے لگی۔ اور ایک زبردست سیلاب آگیا جو فریقین کے درمیان حائل ہوگیا۔ اس طرح مسلمانوں نے بقیہ راستہ بھی سلامتی کے ساتھ طے کرلیا۔

۲۔ سریۂ حِسمی (جمادی الآخرہ ۷ھ) اس کا ذکر شاہان عالم کے نام خطوط کے باب میں گزر چکا ہے۔

۶ھ زاد المعاد ۲/۱۱۲، نیز اس غزوے کے مباحث کی تفصیلات کے لیے دیکھئے ابن ہشام ۲/۲۰۳ تا ۲۰۹، زاد المعاد ۲/۱۱۰، ۱۱۱، ۱۱۲، فتح الباری ۷/۱۷ا۴ تا ۴۲۸

۳۔ سریّہ تربہ (شعبان ۷ھ)

یہ سریّہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی قیادت میں روانہ کیا گیا۔ ان کے ساتھ تیس آدمی تھے جو رات میں سفر کرتے اور دن میں روپوش رہتے تھے لیکن بنو ہوازن کو پتا چل گیا اور وہ نکل بھاگے۔ حضرت عمرؓ ان کے علاقے میں پہنچے تو کوئی بھی نہ ملا اور وہ مدینہ پلٹ آئے۔

۴۔ سریّہ اطراف فدک (شعبان ۷ھ)

یہ سریّہ حضرت بشیر بن سعد انصاری رضی اللہ عنہ کی قیادت میں تیس آدمیوں کے ہمراہ بنو مرہ کی تادیب کے لیے روانہ کیا گیا۔ حضرت بشیرؓ نے ان کے علاقے میں پہنچ کر بھیڑ بکریاں اور چوپائے ہانک لیے اور واپس ہو گئے۔ رات میں دشمن نے آلیا۔ مسلمانوں نے جم کر تیر اندازی کی لیکن بالآخر بشیرؓ اور ان کے رفقاء کے تیر ختم ہو گئے۔ ان کے ہاتھ خالی ہو گئے اور اس کے نتیجے میں سب کے سب قتل کر دیے گئے۔ صرف بشیرؓ زندہ بچے۔ انہیں زخمی حالت میں اُٹھا کر فدک لایا گیا اور وہ وہیں یہود کے پاس مقیم رہے؛ یہاں تک کہ ان کے زخم مندمل ہو گئے۔ اس کے بعد وہ مدینہ آئے۔

۵۔ سریّہ میفعہ (رمضان ۷ھ)

یہ سریّہ حضرت غالب بن عبداللہ لیثی کی قیادت میں بنو عوال اور بنو عبد بن ثعلبہ کی تادیب کے لیے اور کہا جاتا ہے کہ قبیلہ جہینہ کی شاخ حرقات کی تادیب کے لیے روانہ کیا گیا۔ مسلمانوں کی تعداد ایک سو تیس تھی۔ انہوں نے دشمن پر اجتماعی حملہ کیا اور جس نے بھی سر اٹھایا اسے قتل کر دیا۔ پھر چوپائے اور بھیڑ بکریاں ہانک لائے۔ اسی سریہ میں حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے نہیک بن مرداس کو لا الہ الا اللہ کہنے کے باوجود قتل کر دیا تھا اور اس پر نبی ﷺ نے بطور عتاب فرمایا تھا کہ تم نے اس کا دل چیر کر کیوں نہ معلوم کر لیا کہ وہ سچا تھا یا جھوٹا؟

۶۔ سریّہ خیبر (شوال ۷ھ)

یہ سریّہ تیس سواروں پر مشتمل تھا اور حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی قیادت میں بھیجا گیا تھا۔ ہُوا یہ کہ اسیر یا بشیر بن رزام بنو غطفان کو مسلمانوں پر چڑھائی کرنے کے لیے جمع کر رہا تھا۔ مسلمانوں نے اسیر کو یہ اُمید دلا کر کہ رسول اللہ ﷺ اسے خیبر کا گورنر بنا دیں گے، اس کے تیس رفقاء سمیت اپنے ساتھ چلنے پر آمادہ کر لیا۔ لیکن قرقرہ نیار پہنچ کر فریقین میں بدگمانی پیدا ہو گئی جس کے نتیجے میں اسیر اور اس کے تیس ساتھیوں کو لڑائی میں جان سے ہاتھ دھونے پڑے۔

۷۔ سریّہ یمن و جبار (شوال ۷ھ)

جَبار کی جیم پر زبر ہے۔ یہ بنو غطفان، اور کہا جاتا ہے کہ بنو فزارہ اور بنو عذرہ کے علاقہ کا نام ہے۔ یہاں حضرت بشیر بن

کعب انصاری رضی اللہ عنہ کو تین سو مسلمانوں کی معیت میں روانہ کیا گیا۔ مقصود ایک بڑی جمعیت کو پراگندہ کرنا تھا جو مدینہ پر حملہ آور ہونے کے لیے جمع ہو رہی تھی۔ مسلمان راتوں رات سفر کرتے اور دن میں چھپے رہتے تھے۔ جب دشمن کو حضرت بشیرؓ کی آمد کی خبر ہوئی تو وہ بھاگ کھڑا ہوا۔ حضرت بشیرؓ نے بہت سے جانوروں پر قبضہ کیا۔ دو آدمی بھی قید کر لیے اور جب ان دونوں کو لے کر خدمتِ نبوی ﷺ میں مدینہ پہنچے تو دونوں نے اسلام قبول کر لیا۔

۸۔ سریّۂ غابہ

اسے امام ابن قیم نے عُمرۂ قضاء سے قبل ۷ھ کے سرایا میں شمار کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ قبیلہ جشم بن معاویہ کا ایک شخص بہت سے لوگوں کو ساتھ لے کر غابہ آیا۔ وہ چاہتا تھا کہ بنو قیس کو مسلمانوں سے لڑنے کے لیے جمع کرے۔ نبی ﷺ نے حضرت ابو حَدرَدؓ کو صرف دو آدمیوں کے ہمراہ روانہ فرمایا۔ حضرت ابو حدردؓ نے کوئی ایسی جنگی حکمتِ عملی اختیار کی کہ دشمن کو شکستِ فاش ہوئی اور وہ بہت سے اونٹ اور بھیڑ بکریاں ہانک لائے[۱]۔

---

[۱] زاد المعاد ۲/۱۴۹، ۱۵۰۔ ان سرایا کی تفصیلات رحمۃ للعالمین ۲/۲۲۹، ۲۳۰، ۲۳۱، زاد المعاد ۲/۱۴۸، ۱۴۹، ۱۵۰، تلقیح الفہوم مع حواشی ص ۳۱ اور مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ نجدی ص ۳۲۲، ۳۲۳، ۳۲۴ میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

عُمرۂ قضاء

امام حاکم کہتے ہیں: یہ خبر تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ جب ذی قعدہ کا چاند ہوگیا تو نبی ﷺ نے اپنے صحابہ کرامؓ کو حکم دیا کہ اپنے عمرہ کی قضاء کے طور پہ عمرہ کریں اور کوئی بھی آدمی جو حدیبیہ میں حاضر تھا پیچھے نہ رہے۔ چنانچہ (اس مدت میں) جو لوگ شہید ہو چکے تھے انہیں چھوڑ کر بقیہ سب ہی لوگ روانہ ہوئے اور اہلِ حدیبیہ کے علاوہ کچھ اور لوگ بھی عمرہ کرنے کے لیے ہمراہ نکلے۔ اس طرح تعداد دو ہزار ہوگئی، عورتیں اور بچے ان کے علاوہ تھے[1]

رسول اللہ ﷺ نے اس موقع پر ابورھم غفاری رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں اپنا جانشین مقرر کیا۔ ساٹھ اونٹ ساتھ لیے اور ناجیہؓ بن جندب اسلمی کو ان کی دیکھ بھال کا کام سونپا۔ ذوالحلیفہ سے عمرہ کا احرام باندھا اور لبیک کی صدا لگائی۔ آپؐ کے ساتھ مسلمانوں نے بھی لبیک پکارا اور قریش کی جانب سے بدعہدی کے اندیشے کے سبب ہتھیار لیکر، جنگجو افراد کے ساتھ مستعد ہو کر نکلے۔ جب وادی یاجج پہنچے تو سارے ہتھیار یعنی ڈھال، سپر، تیر، نیزے سب رکھ دیے اور ان کی حفاظت کے لیے اوس بن خولی انصاری رضی اللہ عنہ کی ماتحتی میں دو سو آدمی وہیں چھوڑ دیے اور سوار کا ہتھیار یعنی میان میں رکھی ہوئی تلواریں لے کر مکہ میں داخل ہوئے۔[2]

رسول اللہ ﷺ مکہ میں داخلے کے وقت اپنی قصواء نامی اونٹنی پر سوار تھے۔ مسلمانوں نے تلواریں حمائل کر رکھی تھیں اور رسول اللہ ﷺ کو گھیرے میں لیے ہوئے لبیک پکار رہے تھے۔

مشرکین مسلمانوں کا تماشا دیکھنے کے لیے (گھروں سے) نکل کر کعبہ کے شمال میں واقع جبل قعیقعان پر (جا بیٹھے تھے) انہوں نے آپس میں باتیں کرتے ہوئے کہا تھا کہ تمہارے پاس ایک ایسی جماعت آرہی ہے جسے یثرب کے بخار نے توڑ ڈالا ہے اس لیے نبی ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو حکم دیا کہ وہ پہلے تین چکر دوڑ کر لگائیں۔ البتہ رکن یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان صرف چلتے ہوئے گزریں۔ کل (ساتوں) چکر دوڑ کر لگانے کا حکم محض اس لیے نہیں دیا کہ رحمت وشفقت مقصود تھی۔ اس حکم کا منشاء یہ تھا کہ مشرکین آپ کی قوت کا مشاہدہ کرلیں۔[3] اس کے علاوہ آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو اضطباع کا بھی حکم دیا تھا۔ اضطباع کا مطلب یہ ہے کہ دایاں

---

[1] فتح الباری ۷/۵۰۰

[2] ایضاً مع زادالمعاد ۲/۱۵۱ [3] صحیح بخاری ۱/۲۱۸، ۲/۶۱۰، ۶۱۱، صحیح مسلم ۱/۴۱۲

کندھا کھلا رکھیں (اور چادر داہنی بغل کے نیچے سے گزار آگے پیچھے دونوں جانب سے) اس کا دوسرا کنارہ بائیں کندھے پر ڈال لیں۔

رسول اللہ ﷺ مکے میں اس پہاڑی گھاٹی کے راستے سے داخل ہوئے جو حجون پر نکلتی ہے۔ مشرکین نے آپؐ کو دیکھنے کے لیے لائن لگا رکھی تھی ___ آپؐ مسلسل لبیک کہہ رہے تھے، یہاں تک کہ (حرم پہنچکر) اپنی چھڑی سے حجر اسود کو چھوا، پھر طواف کیا۔ صحابہؓ نے بھی طواف کیا۔ اس وقت حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ تلوار حمائل کئے رسول اللہ ﷺ کے آگے آگے چل رہے تھے اور رجز کے یہ اشعار پڑھ رہے تھے۔

خلوا بنی الکفار عن سبیله — خلوا فکل الخیر فی رسوله

قد انزل الرحمٰن فی تنزیله — فی صحف تتلی علی رسوله

یارب انی مومن بقیله — انی رأیت الحق فی قبوله

بان خیر القتل فی سبیله — الیوم نضربکم علی تنزیله

ضربا یزیل الهام عن مقیله — ویذهل الخلیل عن خلیله[۴]

"کفار کے پوتو! ان کا راستہ چھوڑ دو۔ راستہ چھوڑ دو کہ ساری بھلائی اس کے پیغمبر ہی میں ہے۔ رحمان نے اپنی تنزیل میں اُتارا ہے۔ یعنی ایسے صحیفوں میں جن کی تلاوت اس کے پیغمبر پر کی جاتی ہے۔ اے پروردگار! میں ان کی بات پر ایمان رکھتا ہوں اور اسے قبول کرنے ہی کو حق جانتا ہوں ___ کہ بہترین قتل وہ ہے جو اللہ کی راہ میں ہو۔ آج ہم اس کی تنزیل کے مطابق تمہیں ایسی مار ماریں گے کہ کھوپڑی اپنی جگہ سے چھلک جائے گی اور دوست کو دوست سے بے خبر کر دے گی۔"

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ بھی مذکور ہے کہ اس پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے کہا: "اے ابن رواحہ! تم رسول اللہ ﷺ کے سامنے اور اللہ کے حرم میں شعر کہہ رہے ہو؟" نبی ﷺ نے فرمایا: "اے عمر! انہیں رہنے دو کیونکہ یہ ان کے لیے تیر کی مار سے بھی زیادہ تیز ہے۔"[۵]

رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں نے تین چکر دوڑ کر لگائے۔ مشرکین نے دیکھا تو کہنے لگے' یہ لوگ جن کے متعلق ہم سمجھ رہے تھے کہ بخار نے انہیں توڑ دیا ہے یہ تو ایسے اور ایسے لوگوں سے بھی زیادہ طاقتور ہیں۔[۶]

---

[۴] روایات کے اندر ان اشعار اور ان کی ترتیب میں بڑا اضطراب ہے۔ ہم نے متفرق اشعار کو یکجا کر دیا ہے۔

[۵] جامع ترمذی، ابواب الاستیذان والادب، باب ماجاء فی انشاد الشعر ۲/۱۰۷ [۶] صحیح مسلم ۱/۴۱۲

طواف سے فارغ ہو کر آپ نے صَفَا و مَروَہ کی سعی کی ۔ اس وقت آپ کی ہَدی یعنی قربانی کے جانور مَروَہ کے پاس کھڑے تھے ۔ آپ نے سعی سے فارغ ہو کر فرمایا: یہ قربان گاہ ہے اور مکّے کی ساری گلیاں قربان گاہ ہیں ۔ اس کے بعد مَروَہ ہی کے پاس جانوروں کو قربان کر دیا ۔ پھر وہیں سر منڈایا مسلمانوں نے بھی ایسا ہی کیا ۔ اس کے بعد کچھ لوگوں کو یَاْجِجْ بھیج دیا گیا کہ وہ ہتھیاروں کی حفاظت کریں اور جو لوگ حفاظت پر مامور تھے وہ آکر اپنا عمرہ ادا کر لیں ۔

رسول اللہ ﷺ نے مکّہ میں تین روز قیام فرمایا ۔ چوتھے دن صبح ہوئی تو مشرکین نے حضرت علیؓ کے پاس آکر کہا ' اپنے صاحب سے کہو کہ ہمارے یہاں سے روانہ ہو جائیں کیونکہ مدّت گزر چکی ہے ۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ مکّہ سے نکل آئے اور مقام سرف میں اُتر کر قیام فرمایا ۔

مکّہ سے آپؐ کی روانگی کے وقت پیچھے پیچھے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی بھی چچا چچا پکارتے ہوئے آگئیں ۔ انہیں حضرت علیؓ نے لے لیا ۔ اس کے بعد حضرت علیؓ حضرت جعفرؓ اور حضرت زیدؓ کے درمیان ان کے متعلق اختلاف اُٹھ کھڑا ہوا ۔ (ہر ایک مدعی تھا کہ وہی ان کی پرورش کا زیادہ حقدار ہے) نبی ﷺ نے حضرت جعفرؓ کے حق میں فیصلہ کیا کیونکہ اس بچی کی خالہ انہیں کی زوجیت میں تھی ۔

اسی عمرہ کے سفر میں نبی ﷺ نے حضرت میمونہ بنت حارث عامریہؓ سے شادی کی ۔ اس مقصد کے لیے رسول اللہ ﷺ نے مکہ پہنچنے سے پہلے حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو اپنے آگے حضرت میمونہؓ کے پاس بھیج دیا تھا اور انہوں نے اپنا معاملہ حضرت عباس کو سونپ دیا تھا ۔ کیونکہ حضرت میمونہؓ کی بہن حضرت اُمّ الفضلؓ انہیں کی زوجیت میں تھیں ۔ حضرت عباسؓ نے حضرت میمونہؓ کی شادی نبی ﷺ سے کر دی پھر آپ نے مکّے سے واپسی کے وقت حضرت ابو رافعؓ کو پیچھے چھوڑ دیا کہ وہ حضرت میمونہ کو سوار کر کے آپ کی خدمت میں لے آئیں ۔ چنانچہ آپؐ سرف پہنچے تو وہ آپؐ کی خدمت میں پہنچا دی گئیں[7] ۔

اس عمرہ کا نام عمرۂ قضاء یا تو اس لیے پڑا کہ یہ عمرۂ حدیبیہ کی قضا کے طور پر تھا یا اس لیے کہ یہ حدیبیہ میں طے کردہ صلح کے مطابق کیا گیا تھا ۔ (اور اس طرح کی مصالحت کو عربی میں قضا اور مقاضاۃ کہتے ہیں) اس دوسری وجہ کو محققین نے راجح قرار دیا ہے[8] ۔ نیز اس عمرہ کو چار نام سے یاد کیا جاتا ہے ! عمرۂ قضا ، عمرۂ قضیہ ، عمرۂ قصاص اور عمرۂ صلح[9] ۔

---

[7] زاد المعاد ۲/۱۵۲ [8] زاد المعاد ۱/۱۷۲ ، فتح الباری ۷/۵۰۰

[9] ایضاً فتح الباری ۷/۵۰۰

چند اور سَرایا

۱۔ سریّہ ابوالعوجا۔ (ذی الحجہ ۷ھ)

رسول اللہ ﷺ نے پچاس آدمیوں کو حضرت ابوالعوجاءؓ کی سرکردگی میں بنو سُلَیم کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے روانہ کیا لیکن جب بنو سُلَیم کو اسلام کی دعوت دی گئی تو انہوں نے جواب میں کہا کہ تم جس بات کی دعوت دیتے ہو ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ پھر انہوں نے سخت لڑائی کی جس میں ابوالعوجاءؓ زخمی ہو گئے تاہم مسلمانوں نے دشمن کے دو آدمی قید کیے۔

۲۔ سریّہ غالب بن عبداللہ (صفر ۸ھ)

انہیں دو سو آدمیوں کے ہمراہ فدک کے اطراف میں حضرت بشیر بن سعد کے رفقاء کی شہادت گاہ میں بھیجا گیا تھا۔ ان لوگوں نے دشمن کے جانوروں پر قبضہ کیا اور ان کے متعدد افراد قتل کیے۔

۳۔ سریّہ ذات اطلح (ربیع الاوّل ۸ھ)

اس سریّہ کی تفصیل یہ ہے کہ بنو قضاعہ نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے بڑی جمعیّت فراہم کر رکھی تھی۔ رسول اللہ ﷺ کو علم ہوا تو آپ نے کعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں صرف پندرہ صحابہؓ کرام کو ان کی جانب روانہ فرمایا۔ صحابہ کرامؓ نے سامنا ہونے پر انہیں اسلام کی دعوت دی مگر انہوں نے اسلام قبول کرنے کی بجائے ان کو تیروں سے چھلنی کر کے سب کو شہید کر ڈالا۔ صرف ایک آدمی زندہ بچا جو مقتولین کے درمیان سے اٹھا لایا گیا۔[۱۰]

۴۔ سریّہ ذات عرق (ربیع الاوّل ۸ھ)

اس کا واقعہ یہ ہے کہ بنو ہوازن نے بار بار دشمنوں کو کمک پہنچائی تھی اس لیے پچّیس آدمیوں کی کمان دے کر حضرت شجاع بن وہب اسدی رضی اللہ عنہ کو ان کی جانب روانہ کیا گیا۔ یہ لوگ دشمن کے جانور ہانک لائے لیکن جنگ اور چھیڑ چھاڑ کی نوبت نہیں آئی۔[۱۱]

○

---

۱۰ رحمۃ للعالمین ۲/۲۳۱ ۱۱ ایضاً و تلقیح الفہوم ص ۳۳ (حاشیہ)

معرکۂ مُوتہ

مُوتَہ (میم پیش اور واو ساکن) اردن میں بَلقاء کے قریب ایک آبادی کا نام ہے جہاں سے بیت المقدس دو دن کی مسافت پر واقع ہے۔ زیر بحث معرکہ یہیں پیش آیا تھا۔

یہ سب سے بڑا خونریز معرکہ تھا جو مسلمانوں کو رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ میں پیش آیا اور یہی معرکہ عیسائی ممالک کی فتوحات کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ اس کا زمانۂ وقوع جمادی الاولیٰ ۸ھ مطابق اگست یا ستمبر ۶۲۹ء ہے۔

معرکہ کا سبب

اس معرکے کا سبب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حارث بن عُمیر اَزدی رضی اللہ عنہ کو اپنا خط دے کر حاکم بُصریٰ کے پاس روانہ کیا تو انہیں قیصرِ روم کے گورنر شرحبیل بن عمرو غسانی نے جو بلقاء پر مامور تھا گرفتار کر لیا اور مضبوطی کے ساتھ باندھ کر ان کی گردن ماردی۔

یاد رہے کہ سفیروں اور قاصدوں کا قتل نہایت بدترین جرم تھا جو اعلانِ جنگ کے برابر بلکہ اس سے بھی بڑھ کر سمجھا جاتا تھا، اس لیے جب رسُول اللہ ﷺ کو اس واقعے کی اطلاع دی گئی تو آپ پر یہ بات سخت گراں گزری اور آپؐ نے اس علاقہ پر فوج کشی کے لیے تین ہزار کا لشکر تیار کیا[1] اور یہ سب سے بڑا اسلامی لشکر تھا جو اس سے پہلے جنگ احزاب کے علاوہ کسی اور جنگ میں فراہم نہ ہو سکا تھا۔

لشکر کے امراء اور رسول اللہ ﷺ کی وصیت

رسول اللہ ﷺ نے اس لشکر کا سپہ سالار حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا اور فرمایا کہ اگر زیدؓ قتل کر دیے جائیں تو جعفرؓ اور جعفرؓ قتل کر دیے جائیں تو عبداللہؓ بن رواحہ سپہ سالار ہوں گے۔[2] آپؐ نے لشکر کے لیے سفید پرچم باندھا اور اسے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے حوالے کیا[3] لشکر کو آپؐ نے یہ وصیت بھی فرمائی کہ جس مقام پر حضرت حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ قتل کیے گئے تھے وہاں پہنچ کر اس مقام کے باشندوں کو اسلام کی دعوت دیں۔ اگر وہ اسلام قبول کرلیں تو بہتر، ورنہ اللہ سے مدد مانگیں اور لڑائی کریں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اللہ کے نام سے، اللہ کی راہ میں، اللہ کے ساتھ کفر

---

[1] زاد المعاد ۲/ ۱۵۵ فتح الباری ۷/ ۵۱۱ [2] صحیح بخاری باب غزوہ موتہ من ارض الشام ۲/ ۶۱۱

کرنے والوں سے غزوہ کرو۔ اور دیکھو بدعہدی نہ کرنا، خیانت نہ کرنا، کسی بچے اور عورت اور انتہائی عمر رسیدہ بڈھے کو اور گرجے میں رہنے والے تارک الدنیا کو قتل نہ کرنا۔ کھجور اور کوئی اور درخت نہ کاٹنا اور کسی عمارت کو منہدم نہ کرنا۔[۴]

اسلامی لشکر کی روانگی اور حضرت عبداللہ بن رواحہ کا گریہ

جب اسلامی لشکر روانگی کے لیے تیار ہو گیا تو لوگوں نے آ آ کر رسول اللہ ﷺ کے مقررہ سپہ سالاروں کو الوداع کہا اور سلام کیا۔ اس وقت ایک سپہ سالار حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ رونے لگے۔ لوگوں نے کہا، آپ کیوں رو رہے ہیں؟ انہوں نے کہا: دیکھو، خدا کی قسم (اس کا سبب) دُنیا کی محبت یا تمہارے ساتھ میرا تعلق خاطر نہیں ہے بلکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کتاب اللہ کی ایک آیت پڑھتے ہوئے سُنا ہے جس میں جہنم کا ذکر ہے، آیت یہ ہے:

وَإِن مِّنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلَىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ۝ (۱۹: ۷۱)

"تم میں سے ہر شخص جہنم پر وارد ہونے والا ہے۔ یہ تمہارے رب پر ایک لازمی اور فیصلہ کی ہوئی بات ہے۔"

میں نہیں جانتا کہ جہنم پر وارد ہونے کے بعد کیسے پلٹ سکوں گا؟ مسلمانوں نے کہا، اللہ سلامتی کے ساتھ آپ لوگوں کا ساتھی ہو، آپ کی طرف سے دفاع کرے اور آپ کو ہماری طرف نیکی اور غنیمت کے ساتھ واپس لائے۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ نے کہا:

لکنني اسأل الرحمٰن مغفرة وضربة ذات فرع تقذف الزبدا

او طعنة بيدي حران مجهزة بحربة تنفذ الاحشاء والكبدا

حتى يقال اذا مروا على جدثي يا ارشد الله من غاز وقد رشدا

"لیکن میں رحمٰن سے مغفرت کا، اور استخواں شکن، مغز پاش تلوار کی کاٹ کا، یا کسی نیزہ باز کے ہاتھوں، آنتوں اور جگر کے پار اُتر جانے والے نیزے کی ضرب کا سوال کرتا ہوں تاکہ جب لوگ میری قبر پر گزریں تو کہیں ہائے وہ غازی جسے اللہ نے ہدایت دی اور جو ہدایت یافتہ رہا۔"

اس کے بعد لشکر روانہ ہوا۔ رسول اللہ ﷺ اس کی مشایعت کرتے ہوئے ثنیۃ الوداع تک

---

[۳] مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۳۲۷ [۴] ایضاً رحمۃ للعالمین ۲/۲۷۱

تشریف لے گئے اور وہیں سے اسے الوداع کہا۔[۵]

اسلامی لشکر کی پیش رفت اور خوفناک ناگہانی حالت سے سابقہ

اسلامی لشکر شمال کی طرف بڑھتا ہوا معان پہنچا۔ یہ مقام شمالی حجاز سے متّصل شامی (اردنی) علاقے میں واقع ہے۔ یہاں لشکر نے پڑاؤ ڈالا اور یہیں جاسوسوں نے اطلاع پہنچائی کہ ہرقل قیصرِ روم بلقاء کے علاقے میں مآب کے مقام پہ ایک لاکھ رومیوں کا لشکر لے کر خیمہ زن ہے اور اس کے جھنڈے تلے لخم و جذام، بلقین و بہرا اور بلی (قبائلِ عرب) کے مزید ایک لاکھ افراد بھی جمع ہو گئے ہیں۔

معان میں مجلسِ شوریٰ

مسلمانوں کے حساب میں سرے سے یہ بات تھی ہی نہیں کہ انہیں کسی ایسے لشکر جرّار سے سابقہ پیش آئے گا جس سے وہ اس دُور دراز سرزمین میں ایکدم اچانک دوچار ہو گئے تھے۔ اب ان کے سامنے سوال یہ تھا کہ آیا تین ہزار کا ذرا جتنا لشکر دو لاکھ کے ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر سے ٹکرا جائے یا کیا کرے؟ مسلمان حیران تھے اور اسی حیرانی میں معان کے اندر دو راتیں غور اور مشورہ کرتے ہوئے گزار دیں۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھ کر دشمن کی تعداد کی اطلاع دیں۔ اس کے بعد یا تو آپ کی طرف سے مزید کمک ملے گی، یا اور کوئی حکم ملے گا اور اس کی تعمیل کی جائے گی۔

لیکن حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے اس رائے کی مخالفت کی اور یہ کہہ کر لوگوں کو گرما دیا کہ لوگو! خدا کی قسم، جس چیز سے آپ کترا رہے ہیں یہ تو وہی شہادت ہے جس کی طلب میں آپ نکلے ہیں۔ یاد رہے دشمن سے ہماری لڑائی تعداد، قوت اور کثرت کے بل پہ نہیں ہے بلکہ ہم محض اس دین کے بل پہ لڑتے ہیں جس سے اللہ نے ہمیں مشرف کیا ہے۔ اس لئے چلئے آگے بڑھئے! ہمیں دو بھلائیوں میں سے ایک بھلائی حاصل ہو کر رہے گی۔ یا تو ہم غالب آئیں گے یا شہادت سے سرفراز ہوں گے۔ بالآخر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کی پیش کی ہوئی بات طے پا گئی۔

دشمن کی طرف اسلامی لشکر کی پیش قدمی

غرض اسلامی لشکر نے معان میں دو راتیں گزارنے کے بعد دشمن کی جانب پیشقدمی کی اور بلقاء کی ایک بستی میں جس کا نام "مَشَارِف" تھا ہرقل کی فوجوں سے اس کا سامنا ہوا۔ اس کے بعد دشمن

---

۵ ابن ہشام ۲/۳۷۳، ۳۷۴ زاد المعاد ۲/۱۵۶ مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۳۲۷

مزید قریب آگیا اور مسلمان "موتہ" کی جانب سمٹ کر خیمہ زن ہو گئے۔ پھر لشکر کی جنگی ترتیب قائم کی گئی۔ مَیمنہ پر قطبہ ؓ بن قتادہ عذری مقرر کیے گئے اور مَیسرہ پر عبادہ بن مالک انصاری رضی اللہ عنہ۔

جنگ کا آغاز اور سپہ سالاوں کی یکے بعد دیگرے شہادت

اس کے بعد مُوتہ ہی میں فریقین کے درمیان ٹکراؤ ہوا اور نہایت تلخ لڑائی شروع ہوئی۔ تین ہزار کی نفری دو لاکھ ٹڈی دل کے طوفانی حملوں کا مقابلہ کر رہی تھی۔ عجیب و غریب معرکہ تھا، دنیا پھٹی پھٹی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی لیکن جب ایمان کی بادِ بہاری چلتی ہے تو اسی طرح کے عجائبات ظہور میں آتے ہیں۔

سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے چہیتے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے عَلَم لیا اور ایسی بے جگری سے لڑے کہ اسلامی شہبازوں کے علاوہ کہیں اور اس کی نظیر نہیں ملتی۔ وہ لڑتے رہے، لڑتے رہے یہاں تک کہ دشمن کے نیزوں میں گتھ گئے اور جامِ شہادت نوش فرما کر زمین پر آ رہے۔

اس کے بعد حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی باری تھی۔ انہوں نے لپک کر جھنڈا اٹھایا اور بے نظیر جنگ شروع کر دی۔ جب لڑائی کی شدت شباب کو پہنچی تو اپنے سُرخ و سیاہ گھوڑے کی پُشت سے کود پڑے۔ کوچیں کاٹ دیں اور وار پر وار کرتے اور روکتے رہے یہاں تک کہ دشمن کی ضرب سے داہنا ہاتھ کٹ گیا۔ اس کے بعد انہوں نے جھنڈا بائیں ہاتھ میں لے لیا اور اسے مسلسل بلند رکھا یہاں تک کہ بایاں ہاتھ بھی کاٹ دیا گیا۔ پھر دونوں باقیماندہ بازوؤں سے جھنڈا آغوش میں لے لیا اور اس وقت تک بلند رکھا جب تک کہ خلعتِ شہادت سے سرفراز نہ ہو گئے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک رومی نے ان کو ایسی تلوار ماری کہ ان کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ اللہ نے انہیں ان کے دونوں بازوؤں کے عوض جنّت میں دو بازو عطا کیے جن کے ذریعہ وہ جہاں چاہتے ہیں اُڑتے ہیں۔ اسی لیے ان کا لقب جعفر طَیَّار اور جعفر ذُوالجَنَاحَیْن پڑ گیا۔ (طَیَّار معنی اڑنے والا اور ذُوالجَنَاحَیْن معنی دو بازوؤں والا)

امام بخاری نے نافع کے واسطے سے ابن عمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان روایت کیا ہے کہ میں نے جنگ موتہ کے روز حضرت جعفر کے پاس جبکہ وہ شہید ہو چکے تھے، کھڑے ہو کر ان کے جسم پر نیزے اور تلوار کے پچاس زخم شمار کیے۔ ان میں سے کوئی بھی زخم پیچھے نہیں لگا تھا[1]

ایک دوسری روایت میں ابن عُمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان اس طرح مروی ہے کہ میں بھی اس غزوے

---

[1] صحیح بخاری، باب غزوۃ موتہ من ارض الشام ۲/۶۱۱

میں مسلمانوں کے ساتھ تھا۔ ہم نے جعفر بن ابی طالب کو تلاش کیا تو انہیں مقتولین میں پایا اور ان کے جسم میں نیزے اور تیر کے نوّے سے زیادہ زخم پائے[۷]۔ نافع سے عمری کی روایت میں اتنا اور اضافہ ہے کہ "ہم نے یہ سب زخم ان کے جسم کے اگلے حصّے میں پائے[۸]۔"

اس طرح کی شجاعت وبسالت سے بھرپور جنگ کے بعد جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بھی شہید کر دیے گئے تو اب حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے پرچم اٹھایا اور اپنے گھوڑے پر سوار آگے بڑھے اور اپنے آپ کو مقابلہ کے لیے آمادہ کرنے لگے، لیکن انہیں کسی قدر ہچکچاہٹ ہوئی، حتیٰ کہ تھوڑا سا گریز بھی کیا۔ لیکن اس کے بعد کہنے لگے:

اقسمت یانفس لتنـــزلنه   کارهــــة اولتطـــاوعنه

ان أجلب الناس وشدوا الرنه   مالی اراك تكرهـــین الجنه

"اے نفس قسم ہے کہ تو ضرور مدِمقابل اُتر، خواہ ناگواری کے ساتھ خواہ خوشی خوشی، اگر لوگوں نے جنگ برپا کر رکھی ہے اور نیزے تان رکھے ہیں تو میں تجھے کیوں جنّت سے گریزاں دیکھ رہا ہوں۔"

اس کے بعد وہ مقابل میں اُتر آئے۔ اتنے میں ان کا چچیرا بھائی ایک گوشت لگی ہوئی ہڈی لے آیا اور بولا "اس کے ذریعہ اپنی پیٹھ مضبوط کر لو کیونکہ ان دنوں تمہیں سخت حالات سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ انہوں نے ہڈی لے کر ایک بار نوچی پھر پھینک کر تلوار تھام لی اور آگے بڑھ کر لڑتے لڑتے شہید ہو گئے۔"

جھنڈا، اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار کے ہاتھ میں

اس موقع پر قبیلہ بنو عجلان کے ثابت رضی اللہ عنہ بن ارقم نامی ایک صحابی نے لپک کر جھنڈا اُٹھا لیا اور فرمایا: مُسلمانو! اپنے کسی آدمی کو سپہ سالار بنا لو۔ صحابہؓ نے کہا: آپ ہی یہ کام انجام دیں۔ انہوں نے کہا: میں یہ کام نہیں کر سکوں گا۔ اس کے بعد صحابہؓ نے حضرت خالدؓ بن ولید کو منتخب کیا اور انہوں نے جھنڈا لیتے ہی نہایت پُرزور جنگ کی۔ چنانچہ صحیح بخاری میں خود حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جنگ موتہ کے روز میرے ہاتھ میں نو تلواریں ٹوٹ گئیں۔ پھر میرے ہاتھ میں صرف ایک یمنی بانا (چھوٹی سی تلوار) باقی بچا[۹]۔ اور ایک دوسری روایت میں اُن کا بیان اس طرح مروی ہے کہ میرے ہاتھ میں جنگ موتہ کے روز نو تلواریں ٹوٹ گئیں اور ایک

---

[۷] ایضاً ۶۱۱/۲

[۸] فتح الباری ۵۱۲/۷، بظاہر دونوں حدیث میں تعداد کا اختلاف ہے۔ تطبیق یہ دی گئی ہے کہ تیروں کے زخم شامل کر کے تعداد بڑھ جاتی ہے۔ (دیکھیے فتح الباری) [۹] صحیح بخاری، باب غزوہ موتہ من ارض الشام ۶۱۱/۲

یمنی بانا میرے ہاتھ میں چپک کر رہ گیا۔[۱۱۰]

ادھر رسول اللہ ﷺ نے جنگ مُوتہ ہی کے روز جبکہ ابھی میدان جنگ سے کسی قسم کی اطلاع نہیں آئی تھی وحی کی بنا پر فرمایا کہ جھنڈا زیدؓ نے لیا، اور وہ شہید کر دیے گئے پھر جعفرؓ نے لیا، وہ بھی شہید کر دیے گئے پھر ابنِ رواحہؓ نے لیا، اور وہ بھی شہید کر دیے گئے — اس دوران آپؐ کی آنکھیں اشکبار تھیں — یہاں تک کہ جھنڈا اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار نے لیا (اور ایسی جنگ لڑی کہ) اللہ نے ان پر فتح عطا کی۔[۱۱۱]

خاتمۂ جنگ

انتہائی شجاعت وبسالت اور زبردست جاں بازی وجاں سپاری کے باوجود یہ بات انتہائی تعجب انگیز تھی کہ مسلمانوں کا یہ چھوٹا سا لشکر رُومیوں کے اس لشکرِ جرار کی طوفانی لہروں کے سامنے ڈٹا رہ جائے؛ لہٰذا اس نازک مرحلے میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مسلمانوں کو اس گرداب سے نکالنے کے لیے جس میں وہ خود کود پڑے تھے، اپنی مہارت اور کمال ہنر مندی کا مظاہرہ کیا۔

روایات میں بڑا اختلاف ہے کہ اس معرکے کا آخری انجام کیا ہوا۔ تمام روایات پر نظر ڈالنے سے صورت حال یہ معلوم ہوتی ہے کہ جنگ کے پہلے روز حضرت خالدؓ بن ولید دن بھر رومیوں کے مدِ مقابل ڈٹے رہے، لیکن وہ ایک ایسی جنگی چال کی ضرورت محسوس کر رہے تھے جس کے ذریعہ رُومیوں کو مرعوب کر کے اتنی کامیابی کے ساتھ مسلمانوں کو پیچھے ہٹا لیں کہ رومیوں کو تعاقب کی ہمت نہ ہو کیونکہ وہ جانتے تھے کہ اگر مسلمان بھاگ کھڑے ہوتے اور رومیوں نے تعاقب شروع کر دیا تو مُسلمانوں کو ان کے پنجے سے بچانا سخت مشکل ہوگا۔

چنانچہ جب دُوسرے دن صبح ہوئی تو انہوں نے لشکر کی ہیئت اور وضع تبدیل کر دی اور اس کی ایک نئی ترتیب قائم کی۔ مقدمہ (اگلی لائن) کو ساقہ (پچھلی لائن) اور ساقہ کو مقدمہ کی جگہ رکھ دیا، اور میمنہ کو میسَرہ اور میسرہ کو میمنہ سے بدل دیا۔ یہ کیفیت دیکھ کر دشمن چونک گیا اور کہنے لگا کہ انہیں کمک پہنچ گئی ہے۔ غرض رُومی ابتدا ہی میں مرعوب ہو گئے۔ ادھر جب دونوں لشکروں کا آمنا سامنا ہوا اور کچھ دیر تک جھڑپ ہو چکی تو حضرت خالدؓ نے اپنے لشکر کا نظام محفوظ رکھتے ہوئے مسلمانوں کو تھوڑا تھوڑا پیچھے ہٹانا شروع کیا لیکن رومیوں نے اس خوف سے ان کا پیچھا نہ کیا کہ مسلمان دھوکہ دے رہے ہیں اور کوئی چال چل کر انہیں صحرا کی پہنائیوں میں پھینک دینا چاہتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دشمن اپنے علاقے میں واپس چلا گیا اور مسلمانوں کے

---

[۱۱۰] صحیح بخاری، باب غزوہ موتہ من ارض الشام ۲/۶۱۱ [۱۱۱] ایضاً ۲/۶۱۱

تعاقب کی بات نہ سوچی۔ ادھر مسلمان کامیابی اور سلامتی کے ساتھ پیچھے ہٹے اور پھر مدینہ واپس آگئے۔[۱۲]

فریقین کے مقتولین

اس جنگ میں بارہ مسلمان شہید ہوئے۔ رومیوں کے مقتولین کی تعداد کا علم نہ ہو سکا۔ البتہ جنگ کی تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں مارے گئے۔ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جب تنہا حضرت خالدؓ کے ہاتھ میں نو تلواریں ٹوٹ گئیں تو مقتولین اور زخمیوں کی تعداد کتنی رہی ہوگی۔

اس معرکے کا اثر

اس معرکے کی سختیاں جس انتقام کے لیے جھیلی گئی تھیں مسلمان اگرچہ وہ انتقام نہ لے سکے، لیکن اس معرکے نے مسلمانوں کی ساکھ اور شہرت میں بڑا اضافہ کیا۔ اس کی وجہ سے سارے عرب انگشت بدنداں رہ گئے۔ کیونکہ رُومی اس وقت روئے زمین پر سب سے بڑی قوت تھے۔ عرب سمجھتے تھے کہ ان سے ٹکرانا خودکشی کے مترادف ہے۔ اس لیے تین ہزار کی ذرا جتنی نفری کا دو لاکھ کے بھاری بھرکم لشکر سے ٹکرا کر کوئی قابلِ ذکر نقصان اُٹھائے بغیر واپس آجانا عجوبۂ روزگار سے کم نہ تھا۔ اور اس سے یہ حقیقت بڑی پختگی کے ساتھ ثابت ہوتی تھی کہ عرب اب تک جس قسم کے لوگوں سے واقف اور آشنا تھے مُسلمان ان سے الگ تھلگ ایک دوسری ہی طرز کے لوگ ہیں۔ وہ اللہ کی طرف سے مُؤیّد و منصور ہیں اور ان کے راہنما واقعۃً اللہ کے رسول ہیں۔ اسی لیے ہم دیکھتے ہیں کہ وہ ضدی قبائل جو مسلمانوں سے مسلسل برسرِ پیکار رہتے تھے، اس معرکے کے بعد اسلام کی طرف مائل ہوگئے چنانچہ بنو سُلیم، اشجع، غطفان، ذبیان اور فزارہ وغیرہ قبائل نے اسلام قبول کر لیا۔

یہی معرکہ ہے جس سے رومیوں کے ساتھ خونریز ٹکرّ شروع ہوئی جو آگے چل کر رومی ممالک کی فتوحات اور دُور دراز علاقوں پر مُسلمانوں کے اقتدار کا پیش خیمہ ثابت ہوئی۔

سریّۂ ذات السّلاسل

جب رسول اللہ ﷺ کو معرکۂ مُوتہ کے سلسلے میں مشارفِ شام کے اندر رہنے والے عرب قبائل کے موقف کا علم ہوا کہ وہ مسلمانوں سے لڑنے کے لیے رومیوں کے جھنڈے تلے جمع ہوگئے تھے تو آپؐ نے ایک ایسی حکمتِ بالغہ کی ضرورت محسوس کی جس کے ذریعے ایک طرف تو ان عرب قبائل اور رومیوں کے درمیان تفرقہ پڑ جائے اور دوسری طرف خود مسلمانوں سے ان کی دوستی ہو جائے تاکہ اس علاقے میں دوبارہ آپ کے خلاف اتنی بڑی جمعیت فراہم

[۱۲] دیکھئے فتح الباری ۵۱۳/۷، ۵۱۴، زاد المعاد ۱۵۶/۲، معرکے کی تفصیل سابقہ مآخذ سمیت ان دونوں مآخذ سے لی گئی ہے۔

نہ ہو سکے۔

اس مقصد کے لیے آپؐ نے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو منتخب فرمایا کیونکہ ان کی دادی قبیلہ بلی سے تعلق رکھتی تھیں۔ چنانچہ آپؐ نے جنگ موتہ کے بعد ہی یعنی جمادی الآخرہ ۸ھ میں ان کی تالیفِ قلب کے لیے حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو ان کی جانب روانہ فرمایا۔ کہا جاتا ہے کہ جاسوسوں نے یہ اطلاع بھی دی تھی کہ بنو قضاعہ نے اطرافِ مدینہ پر ہلّہ بولنے کے ارادہ سے ایک نفری فراہم کر رکھی ہے لہٰذا آپؐ نے حضرت عمروؓ بن عاص کو ان کی جانب روانہ کیا۔ ممکن ہے دونوں سبب اکٹھا ہو گئے ہوں۔

بہرحال رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمروؓ بن عاص کے لیے سفید جھنڈا باندھا اور اس کے ساتھ کالی جھنڈیاں بھی دیں اور ان کی کمان میں بڑے بڑے مہاجرین و انصار کی تین سو نفری دے کر انہیں رخصت فرمایا۔ ان کے ساتھ تیس گھوڑے بھی تھے۔ آپؐ نے حکم دیا کہ بلی اور عذرہ اور بلقین کے جن لوگوں کے پاس سے گزریں ان سے مدد کے خواہاں ہوں۔ وہ رات کو سفر کرتے اور دن کو چھپے رہتے تھے۔ جب دشمن کے قریب پہنچے تو معلوم ہوا کہ ان کی جمعیت بہت بڑی ہے۔ اس لیے حضرت عمروؓ نے حضرت رافعؓ بن مکیث جہنی کو کمک طلب کرنے کے لیے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیج دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو عبیدہؓ بن جراح کو علم دے کر ان کی سرکردگی میں دو سو فوجیوں کی کمک روانہ فرمائی۔ جس میں رؤساء مہاجرین مثلاً ابوبکرؓ و عمرؓ اور سرداران انصار بھی تھے۔ حضرت ابو عبیدہؓ کو حکم دیا گیا تھا کہ عمروؓ بن عاص سے جا ملیں اور دونوں مل کر کام کریں، اختلاف نہ کریں۔ وہاں پہنچ کر ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے امامت کرنی چاہی لیکن حضرت عمروؓ نے کہا آپ میرے پاس کمک کے طور پر آئے ہیں امیر میں ہوں۔ ابو عبیدہؓ نے ان کی بات مان لی اور نماز حضرت عمروؓ ہی پڑھاتے رہے۔

کمک آجانے کے بعد یہ فوج مزید آگے بڑھ کر قضاعہ کے علاقہ میں داخل ہوئی اور اس علاقہ کو روندتی ہوئی اس کے دور دراز حدود تک جا پہنچی۔ اخیر میں ایک لشکر سے مڈبھیڑ ہوئی لیکن جب مسلمانوں نے اس پر حملہ کیا تو وہ اِدھر اُدھر بھاگ کر بکھر گیا۔

اس کے بعد عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ کو ایلچی بنا کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا گیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی بہ سلامت واپسی کی اطلاع دی اور غزوے کی تفصیل سنائی۔

ذات السلاسل (پہلی سین کو پیش اور زبر دونوں پڑھنا درست ہے۔) وادی القریٰ سے آگے ایک خطۂ زمین کا نام ہے۔ یہاں سے مدینہ کا فاصلہ دس دن ہے۔ ابن اسحاق کا بیان ہے کہ مسلمان قبیلۂ جذام

کی سرزمین میں واقع سلسل نامی ایک چشمے پر اُترے تھے اسی لیے اس مہم کا نام ذات السلاسل پڑ گیا۔[۱۳]

سریّہ خضرہ (شعبان ۸ھ)

اس سریہ کا سبب یہ تھا کہ نجد کے اندر قبیلۂ محارب کے علاقہ میں خضرہ نامی ایک مقام پر بنو غطفان لشکر جمع کر رہے تھے لہٰذا ان کی سرکوبی کے لیے رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ کو پندرہ آدمیوں کی جمعیت دے کر روانہ کیا۔ انہوں نے دشمن کے متعدد آدمیوں کو قتل اور قید کیا اور مالِ غنیمت بھی حاصل کیا۔ اس مہم میں وہ پندرہ دن مدینہ سے باہر رہے۔[۱۴]

---

[۱۳] دیکھئے ابنِ ہشام ۲/۶۲۳ تا ۶۲۶ ، زادالمعاد ۲/۱۵۷

[۱۴] رحمۃ للعالمین ۲/۲۳۳ تلقیح الفہوم ص ۳۳

غزوۂ فتح مکّہ

امام ابنِ قیم لکھتے ہیں کہ یہ وہ فتح اعظم ہے جس کے ذریعہ اللہ نے اپنے دین کو، اپنے رسُول کو، اپنے لشکر کو اور اپنے امانت دار گروہ کو عزّت بخشی اور اپنے شہر کو اور اپنے گھر کو، جسے دُنیا والوں کے لیے ذریعۂ ہدایت بنایا ہے، کفار و مشرکین کے ہاتھوں سے چھٹکارا دلایا۔ اس فتح سے آسمان والوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور اس کی عزّت کی طنابیں جوزاء کے شانوں پر تن گئیں، اور اس کی وجہ سے لوگ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہوئے اور رُوئے زمین کا چہرہ روشنی اور چمک دمک سے جگمگا اُٹھا۔[1]

اس غزوے کا سبب

صلح حدیبیہ کے ذکر میں ہم یہ بات بتا چکے ہیں کہ اس معاہدے کی ایک دفعہ یہ تھی کہ جو کوئی محمد ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہے داخل ہو سکتا ہے اور جو کوئی قریش کے عہد و پیمان میں داخل ہونا چاہے داخل ہو سکتا ہے اور جو قبیلہ جس فریق کے ساتھ شامل ہوگا اس فریق کا ایک حصّہ سمجھا جائے گا۔ لہٰذا ایسا کوئی قبیلہ اگر کسی حملے یا زیادتی کا شکار ہوگا تو یہ خود اس فریق پر حملہ اور زیادتی تصوّر کی جائے گی۔

اس دفعہ کے تحت بنو خزاعہ رسول اللہ ﷺ کے عہد و پیمان میں داخل ہو گئے اور بنو بکر قریش کے عہد و پیمان میں۔ اس طرح دونوں قبیلے ایک دُوسرے سے مامون اور بے خطر ہو گئے لیکن چونکہ ان دونوں قبیلوں میں دورِ جاہلیت سے عداوت اور کشاکش چلی آ رہی تھی، اس لیے جب اسلام کی آمد آمد ہوئی، اور صلح حدیبیہ ہو گئی، اور دونوں فریق ایک دوسرے سے مطمئن ہو گئے تو بنو بکر نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر چاہا کہ بنو خزاعہ سے پرانا بدلہ چکا لیں۔ چنانچہ نوفل بن معاویہ دیلی نے بنو بکر کی ایک جماعت ساتھ لے کر شعبان ۸ھ میں بنو خزاعہ پر رات کی تاریکی میں حملہ کر دیا۔ اس وقت بنو خزاعہ وتیر نامی ایک چشمے پر خیمہ زن تھے۔ ان کے متعدد افراد مارے گئے۔ کچھ جھڑپ اور لڑائی بھی ہوئی۔ ادھر قریش نے اس حملے میں ہتھیاروں سے بنو بکر کی مدد کی، بلکہ ان کے کچھ آدمی بھی رات کی تاریکی کا فائدہ اُٹھا کر لڑائی میں شریک ہوئے۔ بہر حال حملہ آوروں نے بنو خزاعہ کو کھدیڑ کر حرم تک پہنچا دیا۔ حرم پہنچ کر بنو بکر نے کہا: "اے نوفل، اب تو ہم حرم میں داخل

---

[1] زاد المعاد ۲/۱۶۰

نقشہ فتح مکہ
مرالظہران اور
مدینہ کا راستہ
منیٰ، عرفات اور طائف کا راستہ
جنت المعلیٰ
راستہ
کدا کا
معلیٰ
جبل ابو قبیس
جبل خندمہ
جدہ کا راستہ
یمن کا راستہ
شمال
مشرق
مغرب
جنوب

ہو گئے۔ تمہارا اللہ! ... تمہارا اللہ!..." اس کے جواب میں نوفل نے ایک بڑی بات کہی، بولا: "بنو بکر! آج کوئی اللہ نہیں، اپنا بدلہ چکا لو۔ میری عمر کی قسم! تم لوگ حرم میں چوری کرتے ہو تو کیا حرم میں اپنا بدلہ نہیں لے سکتے۔"

ادھر بنو خزاعہ نے مکہ پہنچ کر بُدَیل بن وَرقاء خزاعی اور اپنے ایک آزاد کردہ غلام رافع کے گھروں میں پناہ لی اور عمرو بن سالم خزاعی نے وہاں سے نکل کر فوراً مدینہ کا رُخ کیا اور رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں پہنچ کر سامنے کھڑا ہو گیا۔ اس وقت آپ مسجد نبوی میں صحابہ کرامؓ کے درمیان تشریف فرما تھے۔ عمرو بن سالم نے کہا:

یارب انی ناشد محمدا	حلفنا وحلف ابیه الا تلدا
قد کنتم ولدا وکنا والدا	ثمة أسلمنا ولم ننزع یدا
فانصر۔ هداك الله۔ نصرا ابیدا	وادع عباد الله یأتو امددا
فیهم رسول الله قد تجردا	ابیض مثل البدر یسمو صعدا
ان سیم خسفا وجهه تربدا	فی فیلق کالبحر یجری مزبدا
ان قریشا اخلفوك الموعدا	ونقضوا میثاقك المؤکدا
وجعلوا لی فی کداء رصدا	وزعموا ان لست ادعو احدا
وهم اذل واقل عددا	هم بیتونا بالوتیر هجدا

وقتلونا رکعا وسجدا

"اے پروردگار! میں محمد ﷺ سے انکے عہد اور ان کے والد کے قدیم عہد[۲] کی دہائی دے رہا ہوں۔ آپ لوگ اولاد تھے اور ہم جننے والے[۳]۔ پھر ہم نے تابعداری اختیار کی اور کبھی دست کش نہ ہوئے۔ اللہ آپ کو ہدایت دے، آپ پُر زور مدد کیجیے اور اللہ کے بندوں کو پکاریئے، وہ مدد کو آئیں گے۔ جن میں اللہ کے رسول ہوں گے ہتھیار پوش، اور چڑھتے ہوئے چودھویں کے چاند کی طرح گورے اور خوبصورت۔ اگر ان پر ظلم اور ان کی توہین کی جائے تو چہرہ تمتما اُٹھتا ہے۔ آپ ایک ایسے لشکرِ جرار کے اندر تشریف لائیں گے جو جھاگ بھرے سمندر کی طرح تلاطم خیز ہوگا۔ یقیناً قریش نے آپ کے عہد کی

---

۲ اشارہ اس عہد کی طرف ہے جو بنو خزاعہ اور بنو ہاشم کے درمیان عبد المطلب کے زمانے سے چلا آ رہا تھا۔ اس کا ذکر ابتداء کتاب میں کیا جا چکا ہے۔

خلاف ورزی کی ہے اور آپ کا پختہ پیمان توڑ دیا ہے۔ انہوں نے میرے لیے کداء میں گھات لگائی اور یہ سمجھا کہ میں کسی کو (مدد کے لیے) نہ پکاروں گا حالانکہ وہ بڑے ذلیل اور تعداد میں قلیل ہیں۔ انہوں نے وتیر پر رات میں حملہ کیا اور ہمیں رکوع و سجود کی حالت میں قتل کیا۔" (یعنی ہم مسلمان تھے اور ہمیں قتل کیا گیا۔)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اے عمرو بن سالم تیری مدد کی گئی۔" اس کے بعد آسمان میں بادل کا ایک ٹکڑا دکھائی پڑا۔ آپؐ نے فرمایا یہ بادل بنو کعب کی مدد کی بشارت سے دمک رہا ہے۔

اس کے بعد بُدَیل بن وَرقاء خُزاعی کی سرکردگی میں بنو خزاعہ کی ایک جماعت مدینہ آئی اور رسول اللہ ﷺ کو بتلایا کہ کون سے لوگ مارے گئے اور کس طرح قریش نے بنو بکر کی پشتیبانی کی۔ اس کے بعد یہ لوگ مکہ واپس چلے گئے۔

تجدیدِ صُلح کے لیے ابوسفیانؓ مدینہ میں

اس میں شُبہ نہیں کہ قریش اور ان کے حلیفوں نے جو کچھ کیا تھا وہ کھلی ہوئی بدعہدی اور صریح پیمان شکنی تھی جس کی کوئی وجہ جواز نہ تھی۔ اسی لیے خود قریش کو بھی اپنی بدعہدی کا بہت جلد احساس ہو گیا اور انہوں نے اس کے انجام کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک مجلس مشاورت منعقد کی جس میں طے کیا کہ وہ اپنے سپہ سالار ابوسفیان کو اپنا نمائندہ بنا کر تجدیدِ صلح کے لیے مدینہ روانہ کریں۔

ادھر رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام کو بتایا کہ قریش اپنی اس عہد شکنی کے بعد اب کیا کرنے والے ہیں۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا کہ "گویا میں ابوسفیان کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ عہد کو پھر سے پختہ کرنے اور مدتِ صلح کو بڑھانے کے لیے آ گیا ہے۔"

ادھر ابوسفیان طے شدہ قرارداد کے مطابق روانہ ہو کر عُسفان پہنچا تو بُدَیل بن وَرقاء سے ملاقات ہوئی۔ بُدَیل مدینہ سے مکہ واپس آ رہا تھا۔ ابوسفیان سمجھ گیا کہ یہ نبی ﷺ کے پاس سے ہو کر آ رہا ہے۔ پوچھا بُدَیل! کہاں سے آ رہے ہو؟ بُدیل نے کہا، میں خُزاعہ کے ہمراہ اس ساحل اور وادی میں گیا ہوا تھا۔ پوچھا کیا تم محمدؐ کے پاس نہیں گئے تھے؟ بُدیل نے کہا، نہیں۔

مگر جب بُدیل مکہ کی جانب روانہ ہو گیا تو ابوسفیان نے کہا، اگر وہ مدینہ گیا تھا تو وہاں (اپنے اونٹ کو) گٹھلی کا چارہ کھلایا ہو گا۔ اس لیے ابوسفیان اس جگہ گیا جہاں بُدیل نے اپنا اونٹ بٹھایا تھا اور اس کی

۳؎ اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ عبدِ مناف کی ماں یعنی قصّی کی بیوی حبی بنو خزاعہ سے تھیں۔ اس لیے پورا خاندانِ نبوت بنو خزاعہ کی اولاد ٹھہرا۔

مینگنی لے کر توڑی تو اس میں کھجور کی گٹھلی نظر آئی۔ ابوسفیان نے کہا' میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ بدیل ، محمدؐ کے پاس گیا تھا۔

بہرحال ابوسفیان مدینہ پہنچا اور اپنی صاحبزادی اُمّ المومنین حضرت اُمِ حبیبہ رضی اللہ عنہا کے گھر گیا۔ جب رسول اللہ ﷺ کے بستر پر بیٹھنا چاہا تو انہوں نے بستر لپیٹ دیا۔ ابوسفیان نے کہا: "بیٹی ! کیا تم نے اس بستر کو میرے لائق نہیں سمجھا یا مجھے اس بستر کے لائق نہیں سمجھا"؟ انہوں نے کہا: "یہ رسول اللہ ﷺ کا بستر ہے اور آپ ناپاک مشرک آدمی ہیں"۔ ابوسفیان کہنے لگا: "خدا کی قسم میرے بعد تمہیں شر پہنچ گیا ہے"۔

پھر ابوسفیان وہاں سے نکل کر رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا اور آپؐ سے گفت گو کی آپؐ نے اُسے کوئی جواب نہ دیا۔ اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ان سے کہا کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کریں۔ انہوں نے کہا' میں ایسا نہیں کر سکتا۔ اس کے بعد وہ عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور اُن سے بات کی۔ انہوں نے کہا' بھلا میں تم لوگوں کے لیے رسول اللہ ﷺ سے سفارش کروں گا خدا کی قسم اگر مجھے لکڑی کے ٹکڑے کے سوا کچھ دستیاب نہ ہو تو میں اسی کے ذریعے تم لوگوں سے جہاد کروں گا۔ اس کے بعد وہ حضرت علیؓ بن ابی طالب کے پاس پہنچا۔ وہاں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں اور حضرت حسن بھی تھے جو ابھی چھوٹے سے بچے تھے اور سامنے گھٹنوں گھٹنوں چل رہے تھے۔ ابوسفیان نے کہا: اے علیؓ ! میرے ساتھ تمہارا سب سے گہرا نسبی تعلق ہے۔ میں ایک ضرورت سے آیا ہوں۔ ایسا نہ ہو کہ جس طرح میں نامراد آیا اسی طرح نامراد واپس جاؤں۔ تم میرے لیے محمدؐ سے سفارش کر دو۔ حضرت علیؓ نے کہا: ابوسفیان ! تجھ پر افسوس ، رسول اللہ ﷺ نے ایک بات کا عزم کر لیا ہے۔ ہم اس بارے میں آپؐ سے کوئی بات نہیں کر سکتے۔ اس کے بعد وہ حضرت فاطمہ کی طرف متوجہ ہوا اور بولا: کیا آپ ایسا کر سکتی ہیں کہ اپنے اس بیٹے کو حکم دیں کہ وہ لوگوں کے درمیان پناہ دینے کا اعلان کر کے ہمیشہ کے لیے عرب کا سردار ہو جائے ؟ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: "واللہ ! میرا یہ بیٹا اس درجہ کو نہیں پہنچا ہے کہ لوگوں کے درمیان پناہ دینے کا اعلان کر سکے اور رسول اللہ ﷺ کے ہوتے ہوئے کوئی پناہ دے بھی نہیں سکتا"۔

ان کوششوں اور ناکامیوں کے بعد ابوسفیان کی آنکھوں کے سامنے دنیا تاریک ہو گئی۔ اس نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے سخت گھبراہٹ، کش مکش اور مایوسی و ناامیدی کی حالت میں کہا: "ابوالحسن ! میں دیکھتا ہوں معاملات سنگین ہو گئے ہیں، لہٰذا مجھے کوئی راستہ بتاؤ"۔ حضرت علیؓ نے کہا: "خدا کی قسم ! میں

تمہارے لیے کوئی کارآمد چیز نہیں جانتا۔ البتہ تم بنوکنانہ کے سردار ہو، لہٰذا کھڑے ہو کر لوگوں کے درمیان امان کا اعلان کر دو، اس کے بعد اپنی سرزمین میں واپس چلے جاؤ۔" ابوسفیان نے کہا: "کیا تمہارا خیال ہے کہ یہ میرے لیے کچھ کارآمد ہوگا؟" حضرت علیؓ نے کہا: "نہیں خدا کی قسم میں اسے کارآمد تو نہیں سمجھتا، لیکن اس کے علاوہ کوئی صُورت بھی سمجھ میں نہیں آتی۔ اس کے بعد ابوسفیان نے مسجد میں کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ لوگو! میں لوگوں کے درمیان امان کا اعلان کر رہا ہوں۔ پھر اپنے اونٹ پر سوار ہو کر مکہ چلا گیا۔

قریش کے پاس پہنچا تو وہ پوچھنے لگے کہ پیچھے کا کیا حال ہے؟ ابوسفیان نے کہا: "میں محمدؐ کے پاس گیا، بات کی تو واللہ انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ پھر ابو قحافہ کے بیٹے کے پاس گیا تو اس کے اندر کوئی بھلائی نہیں پائی۔ اس کے بعد عمر بن خطابؓ کے پاس گیا تو اُسے سب سے کٹر دشمن پایا۔ پھر علیؓ کے پاس گیا تو اسے سب سے نرم پایا۔ اس نے مجھے ایک رائے دی اور میں نے اس پر عمل بھی کیا لیکن پتا نہیں وہ کارآمد بھی ہے یا نہیں؟ لوگوں نے پوچھا: وہ کیا رائے تھی؟ ابوسفیان نے کہا: "وہ رائے یہ تھی کہ میں لوگوں کے درمیان امان کا اعلان کر دوں، اور میں نے ایسا ہی کیا۔"

قریش نے کہا، تو کیا محمد نے اسے نافذ قرار دیا۔ ابوسفیان نے کہا، نہیں۔ لوگوں نے کہا، تیری تباہی ہو، اس شخص (علی) نے تیرے ساتھ محض مذاق کیا۔ ابوسفیان نے کہا: خدا کی قسم اس کے علاوہ کوئی صورت نہ بن سکی۔

غزوے کی تیاری اور اخفاء کی کوشش

طبرانی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عہد شکنی کی خبر آنے سے تین روز پہلے ہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حکم دے دیا تھا کہ آپؐ کا سازوسامان تیار کر دیں لیکن کسی کو پتا نہ چلے۔ اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو پوچھا، بیٹی! یہ کیسی تیاری ہے؟ انہوں نے کہا، واللہ مجھے نہیں معلوم۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا، یہ بنو اَصفر یعنی رومیوں سے جنگ کا وقت نہیں پھر رسول اللہ ﷺ کا ارادہ کدھر کا ہے؟ حضرت عائشہ نے کہا، واللہ مجھے علم نہیں۔ تیسرے روز علی الصباح عمرو بن سالم خزاعی چالیس سواروں کو لے کر پہنچ گیا اور یارب انی ناشد محمدا ... الخ والے اشعار کہے تو لوگوں کو معلوم ہوا کہ قریش نے عہد شکنی کی ہے۔ اس کے بعد بدیل آیا، پھر ابوسفیان آیا تو لوگوں کو حالات کا ٹھیک ٹھیک علم ہوگیا۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے تیاری کا حکم دیتے ہوئے بتلایا کہ مکہ چلنا ہے اور ساتھ ہی یہ دُعا فرمائی کہ اے اللہ!

جاسوسوں اور خبروں کو قریش تک پہنچنے سے روک اور پکڑ لے تاکہ ہم ان کے علاقے میں ان کے سر پر ایک دم جا پہنچیں۔

پھر کمال اخفاء اور رازداری کی غرض سے رسول اللہ ﷺ نے شروع ماہ رمضان ۸ھ میں حضرت ابوقتادہ بن ربعی کی قیادت میں آٹھ آدمیوں کا ایک سریہ بطن اضم کی طرف روانہ فرمایا۔ یہ مقام ذی خشب اور ذی المروۃ کے درمیان مدینہ سے تقریباً ۳۶ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ مقصد یہ تھا کہ سمجھنے والا سمجھے کہ آپ اسی علاقے کا رُخ کریں گے اور یہی خبریں اِدھر اُدھر پھیلیں لیکن یہ سریہ جب اپنے مقررہ مقام پر پہنچ گیا تو اسے خبر ملی کہ رسول اللہ ﷺ مکہ کے لیے روانہ ہو چکے ہیں چنانچہ یہ بھی آپ سے جا ملا[1]۔

ادھر حاطب بن ابی بلتعہؓ نے قریش کو ایک رقعہ لکھ کر یہ اطلاع دے بھیجی کہ رسول اللہ ﷺ حملہ کرنے والے ہیں۔ انہوں نے یہ رقعہ ایک عورت کو دیا تھا اور اسے قریش تک پہنچانے پر معاوضہ رکھا تھا۔ عورت سر کی چوٹی میں رقعہ چھپا کر روانہ ہوئی لیکن رسول اللہ ﷺ کو وحی سے حاطب کی اس حرکت کی خبر دے دی گئی چنانچہ آپؐ نے حضرت علیؓ، حضرت مقدادؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت ابومرثد غنویؓ کو یہ کہہ کر بھیجا کہ جاؤ روضہ خاخ پہنچو۔ وہاں ایک ہودج نشین عورت ملے گی جس کے پاس قریش کے نام ایک رقعہ ہوگا۔ یہ حضرات گھوڑوں پر سوار تیزی سے روانہ ہوئے۔ وہاں پہنچے تو عورت موجود تھی۔ اس سے کہا کہ وہ نیچے اُترے اور پوچھا کہ کیا تمہارے پاس کوئی خط ہے؟ اس نے کہا میرے پاس کوئی خط نہیں۔ انہوں نے اس کے کجاوے کی تلاشی لی لیکن کچھ نہ ملا۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا: "میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ نہ رسول اللہ ﷺ نے جھوٹ کہا ہے نہ ہم جھوٹ کہہ رہے ہیں۔ تم یا تو خط نکالو یا ہم تمہیں ننگا کر دیں گے۔" جب اس نے یہ پختگی دیکھی تو بولی' اچھا منہ پھیرو۔ انہوں نے منہ پھیرا تو اس نے

---

[1] یہی سریہ ہے جس کی ملاقات عامر بن اضبط سے ہوئی تو عامر نے اسلامی دستور کے مطابق سلام کیا۔ لیکن محلم بن جثامہ نے کسی سابقہ رنجش کے سبب اسے قتل کر دیا اور اس کے اونٹ اور سامان پر قبضہ کر لیا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی ولا تقولوا لمن القی الیکم السلام لست مؤمنا (الآیۃ) یعنی "جو تم سے سلام کرے اسے یہ نہ کہو کہ تو مومن نہیں"۔ اس کے بعد صحابہ کرام محلم کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے آئے کہ آپ اس کے لیے دُعائے مغفرت کر دیں لیکن جب محلم آپ کے سامنے حاضر ہوا تو آپؐ نے تین بار فرمایا: اے اللہ! محلم کو نہ بخش۔ اس کے بعد محلم اپنے کپڑے کے دامن سے اپنے آنسو پونچھتا ہوا اٹھا۔ ابن اسحاق کا بیان ہے کہ اس کی قوم کے لوگ کہتے ہیں کہ بعد میں اس کے لیے رسول اللہ ﷺ نے مغفرت کی دُعا کر دی تھی۔ دیکھئے زاد المعاد ۲/ ۱۵۰، ابن ہشام ۲/ ۶۲۶، ۶۲۷، ۶۲۸۔

چوٹی کھول کر خط نکالا اور ان کے حوالے کر دیا۔ یہ لوگ خط لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچے دیکھا تو اس میں تحریر تھا: (حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے قریش کی جانب) پھر قریش کو رسول اللہ ﷺ کی روانگی کی خبر دی تھی۔[۵] رسول اللہ ﷺ نے حضرت حاطبؓ کو بلا کر پوچھا کہ حاطبؓ! یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: اے رسولؐ! میرے خلاف جلدی نہ فرمائیں۔ خدا کی قسم! اللہ اور اس کے رسول پر میرا ایمان ہے۔ میں نہ تو مرتد ہوا ہوں اور نہ مجھ میں تبدیلی آئی ہے۔ بات صرف اتنی ہے کہ میں خود قریش کا آدمی نہیں البتہ ان میں چپکا ہوا تھا اور میرے اہل وعیال اور بال بچّے وہیں ہیں لیکن قریش سے میری کوئی قرابت نہیں کہ وہ میرے بال بچّوں کی حفاظت کریں۔ اس کے برخلاف دوسرے لوگ جو آپ کے ساتھ ہیں وہاں ان کے قرابت دار ہیں جو اُن کی حفاظت کریں گے۔ اس لیے جب مجھے یہ چیز حاصل نہ تھی تو میں نے چاہا کہ ان پر ایک احسان کر دوں جس کے عوض وہ میرے قرابت داروں کی حفاظت کریں۔ اس پر حضرت عمرؓ بن خطاب نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ! مجھے چھوڑیے میں اس کی گردن مار دوں کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسُول کے ساتھ خیانت کی ہے اور یہ منافق ہو گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دیکھو! یہ جنگِ بدر میں حاضر ہو چکا ہے۔ اور عمرؓ! تمہیں کیا پتہ؟ ہو سکتا ہے اللہ نے اہلِ بدر کو دیکھ کر کہا ہو کہ تم لوگ جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا۔ یہ سُن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آنکھیں اشکبار ہو گئیں اور انہوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسُول بہتر جانتے ہیں۔[۶]

اس طرح اللہ نے جاسوسوں کو پکڑ لیا اور مسلمانوں کی جنگی تیاریوں کی کوئی خبر قریش تک نہ پہنچ سکی۔

اسلامی لشکر مکہ کی راہ میں

۱۰ رمضان المبارک ۸ھ کو رسول اللہ ﷺ نے مدینہ چھوڑ کر مکے کا رُخ کیا۔ آپؐ کے ساتھ دس ہزار صحابہ کرامؓ تھے۔ مدینہ پر ابو رہم غفاری

---

۵ سہیلی نے بعض مغازی کے حوالے سے خط کا مضمون یہ بیان کیا ہے: امابعد! اے جماعتِ قریش! رسول اللہ ﷺ تمہارے پاس رات جیسا سیلِ رواں کی طرح بڑھتا ہوا لشکر لے کر آ رہے ہیں اور بخدا اگر وہ تنہا بھی تمہارے پاس آجائیں تو اللہ ان کی مدد کرے گا اور ان سے اپنا وعدہ پورا کرے گا لہٰذا تم لوگ اپنے متعلق سوچ لو۔ والسلام
واقدی نے اپنی ایک مرسل سند سے روایت کی ہے کہ حضرت حاطبؓ نے سہیل بن عمرو، صفوان بن اُمیّہ، اور عکرمہ کے پاس یہ لکھا تھا کہ "رسول اللہ ﷺ نے لوگوں میں غزوے کا اعلان کر دیا ہے اور میں نہیں سمجھتا کہ آپؐ کا ارادہ تم لوگوں کے سوا کسی اور کا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ تم لوگوں پر میرا ایک احسان رہے۔"
(فتح الباری ۷/ ۵۲۱)

۶ صحیح بخاری ۱/ ۴۲۲، ۲/ ۶۱۲، حضرت زبیر اور حضرت ابو مرثد کے ناموں کا اضافہ صحیح بخاری کی بعض دوسری روایات میں ہے۔

رضی اللہ عنہ کی تقرری ہوئی۔

جحفہ میں یا اس سے کچھ اوپر آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب ملے۔ وہ مسلمان ہو کر اپنے بال بچوں سمیت ہجرت کرتے ہوئے تشریف لا رہے تھے۔ پھر ابواء میں آپؐ کے چچیرے بھائی ابوسفیان بن حارث اور پھوپھی زاد بھائی عبداللہ بن اُمیہ ملے۔ آپؐ نے ان دونوں کو دیکھ کر منہ پھیر لیا کیونکہ یہ دونوں آپؐ کو سخت اذیت پہنچایا کرتے اور آپؐ کی ہجو کیا کرتے تھے۔ یہ صورت دیکھ کر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ ایسا نہیں ہونا چاہیئے کہ آپؐ کے چچیرے بھائی اور پھوپھی زاد بھائی ہی آپ کے یہاں سب سے بدبخت ہوں۔ ادھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوسفیان بن حارث کو سکھایا کہ تم رسول اللہ ﷺ کے سامنے جاؤ، اور وہی کہو جو حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان سے کہا تھا کہ: تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ○ (۱۲: ۹۱) "خدا کی قسم اللہ نے آپؐ کو ہم پر فضیلت بخشی اور یقیناً ہم ہی خطا کار تھے۔" کیونکہ آپ ﷺ یہ پسند نہیں کریں گے کہ کسی اور کا جواب آپ سے عمدہ رہا ہو۔ چنانچہ ابوسفیان نے یہی کیا اور جواب میں فوراً رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ○ (۱۲: ۹۲) "آج تم پر کوئی سرزنش نہیں۔ اللہ تمہیں بخش دے اور وہ ارحم الرحمین ہے۔" اس پر ابوسفیان نے آپ کو چند اشعار سنائے جن میں سے بعض یہ تھے:

لعمرك انی حین احمل رایـــة ‏ لتغلب خیل اللات خیل محمد

لكالمدلج الحیران اظلم لیله ‏ فهذا اوانی حین اهدی فاهتدی

هدانی هاد غیر نفسی ودلنی ‏ علی الله من طردته كل مطرد

"تیری عُمر کی قسم! جس وقت میں نے اس لیے جھنڈا اٹھایا تھا کہ لات کے شہسوار محمد کے شہسوار پر غالب آجائیں تو میری کیفیت رات کے اس مسافر کی سی تھی جو تیرہ و تار رات میں حیران و سرگرداں ہو، لیکن اب وقت آگیا ہے کہ مجھے ہدایت دی جائے اور میں ہدایت پاؤں۔ مجھے میرے نفس کی بجائے ایک ہادی نے ہدایت دی اور اللہ کا راستہ اسی شخص نے بتایا جسے میں نے ہر موقع پر دھتکار دیا تھا۔"

یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے اس کے سینے پر ضرب لگائی اور فرمایا: "تم نے مجھے ہر موقع پر دھتکار تھا۔"

مَرّ الظہران میں اسلامی لشکر کا پڑاؤ

رسول اللہ ﷺ نے اپنا سفر جاری رکھا۔ آپؐ اور صحابہ روزے سے تھے لیکن عسفان اور قُدَید کے درمیان کدید نامی چشمے پر پہنچ کر آپؐ نے روزہ توڑ دیا اور آپؐ کے ساتھ صحابہ کرامؓ نے بھی روزہ توڑ دیا۔ اس کے

بعد پھر آپؐ نے سفر جاری رکھا یہاں تک کہ رات کے ابتدائی اوقات میں مرالظہران — وادی فاطمہ — پہنچ کر نزول فرمایا۔ وہاں آپؐ کے حکم سے لوگوں نے الگ الگ آگ جلائی۔ اس طرح دس ہزار (چولھوں میں) آگ جلائی گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر بن خطابؓ کو پہرے پر مقرر فرمایا۔

ابوسفیان دربارِ نبوت میں

مَرالظہران میں پڑاؤ ڈالنے کے بعد حضرت عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے سفید خچر پر سوار ہو کر نکلے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ کوئی لکڑ ہارا یا کوئی بھی آدمی مل جائے تو اس سے قریش کے پاس خبر بھیج دیں تاکہ وہ مکّے میں رسُول اللہ ﷺ کے داخل ہونے سے پہلے آپؐ کے پاس حاضر ہو کر امان طلب کریں۔

ادھر اللہ تعالیٰ نے قریش پر ساری خبروں کی رسائی روک دی تھی اس لیے انہیں حالات کا کچھ علم نہ تھا؛ البتہ وہ خوف اور اندیشے سے دوچار تھے اور ابوسفیان باہر جاجا کر خبروں کا پتا لگاتا رہتا تھا۔ چنانچہ اس وقت بھی وہ اور حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء خبروں کا پتا لگانے کی غرض سے نکلے ہوئے تھے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ بخدا میں رسول اللہ ﷺ کے خچر پر سوار جا رہا تھا کہ مجھے ابوسفیان اور بدیل بن ورقاء کی گفت گو سنائی پڑی۔ وہ باہم رد و قدح کر رہے تھے۔ ابوسفیان کہہ رہا تھا کہ خُدا کی قسم! میں نے آج رات جیسی آگ اور ایسا لشکر تو کبھی دیکھا ہی نہیں؛ اور جواب میں بدیل کہہ رہا تھا۔ یہ خُدا کی قسم بنو خزاعہ ہیں۔ جنگ نے انہیں چھیل کر رکھ دیا ہے۔ اس پر ابوسفیان کہہ رہا تھا' خزاعہ اس سے کہیں کمتر اور ذلیل ہیں کہ یہ ان کی آگ اور ان کا لشکر ہو۔

حضرت عباس کہتے ہیں کہ میں نے اس کی آواز پہچان لی اور کہا' ابو حنظلہ! اس نے بھی میری آواز پہچان لی اور بولا' ابوالفضل! میں نے کہا' ہاں۔ اس نے کہا' کیا بات ہے؟ میرے ماں باپ تجھ پر قربان۔ میں نے کہا' یہ رسول اللہ ﷺ ہیں لوگوں سمیت ہائے قریش کی تباہی — واللہ!

اس نے کہا' اب کیا حیلہ ہے؟ میرے ماں باپ تم پر قربان۔ میں نے کہا' واللہ اگر وہ تمہیں پا گئے

ہ بعد میں ابوسفیان کے اسلام میں بڑی خوبی آگئی۔ کہا جاتا ہے کہ جب سے انہوں نے اسلام قبول کیا حیاء کے سبب رسول اللہ ﷺ کی طرف سر اٹھا کر نہ دیکھا۔ رسول اللہ ﷺ بھی ان سے محبت کرتے تھے اور ان کے لیے جنت کی بشارت دیتے تھے اور فرماتے تھے مجھے توقع ہے کہ یہ حمزہؓ کا بدل ثابت ہوں گے۔ جب ان کی وفات کا وقت آیا تو کہنے لگے' مجھ پر نہ رونا کیونکہ اسلام لانے کے بعد میں نے کبھی کوئی گناہ کی بات نہیں کہی۔ زاد المعاد ۲/۱۶۲، ۱۶۳

ہ صحیح بخاری ۲/۶۱۳

تو تمہاری گردن مار دیں گے لہٰذا اس خچر پر پیچھے بیٹھ جاؤ۔ میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لے چلتا ہوں اور تمہارے لیے امان طلب کئے دیتا ہوں۔ اس کے بعد ابوسفیان میرے پیچھے بیٹھ گیا اور اس کے دونوں ساتھی واپس چلے گئے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں ابوسفیان کو لے کر چلا۔ جب کسی الاؤ کے پاس سے گزرتا تو لوگ کہتے 'کون ہے ؟ مگر جب دیکھتے کہ رسول اللہ ﷺ کا خچر ہے اور میں اس پر سوار ہوں تو کہتے کہ رسول اللہ ﷺ کے چچا ہیں اور آپ کے خچر پر ہیں۔ یہاں تک کہ میں عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے الاؤ کے پاس سے گزرا۔ انہوں نے کہا، کون ہے ؟ اور اُٹھ کر میری طرف آئے۔ جب پیچھے ابوسفیان کو دیکھا تو کہنے لگے' ابوسفیان ؟ اللہ کا دشمن ؟ اللہ کی حمد ہے کہ اس نے بغیر عہد و پیمان کے تجھے (ہمارے) قابو میں کر دیا۔ اس کے بعد وہ نکل کر رسول اللہ ﷺ کی طرف دوڑے اور میں نے بھی خچر کو ایڑ لگائی۔ میں آگے بڑھ گیا اور خچر سے کود کر رسول اللہ ﷺ کے پاس جا گھسا۔ اتنے میں عمرؓ بن خطاب بھی گھس آئے اور بولے کہ اے اللہ کے رسول! یہ ابوسفیان ہے۔ مجھے اجازت دیجئے میں اس کی گردن مار دوں۔ میں نے کہا' اے اللہ کے رسول! میں نے اسے پناہ دے دی ہے۔ پھر میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھ کر آپ کا سر پکڑ لیا اور کہا' خدا کی قسم آج رات میرے سوا کوئی اور آپ سے سرگوشی نہ کرے گا۔ جب ابوسفیان کے بارے میں حضرت عمرؓ نے بار بار کہا تو میں نے کہا' عمر! ٹھہر جاؤ۔ خُدا کی قسم اگر یہ بنی عدی بن کعب کا آدمی ہوتا تو تم ایسی بات نہ کہتے۔ عُمر رضی اللہ عنہ نے کہا عباس! ٹھہر جاؤ۔ خُدا کی قسم تمہارا اسلام لانا میرے نزدیک خطّاب کے اسلام لانے سے ـــ اگر وہ اسلام لاتے ـــ زیادہ پسندیدہ ہے اور اس کی وجہ میرے لیے صرف یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے نزدیک تمہارا اسلام لانا خطّاب کے اسلام لانے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' عباس! اسے (یعنی ابوسفیان کو) اپنے ڈیرے میں لے جاؤ۔ صبح میرے پاس لے آنا۔ اس حکم کے مطابق میں اسے ڈیرے میں لے گیا اور صبح خدمت نبوی ﷺ میں حاضر کیا۔ آپ نے اسے دیکھ کر فرمایا' ابوسفیان! تم پر افسوس! کیا اب بھی تمہارے لیے وقت نہیں آیا کہ تم یہ جان سکو کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں ؟ ابوسفیان نے کہا' میرے ماں باپ آپ پر فدا، آپ کتنے بردبار، کتنے کریم اور کتنے خویش پرور ہیں۔ میں اچھی طرح سمجھ چکا ہوں کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی الٰہ ہوتا تو اب تک میرے کچھ کام آیا ہوتا۔

آپ نے فرمایا' ابوسفیان تم پر افسوس! کیا تمہارے لیے اب بھی وقت نہیں آیا کہ تم یہ جان سکو کہ میں

اللہ کا رسول ہوں۔ ابو سفیان نے کہا ' میرے ماں باپ آپ پر فدا۔ آپ کس قدر حلیم' کس قدر کریم اور کس قدر صلہ رحمی کرنے والے ہیں! اس بات کے متعلق تو اب بھی دل میں کچھ نہ کچھ کھٹک ہے۔ اس پر میں نے کہا ' ارے! گردن مارے جانے کی نوبت آنے سے پہلے پہلے اسلام قبول کر لو اور یہ شہادت و اقرار کر لو کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ اس پر ابو سفیان نے اسلام قبول کر لیا اور حق کی شہادت دی۔

مَیں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ابو سفیان اعزاز پسند ہے لہٰذا اسے کوئی اعزاز دے دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا ٹھیک ہے۔ جو ابو سفیان کے گھر میں گھس جائے اسے امان ہے اور جو اپنا دروازہ اندر سے بند کر لے اسے امان ہے اور جو مسجد حرام میں داخل ہو جائے اسے امان ہے۔

اسلامی لشکر مرّ الظّہران سے مکّے کی جانب

اسی صبح ــ منگل ۱۷ رمضان ۸ ھ کی صبح ــ رسول اللہ ﷺ مرالظہران سے مکہ روانہ ہوئے اور حضرت عباسؓ کو حکم دیا کہ ابو سفیانؓ کو وادی کی تنگنائے پر پہاڑ کے ناکے کے پاس روک رکھیں تاکہ وہاں سے گذرنے والی خدائی فوجوں کو ابو سفیانؓ دیکھ سکے۔ حضرت عباسؓ نے ایسا ہی کیا۔ ادھر قبائل اپنے اپنے پھریرے لیے گذر رہے تھے۔ جب وہاں سے کوئی قبیلہ گزرتا تو ابو سفیانؓ پوچھتا کہ عباسؓ! یہ کون لوگ ہیں؟ جواب میں حضرت عباسؓ ــ بطور مثال ــ کہتے کہ بنو سُلَیم ہیں۔ تو ابو سفیان کہتا کہ مجھے سُلَیم سے کیا واسطہ؟ پھر کوئی قبیلہ گزرتا تو ابو سفیانؓ پوچھتا کہ اے عباسؓ! یہ کون لوگ ہیں؟ وہ کہتے، مُزَینَہ ہیں۔ ابو سفیانؓ کہتا: مجھے مُزَینَہ سے کیا مطلب؟ یہاں تک کہ سارے قبیلے ایک ایک کر کے گزر گئے۔ جب بھی کوئی قبیلہ گزرتا تو ابو سفیانؓ حضرت عباسؓ سے اس کی بابت ضرور دریافت کرتا اور جب وہ اسے بتاتے تو وہ کہتا کہ مجھے بنی فلاں سے کیا واسطہ؟ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ اپنے سبز دستے کے جلو میں تشریف لائے۔ آپؐ مہاجرینؓ انصار کے درمیان فروکش تھے۔ یہاں انسانوں کے بجائے صرف لوہے کی باڑھ دکھائی پڑ رہی تھی۔ ابو سفیانؓ نے کہا: سبحان اللہ! اے عباسؓ! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ انصار و مہاجرین کے جلو میں رسول اللہ ﷺ تشریف فرما ہیں۔ ابو سفیان نے کہا: بھلا ان سے محاذ آرائی کی طاقت کسے ہے؟ اس کے بعد اس نے مزید کہا: ابو الفضل! تمہارے بھتیجے کی بادشاہت تو واللہ بڑی زبردست ہو گئی۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: ابو سفیان! یہ نبوت ہے۔ ابو سفیان نے کہا ہاں! اب تو یہی کہا جائے گا۔

اس موقع پر ایک واقعہ اور پیش آیا۔ انصار کا پھریرا حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔

وہ ابو سفیان کے پاس سے گزرے تو بولے :

الیوم یوم الملحمۃ　　الیوم تستحل الحرمۃ

"آج خونریزی اور مار دھاڑ کا دن ہے۔ آج حرمت حلال کر لی جائے گی۔"

آج اللہ نے قریش کی ذلت مقدر کر دی ہے۔ اس کے بعد جب وہاں سے رسول اللہ ﷺ گذرے تو ابوسفیانؓ نے کہا: اے اللہ کے رسولؐ! آپؐ نے وہ بات نہیں سنی جو سعدؓ نے کہی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: سعد نے کیا کہا ہے؟ ابوسفیانؓ نے کہا، یہ اور یہ بات کہی ہے۔ یہ سُن کر حضرت عثمان اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما نے عرض کیا، یارسولؐ اللہ! ہمیں خطرہ ہے کہ کہیں سعدؓ قریش کے اندر مار دھاڑ نہ مچا دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "نہیں بلکہ آج کا دن وہ دن ہے جس میں کعبہ کی تعظیم کی جائیگی۔ آج کا دن وہ دن ہے جس میں اللہ قریش کو عزت بخشے گا۔" اس کے بعد آپؐ نے حضرت سعدؓ کے پاس آدمی بھیج کر جھنڈا ان سے لے لیا اور ان کے صاحبزادے قیسؓ کے حوالے کر دیا۔ گویا جھنڈا حضرت سعدؓ کے ہاتھ سے نہیں نکلا۔۔۔ اور کہا جاتا ہے کہ آپؐ نے جھنڈا حضرت زبیرؓ کے حوالے کر دیا تھا۔

اسلامی لشکر اچانک قریش کے سر پر

جب رسول اللہ ﷺ ابوسفیان کے پاس سے گزر چکے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا، اب دوڑ کر اپنی قوم کے پاس جاؤ۔ ابوسفیانؓ تیزی سے مکہ پہنچا اور نہایت بلند آواز سے پکارا: "قریش کے لوگو! یہ محمد ﷺ ہیں۔ تمہارے پاس اتنا لشکر لے کر آئے ہیں کہ مقابلے کی تاب نہیں؛ لہٰذا جو ابوسفیان کے گھر گھس جائے اُسے امان ہے۔" یہ سُن کر اس کی بیوی ہند بنت عتبہ اٹھی اور اس کی مونچھ پکڑ کر بولی۔ مار ڈالو اس مشک کی طرح چربی سے بھرے ہوئے پتلی پنڈلیوں والے کو۔ بُرا ہو ایسے پیشرو خبر رساں کا۔

ابوسفیان نے کہا، تمہاری بربادی ہو۔ دیکھو تمہاری جانوں کے بارے میں یہ عورت تمہیں دھوکہ میں نہ ڈال دے کیونکہ محمدؐ ایسا لشکر لے کر آئے ہیں جس سے مقابلے کی تاب نہیں۔ اس لیے جو ابوسفیان کے گھر میں گھس جائے اسے امان ہے۔ لوگوں نے کہا، اللہ تجھے مارے، تیرا گھر ہمارے کتنے آدمیوں کے کام آسکتا ہے؟ ابوسفیان نے کہا، اور جو اپنا دروازہ اندر سے بند کر لے اسے بھی امان ہے اور جو مسجد حرام میں داخل ہو جائے اسے بھی امان ہے۔ یہ سُن کر لوگ اپنے اپنے گھروں اور مسجد حرام کی طرف بھاگے۔ البتہ اپنے کچھ اوباشوں کو لگا دیا اور کہا کہ انہیں ہم آگے کئے دیتے ہیں۔ اگر قریش کو کچھ کامیابی ہوئی تو ہم ان کے ساتھ ہو رہیں گے اور اگر ان پر ضرب لگی تو ہم سے جو کچھ مطالبہ کیا جائے گا منظور کر لیں گے۔ قریش کے یہ احمق

اوباش مسلمانوں سے لڑنے کے لیے عِکْرِمَہ بن ابی جہل ، صفوان بن اُمیّہ اور سُہَیْل بن عَمْرو کی کمان میں خندمہ کے اندر جمع ہوئے ۔ ان میں بنو بکر کا ایک آدمی حماس بن قیس بھی تھا جو اس سے پہلے ہتھیار ٹھیک ٹھاک کرتا رہتا تھا۔ جس پر اس کی بیوی نے (ایک روز) کہا " یہ کا ہے کی تیاری ہے جو میں دیکھ رہی ہوں ؟ اس نے کہا ' محمد ﷺ اور اس کے ساتھیوں سے مقابلے کی تیاری ہے ۔ اس پر بیوی نے کہا ' خُدا کی قسم ، محمد ﷺ اور اس کے ساتھیوں کے مقابل کوئی چیز ٹھہر نہیں سکتی ۔ اس نے کہا : " خدا کی قسم ، مجھے امید ہے کہ میں ان کے بعض ساتھیوں کو تمہارا خادم بناؤں گا ۔" اس کے بعد کہنے لگا :

ان یقبلوا الیوم فمالی علۃ هذا سلاح کامل و ألۃ

وذو غرارین سریع السلۃ

" اگر وہ آج مدمقابل آگئے تو میرے لیے کوئی عذر نہ ہوگا ۔ یہ مکمل ہتھیار ، دراز انّی والا نیزہ اور جھٹ سونتی جانے والی دودھاری تلوار ہے ۔"

خندمہ کی لڑائی میں یہ شخص بھی آیا ہوا تھا ۔

اسلامی لشکر ذی طویٰ میں

ادھر رسول اللہ ﷺ مرالظہران سے روانہ ہو کر ذی طویٰ پہنچے ـــ اس دوران اللہ کے بخشے ہوئے اعزازِ فتح پر فرطِ تواضع سے آپؐ نے اپنا سر جھکا رکھا تھا یہاں تک کہ داڑھی کے بال کجاوے کی لکڑی سے جا لگ رہے تھے ـــ ذی طویٰ میں آپؐ نے لشکر کی ترتیب و تقسیم فرمائی ۔ خالدؓ بن ولید کو داہنے پہلو پر رکھا ـــ اس میں اسلم ، سُلَیْم ، غِفَار ، مُزَیْنَہ ، جُہَیْنَہ اور کچھ دوسرے قبائلِ عرب تھے ـــ اور خالدؓ بن ولید کو حکم دیا کہ وہ مکہ میں زیریں حصے سے داخل ہوں اور اگر قریش میں سے کوئی آڑے آئے تو اُسے کاٹ کر رکھ دیں ، یہاں تک کہ صفا پر آپ سے آملیں ۔

حضرت زُبیرؓ بن عوام بائیں پہلو پر تھے ۔ ان کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کا پھریرا تھا ۔ آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ مکّے میں بالائی حصے یعنی کداء سے داخل ہوں اور حجون میں آپؐ کا جھنڈا گاڑ کر آپؐ کی آمد تک وہیں ٹھہرے رہیں ۔

حضرت ابو عبیدہ پیادے پر مقرر تھے ۔ آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ وہ بطن وادی کا راستہ پکڑیں یہاں تک کہ مکّے میں رسول اللہ ﷺ کے آگے اُتریں ۔

مکہ میں اسلامی لشکر کا داخلہ

ان ہدایات کے بعد تمام دستے اپنے اپنے مقررہ

راستوں سے چل پڑے۔

حضرت خالدؓ اور ان کے رفقا کی راہ میں جو مشرک بھی آیا اسے سُلا دیا گیا؛ البتہ ان کے رفقاء میں سے بھی کرزؓ بن جابر فہری اور خُنَیسؓ بن خالد بن ربیعہ نے جامِ شہادت نوش کیا۔ وجہ یہ ہوئی کہ یہ دونوں لشکر سے بچھڑ کر ایک دُوسرے راستے پر چل پڑے اور اسی دوران انہیں قتل کر دیا گیا۔ خندمہ پہنچ کر حضرت خالدؓ اور ان کے رفقا کی مڈبھیڑ قریش کے اوباشوں سے ہوئی معمولی سی جھڑپ میں بارہ مشرک مارے گئے اور اس کے بعد مشرکین میں بھگدڑ مچ گئی۔ حماس بن قیس جو مسلمانوں سے جنگ کے لیے ہتھیار ٹھیک ٹھاک کرتا رہتا تھا بھاگ کر اپنے گھر میں جا گھسا اور اپنی بیوی سے بولا: دروازہ بند کر لو۔ اس نے کہا: وہ کہاں گیا جو تم کہا کرتے تھے؟ کہنے لگا:

انك لو شهدت يوم الخندمه　　اذ فر صفوان و فر عكرمة

و استقبلنا با لسيوف المسلمة　　يقطعن كل ساعد وجمجمه

ضربا فلا يسمع الا غمغمه　　لهم نهيت خلفنا وهمهمه

لم تنطقي في اللوم ادنى كلمه

"اگر تم نے جنگ خندمہ کا حال دیکھا ہوتا جب کہ صفوان اور عکرمہ بھاگ کھڑے ہوئے اور سونتی ہوئی تلواروں سے ہمارا استقبال کیا گیا، جو کلائیاں اور کھوپڑیاں اس طرح کاٹتی جا رہی تھیں کہ پیچھے سوائے ان کے شور و غوغا اور ہمہمہ کے کچھ سُنائی نہیں پڑتا تھا، تو تم ملامت کی ادنیٰ بات نہ کہتیں۔"

اس کے بعد حضرت خالد رضی اللہ عنہ مکہ کے گلی کوچوں کو روندتے ہوئے کوہِ صفا پر رسول اللہ ﷺ سے جا ملے۔

ادھر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر حجون میں مسجد فتح کے پاس رسول اللہ ﷺ کا جھنڈا گاڑا اور آپؐ کے لیے ایک قُبّہ نصب کیا۔ پھر مسلسل وہیں ٹھہرے رہے یہاں تک کہ رسُول اللہ ﷺ تشریف لے آئے۔

مسجد حرام میں رسول اللہ ﷺ کا داخلہ اور بُتوں سے تطہیر

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ اُٹھے اور آگے پیچھے اور گرد و پیش موجود انصار و مہاجرین کے جلو میں مسجد حرام کے اندر تشریف لائے۔ آگے بڑھ کر حجرِ اسود کو چُوما اور اس کے بعد بیت اللہ کا طواف کیا۔ اس وقت آپؐ کے ہاتھ میں ایک کمان تھی

اور بیت اللہ کے گرد اور اس کی چھت پر تین سو ساٹھ بُت تھے۔ آپؐ اسی کمان سے ان بتوں کو ٹھوکر مارتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے :

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ۝ (۱۷: ۸۱)

"حق آگیا اور باطل چلا گیا۔ باطل جانے والی چیز ہے"۔

جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ ۝ (۳۴: ۴۹)

"حق آگیا اور باطل کی چلت پھرت ختم ہو گئی"۔

اور آپؐ کی ٹھوکر سے بُت چہروں کے بل گرتے جاتے تھے۔

آپؐ نے طواف اپنی اونٹنی پر بیٹھ کر فرمایا تھا اور حالتِ احرام میں نہ ہونے کی وجہ سے صرف طواف ہی پر اکتفا کیا۔ تکمیلِ طواف کے بعد حضرت عثمانؓ بن طلحہ کو بلا کر ان سے کعبہ کی کنجی لی۔ پھر آپؐ کے حکم سے خانہ کعبہ کھولا گیا۔ اندر داخل ہوئے تو تصویریں نظر آئیں جن میں حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں بھی تھیں اور ان کے ہاتھ میں فال گیری کے تیر تھے۔ آپؐ نے یہ منظر دیکھ کر فرمایا: "اللہ ان مشرکین کو ہلاک کرے۔ خدا کی قسم ان دونوں پیغمبروں نے کبھی بھی فال کے تیر استعمال نہیں کئے"۔ آپؐ نے خانہ کعبہ کے اندر لکڑی کی بنی ہوئی ایک کبوتری بھی دیکھی۔ اسے اپنے دست مبارک سے توڑ دیا اور تصویریں آپؐ کے حکم سے مٹا دی گئیں۔

خانہ کعبہ میں رسول اللہ ﷺ کی نماز اور قریش سے خطاب

اس کے بعد آپؐ نے اندر سے دروازہ بند کر لیا۔ حضرت اسامہؓ اور بلالؓ بھی اندر ہی تھے۔ پھر دروازے کے مقابل کی دیوار کا رُخ کیا۔ جب دیوار صرف تین ہاتھ کے فاصلے پر رہ گئی تو وہیں ٹھہر گئے۔ دو کھمبے آپؐ کے بائیں جانب تھے، ایک کھمبا داہنے جانب اور تین کھمبے پیچھے ـــ ان دنوں خانہ کعبہ میں چھ کھمبے تھے ـــ پھر وہیں آپؐ نے نماز پڑھی۔ اس کے بعد بیت اللہ کے اندرونی حصے کا چکر لگایا۔ تمام گوشوں میں تکبیر و توحید کے کلمات کہے۔ پھر دروازہ کھول دیا۔ قریش (سامنے) مسجد حرام میں صفیں لگائے کھچا کھچ بھرے تھے۔ انہیں انتظار تھا کہ آپ کیا کرتے ہیں؟ آپؐ نے دروازے کے دونوں بازو پکڑ لیے، قریش نیچے تھے انہیں یوں مخاطب فرمایا :

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ اس نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا۔ اپنے بندے کی مدد کی اور تنہا سارے جتھوں کو شکست دی۔ سنو! بیت اللہ کی کلید برداری اور حاجیوں کو

پانی پلانے کے علاوہ سارا اعزاز، یا کمال، یا خون میرے ان دونوں قدموں کے نیچے ہے۔ یاد رکھو قتل خطا شبہ عمد میں ـــ جو کوڑے اور ڈنڈے سے ہو ـــ مغلظ دیت ہے، یعنی سو اونٹ جن میں سے چالیس اونٹنیوں کے شکم میں ان کے بچے ہوں۔

اے قریش کے لوگو! اللہ نے تم سے جاہلیت کی نخوت اور باپ دادا پر فخر کا خاتمہ کر دیا۔ سارے لوگ آدمؑ سے ہیں اور آدم مٹی سے۔" اس کے بعد یہ آیت تلاوت فرمائی:

يَاأَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَٰكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَىٰ وَجَعَلْنَٰكُمْ شُعُوبًا وَقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوٓا ۚ إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ ٱللَّهِ أَتْقَىٰكُمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ۝ (۴۹:۱۳)

"اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ تم میں اللہ کے نزدیک سب سے باعزت وہی ہے جو سب سے زیادہ متقی ہو۔ بیشک اللہ جاننے والا اور خبر رکھنے والا ہے۔"

آج کوئی سرزنش نہیں

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: "قریش کے لوگو! تمہارا کیا خیال ہے میں تمہارے ساتھ کیسا سلوک کرنے والا ہوں؟" انہوں نے کہا:

"اچھا ـــ آپ کریم بھائی ہیں۔ اور کریم بھائی کے صاحبزادے ہیں۔" آپؐ نے فرمایا: "تو میں تم سے وہی بات کہہ رہا ہوں جو حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہی تھی کہ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ آج تم پر کوئی سرزنش نہیں۔ جاؤ تم سب آزاد ہو۔"

کعبے کی کنجی (حق بحقدار رسید)

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ مسجد حرام میں بیٹھ گئے۔ حضرت علیؓ نے ـــ جن کے ہاتھ میں کعبے کی کنجی تھی ـــ حاضر خدمت ہو کر عرض کیا: "حضور ہمارے لیے حجاج کو پانی پلانے کے اعزاز کے ساتھ خانہ کعبہ کی کلید برداری کا اعزاز بھی جمع فرما دیجیے۔ اللہ آپ پر رحمت نازل کرے۔" ایک اور روایت کے بموجب یہ گذارش حضرت عباسؓ نے کی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، عثمانؓ بن طلحہ کہاں ہیں؟ انہیں بلایا گیا۔ آپؐ نے فرمایا: عثمانؓ! "یہ لو اپنی کنجی۔ آج کا دن نیکی اور وفاداری کا دن ہے۔" طبقات ابن سعد کی روایت ہے کہ آپؐ نے کنجی دیتے ہوئے فرمایا: "اسے ہمیشہ ہمیش کے لیے لو۔ تم لوگوں سے اسے وہی چھینے گا جو ظالم ہو گا۔ اے عثمانؓ! اللہ نے تم لوگوں کو اپنے گھر کا امین بنایا ہے، لہٰذا اس بیت اللہ سے تمہیں جو کچھ ملے اس سے معروف کے ساتھ کھانا۔"

کعبے کی چھت پر اذانِ بلالی

اب نماز کا وقت ہو چکا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ کعبے پر چڑھ کر اذان کہیں۔

اس وقت ابوسفیان بن حرب، عتّاب بن اسید اور حارث بن ہشام کعبہ کے صحن میں بیٹھے تھے۔ عتاب نے کہا "اللہ نے اسید (کو فوت کر کے اس) پر یہ کرم کیا کہ وہ یہ (اذان) نہ سن سکا ورنہ اسے ایک ناگوار چیز سننی پڑتی۔ اس پر حارث نے کہا "سنو! واللہ! اگر مجھے معلوم ہو جائے کہ وہ برحق ہیں تو میں ان کا پیروکار بن جاؤں گا۔ اس پر ابوسفیان نے کہا" دیکھو! واللہ میں کچھ نہیں کہوں گا۔ کیونکہ اگر میں بولوں گا تو یہ کنکریاں بھی میرے متعلق خبر دے دیں گی۔ اس کے بعد نبی ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا "ابھی تم لوگوں نے جو باتیں کی ہیں، وہ مجھے معلوم ہو چکی ہیں۔ پھر آپؐ نے ان کی گفتگو دہرا دی۔ اس پر حارث اور عتاب بول اُٹھے، ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپؐ اللہ کے رسُول ہیں۔ خُدا کی قسم! کوئی شخص ہمارے ساتھ تھا ہی نہیں کہ ہماری اس گفتگو سے آگاہ ہوتا اور ہم کہتے کہ اس نے آپؐ کو خبر دی ہوگی۔

فتح یا شُکرانے کی نماز

اسی روز رسول اللہ ﷺ اُمّ ہانیؓ بنت ابی طالب کے گھر تشریف لے گئے۔ وہاں غسل فرمایا اور ان کے گھر میں ہی آٹھ رکعت نماز پڑھی۔ یہ چاشت کا وقت تھا۔ اس لیے کسی نے اس کو چاشت کی نماز سمجھا اور کسی نے فتح کی نماز۔ اُمّ ہانیؓ نے اپنے دو دیوروں کو پناہ دے رکھی تھی۔ آپؐ نے فرمایا "اے اُمّ ہانیؓ جسے تم نے پناہ دی اسے ہم نے بھی پناہ دی۔ اس ارشاد کی وجہ یہ تھی کہ اُمّ ہانیؓ کے بھائی حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ان دونوں کو قتل کرنا چاہتے تھے۔ اس لیے اُمّ ہانیؓ نے ان دونوں کو چھپا کر گھر کا دروازہ بند کر رکھا تھا۔ جب نبی ﷺ تشریف لے گئے تو ان کے بارے میں سوال کیا اور مذکورہ جواب سے بہرہ ور ہوئیں۔

اکابر مجرمین کا خُون رائیگاں قرار دیدیا گیا

فتح مکہ کے روز رسول اللہ ﷺ نے اکابر مجرمین میں سے نو آدمیوں کا خون رائیگاں قرار دیتے ہوئے حکم دیا کہ اگر وہ کعبے کے پردے کے نیچے بھی پائے جائیں تو انہیں قتل کر دیا جائے۔ ان کے نام یہ ہیں۔

(۱) عبدالعزیٰ بن خَطَل (۲) عبداللہ بن سعد بن ابی سرح (۳) عکرمہ بن ابی جہل (۴) حارث بن نُفَیل بن وہب (۵) مقیس بن صبابہ (۶) ہبّار بن اسود (۷، ۸) ابنِ خطل کی دو لونڈیاں جو نبی ﷺ کی ہجو گایا کرتی تھیں (۹) سارہ، جو اولاد عبدالمطلب میں سے کسی کی لونڈی تھی۔ اسی کے پاس حاطبؓ کا خط

پایا گیا تھا۔

ابنؓ ابی سرح کا معاملہ یہ ہوا کہ اسے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے خدمتِ نبویؐ میں لے جا کر جان بخشی کی سفارش کر دی اور آپؐ نے اس کی جان بخشی فرماتے ہوئے اس کا اسلام قبول کر لیا۔ لیکن اس سے پہلے آپؐ کچھ دیر تک اس امید میں خاموش رہے کہ کوئی صحابی اٹھ کر اسے قتل کر دیں گے۔ کیونکہ یہ شخص اس سے پہلے بھی ایک بار اسلام قبول کر چکا تھا اور ہجرت کر کے مدینہ آیا تھا لیکن پھر مرتد ہو کر بھاگ گیا تھا (تاہم اس کے بعد کا کردار ان کے حسنِ اسلام کا آئینہ دار ہے۔ رضی اللہ عنہ)

عکرمہ بن ابی جہل نے بھاگ کر یمن کی راہ لی لیکن اس کی بیوی خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہو کر اس کے لیے امان کی طالب ہوئی اور آپؐ نے امان دے دی۔ اس کے بعد وہ عکرمہ کے پیچھے پیچھے گئی اور اسے ساتھ لے آئی۔ اس نے واپس آ کر اسلام قبول کیا اور اس کے اسلام کی کیفیت بہت اچھی رہی۔

ابنِ خطل خانہ کعبہ کا پردہ پکڑ کر لٹکا ہوا تھا۔ ایک صحابی نے خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہو کر اطلاع دی۔ آپ نے فرمایا اسے قتل کر دو۔ انہوں نے اسے قتل کر دیا۔

مقیس بن صبابہ کو حضرت نُمیلہ بن عبداللہ نے قتل کیا۔ مقیس بھی پہلے مسلمان ہو چکا تھا لیکن پھر ایک انصاری کو قتل کر کے مرتد ہو گیا اور بھاگ کر مشرکین کے پاس چلا گیا تھا۔

حارث، مکہ میں رسول اللہ ﷺ کو سخت اذیت پہنچایا کرتا تھا۔ اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا۔

ہَبّار بن اسود وہی شخص ہے جس نے رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت زینبؓ کو ان کی ہجرت کے موقع پر ایسا کچوکا مارا تھا کہ وہ ہودج سے ایک چٹان پر جا گری تھیں اور اس کی وجہ سے ان کا حمل ساقط ہو گیا تھا۔ یہ شخص فتح مکہ کے روز نکل بھاگا۔ پھر مسلمان ہو گیا اور اس کے اسلام کی کیفیت اچھی رہی۔

ابن خطل کی دونوں لونڈیوں میں سے ایک قتل کی گئی۔ دوسری کے لیے امان طلب کی گئی اور اس نے اسلام قبول کر لیا۔ اسی طرح سارہ کے لیے امان طلب کی گئی اور وہ بھی مسلمان ہو گئی۔ (خلاصہ یہ کہ نو میں سے چار قتل کیے گئے، پانچ کی جان بخشی ہوئی اور انہوں نے اسلام قبول کیا۔)

حافظ ابنِ حجر لکھتے ہیں: جن لوگوں کا خون رائیگاں قرار دیا گیا ان کے ضمن میں ابو معشر نے حارث بن طلال خزاعی کا بھی ذکر کیا ہے۔ اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا۔ امام حاکم نے اسی فہرست میں کعب بن زہیر کا ذکر کیا ہے ——— کعب کا واقعہ مشہور ہے۔ اس نے بعد میں آ کر اسلام قبول کیا اور

نبی ﷺ کی مدح کی۔ (اسی فہرست میں) وحشیؓ بن حرب اور ابوسفیان کی بیوی ہندؓ بنت عتبہ ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا اور ابن خطل کی لونڈی ارنب ہے جو قتل کی گئی اور اُمِ سعد ہے۔ یہ بھی قتل کی گئی۔ جیسا کہ ابن اسحاق نے ذکر کیا ہے۔ اس طرح مردوں کی تعداد آٹھ اور عورتوں کی تعداد چھ ہو جاتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ دونوں لونڈیاں ارنب اور امِ سعد ہوں اور اختلاف محض نام کا ہو یا کنیت اور لقب کے اعتبار سے اختلاف ہو گیا ہو۔[۹]

صفوان بن اُمیہ اور فضالہ بن عُمیر کا قبولِ اسلام

صفوان کا خون اگرچہ رائیگاں نہیں قرار دیا گیا تھا لیکن قریش کا ایک بڑا لیڈر ہونے کی حیثیت سے اُسے اپنی جان کا خطرہ تھا؛ اسی لیے وہ بھی بھاگ گیا۔ عُمیرؓ بن وہب جمحی نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے لیے امان طلب کی۔ آپؐ نے امان دے دی اور علامت کے طور پر عُمیرؓ کو اپنی وہ پگڑی بھی دے دی جو مکہ میں داخلے کے وقت آپؐ نے سر پر باندھ رکھی تھی۔ عُمیرؓ، صفوان کے پاس پہنچے تو وہ جدہ سے یمن جانے کے لیے سمندر پر سوار ہونے کی تیاری کر رہا تھا۔ عُمیرؓ اسے واپس لے آئے۔ اس نے رسول اللہ ﷺ سے کہا: مجھے دو مہینے کا اختیار دیجیے۔ آپؐ نے فرمایا: تمہیں چار مہینے کا اختیار ہے۔ اس کے بعد صفوان نے اسلام قبول کر لیا۔ اس کی بیوی پہلے ہی مسلمان ہو چکی تھی۔ آپؐ نے دونوں کو پہلے ہی نکاح پر برقرار رکھا۔

فضالہ ایک جری آدمی تھا۔ جس وقت رسول اللہ ﷺ طواف کر رہے تھے وہ قتل کی نیت سے آپؐ کے پاس آیا لیکن رسول اللہ ﷺ نے بتا دیا کہ اس کے دل میں کیا ہے۔ اس پر وہ مسلمان ہو گیا۔

فتح کے دُوسرے دن رسول اللہ ﷺ کا خطبہ

فتح کے دُوسرے دن خطبہ دینے کیلئے رسول اللہ ﷺ لوگوں کے درمیان پھر کھڑے ہوئے۔ آپ نے اللہ کی حمد و ثنا کی اور اس کے شایانِ شان اس کی تمجید کی پھر فرمایا:

"لوگو! اللہ نے جس دن آسمان کو پیدا کیا اسی دن مکہ کو حرام (حرمت والا شہر) ٹھہرایا۔ اس لیے وہ اللہ کی حرمت کے سبب قیامت تک کے لیے حرام ہے۔ کوئی آدمی جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کے لیے حلال نہیں کہ اس میں خون بہائے یا یہاں کا کوئی درخت کاٹے۔ اگر کوئی شخص اس بنا پر رخصت اختیار کرے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہاں قتال کیا تو اس سے کہہ دو کہ اللہ نے اپنے رسول کو اجازت دی تھی لیکن تمہیں اجازت نہیں دی ہے۔ اور میرے لیے بھی اسے صرف دن کی ایک ساعت میں حلال کیا گیا۔ پھر آج اس کی

---

[۹] فتح الباری ۸/۱۱، ۱۲

حرمت اسی طرح پلٹ آئی جس طرح کل اس کی حرمت تھی۔ اب چاہیئے کہ جو حاضر ہے وہ غائب کو یہ بات پہنچا دے۔"

ایک روایت میں اتنا مزید اضافہ ہے کہ یہاں کا کانٹا نہ کاٹا جائے، شکار نہ بھگایا جائے اور گری پڑی چیز نہ اٹھائی جائے۔ البتہ وہ شخص اٹھا سکتا ہے جو اس کا تعارف کرائے اور یہاں کی گھاس نہ اکھاڑی جائے۔ حضرت عباسؓ نے کہا "یا رسول اللہ ﷺ! مگر اِذخر (عرب کی مشہور گھاس جو موج کی ہم شکل ہوتی ہے اور چائے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے) کیونکہ یہ لوہار اور گھر کی (ضروریات) کی چیز ہے! آپؐ نے فرمایا: مگر اِذخر۔

بنو خزاعہ نے اس روز بنولیث کے ایک آدمی کو قتل کر دیا تھا کیونکہ بنولیث کے ہاتھوں اُن کا ایک آدمی جاہلیت میں مارا گیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس بارے میں فرمایا "خزاعہ کے لوگو! اپنا ہاتھ قتل سے روک لو، کیونکہ قتل اگر نافع ہوتا تو بہت قتل ہو چکا۔ تم نے ایک ایسا آدمی قتل کیا ہے کہ میں اس کی دیت لازماً ادا کروں گا۔ پھر میرے اس مقام کے بعد اگر کسی نے کسی کو قتل کیا تو مقتول کے اولیاء کو دو باتوں کا اختیار ہوگا؛ چاہیں تو قاتل کا خُون بہائیں اور چاہیں تو اس سے دیت لیں۔

ایک روایت میں ہے کہ اس کے بعد یمن کے ایک آدمی نے جس کا نام ابوشاہ تھا اُٹھ کر عرض کیا "یا رسول اللہ! (اسے) میرے لیے لکھوا دیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: ابوشاہ کے لیے لکھ دو۔[۱]

انصار کے اندیشے

جب رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کی تکمیل فرما چکے ــــ اور معلوم ہے کہ یہی آپ کا شہر، آپؐ کی جائے پیدائش اور وطن تھا ــــ تو انصار نے آپس میں کہا "کیا خیال ہے اب اللہ نے رسول اللہ ﷺ کو آپؐ کی اپنی سرزمین اور آپؐ کا شہر فتح کرا دیا ہے تو آپؐ یہیں قیام فرمائیں گے؟ اس وقت آپؐ صفا پر ہاتھ اٹھائے دعا فرما رہے تھے۔ دُعا سے فارغ ہوئے تو دریافت فرمایا تم لوگوں نے کیا بات کی ہے؟ انہوں نے کہا "کچھ نہیں یا رسول اللہ۔ مگر آپ نے اصرار فرمایا تو بالآخر ان لوگوں نے بتلا دیا۔ آپؐ نے فرمایا "خُدا کی پناہ! اب زندگی اور موت تمہارے ساتھ ہے۔

بیعت

جب اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کو مکہ کی فتح عطا فرما دی تو اہلِ مکہ پر حق واضح ہوگیا اور وہ جان گئے کہ اسلام کے سوا کامیابی کی کوئی راہ نہیں اس لیے وہ اسلام کے تابعدار بنتے ہوئے بیعت کے لیے جمع ہو گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے صفا پر بیٹھ کر لوگوں سے

---

[۱] ان روایات کے لیے دیکھیے صحیح بخاری ۱/۲۲، ۲۱۶، ۲۴۷، ۳۲۸، ۳۲۹، ۲/۶۱۵، ۶۱۷، صحیح مسلم ۱/۴۳۷، ۴۳۸، ۴۳۹، ابنِ ہشام ۲/۴۱۵، ۴۱۶، سنن ابی داؤد ۱/۲۷۶

بیعت لینی شروع کی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آپ سے نیچے تھے اور لوگوں سے عہد و پیمان لے رہے تھے۔ لوگوں نے حضور ﷺ سے بیعت کی کہ جہاں تک ہو سکے گا آپؐ کی بات سُنیں گے اور مانیں گے۔

اس موقع پر تفسیر مدارک میں یہ روایت مذکور ہے کہ جب نبی کریم ﷺ مردوں کی بیعت سے فارغ ہو چکے تو وہیں صفا ہی پر عورتوں سے بیعت لینی شروع کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپؐ سے نیچے بیٹھے تھے اور آپؐ کے حکم پر عورتوں سے بیعت لے رہے تھے' اور انہیں آپ کی باتیں پہنچا رہے تھے۔ اسی دوران ابوسفیان کی بیوی ہند بنت عتبہ بھیس بدل کر آئی۔ دراصل حضرت حمزہؓ کی لاش کے ساتھ اس نے جو حرکت کی تھی اس کی وجہ سے وہ خوف زدہ تھی کہ کہیں رسول اللہ ﷺ اسے پہچان نہ لیں۔ ادھر رسول اللہ ﷺ نے (بیعت شروع کی) تو فرمایا' میں تم سے اس بات پر بیعت لیتا ہوں کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (یہی بات دہراتے ہوئے) عورتوں سے اس بات پر بیعت لی کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں گی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' اور چوری نہ کرو گی۔ اس پر ہندہ بول اٹھی '' ابوسفیان بخیل آدمی ہے۔ اگر میں اس کے مال سے کچھ لے لوں تو؟ ابوسفیان نے (جو وہیں موجود تھے) کہا' تم جو کچھ لے لو وہ تمہارے لیے حلال ہے۔ رسول اللہ ﷺ مسکرانے لگے۔ آپؐ نے ہندہ کو پہچان لیا۔ فرمایا' اچھا..... تو تم ہو ہندہ! وہ بولی ہاں، اے اللہ کے نبیؐ جو کچھ گذر چکا ہے اسے معاف فرما دیجئے۔ اللہ آپؐ کو معاف فرمائے۔

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا' اور زنا نہ کرو گی۔ اس پر ہندہ نے کہا' بھلا کہیں حُرّہ (آزاد عورت) بھی زنا کرتی ہے! پھر آپؐ نے فرمایا' اور اپنی اولاد کو قتل نہ کرو گی۔ ہندہ نے کہا' ہم نے تو بچپن میں انہیں پالا پوسا لیکن بڑے ہونے پر آپؐ لوگوں نے انہیں قتل کر دیا۔ اس لیے آپؐ اور وہ ہی بہتر جانیں۔ یاد رہے کہ ہندہ کا بیٹا حنظلہ بن ابی سفیان بدر کے دن قتل کیا گیا تھا۔۔۔ یہ سن کر حضرت عمرؓ ہنستے ہنستے چت لیٹ گئے اور رسول اللہ ﷺ نے بھی تبسم فرمایا۔

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا' اور کوئی بہتان نہ گھڑو گی۔ ہندہ نے کہا' واللہ بہتان بڑی بُری بات ہے اور آپؐ ہمیں واقعی رشد اور مکارم اخلاق کا حکم دیتے ہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا' اور کسی معروف بات میں رسُول کی نافرمانی نہ کرو گی۔ ہندہؓ نے کہا' خدا کی قسم ہم اپنی اس مجلس میں اپنے دلوں کے اندر یہ بات لے کر نہیں بیٹھی ہیں کہ آپؐ کی نافرمانی بھی کریں گی۔

پھر واپس ہو کر ہندہؓ نے اپنا بُت توڑ دیا۔ وہ اسے توڑتی جا رہی تھی اور کہتی جا رہی تھی ہم تیرے متعلق

دھوکے میں تھے۔[۱۱۸]

مکہ میں نبی ﷺ کا قیام اور کام

مکہ میں رسول اللہ ﷺ نے اُنیس[۱۹] روز قیام فرمایا۔ اس دوران آپؐ شعائر اسلام کی تجدید کرتے رہے اور لوگوں کو ہدایت و تقویٰ کی تلقین فرماتے رہے۔ انہی دنوں آپؐ کے حکم سے حضرت ابو اسیدؓ خزاعی نے نئے سرے سے حدودِ حرم کے کھمبے نصب کئے۔ آپؐ نے اسلام کی دعوت اور مکہ کے آس پاس بتوں کو توڑنے کے لیے متعدد سرایا بھی روانہ کئے اور اس طرح سارے بُت توڑ ڈالے گئے۔ آپؐ کے مُنادی نے مکّے میں اعلان کیا کہ جو شخص اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے گھر میں کوئی بُت نہ چھوڑے بلکہ اُسے توڑ ڈالے۔

سرایا اور وفود

۱۔ فتح مکہ سے یکسو ہو جانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ۲۵ رمضان ۸ھ کو حضرت خالدؓ بن ولید کی سرکردگی میں عُزّیٰ کے انہدام کے لیے ایک سریہ روانہ فرمایا۔ عُزّیٰ نخلہ میں تھا۔ قریش اور سارے بنو کنانہ اس کی پوجا کرتے تھے اور یہ ان کا سب سے بڑا بُت تھا۔ بنو شیبان اس کے مجاور تھے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے تیس سواروں کی معیت میں نخلہ جا کر اسے ڈھا دیا۔ واپسی پر رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تم نے کچھ دیکھا بھی تھا؟ حضرت خالدؓ نے کہا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا، تب تو درحقیقت تم نے اسے ڈھایا ہی نہیں۔ پھر سے جاؤ اور اسے ڈھا دو۔ حضرت خالدؓ بپھرے اور تلوار سونتے ہوئے دوبارہ تشریف لے گئے۔ اب کی بار ان کی جانب ایک ننگی، کالی، پراگندہ سر عورت نکلی۔ مجاور اسے چیخ چیخ کر پکارنے لگا لیکن اتنے میں حضرت خالدؓ نے اس زور کی تلوار ماری کہ اس عورت کے دو ٹکڑے ہو گئے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس آکر خبر دی۔ آپؐ نے فرمایا: ہاں! وہی عُزّیٰ تھی۔ اب وہ مایوس ہو چکی ہے کہ تمہارے ملک میں کبھی بھی اس کی پوجا کی جائے۔

۲۔ اس کے بعد آپؐ نے عَمْرو بن عاص رضی اللہ عنہ کو اسی مہینے سُوَاع نامی بُت ڈھانے کے لیے روانہ کیا۔ یہ مکّہ سے تین میل کے فاصلے پر رہاط میں بنو ہُذَیل کا ایک بُت تھا۔ جب حضرت عَمْروؓ وہاں پہنچے تو مجاور نے پوچھا، تم کیا چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا، مجھے رسول اللہ ﷺ نے اسے ڈھانے کا حکم دیا ہے۔ اس نے کہا: تم اس پر قادر نہیں ہو سکتے۔ حضرت عَمْروؓ نے کہا، کیوں؟ اس نے کہا، (قدرۃً) روک دیے جاؤ گے۔ حضرت عمروؓ نے کہا، تم اب تک باطل پر ہو؟ تم پر افسوس! کیا یہ سنتا یا دیکھتا ہے؟ اس کے بعد بُت کے

---

[۱۱۸] دیکھئے مدارک التنزیل للنسفی تفسیر آیت بیعۃ

پاس جا کر اسے توڑ ڈالا اور اپنے ساتھیوں کو حکم دیا کہ وہ اس کے خزانہ والا مکان ڈھا دیں۔ لیکن اس میں کچھ نہ ملا۔ پھر مجاور سے فرمایا، کہو کیسا رہا؟ اس نے کہا، میں اللہ کے لیے اسلام لایا۔

۳۔ اسی ماہ حضرت سعدؓ بن زید اشہلی کو بیس سوار دے کر مَناۃ کی جانب روانہ کیا گیا۔ یہ قُدَید کے پاس مشلل میں اوس و خزرج اور غسان وغیرہ کا بُت تھا۔ جب حضرت سعدؓ وہاں پہنچے تو اس کے مجاور نے ان سے کہا، تم کیا چاہتے ہو؟ انہوں نے کہا مناۃ کو ڈھانا چاہتا ہوں۔ اس نے کہا، تم جانو اور تمہارا کام جانے۔ حضرت سعدؓ مناۃ کی طرف بڑھے تو ایک کالی ننگی، پراگندہ سر عورت نکلی۔ وہ اپنا سینہ پیٹ پیٹ کر ہائے ہائے کر رہی تھی۔ اس سے مجاور نے کہا، مناۃ! اپنے کچھ نافرمانوں کو پکڑ لے۔ لیکن اتنے میں حضرت سعدؓ نے تلوار مار کر اس کا کام تمام کر دیا۔ پھر لپک کر بُت ڈھا دیا اور اسے توڑ پھوڑ ڈالا۔ خزانے میں کچھ نہ ملا۔

۴۔ عُزّیٰ کو ڈھا کر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ واپس آئے تو انہیں رسول اللہ ﷺ نے اسی ماہ شعبان ۸ھ میں بنو جُذیمہ کے پاس روانہ فرمایا، لیکن مقصود حملہ نہیں بلکہ اسلام کی تبلیغ تھی۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ مہاجرین و انصار اور بنو سُلَیم کے ساڑھے تین سو افراد لے کر روانہ ہوئے اور بنو جذیمہ کے پاس پہنچ کر اسلام کی دعوت دی۔ انہوں نے اَسْلَمْنَا (ہم اسلام لائے) کے بجائے صَبَأْنَا صَبَأْنَا (ہم نے اپنا دین چھوڑا، ہم نے اپنا دین چھوڑا) کہا۔ اس پر حضرت خالدؓ نے ان کا قتل اور ان کی گرفتاری شروع کر دی اور ایک ایک قیدی اپنے ہر ہر ساتھی کے حوالے کیا۔ پھر ایک دن حکم دیا کہ ہر آدمی اپنے قیدی کو قتل کر دے، لیکن حضرت ابن عمرؓ اور ان کے ساتھیوں نے اس حکم کی تعمیل سے انکار کر دیا اور جب نبی ﷺ کے پاس آئے تو آپؐ سے اس کا تذکرہ کیا۔ آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور دو بار فرمایا: "اے اللہ خالدؓ نے جو کچھ کیا میں اس سے تیری طرف براءت اختیار کرتا ہوں۔[۱۲]"

اس موقع پر صرف بنو سُلَیم کے لوگوں نے اپنے قیدیوں کو قتل کیا تھا۔ انصار و مہاجرین نے قتل نہیں کیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیج کر ان کے مقتولین کی دیت اور ان کے نقصانات کا معاوضہ ادا فرمایا۔ اس معاملے میں حضرت خالد اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کے درمیان کچھ سخت کلامی اور کشیدگی ہو گئی تھی۔ اس کی خبر رسول اللہ ﷺ کو ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: خالد! ٹھہر جاؤ۔ میرے رفقاء کو کچھ کہنے سے باز رہو۔ خدا کی قسم اگر اُحد پہاڑ سونا ہو جائے اور وہ سارا کا سارا تم اللہ کی راہ میں خرچ کر دو تب بھی میرے رفقاء میں سے کسی ایک آدمی کی ایک صبح کی عبادت یا ایک

---

[۱۲] صحیح بخاری ۱/۴۵۰، ۲/۶۲۲

شام کی عبادت کو نہیں پہنچ سکتے۔[۱۳]

یہ ہے غزوۂ فتح مکہ — یہی وہ فیصلہ کن معرکہ اور فتح عظیم ہے جس نے بُت پرستی کی قوت مکمل طور پر توڑ کر رکھ دی اور اس کا کام اس طرح تمام کر دیا کہ جزیرۃ العرب میں اس کے باقی رہنے کی کوئی گنجائش اور کوئی وجہ جواز نہ رہ گئی، کیونکہ عام قبائل منتظر تھے کہ مسلمانوں اور بُت پرستوں میں جو معرکہ آرائی چل رہی ہے دیکھیں اس کا انجام کیا ہوتا ہے؟ ان قبائل کو یہ بات بھی اچھی طرح معلوم تھی کہ حرم پر وہی مسلّط ہو سکتا ہے جو حق پر ہو۔ ان کے اس یقینِ کامل میں مزید حد درجہ پختگی نصف صدی پہلے اصحابِ فیل اَبرَہہ اور اس کے ساتھیوں کے واقعہ سے آگئی تھی کیونکہ اہلِ عرب نے دیکھ لیا تھا کہ ابرہہ اور اس کے ساتھیوں نے بیت اللہ کا رُخ کیا تو اللہ نے انہیں ہلاک کر کے بھُس بنا دیا۔

یاد رہے کہ صلح حدیبیہ اس فتح عظیم کا پیش خیمہ اور تمہید تھی۔ اس کی وجہ سے امن و امان کا دَور دَورہ ہو گیا تھا۔ لوگ کھل کر ایک دوسرے سے باتیں کرتے تھے۔ اسلام کے متعلق تبادلۂ خیال اور بحثیں ہوتی تھیں۔ مکہ کے جو لوگ در پردہ مسلمان تھے انہیں بھی اس صلح کے بعد اپنے دین کے اظہار و تبلیغ اور اس پر بحث و مناظرہ کا موقع ملا۔ ان حالات کے نتیجے میں بہت سے لوگ حلقہ بگوش اسلام ہوئے یہاں تک کہ اسلامی لشکر کی جو تعداد گزشتہ کسی غزوے میں تین ہزار سے زیادہ نہ ہو سکی تھی اس غزوۂ فتح مکہ میں دس ہزار تک جا پہنچی۔

اس فیصلہ کن غزوے نے لوگوں کی آنکھیں کھول دیں اور ان پر پڑا ہوا وہ آخری پردہ ہٹا دیا جو قبول اسلام کی راہ میں روک بنا ہوا تھا۔ اس فتح کے بعد پورے جزیرۃ العرب کے سیاسی اور دینی اُفق پر مسلمانوں کا سورج چمک رہا تھا اور اب دینی سربراہی اور دنیوی قیادت کی زمام ان کے ہاتھ آ چکی تھی۔

گویا صلح حدیبیہ کے بعد جو مسلمانوں کے حق میں مفید تغیر شروع ہوا تھا اس فتح کے ذریعے مکمل اور تمام ہو گیا اور اس کے بعد ایک دوسرا دَور شروع ہوا جو پورے طور پر مسلمانوں کے حق میں تھا اور جس میں پوری صورت حال مسلمانوں کے قابو میں تھی؛ اور عرب اقوام کے سامنے صرف ایک ہی راستہ تھا کہ وہ وفود کی شکل میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیں اور آپؐ کی دعوت لے کر چار دانگ عالم میں پھیل جائیں۔ اگلے دو برسوں میں اسی کی تیاری کی گئی۔

---

[۱۳] اس غزوے کی تفصیلات ذیل کے مآخذ سے لی گئی ہیں۔ ابنِ ہشام ۲/ ۳۸۹ تا ۴۳۷، صحیح بخاری ۱/ کتاب الجہاد اور کتاب المناسک، ۲/ ۶۱۲ تا ۶۱۵، ۶۲۲ فتح الباری ۸ / ۳ تا ۲۷، صحیح مسلم ۱/ ۴۳۷، ۴۳۸، ۴۳۹، ۲/ ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۳۰، زاد المعاد ۲/ ۱۶۰ تا ۱۶۸، مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۳۲۲ تا ۳۵۱

تیسرا مرحلہ:

یہ رسول اللہ ﷺ کی پیغمبرانہ زندگی کا آخری مرحلہ ہے جو آپؐ کی اسلامی دعوت کے ان نتائج کی نمائندگی کرتا ہے جنہیں آپؐ نے تقریباً ۲۳ سال کی طویل جدوجہد، مشکلات و مشقت، ہنگاموں اور فتنوں، فسادات اور جنگوں اور خونریز معرکوں کے بعد حاصل کیا تھا۔

ان طویل برسوں میں فتح مکہ سب سے اہم ترین کامیابی تھی جو مسلمانوں نے حاصل کی۔ اس کی وجہ سے حالات کا دھارا بدل گیا اور عرب کی فضا میں تغیّر آگیا۔ یہ فتح درحقیقت اپنے ماقبل اور مابعد کے دونوں زمانوں کے درمیان حدِّ فاصل کی حیثیت رکھتی ہے۔ چونکہ قریش اہل عرب کی نظر میں دین کے محافظ اور انصار تھے اور پورا عرب اس بارے میں انکے تابع تھا اس لیے قریش کی سپر اندازی کے معنی یہ تھے کہ پورے جزیرہ نمائے عرب میں بت پرستانہ دین کا کام تمام ہو گیا۔

یہ آخری مرحلہ دو حصوں میں تقسیم ہے۔

۱۔ مجاہدہ اور قتال۔

۲۔ قبولِ اسلام کے لیے قوموں اور قبیلوں کی دوڑ۔

یہ دونوں صورتیں ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں اور اس مرحلے میں آگے پیچھے بھی اور ایک دوسرے کے دوران بھی پیش آتی رہی ہیں۔ البتہ ہم نے کتابی ترتیب یہ اختیار کی ہے کہ ایک کو دوسرے سے الگ ذکر کریں۔ چونکہ پچھلے صفحات میں معرکہ دہ جنگ کا تذکرہ چل رہا تھا اور اگلی جنگ اسی کی ایک شاخ کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے یہاں جنگوں ہی کا ذکر پہلے کیا جا رہا ہے۔

غزوۂ حُنَین

مکہ کی فتح ایک اچانک ضرب کے بعد حاصل ہوئی تھی جس پر عرب ششدر تھے اور ہمسایہ قبائل میں اتنی سکت نہ تھی کہ اس ناگہانی امر واقعہ کو دفع کر سکیں۔ اس لیے بعض اڑیل، طاقتور اور متکبر قبائل کو چھوڑ کر بقیہ سارے قبیلوں نے سپر ڈال دی تھی۔ اڑیل قبیلوں میں ہوازن اور ثقیف سرِ فہرست تھے۔ ان کے ساتھ مُضَر، جُشَم اور سعد بن بکر کے قبائل اور بنو ہلال کے کچھ لوگ بھی شامل ہو گئے تھے۔ ان سب قبیلوں کا تعلق قیسِ عیلان سے تھا۔ انہیں یہ بات اپنی خودی اور عزتِ نفس کے خلاف معلوم ہو رہی تھی کہ مسلمانوں کے سامنے سپر انداز ہو جائیں۔ اس لیے ان قبائل نے مالک بن عوف نصری کے پاس جمع ہو کر طے کیا کہ مسلمانوں پر یلغار کی جائے۔

دشمن کی روانگی اور اَوطاس میں پڑاؤ

اس فیصلے کے بعد مسلمانوں سے جنگ کے لئے ان کی روانگی عمل میں آئی تو جنرل کمانڈر ـــــ مالک بن عوف ـــ لوگوں کے ساتھ ان کے مال مویشی اور بال بچے بھی کھینچ لایا اور آگے بڑھ کر وادی اوطاس میں خیمہ زن ہوا۔ یہ حنین کے قریب بنو ہوازن کے علاقے میں ایک وادی ہے، لیکن یہ وادی حنین سے علیحدہ ہے۔ حنین ایک دوسری وادی ہے جو ذوالمجاز کے بازو میں واقع ہے۔ وہاں سے عرفات ہوتے ہوئے مکے کا فاصلہ دس میل سے زیادہ ہے۔[1]

ماہرِ جنگ کی زبانی سپہ سالار کی تغلیط

اوطاس میں اُترنے کے بعد لوگ کمانڈر کے پاس جمع ہوئے۔ ان میں دُرَید بن صِمّہ بھی تھا ـــــ یہ بہت بوڑھا ہو چکا تھا اور اب اپنی جنگی واقفیت اور مشورہ کے سوا کچھ کرنے کے لائق نہ تھا۔ لیکن وہ اصلاً بڑا بہادر اور ماہر جنگجو رہ چکا تھا ـــــ اس نے دریافت کیا، "تم لوگ کس وادی میں ہو؟" جواب دیا "اوطاس میں۔" اس نے کہا "یہ سواروں کی بہترین جولان گاہ ہے؛ نہ پتھریلی اور کھائی دار ہے نہ بھربھری نشیب۔ لیکن کیا بات ہے کہ میں اونٹوں کی بلبلاہٹ، گدھوں کی ڈھینچ، بچّوں کا گریہ اور بکریوں کی ممیاہٹ سن رہا ہوں؟" لوگوں نے کہا "مالک بن عوف، فوج کے ساتھ ان کی عورتیں، بچے اور مال مویشی بھی کھینچ لایا ہے۔ اس

---

[1] فتح الباری ۸/۲۷، ۴۲

پر دُرَید نے مالک کو بلایا اور پوچھا ' تم نے ایسا کیوں کیا ہے ؟ اس نے کہا " میں نے سوچا کہ ہر آدمی کے پیچھے اس کے اہل اور مال کو لگا دوں، تاکہ وہ ان کی حفاظت کے جذبے کے ساتھ جنگ کرے۔ دُرید نے کہا: " واللہ! تم نرے بھیڑوں کے چرواہے ہو۔ بھلا شکست کھانے والے کو بھی کوئی چیز روک سکتی ہے ؟ دیکھو اگر جنگ میں تم غالب رہتے ہو تو بھی تمہارے لیے شمشیر و سناں سے مسلح آدمی ہی مفید ہے۔ اور اگر شکست کھا گئے تو پھر تمہیں اپنے اہل اور مال کے سلسلے میں رُسوا ہونا پڑے گا " پھر دُرَید نے بعض قبائل اور سرداروں کے متعلق سوال کیا اور اس کے بعد کہا : " اے مالک تم نے بنو ہوازن کی عورتوں اور بچوں کو سواروں کے مدِمقابل لا کر کوئی صحیح کام نہیں کیا ہے۔ انہیں ان کے علاقے کے محفوظ مقامات اور ان کی قوم کی بالائی جگہوں میں بھیج دو۔ اس کے بعد گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھ کر بد دینوں سے ٹکر لو۔ اگر تم نے فتح حاصل کی تو پیچھے والے تم سے آن ملیں گے اور اگر تمہیں شکست سے دو چار ہونا پڑا تو تمہارے اہل و عیال اور مال مویشی بہرحال محفوظ رہیں گے "

لیکن جنرل کمانڈر، مالک نے یہ مشورہ مسترد کر دیا اور کہا " خدا کی قسم میں ایسا نہیں کر سکتا۔ تم بوڑھے ہو چکے ہو اور تمہاری عقل بھی بوڑھی ہو چکی ہے۔ واللہ یا تو ہوازن میری اطاعت کریں یا میں اس تلوار پر ٹیک لگا دوں گا اور یہ میری پیٹھ کے آر پار نکل جائے گی " درحقیقت مالک کو یہ گوارا نہ ہوا کہ اس جنگ میں درید کا بھی نام یا مشورہ شامل ہو۔ ہوازن نے کہا " ہم نے تمہاری اطاعت کی۔ اس پر درید نے کہا " یہ ایسی جنگ ہے جس میں میں نہ (صحیح طور پر) شریک ہوں اور نہ (بالکل) الگ ہوں :

یالیتنی فیها جذع   أخب فیها واضع

اقود وطفاء الدمع   كأنها شاة صدع

" کاش میں اس میں جوان ہوتا۔ تگ و تاز اور بھاگ دوڑ کرتا۔ ٹانگ کے لمبے بالوں والے اور میانہ قسم کی بکری جیسے گھوڑے کی قیادت کرتا۔ "

دشمن کے جاسُوس

اس کے بعد مالک کے وہ جاسوس آئے جو مسلمانوں کے حالات کا پتا لگانے پر مامور کیے گئے تھے۔ ان کی حالت یہ تھی کہ ان کا جوڑ جوڑ ٹوٹ پھوٹ گیا تھا۔ مالک نے کہا، تمہاری تباہی ہو تمہیں یہ کیا ہو گیا ہے ؟ انہوں نے کہا ہم نے کچھ چتکبرے گھوڑوں پر سفید انسان دیکھے، اور اتنے میں واللہ ہماری وہ حالت ہو گئی جسے تم دیکھ رہے ہو۔

رسُول اللہ ﷺ کے جاسُوس

ادھر رسول اللہ ﷺ کو بھی دشمن کی روانگی کی خبریں مل چکی تھیں، چنانچہ آپ نے ابو حَدْرَد اسلمی رضی اللہ عنہ

کو یہ حکم دے کر روانہ فرمایا کہ لوگوں کے درمیان گھس کر قیام کریں اور ان کے حالات کا ٹھیک ٹھیک پتا لگا کر واپس آئیں اور آپؐ کو اطلاع دیں۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔

رسول اللہ ﷺ مکہ سے حُنین کی طرف

سنیچر ۶ شوال ۸ھ کو رسول اللہ ﷺ نے مکہ سے کوچ فرمایا۔ آج آپؐ کو مکہ میں آئے ہوئے انیسواں دن تھا۔ بارہ ہزار کی فوج آپ کے ہمرکاب تھی۔ دس ہزار وہ جو فتح مکہ کے لیے آپؐ کے ہمراہ تشریف لائی تھی اور دو ہزار باشندگان مکہ سے، جن میں اکثریت نو مسلموں کی تھی۔ نبی ﷺ نے صفوان بن امیہ سے سو زرہیں مع آلات و اوزار ادھار لیں اور عَتّاب بن اُسَید رضی اللہ عنہ کو مکہ کا گورنر مقرر فرمایا۔

دوپہر بعد ایک سوار نے آکر بتایا کہ میں نے فلاں اور فلاں پہاڑ پر چڑھ کر دیکھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ بنو ہوازن سب کے سب ہی آگئے ہیں۔ ان کی عورتیں، چوپائے اور بکریاں سب ساتھ ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے تبسم فرماتے ہوئے فرمایا "یہ سب ان شاء اللہ کل مسلمانوں کا مالِ غنیمت ہوگا۔ رات آئی تو حضرت انس بن ابی مرثد غنوی رضی اللہ عنہ نے رضا کارانہ طور پر سنتری کے فرائض انجام دیے۔[۲]

حنین جاتے ہوئے لوگوں نے بیر کا ایک بڑا سا ہرا درخت دیکھا جس کو ذاتِ اَنْواط کہا جاتا تھا ـــ (مشرکین) عرب اس پر اپنے ہتھیار لٹکاتے تھے، اس کے پاس جانور ذبح کرتے تھے اور وہاں درگاہ اور میلہ لگاتے تھے۔ بعض فوجیوں نے رسول اللہ ﷺ سے کہا "آپؐ ہمارے لیے بھی ذات انواط بنا دیجئے جیسے ان کے لیے ذات انواط ہے۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ اکبر اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے تم نے ویسی ہی بات کہی جیسی موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہی تھی کہ اِجْعَلْ لَّنَآ اِلٰهًا کَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ (ہمارے لیے بھی ایک معبود بنا دیجئے جس طرح ان کے لیے معبود ہیں") یہ طور طریقے ہیں۔ تم لوگ بھی یقیناً پہلوں کے طور طریقوں پر سوار ہو گے۔[۳]

(اثناء راہ میں) بعض لوگوں نے لشکر کی کثرت کے پیش نظر کہا تھا کہ ہم آج ہرگز مغلوب نہیں ہو سکتے اور یہ بات رسول اللہ ﷺ پر گراں گزری تھی۔

اسلامی لشکر پر تیراندازوں کا اچانک حملہ

اسلامی لشکر منگل اور بدھ کی درمیانی رات ۱۰ شوال کو حنین پہنچا لیکن مالک بن عوف

---

۲ دیکھئے سنن ابی داؤد مع عون المعبود ۲/ ۳۱۷ باب فضل الحرس فی سبیل اللہ

۳ ترمذی فتن، باب لترکبن سنن من کان قبلکم ۲/ ۴۱ مسند احمد ۵/ ۲۱۸

یہاں پہلے ہی پہنچ کر اور اپنا لشکر رات کی تاریکی میں اس وادی کے اندر اُتار کر اسے راستوں، گذرگاہوں گھاٹیوں، پوشیدہ جگہوں اور دّروں میں پھیلا اور چھپا چکا تھا اور اسے یہ حکم دے چکا تھا کہ مسلمان جونہی نمودار ہوں انہیں تیروں سے چھلنی کر دینا، پھر ان پر یک دم اکٹھے ٹوٹ پڑنا۔

ادھر سحر کے وقت رسول اللہ ﷺ نے لشکر کی ترتیب وتنظیم فرمائی اور پرچم باندھ کر لوگوں میں تقسیم کئے، پھر صبح کے جھٹپٹے میں مسلمانوں نے آگے بڑھ کر وادی حنین میں قدم رکھا۔ وہ دشمن کے وجود سے قطعی بے خبر تھے۔ انہیں مطلق علم نہ تھا کہ اس وادی کے تنگ دروں کے اندر ثقیف وہوازن کے جیالے ان کی گھات میں بیٹھے ہیں، اس لیے وہ بے خبری کے عالم میں پورے اطمینان کے ساتھ اُتر رہے تھے کہ اچانک ان پر تیروں کی بارش شروع ہوگئی۔ پھر فوراً ہی ان پر دشمن کے پرے کے پرے یک دم اکٹھے ٹوٹ پڑے۔ اس اچانک حملے سے مسلمان سنبھل نہ سکے اور ان میں ایسی بھگدڑ مچی کہ کوئی کسی کی طرف دیکھ نہ رہا تھا، بالکل فاش شکست تھی، یہاں تک کہ ابوسفیان بن حرب نے ـــــ جو ابھی نیا نیا مسلمان تھا ـــــ کہا' اب ان کی بھگدڑ سمندر سے پہلے نہ رُکے گی۔ اور جبلہ یا کلدہ بن جنید نے چیخ کر کہا' دیکھو آج جادو باطل ہوگیا۔

یہ ابنِ اسحاق کا بیان ہے۔ بَرَاء بن عازب رضی اللہ عنہ کا بیان جو صحیح بخاری میں مروی ہے اس سے مختلف ہے۔ ان کا ارشاد ہے کہ ہوازن تیر انداز تھے۔ ہم نے حملہ کیا تو بھاگ کھڑے ہوئے۔ اس کے بعد ہم غنیمت پر ٹوٹ پڑے تو تیروں سے ہمارا استقبال کیا گیا۔[۴]

اور حضرت انسؓ کا بیان جو صحیح مسلم میں مروی ہے وہ بظاہر اس سے بھی قدرے مختلف ہے مگر بڑی حد تک اس کا مؤید ہے۔ حضرت انس کا ارشاد ہے کہ ہم نے مکہ فتح کیا۔ پھر حنین پر چڑھائی کی۔ مشرکین اتنی عمدہ صفیں بنا کر آئے جو میں نے کبھی نہیں دیکھیں سواروں کی صف، پھر پیادوں کی صف، پھر ان کے پیچھے عورتیں، پھر بھیڑ بکریاں، پھر دوسرے چوپائے۔ ہم لوگ بڑی تعداد میں تھے۔ ہمارے سواروں کے میمنہ پر خالدؓ بن ولید تھے؛ مگر ہمارے سوار (دشمن کی تیراندازی کی وجہ سے) ہماری پیٹھ کے پیچھے پناہ گیر ہونے لگے اور ذرا سی دیر میں ہمارے سوار بھاگ کھڑے ہوئے۔ اعراب بھی بھاگے اور وہ لوگ بھی جنہیں تم جانتے ہو۔[۵]

بہر حال جب بھگدڑ مچی تو رسول اللہ ﷺ نے دائیں طرف ہو کر پکارا: "لوگو! میری طرف آؤ میں

---

۴ صحیح بخاری: باب ویوم حنین اذ اعجبتکم الخ

۵ فتح الباری ۸/۲۹

عبداللہ کا بیٹا محمد ہوں"۔ اس وقت اس جگہ آپؐ کے ساتھ چند مہاجرین اور اہلِ خاندان کے سوا کوئی نہ تھا[۵۶]۔

ان نازک ترین لمحات میں رسول اللہ ﷺ کی بے نظیر شجاعت کا ظہور ہوا، یعنی اس شدید بھگدڑ کے باوجود آپؐ کا رُخ کفار کی طرف تھا اور آپؐ پیش قدمی کیلیے اپنے خچر کو ایڑ لگا رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے:

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

" مَیں نبی ہُوں، یہ جھوٹ نہیں مَیں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں"

لیکن اس وقت ابوسفیان بن حارثؓ نے آپؐ کے خچر کی لگام پکڑ رکھی تھی اور حضرت عباسؓ نے رکاب تھام لی تھی۔ دونوں خچر کو روک رہے تھے کہ کہیں تیزی سے آگے نہ بڑھ جائے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ــــ جن کی آواز خاصی بلند تھی ــــ حکم دیا کہ صحابۂ کرام کو پکاریں۔ حضرت عباسؓ کہتے ہیں کہ میں نے نہایت بلند آواز سے پکارا: درخت والو.... ! (بیعت رضوان والو..... !) کہاں ہو؟ واللہ وہ لوگ میری آواز سن کر اس طرح مڑے جیسے گائے اپنے بچوں پر مڑتی ہے اور جواباً کہا: ہاں ہاں آئے آئے[۵۷]۔ حالت یہ تھی کہ آدمی اپنے اونٹ کو موڑنے کی کوشش کرتا اور نہ موڑ پاتا تو اپنی زرہ اس کی گردن میں ڈال پھینکتا اور اپنی تلوار اور ڈھال سنبھال کر اونٹ سے کود جاتا اور اونٹ کو چھوڑ چھاڑ کر آواز کی جانب دوڑتا۔ اس طرح جب آپ کے پاس سو آدمی جمع ہو گئے تو انہوں نے دشمن کا استقبال کیا اور لڑائی شروع کر دی۔

اس کے بعد انصار کی پکار شروع ہوئی۔ او..... انصاریو! او..... انصاریو! پھر یہ پکار بنو حارث بن خزرج کے اندر محدود ہو گئی۔ ادھر مسلمان دستوں نے جس رفتار سے میدان چھوڑا تھا اسی رفتار سے ایک کے پیچھے ایک آتے چلے گئے اور دیکھتے دیکھتے فریقین میں دھواں دھار جنگ شروع ہو گئی۔ رسول اللہ ﷺ نے میدانِ جنگ کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا تو گھمسان کا رن پڑ رہا تھا۔ فرمایا: "اب چولھا گرم ہو گیا ہے"۔ پھر آپ نے زمین سے ایک مٹھی مٹی لے کر دشمن کی طرف پھینکتے ہوئے فرمایا: "شَاھَتِ الْوُجُوْہُ" چہرے بگڑ جائیں" یہ مٹھی بھر مٹی اس طرح پھیلی کہ دشمن کا کوئی آدمی ایسا نہ تھا جس کی

---

۵۶ ابن اسحاق کے بقول ان کی تعداد نو یا دس تھی۔ نووی کا ارشاد ہے کہ آپ کے ساتھ بارہ آدمی ثابت قدم رہے۔ امام احمد اور حاکم نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ میں حنین کے روز رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے مگر آپ کے ساتھ اسی مہاجرین و انصار ثابت قدم رہے۔ ہم اپنے قدموں پر (پیدل) تھے اور ہم نے پیٹھ نہیں پھیری۔ ترمذی نے بہ سندِ حسن، ابن عمر کی حدیث روایت کی ہے۔ ان کا بیان ہے کہ میں نے اپنے لوگوں کو حنین کے روز دیکھا کہ انہوں نے پیٹھ پھیر لی ہے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سو آدمی بھی نہیں۔ (فتح الباری ۸/۲۹، ۳۰)

۵۷ صحیح مسلم ۲/۱۰۰

آنکھ اس سے بھر نہ گئی ہو۔ اس کے بعد ان کی قوت ٹوٹتی چلی گئی اور ان کا کام زوال پذیر ہوتا چلا گیا

دشمن کی شکستِ فاش

مٹی پھینکنے کے بعد چند ہی ساعتیں گزری تھیں کہ دشمن کو فاش شکست ہو گئی۔ ثقیف کے تقریباً ستر آدمی قتل کیے گئے اور ان کے پاس جو کچھ مال، ہتھیار، عورتیں اور بچے تھے مسلمانوں کے ہاتھ آئے۔

یہی وہ تغیر ہے جس کی طرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے اس قول میں اشارہ فرمایا ہے:

وَيَوْمَ حُنَيْنٍ إِذْ أَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ عَنكُمْ شَيْئًا وَضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْأَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُم مُّدْبِرِينَ ۝ ثُمَّ أَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنزَلَ جُنُودًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ ۝ (۹:۲۵/۲۶)

"اور (اللہ نے) حنین کے دن (تمہاری مدد کی) جب تمہیں تمہاری کثرت نے غرور میں ڈال دیا تھا۔ پس وہ تمہارے کچھ کام نہ آئی اور زمین کشادگی کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی۔ پھر تم لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگے۔ پھر اللہ نے اپنے رسول اور مومنین پر اپنی سکینت نازل کی اور ایسا لشکر نازل کیا جسے تم نے نہیں دیکھا، اور کفر کرنے والوں کو سزا دی اور یہی کافروں کا بدلہ ہے۔"

تعاقب

شکست کھانے کے بعد دشمن کے ایک گروہ نے طائف کا رُخ کیا، ایک نخلہ کی طرف بھاگا اور ایک نے اوطاس کی راہ لی۔ رسول اللہ ﷺ نے ابو عامر اشعری رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں تعاقب کرنے والوں کی ایک جماعت اوطاس کی طرف روانہ کی۔ فریقین میں تھوڑی سی جھڑپ ہوئی اس کے بعد مشرکین بھاگ کھڑے ہوئے۔ البتہ اسی جھڑپ میں اس دستے کے کمانڈر ابو عامر اشعری رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے۔

مسلمان شہسواروں کی ایک دوسری جماعت نے نخلہ کی طرف پسپا ہونے والے مشرکین کا تعاقب کیا اور دُرید بن صمہ کو جا پکڑا جسے ربیعہؓ بن رفیع نے قتل کر دیا۔

شکست خوردہ مشرکین کے تیسرے اور سب سے بڑے گروہ کے تعاقب میں جس نے طائف کی راہ لی تھی، خود رسول اللہ ﷺ مالِ غنیمت جمع فرمانے کے بعد روانہ ہوئے۔

غنیمت

مالِ غنیمت یہ تھا: قیدی چھ ہزار، اونٹ چوبیس ہزار، بکری چالیس ہزار سے زیادہ، چاندی چار ہزار اُوقیہ (یعنی ایک لاکھ ساٹھ ہزار درہم جس کی مقدار چھ کوئنٹل سے چند ہی کیلو کم ہوتی ہے۔) رسول اللہ ﷺ نے ان سب کو جمع کرنے کا حکم دیا۔ پھر اسے جِعرّانہ میں روک کر حضرت مسعود بن عمرو غفاریؓ کی نگرانی میں دے دیا اور جب تک غزوہ طائف سے فارغ نہ ہو گئے اسے تقسیم نہ فرمایا۔

قیدیوں میں شیما بنت حارث سعدیہ بھی تھیں جو رسول اللہ ﷺ کی رضاعی بہن تھیں۔ جب انہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا اور انہوں نے اپنا تعارف کرایا تو انہیں رسول اللہ ﷺ نے ایک علامت کے ذریعہ پہچان لیا۔ پھر ان کی بڑی قدر و عزت کی۔ اپنی چادر بچھا کر بٹھایا اور احسان فرماتے ہوئے انہیں ان کی قوم میں واپس کر دیا۔

غزوۂ طائف

یہ غزوہ درحقیقت غزوہ حنین کا پھیلاؤ ہے۔ چونکہ ہوازن و ثقیف کے بیشتر شکست خوردہ افراد اپنے جنرل کمانڈر مالک بن عوف نصری کے ساتھ بھاگ کر طائف ہی آئے تھے اور یہیں قلعہ بند ہو گئے تھے لہذا رسول اللہ ﷺ نے حنین سے فارغ ہو کر اور جعرانہ میں مال غنیمت جمع فرما کر اسی ماہ شوال ۸ھ میں طائف کا قصد فرمایا۔

اس مقصد کے لیے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک ہزار فوج کا ہراول دستہ روانہ کیا گیا؛ پھر آپؐ نے خود طائف کا رُخ فرمایا۔ راستہ میں نخلۂ یمانیہ، پھر قرن منازل پھر لیہ سے گزر ہوا۔ لیہ میں مالک بن عوف کا ایک قلعہ تھا۔ آپؐ نے اسے منہدم کروا دیا۔ پھر سفر جاری رکھتے ہوئے طائف پہنچے اور قلعہ طائف کے قریب خیمہ زن ہو کر اس کا محاصرہ کر لیا۔

محاصرہ نے قدرے طول پکڑا۔ چنانچہ صحیح مسلم میں حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ یہ چالیس دن تک جاری رہا۔ اہلِ سیَر میں سے بعض نے اس کی مدت بیس دن بتائی ہے، بعض نے دس دن سے زیادہ، بعض نے اٹھارہ دن اور بعض نے پندرہ دن۔[۵]

دورانِ محاصرہ دونوں طرف سے تیر اندازی اور پتھر بازی کے واقعات بھی پیش آتے رہے، بلکہ پہلے پہل جب مسلمانوں نے محاصرہ کیا تو قلعہ کے اندر سے ان پر اس شدّت سے تیر اندازی کی گئی کہ معلوم ہوتا تھا ٹڈی دَل چھایا ہوا ہے۔ اس سے متعدد مُسلمان زخمی ہوئے، بارہ شہید ہوئے اور انہیں اپنا کیمپ اٹھا کر موجودہ مسجد طائف کے پاس لے جانا پڑا۔

رسول اللہ ﷺ نے اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے اہلِ طائف پر منجنیق نصب کی اور متعدد گولے پھینکے جس سے قلعہ کی دیوار میں شگاف پڑ گیا اور مُسلمانوں کی ایک جماعت دبابہ کے اندر گھس

[۵] فتح الباری ۸/ ۴۵

کر آگ لگانے کے لیے دیوار تک پہنچ گئی۔ لیکن دشمن نے ان پر لوہے کے جلتے ٹکڑے پھینکے جس سے مجبور ہو کر مسلمان دبابہ کے نیچے سے باہر نکل آئے۔ مگر باہر نکلے تو دشمن نے ان پر تیروں کی بارش کر دی جس سے بعض مسلمان شہید ہو گئے۔

رسول اللہ ﷺ نے دشمن کو زیر کرنے کے لیے ایک اور جنگی حکمتِ عملی کے طور پر حکم دیا کہ انگور کے درخت کاٹ کر جلا دیئے جائیں۔ مسلمانوں نے ذرا بڑھ چڑھ کر ہی کٹائی کر دی۔ اس پر ثقیف نے اللہ اور قرابت کا واسطہ دے کر گزارش کی کہ درختوں کو کاٹنا بند کر دیں۔ آپ نے اللہ کے واسطے اور قرابت کیخاطر ہاتھ روک لیا۔

دورانِ محاصرہ رسول اللہ ﷺ کے منادی نے اعلان کیا، جو غلام قلعہ سے اُتر کر ہمارے پاس آ جائے وہ آزاد ہے۔ اس اعلان پر تیئیس آدمی قلعہ سے نکل کر مسلمانوں میں آ شامل ہوئے[۹]۔ انہیں میں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ وہ قلعہ کی دیوار پر چڑھ کر ایک چرخی یا گراری کی مدد سے (جس کے ذریعہ رہٹ سے پانی کھینچا جاتا ہے) لٹک کر نیچے آئے تھے۔ (چونکہ گراری کو عربی میں بکرہ کہتے ہیں) اس لیے رسول اللہ ﷺ نے ان کی کنیت ابوبکرہ رکھ دی۔ ان سب غلاموں کو رسول اللہ ﷺ نے آزاد کر دیا اور ہر ایک کو ایک ایک مسلمان کے حوالے کر دیا کہ اسے سامان بہم پہنچائے۔ یہ حادثہ قلعہ والوں کے لیے بڑا جانکاہ تھا۔

جب محاصرہ طول پکڑ گیا اور قلعہ قابو میں آتا نظر نہ آیا اور مسلمانوں پر تیروں کی بارش اور گرم لوہوں کی زد پڑی اور ادھر اہلِ قلعہ نے سال بھر کا سامانِ خور و نوش بھی جمع کر لیا ——— تو رسول اللہ ﷺ نے نوفل بن معاویہ دیلی سے مشورہ طلب کیا۔ اس نے کہا' لومڑی اپنے بھٹ میں گھس گئی ہے۔ اگر آپ اس پر ڈٹے رہے تو پکڑ لیں گے اور اگر چھوڑ کر چلے گئے تو وہ آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔ یہ سُن کر رسول اللہ ﷺ نے محاصرہ ختم کرنے کا فیصلہ فرما لیا اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ذریعہ لوگوں میں اعلان کروا دیا کہ ہم ان شاء اللہ کل واپس ہوں گے لیکن یہ اعلان صحابہ کرام پر گراں گزرا۔ وہ کہنے لگے، ہونہہ طائف فتح کیے بغیر واپس ہوں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھا تو کل صبح لڑائی پر چلنا ہے چنانچہ دوسرے دن لوگ لڑائی پر گئے لیکن چوٹ کھانے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا تو اس کے بعد آپ نے پھر فرمایا کہ ہم ان شاء اللہ کل واپس ہوں گے۔ اس پر لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور انہوں نے بے چون و چرا رختِ سفر باندھنا شروع کر دیا۔ یہ کیفیت دیکھ کر رسول اللہ ﷺ مسکراتے رہے۔

---

[۹] صحیح بخاری ۲/۶۲۰

اس کے بعد جب لوگوں نے ڈیرہ ڈنڈا اٹھا کر کوچ کیا تو آپؐ نے فرمایا کہ یوں کہو :

اٰئِبُوْنَ ، تَائِبُوْنَ ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

"ہم پلٹنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت گزار ہیں، اور اپنے رب کی حمد کرتے ہیں"۔

کہا گیا کہ اے اللہ کے رسول! آپؐ ثقیف پر بد دعا کریں۔ آپؐ نے فرمایا: "اے اللہ! ثقیف کو ہدایت دے اور انہیں لے آ۔"

جعرّانہ میں اموالِ غنیمت کی تقسیم

رسول اللہ ﷺ طائف سے محاصرہ ختم کر کے واپس آئے تو جعرانہ میں کئی روز مالِ غنیمت تقسیم کیے بغیر ٹھہرے رہے۔ اس تاخیر کا مقصد یہ تھا کہ ہوازن کا وفد تائب ہو کر آپؐ کی خدمت میں آ جائے اور اس نے جو کچھ کھویا ہے سب لے جائے لیکن تاخیر کے باوجود جب آپؐ کے پاس کوئی نہ آیا تو آپؐ نے مال کی تقسیم شروع کر دی تاکہ قبائل کے سردار اور مکہ کے اشراف جو بڑی حرص سے جھانک رہے تھے ان کی زبان خاموش ہو جائے۔ مولفۃ القلوب[1] کی قسمت نے سب سے پہلے یاوری کی اور انہیں بڑے بڑے حصے دیئے گئے۔

ابوسفیان بن حرب کو چالیس اَوقیہ (کچھ کم چھ کیلو چاندی) اور ایک سو اونٹ عطا کئے گئے۔ اس نے کہا' میرا بیٹا یزید؟ آپؐ نے اتنا ہی یزید کو بھی دیا۔ اس نے کہا' اور میرا بیٹا معاویہ؟ آپؐ نے اتنا ہی معاویہ کو بھی دیا۔ (یعنی تنہا ابوسفیان کو اس کے بیٹوں سمیت تقریباً ۱۸ کیلو چاندی اور تین سو اونٹ حاصل ہو گئے۔)

حکیمؓ بن حزام کو ایک سو اونٹ دیے گئے۔ اس نے مزید سو اونٹوں کا سوال کیا تو اسے پھر ایک سو اونٹ دیے گئے۔ اسی طرح صفوان بن اُمیہ کو سو اُونٹ' پھر سو اُونٹ اور پھر سو اُونٹ (یعنی تین سو اُونٹ) دیے گئے۔

حارثؓ بن کلدہ کو بھی سو اونٹ دیے گئے اور کچھ مزید قریشی و غیر قریشی رؤساء کو سو سو اونٹ دیے گئے۔

کچھ دوسروں کو پچاس پچاس اور چالیس چالیس اونٹ دیے گئے یہاں تک کہ لوگوں میں مشہور ہو گیا کہ محمدؐ ﷺ اس طرح بے دریغ عطیہ دیتے ہیں کہ انہیں فقر کا اندیشہ ہی نہیں۔ چنانچہ مال کی طلب میں بدّو آپ پر ٹوٹ پڑے اور آپؐ کو ایک درخت کی جانب سمٹنے پر مجبور کر دیا۔ اتفاق سے آپؐ کی چادر درخت میں پھنس کر رہ گئی۔ آپؐ نے فرمایا: "لوگو! میری چادر دے دو۔ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر میرے پاس تہامہ کے درختوں کی تعداد میں بھی چوپائے ہوں تو انہیں بھی تم پر تقسیم کر دوں گا۔ پھر تم

---

[1] وہ لوگ جو نئے نئے مسلمان ہوئے ہوں اور ان کا دل جوڑنے کے لیے انہیں مالی مدد دی جائے تاکہ وہ اسلام پر مضبوطی سے جم جائیں۔

[2] الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ قاضی عیاض ۸۶/۱

مجھے نہ بخیل پاؤ گے، نہ بزدل، نہ جھوٹا۔"

اس کے بعد آپؐ نے اپنے اونٹ کے بازو میں کھڑے ہو کر اس کی کوہان سے کچھ بال لیے اور چٹکی میں رکھ کر بلند کرتے ہوئے فرمایا: "لوگو! واللہ میرے لیے تمہارے مالِ فے میں سے کچھ بھی نہیں، حتیٰ کہ اتنا بال بھی نہیں۔ صرف خُمس ہے اور خُمس بھی تم پر ہی پلٹا دیا جاتا ہے۔"

مؤلفۃ القلوب کو دینے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ مالِ غنیمت اور فوج کو یکجا کر کے لوگوں پر غنیمت کی تقسیم کا حساب لگائیں۔ انہوں نے ایسا کیا تو ایک ایک فوجی کے حصے میں چار چار اونٹ اور چالیس چالیس بکریاں آئیں۔ جو شہسوار تھا اسے بارہ اونٹ اور ایک سو بیس بکریاں ملیں۔

یہ تقسیم ایک حکیمانہ سیاست پر مبنی تھی کیونکہ دنیا میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو اپنی عقل کے راستے سے نہیں بلکہ پیٹ کے راستے سے حق پر لائے جاتے ہیں یعنی جس طرح جانوروں کو ایک مٹھی ہری گھاس دکھلا دیجیے اور وہ اس کی طرف بڑھتے لپکتے اپنے محفوظ ٹھکانے تک جا پہنچتے ہیں اسی طرح مذکورہ قسم کے انسانوں کے لیے بھی مختلف ڈھنگ کے اسبابِ کشش کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ وہ ایمان سے مانوس ہو کر اس کے لیے پُرجوش بن جائیں۔[12]

انصار کا حزن واضطراب

یہ سیاست پہلے پہل سمجھی نہ جا سکی اسی لیے کچھ زبانوں پر حرفِ اعتراض آ گیا۔ انصار پر خصوصاً اس سیاست کی زد پڑی تھی ــــ کیونکہ وہ سب کے سب حُنین کے ان عطایا سے بالکلیہ محروم رکھے گئے۔ حالانکہ مشکل کے وقت انہیں کو پکارا گیا تھا اور وہی اڑ کر آئے تھے اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مل کر اس طرح جنگ کی تھی کہ فاش شکست شاندار فتح میں تبدیل ہو گئی تھی لیکن اب وہ دیکھ رہے تھے کہ بھاگنے والوں کے ہاتھ پُر ہیں اور وہ خود محروم و تہی دست۔[13]

ابنِ اسحاق نے ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے قریش اور قبائل عرب کو وہ عطیے دیے اور انصار کو کچھ نہ دیا تو انصار نے جی ہی جی میں پیچ و تاب کھایا اور ان میں بہت چہ میگوئی ہوئی یہاں تک کہ ایک کہنے والے نے کہا، خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ اپنی قوم سے جا ملے ہیں۔ اس کے بعد حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ آپ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا، یا رسول اللہ!

[12،13] محمد غزالی فقہ السیرہ ص ۲۹۸-۲۹۹

آپؐ نے اس حاصل شدہ مالِ فے میں جو کچھ کیا ہے اس پر انصار اپنے جی ہی جی میں آپ پر پیچ وتاب کھا رہے ہیں۔ آپؐ نے اسے اپنی قوم میں تقسیم فرمایا، قبائلِ عرب کو بڑے بڑے عطیے دیے لیکن انصار کو کچھ نہ دیا۔ آپؐ نے فرمایا: "اے سعدؓ! اس بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟" انہوں نے کہا، یارسول اللہ! میں بھی تو اپنی قوم ہی کا ایک آدمی ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: "اچھا تو اپنی قوم کو اس چھولداری میں جمع کرو سعدؓ نے نکل کر انصار کو اس چھولداری میں جمع کیا۔ کچھ مہاجرین بھی آ گئے تو انہیں داخل ہونے دیا۔ پھر کچھ دوسرے لوگ بھی آ گئے تو انہیں واپس کر دیا۔ جب سب لوگ جمع ہو گئے تو حضرت سعدؓ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ قبیلۂ انصار آپ کے لیے جمع ہو گیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ ان کے پاس تشریف لائے، اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا:

"انصار کے لوگو! تمہاری یہ کیا چہ میگوئی ہے جو میرے علم میں آئی ہے! اور یہ کیا ناراضگی ہے جو جی ہی جی میں تم نے مجھ پر محسوس کی ہے! کیا ایسا نہیں کہ میں تمہارے پاس اس حالت میں آیا کہ تم گمراہ تھے، اللہ نے تمہیں ہدایت دی اور محتاج تھے، اللہ نے تمہیں غنی بنا دیا۔ اور باہم دشمن تھے، اللہ نے تمہارے دل جوڑ دیے؟" لوگوں نے کہا: کیوں نہیں! اللہ اور اس کے رسول کا بڑا فضل وکرم ہے۔

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: "انصار کے لوگو! مجھے جواب کیوں نہیں دیتے؟" انصار نے عرض کیا، یارسول اللہ! بھلا ہم آپ کو کیا جواب دیں؟ اللہ اور اس کے رسول کا فضل وکرم ہے۔ آپ نے فرمایا:

"دیکھو! خدا کی قسم اگر تم چاہو تو کہہ سکتے ہو ــــ اور سچ ہی کہو گے اور تمہاری بات سچ ہی مانی جائے گی ــــ کہ آپؐ ہمارے پاس اس حالت میں آئے کہ آپؐ کو جھٹلایا گیا تھا، ہم نے آپؐ کی تصدیق کی، آپؐ کو بے یار ومددگار چھوڑ دیا گیا تھا، ہم نے آپؐ کی مدد کی، آپؐ کو دھتکار دیا گیا تھا، ہم نے آپؐ کو ٹھکانا دیا، آپؐ محتاج تھے، ہم نے آپؐ کی غمخواری وغمگساری کی؛

اے انصار کے لوگو! تم اپنے جی میں دُنیا کی اس عارضی دولت کے لیے ناراض ہو گئے جس کے ذریعہ میں نے لوگوں کا دل جوڑا تھا تاکہ وہ مسلمان ہو جائیں اور تم کو تمہارے اسلام کے حوالے کر دیا تھا؟ اے انصار! کیا تم اس سے راضی نہیں کہ لوگ اونٹ اور بکریاں لے کر جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے کر اپنے ڈیروں میں پلٹو؟ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار ہی کا ایک فرد ہوتا۔ اگر سارے لوگ ایک راہ چلیں اور انصار دوسری راہ چلیں تو میں بھی انصار ہی کی راہ چلوں گا۔

اے اللہ رحم فرما انصار پر اور ان کے بیٹوں پر اور ان کے بیٹوں کے بیٹوں (پوتوں) پر۔"

رسول اللہ ﷺ کا یہ خطاب سن کر لوگ اس قدر روئے کہ ڈاڑھیاں تر ہوگئیں اور کہنے لگے "ہم راضی ہیں کہ ہمارے حصے اور نصیب میں رسول اللہ ﷺ ہوں"۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ واپس ہوگئے اور لوگ بھی بکھر گئے۔[۱۴]

وفد ہوازن کی آمد

غنیمت تقسیم ہوجانے کے بعد ہوازن کا وفد مسلمان ہوکر آگیا۔ یہ کل چودہ آدمی تھے۔ ان کا سربراہ زُہَیر بن صُرَد تھا اور ان میں رسول اللہ ﷺ کا رضاعی چچا ابو برقان بھی تھا۔ وفد نے سوال کیا کہ آپ مہربانی کر کے قیدی اور مال واپس کر دیں۔ اور اس انداز کی بات کی کہ دل پسیج جائے۔[۱۵] آپ نے فرمایا "میرے ساتھ جو لوگ ہیں انہیں دیکھ ہی رہے ہو۔ اور مجھے سچ بات زیادہ پسند ہے اس لیے بتاؤ کہ تمہیں اپنے بال بچے زیادہ محبوب ہیں یا مال؟" انہوں نے کہا "ہمارے نزدیک خاندانی شرف کے برابر کوئی چیز نہیں۔ آپ نے فرمایا اچھا تو جب میں ظہر کی نماز پڑھ لوں تو تم لوگ اُٹھ کر کہنا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کو مومنین کی جانب سفارشی بناتے ہیں اور مومنین کو رسول اللہ کی جانب سفارشی بناتے ہیں کہ آپ ہمارے قیدی ہمیں واپس کر دیں۔ اس کے بعد جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو ان لوگوں نے یہی کہا۔ جواباً آپ نے فرمایا "جہاں تک اس حصّے کا تعلق ہے جو میرا ہے اور بنی عبد المطلب کا ہے تو وہ تمہارے لیے ہے، اور میں ابھی لوگوں سے پوچھے لیتا ہوں۔ اس پر انصار اور مہاجرین نے اٹھ کر کہا "جو کچھ ہمارا ہے وہ سب بھی رسول اللہ ﷺ کے لیے ہے۔ اس کے بعد اَقرع بن حابس نے کہا، "لیکن جو کچھ میرا اور بنو تمیم کا ہے وہ آپ کے لیے نہیں"؛ اور عُیَینہ بن حصن نے کہا کہ "جو کچھ میرا اور بنو فزارہ کا وہ بھی آپ کے لیے نہیں ہے"؛ اور عباس بن مرداس نے کہا "جو کچھ میرا اور بنو سُلیم کا ہے وہ بھی آپ کے لیے نہیں۔ اس پر بنو سُلیم نے کہا: جی نہیں، جو کچھ ہمارا ہے وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے لیے ہے۔ عباس بن مرداس نے کہا: تم لوگوں نے میری توہین کر دی۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "دیکھو یہ لوگ مسلمان ہوکر آئے ہیں (اور اسی غرض سے) میں نے ان

---

۱۴ ابنِ ہشام ۲/۴۹۹، ۵۰۰۔ ایسی ہی روایت صحیح بخاری میں بھی ہے۔ ۲/۶۲۰، ۶۲۱

۱۵ ابنِ اسحاق کا بیان ہے کہ ان میں انکے نو اشراف تھے۔ انہوں نے اسلام قبول کیا۔ بیعت کی۔ اس کے بعد آپ سے گفتگو کی۔ اور عرض کی کہ اے اللہ کے رسول! آپ نے جنہیں قید فرمایا ہے، ان میں مائیں اور بہنیں ہیں۔ اور پھوپھیاں اور خالائیں ہیں۔ اور یہی قوم کے لیے رسوائی کا سبب ہوتی ہیں۔ (فتح الباری ۸/۳۳) واضح رہے کہ ماؤں وغیرہ سے مراد رسول اللہ ﷺ کی رضاعی مائیں، خالائیں، پھوپھیاں اور بہنیں ہیں۔ ان کے خطیب زہیر بن صرد تھے۔ ابو برقان کے ضبط میں اختلاف ہے۔ چنانچہ انہیں ابو مروان اور ابو ثروان بھی کہا گیا ہے۔

کے قیدیوں کی تقسیم میں تاخیر کی تھی۔ اور اب میں نے انہیں اختیار دیا تو انہوں نے بال بچوں کے برابر کسی چیز کو نہیں سمجھا لہٰذا جس کسی کے پاس کوئی قیدی ہو، اور وہ بخوشی واپس کر دے تو یہ بہت اچھی راہ ہے اور جو کوئی اپنے حق کو روکنا ہی چاہتا ہو تو وہ بھی ان کے قیدی تو انہیں واپس ہی کر دے۔ البتہ آئندہ جو سب سے پہلا مالِ فے حاصل ہوگا اس سے ہم اس شخص کو ایک کے بدلے چھ دیں گے۔" لوگوں نے کہا ہم رسول اللہ ﷺ کے لیے بخوشی دینے کو تیار ہیں۔ آپؐ نے فرمایا ہم جان نہ سکے کہ آپ میں سے کون راضی ہے اور کون نہیں؛ لہٰذا آپ لوگ واپس جائیں اور آپ کے چودھری حضرات آپ کے معاملے کو ہمارے سامنے پیش کریں۔ اس کے بعد سارے لوگوں نے ان کے بال بچے واپس کر دیے۔ صرف عیینہ بن حصن رہ گیا جس کے حصے میں ایک بڑھیا آئی تھی۔ اس نے واپس کرنے سے انکار کر دیا۔ لیکن آخر میں اس نے بھی واپس کر دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے سارے قیدیوں کو ایک ایک قبطی چادر عطا فرما کر واپس کر دیا۔

عُمرہ اور مدینہ کو واپسی

رسول اللہ ﷺ نے مالِ غنیمت کی تقسیم سے فارغ ہو کر جعرانہ ہی سے عمرہ کا احرام باندھا اور عمرہ ادا کیا۔ اس کے بعد عتّابؓ بن اَسید کو مکہ کا والی بنا کر مدینہ روانہ ہو گئے۔ مدینہ واپسی ۲۴؍ ذیقعدہ ۸ھ کو ہوئی۔

محمد غزالی کہتے ہیں، ان فاتحانہ اوقات میں جبکہ اللہ نے آپؐ کے سر پر فتحِ مبین کا تاج رکھا اور اس وقت میں جبکہ آپؐ اسی شہرِ عظیم میں آٹھ سال پہلے تشریف لائے تھے کتنا لمبا چوڑا فاصلہ ہے۔

آپؐ یہاں اس حالت میں آئے تھے کہ آپؐ کو کھدیڑ دیا گیا تھا' اور آپؐ امان کے طالب تھے۔ اجنبی اور وحشت زدہ تھے اور آپؐ کو انس و الفت کی تلاش تھی۔ وہاں کے باشندوں نے آپؐ کی خوب قدر و منزلت کی، آپؐ کو جگہ دی، اور آپؐ کی مدد کی، اور جو نُور آپؐ کے ساتھ نازل کیا گیا تھا اس کی پیروی کی' اور آپؐ کی خاطر ساری دنیا کی عداوت ہیچ سمجھی۔ اب وہی آپؐ ہیں کہ جس شہر نے ایک خوف زدہ مہاجر کی حیثیت سے آپؐ کا استقبال کیا تھا آج آٹھ سال بعد وہی شہر آپؐ کا اس حیثیت سے استقبال کر رہا ہے کہ مکہ آپؐ کے زیرِ نگیں ہے اور اس نے اپنی کبریائی اور جاہلیت کو آپؐ کے پیروں تلے ڈال دیا ہے اور آپ اس کی پچھلی خطا معاف کر کے اسے اسلام کے ذریعے سرفرازی بخش رہے ہیں۔

اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ (۱۲:۹۰)

"یقیناً جو شخص راستبازی اور صبر اختیار کرے تو بلاشبہ اللہ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔" [۱۶]

---

[۱۶] فقہ السیرۃ ص ۳۰۳، فتح مکہ اور غزوہ طائف کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو زاد المعاد ۲/۱۶۰ تا ۲۰۱، ابنِ ہشام ۲/۳۸۹ تا ۵۰۱ صحیح بخاری ۲/۶۱۲ تا ۶۲۲، فتح الباری ۸/۳ تا ۸۵

فتح مکّہ کے بعد کے سرایا اور عمّال کی روانگی

اس طویل اور کامیاب سفر سے واپسی کے بعد رسول اللہ ﷺ نے مدینہ میں قدرے طویل قیام فرمایا۔ اس دوران آپ وفود کا استقبال فرماتے رہے، حکومت کے عُمّال بھیجتے رہے، داعیانِ دین کو روانہ فرماتے رہے اور جنہیں اللہ کے دین میں داخلے اور عرب کے اندر اُبھرنے والی قوت کو تسلیم کرنے میں تکبر مانع تھا انہیں سرنگوں فرماتے رہے۔ ان اُمور کا مختصر سا خاکہ پیشِ خدمت ہے۔

تحصیلدارانِ زکوٰۃ

گذشتہ مباحث سے معلوم ہوچکا ہے کہ فتح مکہ کے بعد رسول اللہ ﷺ ۸ھ کے اواخر میں تشریف لائے تھے۔ ۹ھ کا ہلالِ محرم طلوع ہوتے ہی آپ نے قبائل کے پاس صدقات کی وصولی کے لیے عمال روانہ فرمائے جن کی فہرست یہ ہے:

عُمّال کے نام	وہ قبیلہ جس سے زکوٰۃ وصول کرنی تھی
۱۔ عُیَیْنَہؓ بن حصن	بنو تمیم
۲۔ یزیدؓ بن الحصین	اسلم اور غفار
۳۔ عبادؓ بن بشیر اشہلی	سُلَیم اور مُزینہ
۴۔ رافعؓ بن مکیث	جُہَینہ
۵۔ عمروؓ بن العاص	بنو فزارہ
۶۔ ضحاکؓ بن سفیان	بنو کلاب
۷۔ بشیرؓ بن سفیان	بنو کعب
۸۔ ابن اللُّتْبِیَّہؓ ازدی	بنو ذبیان
۹۔ مہاجرؓ بن ابی اُمیہ	شہر صنعاء (ان کی موجودگی میں ان کے خلاف اسود عنسی نے صنعاء میں خروج کیا تھا)
۱۰۔ زیادؓ بن لبید	علاقہ حضر موت
۱۱۔ عدیؓ بن حاتم	طی اور بنو اسد
۱۲۔ مالکؓ بن نُوَیرہ	بنو حنظلہ

۱۳۔ زبرقان بن بدر	بنو سعد (کی ایک شاخ)
۱۴۔ قیس بن عاصم	بنو سعد (کی دوسری شاخ)
۱۵۔ علاء بن الحضرمی	علاقہ بحرین
۱۶۔ علی بن ابی طالب	علاقہ نجران (زکوٰۃ اور جزیہ دونوں وصول کرنے کے لیے)

واضح رہے کہ یہ سارے عُمّال محرّم ۹ھ ہی میں روانہ نہیں کر دیے گئے تھے بلکہ بعض بعض کی روانگی خاصی تاخیر سے اس وقت عمل میں آئی تھی جب متعلقہ قبیلہ نے اسلام قبول کرلیا تھا۔ البتہ اس اہتمام کے ساتھ ان عمال کی روانگی کی ابتداء محرّم ۹ھ میں ہوئی تھی اور اسی سے صلح حدیبیہ کے بعد اسلامی دعوت کی کامیابی کی وسعت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ باقی رہا فتح مکہ کے بعد کا دَور تو اس میں تو لوگ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہوئے۔

سرایا

جس طرح قبائل کی طرف زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے عُمّال بھیجے گئے اسی طرح جزیرۃ العرب کے عام علاقوں میں امن وامان قائم ہوچکنے کے باوجود بعض مقامات پر متعدد فوجی مہمات بھی بھیجنی پڑیں۔ فہرست یہ ہے:

۱۔ سریۂ عُیَینہ بن حصن فزاری (محرّم ۹ھ)

عُیَینہ کو پچاس سواروں کی کمان دے کر بنو تمیم کے پاس بھیجا گیا تھا۔ وجہ یہ تھی کہ بنو تمیم نے قبائل کو بھڑکا کر جزیہ کی ادائیگی سے روک دیا تھا۔ اس مہم میں کوئی مہاجر یا انصاری نہ تھا۔

عُیَینہ بن حصن رات کو چلتے اور دن کو چھپتے ہوئے آگے بڑھے۔ یہاں تک کہ صحرا میں بنو تمیم پر ہلہ بول دیا۔ وہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگے اور ان کے گیارہ آدمی، اکیس عورتیں اور تیس بچے گرفتار ہوئے جنہیں مدینہ لاکر رملہ بنت حارث کے مکان میں ٹھہرایا گیا۔

پھر ان کے سلسلے میں بنو تمیم کے دس سردار آئے اور نبی ﷺ کے دروازے پر جاکر یوں آواز لگائی، اے محمدؐ! ہمارے پاس آؤ۔ آپؐ باہر تشریف لائے تو یہ لوگ آپؐ سے چمٹ کر باتیں کرنے لگے۔ پھر آپؐ ان کے ساتھ ٹھہرے رہے یہاں تک کہ ظہر کی نماز پڑھائی۔ اس کے بعد مسجد نبوی کے صحن میں بیٹھ گئے۔ انہوں نے فخر ومباہات میں مقابلہ کی خواہش ظاہر کی اور اپنے خطیب عطارد بن حاجب کو پیش کیا۔ اس نے تقریر کی۔ رسول اللہ ﷺ نے خطیبِ اسلام حضرت ثابتؓ بن قیس بن شماس کو حکم دیا، اور انہوں نے جوابی تقریر کی۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے شاعر زبرقان بن بدر کو آگے بڑھایا اور اس نے کچھ فخریہ اشعار کہے۔ اس کا جواب

شاعرِ اسلام حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے دیا۔

جب دونوں خطیب اور دونوں شاعر فارغ ہو چکے تو اقرع بن حابس نے کہا: ان کا خطیب ہمارے خطیب سے زیادہ پُرزور اور ان کا شاعر ہمارے شاعر سے زیادہ پُرگو ہے۔ ان کی آوازیں ہماری آوازوں سے زیادہ اُونچی ہیں اور ان کی باتیں ہماری باتوں سے زیادہ بلند پایہ ہیں۔ اس کے بعد ان لوگوں نے اسلام قبول کر لیا۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں بہترین تحائف سے نوازا اور ان کی عورتیں اور بچے انہیں واپس کر دیئے۔[1]

۲۔ سریّہ قطبہ بن عامر (صفر ۹ھ)

یہ سریّہ تربہ کے قریب تبالہ کے علاقے میں قبیلہ خثعم کی ایک شاخ کی جانب روانہ کیا گیا۔ قطبہ بیس آدمیوں کے درمیان روانہ ہوئے۔ دس اونٹ تھے جن پر یہ لوگ باری باری سوار ہوتے تھے۔ مسلمانوں نے شبخون مارا جس پر سخت لڑائی بھڑک اُٹھی اور فریقین کے خاصے افراد زخمی ہوئے۔ قطبہ کچھ دوسرے افراد سمیت مارے گئے تاہم مسلمان بھیڑ بکریوں اور بال بچّوں کو مدینہ ہانک لائے۔

۳۔ سریّہ ضحّاک بن سفیان کلابی (ربیع الاول ۹ھ)

یہ سریّہ بنو کلاب کو اسلام کی دعوت دینے کے لیے روانہ کیا گیا تھا لیکن انہوں نے انکار کرتے ہوئے جنگ چھیڑ دی۔ مسلمانوں نے انہیں شکست دی اور ان کا ایک آدمی تہ تیغ کیا۔

۴۔ سریّہ علقمہ بن مجزز مدلجی (ربیع الآخر ۹ھ)

انہیں تین سو آدمی کی کمان دے کر ساحل جدہ کی جانب روانہ کیا گیا۔ وجہ یہ تھی کہ کچھ حبشی ساحل جدہ کے قریب جمع ہو گئے تھے اور وہ اہلِ مکہ کے خلاف ڈاکہ زنی کرنا چاہتے تھے۔ علقمہؓ نے سمندر میں اتر کر ایک جزیرہ تک پیش قدمی کی۔ حبشیوں کو مسلمانوں کی آمد کا علم ہوا تو وہ بھاگ کھڑے ہوئے۔[2]

۵۔ سریّہ علیؓ بن ابی طالب (ربیع الاول ۹ھ)

انہیں قبیلہ طی کے ایک بُت کو — جس کا نام فلس (کلیسا) تھا — ڈھانے کیلئے بھیجا گیا تھا۔ آپ کی سرکردگی میں ایک سو اونٹ اور پچاس گھوڑوں سمیت ڈیڑھ سو آدمی تھے۔ جھنڈیاں کالی اور پھریرا سفید تھا۔ مسلمانوں نے فجر کے وقت حاتم طائی کے محلہ پر چھاپہ مار کر فلس کو ڈھا دیا اور قیدیوں، چوپایوں اور

---

[1] اہل مغازی کا بیان یہی ہے کہ یہ واقعہ محرّم ۹ھ میں پیش آیا لیکن یہ بات یقینی طور پر محلِ نظر ہے کیونکہ واقعہ کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ اقرع بن حابس اس سے پہلے مسلمان نہیں ہوئے تھے۔ حالانکہ خود اہلِ سیر ہی کا بیان ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے بنو ہوازن کے قیدیوں کو واپس کرنے کے لیے کہا تو اسی اقرع بن حابس نے کہا کہ میں اور بنو تمیم واپس نہ کریں گے۔ اس کا تقاضا یہ ہے کہ اقرعؓ بن حابس اس محرّم ۹ھ والے واقعہ سے پہلے مسلمان ہو چکے تھے۔ [2] فتح الباری ۵۹/۸

بھیڑ بکریوں پر قبضہ کر لیا۔ انہیں قیدیوں میں حاتم طائی کی صاحبزادی بھی تھیں۔ البتہ حاتم کے صاحبزادے عدی ملک شام بھاگ گئے۔ مسلمانوں نے قلس کے خزانے میں تین تلواریں اور تین زرہیں پائیں اور راستے میں مال غنیمت تقسیم کر لیا۔ البتہ منتخب مال رسول اللہ ﷺ کے لیے علیحدہ کر دیا اور آلِ حاتم کو تقسیم نہیں کیا۔

مدینہ پہنچے تو حاتم کی صاحبزادی نے رسول اللہ ﷺ سے رحم کی درخواست کرتے ہوئے عرض کیا:

"یا رسول اللہ ﷺ! یہاں جو آسکتا تھا لاپتہ ہے۔ والد گزر چکے ہیں اور میں بڑھیا ہوں۔ خدمت کرنے کی طاقت نہیں رکھتی۔ آپؐ مجھ پر احسان کیجئے، اللہ آپؐ پر احسان کرے گا۔" آپؐ نے دریافت فرمایا' تمہارے لیے کون آسکتا تھا۔ بولیں؛ عدی بن حاتم۔ فرمایا' وہی جو اللہ اور رسول سے بھاگا ہے۔ پھر آپؐ آگے بڑھ گئے۔ دوسرے دن اس نے پھر یہی بات دہرائی۔ اور آپؐ نے پھر وہی فرمایا جو کل فرمایا تھا۔ تیسرے دن پھر اس نے وہی بات کہی تو آپؐ نے احسان فرماتے ہوئے اُسے آزاد کر دیا۔ اس وقت آپؐ کے بازو میں ایک صحابی تھے غالباً حضرت علی رضی اللہ عنہ ـــــ انہوں نے کہا، آپؐ ﷺ سے سواری کا بھی سوال کرو۔ اس نے سواری کا سوال کیا۔ آپؐ نے سواری فراہم کرنے کا بھی حکم صادر فرمایا۔

حاتم کی صاحبزادی لوٹ کر اپنے بھائی عدی کے پاس ملک شام گئیں۔ جب ان سے ملاقات ہوئی تو انہیں رسول اللہ ﷺ کے بارے میں بتلایا کہ آپؐ نے ایسا کارنامہ انجام دیا ہے کہ تمہارے باپ بھی ویسا نہیں کر سکتے تھے۔ ان کے پاس رغبت یا خوف کے ساتھ جاؤ۔ چنانچہ عدی کسی امان یا تحریر کے بغیر آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ آپؐ انہیں اپنے گھر لے گئے اور جب وہ سامنے بیٹھے تو آپؐ نے اللہ کی حمد و ثنا کی پھر فرمایا "تم کس چیز سے بھاگ رہے ہو؟ کیا لا الہ الا اللہ کہنے سے بھاگ رہے ہو؟ اگر ایسا ہے تو بتاؤ کیا تمہیں اللہ کے سوا کسی اور معبود کا علم ہے؟" انہوں نے کہا، نہیں۔ پھر آپؐ نے کچھ دیر گفتگو کی اس کے بعد فرمایا: "اچھا تم اس سے بھاگتے ہو کہ اللہ اکبر کہا جائے تو کیا تم اللہ سے بڑی کوئی چیز جانتے ہو؟" انہوں نے کہا، نہیں۔ آپؐ نے فرمایا "سنو! یہود پر اللہ کے غضب کی مار ہے اور نصاریٰ گمراہ ہیں۔" انہوں نے کہا تو میں یک رُخا مسلمان ہوں۔ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ کا چہرہ فرطِ مسرت سے دمک اٹھا۔ اس کے بعد آپؐ کے حکم سے انہیں ایک انصاری کے ہاں ٹھہرا دیا گیا اور وہ صبح و شام آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے رہے۔[۳]

ابنِ اسحاق نے حضرت عدی سے یہ بھی روایت کی ہے کہ جب نبی ﷺ نے انہیں اپنے سامنے

---

[۳] زاد المعاد ۲/۲۰۵

اپنے گھر میں بٹھایا تو فرمایا، او...... اعدی بن حاتم! کیا تم مذہباً رکوسی نہ تھے؟ عدی کہتے ہیں کہ میں نے کہا، کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا، کیا تم اپنی قوم میں مال غنیمت کا چوتھائی لینے پر عمل پیرا نہیں تھے؟ میں نے کہا، کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا حالانکہ یہ تمہارے دین میں حلال نہیں۔ میں نے کہا، ہاں قسم بخدا۔ اور اسی سے میں نے جان لیا کہ واقعی آپؐ اللہ کے بھیجے ہوئے رسول ہیں، کیونکہ آپؐ وہ بات جانتے ہیں جو جانی نہیں جاتی۔[۴]

مسند احمد کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا، اے عدی! اسلام لاؤ سلامت رہو گے۔ میں نے کہا: میں تو خود ایک دین کا ماننے والا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا، میں تمہارا دین تم سے بہتر طور پر جانتا ہوں۔ میں نے کہا، آپؐ میرا دین مجھ سے بہتر طور پر جانتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا، ہاں! کیا ایسا نہیں کہ تم مذہباً رکوسی[۵] ہو، اور پھر بھی اپنی قوم کے مال غنیمت کا چوتھائی کھاتے ہو؟ میں نے کہا، کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا کہ یہ تمہارے دین کی رو سے حلال نہیں۔ آپؐ کی اس بات پر مجھے سرنگوں ہو جانا پڑا۔[۶]

صحیح بخاری میں حضرت عدی سے مروی ہے کہ میں خدمتِ نبوی میں بیٹھا تھا کہ ایک آدمی نے آکر فاقہ کی شکایت کی، پھر دوسرے آدمی نے آکر رہزنی کی شکایت کی۔ آپؐ نے فرمایا عدی! تم نے حیرہ دیکھا ہے؟ اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم دیکھ لوگے کہ ہودج نشین عورت حیرہ سے چل کر آئے گی، خانہ کعبہ کا طواف کرے گی اور اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہ ہوگا۔ اور اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم کسریٰ کے خزانے فتح کرو گے۔ اور اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم دیکھو گے کہ آدمی چلو بھر کر سونا یا چاندی نکالے گا اور ایسے آدمی کو تلاش کرے گا جو اسے قبول کرلے تو کوئی اسے قبول کرنے والا نہ ملے گا——"

اسی روایت کے اخیر میں حضرت عدی کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ ہودج نشین عورت حیرہ سے چل کر خانہ کعبہ کا طواف کرتی ہے اور اسے اللہ کے سوا کسی کا خوف نہیں۔ اور میں خود ان لوگوں میں تھا جنہوں نے کسریٰ بن ہرمز کے خزانے فتح کئے۔ اور اگر تم لوگوں کی زندگی دراز ہوئی تو تم لوگ وہ چیز بھی دیکھ لوگے جو نبی ابوالقاسم ﷺ نے فرمائی تھی کہ آدمی چلو بھر سونا یا چاندی نکالے گا۔ الخ[۷]

---

[۴] ابنِ ہشام ۲/۵۸۱ [۵] رکوسی مذہب، عیسائی اور صابی مذہب کے درمیان ایک تیسرا مذہب ہے۔

[۶] مسند احمد ۴/۲۰۷، ۳۷۸ [۷] صحیح بخاری

غزوۂ تبوک

غزوۂ فتح مکہ، حق و باطل کے درمیان ایک فیصلہ کن معرکہ تھا۔ اس معرکے کے بعد اہلِ عرب کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کی رسالت میں کوئی شک باقی نہیں رہ گیا تھا۔ اسی لیے حالات کی رفتار یکسر بدل گئی اور لوگ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو گئے۔ اس کا کچھ اندازہ ان تفصیلات سے لگ سکے گا جنہیں ہم وفود کے باب میں پیش کریں گے اور کچھ اندازہ اس تعداد سے بھی لگایا جا سکتا ہے جو حجۃ الوداع میں حاضر ہوئی تھی ـــــ بہرحال اب اندرونی مشکلات کا تقریباً خاتمہ ہو چکا تھا اور مسلمان شریعتِ الٰہی کی تعلیم عام کرنے اور اسلام کی دعوت پھیلانے کے لیے یکسو ہو گئے تھے۔

غزوہ کا سبب

مگر اب ایک ایسی طاقت کا رُخ مدینہ کی طرف ہو چکا تھا جو کسی وجہ جواز کے بغیر مسلمانوں سے چھیڑ چھاڑ کر رہی تھی۔ یہ طاقت رومیوں کی تھی جو اس وقت روئے زمین پر سب سے بڑی فوجی قوت کی حیثیت رکھتی تھی۔ پچھلے اوراق میں یہ بتایا جا چکا ہے کہ اس چھیڑ چھاڑ کی ابتداء شرحبیل بن عمرو غسانی کے ہاتھوں رسول اللہ ﷺ کے سفیر حضرت حارث بن عُمیر اَزدی رضی اللہ عنہ کے قتل سے ہوئی جبکہ وہ رسول اللہ ﷺ کا پیغام لے کر بصریٰ کے حکمران کے پاس تشریف لے گئے تھے۔ یہ بھی بتایا جا چکا ہے کہ نبی ﷺ نے اس کے بعد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی سرکردگی میں ایک لشکر بھیجا تھا جس نے رُومیوں سے سرزمین موتہ میں خوفناک ٹکر لی مگر یہ لشکر ان متکبر ظالموں سے انتقام لینے میں کامیاب نہ ہُوا، البتہ اس نے دُور و نزدیک کے عرب باشندوں پر نہایت بہترین اثرات چھوڑے۔

قیصرِ روم ان اثرات کو اور ان کے نتیجے میں عرب قبائل کے اندر روم سے آزادی اور مُسلمانوں کی ہم نوائی کے لیے پیدا ہونے والے جذبات کو نظر انداز نہیں کر سکتا تھا۔ اس کے لیے یقیناً یہ ایک "خطرہ" تھا، جو قدم بہ قدم اس کی سرحد کی طرف بڑھ رہا تھا اور عرب سے ملی ہوئی سرحد شام کے لیے چیلنج بنتا جا رہا تھا اس لیے قیصر نے سوچا کہ مسلمانوں کی قوت کو ایک عظیم اور ناقابلِ شکست خطرے کی صورت اختیار کرنے سے پہلے پہلے کچل دینا ضروری ہے تاکہ روم سے متصل عرب علاقوں میں "فتنے" اور "ہنگامے" سر نہ اٹھا سکیں۔

ان مصلحتوں کے پیشِ نظر ابھی جنگِ مُوتہ پر ایک سال بھی نہ گزرا تھا کہ قیصر نے رومی باشندوں اور

اپنے ماتحت عربوں یعنی آلِ غسان وغیرہ پر مشتمل فوج کی فراہمی شروع کر دی اور ایک خونریز اور فیصلہ کن معرکے کی تیاری میں لگ گیا۔

روم وغسّان کی تیاریوں کی عام خبریں

ادھر مدینہ میں پے در پے خبریں پہنچ رہی تھیں کہ رُومی مسلمانوں کے خلاف ایک فیصلہ کُن معرکے کی تیاری کر رہے ہیں۔ اس کی وجہ سے مسلمانوں کو ہمہ وقت کھٹکا لگا رہتا تھا اور ان کے کان کسی بھی غیر مانوس آواز کو سن کر فوراً کھڑے ہو جاتے تھے۔ وہ سمجھتے تھے کہ رومیوں کا ریلا آ گیا۔ اس کا اندازہ اس واقعے سے ہوتا ہے کہ اسی ۹ھ میں نبی ﷺ نے اپنی ازواج مطہرات سے ناراض ہو کر ایک مہینہ کے لیے ایلاء[1] کر لیا تھا اور انہیں چھوڑ کر ایک بالاخانہ میں علیحدہ ہو گئے تھے صحابہ کرام کو ابتداءً حقیقتِ حال معلوم نہ ہو سکی تھی۔ انہوں نے سمجھا کہ نبی ﷺ نے طلاق دے دی ہے اور اس کی وجہ سے صحابہ کرام میں شدید رنج وغم پھیل گیا تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اس واقعہ کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میرا ایک انصاری ساتھی تھا۔ جب میں (خدمت نبویؐ میں) موجود نہ رہتا تو وہ میرے پاس خبر لاتا، اور جب وہ موجود نہ ہوتا تو میں اس کے پاس خبر لے جاتا ——— یہ دونوں ہی عوالی مدینہ میں رہتے تھے، ایک دوسرے کے پڑوسی تھے اور باری باری خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہوتے تھے ——— اس زمانے میں ہمیں شاہ غسّان کا خطرہ لگا ہوا تھا۔ ہمیں بتایا گیا تھا کہ وہ ہم پر یورش کرنا چاہتا ہے اور اس کے ڈر سے ہمارے سینے بھرے ہوئے تھے۔ ایک روز اچانک میرا انصاری ساتھی دروازہ پیٹنے لگا اور کہنے لگا' کھولو کھولو۔ میں نے کہا' کیا غسانی آگئے؟ اس نے کہا نہیں بلکہ اس سے بھی بڑی بات ہوگئی، رسول اللہ ﷺ اپنی بیویوں سے علیحدہ ہوگئے ہیں[2]۔

ایک دوسری روایت میں یوں ہے کہ حضرت عمرؓ نے کہا' ہم میں چرچا تھا کہ آلِ غسان ہم پر چڑھائی کرنے کے لیے گھوڑوں کو نعل لگوا رہے ہیں۔ ایک روز میرا ساتھی اپنی باری پر گیا اور عشاء کے وقت واپس آ کر میرا دروازہ بڑے زور سے پیٹا اور کہا' کیا وہ (عمرؓ) سویا ہوا ہے؟ میں گھبرا کر باہر آیا۔ اس نے کہا کہ بڑا حادثہ ہو گیا۔ میں نے کہا' کیا ہوا؟ کیا غسانی آگئے؟ اس نے کہا' نہیں، بلکہ اس سے بھی بڑا اور لمبا حادثہ، رسول اللہ

---

[1] عورت کے پاس نہ جانے کی قسم کھالینا۔ اگر یہ قسم چار ماہ یا اس سے کم مدت کے لیے ہے تو اس پر شرعاً کوئی حکم لاگو نہ ہوگا اور اگر یہ ایلاء چار مہینے سے زیادہ مدت کے لیے ہے تو پھر چار ماہ پورے ہوتے ہی شرعی عدالت دخیل ہوگی کہ شوہر یا تو بیوی کو بیوی کی طرح رکھے یا اسے طلاق دے۔ بعض صحابہؓ کے بقول فقط چار ماہ کی مدت گزر جانے سے طلاق پڑ جائے گی۔ [2] صحیح بخاری ۲/۷۳۰

ﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے[۳] الخ

اس سے اس صورت حال کی سنگینی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو اس وقت رومیوں کی جانب سے مسلمانوں کو درپیش تھی۔ اس میں مزید اضافہ منافقین کی ان ریشہ دوانیوں سے ہوا جو انہوں نے رومیوں کی تیاری کی خبریں مدینہ پہنچنے کے بعد شروع کیں۔ چنانچہ اس کے باوجود کہ یہ منافقین دیکھ چکے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہر میدان میں کامیاب ہیں اور روئے زمین کی کسی طاقت سے نہیں ڈرتے بلکہ جو رکاوٹیں آپ کی راہ میں حائل ہوتی ہیں وہ پاش پاش ہو جاتی ہیں اس کے باوجود ان منافقین نے یہ امید باندھ لی کہ مسلمانوں کے خلاف انہوں نے اپنے سینوں میں جو دیرینہ آرزو چھپا رکھی ہے اور جس گردش دوراں کا وہ عرصہ سے انتظار کر رہے ہیں اب اس کی تکمیل کا وقت قریب آگیا ہے۔ اپنے اسی تصوّر کی بنا پر انہوں نے ایک مسجد کی شکل میں (جو مسجد ضرار کے نام سے مشہور ہوئی) دسیسہ کاری اور سازش کا ایک بھٹ تیار کیا جس کی بنیاد اہلِ ایمان کے درمیان تفرقہ اندازی اور اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر اور ان سے لڑنے والوں کے لیے گھات کی جگہ فراہم کرنے کے ناپاک مقصد پر رکھی اور رسول اللہ ﷺ سے گزارش کی کہ آپؐ اس میں نماز پڑھا دیں۔ اس سے منافقین کا مقصد یہ تھا کہ وہ اہل ایمان کو فریب میں رکھیں اور انہیں پتہ نہ لگنے دیں کہ اس مسجد میں ان کے خلاف سازش اور دسیسہ کاری کی کارروائیاں انجام دی جا رہی ہیں اور مسلمان اس مسجد میں آنے جانے والوں پر نظر نہ رکھیں۔ اس طرح یہ مسجد، منافقین اور ان کے بیرونی دوستوں کے لیے ایک پُرامن گھونسلے اور بھٹ کا کام دے۔ لیکن رسول اللہ ﷺ نے اس "مسجد" میں نماز کی ادائیگی کو جنگ سے واپسی تک کے لیے مؤخر کر دیا کیونکہ آپؐ تیاری میں مشغول تھے۔ اس طرح منافقین اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکے اور اللہ نے ان کا پردہ واپسی سے پہلے ہی چاک کر دیا۔ چنانچہ آپؐ نے غزوے سے واپس آکر اس مسجد میں نماز پڑھنے کے بجائے اسے منہدم کرا دیا۔

روم وغسّان کی تیاریوں کی خاص خبریں

ان حالات اور خبروں کا مسلمان سامنا کر ہی رہے تھے کہ انہیں اچانک ملک شام سے تیل لے کر آنے والے نبطیوں[۱] سے معلوم ہوا کہ ہرقل نے چالیس ہزار سپاہیوں کا ایک لشکرِ جرّار تیار کیا ہے اور روم کے ایک عظیم کمانڈر کو اس کی کمان سونپی ہے۔ اپنے جھنڈے تلے عیسائی قبائل لخم و جذام وغیرہ کو بھی

---

[۱] نابت بن اسماعیل علیہ السلام کی نسل، جنہیں کسی وقت شمالی حجاز میں بڑا عروج حاصل تھا۔ زوال کے بعد رفتہ رفتہ یہ لوگ معمولی کسانوں اور تاجروں کے درجہ میں آگئے۔ [۳] ایضاً صحیح بخاری ۳۳۴/۱

جمع کر لیا ہے اور ان کا ہراول دستہ بلقاء پہنچ چکا ہے۔ اس طرح ایک بڑا خطرہ مجسم ہو کر مسلمانوں کے سامنے آ گیا۔

حالات کی نزاکت میں اضافہ

پھر جس بات سے صورت حال کی نزاکت میں مزید اضافہ ہو رہا تھا وہ یہ تھی کہ زمانہ سخت گرمی کا تھا۔ لوگ تنگی اور قحط سالی کی آزمائش سے دوچار تھے۔ سواریاں کم تھیں، پھل پک چکے تھے، اس لیے لوگ پھل اور سائے میں رہنا چاہتے تھے۔ وہ فی الفور روانگی نہ چاہتے تھے۔ ان سب پر مستزاد مسافت کی دوری اور راستے کی پیچیدگی اور دشواری تھی۔

رسول اللہ ﷺ کی طرف سے ایک قطعی اقدام کا فیصلہ

لیکن رسول اللہ ﷺ حالات و تغیرات کا مطالعہ کہیں زیادہ دقتِ نظر سے فرما رہے تھے۔ آپؐ سمجھ رہے تھے کہ اگر آپؐ نے ان فیصلہ کن لمحات میں رومیوں سے جنگ لڑنے میں کاہلی اور سستی سے کام لیا، رومیوں کو مسلمانوں کے زیر اثر علاقوں میں گھسنے دیا، اور وہ مدینہ تک بڑھ اور چڑھ آئے تو اسلامی دعوت پر اس کے نہایت برے اثرات مرتب ہوں گے۔ مسلمانوں کی فوجی ساکھ اکھڑ جائے گی اور وہ جاہلیت جو جنگِ حنین میں کاری ضرب لگنے کے بعد آخری دم توڑ رہی ہے دوبارہ زندہ ہو جائے گی۔ اور منافقین جو مسلمانوں پر گردشِ زمانہ کا انتظار کر رہے ہیں اور ابو عامر فاسق کے ذریعہ شاہ روم سے رابطہ قائم کئے ہوئے ہیں، پیچھے سے عین اس وقت مسلمانوں کے شکم میں خنجر گھونپ دیں گے جب آگے سے رومیوں کا ریلا ان پر خونخوار حملے کر رہا ہو گا۔ اس طرح وہ بہت ساری کوششیں رائیگاں چلی جائیں گی جو آپؐ نے اور آپؐ کے صحابۂ کرامؓ نے اسلام کی نشر و اشاعت میں صرف کی تھیں اور بہت ساری کامیابیاں ناکامی میں تبدیل ہو جائیں گی جو طویل اور خونریز جنگوں اور مسلسل فوجی دوڑ دھوپ کے بعد حاصل کی گئی تھیں۔

رسول اللہ ﷺ ان نتائج کو اچھی طرح سمجھ رہے تھے اس لیے عسرت و شدت کے باوجود آپؐ نے طے کیا کہ رومیوں کو دار الاسلام کی طرف پیش قدمی کی مہلت دیے بغیر خود ان کے علاقے اور حدود میں گھس کر ان کے خلاف ایک فیصلہ کن جنگ لڑی جائے۔

رومیوں سے جنگ کی تیاری کا اعلان

یہ معاملہ طے کر لینے کے بعد آپؐ نے صحابہ کرامؓ میں اعلان فرما دیا کہ لڑائی کی تیاری کریں قبائل عرب اور اہلِ مکہ کو بھی پیغام دیا کہ لڑائی کے لیے نکل پڑیں۔ آپ کا دستور تھا کہ جب کسی غزوے کا ارادہ فرماتے تو کسی اور ہی جانب روانہ ہوتے۔ لیکن صورت حال کی نزاکت اور تنگی کی شدت کے سبب اب کی بار آپؐ نے صاف صاف اعلان فرما دیا کہ رومیوں سے جنگ کا ارادہ ہے تاکہ لوگ مکمل تیاری کر لیں۔ آپؐ نے

اس موقع پر لوگوں کو جہاد کی ترغیب بھی دی اور جنگ ہی پر ابھارنے کے لیے سورہ توبہ کا بھی ایک ٹکڑا نازل ہوا۔ ساتھ ہی آپؐ نے صدقہ و خیرات کرنے کی فضیلت بیان کی اور اللہ کی راہ میں اپنا نفیس مال خرچ کرنے کی رغبت دلائی۔

غزوے کی تیاری کے لیے مُسلمانوں کی دوڑ دھوپ

صحابہ کرامؓ نے جونہی رسول اللہ ﷺ کا ارشاد سنا کہ آپؐ رومیوں سے جنگ کی دعوت دے رہے ہیں جھٹ اس کی تعمیل کے لیے دوڑ پڑے اور پوری تیز رفتاری سے لڑائی کی تیاری شروع کر دی۔ قبیلے اور برادریاں ہر چہار جانب سے مدینہ میں اترنا شروع ہو گئیں اور سوائے ان لوگوں کے جن کے دلوں میں نفاق کی بیماری تھی، کسی مسلمان نے اس غزوے سے پیچھے رہنا گوارا نہ کیا۔ البتہ تین مسلمان اس سے مستثنیٰ ہیں کہ صحیح الایمان ہونے کے باوجود انہوں نے غزوے میں شرکت نہ کی۔ حالت یہ تھی کہ حاجت مند اور فاقہ مست لوگ آتے اور رسول اللہ ﷺ سے درخواست کرتے کہ ان کے لیے سواری فراہم کر دیں تاکہ وہ بھی رومیوں سے ہونے والی اس جنگ میں شرکت کر سکیں۔ اور جب آپ ان سے معذرت کرتے کہ :

لَآ اَجِدُ مَآ اَحۡمِلُكُمۡ عَلَیۡهِ ۪ تَوَلَّوۡا وَّ اَعۡیُنُهُمۡ تَفِیۡضُ مِنَ الدَّمۡعِ حَزَنًا اَلَّا یَجِدُوۡا مَا یُنۡفِقُوۡنَ ○ (۹: ۹۲)

"میں تمہیں سوار کرنے کے لیے کچھ نہیں پاتا تو وہ اس حالت میں واپس ہوتے کہ ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہوتے کہ وہ خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں پا رہے ہیں۔"

اسی طرح مسلمانوں نے صدقہ و خیرات کرنے میں بھی ایک دُوسرے سے آگے نکل جانے کی کوشش کی۔ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے ملک شام کے لیے ایک قافلہ تیار کیا تھا جس میں پالان اور کجاوے سمیت دو سو اونٹ تھے اور دو سو اوقیہ (تقریباً ساڑھے انتیس کیلو) چاندی تھی۔ آپ نے یہ سب صدقہ کر دیا۔ اس کے بعد پھر ایک سو اونٹ پالان اور کجاوے سمیت صدقہ کیا۔ اس کے بعد ایک ہزار دینار (تقریباً ساڑھے پانچ کیلو سونے کے سکے) لے آئے اور انہیں نبی ﷺ کی آغوش میں بکھیر دیا۔ رسول اللہ ﷺ انہیں اُلٹتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے "آج کے بعد عثمانؓ جو بھی کریں انہیں ضرر نہ ہوگا۔"[۵] اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پھر صدقہ کیا، اور صدقہ کیا، یہاں تک کہ ان کے صدقے کی مقدار نقدی کے علاوہ نو سو اونٹ اور ایک سو گھوڑے تک جا پہنچی۔

---

۵ جامع ترمذی : مناقب عثمان بن عفان ۲/۲۱۱

ادھر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ دوسو اوقیہ (تقریباً ساڑھے ۲۹ کیلو) چاندی لے آئے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنا سارا مال حاضرِ خدمت کر دیا اور بال بچوں کے لیے اللہ اور اس کے رسولؐ کے سوا کچھ نہ چھوڑا۔ ان کے صدقے کی مقدار چار ہزار درہم تھی اور سب سے پہلے یہی اپنا صدقہ لے کر تشریف لائے تھے۔ حضرت عمرؓ نے اپنا آدھا مال خیرات کیا۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ بہت سا مال لائے۔ حضرت طلحہؓ، سعد بن عبادہؓ اور محمد بن مسلمہؓ بھی کافی مال لائے۔ حضرت عاصم بن عدیؓ نوّے وسق (یعنی ساڑھے تیرہ ہزار کیلو، ½۱۳ ٹن) کھجور لے کر آئے۔ بقیہ صحابہ بھی پے درپے اپنے تھوڑے زیادہ صدقات لے آئے۔ یہاں تک کہ کسی کسی نے ایک مُد یا دو مُد صدقہ کیا کہ وہ اس سے زیادہ کی طاقت نہیں رکھتے تھے۔ عورتوں نے بھی ہار، بازوبند، پازیب، بالی اور انگوٹھی وغیرہ جو کچھ ہو سکا آپؐ کی خدمت میں بھیجا۔ کسی نے بھی اپنا ہاتھ نہ روکا' اور بخل سے کام نہ لیا۔ صرف منافقین تھے جو صدقات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والوں پر طعنہ زنی کرتے تھے' کہ یہ ریاکار ہے اور جن کے پاس اپنی مشقت کے سوا کچھ نہ تھا' ان کا مذاق اڑاتے تھے کہ یہ ایک دو مُد کھجور سے قیصر کی مملکت فتح کرنے اُٹھے ہیں۔ (۹: ۷۹)

اسلامی لشکر تبوک کی راہ میں

اس دھوم دھام جوش وخروش اور بھاگ دوڑ کے نتیجے میں لشکر تیار ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے حضرت محمد بن مسلمہؓ کو اور کہا جاتا ہے کہ سباع بن عرفطہؓ کو مدینہ کا گورنر بنایا اور حضرت علیؓ بن ابی طالب کو اپنے اہل وعیال کی دیکھ بھال کے لیے مدینہ ہی میں رہنے کا حکم دیا۔ لیکن منافقین نے ان پر طعنہ زنی کی اس لیے وہ مدینہ سے نکل پڑے اور رسول اللہ ﷺ سے جا لاحق ہوئے۔ لیکن آپ نے انہیں پھر مدینہ واپس کر دیا اور فرمایا: "کیا تم اس بات سے راضی نہیں کہ مجھ سے تمہیں وہی نسبت ہو جو حضرت موسیٰؑ سے حضرت ہارونؑ کو تھی۔ البتہ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔"

بہر حال رسول اللہ ﷺ نے اس انتظام کے بعد شمال کی جانب کوچ فرمایا (نسائی کی روایت کے مطابق یہ جمعرات کا دن تھا) منزل تبوک تھی لیکن لشکر بڑا تھا۔ تیس ہزار مردانِ جنگی تھے۔ اس سے پہلے مسلمانوں کا اتنا بڑا لشکر کبھی فراہم نہ ہوا تھا اس لیے مُسلمان ہر چند مال خرچ کرنے کے باوجود لشکر کو پوری طرح تیار نہ کر سکے تھے، بلکہ سواری اور توشے کی سخت کمی تھی۔ چنانچہ اٹھارہ اٹھارہ آدمیوں پر ایک ایک اونٹ تھا جس پر یہ لوگ باری باری سوار ہوتے تھے۔ اسی طرح کھانے کے لیے بسا اوقات درختوں کی پتیاں استعمال کرنی پڑتی تھیں جس سے ہونٹوں میں ورم آ گیا تھا۔ مجبوراً اونٹوں کو ـــ قلت کے باوجود ـــ ذبح کرنا

پڑا تاکہ اس کے معدے اور آنتوں کے اندر جمع شدہ پانی اور تری پی جا سکے۔ اسی لیے اس کا نام جیشِ عُسرت (تنگی کا لشکر) پڑ گیا۔

تبوک کی راہ میں لشکر کا گزر حِجر یعنی دیارِ ثمود سے ہوا۔ ثمود وہ قوم تھی جس نے وادی القریٰ کے اندر چٹانیں تراش تراش کر مکانات بنائے تھے۔ صحابہ کرام نے وہاں کے کنویں سے پانی لے لیا تھا لیکن جب چلنے لگے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تم یہاں کا پانی نہ پینا اور اس سے نماز کے لیے وضو نہ کرنا اور جو آٹا تم لوگوں نے گوندھ رکھا ہے اسے جانوروں کو کھلا دو، خود نہ کھاؤ۔" آپ نے یہ بھی حکم دیا کہ لوگ اس کنویں سے پانی لیں جس سے صالح علیہ السلام کی اونٹنی پانی پیا کرتی تھی۔

صحیحین میں ابنِ عُمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی ﷺ حِجر (دیارِ ثمود) سے گزرے تو فرمایا: "ان ظالموں کی جائے سکونت میں داخل نہ ہونا کہ کہیں تم پر بھی وہی مصیبت نہ آن پڑے جو اُن پر آئی تھی، ہاں مگر روتے ہوئے۔" پھر آپ نے اپنا سر ڈھکا اور تیزی سے چل کر وادی پار کر گئے۔[1]

راستے میں لشکر کو پانی کی سخت ضرورت پڑی حتیٰ کہ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے شکوہ کیا۔ آپ نے اللہ سے دُعا کی۔ اللہ نے بادل بھیج دیا، بارش ہوئی۔ لوگوں نے سیر ہو کر پانی پیا اور ضرورت کا پانی لاد بھی لیا۔

پھر جب تبوک کے قریب پہنچے تو آپ نے فرمایا: "کل انشاء اللہ تم لوگ تبوک کے چشمے پر پہنچ جاؤ گے لیکن چاشت سے پہلے نہیں پہنچو گے۔ لہٰذا جو شخص وہاں پہنچے اس کے پانی کو ہاتھ نہ لگائے، یہاں تک کہ میں آ جاؤں۔" حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ پہنچے تو وہاں دو آدمی پہلے ہی پہنچ چکے تھے۔ چشمے سے تھوڑا تھوڑا پانی آ رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے دریافت کیا کہ کیا تم دونوں نے اس کے پانی کو ہاتھ لگایا ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں! آپ نے ان دونوں سے جو کچھ اللہ نے چاہا، فرمایا۔ پھر چشمے سے چُلّو کے ذریعہ تھوڑا تھوڑا پانی نکالا یہاں تک کہ قدرے جمع ہو گیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس میں اپنا چہرہ اور ہاتھ دھویا، اور اسے چشمے میں انڈیل دیا۔ اس کے بعد چشمے سے خوب پانی آیا۔ صحابہ کرام نے سیر ہو کر پانی پیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اے معاذ! اگر تمہاری زندگی دراز ہوئی تو تم اس مقام کو باغات سے ہرا بھرا دیکھو گے۔"[2]

راستے ہی میں یا تبوک پہنچ کر ــــ روایات میں اختلاف ہے ــــ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"آج رات تم پر سخت آندھی چلے گی لہٰذا کوئی نہ اُٹھے اور جس کے پاس اونٹ ہو وہ اس کی رسی مضبوطی سے

---

[1] صحیح بخاری باب نزول النبی ﷺ الحجر ۲/۶۳۷ [2] مسلم عن معاذ بن جبل ۲/۲۴۶

باندھ دے" چنانچہ سخت آندھی چلی۔ ایک شخص کھڑا ہوگیا تو آندھی نے اسے اُڑا کر طی کی دو پہاڑیوں کے پاس پھینک دیا۔[۵۸]

راستے میں رسول اللہ ﷺ کا معمول تھا کہ آپؐ ظہر اور عصر کی نمازیں اکٹھی اور مغرب اور عشاء کی نمازیں اکٹھی پڑھتے تھے۔ جمع تقدیم بھی کرتے تھے اور جمع تاخیر بھی۔ (جمع تقدیم کا مطلب یہ ہے کہ ظہر اور عصر دونوں ظہر کے وقت میں اور مغرب اور عشاء دونوں مغرب کے وقت میں پڑھی جائیں۔ اور جمع تاخیر کا مطلب یہ ہے کہ ظہر اور عصر دونوں عصر کے وقت میں اور مغرب و عشاء دونوں عشاء کے وقت میں پڑھی جائیں۔

اسلامی لشکر تبوک میں

اسلامی لشکر تبوک میں اُتر کر خیمہ زن ہوا۔ وہ رُومیوں سے دو دو ہاتھ کرنے کے لیے تیار تھا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اہلِ لشکر کو مخاطب کر کے نہایت بلیغ خطبہ دیا۔ آپؐ نے جوامع الکلم ارشاد فرمائے دُنیا اور آخرت کی بھلائی کی رغبت دلائی، اللہ کے عذاب سے ڈرایا اور اس کے انعامات کی خوشخبری دی۔ اس طرح فوج کا حوصلہ بلند ہوگیا۔ ان میں توشے، ضروریات اور سامان کی کمی کے سبب جو نقص اور خلل تھا وہ اس کا بھی ازالہ ہوگیا۔ دوسری طرف رومیوں اور ان کے حلیفوں کا یہ حال ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کی آمد کی خبر سُن کر ان کے اندر خوف کی لہر دوڑ گئی۔ انہیں آگے بڑھنے اور ٹکر لینے کی ہمت نہ ہوئی اور وہ اندرونِ مُلک مختلف شہروں میں بکھر گئے۔ ان کے اس طرزِ عمل کا اثر جزیرہ عرب کے اندر اور باہر مسلمانوں کی فوجی ساکھ پہ بہت عمدہ مرتب ہوا اور مسلمانوں نے ایسے ایسے اہم سیاسی فوائد حاصل کئے کہ جنگ کی صورت میں اس کا حاصل کرنا آسان نہ ہوتا۔ تفصیل یہ ہے:

اَیلَہ کے حاکم یحنہ بن روبہ نے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر جزیہ کی ادائیگی منظور کی اور صُلح کا معاہدہ کیا۔ جَرباء اور اَذرُح کے باشندوں نے بھی خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہو کر جزیہ دینا منظور کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے ایک تحریر لکھ دی جو ان کے پاس محفوظ تھی۔ آپؐ نے حاکمِ اَیلَہ کو بھی ایک تحریر لکھ کر دی جو یہ تھی۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: یہ پروانۂ امن ہے اللہ کی جانب سے اور نبی محمدؐ رسول اللہ کی جانب سے یحنہ بن روبہ اور باشندگانِ ایلہ کے لیے۔ خشکی اور سمندر میں ان کی کشتیوں اور قافلوں کے لیے اللہ کا ذمّہ ہے اور محمدؐ نبی کا ذمّہ ہے اور یہی ذمہ ان شامی اور سمندری باشندوں کے لیے ہے جو یحنہ کے ساتھ ہوں۔ ہاں! اگر ان کا کوئی آدمی کوئی گڑبڑ کرے گا تو اس کا مال اس کی جان کے آگے روک نہ بن سکے گا اور جو آدمی

---

[۵۸] مسلم عن معاذ بن جبل ۲/۲۴۶

اس کا مال لے لے گا اس کے لیے وہ حلال ہو گا۔ انہیں کسی چشمے پر اُترنے اور خشکی یا سمندر کے کسی راستے پر چلنے سے منع نہیں کیا جا سکتا۔"

اس کے علاوہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو چار سو بیس سواروں کا رسالہ دے کر دُومۃ الجُندل کے حاکم اُکَیدِر کے پاس بھیجا اور فرمایا" تم اسے نیل گائے کا شکار کرتے ہوئے پاؤ گے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ وہاں تشریف لے گئے۔ جب اتنے فاصلے پر رہ گئے کہ قلعہ صاف نظر آرہا تھا تو اچانک ایک نیل گائے نکلی اور قلعہ کے دروازے پر سینگ رگڑنے لگی۔ اُکَیدِر اس کے شکار کو نکلا۔ چاندنی رات تھی۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ اور ان کے سواروں نے اُسے جا لیا اور گرفتار کر کے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر کیا۔ آپؐ نے اس کی جان بخشی کی اور دو ہزار اونٹ، آٹھ سو غلام، چار سو زِرہیں اور چار سو نیزے دینے کی شرط پر مصالحت فرمائی۔ اس نے جزیہ بھی دینے کا اقرار کیا۔ چنانچہ آپؐ نے اس سے یحنہ سمیت دُومہ، تبوک، ایلہ اور تیماء کے شرائط کے مطابق معاملہ طے کیا۔

ان حالات کو دیکھ کر وہ قبائل جو اب تک رُومیوں کے آلہ کار بنے ہوئے تھے، سمجھ گئے کہ اب اپنے ان پُرانے سرپرستوں پر اعتماد کرنے کا وقت ختم ہو چکا ہے اس لیے وہ بھی مسلمانوں کے حمایتی بن گئے۔ اس طرح اسلامی حکومت کی سرحدیں وسیع ہو کر براہِ راست رُومی سرحد سے جا ملیں اور رومیوں کے آلہ کاروں کا بڑی حد تک خاتمہ ہو گیا۔

مدینہ کو واپسی

اسلامی لشکر تبوک سے مظفر و منصور واپس آیا۔ کوئی ٹکر نہ ہوئی۔ اللہ جنگ کے معاملے میں مومنین کے لیے کافی ہوا۔ البتہ راستے میں ایک جگہ ایک گھاٹی کے پاس بارہ منافقین نے نبی ﷺ کو قتل کرنے کی کوشش کی۔ اس وقت آپؐ اس گھاٹی سے گزر رہے تھے اور آپؐ کے ساتھ صرف حضرت عمارؓ تھے جو اونٹنی کی نکیل تھامے ہوئے تھے اور حضرت حذیفہ بن یمانؓ تھے جو اونٹنی ہانک رہے تھے۔ باقی صحابہ کرام دُور وادی کے نشیب سے گزر رہے تھے اس لیے منافقین نے اس موقع کو اپنے ناپاک مقصد کے لیے غنیمت سمجھا اور آپؐ کی طرف قدم بڑھایا۔ ادھر آپؐ اور آپؐ کے دونوں ساتھی حسبِ معمول راستہ طے کر رہے تھے کہ پیچھے سے ان منافقین کے قدموں کی چاپیں سُنائی دیں۔ یہ سب چہروں پر ڈھاٹا باندھے ہوئے تھے اور اب آپؐ پر تقریباً چڑھ ہی آئے تھے کہ آپؐ نے حضرت حذیفہؓ کو ان کی جانب بھیجا۔ انہوں نے ان کی سواریوں کے چہروں پر اپنی ایک ڈھال سے ضرب لگانی شروع کی، جس سے اللہ نے انہیں مرعوب کر دیا اور وہ تیزی سے بھاگ کر لوگوں میں جا ملے۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان کے نام بتائے اور ان کے ارادے سے باخبر کیا۔ اسی لیے حضرت حذیفہؓ کو

رسول اللہ ﷺ کا "راز داں" کہا جاتا ہے۔ اسی واقعہ سے متعلق اللہ کا یہ ارشاد نازل ہوا کہ " وَهَمُّوا بِمَا لَمْ يَنَالُوا (۹: ۷۴) انہوں نے اس کام کا قصد کیا جسے وہ نہ پا سکے "۔

خاتمۂ سفر پر جب دُور سے نبی ﷺ کو مدینہ کے نقوش دکھائی پڑے تو آپؐ نے فرمایا : "یہ رہا طابہ، اور یہ رہا اُحد، یہ وہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت کرتا ہے اور جس سے ہم محبت کرتے ہیں"۔ ادھر مدینہ میں آپؐ کی آمد کی خبر پہنچی تو عورتیں بچے اور بچیاں باہر نکل پڑیں اور زبردست اعزاز کے ساتھ لشکر کا استقبال کرتے ہوئے یہ نغمہ گنگنایا:[۹]

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَيْنَا مِنْ ثَنِيَّاتِ الْوَدَاعِ

وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَيْنَا مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعِ

"ہم پر ثنیۃ الوداع سے چودھویں کا چاند طلوع ہوا۔ جب تک پکارنے والا اللہ کو پکارے ہم پر شکر واجب ہے"۔

رسول اللہ ﷺ تبوک کے لیے رجب میں روانہ ہوئے تھے اور واپس آئے تو رمضان کا مہینہ تھا۔ اس سفر میں پورے پچاس روز صرف ہوئے۔ بیس دن تبوک میں اور تیس دن آمد و رفت میں۔ یہ آپؐ کی حیاتِ مبارکہ کا آخری غزوہ تھا جس میں آپؐ نے بہ نفسِ نفیس شرکت فرمائی۔

مخلفین

یہ غزوہ اپنے مخصوص حالات کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک سخت آزمائش بھی تھا جس سے اہلِ ایمان اور دوسرے لوگوں میں تمیز ہو گئی۔ اور اس قسم کے موقع پر اللہ تعالیٰ کا دستور بھی یہی ہے، ارشاد ہے :

مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ (۳: ۱۷۹)

"اللہ مومنین کو اسی حالت پر چھوڑ نہیں سکتا جس پر تم لوگ ہو یہاں تک کہ خبیث کو پاکیزہ سے علیحدہ کر دے"۔

چنانچہ اس غزوہ میں سارے کے سارے مومنین صادقین نے شرکت کی اور اس سے غیر حاضری نفاق کی علامت قرار پائی۔ چنانچہ کیفیت یہ تھی کہ اگر کوئی پیچھے رہ گیا تھا اور اس کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا جاتا تو آپؐ فرماتے کہ اسے چھوڑو۔ اگر اس میں خیر ہے تو اللہ اسے جلد ہی تمہارے پاس پہنچا دے گا اور اگر ایسا نہیں ہے تو پھر اللہ نے تمہیں اس سے راحت دے دی ہے۔ غرض اس غزوے سے یا تو وہ لوگ پیچھے رہے جو معذور تھے یا وہ لوگ جو منافق تھے جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے ایمان کا جھوٹا

---

[۹] یہ ابنِ قیم کا ارشاد ہے اور اس پر بحث گزر چکی ہے۔

دعویٰ کیا تھا اور اب جھوٹا عذر پیش کر کے غزوہ میں شریک نہ ہونے کی اجازت لے لی تھی اور پیچھے بیٹھ رہے تھے یا سرے سے اجازت لیے بغیر ہی بیٹھے رہ گئے تھے۔ ہاں تین آدمی ایسے تھے جو سچے اور پکے مومن تھے اور کسی وجہ جواز کے بغیر پیچھے رہ گئے تھے۔ انہیں اللہ نے آزمائش میں ڈالا اور پھر ان کی توبہ قبول کی۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ واپسی پر رسول اللہ ﷺ مدینہ میں داخل ہوئے تو حسب معمول سب سے پہلے مسجد نبوی میں تشریف لے گئے وہاں دو رکعت نماز پڑھی۔ پھر لوگوں کی خاطر بیٹھ گئے۔ ادھر منافقین نے جن کی تعداد اسی سے کچھ زیادہ تھی[۱]، آکر عذر پیش کرنے شروع کر دیئے اور قسمیں کھانے لگے۔ آپؐ نے ان سے ان کا ظاہر قبول کرتے ہوئے بیعت کر لی اور دعائے مغفرت کی اور ان کا باطن اللہ کے حوالے کر دیا۔

باقی رہے تینوں مؤمنین صادقین ۔۔۔ یعنی حضرت کعبؓ بن مالک، مرارہؓ بن ربیع اور ہلالؓ بن امیہؓ ۔۔۔ تو انہوں نے سچائی اختیار کرتے ہوئے اقرار کیا کہ ہم نے کسی مجبوری کے بغیر غزوے میں شرکت نہیں کی تھی۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ کرام کو حکم دیا کہ ان تینوں سے بات چیت نہ کریں۔ چنانچہ ان کے خلاف سخت بائیکاٹ شروع ہو گیا۔ لوگ بدل گئے، زمین بھیانک بن گئی اور کشادگی کے باوجود تنگ ہو گئی۔ خود ان کی اپنی جان پر بن آئی۔ سختی یہاں تک بڑھی کہ چالیس روز گزرنے کے بعد حکم دیا گیا کہ اپنی عورتوں سے بھی الگ رہیں جب بائیکاٹ پر پچاس روز پورے ہو گئے تو اللہ نے ان کی توبہ قبول کئے جانے کا مژدہ نازل کیا۔ ارشاد ہوا :

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓي اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُھُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ (۹ : ۱۱۸)

"اور اللہ نے ان تین آدمیوں کی بھی توبہ قبول کی جن کا معاملہ مؤخر کر دیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ جب زمین اپنی کشادگی کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی اور انکی جان بھی ان پر تنگ ہو گئی اور انہوں نے یقین کر لیا کہ اللہ سے (بھاگ کر) کوئی جائے پناہ نہیں ہے مگر اسی کی طرف۔ پھر اللہ ان پر رجوع ہوا تاکہ وہ توبہ کریں بیشک اللہ توبہ قبول کرنیوالا رحیم ہے"

اس فیصلے کے نزول پر مسلمان عموماً اور یہ تینوں صحابہ کرام خصوصاً بے حد وحساب خوش ہوئے۔ لوگوں نے دوڑ دوڑ کر بشارت دی۔ خوشی سے چہرے کھل اٹھے اور انعامات اور صدقے دیئے۔ درحقیقت یہ ان کی زندگی کا

---

[۱] واقدی نے ذکر کیا ہے کہ یہ تعداد منافقینِ انصار کی تھی۔ ان کے علاوہ بنی غفار وغیرہ اعراب میں سے معذرت کرنے والوں کی تعداد بھی بیاسی تھی : پھر عبد اللہ بن اُبی اور اس کے پیروکار ان کے علاوہ تھے اور ان کی بھی خاصی بڑی تعداد تھی۔ (دیکھئے فتح الباری ۸/۱۱۹)

سب سے باسعادت دن تھا۔

اسی طرح جو لوگ معذوری کی وجہ سے شریکِ غزوہ نہ ہو سکے تھے ان کے بارے میں اللہ نے فرمایا:

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ (۹: ۹۱)

"کمزوروں پر، مریضوں پر اور جو لوگ خرچ کرنے کے لیے کچھ نہ پائیں ان پر کوئی حرج نہیں جب کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے خیر خواہ ہوں"

ان کے متعلق نبی ﷺ نے بھی مدینہ کے قریب پہنچ کر فرمایا تھا: "مدینہ میں کچھ ایسے لوگ ہیں کہ تم نے جس جگہ بھی سفر کیا اور جو وادی بھی طے کی وہ تمہارے ساتھ رہے، انہیں عذر نے روک رکھا تھا" لوگوں نے کہا، یا رسول اللہ ﷺ! وہ مدینہ میں رہتے ہوئے بھی (ہمارے ساتھ تھے)؟ آپ نے فرمایا (ہاں) مدینہ میں رہتے ہوئے بھی۔

اس غزوے کا اثر

یہ غزوہ جزیرۃ العرب پر مسلمانوں کا اثر پھیلانے اور اسے تقویت پہنچانے میں بڑا موثر ثابت ہوا۔ لوگوں پر یہ بات اچھی طرح واضح ہو گئی کہ اب جزیرۃ العرب میں اسلام کی طاقت کے سوا اور کوئی طاقت زندہ نہیں رہ سکتی۔ اس طرح جاہلین اور منافقین کی وہ بچی کھچی آرزوئیں اور اُمیدیں بھی ختم ہو گئیں جو مسلمانوں کے خلاف گردشِ زمانہ کے انتظار میں ان کے نہاں خانۂ دل میں پنہاں تھیں، کیونکہ ان کی ساری امیدوں اور آرزوؤں کا محور رُومی طاقت تھی اور اس غزوے میں اس کا بھی بھرم کھل گیا تھا اس لیے ان حضرات کے حوصلے ٹوٹ گئے اور انہوں نے امرِ واقعہ کے سامنے سپر ڈال دی کہ اب اس سے بھاگنے اور چھٹکارا پانے کی کوئی راہ ہی نہیں رہ گئی تھی۔

اور اسی صورتِ حال کی بناء پر اب اس کی بھی ضرورت نہیں رہ گئی تھی کہ مسلمان، منافقین کے ساتھ رفق و نرمی کا معاملہ کریں؛ لہٰذا اللہ نے ان کے خلاف سخت رویہ اختیار کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ یہاں تک کہ ان کے صدقے قبول کرنے، ان کی نماز جنازہ پڑھنے، ان کے لیے دُعائے مغفرت کرنے اور ان کی قبروں پر کھڑے ہونے سے روک دیا اور انہوں نے مسجد کے نام پر سازش اور دسیسہ کاری کا جو گھونسلہ تعمیر کیا تھا اسے ڈھا دینے کا حکم دیا۔ پھر ان کے بارے میں ایسی ایسی آیات نازل فرمائیں کہ وہ بالکل ننگے ہو گئے اور انہیں پہچاننے میں کوئی ابہام نہ رہا۔ گویا اہلِ مدینہ کے لیے ان آیات نے ان منافقین پر انگلیاں رکھ دیں۔

اس غزوے کے اثرات کا اندازہ اس سے بھی کیا جا سکتا ہے کہ فتح مکہ کے بعد (بلکہ اس سے پہلے بھی)

عرب کے وفود اگرچہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آنا شروع ہو گئے تھے، لیکن ان کی بھرمار اس غزوے کے بعد ہی ہوئی۔[۱]

اس غزوے سے متعلق قرآن کا نزول

اس غزوے سے متعلق سورہ توبہ کی بہت سی آیات نازل ہوئیں۔ کچھ روانگی سے پہلے، کچھ روانگی کے بعد دورانِ سفر، اور کچھ مدینہ واپس آنے کے بعد۔ ان آیات میں غزوے کے حالات ذکر کیے گئے ہیں، منافقین کا پردہ کھولا گیا ہے، مخلص مجاہدین کی فضیلت بیان کی گئی ہے اور مومنین صادقین جو غزوے میں گئے تھے اور جو نہیں گئے تھے ان کی توبہ کی قبولیت کا ذکر ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

سنہ ۹ھ کے بعض اہم واقعات

اس سن (سنہ ۹ھ) میں تاریخی اہمیت کے متعدد واقعات پیش آئے:

۱۔ تبوک سے رسول اللہ ﷺ کی واپسی کے بعد عُوَیمر عَجلانی اور ان کی بیوی کے درمیان لِعان ہوا۔

۲۔ غامدیہ عورت کو جس نے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر بدکاری کا اقرار کیا تھا، رجم کیا گیا۔ اس عورت نے بچے کی پیدائش کے بعد جب دودھ چھڑا لیا تب اسے رجم کیا گیا تھا۔

۳۔ اَصحمہ نجاشی شاہ حبشہ نے وفات پائی اور رسول اللہ ﷺ نے اس کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی۔

۴۔ نبی ﷺ کی صاحبزادی ام کلثوم رضی اللہ عنہا کی وفات ہوئی۔ ان کی وفات پر آپؐ کو سخت غم ہوا اور آپؐ نے حضرت عثمان سے فرمایا کہ اگر میرے پاس تیسری لڑکی ہوتی تو اس کی شادی بھی تم سے کر دیتا۔

۵۔ تبوک سے رسول اللہ ﷺ کی واپسی کے بعد راس المنافقین عبداللہ بن اُبی نے وفات پائی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے دُعائے مغفرت کی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے روکنے کے باوجود اس کی نماز جنازہ پڑھی۔ بعد میں وحی نازل ہوئی اور اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی موافقت اور تائید کرتے ہوئے منافقین پر نماز جنازہ پڑھنے سے منع کر دیا گیا۔

---

[۱] اس غزوے کی تفاصیل مآخذ ذیل سے لی گئی ہیں: ابن ہشام ۲/ ۵۱۵ تا ۵۳۷، زاد المعاد ۳/ ۲ تا ۱۳، صحیح بخاری ۲/ ۶۳۳ تا ۶۳۷ و ۱/ ۲۵۲، ۴۱۴ وغیرہ، صحیح مسلم مع شرح نووی ۲/ ۲۴۶، فتح الباری ۸/ ۱۱۰ تا ۱۲۶، مختصر السیرہ للشیخ عبداللہ ص ۳۹۱ تا ۴۰۷۔

حج ۹ھ (زیرِ امارت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ)

اسی سال ذی قعدہ یا ذی الحجہ (۹ھ) میں رسول اللہ ﷺ نے مناسکِ حج قائم کرنے کی غرض سے ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر الحج بنا کر روانہ فرمایا۔

اس کے بعد سورہ براءت کا ابتدائی حصہ نازل ہوا جس میں مشرکین سے کئے گئے عہد و پیمان کو برابری کی بنیاد پر ختم کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ اس حکم کے آجانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا تاکہ وہ آپ کی جانب سے اس کا اعلان کر دیں۔ ایسا اس لیے کرنا پڑا کہ خون اور مال کے عہد و پیمان کے سلسلے میں عرب کا یہی دستور تھا (کہ آدمی یا تو خود اعلان کرے یا اپنے خاندان کے کسی فرد سے اعلان کرائے۔ خاندان سے باہر کے کسی آدمی کا کیا ہوا اعلان تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ملاقات عرج یا وادئ ضجنان میں ہوئی۔ حضرت ابوبکرؓ نے دریافت کیا کہ امیر ہو یا مامور؟ حضرت علیؓ نے کہا، نہیں بلکہ مامور ہوں۔ پھر دونوں آگے بڑھے۔۔۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو حج کرایا۔ جب (دسویں تاریخ) یعنی قربانی کا دن آیا تو حضرت علیؓ بن ابی طالب نے جمرہ کے پاس کھڑے ہو کر لوگوں میں وہ اعلان کیا جس کا حکم رسول اللہ ﷺ نے دیا تھا۔ یعنی تمام عہد والوں کا عہد ختم کر دیا اور انہیں چار مہینے کی مہلت دی۔ اسی طرح جن کے ساتھ کوئی عہد و پیمان نہ تھا انہیں بھی چار مہینے کی مہلت دی۔ البتہ جن مشرکین نے مسلمانوں سے عہد نبھانے میں کوئی کوتاہی نہ کی تھی اور نہ مسلمانوں کے خلاف کسی کی مدد کی تھی، اُن کا عہد ان کی طے کردہ مدت تک برقرار رکھا۔

اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے صحابہ کرام کی ایک جماعت بھیج کر یہ اعلانِ عام کرایا کہ آئندہ سے کوئی مشرک حج نہیں کر سکتا اور نہ کوئی ننگا آدمی بیت اللہ کا طواف کر سکتا ہے۔

یہ اعلان گویا جزیرۃ العرب سے بُت پرستی کے خاتمے کا اعلان تھا۔ یعنی اس سال کے بعد بُت پرستی کے لیے آمد و رفت کی کوئی گنجائش نہیں۔[1]

---

[1] اس حج کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو، صحیح بخاری ۱/۲۲۰، ۴۵۱، ۲/۶۲۶، ۶۷۱، زاد المعاد ۳/۲۵، ۲۶ ابنِ ہشام ۲/۵۴۳ تا ۵۴۶۔ اور کتبِ تفسیر ابتدا سورۂ براءت۔

غزوات پر ایک نظر

نبی ﷺ کے غزوات، سرایا اور فوجی مہمات پر ایک نظر ڈالنے کے بعد کوئی بھی شخص جو جنگ کے ماحول، پس منظر و پیش منظر اور آثار و نتائج کا علم رکھتا ہو یہ اعتراف کیے بغیر نہیں رہ سکتا کہ نبی ﷺ دُنیا کے سب سے بڑے اور باکمال فوجی کمانڈر تھے۔ آپؐ کی سوجھ بوجھ سب سے زیادہ درست اور آپؐ کی فراست اور بیدار مغزی سب سے زیادہ گہری تھی۔ آپؐ جس طرح نبوت و رسالت کے اوصاف میں سیّد الرسل اور اعظم الانبیاء تھے، اسی طرح فوجی قیادت کے وصف میں بھی آپؐ یگانۂ روزگار اور نادر عبقریت کے مالک تھے۔ چنانچہ آپؐ نے جو بھی معرکہ آرائی کی اس کے لیے ایسے حالات وجہات کا انتخاب فرمایا جو حزم و تدبّر اور حکمت و شجاعت کے عین مطابق تھے۔ کسی معرکے میں حکمت عملی، لشکر کی ترتیب اور حساس مراکز پر اس کی تعیناتی، موزوں ترین مقام جنگ کے انتخاب اور جنگی پلاننگ وغیرہ میں آپؐ سے کبھی کوئی چوک نہیں ہوئی اور اسی لیے اس بنیاد پر آپؐ کو کبھی کوئی زک نہیں اٹھانی پڑی، بلکہ ان تمام جنگی معاملات و مسائل کے سلسلے میں آپؐ نے اپنے عملی اقدامات سے ثابت کر دیا کہ دُنیا بڑے بڑے کمانڈروں کے تعلق سے جس طرح کی قیادت کا علم رکھتی ہے آپؐ اس سے بہت کچھ مختلف ایک نرالی ہی قسم کی کمانڈرانہ صلاحیت کے مالک تھے۔ جس کے ساتھ شکست کا کوئی سوال ہی نہ تھا۔ اس موقع پر یہ عرض کر دینا بھی ضروری ہے کہ اُحد اور حُنَین میں جو کچھ پیش آیا اس کا سبب رسول اللہ ﷺ کی کسی حکمتِ عملی کی خامی نہ تھی بلکہ اس کے پیچھے حُنین میں کچھ افرادِ لشکر کی بعض کمزوریاں کار فرما تھیں اور اُحد میں آپؐ کی نہایت اہم حکمت عملی اور لازمی ہدایات کو نہایت فیصلہ کن لمحات میں نظر انداز کر دیا گیا تھا۔

پھر ان دونوں غزوات میں جب مسلمانوں کو زک اٹھانے کی نوبت آئی تو آپؐ نے جس عبقریت کا مظاہرہ فرمایا وہ اپنی مثال آپ تھی۔ آپؐ دشمن کے مدِّمقابل ڈٹے رہے اور اپنی نادرۂ روزگار حکمت عملی سے اسے یا تو اس کے مقصد میں ناکام بنا دیا ___ جیسا کہ اُحد میں ہوا ___ یا جنگ کا پانسہ اس طرح پلٹ دیا کہ مسلمانوں کی شکست، فتح میں تبدیل ہو گئی ___ جیسا کہ حنین میں ہوا ___ حالانکہ اُحد جیسی خطرناک صورت حال اور حنین جیسی بے لگام بھگدڑ سپہ سالاروں کی قوتِ فیصلہ سلب کر لیتی ہے اور ان کے اعصاب پر تباہ کن

اثر ڈالتی ہے کہ انہیں اپنے بچاؤ کے علاوہ اور کوئی فکر نہیں رہ جاتی۔

یہ گفتگو تو ان غزوات کے خالص فوجی اور جنگی پہلو سے تھی۔ باقی رہے دوسرے گوشے تو وہ بھی بے حد اہم ہیں۔ آپؐ نے ان غزوات کے ذریعے امن وامان قائم کیا، فتنے کی آگ بجھائی اسلام و بُت پرستی کی کشمکش میں دشمن کی شوکت توڑ کر رکھ دی اور انہیں اسلامی دعوت و تبلیغ کی راہ آزاد چھوڑنے اور مصالحت کرنے پر مجبور کردیا۔ اسی طرح آپؐ نے ان جنگوں کی بدولت یہ بھی معلوم کرلیا کہ آپؐ کا ساتھ دینے والوں میں کون سے لوگ مخلص ہیں اور کون سے لوگ منافق، جو نہاں خانۂ دل میں غدر و خیانت کے جذبات چھپائے ہوئے ہیں۔

پھر آپؐ نے محاذ آرائی کے عملی نمونوں کے ذریعے مسلمان کمانڈروں کی ایک زبردست جماعت بھی تیار کردی جنہوں نے آپؐ کے بعد عراق و شام کے میدانوں میں فارس و روم سے ٹکرلی، اور جنگی پلاننگ اور تکنیک میں ان کے بڑے بڑے کمانڈروں کو مات دے کر انہیں ان کے مکانات و سرزمین سے، اموال و باغات سے، چشموں اور کھیتوں سے، آرام دہ اور باعزت مقام سے اور مزے دار نعمتوں سے نکال باہر کیا۔

اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے ان غزوات کی بدولت مسلمانوں کے لیے رہائش، کھیتی، پیشے اور کام کا انتظام فرمایا۔ بے خانماں اور محتاج پناہ گزینوں کے مسائل حل فرمائے۔ ہتھیار، گھوڑے، ساز و سامان اور اخراجاتِ جنگ مہیا کیے اور یہ سب کچھ اللہ کے بندوں پر ذرہ برابر ظلم وزیادتی اور جَور و جفا کیے بغیر حاصل کیا۔

آپؐ نے ان اسباب و وجوہ اور اغراض و مقاصد کو بھی تبدیل کر ڈالا جن کے لیے دورِ جاہلیت میں جنگ کے شعلے بھڑکا کرتے تھے، یعنی دورِ جاہلیت میں جنگ نام تھی لوٹ مار اور قتل و غارت گری کا، ظلم و زیادتی اور انتقام و تشدد کا، کمزوروں کو کچلنے، آبادیاں ویران کرنے اور عمارتیں ڈھانے کا، عورتوں کی بے حُرمتی کرنے اور بوڑھوں، بچّوں اور بچیوں کے ساتھ سنگدلی سے پیش آنے کا، کھیتی باڑی اور جانوروں کو ہلاک کرنے اور زمین میں تباہی و فساد مچانے کا۔ مگر اسلام نے اس جنگ کی رُوح تبدیل کرکے اسے ایک مقدس جہاد میں بدل دیا۔ جسے نہایت موزوں اور معقول اسباب کے تحت شروع کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے ایسے شریفانہ مقاصد اور بلند پایہ اغراض حاصل کیے جاتے ہیں جنہیں ہر زمانے اور ہر ملک میں انسانی معاشرہ کے لیے باعثِ اعزاز تسلیم کیا گیا ہے۔ کیونکہ اب جنگ کا مفہوم یہ ہوگیا تھا کہ انسان کو قہر و ظلم کے نظام سے نکال کر عدل و انصاف کے نظام میں لانے کی مسلح جدوجہد کی جائے۔ یعنی ایک ایسے نظام کو جس میں طاقتور کمزور کو کھا رہا ہو، اُلٹ کر ایک ایسا نظام قائم کیا جائے جس میں طاقتور کمزور ہو جائے جب تک کہ اس سے

کمزور کا حق لے نہ لیا جائے۔ اسی طرح اب جنگ کا معنیٰ یہ ہوگیا تھا کہ ان کمزور مردوں، عورتوں اور بچوں کو نجات دلائی جائے جو دعائیں کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے باشندے ظالم ہیں۔ اور ہمارے لیے اپنے پاس سے ولی بنا، اور اپنے پاس سے مددگار بنا۔ نیز اس جنگ کا معنی یہ ہوگیا کہ اللہ کی زمین کو غدر و خیانت، ظلم و ستم اور بدی و گناہ سے پاک کرکے اس کی جگہ امن و امان، رافت و رحمت، حقوق رسانی اور مروت و انسانیت کا نظم بحال کیا جائے۔

رسول اللہ ﷺ نے جنگ کے لیے شریفانہ ضوابط بھی مقرر فرمائے اور اپنے فوجیوں اور کمانڈروں پر ان کی پابندی لازمی قرار دیتے ہوئے کسی حال میں ان سے باہر جانے کی اجازت نہ دی۔ حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی شخص کو کسی لشکر یا سَریّہ کا امیر مقرر فرماتے تو اسے خاص اس کے اپنے نفس کے بارے میں اللہ عزوجل کے تقویٰ کی اور اس کے مسلمان ساتھیوں کے بارے میں خیر کی وصیت فرماتے۔ پھر فرماتے: "اللہ کے نام سے اللہ کی راہ میں غزوہ کرو۔ جس نے اللہ کے ساتھ کفر کیا ان سے لڑائی کرو۔ غزوہ کرو، خیانت نہ کرو، بدعہدی نہ کرو، ناک کان وغیرہ نہ کاٹو، کسی بچے کو قتل نہ کرو" الخ[1]

اسی طرح آپ آسانی برتنے کا حکم دیتے اور فرماتے: "آسانی کرو، سختی نہ کرو۔ لوگوں کو سکون دلاؤ، متنفر نہ کرو۔" اور جب رات میں آپؐ کسی قوم کے پاس پہنچتے تو صبح ہونے سے پہلے چھاپہ نہ مارتے۔ نیز آپؐ نے کسی کو آگ میں جلانے سے نہایت سختی کے ساتھ منع کیا۔ اسی طرح باندھ کر قتل کرنے اور عورتوں کو مارنے اور انہیں قتل کرنے سے بھی منع کیا اور لوٹ مار سے روکا۔ حتیٰ کہ آپؐ نے فرمایا کہ لوٹ کا مال مُردار کی طرح ہی حرام ہے۔ اسی طرح آپؐ نے کھیتی باڑی تباہ کرنے، جانور ہلاک کرنے اور درخت کاٹنے سے منع فرمایا، سوائے اس صورت کے کہ اس کی سخت ضرورت آن پڑے اور درخت کاٹے بغیر کوئی چارہ کار نہ ہو۔ فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے یہ بھی فرمایا: "کسی زخمی پر حملہ نہ کرو کسی بھاگنے والے کا پیچھا نہ کرو، اور کسی قیدی کو قتل نہ کرو۔" آپؐ نے یہ سُنّت بھی جاری فرمائی کہ سفیر کو قتل نہ کیا جائے۔ نیز آپؐ نے معاہدین (غیر مسلم شہریوں) کے قتل سے بھی نہایت سختی سے روکا یہاں تک کہ فرمایا: "جو شخص کسی معاہد کو قتل کرے گا وہ جنّت کی خوشبو نہیں پائے گا۔ حالانکہ اس کی خوشبو چالیس سال کے فاصلے سے پائی جاتی ہے۔"

یہ اور اس طرح کے دوسرے بلند پایہ قواعد و ضوابط تھے جن کی بدولت جنگ کا عمل جاہلیت کی گندگیوں سے پاک و صاف ہوکر مقدس جہاد میں تبدیل ہوگیا۔

---

[1] صحیح مسلم ۲/ ۸۲، ۸۳

اللہ کے دین میں فوج در فوج داخلہ

جیسا کہ ہم نے عرض کیا غزوہ فتح مکہ ایک فیصلہ کن معرکہ تھا جس نے بُت پرستی کا کام تمام کر دیا اور سارے عرب کے لیے حق و باطل کی پہچان ثابت ہوا۔ اس کی وجہ سے ان کے شبہات جاتے رہے اسی لیے اس کے بعد انہوں نے بڑی تیز رفتاری سے اسلام قبول کیا۔ حضرت عمرو بن سلمہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ ایک چشمے پر (آباد) تھے جو لوگوں کی گزرگاہ تھا۔ ہمارے ہاں سے قافلے گزرتے رہتے تھے اور ہم ان سے پوچھتے رہتے تھے کہ لوگوں کا کیا حال ہے؟ اس آدمی ــــ یعنی نبی ﷺ ــــ کا کیا حال ہے؟ اور کیسا ہے؟ لوگ کہتے: "وہ سمجھتا ہے کہ اللہ نے اسے پیغمبر بنایا ہے؛ اس کے پاس وحی بھیجی ہے؛ اللہ نے یہ اور یہ وحی کی ہے۔" میں یہ بات یاد کر لیتا تھا، گویا وہ میرے سینے میں چپک جاتی تھی اور عرب حلقہ بگوش اسلام ہونے کے لیے فتح مکہ کا انتظار کر رہے تھے۔ کہتے تھے: "اسے اور اس کی قوم کو (پنجہ آزمائی کے لیے) چھوڑ دو۔ اگر وہ اپنی قوم پر غالب آگیا تو سچا نبی ہے۔ چنانچہ جب فتح مکہ کا واقعہ پیش آیا تو ہر قوم نے اپنے اسلام کے ساتھ (مدینہ کی جانب) پیش رفت کی اور میرے والد بھی میری قوم کے اسلام کے ساتھ تشریف لے گئے اور جب (خدمتِ نبوی سے) واپس آئے تو فرمایا' میں تمہارے پاس خُدا کی قسم ایک نبیؐ برحق کے پاس سے آرہا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا ہے کہ فلاں نماز فلاں وقت پڑھو اور فلاں نماز فلاں وقت پڑھو۔ اور جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں سے ایک آدمی اذان کہے' اور جسے قرآن زیادہ یاد ہو وہ امامت کرے۔[1]

اس حدیث سے اندازہ ہوتا ہے کہ فتح مکہ کا واقعہ حالات کو تبدیل کرنے میں، اسلام کو قوت بخشنے میں، اہلِ عرب کا موقف متعین کرانے میں اور اسلام کے سامنے انہیں سپر انداز کرنے میں کتنے گہرے اور دُور رس اثرات رکھتا تھا۔ یہ کیفیت غزوہ تبوک کے بعد پختہ سے پختہ تر ہو گئی۔ اس لیے ہم دیکھتے ہیں کہ ان دو برسوں ۹ھ اور ۱۰ھ ــــ میں مدینہ آنے والے وفود کا تانتا بندھا ہوا تھا اور لوگ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو رہے تھے، یہاں تک کہ وہ اسلامی لشکر جو فتح مکہ کے موقع پہ دس ہزار سپاہ پر مشتمل تھا اس کی تعداد غزوہ تبوک میں (جبکہ ابھی فتح مکہ پہ پورا ایک سال بھی نہیں گزرا تھا) اتنی بڑھ گئی کہ وہ تیس ہزار فوجیوں کے

---

[1] صحیح بخاری ۲/ ۶۱۵، ۶۱۶

ٹھاٹھیں مارتے ہوئے سمندر میں تبدیل ہوگیا؛ پھر ہم حجۃ الوداع میں دیکھتے ہیں کہ ایک لاکھ ۴۴ ہزار یا ایک لاکھ چوالیس ہزار اہلِ اسلام کا سیلاب امنڈ پڑا ہے، جو رسول اللہ ﷺ کے گرد اگرد اس طرح لبیک پکارتا، تکبیر کہتا اور حمد و تسبیح کے نغمے گنگناتا ہے کہ آفاق گونج اُٹھتے ہیں اور وادی و کوہسار نغمۂ توحید سے معمور ہو جاتے ہیں۔

وفود

اہلِ مغازی نے جن وفود کا تذکرہ کیا ہے ان کی تعداد ستر سے زیادہ ہے۔ لیکن یہاں نہ تو ان سب کے ذکر کی گنجائش ہے اور نہ ان کے تفصیلی بیان میں کوئی بڑا فائدہ ہی مضمر ہے اس لیے ہم صرف انہی وفود کا ذکر کر رہے ہیں جو تاریخی حیثیت سے اہمیت و نُدرت کے حامل ہیں۔ قارئین کرام کو یہ بات ملحوظ رکھنی چاہیئے کہ اگرچہ عام قبائل کے وفود فتح مکہ کے بعد خدمت نبویؐ میں حاضر ہونا شروع ہوئے تھے لیکن بعض بعض قبائل ایسے بھی تھے جن کے وفود فتح مکہ سے پہلے ہی مدینہ آچکے تھے۔ یہاں ہم ان کا ذکر بھی کر رہے ہیں۔

۱۔ وفد عبد القیس ــــ اس قبیلے کا وفد دو بار خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہوا تھا۔ پہلی بار ۵ھ میں یا اس سے بھی پہلے اور دوسری بار عام الوفود ۹ھ میں۔ پہلی بار اس کی آمد کی وجہ یہ ہوئی کہ اس قبیلے کا ایک شخص منقذ بن حبان سامان تجارت لے کر مدینہ آیا جایا کرتا تھا۔ وہ جب نبی ﷺ کی ہجرت کے بعد پہلی بار مدینہ آیا اور اسے اسلام کا علم ہوا تو وہ مسلمان ہوگیا اور نبی ﷺ کا ایک خط لے کر اپنی قوم کے پاس گیا۔ ان لوگوں نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ اور ان کے ۱۳ یا ۱۴ آدمیوں کا ایک وفد حرمت والے مہینے میں خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہوا۔ اسی دفعہ اس وفد نے نبی ﷺ سے ایمان اور مشروبات کے متعلق سوال کیا تھا۔ اس وفد کا سربراہ الاشج العصری[۲] تھا جس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا کہ تم میں دو ایسی خصلتیں ہیں جنہیں اللہ پسند کرتا ہے۔ (۱) دُور اندیشی اور (۲) بُردباری۔

دوسری بار اس قبیلے کا وفد جیسا کہ بتایا گیا وفود والے سال میں آیا تھا۔ اس وقت ان کی تعداد چالیس تھی اور ان میں علاء بن جارود عبدی تھا جو نصرانی تھا، لیکن مُسلمان ہوگیا اور اس کا اسلام بہت خوب رہا۔[۳]

۲۔ وفدِ دَوس ــــ یہ وفد ۷ھ کے اوائل میں مدینہ آیا۔ اس وقت رسول اللہ ﷺ خیبر میں تھے۔ آپ پچھلے اوراق میں پڑھ چکے ہیں کہ اس قبیلے کے سربراہ حضرت طُفَیل بن عَمرو دَوسی رضی اللہ عنہ اس وقت حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے تھے جب رسول اللہ ﷺ مکہ میں تھے۔ پھر انہوں نے اپنی قوم میں واپس جا کر اسلام کی دعوت و تبلیغ کا کام مسلسل کیا لیکن ان کی قوم برابر ٹالتی اور تاخیر کرتی رہی یہاں تک کہ حضرت طفیل ان کی طرف سے مایوس ہوگئے۔ پھر انہوں نے خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہو کر عرض کی کہ آپ قبیلہ دوس پر

---

[۲] مرعاۃ المفاتیح، ۱/۷۱ [۳] شرح صحیح مسلم للنووی ۱/۳۳، فتح الباری ۸/۸۵، ۸۶

بددُعا کر دیجئے لیکن آپ نے فرمایا: اے اللہ! دوس کو ہدایت دے۔ اور آپ کی اس دُعا کے بعد اس قبیلے کے لوگ مسلمان ہو گئے۔ حضرت طفیل نے اپنی قوم کے ستّر یا اسّی گھرانوں کی جمعیت لے کر ۷ھ کے اوائل میں اس وقت مدینہ ہجرت کی جب نبی ﷺ خیبر میں تشریف فرما تھے۔ اس کے بعد حضرت طفیل رضی اللہ عنہ خیبر میں آپؐ کے ساتھ جا ملے۔

۳۔ فَرْوَہ بن عَمْرو جذامی کا پیغام رسان ـــــ حضرت فَرْوَہؓ، رومی سپاہ کے اندر ایک عربی کمانڈر تھے۔ انہیں رُومیوں نے اپنی حدود سے متصل عرب علاقوں کا گورنر بنا رکھا تھا۔ ان کا مرکز معان (جنوبی اُردن) تھا اور عملداری گرد و پیش کے علاقے میں تھی۔ انہوں نے جنگِ مُؤتہ (۸ھ) میں مسلمانوں کی معرکہ آرائی، شجاعت اور جنگی پختگی دیکھ کر اسلام قبول کر لیا اور ایک قاصد بھیج کر رسول اللہ ﷺ کو اپنے مسلمان ہونے کی اطلاع دی۔ تحفہ میں ایک سفید خچر بھی بھجوایا۔ رُومیوں کو ان کے مسلمان ہونے کا علم ہوا تو انہوں نے پہلے تو انہیں گرفتار کر کے قید میں ڈال دیا پھر اختیار دیا کہ یا تو مرتد ہو جائیں یا موت کے لیے تیار رہیں۔ انہوں نے ارتداد پر موت کو ترجیح دی۔ چنانچہ انہیں فلسطین میں عفراء نامی ایک چشمے پر سولی دے کر شہید کر دیا گیا۔[۱]

۴۔ وفدِ صُدَاء ـــــ یہ وفد ۸ھ میں جعرّانہ سے رسول اللہ ﷺ کی واپسی کے بعد حاضرِ خدمت ہوا۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ رسول اللہ ﷺ نے چار سو مسلمانوں کی ایک مہم تیار کر کے اسے حکم دیا کہ یمن کا وہ گوشہ روند آویں جس میں قبیلہ صُداء رہتا ہے۔ یہ مہم ابھی وادی قناۃ کے سرے پر خیمہ زن تھی کہ حضرت زیاد بن حارث صدائی کو اس کا علم ہو گیا۔ وہ بھاگم بھاگ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ میرے پیچھے جو لوگ ہیں میں ان کے نمائندہ کی حیثیت سے حاضر ہوا ہوں لہٰذا آپ لشکر واپس بلا لیں۔ اور میں آپ کے لیے اپنی قوم کا ضامن ہوں۔ آپ نے وادی قناۃ ہی سے لشکر واپس بلا لیا۔ اس کے بعد حضرت زیاد نے اپنی قوم میں واپس جا کر انہیں ترغیب دی کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ ان کی ترغیب پر پندرہ آدمی خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہوئے اور قبولِ اسلام پر بیعت کی۔ پھر اپنی قوم میں واپس جا کر اسلام کی تبلیغ کی، اور ان میں اسلام پھیل گیا۔ حجۃ الوداع کے موقع پر ان کے ایک سو آدمیوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں شرفِ باریابی حاصل کیا۔

۵۔ کعب بن زہیر بن ابی سُلمٰی کی آمد ـــــ یہ شخص ایک شاعر خانوادے کا چشم و چراغ تھا اور خود بھی عرب کا عظیم ترین شاعر تھا۔ یہ کافر تھا اور نبی ﷺ کی ہجو کیا کرتا تھا۔ امام حاکم کے بقول یہ بھی ان

---

[۱] زاد المعاد ۳/۴۵

مجرموں کی فہرست میں شامل تھا جن کے متعلق فتح مکہ کے موقع پر حکم دیا گیا تھا کہ اگر وہ خانہ کعبہ کا پردہ پکڑے ہوئے پائے جائیں تو بھی ان کی گردن مار دی جائے۔ لیکن یہ شخص بچ نکلا۔ ادھر رسول اللہ ﷺ غزوہ طائف (۸ھ) سے واپس ہوئے تو کعب کے پاس اس کے بھائی بجیر بن زہیر نے لکھا کہ رسول اللہ ﷺ نے مکہ کے کئی ان افراد کو قتل کرا دیا ہے جو آپؐ کی ہجو کرتے اور آپؐ کو ایذائیں پہنچاتے تھے۔ قریش کے بچے کھچے شعراء میں سے جس کے جدھر سینگ سمائے ہیں نکل بھاگا ہے لہٰذا اگر تمہیں اپنی جان کی ضرورت ہے تو رسول اللہ ﷺ کے پاس اُڑ کر آ جاؤ، کیونکہ کوئی بھی شخص توبہ کر کے آپؐ کے پاس آ جائے تو آپؐ اسے قتل نہیں کرتے؛ اور اگر یہ بات منظور نہیں تو پھر جہاں نجات مل سکے نکل بھاگو۔ اس کے بعد دونوں بھائیوں میں مزید خط و کتابت ہوئی جس کے نتیجہ میں کعب بن زہیر کو زمین تنگ محسوس ہونے لگی اور اسے اپنی جان کے لالے پڑتے نظر آئے اس لیے آخر کار وہ مدینہ آ گیا اور جُہینہ کے ایک آدمی کے ہاں مہمان ہوا۔ پھر اسی کے ساتھ صبح کی نماز پڑھی۔ نماز سے فارغ ہوا تو جُہینی نے اشارہ کیا اور وہ اُٹھ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس جا بیٹھا اور اپنا ہاتھ آپؐ کے ہاتھ میں رکھ دیا۔ رسول اللہ ﷺ اسے پہچانتے نہ تھے۔ اس نے کہا "اے اللہ کے رسول! کعب بن زہیر توبہ کر کے مسلمان ہو گیا ہے اور آپؐ سے امن کا خواستگار بن کر آیا ہے تو کیا اگر میں اسے آپؐ کی خدمت میں حاضر کر دوں تو آپؐ اس کے اسلام کو قبول فرمالیں گے"؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اس نے کہا: میں ہی کعب بن زہیر ہوں۔ یہ سُن کر ایک انصاری صحابی اس پر جھپٹ پڑے اور اس کی گردن مارنے کی اجازت چاہی۔ آپؐ نے فرمایا "چھوڑ دو، یہ شخص تائب ہو کر اور پچھلی باتوں سے دستکش ہو کر آیا ہے"۔

اس کے بعد اسی موقع پر کعب بن زہیر نے اپنا مشہور قصیدہ آپ کو پڑھ کر سنایا جس کی ابتدا یوں ہے۔

بانت سُعادُ فقلبی الیومَ متبولُ — متیم اِثرھا لم یفد، مکبولُ

"سُعاد دُور ہو گئی تو میرا دل بے قرار ہے۔ اس کے پیچھے وارفتہ اور بیڑیوں میں جکڑا ہوا ہے۔ اس کا فدیہ نہیں دیا گیا۔"

اس قصیدے میں کعب نے رسول اللہ ﷺ سے معذرت کرتے ہوئے اور آپ کی مدح کرتے ہوئے آگے یوں کہا ہے:

نُبئتُ انّ رسول اللہ اَوعَدَنی — وَالعفوُ عند رسول اللہ مأمولُ

مَہلاً ھداك الذی اعطاك نافلۃ الـ... — قرآن فیھا مواعیظ وتفصیلُ

لا تأخذن بأقوال الوشاۃِ وَلَم — أُذنِب ولو کثُرَت فِیَّ الاقاوِیلُ

لقد أقوم مقامًا لو یقوم بہ — أری وأسمعُ ما لو یسمعُ الفیلُ

لَظَلّ یرعدُ إلاّ أن یکون لہ — من الرسول باذن اللہ تنویلُ

حتی وضعتُ یمینی ما أنازعُہ — فی کف ذی نقمات قیلہ القیلُ

فلھُوَ أخوفُ عندی إذا کلّمُہٗ — وقیل ! إنك منسوبٌ ومسئولُ

من ضیغم بضراء الارض مخدرہ — فی بطن عثر غیل دونہ غیلُ

إنّ الرسول لنورٌ یُستضاءُ بہٖ — مُھنّدٌ من سیُوفِ اللہ مَسلُوُلُ

"مجھے بتایا گیا ہے کہ اللہ کے رسول نے مجھے دھمکی دی ہے، حالانکہ اللہ کے رسولؐ سے درگذر کی توقع ہے۔ آپؐ ٹھہریں چغلخوروں کی بات نہ لیں ــــ وہ ذات آپؐ کی رہنمائی کرے جس نے آپؐ کو نصائح اور تفصیل سے پُر قرآن کا تحفہ دیا ہے ــــ اگرچہ میرے بارے میں باتیں بہت کہی گئی ہیں، لیکن میں نے جرم نہیں کیا ہے۔ میں ایسی جگہ کھڑا ہوں اور وہ باتیں دیکھ اور سُن رہا ہوں کہ اگر ہاتھی بھی وہاں کھڑا ہو اور ان باتوں کو سُنے اور دیکھے تو تھراتا رہ جائے۔ سوائے اس صورت کے کہ اس پر اللہ کے اذن سے رسولؐ کی نوازش ہو۔ حتیٰ کہ میں نے اپنا ہاتھ کسی نزاع کے بغیر اس ہستی محترم کے ہاتھ میں رکھ دیا جسے انتقام پر پوری قدرت ہے اور جس کی بات بات ہے۔ جب میں اس سے بات کرتا ہوں ــــ درانحالیکہ مجھ سے کہا گیا ہے کہ تمہاری طرف (فلاں فلاں باتیں) منسوب ہیں اور تم سے بازپُرس کی جائے گی ــــ تو وہ میرے نزدیک اس شیر سے بھی زیادہ خوفناک ہوتے ہیں جس کا کچھار کسی ہلاکت خیز وادی کے بطن میں واقع کسی ایسی سخت زمین میں ہو جس سے پہلے بھی ہلاکت ہی ہو۔ یقیناً رسُول ایک نور ہیں جن سے روشنی حاصل کی جاتی ہے۔ اللہ کی تلواروں میں سے ایک سونتی ہوئی ہندی تلوار ہیں۔"

اس کے بعد کعبؓ بن زہیر نے مہاجرین قریش کی تعریف کی، کیونکہ کعب کی آمد پر ان کے کسی آدمی نے خیر کے سوا کوئی بات اور حرکت نہیں کی تھی، لیکن ان کی مدح کے دوران انصار پر طنز کی، کیونکہ ان کے ایک آدمی نے ان کی گردن مارنے کی اجازت چاہی تھی۔ چنانچہ کہا

یمشون مشی الجمال الزھر یعصمھم — ضرب اذا عرد السود التنابیل

" وہ (قریش) خوبصورت، مٹکتے اونٹ کی چال چلتے ہیں اور شمشیر زنی ان کی حفاظت کرتی ہے جب کہ ناٹے کھوٹے، کالے کلوٹے لوگ راستہ چھوڑ کر بھاگتے ہیں۔ "

لیکن جب وہ مُسلمان ہوگیا' اور اس کے اسلام میں عمدگی آگئی تو اس نے ایک قصیدہ انصار کی مدح میں کہا اور ان کی شان میں اس سے جو غلطی ہوگئی تھی اس کی تلافی کی۔ چنانچہ اس قصیدے میں کہا:

من سرہ کرم الحیاۃ فلا یزل — فی مقنب من صالحی الانصار

ورثوا المکارم کابراً عن کابر — اِنّ الخیارَ ھم بنوالاخیار

''جسے کریمانہ زندگی پسند ہو وہ ہمیشہ صالح انصار کے کسی دستے میں رہے۔ انہوں نے خوبیاں باپ دادا سے ورثہ میں پائی ہیں۔ درحقیقت اچھے لوگ وہی ہیں جو اچھوں کی اولاد ہوں۔''

۶۔ وفد عذرہ —— یہ وفد صفر ۹ھ میں مدینہ آیا۔ بارہ آدمیوں پر مشتمل تھا۔ اس میں حمزہؓ بن نعمان بھی تھے۔ جب وفد سے پوچھا گیا کہ آپ کون لوگ ہیں؟ تو ان کے نمائندے نے کہا، ہم بنوعذرہ ہیں۔ قصیّ کے اَخیافی بھائی۔ ہم نے ہی قصی کی تائید کی تھی اور خزاعہ اور بنوبکر کو مکہ سے نکالا تھا۔ (یہاں) ہمارے رشتے اور قرابت داریاں ہیں۔ اس پر نبی ﷺ نے خوش آمدید کہا اور ملک شام کے فتح کیے جانے کی بشارت دی۔ نیز انہیں کاہنہ عورتوں سے سوال کرنے سے منع کیا اور ان ذبیحوں سے روکا جنہیں یہ لوگ (حالتِ شرک میں) ذبح کیا کرتے تھے۔ اس وفد نے اسلام قبول کیا اور چند روز ٹھہر کر واپس گیا۔

۷۔ وفد بلی —— یہ ربیع الاول ۹ھ میں مدینہ آیا اور حلقہ بگوشِ اسلام ہو کر تین روز مقیم رہا۔ دورانِ قیام وفد کے رئیس ابوالضبیب نے دریافت کیا کہ کیا ضیافت میں بھی اجر ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' ہاں! کسی مالدار یا فقیر کے ساتھ جو بھی اچھا سلوک کرو گے وہ صدقہ ہے۔ اس نے پوچھا' مدتِ ضیافت کتنی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تین دن۔ اس نے پوچھا کسی لاپتہ شخص کی گمشدہ بھیڑ بکری مل جائے تو کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ تمہارے لیے ہے یا تمہارے بھائی کے لیے ہے یا پھر بھیڑیئے کے لیے ہے۔ اس کے بعد اس نے گمشدہ اُونٹ کے متعلق سوال کیا۔ آپؐ نے فرمایا، تمہیں اس سے کیا واسطہ؟ اسے چھوڑ دو یہاں تک کہ اسکا مالک اُسے پا جائے۔

۸۔ وفدِ ثقیف —— یہ وفد رمضان ۹ھ میں تبوک سے رسول اللہ ﷺ کی واپسی کے بعد حاضر ہوا۔ اس قبیلے میں اسلام پھیلنے کی صورت یہ ہوئی کہ رسول اللہ ﷺ ذی قعدہ ۸ھ میں جب غزوہ طائف سے واپس ہوئے تو آپؐ کے مدینہ پہنچنے سے پہلے ہی اس قبیلے کے سردار عُروہؓ بن مسعود نے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کر لیا۔ پھر اپنے قبیلہ میں واپس جا کر لوگوں کو اسلام کی دعوت دی۔ وہ چونکہ اپنی قوم کا سردار تھا اور صرف یہی نہیں کہ اس کی بات مانی جاتی تھی بلکہ اسے اس قبیلے کے لوگ اپنی لڑکیوں اور عورتوں سے بھی زیادہ محبوب رکھتے تھے اس لیے اس کا خیال تھا کہ لوگ اس کی اطاعت کریں گے۔ لیکن جب اس نے اسلام کی دعوت دی تو اس توقع کے بالکل برخلاف لوگوں نے اس پر ہر طرف سے تیروں کی بوچھاڑ کر دی اور اسے جان سے مار ڈالا۔ پھر اسے قتل کرنے کے بعد چند مہینے تو یوں ہی مقیم رہے لیکن اس کے بعد انہیں احساس ہوا کہ گرد و پیش کا علاقہ جو مسلمان ہو چکا ہے اس سے ہم مقابلہ کی تاب نہیں رکھتے لہٰذا انہوں نے باہم مشورہ کر کے

طے کیا کہ ایک آدمی کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجیں اور اس کے لیے عَبدِیَالیل بن عمرؓ سے بات چیت کی مگر وہ آمادہ نہ ہوا۔ اسے اندیشہ تھا کہ کہیں اس کے ساتھ بھی وہی سلوک نہ کیا جائے جو عروہؓ بن مسعود کے ساتھ کیا جا چکا ہے اس لیے اس نے کہا، میں یہ کام اس وقت تک نہیں کر سکتا جب تک میرے ساتھ مزید کچھ آدمی نہ بھیجو۔ لوگوں نے اس کا یہ مطالبہ تسلیم کر لیا اور اس کے ساتھ حلیفوں میں سے دو آدمی اور بنی مالک میں سے تین آدمی لگا دیئے۔ اس طرح کل چھ آدمیوں کا وفد تیار ہو گیا۔ اسی وفد میں حضرت عثمانؓ بن ابی العاص ثقفی بھی تھے جو سب سے زیادہ کم عمر تھے۔

جب یہ لوگ خدمتِ نبوی میں پہنچے تو آپؐ نے ان کے لیے مسجد کے ایک گوشے میں ایک قُبہ لگوا دیا تاکہ یہ قرآن سُن سکیں اور صحابہؓ کرام کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ سکیں۔ پھر یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے جاتے رہے اور آپؐ انہیں اسلام کی دعوت دیتے رہے۔ آخر ان کے سردار نے سوال کیا کہ آپؐ اپنے اور ثقیف کے درمیان ایک معاہدۂ صلح لکھ دیں جس میں زنا کاری، شراب نوشی اور سود خوری کی اجازت ہو۔ ان کے معبود "لات" کو برقرار رہنے دیا جائے انہیں نماز سے معاف رکھا جائے اور ان کے بُت خود ان کے ہاتھوں سے نہ تڑوائے جائیں لیکن رسول اللہ ﷺ نے ان میں سے کوئی بھی بات منظور نہ کی۔ لہٰذا انہوں نے تنہائی میں مشورہ کیا مگر انہیں رسول اللہ ﷺ کے سامنے سپر ڈالنے کے سوا کوئی تدبیر نظر نہ آئی۔ آخر انہوں نے یہی کیا اور اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے حوالے کرتے ہوئے اسلام قبول کر لیا۔ البتہ یہ شرط لگائی کہ "لات" کو ڈھانے کا انتظام رسول اللہ ﷺ خود فرما دیں، ثقیف اسے اپنے ہاتھوں سے ہرگز نہ ڈھائیں گے۔ آپؐ نے یہ شرط منظور کر لی اور ایک نوشتہ لکھ دیا اور عثمانؓ بن ابی العاص ثقفی کو ان کا امیر بنا دیا کیونکہ وہی اسلام کو سمجھنے اور دین و قرآن کی تعلیم حاصل کرنے میں سب سے زیادہ پیش پیش اور حریص تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وفد کے ارکان ہر روز صبح خدمتِ نبوی میں حاضر ہوتے تھے لیکن عثمانؓ بن ابی العاص کو اپنے ڈیرے پر چھوڑ دیتے تھے۔ اس لیے جب وفد واپس آکر دوپہر میں قیلولہ کرتا تو حضرت عثمانؓ بن ابی العاص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر قرآن پڑھتے اور دین کی باتیں دریافت کرتے اور جب آپ کو استراحت فرماتے ہوئے پاتے تو اسی مقصد کے لیے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں چلے جاتے۔ (حضرت عثمانؓ بن ابی العاص کی گورنری بڑی بابرکت ثابت ہوئی۔ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد جب خلافت صدیقی میں ارتداد کی لہر چلی اور ثقیف نے بھی مرتد ہونے کا ارادہ کیا تو انہیں حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ نے مخاطب کر کے کہا: "ثقیف کے لوگو! تم سب سے اخیر میں اسلام لائے ہو۔ اس لیے سب سے پہلے مرتد نہ ہو۔"

یہ سن کر لوگ ارتداد سے رک گئے اور اسلام پر ثابت قدم رہے۔

بہرحال وفد نے اپنی قوم میں واپس آکر اصل حقیقت چھپائے رکھی اور قوم کے سامنے لڑائی اور مار دھاڑ کا ہوّا کھڑا کیا اور حزن وغم کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے مطالبہ کیا ہے کہ اسلام قبول کرلیں اور زنا، شراب اور سُود چھوڑدیں ورنہ سخت لڑائی کی جائے گی۔ یہ سُن کر پہلے تو ثقیف پر نخوتِ جاہلیہ غالب آئی اور وہ دو تین روز تک لڑائی ہی کی بات سوچتے رہے، لیکن پھر اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا اور انہوں نے وفد سے گزارش کی کہ وہ پھر رسول اللہ ﷺ کے پاس واپس جاتے اور آپؐ کے مطالبات تسلیم کرلے۔ اس مرحلے پر پہنچ کر وفد نے اصل حقیقت ظاہر کی اور جن باتوں پر مصالحت ہوچکی تھی ان کا اظہار کیا۔ ثقیف نے اسی وقت اسلام قبول کرلیا۔

ادھر رسول اللہ ﷺ نے لات کو ڈھانے کے لیے حضرت خالد بن ولیدؓ کی سرکردگی میں چند صحابہؓ کی ایک ذرا سی نفری روانہ فرمائی۔ حضرت مغیرہؓ بن شعبہ نے کھڑے ہوکر گرز اُٹھایا اور اپنے ساتھیوں سے کہا "واللہ میں ذرا آپ لوگوں کو ثقیف پر ہنساؤں گا۔ اس کے بعد لات پر گرز مار کر خود ہی گر پڑے اور ایڑیاں پٹکنے لگے۔ یہ بناوٹی منظر دیکھ کر اہلِ طائف پر ہول طاری ہوگیا۔ کہنے لگے "اللہ مغیرہ کو ہلاک کرے" اسے دیوی نے مار ڈالا۔ اتنے میں حضرت مغیرہؓ اچھل کر کھڑے ہوگئے اور فرمایا: اللہ تمہارا بُرا کرے۔ یہ تو پتھر اور مٹی کا تماشا ہے۔ پھر انہوں نے دروازے پر ضرب لگائی اور اسے توڑ دیا۔ اس کے بعد سب سے اونچی دیوار پر چڑھے اور ان کے ساتھ کچھ اور صحابہ بھی چڑھے۔ پھر اسے ڈھاتے ڈھاتے زمین کے برابر کردیا حتیٰ کہ اس کی بنیاد بھی کھود ڈالی اور اس کا زیور اور لباس نکال لیا۔ یہ دیکھ کر ثقیف دم بخود رہ گئے۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ زیور اور لباس لے کر اپنی ٹیم کے ساتھ واپس ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے سب کچھ اسی دن تقسیم فرمادیا اور نبی کی نصرت اور دین کے اعزاز پر اللہ کی حمد کی۔[۵]

۹۔ **شاہانِ یمن کا خط** ـــــ تبوک سے نبی ﷺ کی واپسی کے بعد شاہانِ حِمیَر یعنی حارث بن عبد کلال، نعیم بن عبد کلال اور رعین، ہمدان اور معافر کے سربراہ نعمان بن قیل کا خط آیا۔ نامہ بر مالک بن مُرّہ رہاوی تھا۔ ان بادشاہوں نے اپنے اسلام لانے اور شرک و اہلِ شرک سے علیحدگی اختیار کرنے کی اطلاع دے کر اسے بھیجا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے پاس ایک جوابی خط لکھ کر واضح فرمایا کہ اہلِ ایمان کے حقوق اور ان کی ذمہ داریاں کیا ہیں۔ آپؐ نے اس خط میں معاہدین کے لیے اللہ کا ذمہ اور اس کے رسُول کا ذمّہ بھی دیا تھا،

---

[۵] زاد المعاد ۳/۲۶، ۲۷، ۲۸ ، ابنِ ہشام ۲/۵۴۷ تا ۵۴۲

بشرطیکہ وہ مقررہ جزیہ ادا کریں۔ اس کے علاوہ آپؐ نے کچھ صحابہؓ کو یمن روانہ فرمایا اور حضرت معاذ بن جبلؓ کو ان کا امیر مقرر فرمایا۔

۱۰۔ وفدِ ہمدان ـــــ یہ وفد ۹ھ میں تبوک سے رسول اللہ ﷺ کی واپسی کے بعد حاضر خدمت ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے لیے ایک تحریر لکھ کر، جو کچھ انہوں نے مانگا تھا عطا فرمادیا اور مالکؓ بن نمط کو ان کا امیر مقرر کیا، ان کی قوم کے جو لوگ مسلمان ہو چکے تھے ان کا گورنر بنایا اور باقی لوگوں کے پاس اسلام کی دعوت دینے کے لیے حضرت خالدؓ بن ولید کو بھیج دیا۔ وہ چھ مہینے مقیم رہ کر دعوت دیتے رہے لیکن لوگوں نے اسلام قبول نہ کیا۔ پھر آپؐ نے حضرت علی بن ابی طالبؓ کو بھیجا اور حکم دیا کہ وہ خالدؓ کو واپس بھیج دیں۔ حضرت علیؓ نے قبیلۂ ہمدان کے پاس جاکر رسول اللہ ﷺ کا خط سنایا اور اسلام کی دعوت دی تو سب کے سب مسلمان ہو گئے۔ حضرت علیؓ نے رسول اللہ ﷺ کو ان کے حلقہ بگوشِ اسلام ہونے کی بشارت بھیجی۔ آپؐ نے خط پڑھا تو سجدے میں گر گئے۔ پھر سر اٹھا کر فرمایا' ہمدان پر سلام، ہمدان پر سلام۔

۱۱۔ وفدِ بنی فزارہ ـــــ یہ وفد ۹ھ میں تبوک سے نبی ﷺ کی واپسی کے بعد آیا۔ اس میں دس سے کچھ زیادہ افراد تھے اور سب کے سب اسلام لا چکے تھے۔ ان لوگوں نے اپنے علاقے کی قحط سالی کی شکایت کی۔ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف لے گئے اور دونوں ہاتھ اُٹھا کر بارش کی دُعا کی۔ آپؐ نے فرمایا:

"اے اللہ! اپنے ملک اور اپنے چوپایوں کو سیراب کر، اپنی رحمت پھیلا، اپنے مُردہ شہر کو زندہ کر۔ اے اللہ! ہم پر ایسی بارش برسا جو ہماری فریاد رسی کر دے، راحت پہنچا دے، خوش گوار ہو، پھیلی ہوئی ہمہ گیر ہو، جلد آئے، دیر نہ کرے، نفع بخش ہو، نقصان رساں نہ ہو۔ اے اللہ! رحمت کی بارش، عذاب کی بارش نہیں اور نہ ڈھانے والی، نہ غرق کرنے والی اور نہ مٹانے والی بارش۔ اے اللہ! ہمیں بارش سے سیراب کر، اور دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما۔[۶]"

۱۲۔ وفدِ نجران ـــــ (ن پر زبر، ج ساکن۔ مکہ سے یمن کی جانب سات مرحلے پر ایک بڑا علاقہ تھا جو ۷۳ بستیوں پر مشتمل تھا۔ تیز رفتار سوار ایک دن میں پورا علاقہ طے کر سکتا تھا۔[۷] اس علاقہ میں ایک لاکھ مردانِ جنگی تھے جو سب کے سب عیسائی مذہب کے پیرو تھے۔)

نجران کا وفد ۹ھ میں آیا۔ یہ ساٹھ افراد پر مشتمل تھا۔ ۲۴ آدمی اشراف سے تھے جن میں سے تین آدمیوں کو اہلِ نجران کی سربراہی و سرکردگی حاصل تھی۔ ایک عاقب جس کے ذمہ امارت و حکومت کا کام تھا

---

۶ زاد المعاد ۳/۴۸ ۷ فتح الباری ۸/۹۴

اور اس کا نام عبدالمسیح تھا۔ دوسرا سید جو ثقافتی اور سیاسی امور کا نگراں تھا اور اس کا نام اَیْہم یا شُرَحْبِیل تھا۔ تیسرا اسقف (لاٹ پادری) جو دینی سربراہ اور روحانی پیشوا تھا۔ اس کا نام ابوحارثہ بن علقمہ تھا۔

وفد نے مدینہ پہنچ کر نبی ﷺ سے ملاقات کی۔ پھر آپ نے ان سے کچھ سوالات کئے اور انہوں نے آپؐ سے کچھ سوالات کئے۔ اس کے بعد آپؐ نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور قرآن حکیم کی آیتیں پڑھ کر سنائیں لیکن انہوں نے اسلام قبول نہ کیا اور دریافت کیا کہ آپؐ مسیح علیہ السلام کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ اس کے جواب میں رسول اللہ ﷺ نے اس روز دن بھر توقف کیا یہاں تک کہ آپؐ پر یہ آیات نازل ہوئیں:

اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ خَلَقَہٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ○ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ فَلَا تَکُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ ○ فَمَنْ حَآجَّکَ فِیْہِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَکَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَکُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَکُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَکُمْ ثُمَّ نَبْتَہِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰہِ عَلَی الْکٰذِبِیْنَ ○ (۶۱/۶۰/۵۹:۳)

"بیشک عیسیٰ کی مثال اللہ کے نزدیک آدمؑ جیسی ہے اسے مٹی سے پیدا کیا پھر اس سے کہا ہو جا تو وہ ہو گیا۔ حق تیرے رب کی طرف سے ہے پس شک کرنے والوں میں سے نہ ہو۔ پھر تمہارے پاس علم آ جانے کے بعد جو کوئی تم سے اس (عیسیٰ) کے بارے میں حجت کرے تو اس سے کہہ دو کہ آؤ ہم بلائیں اپنے اپنے بیٹوں کو اور اپنی اپنی عورتوں کو اور خود اپنے آپ کو پھر مباہلہ کریں (اللہ سے گڑگڑا کر دعا کریں) پس اللہ کی لعنت ٹھہرائیں جھوٹوں پر۔"

صبح ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے ان ہی آیاتِ کریمہ کی روشنی میں انہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اپنے قول سے آگاہ کیا اور اس کے بعد دن بھر انہیں غور و فکر کے لیے آزاد چھوڑ دیا۔ لیکن انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں آپؐ کی بات ماننے سے انکار کر دیا۔ پھر جب اگلی صبح ہوئی ـــــــ درآنحالیکہ وفد کے ارکان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں آپؐ کی بات تسلیم کرنے اور اسلام لانے سے انکار کر چکے تھے ـــــ تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں مباہلے کی دعوت دی اور آپؐ حسن و حسین رضی اللہ عنہما سمیت ایک چادر میں لپیٹے ہوئے تشریف لائے پیچھے پیچھے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا چل رہی تھیں۔ جب وفد نے دیکھا کہ آپ واقعی بالکل تیار ہیں تو تنہائی میں جا کر مشورہ کیا۔ عاقب اور سید دونوں نے ایک دوسرے سے کہا: "دیکھو مباہلہ نہ کرنا۔ خدا کی قسم اگر یہ نبی ہے، اور ہم نے اس سے ملاعنت کر لی تو ہم اور ہمارے پیچھے ہماری اولاد ہرگز کامیاب نہ ہوگی۔ رُوئے زمین پر ہمارا ایک بال اور ناخن بھی تباہی سے نہ بچ سکے گا۔" آخر ان کی

رائے یہ ٹھہری کہ رسول اللہ ﷺ ہی کو اپنے بارے میں حکم بنایا جائے۔ چنانچہ انہوں نے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپؐ کا جو مطالبہ ہو ہم اسے ماننے کو تیار ہیں۔ اس پیش کش پر رسول اللہ ﷺ نے ان سے جزیہ لینا منظور کیا، اور دو ہزار جوڑے کپڑوں پر مصالحت فرمائی؛ ایک ہزار ماہ رجب میں اور ایک ہزار ماہ صفر میں۔ اور طے کیا کہ ہر جوڑے کے ساتھ ایک اوقیہ (ایک سو باون گرام چاندی) بھی ادا کرنی ہوگی۔ اس کے عوض آپؐ نے انہیں اللہ اور اس کے رسُول کا ذمہ عطا فرمایا اور دین کے بارے میں مکمل آزادی مرحمت فرمائی۔ اس سلسلے میں آپؐ نے انہیں ایک باقاعدہ نوشتہ لکھ دیا۔ ان لوگوں نے آپ سے گزارش کی آپؐ ان کے ہاں ایک امین (امانت دار) آدمی روانہ فرمائیں۔ اس پر آپؐ نے صلح کا مال وصول کرنے کے لیے اس اُمّت کے امین حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا۔

اس کے بعد ان کے اندر اسلام پھیلنا شروع ہوا۔ اہلِ سِیَر کا بیان ہے کہ سید اور عاقب نجران پلٹنے کے بعد مسلمان ہو گئے۔ پھر نبی ﷺ نے ان سے صدقات اور جزیے لانے کے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا اور ظاہر ہے کہ صدقہ مسلمانوں ہی سے لیا جاتا ہے۔[۸]

۱۳۔ وفدِ بنی حنیفہ ——— یہ وفد ۹ھ میں مدینہ آیا۔ اس میں مُسَیلمہ کذّاب سمیت سترہ آدمی تھے۔[۹] مسیلمہ کا سلسلۂ نسب یہ ہے: مسیلمہ بن ثمامہ بن کبیر بن حبیب بن حارث ——— یہ وفد ایک انصاری صحابی کے مکان پر اُترا۔ پھر خدمتِ نبویؐ میں حاضر ہو کر حلقہ بگوشِ اسلام ہوا۔ البتہ مسیلمہ کذاب کے بارے میں روایات مختلف ہیں۔ تمام روایات پر مجموعی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اکڑ، تکبّر اور امارت کی ہوس کا اظہار کیا اور وفد کے باقی ارکان کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر نہ ہوا۔ نبی ﷺ نے پہلے تو قولاً اور فعلاً اچھے اور شریفانہ برتاؤ کے ذریعہ اس کی دلجوئی کرنی چاہی لیکن جب دیکھا کہ اس شخص پر اس برتاؤ کا کوئی مفید اثر نہیں پڑا تو آپؐ نے اپنی فراست سے تاڑ لیا کہ اس کے اندر شر ہے۔

اس سے قبل نبی ﷺ یہ خواب دیکھ چکے تھے کہ آپؐ کے پاس روئے زمین کے خزانے لا کر رکھ دیے گئے ہیں اور اس میں سے سونے کے دو کنگن آپؐ کے ہاتھ میں آپڑے ہیں۔ آپؐ کو یہ دونوں بہت گراں اور رنج دہ محسوس ہوئے۔ چنانچہ آپ کو وحی کی گئی کہ ان دونوں کو پھونک دیجیے۔ آپؐ نے پھونک دیا تو وہ

---

[۸] فتح الباری ۸/۹۴، ۹۵ زاد المعاد ۳/۳۸ تا ۴۱۔ وفدِ نجران کی تفصیلات میں روایات کے اندر خاصا اضطراب ہے اور اسی وجہ سے بعض محققین کا رجحان ہے کہ نجران کا وفد دو بار مدینے آیا۔ لیکن ہمارے نزدیک وہی بات راجح ہے جسے ہم نے اُوپر مختصراً بیان کیا ہے۔ [۹] فتح الباری ۸/۸۷

دونوں اڑ گئے۔ اس کی تعبیر آپؐ نے یہ فرمائی کہ آپؐ کے بعد دو کذاب (پرلے درجے کے جھوٹے) نکلیں گے۔
چنانچہ جب مسیلمہ کذاب نے اکڑ اور انکار کا اظہار کیا ــــ وہ کہتا تھا کہ اگر محمدؐ نے کاروبارِ حکومت کو اپنے بعد میرے حوالے کرنا طے کیا، تو میں ان کی پیروی کروں گا ــــ تو رسول اللہ ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے۔ اس وقت آپؐ کے ہاتھ میں کھجور کی ایک شاخ تھی اور آپؐ کے ہمراہ آپ کے خطیب حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ تھے۔ مسیلمہ اپنے ساتھیوں کے درمیان موجود تھا۔ آپؐ اس کے سر پر جا کھڑے ہوئے اور گفتگو فرمائی۔ اس نے کہا: "اگر آپ چاہیں تو ہم حکومت کے معاملے میں آپ کو آزاد چھوڑ دیں لیکن اپنے بعد اس کو ہمارے لیے طے فرما دیں"۔ آپؐ نے (کھجور کی شاخ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے) فرمایا: "اگر تم مجھ سے یہ ٹکڑا چاہو گے تو تمہیں یہ بھی نہ دوں گا؛ اور تم اپنے بارے میں اللہ کے مقرر کیے ہوئے فیصلے سے آگے نہیں جا سکتے، اور اگر تم نے پیٹھ پھیری تو اللہ تمہیں توڑ کر رکھ دے گا۔ خدا کی قسم! میں تجھے وہی شخص سمجھتا ہوں جس کے بارے میں مجھے وہ (خواب) جو دکھلایا گیا ہے۔ اور یہ ثابت بن قیس ہیں جو تمہیں میری طرف سے جواب دیں گے"۔ اس کے بعد آپ واپس چلے آئے۔[۱۰]

بالآخر وہی ہوا جس کا اندازہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی فراست سے کر لیا تھا؛ یعنی مسیلمہ کذاب یمامہ واپس جا کر پہلے تو اپنے بارے میں غور کرتا رہا، پھر دعویٰ کیا کہ اسے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کارِ نبوت میں شریک کر لیا گیا ہے۔ چنانچہ اس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور سجع گھڑنے لگا۔ اپنی قوم کے لیے زنا اور شراب حلال کر دی اور ان سب باتوں کے ساتھ ساتھ رسول اللہ ﷺ کے بارے میں یہ شہادت بھی دیتا رہا کہ آپؐ اللہ کے نبی ہیں۔ اس شخص کی وجہ سے اس کی قوم فتنے میں پڑ کر اس کی پیروکار و ہم آواز بن گئی۔ نتیجتاً اس کا معاملہ نہایت سنگین ہو گیا۔ اس کی اتنی قدر و منزلت ہوئی کہ اسے یمامہ کا رحمان کہا جانے لگا۔
اب اس نے رسول اللہ ﷺ کو ایک خط لکھا: "مجھے اس کام میں آپ کے ساتھ شریک کر دیا گیا ہے۔ آدھی حکومت ہمارے لیے ہے اور آدھی قریش کے لیے"۔ رسول اللہ ﷺ نے جواب میں لکھا: "زمین اللہ کی ہے۔ وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے اور انجام متقیوں کے لیے ہے"۔[۱۱]

ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن نواحہ اور ابن اثال مسیلمہ کے قاصد بن کر نبی ﷺ کے پاس آئے تھے۔ آپؐ نے دریافت فرمایا: "تم دونوں شہادت دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟" انہوں نے کہا: ہم شہادت دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ کا رسول ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: میں اللہ اور اس

---

۱۰ دیکھئے صحیح بخاری باب وفد بنی حنیفہ اور باب قصۃ الاسود العنسی ۲/ ۶۲۷، ۶۲۸ اور فتح الباری ۸/ ۸۷ تا ۹۳
۱۱ زاد المعاد ۳/ ۳۱، ۳۲

کے رسُول (محمدؐ) پر ایمان لایا۔ اگر میں کسی قاصد کو قتل کرتا تو تم دونوں کو قتل کر دیتا۔"[۱۲]

مسیلمہ کذاب نے ۱۰ھ میں نبوّت کا دعویٰ کیا تھا اور ربیع الاول ۱۲ھ میں بعہد خلافتِ صدیقی یمامہ کے اندر قتل کیا گیا۔ اس کا قاتل وہی وحشی تھا جس نے حضرت حمزہؓ کو قتل کیا تھا۔

ایک مدّعیٔ نبوّت تو یہ تھا جس کا یہ انجام ہوا۔ ایک دوسرا مدّعیٔ نبوّت اَسْوَد عَنْسی تھا جس نے یمن میں فساد برپا کر رکھا تھا۔ اسے نبی ﷺ کی وفات سے صرف ایک دن اور ایک رات پہلے حضرت فیروزؓ نے قتل کیا۔ پھر آپؐ کے پاس اس کے متعلق وحی آئی اور آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو اس واقعہ سے باخبر کیا۔ اس کے بعد یمن سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس باقاعدہ خبر آئی۔[۱۳]

۱۴۔ وفد بنی عامر بن صعصعہ ——— اس وفد میں دشمن خدا عامر بن طفیل، حضرت لبید کا اخیافی بھائی اربد بن قیس، خالد بن جعفر اور جبار بن اسلم شامل تھے۔ یہ سب اپنی قوم کے سربرآوردہ اور شیطان تھے۔ عامر بن طفیل وہی شخص ہے جس نے بئر معونہ پر ستر صحابہ کرامؓ کو شہید کرایا تھا۔ ان لوگوں نے جب مدینہ آنے کا ارادہ کیا تو عامر اور اربد نے باہم سازش کی کہ نبی ﷺ کو دھوکا دے کر اچانک قتل کر دیں گے۔ چنانچہ جب یہ وفد مدینہ پہنچا تو عامر نے نبی ﷺ سے گفتگو شروع کی اور اربد گھوم کر آپؐ کے پیچھے پہنچا اور بالشت بھر تلوار میان سے باہر نکالی، لیکن اس کے بعد اللہ نے اس کا ہاتھ روک لیا اور وہ تلوار بے نیام نہ کر سکا۔ اللہ نے اپنے نبی کو محفوظ رکھا۔ نبی ﷺ نے ان دونوں پر بددُعا کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ واپسی پر اللہ نے اَرْبَد اور اس کے اونٹ پر بجلی گرا دی جس سے اربد جل مرا۔ ادھر عامر ایک سلولیہ عورت کے ہاں اُترا، اور اسی دوران اس کی گردن میں گلٹی نکل آئی۔ اس کے بعد وہ یہ کہتا ہوا مر گیا کہ: آہ! اونٹ کی گلٹی جیسی گلٹی، اور ایک سلولیہ عورت کے گھر میں موت؟

صحیح بخاری کی روایت ہے کہ عامر نے نبی ﷺ کے پاس آ کر کہا: "میں آپ کو تین باتوں کا اختیار دیتا ہوں (۱) آپؐ کے لیے وادی کے باشندے ہوں اور میرے لیے آبادی کے (۲) یا میں آپؐ کے بعد آپؐ کا خلیفہ ہوؤں (۳) ورنہ میں غطفان کو ایک ہزار گھوڑے اور ایک ہزار گھوڑیوں سمیت آپؐ پر چڑھا لاؤں گا۔" اس کے بعد وہ ایک عورت کے گھر میں طاعون کا شکار ہو گیا (جس پر اس نے فرطِ غم سے) کہا، کیا اونٹ کی گلٹی جیسی گلٹی؟ اور وہ بھی بنی فلاں کی ایک عورت کے گھر میں؟ میرے پاس میرا گھوڑا لاؤ۔ پھر وہ سوار ہوا، اور اپنے گھوڑے ہی پر مر گیا۔

---

[۱۲] مسند احمد مشکوٰۃ ۲/۳۴۷ [۱۳] فتح الباری ۸/۹۳

۱۵۔ وفد تجیب ـــــ یہ وفد اپنی قوم کے صدقات کو، جو فقراء سے فاضل بچ گئے تھے، لے کر مدینہ آیا۔ وفد میں تیرہ آدمی تھے جو قرآن و سنن پوچھتے اور سیکھتے تھے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ باتیں دریافت کیں تو آپؐ نے وہ باتیں انہیں لکھ دیں۔ وہ زیادہ عرصہ نہیں ٹھہرے۔ جب رسول اللہ ﷺ نے انہیں تحائف سے نوازا تو انہوں نے اپنے ایک نوجوان کو بھی بھیجا جو ڈیرے پر پیچھے رہ گیا تھا۔ نوجوان نے حاضرِ خدمت ہو کر عرض کیا "حضور! خدا کی قسم! مجھے میرے علاقے سے اس کے سوا کوئی اور چیز نہیں لائی ہے کہ آپ اللہ عزّوجلّ سے میرے لیے یہ دُعا فرما دیں کہ وہ مجھے اپنی بخشش و رحمت سے نوازے اور میری مالداری میرے دل میں رکھ دے۔" آپؐ نے اس کے لیے یہ دُعا فرمائی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ وہ شخص سب سے زیادہ قناعت پسند ہو گیا اور جب ارتداد کی لہر چلی تو صرف یہی نہیں کہ وہ اسلام پر ثابت قدم رہا بلکہ اپنی قوم کو وعظ و نصیحت کی تو وہ بھی اسلام پر ثابت قدم رہی۔ پھر اہلِ وفد نے حجۃ الوداع ۱۰ھ میں نبی ﷺ سے دوبارہ ملاقات کی۔

۱۶۔ وفدِ طیّ ـــــ اس وفد کے ساتھ عرب کے مشہور شہسوار زیدؓ الخیل بھی تھے۔ ان لوگوں نے جب نبی ﷺ سے گفتگو کی اور آپ نے ان پر اسلام پیش کیا تو انہوں نے اسلام قبول کر لیا اور بہت اچھے مسلمان ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زیدؓ کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ مجھ سے عرب کے جس کسی آدمی کی خوبی بیان کی گئی اور پھر وہ میرے پاس آیا تو میں نے اسے اس کی شہرت سے کچھ کمتر ہی پایا۔ مگر اس کے برعکس زیدؓ الخیل کی شہرت ان کی خوبیوں کو نہیں پہنچ سکی، اور آپؐ نے اُن کا نام زیدؓ الخیر رکھ دیا۔

اس طرح ۹ھ اور ۱۰ھ میں پے در پے وفود آئے۔ اہل سِیَر نے یمن، اَزْد، قُضَاعہ کے بنی سعد ہُذَیم، بنی عامر بن قیس، بنی اسد، بہرا، خولان، محارب، بنی حارث بن کعب، غامد، بنی منتفق، سلامان، بنی عبس، مزینہ، مراد، زبید، کندہ، ذی مرہ، غسان، بنی عیش اور نخع کے وفود کا تذکرہ کیا ہے۔ نخع کا وفد آخری وفد تھا جو محرّم ۱۱ھ کے وسط میں آیا تھا اور دو سو آدمیوں پر مشتمل تھا۔ باقی بیشتر وفود کی آمد ۹ھ اور ۱۰ھ میں ہوئی تھی۔ صرف بعض وفود ۱۱ھ تک متأخر ہوئے تھے۔

ان وفود کی پے بہ پے آمد سے پتا لگتا ہے کہ اس وقت اسلامی دعوت کو کس قدر فروغ اور قبولِ عام حاصل ہو چکا تھا۔ اس سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اہلِ عرب مدینہ کو کتنی قدر اور تعظیم کی نگاہ سے دیکھتے تھے حتیٰ کہ اس کے سامنے سپر انداز ہونے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں سمجھتے تھے۔ درحقیقت مدینہ جزیرۃ العرب کا دارالحکومت بن چکا تھا اور کسی کے لیے اس سے صرف نظر ممکن نہ تھا۔ البتہ ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان سب لوگوں کے دلوں میں دینِ اسلام اثر کر چکا تھا۔ کیونکہ ان میں ابھی بہت سے ایسے اکھڑ بدو تھے جو محض اپنے سرداروں

کی متابعت میں مسلمان ہو گئے تھے ورنہ ان میں قتل و غارت گری کا جو رجحان جڑ پکڑ چکا تھا اس سے وہ پاک صاف نہیں ہوئے تھے اور ابھی اسلامی تعلیمات نے انہیں پورے طور پر مہذب نہیں بنایا تھا۔ چنانچہ قرآنِ کریم کی سورہ توبہ میں ان کے بعض افراد کے اوصاف یوں بیان کیے گئے ہیں:

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ (۹: ۹۷/۹۸)

"اعراب (بدو) کفر و نفاق میں زیادہ سخت ہیں اور اس بات کے زیادہ لائق ہیں کہ اللہ نے اپنے رسولؐ پر جو کچھ نازل کیا ہے اس کے حدود کو نہ جانیں اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور بعض اعراب جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور تم پر گردشوں کا انتظار کرتے ہیں۔ ان ہی پر بری گردش ہے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔"

جبکہ کچھ دوسرے افراد کی تعریف کی گئی ہے اور ان کے بارے میں یہ فرمایا گیا ہے:

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۹: ۹۹)

"اور بعض اعراب اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کی قربت اور رسول کی دعاؤں کا ذریعہ بناتے ہیں۔ یاد رہے کہ یہ ان کے لیے قربت کا ذریعہ ہے عنقریب اللہ انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ بیشک اللہ غفور رحیم ہے۔"

جہاں تک مکہ، مدینہ، ثقیف، یمن اور بحرین کے بہت سے شہری باشندوں کا تعلق ہے، تو ان کے اندر اسلام پختہ تھا اور ان ہی میں سے کبار صحابہ اور ساداتِ مسلمین ہوئے۔[۱۴]

---

۱۴ یہ بات خضری نے محاضرات ۱/۱۴۴ میں کہی ہے۔ اور جن وفود کا ذکر کیا گیا یا جن کی طرف اشارہ کیا گیا ان کی تفصیل کے لیے دیکھئے، صحیح بخاری ۱/۱۳، ۲/۶۲۶ تا ۶۳۰، ابن ہشام ۲/۵۰۱ تا ۵۰۳، ۵۱۰ تا ۵۱۴، ۵۳۷، ۵۴۲ تا ۵۶۰، ۶۰۱ تا زاد المعاد ۳/۲۶ تا ۶۰، فتح الباری ۸/۸۳ تا ۱۰۳ رحمۃ للعالمین ۱/۱۸۴ تا ۲۱۷۔

دعوت کی کامیابی اور اثرات

اب ہم رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کے آخری ایام کے تذکرہ تک پہنچ رہے ہیں۔ لیکن اس تذکرہ کے لیے رہوارِ قلم کو آگے بڑھانے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ذرا ٹھہر کر آپؐ کے اس جلیل الشان عمل پر ایک اجمالی نظر ڈالیں جو آپؐ کی زندگی کا خلاصہ ہے اور جس کی بناء پر آپؐ کو تمام نبیوں اور پیغمبروں میں یہ امتیازی مقام حاصل ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے سر پر اوّلین و آخرین کی سیادت کا تاج رکھ دیا۔

آپ ﷺ سے کہا گیا کہ :

يَآيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ○ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ○ (۷۳ : ۱/۲)

"اے چادر پوش! رات میں کھڑا ہو مگر تھوڑا۔"

اور يَآيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ○ قُمْ فَاَنْذِرْ ○ (۷۴ : ۱/۲)

"اے کمبل پوش! اُٹھ اور لوگوں کو سنگین انجام سے ڈرا دے۔"

پھر کیا تھا؟ آپؐ اُٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے کاندھے پر اس رُوئے زمین کی سب سے بڑی امانت کا بارِ گراں اُٹھائے مسلسل کھڑے رہے؛ یعنی ساری انسانیت کا بوجھ، سارے عقیدے کا بوجھ، اور مختلف میدانوں میں جنگ وجہاد اور تگ و تاز کا بوجھ،

آپؐ نے اس انسانی ضمیر کے میدان میں جنگ وجہاد اور تگ وتاز کا بوجھ اٹھایا جو جاہلیّت کے اوہام وتصوّرات کے اندر غرق تھا؛ جسے زمین اور اس کی گوناگوں کشش کے بار نے بوجھل کر رکھا تھا؛ جو شہوات کی بیڑیوں اور پھندوں میں جکڑا ہُوا تھا اور جب اس ضمیر کو اپنے بعض صحابہؓ کی صورت میں جاہلیت اور حیاتِ ارضی کے تہ در تہ بوجھ سے آزاد کر لیا تو ایک دُوسرے میدان میں ایک دوسرا معرکہ، بلکہ معرکوں پر معرکے شروع کر دیئے۔ یعنی دعوتِ الٰہی کے وہ دشمن جو دعوت اور اس پر ایمان لانے والوں کے خلاف ٹوٹے پڑ رہے تھے اور اس پاکیزہ پودے کو پنپنے، مٹی کے اندر جڑ پکڑنے، فضا میں شاخیں لہرانے اور پھلنے پھُولنے سے پہلے اس کی

نمو گاہ ہی میں مار ڈالنا چاہتے تھے۔ ان دشمنانِ دعوت کے ساتھ آپؐ نے پیہم معرکہ آرائیاں شروع کیں اور ابھی آپؐ جزیرۃ العرب کے معرکوں سے فارغ نہ ہوئے تھے کہ رُوم نے اس نئی امّت کو دبو چنے کے لیے اس کی سرحدوں پر تیاریاں شروع کر دیں۔

پھر ان تمام کارروائیوں کے دوران ابھی پہلا معرکہ ـــــ یعنی ضمیر کا معرکہ ـــــ ختم نہیں ہُوا تھا۔ کیونکہ یہ دائمی معرکہ ہے۔ اس میں شیطان سے مقابلہ ہے اور وہ انسانی ضمیر کی گہرائیوں میں گھُس کر اپنی سرگرمیاں جاری رکھتا ہے اور ایک لحظہ کے لیے ڈھیلا نہیں پڑتا۔ مُحمّد صلی اللہ علیہ وسلم دعوت الی اللہ کے کام میں جمے ہوئے تھے اور متفرق میدان کے پیہم معرکوں میں مصروف تھے۔ دُنیا آپؐ کے قدموں پر ڈھیر تھی مگر آپ تنگی و ترشی سے گذر بسر کر رہے تھے۔ اہلِ ایمان آپؐ کے گرداگرد امن و راحت کا سایہ پھیلا رہے تھے مگر آپؐ جہد و مشقت اپنائے ہوئے تھے۔ مسلسل اور کڑی محنت سے سابقہ تھا مگر ان سب پر آپؐ نے صبرِ جمیل اختیار کر رکھا تھا۔ رات میں قیام فرماتے تھے، اپنے رب کی عبادت کرتے تھے، اس کے قرآن کی ٹھہر ٹھہر کر قرات کرتے تھے اور ساری دُنیا سے کٹ کر اس کی طرف متوجّہ ہو جاتے تھے جیسا کہ آپؐ کو حکم دیا گیا تھا۔[۱]

اس طرح آپؐ نے مسلسل اور پیہم معرکہ آرائی میں بیس برس سے اُوپر گذار دیئے اور اس دوران آپؐ کو کوئی ایک معاملہ دوسرے معاملے سے غافل نہ کر سکا یہاں تک کہ اسلامی دعوت اتنے بڑے پیمانے پر کامیاب ہوئی کہ عقلیں حیران رہ گئیں۔ سارا جزیرۃ العرب آپؐ کے تابع فرمان ہو گیا اس کے اُفق سے جاہلیّت کا غبار چھٹ گیا، بیمار عقلیں تندرست ہو گئیں، یہاں تک کہ بتوں کو چھوڑ بلکہ توڑ دیا گیا، توحید کی آوازوں سے فضا گونجنے لگی، ایمانِ جدید سے حیات پائے ہوئے صحرا کا شبستانِ وجود آذانوں سے لرزنے لگا اور اس کی پہنائیوں کو اللہ اکبر کی صدائیں چیرنے لگیں۔ قُرّا، قرآنِ مجید کی آیتیں تلاوت کرتے اور اللہ کے احکام قائم کرتے ہوئے شمال و جنوب میں پھیل گئے۔

بکھری ہوئی قومیں اور قبیلے ایک ہو گئے۔ انسان بندوں کی بندگی سے نکل کر اللہ کی بندگی میں داخل ہو گیا۔ اب نہ کوئی قاہر ہے نہ مقہور، نہ مالک ہے نہ مملوک، نہ حاکم ہے نہ محکوم، نہ ظالم ہے نہ مظلوم، بلکہ سارے لوگ اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ ایک دوسرے

---

[۱] سیّد قطب فی ظلال القرآن ۲۹ / ۱۶۸، ۱۶۹

سے محبت رکھتے ہیں اور اللہ کے احکام بجا لاتے ہیں۔ اللہ نے اُن سے جاہلیت کا غرور و نخوت اور باپ دادا پر فخر کا خاتمہ کر دیا ہے۔ اب عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر، گورے کو کالے پر کالے کو گورے پر کوئی برتری نہیں۔ برتری کا معیار صرف تقویٰ ہے؛ ورنہ سارے لوگ آدمؑ کی اولاد ہیں اور آدمؑ مٹی سے تھے۔

غرض اس دعوت کی بدولت عربی وحدت، انسانی وحدت، اور اجتماعی عدل وجود میں آگیا۔ نوعِ انسانی کو دُنیاوی مسائل اور اُخروی معاملات میں سعادت کی راہ مل گئی۔ بالفاظ دیگر زمانے کی رفتار بدل گئی، رُوئے زمین متغیر ہو گیا تاریخ کا دھارا مڑ گیا اور سوچنے کے انداز بدل گئے۔

اس دعوت سے پہلے دُنیا پر جاہلیت کی کارفرمائی تھی۔ اس کا ضمیر متعفن تھا اور رُوح بدبُودار تھی۔ قدریں اور پیمانے مُختل تھے۔ ظلم اور غلامی کا دَور دورہ تھا۔ فاجرانہ خوش حالی اور تباہ کن محرومی کی موج نے دُنیا کو تہ و بالا کر رکھا تھا۔ اس پر کفر و گمراہی کے تاریک اور دبیز پردے پڑے ہوئے تھے، حالانکہ آسمانی مذاہب واَدیان موجود تھے مگر ان میں تحریف نے جگہ پالی تھی اور ضُعف سرایت کر گیا تھا۔ اس کی گرفت ختم ہو چکی تھی اور وہ محض بے جان و بے رُوح قسم کے جامد رسم و رواج کا مجموعہ بن کر رہ گئے تھے۔

جب اس دعوت نے انسانی زندگی پر اپنا اثر دکھایا تو انسانی روح کو وہم و خرافات، بندگی و غلامی، فساد و تعفّن اور گندگی و انارکی سے نجات دلائی اور معاشرہَ انسانی کو ظلم و طغیان، پراگندگی و بربادی، طبقاتی امتیازات، حکام کے استبداد اور کاہنوں کے رسوا کن تسلّط سے چھٹکارا دلایا اور دُنیا کو عفّت و نظافت، ایجادات و تعمیر، آزادی و تجدّد، معرفت و یقین، وثوق و ایمان، عدالت و کرامت اور عمل کی بُنیادوں پر زندگی کی بالیدگی، حیات کی ترقی اور حقدار کی حق رسائی کے لیے تعمیر کیا [۲]

ان تبدیلیوں کی بدولت جزیرۃ العرب نے ایک ایسی بابرکت اٹھان کا مشاہدہ کیا جس کی نظیر انسانی وجود کے کسی دَور میں نہیں دیکھی گئی اور اس جزیرے کی تاریخ اپنی عمر کے ان یگانۂ روزگار ایّام میں اس طرح جگمگائی کہ اس سے پہلے کبھی نہیں جگمگائی تھی۔

---

[۲] ایضاً سید قطب در مقدمہ ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین ص ۱۴

حَجّۃُ الوداع

دعوت و تبلیغ کا کام پُورا ہو گیا اور اللہ کی الوہیّت کے اثبات اس کے ماسوا کی الوہیّت کی نفی اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی بنیاد پر ایک نئے معاشرے کی تعمیر و تشکیل عمل میں آگئی۔ اب گویا غیبی ہاتف آپؐ کے قلب و شعور کو یہ احساس دلا رہا تھا کہ دُنیا میں آپؐ کے قیام کا زمانہ اختتام کے قریب ہے، چنانچہ آپؐ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو سنہ ۱۰ھ میں یمن کا گورنر بنا کر روانہ فرمایا تو رخصت کرتے ہوئے منجملہ اور باتوں کے فرمایا: "اے معاذ! غالباً تم مجھ سے میرے اس سال کے بعد نہ مل سکو گے، بلکہ غالباً میری اس مسجد اور میری قبر کے پاس سے گذرو گے"۔ اور حضرت معاذؓ یہ سن کر رسول اللہ ﷺ کی جُدائی کے غم سے رونے لگے۔

درحقیقت اللہ چاہتا تھا کہ اپنے پیغمبر ﷺ کو اس دعوت کے ثمرات دکھلا دے جس کی راہ میں آپؐ نے بیس برس سے زیادہ عرصہ تک طرح طرح کی مشکلات اور مشقتیں برداشت کی تھیں اور اس کی صورت یہ ہو کہ آپؐ حج کے موقع پر اطرافِ مکّہ میں قبائلِ عرب کے افراد و نمائندگان کے ساتھ جمع ہوں، پھر وہ آپؐ سے دین کے احکام و شرائع حاصل کریں اور آپؐ ان سے یہ شہادت لیں کہ آپؐ نے امانت ادا کر دی، پیغامِ رب کی تبلیغ فرما دی۔ اور امّت کی خیر خواہی کا حق ادا فرما دیا۔ اس مشیّتِ ایزدی کے مطابق نبی ﷺ نے جب اس تاریخی حجِّ مبرور کے لیے اپنے ارادے کا اعلان فرمایا تو مسلمانانِ عرب جوق در جوق پہنچنا شروع ہو گئے۔ ہر ایک کی آرزو تھی کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے نقشِ پا کو اپنے لیے نشانِ راہ بنائے اور آپؐ کی اقتداء کرے[1] پھر سنیچر کے دن جبکہ ذی قعدہ میں چار دن باقی تھے رسول اللہ ﷺ نے کوچ کی تیاری فرمائی[2] بالوں میں کنگھی کی، تیل لگایا، تہبند پہنا، چادر اوڑھی، قربانی کے

---

[1] یہ بات صحیح مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ دیکھئے باب حجۃ النبی ﷺ ۱/۳۹۴

[2] حافظ ابن حجر نے اس کی بہت عمدہ تحقیق کی ہے اور بعض روایات میں جو یہ آیا ہے کہ ذیقعدہ کے پانچ دن باقی تھے تب آپؐ روانہ ہوئے اس کی تصحیح بھی کی ہے۔ دیکھئے فتح الباری ۸/ ۱۰۴

جانوروں کو قلادہ پہنایا اور ظہر کے بعد کوچ فرما دیا اور عصر سے پہلے ذُو الحُلیفہ پہنچ گئے۔ وہاں عصر کی نماز دو رکعت پڑھی اور رات بھر خیمہ زن رہے۔ صبح ہوئی تو صحابہ کرام سے فرمایا: "رات میرے پروردگار کی طرف سے ایک آنے والے نے آکر کہا، اِس مبارک وادی میں نماز پڑھو اور کہو، حج میں عمرہ ہے[۳]"

پھر ظہر کی نماز سے پہلے آپؐ نے اِحرام کے لیے غسل فرمایا۔ اس کے بعد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کے جسمِ اطہر اور سَرِ مبارک میں اپنے ہاتھ سے ذَرِیرَہ اور مُشک آمیز خوشبو لگائی۔ خوشبو کی چمک آپؐ کی مانگ اور داڑھی میں دکھائی پڑتی تھی مگر آپؐ نے یہ خوشبو دھوئی نہیں بلکہ برقرار رکھی۔ پھر اپنا تہبند پہنا، چادر اوڑھی، دو رکعت ظہر کی نماز پڑھی، اس کے بعد مصلّے ہی پر حج اور عمرہ دونوں کا ایک ساتھ احرام باندھتے ہوئے صدائے لَبَّیک بلند کی پھر باہر تشریف لائے، قَصْوَا، اُونٹنی پر سوار ہوتے اور دوبارہ صدائے لَبَّیک بلند کی۔ اس کے بعد اُونٹنی پر سوار کھلے میدان میں تشریف لے گئے تو وہاں بھی لَبَّیک پُکارا۔

اس کے بعد آپؐ نے اپنا سفر جاری رکھا۔ ہفتہ بھر بعد جب آپؐ سرِ شام مکّہ کے قریب پہنچے تو ذی طویٰ میں ٹھہر گئے۔ وہیں رات گزاری اور فجر کی نماز پڑھ کر غسل فرمایا۔ پھر مکّہ میں صبحدم داخل ہُوئے۔ یہ اتوار ۴۔ ذی الحجہ ۱۰ھ کا دن تھا — راستے میں آٹھ راتیں گذری تھیں — اوسط رفتار سے اس مسافت کا یہی حساب بھی ہے — مسجدِ حرام پہنچ کر آپؐ نے پہلے خانۂ کعبہ کا طواف کیا پھر صفا و مروہ کے درمیان سَعیٔ کی مگر اِحرام نہیں کھولا کیونکہ آپؐ نے حج و عمرہ کا اِحرام ایک ساتھ باندھا تھا اور اپنے ساتھ ہَدْی (قربانی کے جانور) لائے تھے۔ طواف و سَعیٔ سے فارغ ہو کر آپؐ نے بالائی مکّہ میں حجون کے پاس قیام فرمایا لیکن دوبارہ طوافِ حج کے سوا کوئی اور طواف نہیں کیا۔

آپؐ کے جو صحابہ کرام اپنے ساتھ ہَدْی (قربانی کا جانور) نہیں لائے تھے آپؐ نے اُنہیں حکم دیا کہ اپنا اِحرام عمرہ میں تبدیل کر دیں اور بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سَعیٔ کر کے پُوری طرح حلال ہو جائیں؛ لیکن چونکہ آپؐ خود حلال نہیں ہو رہے تھے اس لیے صحابہ کرام کو تردّد ہُوا۔ آپؐ نے فرمایا: "اگر مَیں اپنے معاملے کی وہ بات پہلے جان گیا ہوتا جو بعد میں معلوم ہوئی تو مَیں ہَدْی نہ لاتا۔ اور اگر میرے ساتھ ہدی نہ ہوتی تو مَیں بھی حلال ہو جاتا۔ آپؐ کا یہ ارشاد سُن کر صحابہ کرام نے سرِ اطاعت خَم کر دیا اور جن کے پاس ہدی نہ تھی وہ حلال ہو گئے۔

---

[۳] اسے بخاری نے حضرت عمرؓ سے روایت کیا ہے۔ ۱ / ۲۰۷

آٹھ ذی الحجہ — ترویہ کے دن — آپؐ منیٰ تشریف لے گئے اور وہاں ۹۔ذی الحجہ کی صبح تک قیام فرمایا۔ ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر (پانچ وقت) کی نمازیں وہیں پڑھیں۔ پھر اتنی دیر توقف فرمایا کہ سُورج طلوع ہوگیا۔ اس کے بعد عرفہ کو چل پڑے۔ وہاں پہنچے تو وادی نمرہ میں قبہ تیار تھا۔ اسی میں نزول فرمایا۔ جب سُورج ڈھل گیا تو آپؐ کے حکم سے قصواء پر کجاوہ کسا گیا اور آپؐ بطنِ وادی میں تشریف لے گئے۔ اس وقت آپؐ کے گرد ایک لاکھ چوبیس ہزار یا ایک لاکھ چوالیس ہزار انسانوں کا سمندر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ آپؐ نے ان کے درمیان ایک جامع خطبہ ارشاد فرمایا۔ آپؐ نے فرمایا :

"لوگو! میری بات سن لو! کیونکہ میں نہیں جانتا، شاید اس سال کے بعد اس مقام پر میں تم سے کبھی نہ مل سکوں۔ [۴]

تمہارا خون اور تمہارا مال ایک دوسرے پر اسی طرح حرام ہے جس طرح تمہارے آج کے دن کی، رواں مہینے کی اور موجودہ شہر کی حرمت ہے۔ سن لو! جاہلیت کی ہر چیز میرے پاؤں تلے روندی گئی۔ جاہلیت کے خون بھی ختم کر دیئے گئے اور ہمارے خون میں سے پہلا خون جسے میں ختم کر رہا ہوں وہ ربیعہ بن حارث کے بیٹے کا خون ہے — یہ بچہ بنو سعد میں دودھ پی رہا تھا کہ انہی ایّام میں قبیلہ ہُذیل نے اُسے قتل کر دیا — اور جاہلیت کا سُود ختم کر دیا گیا، اور ہمارے سُود میں سے پہلا سُود جسے میں ختم کر رہا ہوں وہ عباسؓ بن عبدالمطلب کا سُود ہے۔ اب یہ سارا کا سارا سُود ختم ہے۔

ہاں! عورتوں کے بارے میں اللہ سے ڈرو، کیونکہ تم نے انہیں اللہ کی امانت کے ساتھ لیا ہے' اور اللہ کے کلمے کے ذریعے حلال کیا ہے۔ ان پر تمہارا حق یہ ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جو تمہیں گوارا نہیں۔ اگر وہ ایسا کریں تو تم انہیں مار سکتے ہو لیکن سخت مار نہ مارنا، اور تم پر ان کا حق یہ ہے کہ تم انہیں معروف کے ساتھ کھلاؤ اور پہناؤ۔

اور میں تم میں ایسی چیز چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر تم نے اُسے مضبوطی سے پکڑے رکھا تو اس کے بعد ہرگز گمراہ نہ ہو گے، اور وہ ہے اللہ کی کتاب۔ [۵]

لوگو! یاد رکھو! میرے بعد کوئی نبی نہیں' اور تمہارے بعد کوئی اُمّت نہیں لہٰذا اپنے رب کی عبادت کرنا، پانچ وقت کی نماز پڑھنا، رمضان کے روزے رکھنا، خوشی خوشی اپنے مال

---

[۴] ابنِ ہشام ۲/۶۰۳ [۵] صحیح مسلم باب حجۃ النبی ﷺ ۱/۳۹۷

کی زکوٰۃ دینا، اپنے پروردگار کے گھر کا حج کرنا اور اپنے حکمرانوں کی اطاعت کرنا۔ ایسا کرو گے تو اپنے پروردگار کی جنّت میں داخل ہو گے[۶]

اور تم سے میرے متعلق پوچھا جانے والا ہے، تو تم لوگ کیا کہو گے؟" صحابہؓ نے کہا ہم شہادت دیتے ہیں کہ آپؐ نے تبلیغ کر دی، پیغام پہنچا دیا اور خیر خواہی کا حق ادا فرما دیا۔

یہ سُن کر آپؐ نے انگشت شہادت کو آسمان کی طرف اٹھایا اور لوگوں کی طرف جھکاتے ہوئے تین بار فرمایا: "اے اللہ گواہ رہ"[۷]

آپؐ کے ارشادات کو ربیعہ بن امیہ بن خلف اپنی بلند آواز سے لوگوں تک پہنچا رہے تھے[۸] جب آپؐ خطبہ سے فارغ ہو چکے تو اللہ عزّوجل نے یہ آیت نازل فرمائی:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ (۵:۳)

"آج مَیں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی۔ اور تمہارے لیے اسلام کو بحیثیت دین پسند کر لیا۔"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ آیت سُنی تو رونے لگے۔ دریافت کیا گیا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمایا "اس لیے کہ کمال کے بعد زوال ہی تو ہے[۹]

خطبہ کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان اور پھر اقامت کہی۔ رسول اللہ ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی۔ اس کے بعد حضرت بلالؓ نے پھر اقامت کہی اور آپؐ نے عصر کی نماز پڑھائی اور ان دونوں نمازوں کے درمیان کوئی اور نماز نہیں پڑھی۔ اس کے بعد سوار ہو کر آپ جائے وقوف پر تشریف لے گئے۔ اپنی اونٹنی قصوٰا کا شکم چٹانوں کی جانب کیا اور جبلِ مشاۃ (پیدل چلنے والوں کی راہ میں واقع ریتیلے تودے) کو سامنے کیا اور قبلہ رُخ مسلسل (اسی حالت میں) وقوف فرمایا یہاں تک کہ سُورج غروب ہونے لگا۔ تھوڑی زردی ختم ہوئی، پھر سُورج کی ٹکیہ غائب ہو گئی۔ اس کے بعد آپؐ نے حضرت اُسامہؓ کو پیچھے بٹھایا اور وہاں سے روانہ ہو کر مُزدلفہ تشریف لائے۔ مُزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اذان اور دو اقامت سے پڑھیں۔ درمیان میں کوئی نفل نماز نہیں پڑھی۔ اس کے بعد آپؐ لیٹ گئے اور طلوعِ فجر تک لیٹے رہے۔

---

[۶] ابنِ ماجہ۔ ابن عساکر، رحمۃ للعالمین ۱/۲۶۳ [۷] صحیح مسلم ۱/۳۹۷
[۸] ابنِ ہشام ۲/۶۰۵ [۹] بخاری عن ابن عمر دیکھئے رحمۃ للعالمین ۱/۲۶۵

البتہ صبح نمودار ہوتے ہی اذان و اقامت کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی۔ اس کے بعد قصواء پر سوار ہو کر مَشعَرِ حَرام تشریف لائے اور قبلہ رُخ ہو کر اللہ سے دُعا کی اور اس کی تکبیر و تہلیل اور توحید کے کلمات کہے۔ یہاں اتنی دیر تک ٹھہرے رہے کہ خوب اُجالا ہو گیا۔ اس کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے منیٰ کے لیے روانہ ہو گئے اور اب کی بار حضرت فضل بن عباسؓ کو اپنے پیچھے سوار کیا۔ بَطنِ مُحسّر میں پہنچے تو سواری کو ذرا تیزی سے دوڑایا۔ پھر جو درمیانی راستہ جمرۂ کبریٰ پر نکلتا تھا اس سے چل کر جمرۂ کبریٰ پر پہنچے ـــــ اس زمانے میں وہاں ایک درخت بھی تھا اور جمرۂ کبریٰ اس درخت کی نسبت سے بھی معروف تھا ـــــ اس کے علاوہ جمرۂ کبریٰ کو جمرۂ عقبہ اور جمرۂ اُولیٰ بھی کہتے ہیں ـــــ پھر آپؐ نے جمرۂ کبریٰ کو سات کنکریاں ماریں۔ ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہتے جاتے تھے۔ کنکریاں چھوٹی چھوٹی تھیں جنہیں چٹکی میں لے کر چلایا جا سکتا تھا۔ آپؐ نے یہ کنکریاں بطن وادی میں کھڑے ہو کر ماری تھیں۔ اس کے بعد آپؐ قربان گاہ تشریف لے گئے اور اپنے دستِ مبارک سے ۶۳ اُونٹ ذبح کئے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سونپ دیا اور انہوں نے بقیہ ۳۷ اونٹ ذبح کئے۔ اس طرح سو اونٹ کی تعداد پوری ہو گئی۔ آپؐ نے حضرت علیؓ کو بھی اپنی ہَدْی (قربانی) میں شریک فرما لیا تھا۔ اس کے بعد آپؐ کے حکم سے ہر اُونٹ کا ایک ایک ٹکڑا کاٹ کر ہانڈی میں ڈالا اور پکایا گیا۔ پھر آپؐ نے اور حضرت علیؓ نے اس گوشت میں سے کچھ تناول فرمایا اور اس کا شوربا پیا۔

بعد ازاں رسول اللہ ﷺ سوار ہو کر مکّہ تشریف لے گئے۔ بیت اللہ کا طواف فرمایا ـــــ اسے طوافِ افاضہ کہتے ہیں ـــــ اور مکّہ ہی میں ظہر کی نماز ادا فرمائی۔ پھر (چاہِ زمزم پر) بنو عبد المطّلب کے پاس تشریف لے گئے۔ وہ حجاج کرام کو زمزم کا پانی پلا رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا: "بنو عبد المطّلب تم لوگ پانی کھینچو۔ اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ پانی پلانے کے اس کام میں لوگ تمہیں مغلوب کر دیں گے تو میں بھی تم لوگوں کے ساتھ کھینچتا" ـــــ یعنی اگر صحابہ کرامؓ رسول اللہ ﷺ کو خود پانی کھینچتے ہوئے دیکھتے تو ہر صحابی خود پانی کھینچنے کی کوشش کرتا۔ اور اس طرح حجاج کو زمزم پلانے کا جو شرف بنو عبد المطّلب کو حاصل تھا اس کا نظم ان کے قابو میں نہ رہ جاتا۔ چنانچہ بنو عبد المطلب نے آپؐ کو ایک ڈول پانی دیا اور آپؐ نے اس میں سے حسبِ خواہش پیا۔[1]

---

[1] مسلم عن جابر باب حجۃ النبی ﷺ ۱/۳۹۷ تا ۴۰۰

آج یوم النحر تھا۔ یعنی ذی الحجہ کی دس تاریخ تھی۔ نبی ﷺ نے آج بھی دن چڑھے (چاشت کے وقت) ایک خطبہ ارشاد فرمایا تھا۔ خطبہ کے وقت آپؐ خچر پر سوار تھے اور حضرت علیؓ آپؐ کے ارشادات صحابہؓ کو سُنا رہے تھے۔ صحابہؓ کرام کچھ بیٹھے اور کچھ کھڑے تھے[۱۱]۔ آپؐ نے آج کے خطبے میں بھی کل کی کئی باتیں دُہرائیں۔ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ہمیں یوم النحر (دس ذی الحجہ) کو خطبہ دیا۔ فرمایا:

"زمانہ گھوم پھر کر اپنی اسی دن کی ہیئت پر پہنچ گیا ہے جس دن اللہ نے آسمان و زمین کو پیدا کیا تھا۔ سال بارہ مہینے کا ہے جن میں سے چار مہینے حرام کے ہیں؛ تین پے درپے یعنی ذی قعدہ ذی الحجہ اور محرم اور ایک رجبِ مُضَر جو جمادی الآخرہ اور شعبان کے درمیان ہے۔"

آپؐ نے یہ بھی فرمایا کہ یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے کہا' اللہ اور اس کے رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ اس پر آپؐ خاموش رہے' یہاں تک کہ ہم نے سمجھا کہ آپؐ اس کا کوئی اور نام رکھیں گے۔ لیکن پھر آپؐ نے فرمایا کیا یہ ذی الحجہ نہیں ہے؟ ہم نے کہا کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا یہ کون سا شہر ہے؟ ہم نے کہا اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں۔ اس پر آپؐ خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے سمجھا آپؐ اس کا کوئی اور نام رکھیں گے' مگر آپؐ نے فرمایا' کیا یہ بلدہ (مکہ) نہیں ہے؟ ہم نے کہا کیوں نہیں آپؐ نے فرمایا' اچھا تو یہ دن کون سا ہے؟ ہم نے کہا اللہ اور اس کے رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ اس پر آپؐ خاموش رہے یہاں تک کہ ہم نے سمجھا آپؐ اس کا کوئی اور نام رکھیں گے مگر آپؐ نے فرمایا' کیا یہ یوم النحر (قربانی کا دن' یعنی دس ذی الحجہ) نہیں ہے؟ ہم نے کہا کیوں نہیں؟ آپؐ نے فرمایا' اچھا تو سنو کہ تمہارا خون' تمہارا مال اور تمہاری آبرو ایک دوسرے پر ایسے ہی حرام ہے جیسے تمہارے اس شہر اور تمہارے اس مہینے میں تمہارے آج کے دن کی حرمت ہے۔ اور تم لوگ بہت جلد اپنے پروردگار سے ملوگے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کے متعلق پوچھے گا' لہٰذا دیکھو میرے بعد پلٹ کر گمراہ نہ ہو جانا کہ آپس میں ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو۔ بتاؤ! کیا مَیں نے تبلیغ کر دی؟ صحابہ نے کہا' ہاں۔ آپؐ نے فرمایا' اے اللہ! گواہ رہ ——— جو شخص موجود ہے وہ غیر موجود تک (میری باتیں) پہنچا دے۔ کیونکہ بعض وہ افراد جن تک (یہ باتیں) پہنچائی جائیں گی وہ بعض (موجودہ) سننے والے سے کہیں زیادہ ان باتوں کے دَروبست کو سمجھ سکیں گے[۱۲]۔

---

[۱۱] ابوداؤد: باب اَیّ وقت یخطب یوم النحر ۱/۲۷۰ [۱۲] صحیح بخاری: باب الخطبۃ ایام منیٰ ۱/۲۳۴

ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے اس خُطبے میں یہ بھی فرمایا: "یاد رکھو! کوئی بھی جرم کرنے والا اپنے سوا کسی اور پر جُرم نہیں کرتا (یعنی اس جرم کی پاداش میں کوئی اور نہیں بلکہ خود مجرم ہی پکڑا جائے گا۔) یاد رکھو! کوئی جُرم کرنے والا اپنے بیٹے پر یا کوئی بیٹا اپنے باپ پر جُرم نہیں کرتا (یعنی باپ کے جُرم میں بیٹے کو یا بیٹے کے جُرم میں باپ کو نہیں پکڑا جائے گا) یاد رکھو! شیطان مایوس ہو چکا ہے کہ اب تمہارے اس شہر میں کبھی بھی اس کی پوجا کی جائے لیکن اپنے جن اعمال کو تم لوگ حقیر سمجھتے ہو ان میں اس کی اطاعت کی جائے گی اور وہ اسی سے راضی ہو گا۔"[۱۳]

اس کے بعد آپؐ ایامِ تشریق (۱۱-۱۲-۱۳ ذی الحجہ کو) منیٰ میں مقیم رہے۔ اس دوران آپؐ حج کے مناسک بھی ادا فرما رہے تھے اور لوگوں کو شریعت کے احکام بھی سکھا رہے تھے۔ اللہ کا ذکر بھی فرما رہے تھے۔ ملّتِ ابراہیمی کے سنن ہدیٰ بھی قائم کر رہے تھے، اور شرک کے آثار و نشانات کا صفایا بھی فرما رہے تھے۔ آپؐ نے ایامِ تشریق میں بھی ایک دن خطبہ دیا۔ چنانچہ سنن ابی داؤد میں بہ سند حسن مروی ہے کہ حضرت سراء بنت نبہان رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں رؤس کے دن[۱۴] خطبہ دیا اور فرمایا "کیا یہ ایامِ تشریق کا درمیانی دن نہیں ہے؟"[۱۵] آپؐ کا آج کا خطبہ بھی کل (یوم النحر) کے خطبے جیسا تھا اور یہ خطبہ سورۂ نصر کے نزول کے بعد دیا گیا تھا۔

ایامِ تشریق کے خاتمے پر دوسرے یوم النفر یعنی ۱۳- ذی الحجہ کو نبی ﷺ نے منیٰ سے کوچ فرمایا۔ اور وادی اَبطَح کے خیف بنی کنانہ میں فروکش ہوئے۔ دن کا باقی ماندہ حصہ اور رات وہیں گذاری اور ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں وہیں پڑھیں۔ البتہ عشاء کے بعد تھوڑا سا سو کر اُٹھے پھر سوار ہو کر بیت اللہ تشریف لے گئے اور طوافِ وداع فرمایا۔

اور اب تمام مناسکِ حج سے فارغ ہو کر آپؐ نے سواری کا رُخ مدینہ منورہ کی راہ پر ڈال دیا اس لیے نہیں کہ وہاں پہنچ کر راحت فرمائیں بلکہ اس لیے کہ اب پھر اللہ کی خاطر اللہ کی راہ میں ایک نئی جدوجہد کا آغاز فرمائیں۔[۱۶]

---

[۱۳] ترمذی ۲/۳۸، ۱۳۵، ابنِ ماجہ کتاب الحج، مشکوۃ ۱/۲۳۴

[۱۴] یعنی ۱۲- ذی الحجہ (عون المعبود ۲/۱۴۳) [۱۵] ابوداؤد باب ای یوم یخطب بمنی ۱/۲۶۹

[۱۶] حجۃ الوداع کی تفصیلات کے لیے ملاحظہ ہو: صحیح بخاری کتاب المناسک ج ا و ج ۲/۶۳۱، صحیح مسلم باب حجۃ النبی ﷺ، فتح الباری ج ۳ شرح کتاب المناسک اور ج ۸/۱۰۳ تا ۱۱۰ ابنِ ہشام ۲/۶۰۱ تا ۶۰۵ زاد المعاد ۱/۱۹۶، ۲۱۸ تا ۲۴۰

حدودِ حرم اور میقات کا نقشہ

آخری فوجی مہم

رومن امپائر کی کبریائی کو گوارا نہ تھا کہ وہ اسلام اور اہلِ اسلام کے زندہ رہنے کا حق تسلیم کرے اسی لیے اس کی قلمرو میں رہنے والا کوئی شخص اسلام کا حلقہ بگوش ہوجاتا تو اس کے جان کی خیر نہ رہتی، جیساکہ معان کے رومی گورنر حضرت فرُوَہؓ بن عمرو جذامی کے ساتھ پیش آچکا تھا۔

اس جرأتِ بے محابا اور اس غرور بے جا کے پیشِ نظر رسول اللہ ﷺ نے صفر ۱۱ھ میں ایک بڑے لشکر کی تیاری شروع فرمائی اور حضرت اُسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اس کا سپہ سالار مقرر فرماتے ہوئے حکم دیا کہ بلقاء کا علاقہ اور داروم کی فلسطینی سرزمین سواروں کے ذریعہ روند آؤ۔ اس کارروائی کا مقصد یہ تھا کہ رومیوں کو خوف زدہ کرتے ہوئے ان کی حدود پر واقع عرب قبا[ئل] کا اعتماد بحال کیا جائے اور کسی کو یہ تصوّر کرنے کی گنجائش نہ دی جائے کہ کلیسا کے تشدّد پر [کو]ئی بازپرس [کرنے] والا نہیں اور اسلام قبول کرنے کا مطلب صرف یہ ہے کہ اپنی موت کو دعوت دی جارہی ہے۔

اس موقع پر کچھ لوگوں نے سپہ سالار کی نوعمری کو نکتہ چینی کا نشانہ بنایا اور اس مہم کے اندر شمولیت میں تاخیر کی۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تم لوگ ان کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کر رہے ہو تو ان سے پہلے ان کے والد کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کر چکے ہو، حالانکہ وہ خدا کی قسم سپہ سالاری کے اہل تھے اور میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے تھے اور یہ بھی ان کے بعد میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہیں۔[1]

بہرحال صحابہ کرامؓ حضرت اسامہ کے گرداگرد جمع ہوکر ان کے لشکر میں شامل ہوگئے اور لشکر روانہ ہوکر مدینہ سے تین میل دُور مقامِ جرف میں خیمہ زن بھی ہوگیا لیکن رسول اللہ ﷺ کی بیماری کے متعلق تشویشناک خبروں کے سبب آگے نہ بڑھ سکا بلکہ اللہ کے فیصلے کے انتظار میں وہیں ٹھہرنے پر مجبور ہوگیا اور اللہ کا فیصلہ یہ تھا کہ یہ لشکر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دَورِ خلافت کی پہلی فوجی مہم قرار پائے۔[2]

---

[1] صحیح بخاری۔ باب بعث النبی ﷺ اُسامۃ ۲/۶۱۲ [2] ایضاً صحیح بخاری! وابنِ ہشام ۲/۶۰۶، ۶۵۰

رفیقِ اعلیٰ کی جانب

الوداعی آثار جب دعوتِ دین مکمل ہو گئی اور عرب کی نکیل اسلام کے ہاتھ میں آگئی تو رسول اللہ ﷺ کے جذبات و احساسات، احوال وظروف اور گفتار و کردار سے ایسی علامات نمودار ہونا شروع ہوئیں جن سے معلوم ہوتا تھا کہ اب آپؐ اس حیاتِ مستعار کو اور اس جہانِ فانی کے باشندگان کو الوداع کہنے والے ہیں۔ مثلاً:

آپؐ نے رمضان ۱۰ھ میں بیس دن اعتکاف فرمایا جبکہ ہمیشہ دس دن ہی اعتکاف فرمایا کرتے تھے، پھر حضرت جبریلؑ نے آپؐ کو اس سال دو مرتبہ قرآن کا دَور کرایا جبکہ ہر سال ایک ہی مرتبہ دَور کرایا کرتے تھے۔ آپؐ نے حجۃ الوداع میں فرمایا: "مجھے معلوم نہیں، شاید میں اس سال کے بعد اپنے اس مقام پر تم لوگوں سے کبھی نہ مل سکوں۔" جمرۂ عقبہ کے پاس فرمایا: "مجھ سے اپنے حج کے اعمال سیکھ لو کیونکہ میں اس سال کے بعد غالباً حج نہ کرسکوں گا۔" آپؐ پر ایامِ تشریق کے وسط میں سورہ نصر نازل ہوئی اور اس سے آپؐ نے سمجھ لیا کہ اب دُنیا سے روانگی کا وقت آن پہنچا ہے اور یہ موت کی اطلاع ہے۔

اوائل صفر ۱۱ھ میں آپؐ دامنِ اُحد میں تشریف لے گئے اور شہداء کے لیے اس طرح دُعا فرمائی گویا زندوں اور مُردوں سے رخصت ہو رہے ہیں۔ پھر واپس آکر منبر پر فروکش ہوئے۔ اور فرمایا: "میں تمہارا میرِ کارواں ہوں اور تم پر گواہ ہوں۔ بخدا، میں اس وقت اپنا حوض (حوضِ کوثر) دیکھ رہا ہوں۔ مجھے زمین اور زمین کے خزانوں کی کُنجیاں عطا کی گئی ہیں، اور بخدا مجھے یہ خوف نہیں کہ تم میرے بعد شرک کرو گے بلکہ اندیشہ اس کا ہے کہ دُنیا طلبی میں باہم مقابلہ کرو گے۔"[1]

ایک روز نصف رات کو آپؐ بقیع تشریف لے گئے اور اہلِ بقیع کے لیے دُعائے مغفرت کی۔ فرمایا: "اے قبر والو! تم پر سلام! لوگ جس حال میں ہیں اس کے مقابل تمہیں وہ حال مبارک ہو جس میں تم ہو۔ فتنے تاریک رات کے ٹکڑوں کی طرح ایک کے پیچھے ایک چلے آرہے

---

[1] متفق علیہ۔ صحیح بخاری ۲/۵۸۵

ہیں اور بعد والا پہلے والے سے زیادہ بُرا ہے"۔ اس کے بعد یہ کہہ کر اہلِ قبور کو بشارت دی کہ ہم بھی تم سے آملنے والے ہیں۔

مرض کا آغاز

۲۹ صفر ۱۱ھ روز دوشنبہ کو رسول اللہ ﷺ ایک جنازے میں بقیع تشریف لے گئے۔ واپسی پر راستے ہی میں دردِ سر شروع ہوگیا اور حرارت اتنی تیز ہوگئی کہ سر پر بندھی ہوئی پٹی کے اوپر سے محسوس کی جانے لگی۔ یہ آپ مرض الموت کا آغاز تھا۔ آپؐ نے اسی حالتِ مرض میں گیارہ دن نماز پڑھائی۔ مرض کی کل مدت ۱۳ یا ۱۴ دن تھی۔

آخری ہفتہ

رسول اللہ ﷺ کی طبیعت روز بروز بوجھل ہوتی جارہی تھی۔ اس دوران آپؐ ازواجِ مطہرات سے پُوچھتے رہتے تھے کہ مَیں کل کہاں رہوں گا؟ مَیں کل کہاں رہوں گا؟ اس سوال سے آپؐ کا جو مقصود تھا ازواجِ مطہرات اسے سمجھ گئیں چنانچہ انہوں نے اجازت دے دی کہ آپؐ جہاں چاہیں رہیں۔ اس کے بعد آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مکان میں منتقل ہوگئے۔ منتقل ہوتے ہوئے حضرت فضل بن عباس اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما کا سہارا لے کر درمیان میں چل رہے تھے۔ سر پر پٹی بندھی تھی اور پاؤں زمین پر گھسٹ رہے تھے۔ اس کیفیت کے ساتھ آپؐ حضرت عائشہؓ کے مکان میں تشریف لائے اور پھر حیاتِ مبارکہ کا آخری ہفتہ وہیں گزارا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مُعوّذات اور رسول اللہ ﷺ سے حفظ کی ہوئی دُعائیں پڑھ کر آپؐ پر دم کرتی رہتی تھیں اور برکت کی اُمید میں آپؐ کا ہاتھ آپؐ کے جسم مبارک پر پھیرتی رہتی تھیں۔

وفات سے پانچ دن پہلے

وفات سے پانچ دن پہلے روز چہارشنبہ (بدھ) کو جسم کی حرارت میں مزید شدّت آگئی جس کی وجہ سے تکلیف بھی بڑھ گئی اور غشی طاری ہوگئی۔ آپؐ نے فرمایا: "مجھ پر مختلف کنوؤں کے سات مشکیزے بہاؤ تاکہ مَیں لوگوں کے پاس جاکر وصیّت کرسکوں"۔ اس کی تکمیل کرتے ہوئے آپؐ کو ایک لگن میں بٹھادیا گیا اور آپؐ کے اُوپر اتنا پانی ڈالا گیا کہ آپؐ "بس"، "بس" کہنے لگے۔

اس وقت آپؐ نے کچھ تخفیف محسوس کی اور مسجد میں تشریف لے گئے — سر پر پٹی بندھی ہوئی تھی — منبر پر فروکش ہوئے اور بیٹھ کر خطبہ دیا۔ صحابہ کرام گرداگرد جمع تھے۔ فرمایا: "یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت — کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مساجد بنایا"

ایک روایت میں ہے: "یہود و نصاریٰ پر اللہ کی مار کہ انہوں نے اپنے انبیاء کی

قبروں کو مسجد بنا لیا۔[2]" آپؐ نے یہ بھی فرمایا: "تم لوگ میری قبر کو بُت نہ بنانا کہ اس کی پُوجا کی جائے"۔[3]

پھر آپؐ نے اپنے آپ کو قصاص کے لیے پیش کیا اور فرمایا: "مَیں نے کسی کی پیٹھ پر کوڑا مارا ہو تو یہ میری پیٹھ حاضر ہے، وہ بدلہ لے لے، اور کسی کی بے آبرُوئی کی ہو تو یہ میری آبرُو حاضر ہے، وہ بدلہ لے لے۔"

اس کے بعد آپؐ منبر سے نیچے تشریف لے آئے۔ ظہر کی نماز پڑھائی، اور پھر منبر پر تشریف لے گئے اور عداوت وغیرہ سے متعلق اپنی پچھلی باتیں دُہرائیں۔ ایک شخص نے کہا، آپؐ کے ذمہ میرے تین درہم باقی ہیں۔ آپؐ نے فضل بن عباسؓ سے فرمایا "انہیں ادا کر دو۔ اس کے بعد انصار کے بارے میں وصیت فرمائی۔ فرمایا:

"مَیں تمہیں انصار کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کیونکہ وہ میرے قلب و جگر ہیں۔ انہوں نے اپنی ذمّہ داری پوری کر دی مگر ان کے حقوق باقی رہ گئے ہیں؛ لہٰذا ان کے نیکو کار سے قبول کرنا اور ان کے خطاکار سے درگذر کرنا۔" ایک روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "لوگ بڑھتے جائیں گے، اور انصار گھٹتے جائیں گے۔ یہاں تک کہ کھانے میں نمک کی طرح ہو جائیں گے۔ لہٰذا تمہارا جو آدمی کسی نفع اور نقصان پہنچانے والے کام کا والی ہو تو وہ ان کے نیکو کاروں سے قبول کرے اور ان کے خطاکاروں سے درگذر کرے۔[4]"

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: "ایک بندے کو اللہ نے اختیار دیا کہ وہ یا تو دنیا کی چمک دمک اور زیب وزینت میں سے جو کچھ چاہے اللہ اُسے دے دے یا اللہ کے پاس جو کچھ ہے اسے اختیار کرے تو اس بندے نے اللہ کے پاس والی چیز کو اختیار کر لیا۔" ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ یہ بات سُن کر ابو بکر رضی اللہ عنہ رونے لگے اور فرمایا: "ہم اپنے ماں باپ سمیت آپؐ پر قربان۔ اس پر ہمیں تعجب ہُوا۔ لوگوں نے کہا، اس بڈھے کو دیکھو! رسول اللہ ﷺ تو ایک بندے کے بارے میں یہ بتا رہے ہیں کہ اللہ نے اُسے اختیار دیا کہ دُنیا کی چمک دمک اور زیب وزینت میں سے جو چاہے اللہ اسے دے دے یا وہ اللہ کے پاس جو کچھ ہے اسے اختیار کرلے اور یہ بڈھا کہہ رہا ہے کہ ہم اپنے ماں باپ کے ساتھ آپؐ پر قربان۔ (لیکن چند دن بعد واضح ہُوا کہ) جس بندے کو اختیار دیا گیا تھا وہ خود رسول اللہ ﷺ تھے اور ابو بکر رضی اللہ عنہ

---

[2] صحیح بخاری ۱/ ۶۲ موطا امام مالک ص ۳۶۰

[3] موطا امام مالک ص ۶۵ [4] صحیح بخاری ۱/ ۵۳۶

ہم میں سب سے زیادہ صاحبِ علم تھے۔[۵]

پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مجھ پر اپنی رفاقت اور مال میں سب سے زیادہ صاحبِ احسان ابوبکرؓ ہیں" اور اگر میں اپنے رب کے علاوہ کسی اور کو خلیل بناتا تو ابوبکرؓ کو خلیل بناتا۔ لیکن (ان کے ساتھ) اسلام کی اخوت و محبت (کا تعلق) ہے۔ مسجد میں کوئی دروازہ باقی نہ چھوڑا جائے بلکہ اسے لازماً بند کر دیا جائے، سوائے ابوبکرؓ کے دروازے کے"[۶]

چار دن پہلے وفات سے چار دن پہلے جمعرات کو جب کہ آپؐ سخت تکلیف سے دوچار تھے فرمایا: "لاؤ میں تمہیں ایک تحریر لکھ دوں جس کے بعد تم لوگ کبھی گمراہ نہ ہو سکے۔" اس وقت گھر میں کئی آدمی تھے جن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ انہوں نے کہا، آپؐ پر تکلیف کا غلبہ ہے اور تمہارے پاس قرآن ہے۔ بس اللہ کی یہ کتاب تمہارے لیے کافی ہے۔ اس پر گھر کے اندر موجود لوگوں میں اختلاف پڑ گیا اور وہ جھگڑ پڑے۔ کوئی کہہ رہا تھا، لاؤ رسول اللہ ﷺ لکھ دیں۔ اور کوئی وہی کہہ رہا تھا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا تھا۔ اس طرح لوگوں نے جب زیادہ شور و شغب اور اختلاف کیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "میرے پاس سے اٹھ جاؤ۔"[۷]

پھر اسی روز آپؐ نے تین باتوں کی وصیت فرمائی: ایک اس بات کی وصیت کہ یہود و نصاریٰ اور مشرکین کو جزیرۃ العرب سے نکال دینا۔ دوسرے اس بات کی وصیت کی کہ وفود کی اسی طرح نوازش کرنا جس طرح آپؐ کیا کرتے تھے۔ البتہ تیسری بات کو راوی بھول گیا۔ غالباً یہ کتاب و سنت کو مضبوطی سے پکڑے رہنے کی وصیت تھی یا لشکرِ اسامہ کو روانہ کرنے کی وصیت تھی یا آپؐ کا یہ ارشاد تھا کہ "نماز اور تمہارے زیرِ دست" یعنی غلاموں اور لونڈیوں کا خیال رکھنا۔

رسول اللہ ﷺ مرض کی شدت کے باوجود اس دن تک، یعنی وفات سے چار دن پہلے (جمعرات) تک تمام نمازیں خود ہی پڑھایا کرتے تھے۔ اس روز بھی مغرب کی نماز آپؐ ہی نے پڑھائی اور اس میں سورہ والمرسلاتِ عُرفاً پڑھی[۸]

لیکن عشاء کے وقت مرض کا ثقل اتنا بڑھ گیا کہ مسجد میں جانے کی طاقت نہ رہی حضرت عائشہ

[۵-۶] متفق علیہ؛ مشکوٰۃ ۲/۵۴۶، ۵۵۴ صحیح بخاری ۱/۵۱۶

[۷] متفق علیہ؛ صحیح بخاری ۱/۲۲، ۴۲۹، ۴۴۹، ۲/۶۳۸

[۸] صحیح بخاری عن ام الفضل، باب مرض النبی ﷺ ۲/۶۳۷

رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ ہم نے کہا: "نہیں یا رسول اللہ، سب آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔" آپ نے فرمایا میرے لیے لگن میں پانی رکھو۔ ہم نے ایسا ہی کیا۔ آپ نے غسل فرمایا اور اس کے بعد اٹھنا چاہا، لیکن آپ پر غشی طاری ہو گئی۔ پھر افاقہ ہُوا تو آپ نے دریافت کیا، کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ ہم نے کہا: "نہیں یا رسول اللہ، سب آپ کا انتظار کر رہے ہیں۔" اس کے بعد دوبارہ اور پھر سہ بارہ وہی بات پیش آئی جو پہلی بار پیش آچکی تھی کہ آپ نے غسل فرمایا، پھر اٹھنا چاہا تو آپ پر غشی طاری ہو گئی۔ بالآخر آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہلا بھیجا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان ایام میں نماز پڑھائی۔[۹] نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں ان کی پڑھائی ہوئی نمازوں کی تعداد سترہ ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے تین یا چار بار مراجعہ فرمایا کہ امامت کا کام حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بجائے کسی اور کو سونپ دیں۔ ان کا منشا یہ تھا کہ لوگ ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں بدشگون نہ ہوں، لیکن نبی ﷺ نے ہر بار انکار فرما دیا اور فرمایا "تم سب یوسف والیاں ہو۔[۱۰] ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دو وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔"[۱۱]

ایک دن یا دو دن پہلے

ہفتہ یا اتوار کو نبی ﷺ نے اپنی طبیعت میں قدرے تخفیف محسوس کی، چنانچہ دو آدمیوں کے درمیان چل کر ظہر کی نماز کے لیے تشریف لائے۔ اس وقت ابوبکر رضی اللہ عنہ صحابہ کرام کو نماز پڑھا رہے تھے۔ وہ آپ کو دیکھ کر پیچھے ہٹنے لگے۔ آپ نے اشارہ فرمایا کہ پیچھے نہ ہٹیں اور لانے والوں

---

۹ متفق علیہ، مشکوٰۃ ۱/۱۰۲

۱۰ حضرت یوسف علیہ السلام کے سلسلے میں جو عورتیں عزیزِ مصر کی بیوی کو ملامت کر رہی تھیں وہ بظاہر تو اس کے فعل کے گھٹیا پن کا اظہار کر رہی تھیں لیکن یوسف علیہ السلام کو دیکھ کر جب انہوں نے اپنی انگلیاں کاٹ لیں تو معلوم ہُوا کہ یہ خود بھی درپردہ ان پر فریفتہ ہیں۔ یعنی وہ زبان سے کچھ کہہ رہی تھیں لیکن دل میں کچھ اور ہی بات تھی۔ یہی معاملہ یہاں بھی تھا۔ بظاہر تو رسول اللہ ﷺ سے کہا جا رہا تھا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ رقیق القلب ہیں آپ کی جگہ کھڑے ہوں گے تو گریہ وزاری کے سبب قراءت نہ کر سکیں گے یا سنا نہ سکیں گے لیکن دل میں یہ بات تھی کہ اگر خدانخواستہ حضورؐ اسی مرض میں رحلت فرما گئے تو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نحوست اور بدشگونی کا خیال لوگوں کے دل میں جاگزیں ہو جائے گا۔ چونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس گذارش میں دیگر ازواجِ مطہرات بھی شریک تھیں اس لیے آپ نے فرمایا تم سب یوسف والیاں ہو یعنی تمہارے بھی دل میں کچھ ہے اور زبان سے کچھ کہہ رہی ہو۔

۱۱ صحیح بخاری ۱/۹۹

سے فرمایا کہ مجھے ان کے بازو میں بٹھا دو۔ چنانچہ آپؐ کو ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بائیں بٹھا دیا گیا۔ اس کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی نماز کی اقتدا کر رہے تھے اور صحابہ کرامؓ کو تکبیر سنا رہے تھے۔[۱۲]

ایک دن پہلے

وفات سے ایک دن پہلے بروز اتوار نبی ﷺ نے اپنے تمام غلاموں کو آزاد فرما دیا۔ پاس میں سات دینار تھے انہیں صدقہ کر دیا۔ اپنے ہتھیار مسلمانوں کو ہبہ فرما دیئے۔ رات میں چراغ جلانے کے لیے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تیل پڑوسن سے ادھار لیا۔ آپؐ کی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس صاع (کوئی ۷۵ کیلو) جو کے عوض رہن رکھی ہوئی تھی۔

حیاتِ مبارکہ کا آخری دن

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ دوشنبہ کے روز مسلمان نمازِ فجر میں مصروف تھے اور ابوبکر رضی اللہ عنہ امامت فرما رہے تھے ___ کہ اچانک رسول اللہ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کا پردہ ہٹایا اور صحابہ کرامؓ پر جو صفیں باندھے نماز میں مصروف تھے نظر ڈالی۔ پھر تبسم فرمایا۔ ادھر ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنی ایڑ کے بل پیچھے ہٹے کہ صف میں جا ملیں۔ انہوں نے سمجھا کہ رسول اللہ ﷺ نماز کے لیے تشریف لانا چاہتے ہیں۔ حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ (کے اس اچانک ظہور سے) مسلمان اس قدر خوش ہوئے کہ چاہتے تھے کہ نماز کے اندر ہی فتنے میں پڑ جائیں (یعنی آپؐ کی مزاج پرسی کے لیے نماز توڑ دیں) لیکن رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ فرمایا کہ اپنی نماز پوری کر لو۔ پھر حجرے کے اندر تشریف لے گئے اور پردہ گرا لیا۔[۱۳]

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ پر کسی دوسری نماز کا وقت نہیں آیا۔

دن چڑھے چاشت کے وقت آپؐ نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور ان سے کچھ سرگوشی کی۔ وہ رونے لگیں۔ آپؐ نے انہیں پھر بلایا اور کچھ سرگوشی کی تو وہ ہنسنے لگیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ بعد میں ہمارے دریافت کرنے پر انہوں نے بتایا کہ (پہلی بار) نبی ﷺ نے مجھ سے سرگوشی کرتے ہوئے بتایا کہ آپؐ اسی مرض میں وفات پا جائیں گے۔ اس لیے میں روئی۔ پھر آپؐ نے مجھ سے سرگوشی کرتے ہوئے بتایا کہ آپؐ کے اہل و

[۱۲] صحیح بخاری ۱/ ۹۸، ۹۹ [۱۳] ایضاً باب مرض النبی ﷺ ۲/ ۶۴۰

عیال میں سب سے پہلے مَیں آپؐ کے پیچھے جاؤں گی۔ اس پر مَیں ہنسی۔[۱۴]

نبی ﷺ نے حضرت فاطمہؓ کو یہ بشارت بھی دی کہ آپؓ ساری خواتینِ عالم کی سیدہ (سردار) ہیں[۱۵]

اس وقت رسول اللہ ﷺ جس شدید کرب سے دوچار تھے اسے دیکھ کر حضرت فاطمہؓ بے ساختہ پکار اُٹھیں۔ وَاکَرْبَ اَبَاہُ! "ہائے ابا جان کی تکلیف" آپؐ نے فرمایا، "تمہارے ابا پر آج کے بعد کوئی تکلیف نہیں"۔[۱۶]

آپؐ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو بلا کر چُوما اور ان کے بارے میں خیر کی وصیت فرمائی۔

ازواجِ مطہرات کو بلایا اور انہیں وعظ ونصیحت کی۔

ادھر لمحہ بہ لمحہ تکلیف بڑھتی جا رہی تھی اور اس زہر کا اثر بھی ظاہر ہونا شروع ہو گیا تھا جسے آپؐ کو خیبر میں کھلایا گیا تھا۔ چنانچہ آپؐ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرماتے تھے: "اے عائشہ! خیبر میں جو کھانا میں نے کھا لیا تھا اس کی تکلیف برابر محسوس کر رہا ہوں۔ اس وقت مجھے محسوس ہو رہا ہے کہ اس زہر کے اثر سے میری رگِ جاں کٹی جا رہی ہے"۔[۱۷]

آپؐ نے صحابہ کرامؓ کو بھی وصیت فرمائی۔ فرمایا "اَلصَّلَاۃَ اَلصَّلَاۃَ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ" "نماز، نماز، اور تمہارے زیرِ دست" (یعنی لونڈی، غلام) آپؐ نے یہ الفاظ کئی بار دہرائے[۱۸]

نزع رواں

پھر نزع کی حالت شروع ہو گئی اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کو اپنے اُوپر ٹیک لگوا دی۔ ان کا بیان ہے کہ اللہ کی ایک نعمت مجھ پر یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے گھر میں، میری باری کے دن میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے وفات پائی اور آپؐ کی موت کے وقت اللہ نے میرا لعاب اور آپؐ کا لعاب اکٹھا کر دیا۔ ہوا یہ کہ عبدالرحمٰن بن ابی بکر آپ کے پاس تشریف لائے۔ ان کے ہاتھ میں مسواک تھی اور رسول اللہ ﷺ مجھ سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ مَیں نے دیکھا کہ آپؐ مسواک کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ مَیں سمجھ گئی کہ آپؐ مسواک چاہتے ہیں۔ مَیں نے پوچھا آپؐ کے لیے لے لوں؟ آپؐ نے سر سے اشارہ فرمایا کہ ہاں۔ مَیں نے مسواک لے کر آپؐ کو دی تو آپؐ کو کڑی محسوس ہوئی۔ مَیں

---

۱۴ بخاری ۲/ ۶۳۸

۱۵ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ گفتگو اور بشارت دینے کا یہ واقعہ حیاتِ مبارکہ کے آخری دن نہیں بلکہ آخری ہفتے میں پیش آیا تھا۔ دیکھئے رحمۃ للعالمین ۱/ ۲۸۲

۱۶ صحیح بخاری ۲/ ۶۴۱ ۱۷ ایضاً ۲/ ۶۳۷ ۱۸ صحیح بخاری ۲/ ۶۳۷

نے کہا اسے آپؐ کے لیے نرم کر دوں؟ آپؐ نے سر کے اشارے سے کہا ہاں۔ مَیں نے مسواک نرم کر دی اور آپؐ نے نہایت اچھی طرح مسواک کی۔ آپؐ کے سامنے کٹورے میں پانی تھا۔ آپؐ پانی میں دونوں ہاتھ ڈال کر چہرہ پونچھتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے: "لا اله الا الله، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ موت کے لیے سختیاں ہیں"[19]

مسواک سے فارغ ہوتے ہی آپؐ نے ہاتھ یا انگلی اُٹھائی، نگاہ چھت کی طرف بلند کی اور دونوں ہونٹوں پر کچھ حرکت ہوئی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کان لگایا تو آپؐ فرما رہے تھے "ان انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ہمراہ جنہیں تُو نے انعام سے نوازا۔ اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم کر اور مجھے رفیقِ اعلیٰ میں پہنچا دے۔ اے اللہ! رفیق اعلیٰ"[20]

آخری فقرہ تین بار دہرایا، اور اسی وقت ہاتھ جھک گیا اور آپؐ رفیقِ اعلیٰ سے جا لاحق ہوئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یہ واقعہ ۱۲۔ ربیع الاوّل ۱۱ھ یوم دوشنبہ کو چاشت کی شدّت کے وقت پیش آیا۔ اس وقت نبی ﷺ کی عمر تریسٹھ سال چار دن ہو چکی تھی۔

غمہائے بیکراں اس حادثۂ دلفگار کی خبر فوراً پھیل گئی۔ اہلِ مدینہ پر کوہِ غم ٹوٹ پڑا۔ آفاق و اطراف تاریک ہو گئے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جس دن رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے اس سے بہتر اور تابناک دن میں نے کبھی نہیں دیکھا اور جس دن رسول اللہ ﷺ نے وفات پائی اس سے زیادہ قبیح اور تاریک دن بھی مَیں نے کبھی نہیں دیکھا۔[21]

آپؐ کی وفات پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے فرطِ غم سے فرمایا: یَا اَبَتَاہُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاہُ، یَا اَبَتَاہُ مَنْ جَنَّۃُ الْفِرْدَوْسِ مَاوَاہُ، یَا اَبَتَاہُ اِلٰی جِبْرِیْلَ نَنْعَاہُ۔[22]

"ہائے ابا جان! جنہوں نے پروردگار کی پکار پر لبّیک کہا۔ ہائے ابا جان! جن کا ٹھکانہ جنّت الفردوس ہے۔ ہائے ابا جان! ہم جبریلؑ کو آپؐ کی موت کی خبر دیتے ہیں۔"

---

[19] صحیح بخاری ۶۴۰/۲

[20] ایضاً صحیح بخاری باب مرض النبی ﷺ وباب آخر ما تکلم النبی ﷺ ۶۳۸/۲ تا ۶۴۱

[21] دارمی، مشکوٰۃ ۵۴۷/۲ [22] صحیح بخاری باب مرض النبی ﷺ ۶۴۱/۲

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا موقف

وفات کی خبر سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہوش جاتے رہے۔ انہوں نے کھڑے ہو کر کہنا شروع کیا "کچھ منافقین سمجھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہو گئی لیکن حقیقت یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات نہیں ہوئی بلکہ آپؐ اپنے رب کے پاس تشریف لے گئے ہیں، جس طرح موسیٰ بن عمران علیہ السلام تشریف لے گئے تھے، اور اپنی قوم سے چالیس رات غائب رہ کر ان کے پاس پھر واپس آگئے تھے، حالانکہ واپسی سے پہلے کہا جا رہا تھا کہ وہ انتقال کر چکے ہیں۔

خدا کی قسم رسول اللہ ﷺ بھی ضرور پلٹ کر آئیں گے اور ان لوگوں کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالیں گے جو سمجھتے ہیں کہ آپؐ کی موت واقع ہو چکی ہے"۔[۲۳]

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا موقف

ادھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ سنح میں واقع اپنے مکان سے گھوڑے پر سوار ہو کر تشریف لائے اور اُتر کر مسجدِ نبوی میں داخل ہوئے۔ پھر لوگوں سے کوئی بات کئے بغیر سیدھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئے اور رسول اللہ ﷺ کا قصد فرمایا۔ آپؐ کا جسدِ مبارک دھاریدار یمنی چادر سے ڈھکا ہُوا تھا۔ حضرت ابو بکرؓ نے رُخِ انور سے چادر ہٹائی اور اُسے چُوما اور روئے۔ پھر فرمایا: "میرے ماں باپ آپؐ پر قربان، اللہ آپؐ پر دو موت جمع نہیں کرے گا۔ جو موت آپؐ پر لکھ دی گئی تھی وہ آپؐ کو آچکی"۔

اس کے بعد ابو بکر رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے۔ اس وقت بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ لوگوں سے بات کر رہے تھے۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا، عمر بیٹھ جاؤ۔ حضرت عمرؓ نے بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ ادھر صحابہ کرام حضرت عمرؓ کو چھوڑ کر حضرت ابو بکرؓ کی طرف متوجہ ہو گئے۔ حضرت ابو بکرؓ نے فرمایا:

اَمَّا بعد۔ مَنْ كَانَ مِنكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا ﷺ فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ، وَمَنْ كَانَ مِنكُمْ يَعْبُدُ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، قَالَ اللّٰه: وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِئْنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ○ (۳:۱۴۴)

---

۲۳ ابن ہشام ۲/ ٦٥٥

"امابعد، تم میں سے جو شخص محمد ﷺ کی پوجا کرتا تھا تو وہ جان لے کہ محمد ﷺ کی موت واقع ہو چکی ہے۔ اور تم میں سے جو شخص اللہ کی عبادت کرتا تھا تو یقیناً اللہ ہمیشہ زندہ رہنے والا ہے۔ کبھی نہیں مرے گا۔ اللہ کا ارشاد ہے: محمدؐ نہیں ہیں مگر رسول ہی۔ ان سے پہلے بھی بہت سے رسول گذر چکے ہیں۔ تو کیا اگر وہ (محمدؐ) مرجائیں یا ان کی موت واقع ہو جائے یا وہ قتل کر دیئے جائیں تو تم لوگ اپنی ایڑ کے بل پلٹ جاؤ گے؟ اور جو شخص اپنی ایڑ کے بل پلٹ جائے تو (یاد رکھے کہ) وہ اللہ کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اور عنقریب اللہ شکر کرنے والوں کو جزا دے گا۔"

صحابہؓ کرام کو جواب تک فرطِ غم سے حیران و ششدر تھے انہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا یہ خطاب سُن کر یقین آ گیا کہ رسول اللہ ﷺ واقعی رحلت فرما چکے ہیں۔ چنانچہ حضرت ابنِ عباسؓ کا بیان ہے کہ واللہ ایسا لگتا تھا گویا لوگوں نے جانا ہی نہ تھا کہ اللہ نے یہ آیت نازل کی ہے، یہاں تک کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کی تلاوت کی تو سارے لوگوں نے اُن سے یہ آیت اخذ کی۔ اور اب جس کسی انسان کو میں سُنتا تو وہ اسی کو تلاوت کر رہا ہوتا۔

حضرت سعیدؒ بن مسیب کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "واللہ میں نے جوں ہی ابوبکرؓ کو یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سُنا انتہائی متحیّر اور دہشت زدہ ہو کر رہ گیا۔ حتیٰ کہ میرے پاؤں مجھے اُٹھا ہی نہیں رہے تھے اور حتیٰ کہ ابوبکرؓ کو اس آیت کی تلاوت کرتے سُن کر میں زمین پر گر پڑا۔ کیونکہ میں جان گیا کہ واقعی نبی ﷺ کی موت واقع ہو چکی ہے۔[۲۱]

تجہیز و تکفین اور تدفین

ادھر نبی ﷺ کی تجہیز و تکفین سے پہلے ہی آپؐ کی جانشینی کے معاملے میں اختلاف پڑ گیا۔ سقیفۂ بنی ساعدہ میں مہاجرین و انصار کے درمیان بحث و مناقشہ ہوا مجادلہ و گفتگو ہوئی، تردید و تنقید ہوئی اور بالآخر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت پر اتفاق ہو گیا۔ اس کام میں دوشنبہ کا باقیماندہ دن گذر گیا اور رات آ گئی۔ لوگ نبی ﷺ کی تجہیز و تکفین کے بجائے اس دوسرے کام میں مشغول رہے۔ پھر رات گذری اور منگل کی صبح ہوئی۔ اس وقت تک آپؐ کا جسدِ مبارک ایک دھاریدار یمنی چادر سے ڈھکا بستر ہی پر رہا۔ گھر کے لوگوں نے باہر سے دروازہ بند کر دیا تھا۔

---

[۲۱] صحیح بخاری ۲/ ۶۴۰، ۶۴۱

منگل کے روز آپؐ کو کپڑے اتارے بغیر غسل دیا گیا۔ غسل دینے والے حضرات یہ تھے: حضرت عباس، حضرت علی، حضرت عباس کے دو صاحبزادگان فضل اور قثم، رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام شقران، حضرت اسامہ بن زید اور اوس بن خولی رضی اللہ عنہم۔

حضرت عباس، فضل اور قثم آپؐ کی کروٹ بدل رہے تھے۔ حضرت اسامہؓ اور شقرانؓ پانی بہا رہے تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ غسل دے رہے تھے اور حضرت اوسؓ نے آپؐ کو اپنے سینے سے ٹیک دے رکھی تھی۔

اس کے بعد آپؐ کو تین سفید یمنی چادروں میں کفنایا گیا۔ ان میں کرتا اور پگڑی نہ تھی[۲۵] بس آپؐ کو چادروں ہی میں لپیٹ دیا گیا تھا۔

آپؐ کی آخری آرام گاہ کے بارے میں بھی صحابہ کرام کی رائیں مختلف تھیں لیکن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا ہے کہ کوئی نبی بھی فوت نہیں ہوا مگر اس کی تدفین وہیں ہوئی جہاں فوت ہوا۔ اس فیصلے کے بعد حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے آپؐ کا وہ بستر اٹھایا جس پر آپؐ کی وفات ہوئی تھی اور اسی کے نیچے قبر کھودی۔ قبر لحد والی (بغلی) کھودی گئی تھی۔

اس کے بعد باری باری دس دس صحابہ کرام نے حجرہ شریف میں داخل ہو کر نمازِ جنازہ پڑھی۔ کوئی امام نہ تھا۔ سب سے پہلے آپؐ کے خانوادہ (بنو ہاشم) نے نمازِ جنازہ پڑھی۔ پھر مہاجرین نے، پھر انصار نے، پھر مردوں کے بعد عورتوں نے اور انکے بعد بچوں نے۔

نمازِ جنازہ پڑھنے میں منگل کا پورا دن گذر گیا اور چہار شنبہ (بدھ) کی رات آگئی۔ رات میں آپؐ کے جسدِ پاک کو سپردِ خاک کیا گیا۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ کی تدفین کا علم نہ ہوا یہاں تک کہ ہم نے بدھ کی رات کے درمیانی اوقات میں پھاوڑوں کی آواز سنی۔[۲۶]

---

[۲۵] صحیح بخاری ۱/۱۶۹ - صحیح مسلم ۱/۳۰۶

[۲۶] مختصر سیرۃ الرسول للشیخ عبداللہ ص ۴۷۱۔ واقعہ وفات کی تفصیل کے لیے دیکھئے: صحیح بخاری باب مرض النبی ﷺ اور اس کے بعد کے چند ابواب مع فتح الباری، نیز صحیح مسلم، مشکوٰۃ المصابیح، باب وفاۃ النبی ﷺ، ابنِ ہشام ۲/۶۴۹ تا ۶۶۵۔ تلقیح فہوم اہل الاثر ص ۳۸، ۳۹ - رحمۃ للعالمین ۱/۲۷۷ تا ۲۸۶۔ اوقات کی تعیین بالعموم رحمۃ للعالمین سے لی گئی ہے۔

خانۂ نبوّت

۱۔ ہجرت سے قبل مکہ میں نبی ﷺ کا گھرانہ آپؐ اور آپؐ کی بیوی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر مشتمل تھا۔ شادی کے وقت آپؐ کی عمر پچیس سال تھی اور حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس سال۔ حضرت خدیجہؓ آپؐ کی پہلی بیوی تھیں اور ان کے جیتے جی آپؐ نے کوئی اور شادی نہیں کی۔ آپؐ کی اولاد میں حضرت ابراہیم کے ماسوا تمام صاحبزادے اور صاحبزادیاں ان ہی حضرت خدیجہؓ کے بطن سے تھیں۔ صاحبزادگان میں سے تو کوئی زندہ نہ بچا البتہ صاحبزادیاں حیات رہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔ زینب، رقیہؓ، اُمِ کلثومؓ، اور فاطمہؓ ــــ زینبؓ کی شادی ہجرت سے پہلے ان کے پھوپھی زاد بھائی حضرت ابوالعاصؓ بن ربیع سے ہوئی۔ رقیہؓ اور اُمِ کلثومؓ کی شادی یکے بعد دیگرے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ہُوئی۔ حضرت فاطمہؓ کی شادی جنگ بدر اور جنگ احد کے درمیانی عرصہ میں حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے ہُوئی اور ان کے بطن سے حسنؓ حسینؓ، زینبؓ اور ام کلثوم پیدا ہوئیں۔

معلوم رہے کہ نبی ﷺ کو اُمّت کے بالمقابل یہ امتیازی خصوصیت حاصل تھی کہ آپ مختلف اغراض کے پیشِ نظر چار سے زیادہ شادیاں کر سکتے تھے۔ چنانچہ جن عورتوں سے آپؐ نے عقد فرمایا ان کی تعداد گیارہ تھی، جن میں سے نو عورتیں آپ کی رحلت کے وقت حیات تھیں اور دو عورتیں آپ کی زندگی ہی میں وفات پا چکی تھیں (یعنی حضرت خدیجہ اور اُمّ المساکین حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا) ان کے علاوہ مزید دو عورتیں ہیں جن کے بارے میں اختلاف ہے کہ آپؐ کا ان سے عقد ہوا تھا یا نہیں! لیکن اس پر اتفاق ہے کہ انہیں آپؐ کے پاس رخصت نہیں کیا گیا۔ ذیل میں ہم ان ازواجِ مطہرات کے نام اور ان کے مختصر حالات ترتیب وار پیش کر رہے ہیں۔

۲۔ حضرت سَودَہؓ بنت زَمعہ: ان سے رسول اللہ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کی وفات کے چند دن بعد نبوت کے دسویں سال ماہِ شوال میں شادی کی۔ آپؐ سے پہلے حضرت سَودہؓ اپنے چچیرے

بھائی سکران بن عمرو کے عقد میں تھیں اور وہ انتقال کر کے انہیں بیوہ چھوڑ گئے تھے۔

۳۔ حضرت عائشہ صدیقہ بنتِ ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہا: ان سے رسول اللہ ﷺ نے نبوت کے گیارھویں برس ماہِ شوال میں شادی کی یعنی حضرت سودہؓ سے شادی کے ایک سال بعد اور ہجرت سے دو برس پانچ ماہ پہلے۔ اس وقت ان کی عمر چھ برس تھی۔ پھر ہجرت کے سات ماہ بعد شوال ۱ھ میں انہیں رخصت کیا گیا۔ اس وقت ان کی عمر نو برس تھی اور وہ باکرہ تھیں۔ ان کے علاوہ کسی اور باکرہ عورت سے آپؐ نے شادی نہیں کی۔ حضرت عائشہؓ آپؐ کی سب سے محبوب بیوی تھیں اور امّت کی عورتوں میں علی الاطلاق سب سے زیادہ فقیہ اور صاحبِ علم تھیں۔

۴۔ حضرت حفصہ بنت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہا۔ ان کے پہلے شوہر خنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ عنہ تھے جو بدر اور احد کے درمیانی عرصہ میں رحلت کر گئے اور وہ بیوہ ہوگئیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ان سے شادی کر لی شادی کا یہ واقعہ ۳ھ کا ہے۔

۵۔ حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا: یہ قبیلہ بنو ہلال بن عامر بن صَعصَعَہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ مسکینوں پر رحم و مروت اور رقّت و رأفت کے سبب ان کا لقب اُمّ المساکین پڑ گیا تھا۔ یہ حضرت عبداللہؓ بن جحش کے عقد میں تھیں۔ وہ جنگِ اُحد میں شہید ہوگئے تو رسول اللہ ﷺ نے ۴ھ میں ان سے شادی کر لی۔ مگر صرف آٹھ ماہ رسول اللہ ﷺ کی زوجیت میں رہ کر وفات پا گئیں۔

۶۔ اُمّ سلمہ ہند بنت ابی امیہ رضی اللہ عنہا: یہ ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کے عقد میں تھیں۔ جمادی الآخرہ ۴ھ میں حضرت ابو سلمہؓ کا انتقال ہو گیا تو ان کے بعد شوال ۴ھ میں رسول اللہ ﷺ نے ان سے شادی کر لی۔

۷۔ زینب بنتِ جحش بن ریاب رضی اللہ عنہا: یہ قبیلہ بنو اسد بن خزیمہ سے تعلق رکھتی تھیں اور رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی کی صاحبزادی تھیں۔ ان کی شادی پہلے حضرت زیدؓ بن حارثہ سے ہوئی تھی جنہیں رسول اللہ ﷺ کا بیٹا سمجھا جاتا تھا لیکن حضرت زیدؓ سے نباہ نہ ہو سکا اور انہوں نے طلاق دیدی۔ خاتمۂ عدت کے بعد اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے یہ آیت نازل فرمائی: فَلَمَّا قَضَىٰ زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا (۳۳:۳۷) جب زید نے ان سے اپنی ضرورت پوری کر لی تو ہم نے انہیں آپؐ کی زوجیت میں دے دیا۔"

انہیں کے تعلق سے سورۂ احزاب کی مزید کئی آیات نازل ہوئیں جن میں مُتبنّٰی (لے پالک)

کے قضیے کا دو ٹوک فیصلہ کر دیا گیا ـــــ تفصیل آگے آ رہی ہے ـــــ حضرت زینبؓ سے رسول اللہ ﷺ کی شادی ذی قعدہ ۵ھ میں یا اس سے کچھ عرصہ پہلے ہوئی۔

۸۔ جُوَیرِیَہ بنت حارث رضی اللہ عنہا: ان کے والد قبیلہ خزاعہ کی شاخ بنو المصطلق کے سردار تھے۔ حضرت جویریہؓ بنو المصطلق کے قیدیوں میں لائی گئی تھیں اور حضرت ثابتؓ بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کے حصے میں پڑی تھیں۔ انہوں نے حضرت جویریہؓ سے مکاتبت کر لی یعنی ایک مقررہ رقم کے عوض آزاد کر دینے کا معاملہ طے کر لیا۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف سے مقررہ رقم ادا فرما دی اور ان سے شادی کر لی۔ یہ شعبان ۵ھ یا ۶ھ کا واقعہ ہے۔

۹۔ اُمّ حَبِیبَہ رملہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا۔ یہ عبید اللہ بن جحش کے عقد میں تھیں اور اس کے ساتھ ہجرت کر کے حبشہ بھی گئی تھیں لیکن عبید اللہ نے وہاں جانے کے بعد مرتد ہو کر عیسائی مذہب قبول کر لیا اور پھر وہیں انتقال کر گیا لیکن اُمّ حبیبہؓ اپنے دین اور اپنی ہجرت پر قائم رہیں۔ جب رسول اللہ ﷺ نے محرّم ۷ھ میں عمرو بن اُمیّہ ضمری کو اپنا خط دے کر نجاشی کے پاس بھیجا تو نجاشی کو یہ پیغام بھی دیا کہ اُمّ حبیبہ سے آپ کا نکاح کر دے۔ اس نے اُمّ حبیبہؓ کی منظوری کے بعد ان سے آپؐ کا نکاح کر دیا اور شُرَحبِیلؓ بن حَسَنَہ کے ساتھ اُنہیں آپؐ کی خدمت میں بھیج دیا۔

۱۰۔ حضرت صَفِیّہ بنت حُیَی بن اَخطَب رضی اللہ عنہا: یہ بنی اسرائیل سے تھیں اور خیبر میں قید کی گئیں۔ لیکن رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنے لیے منتخب فرما لیا اور آزاد کر کے شادی کر لی۔ یہ فتح خیبر ۷ھ کے بعد کا واقعہ ہے۔

۱۱۔ حضرت مَیمُونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا: یہ ام الفضل لبابہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کی بہن تھیں۔ ان سے رسول اللہ ﷺ نے ذی قعدہ ۷ھ میں عمرۂ قضاء سے فارغ ہونے ـــــ اور صحیح قول کے مطابق احرام سے حلال ہونے ـــــ کے بعد شادی کی۔

یہ گیارہ بیویاں ہوئیں جو رسول اللہ ﷺ کے عقد نکاح میں آئیں اور آپؐ کی صحبت و رفاقت میں رہیں۔ ان میں سے دو بیویاں یعنی حضرت خدیجہؓ اور حضرت زینبؓ اُمّ المساکین کی وفات آپؐ کی زندگی ہی میں ہوئی اور نو بیویاں آپؐ کی وفات کے بعد حیات رہیں۔ ان کے علاوہ دو اور خواتین جو آپؐ کے پاس رخصت نہیں کی گئیں ان میں سے ایک قبیلہ بنو کلاب سے تعلق

رکھتی تھیں اور ایک قبیلہ کندہ سے۔ یہی قبیلہ کندہ والی خاتون جونیہ کی نسبت سے معروف ہیں ان کا آپؐ سے عقد ہوا تھا یا نہیں اور ان کا نام ونسب کیا تھا اس بارے میں اہل سیر کے درمیان بڑے اختلافات ہیں جنکی تفصیل کی ہم کوئی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔

جہاں تک لونڈیوں کا معاملہ ہے تو مشہور یہ ہے کہ آپؐ نے دو لونڈیوں کو اپنے پاس رکھا: ایک ماریہؓ قبطیہ کو جنہیں مقوقس فرمانروائے مصر نے بطور ہدیہ بھیجا تھا ان کے بطن سے آپؐ کے صاحبزادے ابراہیم پیدا ہوئے جو بچپن ہی میں ۲۸، یا ۲۹ رشوال ۱۰ھ مطابق ۲۷ رجنوری ۶۳۲ء کو مدینہ کے اندر انتقال کر گئے۔

دوسری لونڈی ریحانہؓ بنت زید تھیں جو یہود کے قبیلہ بنی نضیر یا بنی قریظہ سے تعلق رکھتی تھیں۔ یہ بنو قریظہ کے قیدیوں میں تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنے لیے منتخب فرمایا تھا اور وہ آپ کی لونڈی تھیں۔ ان کے بارے میں بعض محققین کا خیال ہے کہ انہیں نبی ﷺ نے بحیثیت لونڈی نہیں رکھا تھا بلکہ آزاد کر کے شادی کر لی تھی لیکن ابن قیم کی نظر میں پہلا قول راجح ہے۔ ابو عبیدہ نے ان دو لونڈیوں کے علاوہ مزید دو لونڈیوں کا ذکر کیا ہے جس میں سے ایک کا نام جمیلہ بتایا جاتا ہے جو کسی جنگ میں گرفتار ہو کر آئی تھیں اور دوسری کوئی اور لونڈی تھیں جنہیں حضرت زینبؓ بنت جحش نے آپ کو ہبہ کیا تھا[1]۔

یہاں ٹھہر کر رسول اللہ ﷺ کی حیات مبارکہ کے ایک پہلو پر ذرا غور کرنے کی ضرورت ہے۔ آپؐ نے اپنی جوانی کے نہایت پر قوت اور عمدہ ایام یعنی تقریباً تیس برس صرف ایک بیوی پر اکتفا کرتے ہوئے گزار دیئے اور وہ بھی ایسی بیوی پر جو تقریباً بڑھیا تھی یعنی پہلے حضرت خدیجہؓ پر اور پھر حضرت سودہؓ پر۔ تو کیا یہ تصور کسی بھی درجے میں معقول ہو سکتا ہے کہ اس طرح اتنا عرصہ گذار دینے کے بعد جب آپ بڑھاپے کی دہلیز پر پہنچ گئے تو آپؐ کے اندر یکایک جنسی قوت اس قدر بڑھ گئی کہ آپؐ کو پے در پے نو شادیاں کرنی پڑیں۔ جی نہیں! آپؐ کی زندگی کے ان دونوں حصوں پر نظر ڈالنے کے بعد کوئی بھی ہوشمند آدمی اس تصور کو معقول تسلیم نہیں کر سکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ آپؐ نے اتنی بہت ساری شادیاں کچھ دوسرے ہی اغراض ومقاصد کے تحت کی تھیں جو عام شادیوں کے مقررہ مقصد سے بہت ہی زیادہ عظیم القدر اور جلیل المرتبہ تھے۔

---

[1]: دیکھئے زاد المعاد ۱/۲۹

اس کی توضیح یہ ہے کہ آپؐ نے حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما سے شادی کر کے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ رشتۂ مصاہرت قائم کیا، اسی طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پے درپے اپنی دو صاحبزادیوں حضرت رقیہؓ پھر حضرت اُم کلثومؓ کی شادی کر کے اور حضرت علیؓ سے اپنی لخت جگر حضرت فاطمہ کی شادی کر کے جو رشتہائے مُصاہرت قائم کیے ان کا مقصود یہ تھا کہ آپؐ ان چاروں بزرگوں سے اپنے تعلقات نہایت پختہ کر لیں کیونکہ یہ چاروں بزرگ پیچیدہ ترین مراحل میں اسلام کے لیے فداکاری وجاں سپاری کا جو امتیازی وصف رکھتے تھے وہ معروف ہے۔

عرب کا دستور تھا کہ وہ رشتۂ مصاہرت کا بڑا احترام کرتے تھے۔ ان کے نزدیک دامادی کا رشتہ مختلف قبائل کے درمیان قربت کا ایک اہم باب تھا اور داماد سے جنگ لڑنا اور محاذ آرائی کرنا بڑے شرم اور عار کی بات تھی۔ اس دستور کو سامنے رکھ کر رسول اللہ ﷺ نے چند شادیاں اس مقصد سے کیں کہ مختلف افراد اور قبائل کی اسلام دشمنی کا زور توڑ دیں اور ان کے بغض و نفرت کی چنگاری بجھا دیں۔ چنانچہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا قبیلۂ بنی مخزوم سے تعلق رکھتی تھیں جو ابوجہل اور خالد بن ولید کا قبیلہ تھا۔ جب نبی ﷺ نے ان سے شادی کر لی تو خالد بن ولید میں وہ سختی نہ رہی جس کا مظاہرہ وہ اُحد میں کر چکے تھے، بلکہ تھوڑے ہی عرصہ بعد انہوں نے اپنی مرضی خوشی اور خواہش سے اسلام قبول کر لیا۔ اسی طرح جب آپؐ نے ابوسفیان کی صاحبزادی حضرت اُم حبیبہؓ سے شادی کر لی تو پھر ابوسفیان آپ کے مدِمقابل نہ آیا اور جب حضرت جُویریہؓ اور حضرت صفیہؓ آپ کی زوجیت میں آگئیں تو قبیلہ بنی المصطلق اور قبیلہ بنی نضیر نے محاذ آرائی چھوڑ دی۔ حضور کے عقد میں ان دونوں بیویوں کے آنے کے بعد تاریخ میں ان کے قبیلوں کی کسی شورش اور جنگی تگ و دَو کا سراغ نہیں ملتا، بلکہ حضرت جویریہؓ تو اپنی قوم کیلئے ساری عورتوں سے زیادہ بابرکت ثابت ہوئیں، کیونکہ جب رسول اللہ ﷺ نے ان سے شادی کر لی تو صحابہ کرامؓ نے ان کے ایک سو گھرانوں کو جو قید میں تھے آزاد کر دیا اور کہا کہ یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے سُسرالی ہیں۔ ان کے دلوں پر اس احسان کا جو زبردست اثر ہوا ہوگا وہ ظاہر ہے۔

ان سب سے بڑی اور عظیم بات یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک غیر مہذب قوم کو تربیت دینے، اس کا تزکیۂ نفس کرنے اور تہذیب و تمدن سکھانے پر مامور تھے جو تہذیب و ثقافت

سے، تمدن کے لوازمات کی پابندی سے اور معاشرے کی تشکیل و تعمیر میں حصہ لینے کی ذمہ داریوں سے بالکل ناآشنا تھی، اور اسلامی معاشرے کی تشکیل جن اصولوں کی بنیاد پر کرنی تھی ان میں مردوں اور عورتوں کے اختلاط کی گنجائش نہ تھی لہٰذا عدم اختلاط کے اس اصول کی پابندی کرتے ہوئے عورتوں کی براہ راست تربیت نہیں کی جاسکتی تھی حالانکہ ان کی تعلیم و تربیت کی ضرورت مردوں سے کچھ کم اہم اور ضروری نہ تھی، بلکہ کچھ زیادہ ہی ضروری تھی۔

اس لیے نبی ﷺ کے پاس صرف یہی ایک سبیل رہ گئی تھی کہ آپؐ مختلف عمر اور لیاقت کی اتنی عورتوں کو منتخب فرمالیں جو اس مقصد کے لیے کافی ہوں۔ پھر آپؐ انہیں تعلیم و تربیت دیدیں، ان کا تزکیہ نفس فرمادیں، انہیں احکام شریعت سکھلا دیں اور اسلامی تہذیب و ثقافت سے اس طرح آراستہ کردیں کہ وہ دیہاتی اور شہری، بوڑھی اور جوان ہر طرح کی عورتوں کی تربیت کرسکیں اور انہیں مسائل شریعت سکھاسکیں اور اس طرح عورتوں میں تبلیغ کی مہم کے لیے کافی ہوسکیں۔

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ نبی ﷺ کے خانگی حالات کو امت تک پہنچانے کا سہرا زیادہ تر ان امہاتؓ المومنین ہی کے سر ہے ان میں بھی بالخصوص وہ امہاتؓ المومنین جنہوں نے طویل عمر پائی۔ مثال کے طور پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہ انہوں نے نبی ﷺ کے افعال و اقوال خوب خوب روایت کئے ہیں۔

نبی ﷺ کا ایک نکاح ایک ایسی جاہلی رسم توڑنے کے لیے بھی عمل میں آیا تھا جو عرب معاشرہ میں پُشتہا پُشت سے چلی آرہی تھی اور بڑی پختہ ہوچکی تھی۔ یہ رسم تھی کسی کو متبنیٰ بنانے کی۔ متبنیٰ کو جاہلی دَور میں وہی حقوق اور حرمتیں حاصل تھیں جو حقیقی بیٹے کو ہوا کرتی ہیں۔ پھر یہ دستور اور اصول عرب معاشرے میں اس قدر جڑ پکڑ چکا تھا کہ اس کا مٹانا آسان نہ تھا لیکن یہ اصول ان بنیادوں اور اصولوں سے نہایت سختی کے ساتھ ٹکراتا تھا جنہیں اسلام نے نکاح، طلاق، میراث اور دوسرے معاملات میں مقرر فرمایا تھا۔ اس کے علاوہ جاہلیت کا یہ اصول اپنے دامن میں بہت سے ایسے مفاسد اور فواحش بھی لیے ہُوئے تھا جن سے معاشرے کو پاک کرنا اسلام کے اولین مقاصد میں سے تھا۔ لہٰذا اس جاہلی اصول کو توڑنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کی شادی حضرت زینبؓ بنت جحش سے فرمادی جضرت

زینبؓ پہلے حضرت زیدؓ کے عقد میں تھیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متبنّٰی (منہ بولے بیٹے) تھے مگر دونوں میں نباہ مشکل ہو گیا اور حضرت زیدؓ نے طلاق دینے کا ارادہ کر لیا۔ یہ وہ وقت تھا جب تمام کفار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف محاذ آرا تھے اور جنگ خندق کے لیے جمع ہونے کی تیاری کر رہے تھے۔ ادھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے متبنّٰی بنانے کی رسم کے خاتمے کے اشارات مل چکے تھے اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بجا طور پر یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ اگر ان ہی حالات میں حضرت زیدؓ نے طلاق دیدی اور پھر آپؐ کو حضرت زینبؓ سے شادی کرنی پڑی تو منافقین، مشرکین اور یہودیات کا بتنگڑ بنا کر آپ کے خلاف سخت پروپیگنڈہ کریں گے اور سادہ لوح مسلمانوں کو طرح طرح کے وسوسوں میں مبتلا کر کے ان پر برے اثرات ڈالیں گے اس لیے آپؐ کی کوشش تھی کہ حضرت زیدؓ طلاق نہ دیں تاکہ اس کی سرے سے نوبت ہی نہ آئے۔

لیکن اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند نہ آئی اور اس نے آپؐ کو (محبت آمیز) تنبیہ کی چنانچہ ارشاد ہُوا:

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْہِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰہَ وَتُخْفِیْ فِیْ نَفْسِكَ مَا اللّٰہُ مُبْدِیْہِ وَتَخْشَی النَّاسَ ۚ وَاللّٰہُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰہُ ؕ (۳۳ : ۳۷)

"اور جب آپؐ اس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا ہے اور آپؐ نے انعام کیا ہے (یعنی حضرت زیدؓ سے) کہ تم اپنے اوپر اپنی بیوی کو روک رکھو اور اللہ سے ڈرو۔ اور آپؐ اپنے نفس میں وہ بات چھپائے ہوئے تھے جسے اللہ ظاہر کرنے والا تھا؛ اور آپؐ لوگوں سے ڈر رہے تھے حالانکہ اللہ زیادہ مستحق تھا کہ آپؐ اس سے ڈرتے"۔

بالآخر حضرت زیدؓ نے حضرت زینبؓ کو طلاق دے ہی دی۔ پھر ان کی عدت گذر گئی تو ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شادی کا فیصلہ نازل ہوا اللہ نے آپؐ پر یہ نکاح لازم کر دیا تھا اور کوئی اختیار اور گنجائش نہیں چھوڑی تھی۔ اس سلسلے میں نازل ہونے والی آیت کریمہ یہ ہے۔

فَلَمَّا قَضٰی زَیْدٌ مِّنْھَا وَطَرًا زَوَّجْنٰکَھَا لِکَیْ لَا یَکُوْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ فِیْٓ اَزْوَاجِ اَدْعِیَآئِھِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْھُنَّ وَطَرًا ؕ (۳۳ : ۳۷)

"جب زیدؓ نے اس سے اپنی ضرورت پوری کر لی تو ہم نے اس کی شادی آپؐ سے کر دی تاکہ مومنین پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں پر کوئی حرج نہ رہ جائے جبکہ وہ منہ بولے بیٹے ان سے اپنی حاجت پوری کر لیں"۔

اس کا مقصد یہ تھا کہ منہ بولے بیٹوں سے متعلق جاہلی اصول عملاً بھی توڑ دیا جائے، جس طرح اس سے پہلے اس ارشاد کے ذریعہ قولاً توڑا جا چکا تھا:

اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ (۵:۳۳)

"انہیں ان کے باپ کی نسبت سے پکارو، یہی اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے۔"

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ (۳۳:۴۰)

"محمدؐ، تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں۔ بلکہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔"

اس موقع پر یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیئے کہ جب معاشرے میں کوئی رواج اچھی طرح جڑ پکڑ لیتا ہے تو محض بات کے ذریعے اسے مٹانا یا اس میں تبدیلی لانا بیشتر اوقات ممکن نہیں ہوا کرتا؛ بلکہ جو شخص اس کے خاتمے یا تبدیلی کا داعی ہو اس کا عملی نمونہ موجود رہنا بھی ضروری ہو جاتا ہے صلح حدیبیہ کے موقع پر مسلمانوں کی طرف سے جس حرکت کا ظہور ہوا اس سے اس حقیقت کی بخوبی وضاحت ہوتی ہے۔ اس موقع پر کہاں تو مسلمانوں کی فداکاری کا یہ عالم تھا کہ جب عروہؓ بن مسعود ثقفی نے انہیں دیکھا تو دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھوک اور کھنکار بھی ان میں سے کسی نہ کسی صحابی کے ہاتھ ہی میں پڑ رہا ہے، اور جب آپؐ وضو فرماتے ہیں تو صحابہؓ کرام آپؐ کے وضو سے گرنے والا پانی لینے کے لیے اس طرح ٹوٹے پڑ رہے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے آپس میں اُلجھ پڑیں گے جی ہاں! یہ وہی صحابہؓ کرام تھے جو درخت کے نیچے موت یا عدم فرار پر بیعت کرنے کیلئے ایک دوسرے سے سبقت لے جا رہے تھے اور یہ وہی صحابہؓ کرام تھے جن میں ابوبکرؓ و عمرؓ جیسے جاں نثاران رسول بھی تھے۔ لیکن انہی صحابہؓ کرام کو —— جو آپؐ پر مرمٹنا اپنی انتہائی سعادت و کامیابی سمجھتے تھے —— جب آپؐ نے صلح کا معاہدہ طے کر لینے کے بعد حکم دیا کہ اٹھ کر اپنی ہَدی (قربانی کے جانور) ذبح کر دیں تو آپؐ کے حکم کی بجا آوری کے لیے کوئی ٹس سے مس نہ ہوا یہاں تک کہ آپ قلق و اضطراب سے دوچار ہو گئے۔ لیکن جب حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے آپؐ کو مشورہ دیا کہ آپؐ اٹھ کر چپ چاپ اپنا جانور ذبح کر دیں، اور آپؐ نے ایسا ہی کیا تو ہر شخص آپؐ کے طرزِ عمل کی پیروی کے لیے دوڑ پڑا اور تمام صحابہؓ نے لپک لپک کر اپنے جانور ذبح کر دیئے۔ اس واقعہ سے سمجھا جا سکتا ہے کہ کسی پختہ رواج کو مٹانے کے لیے قول اور عمل کے اثرات میں کتنا زیادہ فرق ہے۔ اس لیے مُتبنّٰی کا جاہلی اصول عملی طور پر توڑنے کے لیے آپؐ کا نکاح آپؐ کے منہ بولے

بیٹے حضرت زیدؓ کی مطلقہ سے کرایا گیا۔

اس نکاح کا عمل میں آنا تھا کہ منافقین نے آپؐ کے خلاف نہایت وسیع پیمانے پر جھوٹا پروپیگنڈا شروع کر دیا۔ اور طرح طرح کے وسوسے اور افواہیں پھیلائیں جس کے کچھ نہ کچھ اثرات سادہ لوح مسلمانوں پر بھی پڑے۔ اس پروپیگنڈے کو تقویت پہنچانے کے لئے ایک شرعی پہلو بھی منافقین کے ہاتھ آ گیا تھا کہ حضرت زینبؓ آپ کی پانچویں بیوی تھیں جبکہ مسلمان بیک وقت چار بیویوں سے زیادہ کی حلت جانتے ہی نہ تھے۔ ان سب کے علاوہ پروپیگنڈہ کی اصل جان یہ تھی کہ حضرت زید، رسول اللہ ﷺ کے بیٹے سمجھے جاتے تھے اور بیٹے کی بیوی سے شادی بڑی فحش کاری خیال کی جاتی تھی۔ بالآخر اللہ تعالیٰ نے سورۃ احزاب میں اس اہم موضوع سے متعلق کافی وشافی آیات نازل کیں اور صحابہؓ کو معلوم ہو گیا کہ اسلام میں منہ بولے بیٹے کی کوئی حیثیت نہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے کچھ نہایت بلند پایہ اور مخصوص مقاصد کے تحت اپنے رسول ﷺ کو خصوصیت کے ساتھ شادی کی تعداد کے سلسلے میں اتنی وسعت دی ہے جو کسی اور کو نہیں دی گئی ہے۔

اُمہات المومنینؓ کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی رہائش نہایت شریفانہ، باعزت، بلند پایہ اور عمدہ انداز کی تھی۔ ازواجؓ مطہرات بھی، شرف، قناعت، صبر، تواضع، خدمت اور ازدواجی حقوق کی نگہداشت کا مرقع تھیں۔ حالانکہ آپؐ بڑی روکھی پھیکی اور سخت زندگی گذار رہے تھے جسے برداشت کر لینا دوسروں کے بس کی بات نہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ مجھے علم نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی میدے کی نرم روٹی کھائی ہو یہاں تک کہ اللہ سے جا ملے اور نہ آپؐ نے اپنی آنکھ سے کبھی بھنی ہوئی بکری دیکھی[۲]۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ دو دو ماہ گذر جاتے، تیسرے مہینے کا چاند نظر آ جاتا اور رسول اللہ ﷺ کے گھر میں آگ نہ جلتی۔ حضرت عروہ نے دریافت کیا کہ تب آپؐ لوگ کیا کھاتی تھیں۔ فرمایا کہ بس دو کالی چیزیں۔ یعنی کھجور اور پانی[۳]۔ اس مضمون کی احادیث بکثرت ہیں۔

اس تنگی و ترشی کے باوجود ازواج مطہرات سے کوئی لائق عتاب حرکت صادر نہ ہوئی۔ صرف ایک دفعہ ایسا ہوا اور وہ بھی اس لیے کہ ایک تو انسانی فطرت کا تقاضا ہی کچھ ایسا ہے دوسرے

---

۲ صحیح بخاری ۲/۹۵۶ ۳ ایضاً ایضاً

اسی بنیاد پر کچھ احکامات مشروع کرتے تھے ۔۔۔۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اسی موقع پر آیت تخییر نازل فرمائی جو یہ تھی :

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوٰجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا وَزِیْنَتَهَا فَتَعَالَیْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَ اُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِیْلًا ○ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ○
(۲۹/۲۸:۳۳)

" اے نبیؐ ! اپنی بیویوں سے کہہ دو کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں ساز و سامان دے کر بھلائی کے ساتھ رخصت کر دوں ۔ اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور دارِ آخرت کو چاہتی ہو تو بے شک اللہ نے تم میں سے نیکوکاروں کے لیے زبردست اجر تیار کر رکھا ہے ۔"

اب ان ازواجؓ مطہرات کے شرف اور عظمت کا اندازہ کیجئے کہ ان سب نے اللہ اور اس کے رسولؐ کو ترجیح دی اور ان میں سے کوئی ایک بھی دنیا کی طرف مائل نہ ہوئیں ۔

اسی طرح سوکنوں کے درمیان جو واقعات روزمرہ کا معمول ہوا کرتے ہیں ، ازواجؓ مطہرات کے درمیان کثرت تعداد کے باوجود اس طرح کے واقعات شاذ و نادر ہی پیش آئے اور وہ بھی بتقاضائے بشریّت ، اور اس پر بھی جب اللہ تعالیٰ نے عتاب فرمایا تو دوبارہ اس طرح کی کسی حرکت کا ظہور نہیں ہُوا ۔ سورہ تحریم کی ابتدائی پانچ آیات میں اسی کا ذکر ہے ۔

اخیر میں یہ عرض کر دینا بھی بیجا نہ ہوگا کہ ہم اس موقع پر تعدُّدِ ازدواج کے موضوع پر بحث کی ضرورت نہیں سمجھتے ، کیونکہ جو لوگ اس موضوع پر سب سے زیادہ لے دے کرتے ہیں یعنی باشندگانِ یورپ وہ خود جس طرح کی زندگی گذار رہے ہیں ؛ جس تلخی و بدبختی کا جام نوش کر رہے ہیں ۔ جس طرح کی رسوائیوں اور جرائم میں لت پت ہیں اور تعدّدِ ازدواج کے اصول سے منحرف ہو کر جس قسم کے رنج و الم اور مصائب کا سامنا کر رہے ہیں وہ ہر طرح کی بحث و جدل سے مستغنی کر دینے کے لیے کافی ہے ۔ اہلِ یورپ کی بدبختانہ زندگی تعدّد ازدواج کے اصول کے مبنی بر حق ہونے کی سب سے سچی گواہ ہے اور اصحابِ نظر کے لیے اس میں بڑی عبرت ہے ۔

○

اخلاق واوصاف

نبی کریم ﷺ ایسے جمالِ خَلق اور کمالِ خُلق سے مُتّصِف تھے جو حیطۂ بیان سے باہر ہے۔ اس جمال وکمال کا اثر یہ تھا کہ دل آپؐ کی تعظیم اور قدر ومنزلت کے جذبات سے خود بخود لبریز ہوجاتے تھے۔ چنانچہ آپؐ کی حفاظت اور اجلال وتکریم میں لوگوں نے ایسی ایسی فداکاری وجاں نثاری کا ثبوت دیا جس کی نظیر دنیا کی کسی اور شخصیّت کے سلسلے میں پیش نہیں کی جاسکتی۔ آپؐ کے رفقاء اور ہم نشین وارفتگی کی حد تک آپؐ سے محبت کرتے تھے۔ انہیں گوارا نہ تھا کہ آپؐ کو خراش تک آجائے خواہ اس کے لیے ان کی گردنیں ہی کیوں نہ کاٹ دی جائیں۔ اس طرح کی محبت کی وجہ یہی تھی کہ عادۃً جن کمالات پر جان چھڑکی جاتی ہے ان کمالات سے جس قدر حصّہ وافر آپؐ کو عطا ہوا تھا کسی اور انسان کو نہ ملا۔ ذیل میں ہم عاجزی وبے مائیگی کے اعتراف کے ساتھ ان روایات کا خلاصہ پیش کررہے ہیں جن کا تعلق آپؐ کے جمال وکمال سے ہے۔

حُلیۂ مُبارک

ہجرت کے وقت رسُول اللہ ﷺ اُمّ مَعْبَد خُزاعیہ رضی اللہ عنہا کے خیمے سے گذرے تو اس نے آپ کی روانگی کے بعد اپنے شوہر سے آپؐ کے حلیہ مبارک کا جو نقشہ کھینچا وہ یہ تھا: "چمکتا رنگ، تابناک چہرہ، خوبصورت ساخت، نہ توندلے پن کا عیب نہ گنجے پن کی خامی، جمال جہاں تاب کے ساتھ ڈھلا ہوا پیکر، سرگیں آنکھیں، لمبی پلکیں، بھاری آواز، لمبی گردن، سفید وسیاہ آنکھیں، سیاہ سرگیں پلکیں، باریک اور باہم ملے ہوئے ابرو، چمکدار کالے بال، خاموش ہوں تو باوقار، گفتگو کریں تو پُرکشش، دور سے (دیکھنے میں) سب سے تابناک وپُرجمال، قریب سے سب سے خوبصورت اور شیریں، گفتگو میں چاشنی، بات واضح اور دوٹوک، نہ مختصر نہ فضول، انداز ایسا کہ گویا لڑی سے موتی جھڑ رہے ہیں۔ درمیانہ قد، نہ ناٹا کہ نگاہ میں نہ جچے، نہ لمبا کہ ناگوار لگے۔ دوشاخوں کے درمیان ایسی شاخ کی طرح ہیں جو سب سے زیادہ تازہ وخوش منظر ہے۔ رُفقاء آپ کے گرد حلقہ بنائے ہوئے کچھ فرمائیں تو توجہ سے سنتے ہیں، کوئی حکم دیں تو لپک کر بجالاتے ہیں۔ مطاع ومکرم، نہ تُرش رُو، نہ لغوگو[1]۔"

---

[1] زاد المعاد ۲/۵۴

حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کا وصف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "آپ نہ لمبے تڑنگے تھے نہ ناٹے کھوٹے، لوگوں کے حساب سے درمیانہ قد کے تھے۔ بال نہ زیادہ گھنگریالے تھے نہ بالکل کھڑے کھڑے بلکہ دونوں کے بیچ بیچ کی کیفیت تھی۔ رخسار نہ بہت زیادہ پُر گوشت تھا، نہ ٹھوڑی چھوٹی اور پیشانی پست، چہرہ کسی قدر گولائی لیے ہوئے تھا۔ رنگ گورا گلابی، آنکھیں سُرخی مائل، پلکیں لمبی، جوڑوں اور مونڈھوں کی ہڈیاں بڑی بڑی، سینہ پہ ناف تک بالوں کی ہلکی سی لکیر، بقیہ جسم بال سے خالی، ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں پُر گوشت، چلتے تو قدرے جھٹکے سے پاؤں اٹھاتے اور یوں چلتے گویا کسی ڈھلوان پر چل رہے ہیں۔ جب کسی طرف توجہ فرماتے تو پورے وجود کے ساتھ متوجہ ہوتے۔ دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت تھی۔ آپ سارے انبیاء کے خاتم تھے، سب سے زیادہ سخی دست اور سب سے بڑھ کر جرأت مند سب سے زیادہ صادق اللہجہ اور سب سے بڑھ کر عہد و پیمان کے پابندِ وفا۔ سب سے زیادہ نرم طبیعت اور سب سے شریف ساتھی جو آپ کو اچانک دیکھتا ہیبت زدہ ہو جاتا۔ جو جان پہچان کے ساتھ ملتا محبوب رکھتا۔ آپ کا وصف بیان کرنے والا یہی کہہ سکتا ہے کہ میں نے آپ سے پہلے اور آپ کے بعد آپ جیسا نہیں دیکھا۔"[2]

حضرت علیؓ کی ایک روایت میں ہے کہ آپ کا سر بڑا تھا، جوڑوں کی ہڈیاں بھاری بھاری تھیں، سینے پر بالوں کی لمبی لکیر تھی۔ جب آپ چلتے تو قدرے جھک کر چلتے گویا کسی ڈھلوان سے اُتر رہے ہیں۔[3]

حضرت جابر بن سمرہؓ کا بیان ہے کہ آپ کا دہانہ کشادہ تھا، آنکھیں ہلکی سُرخی لیے ہوئے اور ایڑیاں باریک۔[4]

حضرت ابو الطفیلؓ کہتے ہیں کہ آپ گورے رنگ، پُر ملاحت چہرے اور میانہ قد و قامت کے تھے۔[5]

حضرت انسؓ بن مالک کا ارشاد ہے کہ آپ کی ہتھیلیاں کشادہ تھیں، اور رنگ چمکدار، نہ خالص سفید، نہ گندم گوں، وفات کے وقت تک سر اور چہرے کے بیس بال بھی سفید نہ ہوئے تھے۔[6] صرف کنپٹی کے بالوں میں کچھ سفیدی تھی اور چند بال سر کے سفید تھے۔[7]

حضرت ابو جُحَیفہؓ کہتے ہیں کہ میں نے آپ کے ہونٹ کے نیچے عنفقہ (داڑھی بچہ) میں سفیدی دیکھی۔[8]

حضرت عبد اللہ بن بسر کا بیان ہے کہ آپ کے عنفقہ (داڑھی بچہ) میں چند بال سفید تھے۔[9]

۲؎ ابن ہشام ۱/۴۰۱، ۴۰۲، ترمذی مع شرح تحفۃ الاحوذی ۴/۳۰۳ ۳؎ ایضاً ترمذی مع شرح
۴؎ صحیح مسلم ۲/۲۵۸ ۵؎ ایضاً ایضاً ۶؎ صحیح بخاری ۱/۵۰۲
۷؎ ایضاً ایضاً صحیح مسلم ۲/۲۵۹ ۸؎ صحیح بخاری ۱/۵۰۱، ۵۰۲ ۹؎ ایضاً ۱/۵۰۲

حضرت براءؓ کا بیان ہے کہ آپؐ کا پیکر درمیانی تھا۔ دونوں کندھوں کے درمیان دوری تھی۔ بال دونوں کانوں کی لو تک پہنچتے تھے۔ میں نے آپؐ کو سرخ جوڑا زیب تن کئے ہوئے دیکھا۔ کبھی کوئی چیز آپؐ سے زیادہ خوبصورت نہ دیکھی۔[۱۰]

پہلے آپؐ اہل کتاب کی موافقت پسند کرتے تھے، اس لیے بال میں کنگھی کرتے تو مانگ نہ نکالتے، لیکن بعد میں مانگ نکالا کرتے تھے۔[۱۱]

حضرت براءؓ کہتے ہیں: آپ کا چہرہ سب سے زیادہ خوبصورت تھا اور آپؐ کے اخلاق سب سے بہتر تھے۔[۱۲] ان سے دریافت کیا گیا کہ کیا نبی ﷺ کا چہرہ تلوار جیسا تھا، انہوں نے کہا "نہیں بلکہ چاند جیسا تھا۔" ایک روایت میں ہے کہ آپؐ کا چہرہ گول تھا۔[۱۳]

ربیعؓ بنت معوذ کہتی ہیں کہ اگر تم حضورؐ کو دیکھتے تو لگتا کہ تم نے طلوع ہوتے ہوئے سورج کو دیکھا ہے۔[۱۴]

حضرت جابرؓ بن سمرہ کا بیان ہے کہ میں نے ایک بار چاندنی رات میں آپؐ کو دیکھا، آپؐ پر سرخ جوڑا تھا۔ میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھتا، اور چاند کو دیکھتا۔ آخر (اس نتیجہ پر پہنچا کہ) آپؐ چاند سے زیادہ خوبصورت ہیں۔[۱۵]

حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ خوبصورت کوئی چیز نہیں دیکھی۔ لگتا تھا سورج آپؐ کے چہرے میں رواں دواں ہے۔ اور میں نے رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر کسی کو تیز رفتار نہیں دیکھا۔ لگتا تھا زمین آپ کے لیے لپیٹی جا رہی ہے۔ ہم تو اپنے آپ کو تھکا مارتے تھے اور آپؐ بالکل بے فکر۔[۱۶]

حضرت کعب بن مالک کا بیان ہے کہ جب آپؐ خوش ہوتے تو چہرہ دمک اٹھتا، گویا چاند کا ایک ٹکڑا ہے۔[۱۷]

ایک بار آپ حضرت عائشہؓ کے پاس تشریف فرما تھے۔ پسینہ آیا تو چہرے کی دھاریاں چمک اٹھیں۔ یہ کیفیت دیکھ کر حضرت عائشہؓ نے ابو کبیر ہذلی کا یہ شعر پڑھا:

واذا نظرت إلى أسرة وجهه　　برقت كبرق العارض المتهلل[۱۸]

"جب ان کے چہرے کی دھاریاں دیکھو تو وہ یوں چمکتی ہیں جیسے روشن بادل چمک رہا ہو"

ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کو دیکھ کر یہ شعر پڑھتے:

---

۱۰ ایضاً ایضاً　۱۱ ایضاً ۱/۵۰۳

۱۲ ایضاً ۱/۵۰۲ صحیح مسلم ۲/۲۵۸　۱۳ صحیح بخاری ۱/۵۰۲ صحیح مسلم ۲/۲۵۹

۱۴ مسند دارمی۔ مشکوۃ ۲/۵۱۷　۱۵ ترمذی فی الشمائل ص۲۔ دارمی، مشکوۃ ۲/۵۱۷

۱۶ جامع ترمذی مع شرح تحفۃ الاحوذی ۴/۳۰۶ مشکوۃ ۲/۵۱۸

۱۷ صحیح بخاری ۱/۵۰۲　۱۸ رحمۃ للعالمین ۲/۱۷۲

أمين مصطفى بالخير يدعو   كضوء البدر زايله الظلام[19]

"آپ امین ہیں، چنیدہ و برگزیدہ ہیں، خیر کی دعوت دیتے ہیں، گویا ماہ کامل کی روشنی ہیں جس سے تاریکی آنکھ مچولی کھیل رہی ہے۔"

حضرت عمر رضی اللہ عنہ زہیر کا یہ شعر پڑھتے جو ہرم بن سنان کے بارے میں کہا گیا تھا کہ:

لو كنت من شيء سوى البشر   كنت المضئَ لِلَيْلةِ البدر

"اگر آپ بشر کے سوا کسی اور چیز سے ہوتے تو آپ ہی چودھویں کی رات کو روشن کرتے"

پھر فرماتے کہ رسول اللہ ﷺ ایسے ہی تھے[20]

جب آپ غضبناک ہوتے تو چہرہ سرخ ہو جاتا گویا دونوں رخساروں میں دانۂ انار نچوڑ دیا گیا ہے[21]

حضرت جابر بن سمرہ کا بیان ہے کہ آپ کی پنڈلیاں قدرے پتلی تھیں اور آپ ہنستے تو صرف تبسم فرماتے آنکھیں سرمگیں تھیں اگر دیکھتے تو کہتے کہ آپ نے آنکھوں میں سرمہ لگا رکھا ہے حالانکہ سرمہ نہ لگا ہوتا۔[22]

حضرت ابنِ عباسؓ کا ارشاد ہے کہ آپ کے آگے کے دونوں دانت الگ الگ تھے۔ جب آپ گفتگو فرماتے تو ان دانتوں کے درمیان سے نور جیسا نکلتا دکھائی دیتا[23]

گردن گویا چاندی کی صفائی لیے ہوئے گڑیا کی گردن تھی۔ پلکیں طویل، داڑھی گھنی، پیشانی کشادہ، ابرو پیوستہ اور ایک دوسرے سے الگ، ناک اونچی، رخسار ہلکے، لبہ سے ناف تک چھڑی کی طرح دوڑتا ہوا بال، اور اس کے سوا شکم اور سینے پر کہیں بال نہیں۔ البتہ بازو اور مونڈھوں پر بال تھے۔ شکم اور سینہ برابر، سینہ مسطح اور کشادہ، کلائیاں بڑی بڑی ہتھیلیاں کشادہ، قد کھڑا، تلوے خالی، اعضا بڑے بڑے۔ جب چلتے تو جھٹکے کے ساتھ چلتے، قدرے جھکاؤ کے ساتھ آگے بڑھتے اور سہل رفتار سے چلتے[24]

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ میں نے کوئی حریر و دیبا نہیں چھوا جو رسول اللہ ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو۔ اور نہ کبھی کوئی عنبر یا مشک یا کوئی ایسی خوشبو سونگھی جو رسول اللہ ﷺ کی خوشبو سے بہتر ہو۔[25]

حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے آپ کا ہاتھ اپنے چہرہ پہ رکھا تو وہ برف سے زیادہ ٹھنڈا اور مشک سے زیادہ خوشبودار تھا[26]

حضرت جابرؓ بن سمرہ — جو بچے تھے — کہتے ہیں: "آپ نے میرے رخسار پہ ہاتھ پھیرا تو میں نے

---

[19] خلاصۃ السیر ص۲۰   [20] ایضاً خلاصۃ السیر ص۲۰

[21] مشکوٰۃ ۱/۲۲، ترمذی: ابواب القدر، باب ما جاء فی التشدید فی الخوض فی القدر ۲/۳۵

[22] جامع ترمذی مع شرح تحفۃ الاحوذی ۴/۳۰۶   [23] ترمذی مشکوٰۃ ۲/۵۱۸

[24] خلاصۃ السیر ص۱۹، ۲۰   [25] صحیح بخاری ۱/۵۰۳ صحیح مسلم ۲/۲۵۷   [26] صحیح بخاری ۱/۵۰۲

آپ کے ہاتھ میں ایسی ٹھنڈک اور ایسی خوشبو محسوس کی گویا آپ نے اسے عطار کے عطر دان سے نکالا ہے۔[27]

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ آپؐ کا پسینہ گویا موتی ہوتا تھا، اور حضرت اُمّ سُلیمؓ کہتی ہیں کہ یہ پسینہ ہی سب سے عمدہ خوشبو ہوا کرتی تھی۔[28]

حضرت جابرؓ کہتے ہیں: "آپؐ کسی راستے سے تشریف لے جاتے اور آپؐ کے بعد کوئی اور گذرتا تو آپؐ کے جسم یا پسینہ کی خوشبو کی وجہ سے جان جاتا کہ آپؐ یہاں سے تشریف لے گئے ہیں"۔[29]

آپؐ کے دونوں کندھوں کے درمیان مُہرِ نبوت تھی جو کبوتر کے انڈے جیسی اور جسم مبارک ہی کے مشابہ تھی۔ یہ بائیں کندھے کی کری (نرم ہڈی) کے پاس تھی۔ اس پر مسوں کی طرح تلوں کا جمگھٹ تھا۔[30]

کمالِ نفس اور مکارمِ اخلاق

نبی ﷺ فصاحت و بلاغت میں ممتاز تھے۔ آپؐ طبیعت کی روانی، لفظ کے نکھار، فقروں کی جزالت، معانی کی صحت اور تکلف سے دوری کے ساتھ ساتھ جوامع الکلم (جامع باتوں) سے نوازے گئے تھے۔ آپؐ کو نادر حکمتوں اور عرب کی تمام زبانوں کا علم عطا ہوا تھا؛ چنانچہ آپؐ ہر قبیلے سے اسی کی زبان اور محاوروں میں گفتگو فرماتے تھے۔ آپؐ میں بدویوں کا زورِ بیان اور قوتِ تخاطب اور شہریوں کی شستگیٔ الفاظ اور شگفتگی و شائستگی جمع تھی اور وحی پر مبنی تائیدِ ربّانی الگ سے۔

بُردباری، قوتِ برداشت، قدرت پاکر درگذر اور مشکلات پر صبر ایسے اوصاف تھے جنکے ذریعہ اللہ نے آپؐ کی تربیت کی تھی۔ ہر حلیم و بُردبار کی کوئی نہ کوئی لغزش اور کوئی نہ کوئی زبان کی بے احتیاطی جانی جاتی ہے مگر نبی ﷺ کی بلندیٔ کردار کا عالم یہ تھا کہ آپؐ کے خلاف دشمنوں کی ایذا رسانی اور بدمعاشوں کی خودسری و زیادتی جس قدر بڑھتی گئی آپؐ کے صبر و حلم میں اسی قدر اضافہ ہوتا گیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو جب بھی دو کاموں کے درمیان اختیار دیا جاتا تو آپؐ وہی کام اختیار فرماتے جو آسان ہوتا، جب تک کہ وہ گناہ کا کام نہ ہوتا۔ اگر گناہ کا کام ہوتا تو آپؐ سب سے بڑھ کر اس سے دُور رہتے۔ آپؐ نے کبھی اپنے نفس کے لیے انتقام نہ لیا؛ البتہ اگر اللہ کی حرمت چاک کی جاتی تو آپؐ اللہ کے لیے انتقام لیتے۔[31]

آپؐ سب سے بڑھ کر غیظ و غضب سے دُور تھے اور سب سے جلد راضی ہو جاتے تھے۔

---

۲۷ صحیح مسلم ۲/۲۵۶ ۲۸ ایضاً صحیح مسلم
۲۹ دارمی مشکوٰۃ ۲/۵۱۷ ۳۰ صحیح مسلم ۲/۲۵۹، ۲۶۰ ۳۱ صحیح بخاری ۱/۵۰۳

جُودوکرم کا وصف ایسا تھا کہ اس کا اندازہ ہی نہیں کیا جاسکتا۔ آپؐ اس شخص کی طرح بخشش ونوازش فرماتے تھے جسے فقر کا اندیشہ ہی نہ ہو۔ ابنِ عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ نبی ﷺ سب سے بڑھ کر پیکرِ جُودوسخا تھے، اور آپؐ کا دریائے سخاوت رمضان میں اس وقت زیادہ جوش پر ہوتا جب حضرت جبریلؑ آپؐ سے ملاقات فرماتے اور حضرت جبریلؑ رمضان میں آپؐ سے ہر رات ملاقات فرماتے اور قرآن کا دور کراتے۔ پس رسول اللہ ﷺ خیر کی سخاوت میں خزائنِ رحمت سے مالا مال کرکے بھیجی ہوئی ہوا سے بھی زیادہ پیش پیش ہوتے تھے۔[۳۲] حضرت جابرؓ کا ارشاد ہے کہ ایسا کبھی نہ ہوا کہ آپؐ سے کوئی چیز مانگی گئی ہو اور آپؐ نے نہیں کہہ دیا ہو۔[۳۳]

شجاعت، بہادری اور دلیری میں بھی آپ کا مقام سب سے بلند اور معروف تھا۔ آپؐ سب سے زیادہ دلیر تھے۔ نہایت کٹھن اور مشکل مواقع پر جبکہ اچھے اچھے جانبازوں اور بہادروں کے پاؤں اکھڑ گئے، آپؐ اپنی جگہ برقرار رہے اور پیچھے ہٹنے کی بجائے آگے ہی بڑھتے گئے۔ پائے ثبات میں ذرا لغزش نہ آئی۔ بڑے بڑے بہادر بھی کبھی نہ کبھی بھاگے اور پسپا ہوئے ہیں مگر آپؐ میں یہ بات کبھی نہیں پائی گئی۔ حضرت علیؓ کا بیان ہے کہ جب زور کا رَن پڑتا اور جنگ کے شعلے خوب بھڑک اٹھتے تو ہم رسول اللہ ﷺ کی آڑ لیا کرتے تھے۔ آپؐ سے بڑھ کر کوئی شخص دشمن کے قریب نہ ہوتا۔[۳۴] حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ ایک رات اہلِ مدینہ کو خطرہ محسوس ہوا لوگ شور کی طرف دوڑے تو راستے میں رسول اللہ ﷺ واپس آتے ہوئے ملے۔ آپؐ لوگوں سے پہلے ہی آواز کی جانب پہنچ (کر خطرے کے مقام کا جائزہ لے) چکے تھے۔ اس وقت آپؐ ابوطلحہؓ کے بغیر زین کے گھوڑے پر سوار تھے۔ گردن میں تلوار حمائل کر رکھی تھی اور فرمارہے تھے ڈرو نہیں، ڈرو نہیں[۳۵] (کوئی خطرہ نہیں)۔

آپؐ سب سے زیادہ حیادار اور پست نگاہ تھے۔ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپؐ پردہ نشین کنواری عورت سے بھی زیادہ حیادار تھے۔ جب آپؐ کو کوئی بات ناگوار گزرتی تو چہرے سے پتا لگ جاتا۔[۳۶] اپنی نظریں کسی کے چہرے پر گاڑتے نہ تھے۔ نگاہ پست رکھتے تھے اور آسمان کی بہ نسبت زمین کی طرف نظر زیادہ دیر تک رہتی تھی۔ عموماً نیچی نگاہ سے تاکتے۔ حیا اور کرمِ نفس کا عالم یہ تھا کہ کسی سے ناگوار بات رُو در رُو نہ کہتے اور کسی کی کوئی ناگوار بات آپؐ تک پہنچتی تو نام لیکر اس کا ذکر نہ کرتے بلکہ یوں فرماتے کہ کیا بات ہے کہ کچھ لوگ ایسا کر رہے ہیں۔ فرزدق کے اس شعر کے

۳۲؎ ایضاً ۱/۵۰۲ ۳۳؎ ایضاً ایضاً

۳۴؎ شفاء قاضی عیاض ۱/۸۹ صحاح وسنن میں بھی اس مضمون کی روایت موجود ہے۔

۳۵؎ صحیح مسلم ۲/۲۵۲۔ صحیح بخاری ۱/۴۰۷ ۳۶؎ صحیح بخاری ۱/۵۰۴

سب سے زیادہ صحیح مصداق آپؐ تھے :

یغضی حیاء و یغضی من مهابته فلا یکلم الا حین یبتسم

"آپ حیا کے سبب اپنی نگاہ پست رکھتے ہیں اور آپ کی ہیبت کے سبب نگاہیں پست رکھی جاتی ہیں، چنانچہ آپ سے اُسی وقت گفتگو کی جاتی ہے جب آپ تبسم فرما رہے ہوں۔"

آپؐ سب سے زیادہ عادل، پاک دامن، صادق اللہجہ اور عظیم الامانۃ تھے۔ اس کا اعتراف آپؐ کے دوست دشمن سب کو ہے۔ نبوت سے پہلے آپؐ کو امین کہا جاتا تھا اور دورِ جاہلیت میں آپ کے پاس فیصلے کے لیے مقدمات لائے جاتے تھے۔ جامع ترمذی میں حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ ایک بار ابوجہل نے آپؐ سے کہا: "ہم آپ کو جھوٹا نہیں کہتے البتہ آپؐ جو کچھ لے کر آئے ہیں اسے جھٹلاتے ہیں۔" اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ[۳۷] (۶:۳۳)

"یہ لوگ آپؐ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ یہ ظالم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔"

ہرقل نے ابوسفیان سے دریافت کیا کہ کیا اس (نبی ﷺ) نے جو بات کہی ہے اس کے کہنے سے پہلے تم لوگ اُن پر جھوٹ کا الزام لگاتے تھے؟ تو ابوسفیان نے جواب دیا کہ "نہیں"۔

آپؐ سب سے زیادہ متواضع اور تکبر سے دُور رہتے تھے۔ جس طرح بادشاہوں کے لیے ان کے خُدّام و حاشیہ بردار کھڑے رہتے ہیں اس طرح اپنے لیے آپؐ صحابہ کرامؓ کو کھڑے ہونے سے منع فرماتے تھے۔ مسکینوں کی عیادت کرتے تھے، فقراء کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے تھے، غلام کی دعوت منظور فرماتے تھے، صحابہ کرامؓ میں کسی امتیاز کے بغیر ایک عام آدمی کی طرح بیٹھتے تھے۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آپؐ اپنے جوتے خود ٹانکتے تھے، اپنے کپڑے خود سیتے تھے اور اپنے ہاتھ سے اس طرح کام کرتے تھے جیسے تم میں سے کوئی آدمی اپنے گھر کے کام کاج کرتا ہے۔ آپؐ بھی انسانوں میں سے ایک انسان تھے۔ اپنے کپڑے خود ہی دیکھتے (کہ کہیں اس میں جوں نہ ہو) اپنی بکری خود دوہتے تھے اور اپنا کام خود کرتے تھے۔[۳۸]

آپؐ سب سے بڑھ کر عہد کی پابندی اور صلہ رحمی فرماتے تھے، لوگوں کے ساتھ سب سے زیادہ شفقت اور رحم و مروت سے پیش آتے تھے، رہائش اور ادب میں سب سے اچھے تھے۔ آپؐ کا اخلاق سب سے زیادہ کشادہ تھا۔ بدخلقی سے سب سے زیادہ دور و نفور تھے۔ نہ عادتاً فحش گو تھے نہ بہ تکلف فحش کہتے تھے، نہ لعنت کرتے تھے۔ نہ بازار میں چیختے چلاتے تھے نہ بُرائی کا بدلہ بُرائی سے دیتے تھے، بلکہ معافی اور درگذر سے کام لیتے تھے کسی کو اپنے پیچھے چلتا ہوا نہ چھوڑتے تھے

---

۳۷ مشکوٰۃ ۲/۵۲۱ ۳۸ مشکوٰۃ ۲/۵۲۰

اور نہ کھانے پینے میں اپنے غلاموں اور لونڈیوں پر ترفّع اختیار فرماتے تھے۔ اپنے خادم کا کام خود ہی کر دیتے تھے۔ کبھی اپنے خادم کو اُف نہیں کہا۔ نہ اس پر کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر عتاب فرمایا۔ مسکینوں سے محبت کرتے، ان کے ساتھ اٹھتے بیٹھتے اور ان کے جنازوں میں حاضر ہوتے تھے۔ کسی فقیر کو اس کے فقر کی وجہ سے حقیر نہیں سمجھتے تھے۔ ایک بار آپؐ سفر میں تھے۔ ایک بکری کاٹنے پکانے کا مشورہ ہوا۔ ایک نے کہا' ذبح کرنا میرے ذمہ، دوسرے نے کہا کھال اتارنا میرے ذمہ، تیسرے نے کہا' پکانا میرے ذمہ، نبی ﷺ نے فرمایا ایندھن کی لکڑیاں جمع کرنا میرے ذمہ۔ صحابہ نے عرض کیا' ہم آپؐ کا کام کر دیں گے آپؐ نے فرمایا" میں جانتا ہوں تم لوگ میرا کام کر دو گے لیکن میں پسند نہیں کرتا کہ تم پر امتیاز حاصل کروں کیونکہ اللہ اپنے بندے کی یہ حرکت ناپسند کرتا ہے کہ اپنے آپ کو اپنے رفقاء میں ممتاز سمجھے۔" اس کے بعد آپؐ نے اُٹھ کر لکڑیاں جمع فرمائیں[۳۹]۔

آیئے ذرا ہندؓ بن ابی ہالہ کی زبانی رسُول اللہ ﷺ کے اوصاف سُنیں۔ ہندؓ اپنی ایک طویل روایت میں کہتے ہیں: "رسُول اللہ ﷺ پیہم غموں سے دوچار تھے۔ ہمیشہ غور و فکر فرماتے رہتے تھے۔ آپؐ کے لیے راحت نہ تھی۔ بلاضرورت نہ بولتے تھے۔ دیر تک خاموش رہتے تھے۔ از اوّل تا آخر بات پُورے مُنہ سے کرتے تھے، یعنی صرف منہ کے کنارے سے نہ بولتے تھے۔ جامع اور دوٹوک کلمات کہتے تھے جن میں نہ فضول گوئی ہوتی تھی نہ کوتاہی۔ نرم خو تھے، جفاجو اور حقیر نہ تھے۔ نعمت معمولی بھی ہوتی تو اس کی تعظیم کرتے تھے۔ کسی چیز کی مذمت نہیں فرماتے تھے۔ کھانے کی نہ بُرائی کرتے تھے نہ تعریف۔ حق کو کوئی نقصان پہنچاتا تو جب تک انتقام نہ لے لیتے آپؐ کے غضب کو روکا نہ جا سکتا تھا۔ البتہ کشادہ دل تھے؛ اپنے نفس کے لیے نہ غضبناک ہوتے نہ انتقام لیتے۔ جب اشارہ فرماتے تو پُوری ہتھیلی سے اشارہ فرماتے اور تعجب کے وقت ہتھیلی پلٹتے۔ جب غضبناک ہوتے تو رُخ پھیر لیتے اور جب خوش ہوتے تو نگاہ پست فرما لیتے۔ آپؐ کی بیشتر ہنسی تبسّم کی صورت میں تھی۔ مسکراتے تو دانت اولوں کی طرح چمکتے۔

لایعنی بات سے زبان روکے رکھتے۔ ساتھیوں کو جوڑتے تھے، توڑتے نہ تھے۔ ہر قوم کے معزز آدمی کی تکریم فرماتے تھے اور اسی کو ان کا والی بناتے تھے۔ لوگوں (کے شر) سے محتاط رہتے اور ان سے بچاؤ اختیار فرماتے تھے لیکن اس کے لیے کسی سے اپنی خندہ جبینی ختم نہ فرماتے تھے۔

---

[۳۹] خلاصۃ السیر ص ۲۲

اپنے اصحابؓ کی خبر گیری کرتے اور لوگوں کے حالات دریافت فرماتے۔ اچھی چیز کی تحسین و تصویب فرماتے اور بری چیز کی تقبیح و توہین۔ مُعتدل تھے، افراط و تفریط سے دُور تھے۔ غافل نہ ہوتے تھے کہ مبادا لوگ بھی غافل یا ملول خاطر ہو جائیں۔ ہر حالت کیلیے مستعد رہتے تھے۔ حق سے کوتاہی نہ فرماتے تھے، نہ حق سے تجاوز فرما کر ناحق کی طرف جاتے تھے۔ جو لوگ آپؐ کے قریب رہتے تھے وہ سب سے اچھے لوگ تھے اور ان میں بھی آپؐ کے نزدیک افضل وہ تھا جو سب سے بڑھ کر خیر خواہ ہو؛ اور سب سے زیادہ قدر آپؐ کے نزدیک اس کی تھی جو سب سے اچھا غمگسار و مددگار ہو۔

آپؐ اُٹھتے بیٹھتے اللہ کا ذکر ضرور فرماتے۔ جگہیں متعین نہ فرماتے ـــــ یعنی اپنے لیے کوئی امتیازی جگہ مقرر نہ فرماتے ـــــ جب قوم کے پاس پہنچتے تو مجلس میں جہاں جگہ مل جاتی بیٹھ جاتے اور اسی کا حکم بھی فرماتے۔ سب اہلِ مجلس پر برابر توجہ فرماتے، حتیٰ کہ کوئی جلیس یہ نہ محسوس کرتا کہ کوئی شخص آپؐ کے نزدیک اس سے زیادہ باعزت ہے۔ کوئی کسی ضرورت سے آپؐ کے پاس بیٹھتا یا کھڑا ہوتا تو آپؐ اتنے صبر کے ساتھ اس کے لیے رُکے رہتے کہ وہ خود ہی واپس ہوتا۔ کوئی کسی ضرورت کا سوال کر دیتا تو آپؐ اسے عطا کیے بغیر یا اچھی بات کہے بغیر واپس نہ فرماتے۔ آپؐ نے اپنی خندہ جبینی اور اخلاق سے سب کو نوازا، یہاں تک کہ آپؐ سب کے لیے باپ کا درجہ رکھتے تھے اور سب آپؐ کے نزدیک یکساں حق رکھتے تھے، کسی کو فضیلت تھی تو تقویٰ کی بنیاد پر۔ آپؐ کی مجلس حلم و حیاء اور صبر و امانت کی مجلس تھی۔ اس میں آوازیں بلند نہ کی جاتی تھیں اور نہ حُرمتوں پر عیب لگتے تھے ـــــ یعنی کسی کی بے آبروئی کا اندیشہ نہ تھا ـــــ لوگ تقویٰ کی بدولت باہم محبت و ہمدردی رکھتے تھے۔ بڑے کا احترام کرتے تھے چھوٹے پر رحم کرتے تھے، حاجتمند کو نوازتے تھے اور اجنبی کو انس عطا کرتے تھے۔

آپؐ کے چہرے پر ہمیشہ بشاشت رہتی سہل خو اور نرم پہلو تھے جفا جو اور سخت خو نہ تھے۔ نہ چیختے چلاتے تھے، نہ فحش کہتے تھے نہ زیادہ عتاب فرماتے تھے نہ بہت تعریف کرتے تھے۔ جس چیز کی خواہش نہ ہوتی اس سے تغافل برتتے تھے۔ آپؐ سے مایوسی نہیں ہوتی تھی۔ آپؐ نے تین باتوں سے اپنے نفس کو محفوظ رکھا: (۱) ریاء سے (۲) کسی چیز کی کثرت سے (۳) اور لایعنی بات سے۔ اور تین باتوں سے لوگوں کو محفوظ رکھا یعنی آپؐ (۱) کسی کی مذمت نہیں کرتے تھے (۲) کسی کو عار نہیں دلاتے تھے (۳) اور کسی کی عیب جوئی نہیں کرتے تھے۔ آپؐ وہی بات نوکِ زبان پہ لاتے تھے جس میں ثواب کی امید ہوتی۔ جب آپؐ متکلم فرماتے تو آپؐ کے ہم نشین یوں سر جھکائے ہوتے گویا سروں پر پرندے بیٹھے ہیں اور جب آپؐ خاموش ہوتے تو لوگ گفتگو کرتے۔ لوگ آپؐ کے پاس گپ بازی نہ کرتے۔ آپؐ کے پاس جو کوئی بولتا سب اس کے لیے خاموش رہتے، یہاں تک کہ وہ اپنی بات پوری کر لیتا۔ ان

کی بات وہی ہوتی جو ان کا پہلا شخص کرتا۔ جس بات سے سب لوگ ہنستے اس سے آپؐ بھی ہنستے اور جس بات پر سب لوگ تعجب کرتے اس پر آپؐ بھی تعجب کرتے۔ اجنبی آدمی درشت کلامی سے کام لیتا تو اس پر آپؐ صبر کرتے اور فرماتے "جب تم لوگ حاجتمند کو دیکھو کہ وہ اپنی حاجت کی طلب میں ہے تو اسے سامانِ ضرورت سے نواز دو۔" آپؐ احسان کا بدلہ دینے والے کے سوا کسی سے ثنا کے طالب نہ ہوتے[۱۴۰]

خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ اپنی مجلس میں سب سے زیادہ باوقار ہوتے۔ اپنے پاؤں وغیرہ نہ پھیلاتے، بہت زیادہ خاموش رہتے۔ بلاضرورت نہ بولتے جو شخص نامناسب بات بولتا اس سے رُخ پھیر لیتے۔ آپؐ کی ہنسی مسکراہٹ تھی اور کلام دو ٹوک، نہ فضول نہ کوتاہ۔ آپؐ کے صحابہ کی ہنسی بھی آپ کی توقیر و اقتداء میں مسکراہٹ ہی کی حد تک ہوتی[۱۴۱]

حاصل یہ کہ نبی ﷺ بے نظیر صفاتِ کمال سے آراستہ تھے۔ آپؐ کے ربّ نے آپؐ کو بے نظیر ادب سے نوازا تھا حتیٰ کہ اس نے خود آپؐ کی تعریف میں فرمایا:

وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ (۶۸:۴) "یقیناً آپ عظیم اخلاق پر ہیں"۔ اور یہ ایسی خوبیاں تھیں جن کی وجہ سے لوگ آپؐ کی طرف کھنچ آئے، دلوں میں آپؐ کی محبت بیٹھ گئی اور آپؐ کو قیادت کا وہ مقام حاصل ہوا کہ لوگ آپؐ پر وارفتہ ہو گئے۔ ان ہی خوبیوں کے سبب آپؐ کی قوم کی اکڑ اور سختی نرمی میں تبدیل ہوئی یہاں تک کہ یہ اللہ کے دین میں فوج در فوج داخل ہو گئی۔

یاد رہے کہ ہم نے پچھلے صفحات میں آپ کی جن خوبیوں کا ذکر کیا ہے وہ آپؐ کے کمال اور عظیم صفات کے مظاہر کی چند چھوٹی چھوٹی لکیریں ہیں ورنہ آپ کے مجد و شرف اور شمائل و خصائل کی بلندی اور کمال کا یہ عالم تھا کہ ان کی حقیقت اور تہ تک نہ رسائی ممکن ہے نہ اس کی گہرائی ناپی جا سکتی ہے۔

بھلا عالمِ وجود کے اس سب سے عظیم بشر کی عظمت کی انتہا تک کس کی رسائی ہو سکتی ہے جس نے مجد و کمال کی سب سے بلند چوٹی پر اپنا نشیمن بنایا اور اپنے رب کے نور سے اس طرح منوّر ہوا کہ کتابِ الٰہی ہی کو اس کا وصف اور خلق قرار دیا گیا یعنی، ع

قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

صفی الرحمٰن المبارکپوری

۱۶۔ رمضان المبارک ۱۴۰۴ھ / ۱۷ جون ۱۹۸۴ء

حسین آباد۔ مبارک پور
ضلع اعظم گڑھ (یوپی) ہند

---

[۱۴۰] شفاء قاضی عیاض ۱/۱۲۱ تا ۱۲۶ نیز دیکھئے شمائل ترمذی [۱۴۱] ایضاً ۱/۱۰۷

کتب حوالہ

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	متوفی	مطبع	سن طباعت
۱	أخبار الکرام باخبار المسجد الحرام	شہاب الدین احمد بن محمد الأسدیؒ المکی	۱۰۶۶ھ	المطبعۃ السلفیۃ۔ بنارس	۱۳۹۶ھ
۲	الأدب المفرد	محمد بن اسماعیل البخاریؒ	۲۵۶ھ	استنبول	۱۳۰۴ھ
۳	الاعلام	خیرالدین الزرکلی		القاھرہ	۱۹۵۴ء
۴	البدایۃ والنہایۃ	اسمٰعیل بن کثیرؒ الدمشقی		السعادۃ مصر	۱۹۳۲ء
۵	بلوغ المرام من أدلۃ الاحکام	احمد بن حجر العسقلانیؒ	۸۵۳ھ	القیومی۔ کانپور الہند	۱۳۲۳ھ
۶	تاریخ ارض القرآن	سید سلیمان ندویؒ	۱۳۷۳ھ	معارف پریس اعظم گڑھ	۱۹۵۵ء
۷	تاریخ اسلام	اکبر شاہ خان نجیب آبادیؒ		مکتبہ رحمت۔ دیوبند	
۸	تاریخ الأمم والملوک	ابن جریر الطبریؒ		الحسینیۃ المصریۃ	
۹	تاریخ عمر بن الخطابؓ	أبو الفرج عبدالرحمٰن بن الجوزیؒ		التوفیق الأدبیۃ مصر	
۱۰	تحفۃ الأحوذی	أبو العلی عبدالرحمٰن مبارکپوریؒ	۱۳۵۳ھ ۱۹۳۵ء	برقی پریس دہلی۔ الہند	۱۳۴۶ھ ۱۳۵۳ھ
۱۱	تفسیر ابن کثیر	اسمٰعیل بن کثیر الدمشقیؒ		دار الأندلس۔ بیروت	
۱۲	تفہیم القرآن	الأستاذ السید أبو الاعلیٰ المودودیؒ		مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی	
۱۳	تلقیح فہوم أہل الأثر	ابو الفرج عبدالرحمٰن بن الجوزی	۵۹۷ھ	جید برقی پریس دہلی۔ ہند	
۱۴	جامع الترمذی	أبو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ الترمذی	۲۷۹ھ	المکتبۃ الرشیدیۃ دہلی۔ ہند	
۱۵	الجہاد فی الإسلام (اردو)	سید ابو الأعلیٰ مودودیؒ		اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ۔ لاہور	۱۹۶۷ء
۱۶	خلاصۃ السیر	محب الدین أبو جعفر احمد بن عبداللہ الطبری		دلی پرنٹنگ پریس دہلی۔ ہند	۱۳۴۳ھ
۱۷	رحمۃ للعالمینؐ	محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ	۱۹۳۰ء	حنیف بک ڈپو۔ دہلی	
۱۸	رسول اکرمؐ کی سیاسی زندگی	ڈاکٹر حمید اللہ		بادیس سالم کمپنی دیوبند	۱۹۶۳ء
۱۹	الروض الأنف	ابو القاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ السہیلیؒ	۵۸۱ھ	الجمالیۃ بمصر	۱۳۳۲ھ
۲۰	زاد المعاد	حافظ ابن قیمؒ	۷۵۱ھ	المصریۃ	۱۳۴۷ھ
۲۱	سفر السکوین				

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	متوفی	مطبع	سن طباعت
۲۲	سنن ابن ماجہ	ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجۃ القزوینی	۲۷۳ھ		
۲۳	سنن ابی داؤد	ابو داؤد سلیمان الاشعث السجستانیؒ	۲۷۵ھ	المکتبۃ الرحیمیۃ ۔ دیوبند	۱۳۷۵ھ
۲۴	سنن النسائی	ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب النسائیؒ	۳۰۳ھ	المکتبۃ السلفیۃ ۔ لاہور	
۲۵	السیرۃ الحلبیۃ	ابن برہان الدینؒ			
۲۶	السیرۃ النبویۃ	ابو محمد عبدالملک بن ہشام بن ایوب الحمیری	۲۱۳ یا ۲۱۸ھ	مصطفٰے البابی مصر	۱۳۷۵ھ
۲۷	شرح شذور الذہب	ابو محمد عبداللہ جمال الدین بن یوسف المعروف بابن ہشام الانصاریؒ	۷۶۱ھ	مطبعۃ السعادۃ مصر	
۲۸	شرح صحیح مسلم	ابو زکریا محی الدین یحییٰ بن شرف النوویؒ	۶۷۶ھ	المکتبۃ الرشیدیہ دہلی	۱۳۷۶ھ
۲۹	شرح المواہب اللدنیۃ	الزرقانیؒ		نسخہ عتیقہ مخزومۃ الاوائل	
۳۰	الشفاء بتعریف حقوق المصطفٰے	القاضی عیاضؒ		مطبعۃ عثمانیۃ استنبول	۱۳۱۲ھ
۳۱	صحیح البخاری	محمد بن اسمٰعیل البخاریؒ	۲۵۶ھ	المکتبۃ الرحیمیۃ ۔ دیوبند	۱۳۸۷ھ
۳۲	صحیح مسلم	مسلم بن الحجاج القشیریؒ		المکتبۃ الرشیدیہ ۔ دہلی	۱۳۷۶ھ
۳۳	صحیفۂ حبقوق				
۳۴	صلح الحدیبیۃ	محمد احمد باشمیلؒ		(الطبعۃ الثانیۃ) دارالفکر	۱۳۹۱ھ
۳۵	الطبقات الکبریٰ	محمد بن سعد		مطبعۃ بریل لیڈن	۱۳۲۲ھ
۳۶	عون المعبود شرح ابی داؤد	ابو الطیب شمس الحق العظیم آبادی		طبع اول	
۳۷	غزوۂ اُحد	محمد احمد باشمیلؒ		طبع دوم	
۳۸	غزوۂ بدر الکبریٰ	محمد احمد باشمیلؒ			۱۳۷۶ھ
۳۹	غزوۂ خیبر	محمد احمد باشمیلؒ		دارالفکر	۱۳۹۱ھ
۴۰	غزوۂ بنی قریظہ	محمد احمد باشمیلؒ			
۴۱	فتح الباری	احمد بن علی بن حجر العسقلانیؒ	۸۵۲	المطبعۃ السلفیۃ	
۴۲	فقہ السیرۃ	محمد الغزالیؒ		دارالکتاب العربی	
۴۳	فی ظلال القرآن	محمد قطبؒ		دار احیاء التراث العربی	
۴۴	القرآن الکریم				

نمبر شمار	نام کتاب	مصنف	متوفی	مطبع	سن طباعت
۴۵	قلب جزیرۃ العرب	فؤاد حمزۃؒ		المطبعۃ السلفیۃ۔ مصر	۱۳۵۲ھ
۴۶	ماذا خسر العالم بانحطاط المسلمین	السید ابوالحسن علی الحسنی الندویؒ		مکتبہ دار العروبہ القاہرۃ	۱۳۸۱ھ
۴۷	محاضرات تاریخ الامم الاسلامیہ	الشیخ محمد الخضری بکؒ		المکتبۃ التجاریۃ الکبری مصر	۱۳۸۲ھ
۴۸	مختصر سیرۃ الرسولؐ	شیخ الاسلام محمد بن عبدالوہابؒ النجدی	۱۲۰۶ھ	مطبعۃ السنۃ المحمدیۃ	۱۳۷۵ھ
۴۹	مختصر سیرۃ الرسولؐ	الشیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہابؒ النجدی	۱۲۴۲ھ	المطبعۃ السلفیۃ۔ مصر	۱۳۷۹ھ
۵۰	مدارک التنزیل	للنسفی			
۵۱	مرعاۃ المفاتیح جلد ۲	الشیخ عبیداللہ الرحمانی المبارکپوریؒ		نامی پریس۔ لکھنؤ	
۵۲	مروج الذہب	ابوالحسن علی المسعودیؒ		الشرق الاسلامیہ	
۵۳	المستدرک	ابوعبداللہ محمد الحاکم النیشاپوریؒ		دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دہند	
۵۴	مسند احمد	الامام احمد بن محمد بن حنبلؒ	۲۶۴ھ		
۵۵	مسند الدارمی	ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمٰنؒ الدارمی	۲۵۵ھ		
۵۶	مشکاۃ المصابیح	ولی الدین محمد بن عبداللہ التبریزیؒ		المکتبۃ الرحیمیۃ۔ دیوبند	
۵۷	معجم البلدان	یاقوت الحموی			
۵۸	المواہب اللدنیۃ للقسطلانی			المطبعۃ الشرقیۃ	
۵۹	موطا الامام مالک	الامام مالک بن انس الاصبحیؒ	۱۶۹ھ	المکتبۃ الرحیمیۃ۔ دیوبند	
۶۰	وفاء الوفا	علی بن احمد السمہودیؒ			

اللهم صل على محمد وعلى آل محمد كما صليت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم انك حميد مجيد
اللهم بارك على محمد وعلى آل محمد كما باركت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم انك حميد مجيد